# فتاویٰ علماءِ ہند

جلد-۲۰

تیار کردہ

منتخب علماءِ ہند

زیر سرپرستی

حضرت مولانا مفتی انیس الرحمٰن قاسمی

زیرِ نگرانی

حضرت مفتی محمد اسامہ شمیم الندوی

باهتمام

منظمۃ السلام العالمیۃ

ممبائی۔ الہند

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | فتاویٰ علماء ہند (جلد-۲۰) |
| زیر سرپرستی | : | حضرت مولانا انیس الرحمٰن قاسمی صاحب |
| زیرنگرانی | : | حضرت مولانا محمد اُسامہ شمیم الندوی صاحب |
| سن اشاعت | : | جولائی ۲۰۱۹ء |
| تعداد اشاعت | : | ایک ہزار |
| کمپوزنگ وڈیزائننگ | : | محمد رضاء اللہ قاسمی |
| ناشر | : | منظمة السلام العالمية، ممبائی، الهند |


یہ کتاب ''منظمة السلام العالمية'' کی طرف سے ہدیہ ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے وقف ہے، اس کو بیچنا جائز نہیں ہے۔


منظمة السلام العالمية

Global Peace Organisation (GPO)

Email: gpo.org@yahoo.com Mob. : +91-7303 7076 05

# كتاب الصوم والحج


| | | | |
|---|---|---|---|
| نفل ونذر کے روزوں کا بیان | ۴۱ | -- | ۶۶ |
| روزہ نہ توڑنے والی چیزوں کا بیان | ۶۷ | -- | ۱۰۸ |
| روزوں کی قضا وکفارہ سے متعلق مسائل | ۱۰۹ | -- | ۱۶۲ |
| اعتکاف کے احکام ومسائل | ۱۶۳ | -- | ۲۴۰ |
| یوم الشک کے روزے کے احکام | ۲۴۱ | -- | ۲۵۲ |
| روزہ سے متعلق معذور کے احکام | ۳۵۳ | -- | ۲۵۸ |
| سحر وافطار کے احکام ومسائل | ۲۵۹ | -- | ۳۲۲ |
| حج کے فضائل ومسائل | ۳۲۳ | -- | ۳۳۲ |
| حج کی فرضیت سے متعلق مسائل | ۳۳۳ | -- | ۴۱۲ |
| خواتین سے متعلق حج کے احکام | ۴۱۳ | -- | ۴۵۲ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

’’أَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللَّهِ صِيَامُ دَاوُدَ، كَانَ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، وَأَحَبُّ الصَّلاَةِ إِلَى اللَّهِ صَلاَةُ دَاوُدَ، كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُومُ ثُلُثَهُ‘‘.

(صحیح البخاری،رقم الحدیث:3420)

قال اللّٰہ عزوجل:

﴿وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ﴾

(سورۃ آل عمران97)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

’’أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:إِيمَانٌ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ، قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ:جِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ:حَجٌّ مَبْرُورٌ‘‘.

(صحیح البخاری،رقم الحدیث:1519)

# فہرست عناوین

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|

## فہرست مضامین (۵-۳۴)


(الف) کلمۃ الشکر، از: انجینئر شمیم احمد صاحب، خادم منظمۃ السلام العالمیۃ، مومبائی، انڈیا ۳۵

(ب) تاثرات از: مولانا اختر امام عادل قاسمی (سمستی پور۔ بہار)، حضرت مولانا محمد سعیدی (سہارنپور)، مولانا محمد خورشید صاحب (لمبی، وسطی افریقہ) ۳۶

(ج) پیش لفظ، از: مولانا محمد اسامہ شمیم ندوی، رئیس المجلس العالمی للفقہ الاسلامی ممبئ، انڈیا ۳۹

(د) ابتدائیہ، از: مولانا مفتی انیس الرحمٰن قاسمی، چیرمین ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن، پھلواری شریف، پٹنہ ۴۰


## نفل ونذر کے روزوں کا بیان (۴۱-۶۶)


(۱) رمضان کے روزوں کے بعد کون سے روزے افضل ہیں ۴۱

(۲) رمضان المبارک کے علاوہ روزے ۴۱

(۳) سال بھر روزے رکھنا کیسا ہے ۴۲

(۴) ہمیشہ روزہ رکھنا ۴۲

(۵) عید کے دن روزہ حرام ہے ۴۳

(۶) بعد عصر نہ کھانے سے روزہ کا ثواب ۴۳

(۷) فرض روزہ کی قضا باقی رہنے کی صورت میں نفل روزہ درست ہے، یا نہیں ۴۳

(۸) فرض روزہ ذمہ میں رہتے ہوئے نفلی روزہ رکھنا ۴۴

(۹) نفل روزے ۴۴

(۱۰) چند مخصوص تاریخوں کا روزہ ۴۵

(۱۱) شوال کے چھ روزوں کا حکم ۴۵

(۱۲) شوال کے چھ روزے مسلسل رکھے جائیں، یا متفرق ۴۶

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۱۳) | شوال کے چھ روزے کب شروع کرے | ۴۶ |
| (۱۴) | عشرۂ ذی الحجہ میں روزہ | ۴۶ |
| (۱۵) | حکم صیام ایام بیض در ماہ ذی الحجہ | ۴۷ |
| (۱۶) | عرفہ کا روزہ حاجی لوگ کیوں نہیں رکھتے | ۴۷ |
| (۱۷) | حکم صوم یوم عرفہ للحاج | ۴۸ |
| (۱۸) | عرفہ کے دن روزہ رکھنا کیسا ہے | ۴۸ |
| (۱۹) | یوم عرفہ کا روزہ عرفات میں | ۴۸ |
| (۲۰) | دس ذوالحجہ کو روزہ رکھنا | ۵۰ |
| (۲۱) | ذی الحجہ کے روزے اور قربانی سے کھانے کی ابتدا | ۵۰ |
| (۲۲) | عاشورہ کے دن کوئی خاص نماز مشروع نہیں، البتہ روزہ مستحب ہے | ۵۱ |
| (۲۳) | یوم عاشورہ کے روزہ کا حکم | ۵۲ |
| (۲۴) | عاشورہ کے روزہ کا حکم | ۵۲ |
| (۲۵) | صومِ یومِ عاشورہ | ۵۲ |
| (۲۶) | تحقیق حکم انفراد صوم عاشورہ | ۵۳ |
| (۲۷) | صرف دس محرم کو روزہ رکھنا | ۵۳ |
| (۲۸) | نفل روزہ کتنی تعداد میں مسلسل رکھنا ضروری ہے | ۵۴ |
| (۲۹) | عشرہ محرم میں ذکر شہادت پڑھنے اور روزہ وصدقہ کا حکم | ۵۴ |
| (۳۰) | ماہ صفر کے روزے کا حکم | ۵۵ |
| (۳۱) | ستائیسویں رجب کے روزہ کی فضیلت | ۵۵ |
| (۳۲) | رجب کا روزہ ثابت ہے، یا نہیں | ۵۶ |
| (۳۳) | رجب کے روزہ کا مسئلہ | ۵۶ |
| (۳۴) | حکم صوم ہزاری | ۵۷ |
| (۳۵) | تحقیق حکم صوم رجب | ۵۸ |
| (۳۶) | شعبان میں کون سا روزہ ضروری ہے اور کب سے ممنوع | ۵۹ |

| صفحات | عناوین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۵۹ | شب برأت کا روزہ ثابت ہے، یا نہیں | (۳۷) |
| ۶۰ | ۲۷ر شعبان کے نفلی روزہ کا حکم | (۳۸) |
| ۶۱ | رمضان شریف سے پہلے ایک دو روزہ رکھنا کیسا ہے | (۳۹) |
| ۶۱ | جمعہ کو نفل روزہ | (۴۰) |
| ۶۱ | جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا کیسا ہے | (۴۱) |
| ۶۲ | تنہا ایک نفل روزہ | (۴۲) |
| ۶۳ | نفل روزے کی نیت کر کے روزہ نہیں رکھ سکا | (۴۳) |
| ۶۳ | مسافر و مریض کا رمضان میں غیر رمضان کا روزہ رکھنا | (۴۴) |
| ۶۴ | روزہ کی نذر | (۴۵) |
| ۶۴ | نذر کے روزہ میں قضا کی نیت کرے، تو کیا حکم ہے | (۴۶) |
| ۶۵ | نذر کی کہ فلاں روزہ ہمیشہ روزہ رکھوں گا، پھر عاجز ہو گیا | (۴۷) |
| ۶۵ | نذر روزے اگر کسی عذر کی مثلاً بیماری کی وجہ سے نہ رکھ سکے تو کتنا کفارہ لازم ہوگا | (۴۸) |
| ۶۶ | کیا نذر میں نماز و روزہ کا تسلسل سے رکھنا ضروری ہے | (۴۹) |

## روزہ نہ توڑنے والی چیزوں کا بیان (۶۷-۱۰۸)

| صفحات | عناوین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۶۷ | حالت روزہ میں انزال | (۵۰) |
| ۶۹ | روزہ میں منی خارج ہو جائے | (۵۱) |
| ۶۹ | احتلام اور جماع سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، یا نہیں | (۵۲) |
| ۶۹ | روزہ میں احتلام | (۵۳) |
| ۷۰ | جلق مفسدِ صوم ہے، یا نہیں | (۵۴) |
| ۷۰ | غسلِ واجب سے روزہ نہیں ٹوٹتا | (۵۵) |
| ۷۱ | حکم تبرد در صوم برائے دفع تشنگی | (۵۶) |
| ۷۱ | روزہ کی حالت میں پانی میں ریح خارج ہونے کا حکم | (۵۷) |
| ۷۱ | حالتِ صوم میں شرمگاہ میں انگلی ڈالنا اور تقبیل | (۵۸) |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۵۹) | روزہ کی حالت میں بوس وکنار | ۷۲ |
| (۶۰) | زنا سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے تو غیبت سے کیوں نہیں ٹوٹتا | ۷۳ |
| (۶۱) | روزہ میں دمہ کے مریض کا انہیلر استعمال کرنا | ۷۳ |
| (۶۲) | روزہ میں انجکشن اور پمپ سے منہ میں ہوا لینا | ۷۴ |
| (۶۳) | روزہ میں انجکشن اور سلائین لگوانا | ۷۵ |
| (۶۴) | روزہ میں انجکشن | ۷۷ |
| (۶۵) | بحالت روزہ انجکشن لگوانا | ۸۰ |
| (۶۶) | انجکشن سے فسادِ روزہ کا شبہ | ۸۲ |
| (۶۷) | انجکشن مفطر صوم ہے، یا نہیں | ۸۳ |
| (۶۸) | تحقیق منفذ وجوف | ۸۵ |
| (۶۹) | انجکشن سے روزہ فاسد نہ ہونے پر اشکال وجواب | ۸۶ |
| (۷۰) | طاعونی ٹیکہ مفطر صوم نہیں | ۸۸ |
| (۷۱) | طاعونی ٹیکہ لگوانا مفسدِ صوم ہے، یا نہیں | ۸۹ |
| (۷۲) | سانپ وغیرہ کے کاٹنے سے روزہ کا حکم | ۹۱ |
| (۷۳) | روزہ میں جونک لگانا | ۹۲ |
| (۷۴) | روزہ کی حالت میں خون دینا | ۹۲ |
| (۷۵) | روزہ کی حالت میں دانت سے خون نکل آئے | ۹۳ |
| (۷۶) | روزہ کی حالت میں ناخن کاٹے، یا خون نکل آئے | ۹۳ |
| (۷۷) | روزہ کی حالت میں بال، ناخن کاٹنا اور مسواک وسرمہ کا استعمال | ۹۳ |
| (۷۸) | روزہ میں خوشبو کا حکم | ۹۴ |
| (۷۹) | سر پر تیل رکھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا | ۹۵ |
| (۸۰) | روزہ میں تیل، سرمہ اور خوشبو | ۹۵ |
| (۸۱) | روزہ میں چکنے ہاتھ سے مضمضہ واستنشاق | ۹۷ |
| (۸۲) | کھارے پانی سے کلّی | ۹۷ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۸۳) | لفافہ کا گوند تھوک سے تر کرنا | ۹۷ |
| (۸۴) | تھوک نگل لینے سے روزہ اور نماز ٹوٹنے کا حکم | ۹۸ |
| (۸۵) | اگر مسوڑھوں کا خون پیٹ میں چلا جائے | ۹۸ |
| (۸۶) | روزہ کی حالت میں دانت نکلوانا | ۹۹ |
| (۸۷) | حکم یافتن برگ تنبول در دہن بوقت صبح | ۹۹ |
| (۸۸) | حکم بقائے سرخی تنبول در دہن | ۱۰۰ |
| (۸۹) | روزہ کی حالت میں سفوفِ تمبا کو منہ میں رکھنا | ۱۰۱ |
| (۹۰) | بعد افطار اندامِ نہانی میں کوئی دوا بحالتِ صوم باقی رہے تو روزہ پر اس کا کوئی اثر پڑے گا، یا نہیں | ۱۰۱ |
| (۹۱) | عورت کا اپنی اندام نہانی میں روئی کا پھاہا رکھنا | ۱۰۲ |
| (۹۲) | منجن سے روزہ پر اثر | ۱۰۲ |
| (۹۳) | بحالت روزہ منجن کا استعمال | ۱۰۲ |
| (۹۴) | نشہ آور منجن کا استعمال بحالتِ صوم | ۱۰۳ |
| (۹۵) | روزہ میں ہونٹ پر سرخی لگانا | ۱۰۳ |
| (۹۶) | روزہ کی حالت میں زنڈو بام | ۱۰۳ |
| (۹۷) | عود اور اگربتی کا دھواں حلق میں جانے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، یا نہیں | ۱۰۴ |
| (۹۸) | روزہ میں اگربتی | ۱۰۵ |
| (۹۹) | لوبان سونگھنے سے روزہ کا حکم | ۱۰۶ |
| (۱۰۰) | ہومیو پیتھک دوائی کا سونگھنا | ۱۰۷ |
| (۱۰۱) | کیا گیس سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا | ۱۰۷ |
| (۱۰۲) | روزہ میں قئے کا آجانا | ۱۰۷ |
| (۱۰۳) | روزہ میں قئے | ۱۰۸ |
| (۱۰۴) | روزہ میں ٹی وی دیکھنا | ۱۰۸ |


## روزوں کی قضا و کفارہ سے متعلق مسائل (۱۰۹-۱۶۲)


| | | |
|---|---|---|
| (۱۰۵) | انتیس شعبان کو چاند نظر نہ آیا، بعد میں چاند ہونے کی تحقیق ہوجائے تو قضا ضروری ہے | ۱۰۹ |

| نمبرشمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۱۰۶) | تیسویں تاریخ کو زوال کے بعد چاند دیکھ کرافطار کیا تو قضاو کفارہ دونوں لازم ہوں گے | ۱۰۹ |
| (۱۰۷) | تیسویں کو غروب سے پہلے چاند دیکھ کرافطار کیا تو قضاو کفارہ دونوں لازم ہیں | ۱۱۰ |
| (۱۰۸) | وجوب قضا صوم با نزال کہ بقبلہ ومس شود | ۱۱۱ |
| (۱۰۹) | بوس وکنار سے انزال ہو جائے تو صرف قضالازم ہے، کفارہ نہیں | ۱۱۱ |
| (۱۱۰) | قے کو مفطر صوم جان کر پھر قصداً کھانے سے کفارہ وقضا کا حکم | ۱۱۱ |
| (۱۱۱) | قے ہوئی تو اس خیال سے کہ اب روزہ نہ رہا پانی پی لیا تو صرف قضا ضروری ہے | ۱۱۲ |
| (۱۱۲) | پیٹ میں تکلیف کی وجہ سے روزہ توڑ دیا، تو صرف قضالازم ہے | ۱۱۳ |
| (۱۱۳) | مرض کی وجہ سے روزہ قضا کرنا | ۱۱۳ |
| (۱۱۴) | مسافر اگر روزہ افطار کرلے تو کفّارہ نہیں | ۱۱۳ |
| (۱۱۵) | جو شخص تمام عمر سفر میں رہے، وہ قضا کرے، یا نہیں | ۱۱۴ |
| (۱۱۶) | قضاء رمضان کا مسئلہ | ۱۱۴ |
| (۱۱۷) | نفل روزہ کے ایام میں رمضان کی قضا کرنے سے کیا قضااور نفل دونوں کا ثواب ہوگا | ۱۱۵ |
| (۱۱۸) | عمل بر تخمین در تعداد صیام فاسدہ | ۱۱۵ |
| (۱۱۹) | قضاروزوں کی نیت ''میرے ذمے جتنے قضاروزے ہیں، ان میں سے پہلا روزہ رکھتا ہوں'' کرنا صحیح ہے | ۱۱۶ |
| (۱۲۰) | روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھنے والا ہر روزے کے بدلے پونے دو سیر گندم، یا اس کی قیمت دے سکتا ہے | ۱۱۶ |
| (۱۲۱) | ایام سرما میں قضا رکھنے سے ثواب میں کمی نہیں ہوتی | ۱۱۶ |
| (۱۲۲) | رمضان کے روزہ کے بجائے نفل روزہ | ۱۱۷ |
| (۱۲۳) | روزہ کا کفارہ کیا اور کب | ۱۱۷ |
| (۱۲۴) | کفارہ کے روزے اگر چاند کے حساب سے رکھے تو دو ماہ ضروری ہے، اگر چہ ساٹھ سے کم ہو | ۱۱۸ |
| (۱۲۵) | ادائے کفارہ صوم میں تعین سال کا اور صوم کفارہ میں تتابع ضروری ہے | ۱۱۸ |
| (۱۲۶) | کفارۂ صوم میں رمضان اور عید الفطر مبطل رہتا ہے | ۱۱۹ |
| (۱۲۷) | تداخل کفارات صوم؛ یعنی کئی روزوں کے لیے ایک کفارہ کافی ہے | ۱۲۰ |
| (۱۲۸) | تحقیق وتفصیل تداخل کفارات صوم | ۱۲۰ |
| (۱۲۹) | عدم وجوب تقدیم قضا بر کفارہ | ۱۲۱ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
| --- | --- | --- |
| (۱۳۰) | کفارہ اور فدیہ کے کھانے کے عوض میں قیمت دینا | ۱۲۲ |
| (۱۳۱) | کفارہ میں مساکین کو طعام دینا | ۱۲۲ |
| (۱۳۲) | کفّارۂ صوم میں بہت بوڑھے اور بڑھیا کو کھلانا جائز ہے، یا نہیں | ۱۲۲ |
| (۱۳۳) | حکم دادن کفارہ نماز میت بہ بنی ہاشم | ۱۲۳ |
| (۱۳۴) | نذر روزے اگر کسی عذر مثلاً بیماری کی وجہ سے نہ رکھ سکے تو کتنا کفارہ لازم ہوگا | ۱۲۴ |
| (۱۳۵) | رمضان میں جہرا کھانا کھانے کی سزا، روزہ کے ایام میں ہوٹل میں کھلانا | ۱۲۴ |
| (۱۳۶) | روزوں کی قضائے عمری کا طریقہ | ۱۲۵ |
| (۱۳۷) | رمضان سمجھ کر یکم شوال کا روزہ رکھنا | ۱۲۶ |
| (۱۳۸) | ریڈیو کی خبر پر افطار کرنے سے قضا کا حکم | ۱۲۷ |
| (۱۳۹) | استحاضہ میں روزہ اور اس کی قضا | ۱۲۸ |
| (۱۴۰) | حائضہ پاک ہوجائے تو اس کے روزہ کا حکم | ۱۲۹ |
| (۱۴۱) | روزہ توڑنے کا کفارہ | ۱۳۰ |
| (۱۴۲) | کسی اور کا تھوک نگلنے سے کفارہ | ۱۳۱ |
| (۱۴۳) | روزے کا کفارہ | ۱۳۱ |
| (۱۴۴) | مس بالید سے انزال کی صورت میں کفارہ ہے، یا نہیں | ۱۳۲ |
| (۱۴۵) | کفارۂ روزہ میں تتابع ضروری ہے، یا نہیں | ۱۳۲ |
| (۱۴۶) | پہلے کا کھلایا ہوا کفارہ میں شمار نہیں | ۱۳۳ |
| (۱۴۷) | کفارۂ صوم میں ساٹھ مساکین دونوں وقت ایک ہی ہوں، یا الگ الگ | ۱۳۳ |
| (۱۴۸) | کفارۂ صوم میں دینی مدارس کے طلبہ کو کھانا کھلانا | ۱۳۳ |
| (۱۴۹) | کفارۂ صوم ادا کرنے کی آسان صورت | ۱۳۳ |
| (۱۵۰) | صوم وصلوۃ کا فدیہ، اس کی مقدار اور اس کا مستحق | ۱۳۴ |
| (۱۵۱) | فدیۂ صوم وصلوٰۃ | ۱۳۷ |
| (۱۵۲) | مسافر ومریض پر فدیۂ صوم وصلوٰۃ | ۱۴۰ |
| (۱۵۳) | مریض پر فدیۂ صوم | ۱۴۱ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
| --- | --- | --- |
| (۱۵۴) | فدیہ اور فطرہ کس نرخ سے ادا کریں | ۱۴۲ |
| (۱۵۵) | فدیہ دیندار عالم کو دینا افضل ہے | ۱۴۲ |
| (۱۵۶) | فدیۂ صیام شروعِ رمضان میں دے، یا اخیر رمضان میں | ۱۴۲ |
| (۱۵۷) | ادائے فدیہ کا طریقہ اور مصرف | ۱۴۳ |
| (۱۵۸) | کئی روزوں کا فدیہ ایک شخص کو دینا | ۱۴۴ |
| (۱۵۹) | اگر ۲۸؍ ہی روزے رکھے | ۱۴۴ |
| (۱۶۰) | ۲۹؍ روزے | ۱۴۵ |
| (۱۶۱) | روزہ میں حلق | ۱۴۵ |
| (۱۶۲) | ایک شخص کو کئی روزوں کا فدیہ | ۱۴۶ |
| (۱۶۳) | کیا قضا کے ساتھ فدیہ بھی ادا کرے | ۱۴۶ |
| (۱۶۴) | حالت حیض کے روزوں کی قضا | ۱۴۶ |
| (۱۶۵) | حائضہ کا کھانے پینے سے رُکا رہنا | ۱۴۷ |
| (۱۶۶) | کفارہ اور فدیہ کے کھانے کے عوض میں قیمت دینا | ۱۴۷ |
| (۱۶۷) | کسی ظالم کے خوف سے روزہ قضا کرنا | ۱۴۷ |
| (۱۶۸) | کفاروں کی ادائیگی میں دیر کرنا | ۱۴۸ |
| (۱۶۹) | کئی رمضان کے کئی روزوں کا کفارہ | ۱۴۸ |
| (۱۷۰) | کئی روزے توڑنے کے کفارے کتنے ہوں گے | ۱۴۹ |
| (۱۷۱) | عید کی خبر دوسری جگہ سے آنے پر روزہ رکھنے والے کیا کریں | ۱۴۹ |
| (۱۷۲) | شہادت معتبرہ سے اگر ثابت ہوجائے کہ جس دن روزہ رکھنا چاہیے تھا، نہیں رکھا گیا، کیا کیا جائے | ۱۵۰ |
| (۱۷۳) | بحالت روزہ جانوروں سے وطی کی صورت میں قضا لازم ہے، ایسے جانور کے دودھ و گوشت کا حکم | ۱۵۱ |
| (۱۷۴) | حائضہ پاک ہوجائے تو اس کے روزہ کا حکم | ۱۵۱ |
| (۱۷۵) | فرض روزہ ذمہ میں رہتے ہوئے نفلی روزہ رکھنا | ۱۵۱ |
| (۱۷۶) | متعدد مسائل فدیہ صوم | ۱۵۲ |
| (۱۷۷) | تعریف شیخ فانی | ۲۵۳ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۱۷۸) | حکم وجوب کفارہ برافطار کردن قبل الغروب بسبب روایت ہلال قبل ازغروب | ۲۵۳ |
| (۱۷۹) | حکم دادن کفارہ نماز میت بہ بنی ہاشم | ۱۵۵ |
| (۱۸۰) | ادائے کفارہ صوم میں تعین سال کا اور صوم کفارہ میں تتابع ضروری ہے | ۱۵۶ |
| (۱۸۱) | روزہ کے کفارہ میں گھر کے ملازم کو آزاد کرنا | ۱۵۷ |
| (۱۸۲) | کفّارۂ صوم میں بہت بوڑھے اور بڑھیا کو کھلانا جائز ہے، یانہیں | ۱۵۸ |
| (۱۸۳) | کفارۂ صوم | ۱۵۸ |
| (۱۸۴) | قضا اور نفل | ۱۵۹ |
| (۱۸۵) | کفارہ کے روزے اگر چاند کے حساب سے رکھے تو دو ماہ ضروری ہے، اگرچہ ساٹھ سے کم ہو | ۱۵۹ |
| (۱۸۶) | کفارہ میں مساکین کو طعام دینا | ۱۶۰ |
| (۱۸۷) | کفارہ رمضان اگر متعدد ہوں تو کس صورت میں تداخل ہوگا | ۱۶۰ |
| (۱۸۸) | دوا، یا غذا کے علاوہ دوسری چیز کھانا | ۱۶۱ |
| (۱۸۹) | نیتِ معلق سے صوم متحقق نہیں ہوتا، تحققِ صوم کے لیے قصدِ جازم شرط ہے | ۱۶۱ |
| (۱۹۰) | حکم نیتِ کفّارۂ رمضان بالتعلیق | ۱۶۲ |


## اعتکاف کے احکام ومسائل (۱۶۳-۲۴۰)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۱۹۱) | عشرہ اخیرہ کامل کا اعتکاف سنّتِ مؤکدہ ہے | ۱۶۳ |
| (۱۹۲) | خواتین کا اعتکاف | ۱۶۴ |
| (۱۹۳) | معتکف کے لیے روزہ کی شرط | ۱۶۵ |
| (۱۹۴) | بغیر روزہ کے اعتکاف | ۱۶۶ |
| (۱۹۵) | اعتکاف مسنون کی مدت | ۱۶۶ |
| (۱۹۶) | بعض جزئیات متعلق اعتکاف | ۱۶۷ |
| (۱۹۷) | ڈیوٹی کے ساتھ اعتکاف | ۱۶۷ |
| (۱۹۸) | زنجیری اعتکاف | ۱۶۸ |
| (۱۹۹) | کسی عذر کی بناپر اعتکاف نہ کرنے کا حکم | ۱۶۸ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۲۰۰) | بیڑی پینے سے روکنے پر اعتکاف چھوڑ دیا گنہگار کون ہوگا | ۱۶۹ |
| (۲۰۱) | جو حجرہ جزوِ مسجد نہ ہو اس میں اعتکاف باطل ہے | ۱۷۰ |
| (۲۰۲) | بقعۂ مدخولہ میں اعتکاف | ۱۷۰ |
| (۲۰۳) | اعتکاف کی افضل جگہ | ۱۷۰ |
| (۲۰۴) | ایک محلّہ میں کئی مسجدیں ہوں | ۱۷۱ |
| (۲۰۵) | حکم سکوت در اعتکاف | ۱۷۲ |
| (۲۰۶) | معتکف مسجد میں جہاں چاہے اٹھ بیٹھ سکتا ہے | ۱۷۲ |
| (۲۰۷) | معتکف کا علاج کرنا | ۱۷۲ |
| (۲۰۸) | اعتکاف میں بیوی سے ملاقات | ۱۷۳ |
| (۲۰۹) | معتکف کا مسجد میں چہل قدمی کرنا | ۱۷۳ |
| (۲۱۰) | اعتکاف میں مسجد کی خدمت کرنا | ۱۷۳ |
| (۲۱۱) | حالتِ اعتکاف میں ورزش اور خط کا جواب تحریر کرنا | ۱۷۴ |
| (۲۱۲) | معتکف کا جمعہ کے لیے نکلنا | ۱۷۴ |
| (۲۱۳) | معتکف کا پانی لانے کے لیے مسجد سے نکلنا | ۱۷۵ |
| (۲۱۴) | معتکف کا بال کٹوانا | ۱۷۵ |
| (۲۱۵) | معتکف کا غسل، یا پانی کے لیے مسجد سے باہر جانا | ۱۷۶ |
| (۲۱۶) | معتکف کا اپنے گھر جانا | ۱۷۶ |
| (۲۱۷) | معتکف کا پانی گرم ہونے تک ٹھہرنا | ۱۷۷ |
| (۲۱۸) | مسجد کے باہر ٹھہرنا | ۱۷۷ |
| (۲۱۹) | ناپاک کپڑا دھونا | ۱۷۷ |
| (۲۲۰) | غسل جمعہ کے لیے نکلنا | ۱۷۷ |
| (۲۲۱) | خروج معتکف بسوئے صحن مسجد کہ بر سقف دکانہا باشد | ۱۷۸ |
| (۲۲۲) | جس کو ریح اور بواسیر کا عارضہ ہو، مسجد میں اعتکاف کرسکتا ہے، یا نہیں | ۱۷۸ |
| (۲۲۳) | خروج ریح کے مریض کا اعتکاف کرنا | ۱۷۹ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۲۲۴) | حکم اخراج ریح معتکف را در مسجد | ۱۷۹ |
| (۲۲۵) | معتکف کے لیے مسجد میں ریح صادر کرنے کا حکم | ۱۸۰ |
| (۲۲۶) | عدم جواز خروج معتکف بعذر مرض، یا دوا | ۱۸۰ |
| (۲۲۷) | معتکف کن وجوہ کی بنا پر مسجد سے نکل سکتا ہے | ۱۸۱ |
| (۲۲۸) | معتکف کے لیے خارجِ مسجد نماز ادا کرنے کا حکم | ۱۸۱ |
| (۲۲۹) | معتکف اذان کہنے کے لیے باہر جاسکتا ہے، یا نہیں | ۱۸۲ |
| (۲۳۰) | سحری کھانے کے بعد کلّی کرنے کے واسطے معتکف کا مسجد سے باہر جانا | ۱۸۲ |
| (۲۳۱) | عدم جواز دخول معتکف روزانہ در غسل خانہ و وجوب قضا در غسل | ۱۸۳ |
| (۲۳۲) | معتکف کا ٹھنڈک کے لیے غسل کی خاطر مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں | ۱۸۳ |
| (۲۳۳) | معتکف اگر حاجتِ ضروریہ سے باہر جائے اور وہاں جمعہ کا غسل کرلے تو کیا حکم ہے | ۱۸۴ |
| (۲۳۴) | غسل جمعہ کے لیے مسجد سے باہر نکلنا | ۱۸۴ |
| (۲۳۵) | معتکف غسل کے لیے مسجد سے باہر جائے تو پانی وغیرہ بھی لاسکتا ہے | ۱۸۵ |
| (۲۳۶) | مسجد میں غسل خانہ نہ ہو تو قریب تالاب میں غسل کے لیے جاسکتا ہے | ۱۸۵ |
| (۲۳۷) | مدرسے کے طلبا ضرورت کے وقت کھانا لانے کے لیے مطبخ جاسکتے ہیں | ۱۸۵ |
| (۲۳۸) | گاؤں میں اعتکاف کرنے والے کے لیے نمازِ جمعہ کا حکم | ۱۸۶ |
| (۲۳۹) | معتبر شہادت سے معلوم ہوجائے کہ انتیس کو چاند ہوگیا تھا تو اعتکاف اسی حساب سے شروع کریں | ۱۸۷ |
| (۲۴۰) | معتکف کو جمعہ کی نماز کے لیے جانا | ۱۸۷ |
| (۲۴۱) | معتکف کو سگریٹ یا حقہ پینے کے لیے مسجد سے باہر جانا جائز نہیں | ۱۸۸ |
| (۲۴۲) | معتکف اگر مریض دیکھنے کے لیے مسجد سے باہر گیا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا | ۱۸۸ |
| (۲۴۳) | اعتکاف کے دورانِ تلاوت نماز اور درود شریف بہترین اشغال ہیں | ۱۸۸ |
| (۲۴۴) | معتکف کا غسل کے لیے نکلنا | ۱۸۹ |
| (۲۴۵) | معتکف کا نماز جنازہ کے لیے نکلنا | ۱۸۹ |
| (۲۴۶) | معتکف کا بیڑی پینے کے لیے نکلنا | ۱۸۹ |
| (۲۴۷) | سگریٹ پینے کے لیے معتکف کا باہر نکلنا | ۱۹۰ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۲۴۸) | حکم دیوار مسجد در حق معتکف | ۱۹۱ |
| (۲۴۹) | خارج بودن فصیل از مسجد | ۱۹۱ |
| (۲۵۰) | اعتکاف فاسد ہو جائے تو کیا کرے | ۱۹۱ |
| (۲۵۱) | اگر اعتکاف فاسد ہو جائے | ۱۹۲ |
| (۲۵۲) | آخری عشرہ میں ممسکِ حیض دوائیں | ۱۹۲ |
| (۲۵۳) | شب قدر مقامی روزوں کے حساب سے سمجھی جائے | ۱۹۳ |
| (۲۵۴) | ستائیسویں رات کو شبِ قدر کی تعیین | ۱۹۳ |
| (۲۵۵) | جمعۃ الوداع | ۱۹۴ |
| (۲۵۶) | اعتکاف واجب، سنت اور نفل کب ہے | ۱۹۴ |
| (۲۵۷) | کیا عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف میں روزہ ضروری ہے | ۱۹۵ |
| (۲۵۸) | اعتکاف کے لیے شرائطِ جمعہ کا پایا جانا ضروری ہے، یا نہیں | ۱۹۵ |
| (۲۵۹) | کیا اعتکاف ہر مسجد ہر شہر میں ضروری | ۱۹۶ |
| (۲۶۰) | عورت کا اعتکاف گھر پر نفلی ہے، یا سنت | ۱۹۶ |
| (۲۶۱) | ترکِ اعتکاف سے کیا عورت بھی گنہگار رہے | ۱۹۶ |
| (۲۶۲) | نابالغ کا اعتکاف | ۱۹۷ |
| (۲۶۳) | اعتکافِ مسنون میں ایک روز کا استثنا | ۱۹۷ |
| (۲۶۴) | ایسی مسجد میں اعتکاف جس میں رات کو رکنے کی اجازت نہ ہو | ۱۹۸ |
| (۲۶۵) | اعتکاف سے روکنا | ۱۹۸ |
| (۲۶۶) | مسجد کی ایک جانب سے دوسری جانب منتقل ہونا | ۱۹۸ |
| (۲۶۷) | بستی کی مختلف مسجدوں میں سے کسی ایک جگہ اعتکاف | ۱۹۹ |
| (۲۶۸) | جو مسجد وقف نہ ہو اس میں اعتکاف | ۱۹۹ |
| (۲۶۹) | ویران مسجد اور عیدگاہ میں اعتکاف | ۲۰۰ |
| (۲۷۰) | مسجد سے متصل حجرہ میں اعتکاف | ۲۰۰ |
| (۲۷۱) | مسجد بارش سے ٹپکتی ہو تو معتکف کیا کرے | ۲۰۱ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
| --- | --- | --- |
| (۲۷۲) | دوسرے محلّہ کے آدمی کے ذریعہ اعتکاف کی ادائیگی | ۲۰۱ |
| (۲۷۳) | امام کے ذریعہ سنت اعتکاف کی ادائیگی | ۲۰۲ |
| (۲۷۴) | معتکف بیت الخلاء کے لیے نکل کر کتنا کام کرسکتا ہے | ۲۰۲ |
| (۲۷۵) | معتکف کا کن مجبوریوں کی وجہ سے مسجد سے نکلنا درست ہے | ۲۰۳ |
| (۲۷۶) | معتکف کا ضرورت کے لیے مسجد سے نکل کر کسی سے بات چیت کرنا | ۲۰۳ |
| (۲۷۷) | معتکف کا خارجِ مسجد تراویح کے لیے جانا | ۲۰۳ |
| (۲۷۸) | معتکف کا وضو کے لیے گھر جانا | ۲۰۵ |
| (۲۷۹) | کیا معتکف سحر وافطار، استنجا اپنے مکان پر کرے | ۲۰۵ |
| (۲۸۰) | مسجد میں وضو کا انتظام نہ ہوتو معتکف ندی پر وضو کرلے | ۲۰۶ |
| (۲۸۱) | وضو، اذان، سگریٹ کے لیے معتکف کا مسجد سے باہر نکلنا | ۲۰۶ |
| (۲۸۲) | بار بار بیت الخلا جانے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوتا | ۲۰۷ |
| (۲۸۳) | معتکف کا جنازہ میں شرکت کرنا، یا عیادت کرنا | ۲۰۷ |
| (۲۸۴) | دیہاتی معتکف کو نماز جمعہ کے لیے شہر جانا | ۲۰۸ |
| (۲۸۵) | معتکف کو نماز جنازہ کے لیے باہر نکلنا | ۲۰۹ |
| (۲۸۶) | جمعۃ الوداع میں معتکف کہاں تک جاسکتا ہے | ۲۰۹ |
| (۲۸۷) | غسلِ سنت وتبرید کے لیے معتکف کا خروج | ۲۰۹ |
| (۲۸۸) | اعتکاف میں غسل | ۲۱۰ |
| (۲۸۹) | اعتکاف میں حدث | ۲۱۰ |
| (۲۹۰) | بحالتِ اعتکاف اخراجِ ریاح | ۲۱۱ |
| (۲۹۱) | معتکف کا اخراجِ ریح کے لیے بیت الخلا جانا | ۲۱۱ |
| (۲۹۲) | معتکف کے لیے تمباکو کھانا | ۲۱۲ |
| (۲۹۳) | معتکف کا بیڑی سگریٹ پینا | ۲۱۲ |
| (۲۹۴) | معتکف کے لیے امورِ مباحہ | ۲۱۳ |
| (۲۹۵) | ہڈی یا کھجور کی گھٹلی پھینکنے کے لیے مسجد سے نکلنا | ۲۱۳ |

| صفحات | عناوین | نمبر شمار |
|---|---|---|


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۲۹۶) | معتکف کا ملاقاتیوں سے بات چیت اور خیریت دریافت کرنا | ۲۱۳ |
| (۲۹۷) | معتکف کا بیت الخلا جاتے ہوئے ملاقاتیوں سے بات چیت کرنا | ۲۱۳ |
| (۲۹۸) | معتکف کا صحنِ مسجد میں حجامت بنوانا | ۲۱۴ |
| (۲۹۹) | اعتکاف کی حالت میں تقبیل وجہ | ۲۱۴ |
| (۳۰۰) | معتکف کا مسجد میں چارپائی بچھانا | ۲۱۴ |
| (۳۰۱) | عورت کا حالتِ اعتکاف میں کھانا پکانا | ۲۱۵ |
| (۳۰۲) | معتکف کا حوض سے پانی لینا | ۲۱۶ |
| (۳۰۳) | معتکف کا مسجد میں بذریعۂ مائیک باہر مجمع کو خطاب کرنا | ۲۱۶ |
| (۳۰۴) | مسجد میں کاروبار اور طبیب کا مریضوں کو نسخہ لکھنا | ۲۱۶ |
| (۳۰۵) | معتکف کا خارجِ مسجد بات چیت کرنا | ۲۱۷ |
| (۳۰۶) | معتکف کا قرآن پاک پڑھانا | ۲۱۷ |
| (۳۰۷) | اعتکافِ مسنون توڑ دینے سے اس کی قضا | ۲۱۸ |
| (۳۰۸) | عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف کو توڑنے کی وجہ سے قضا و ادا اعتکاف ایک ساتھ | ۲۱۸ |
| (۳۰۹) | اعتکاف میں غسل میت کے لیے نکلنا، مستورات کا اعتکاف ٹوٹ جانے پر قضا کا حکم | ۲۱۹ |
| (۳۱۰) | نفلی اعتکاف | ۲۲۰ |
| (۳۱۱) | نفلی اعتکاف کے حقوق اور پابندیاں: | ۲۲۰ |
| (۳۱۲) | نفلی اعتکاف تھوڑی دیر کے لیے لفظوں میں اعتکاف کی نیت | ۲۲۰ |
| (۳۱۳) | نفلی اعتکاف مسجد میں نہ کہ گھر میں | ۲۲۱ |
| (۳۱۴) | فجر کی سنت پڑھ کر اعتکاف کی نیت کر کے لیٹنا | ۲۲۱ |
| (۳۱۵) | اعتکاف کے چند ضروری مسائل | ۲۲۱ |
| (۳۱۶) | معتکف ایک ہی جگہ بیٹھے، یا کسی دوسری جگہ بھی بیٹھ سکتا ہے | ۲۲۲ |
| (۳۱۷) | معتکف کا خارجِ مسجد اذان پڑھنا | ۲۲۲ |
| (۳۱۸) | معتکف کا نمازِ جمعہ کے لیے شہر جانا | ۲۲۲ |
| (۳۱۹) | ایضا | ۲۲۲ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۳۲۰) | اعتکاف ہر مسجد میں ہو، یا کسی ایک مسجد میں کافی ہے | ۲۲۲ |
| (۳۲۱) | اعتکاف اور مسجد کے متعلق ضروری مسائل | ۲۲۳ |
| (۳۲۲) | اخراجِ ریح معتکف مسجد میں کرے یا باہر جائے | ۲۲۳ |
| (۳۲۳) | ایک قدم مسجد کے اندر، دوسرا باہر ہو تو اعتکاف کا حکم | ۲۲۴ |
| (۳۲۴) | کتاب، یا قرآن پاک پڑھنے کے لیے معتکف کا مسجد کا تیل جلانا | ۲۲۴ |
| (۳۲۵) | ایضا | ۲۲۴ |
| (۳۲۶) | معتکف کا کھانا کھانے کے لیے گھر جانا | ۲۲۴ |
| (۳۲۷) | گرم پانی لینے کے لیے معتکف کا باہر جانا | ۲۲۴ |
| (۳۲۸) | گرمی، یا سردی کی وجہ سے وضو کے لیے معتکف کا خارجِ مسجد جانا | ۲۲۴ |
| (۳۲۹) | پانی لانے کے لیے معتکف کا خارجِ مسجد جانا | ۲۲۴ |
| (۳۳۰) | حالتِ اعتکاف میں حجامت بنانا | ۲۲۴ |
| (۳۳۱) | ابتدائے اعتکاف کا وقت | ۲۲۶ |
| (۳۳۲) | اعتکاف کے ۶۴ر مسائل | ۲۲۶ |
| (۳۳۳) | عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف کا حکم | ۲۲۶ |
| (۳۳۴) | معتکف کون کون ہوسکتا ہے | ۲۲۶ |
| (۳۳۵) | معتکف کا گھر میں بیٹھنے کا حکم | ۲۲۷ |
| (۳۳۶) | عورت کے اعتکاف سے مردوں سے سقوطِ اعتکاف | ۲۲۷ |
| (۳۳۷) | مسجد میں عورتوں کے لیے مخصوص کی گئی جگہ میں عورت کا اعتکاف | ۲۲۷ |
| (۳۳۸) | کیا اعتکاف کے لیے مسجد، اذان اور جماعت شرط ہیں | ۲۲۷ |
| (۳۳۹) | ۲۴ر رمضان کو معتکف کا انتقال ہوجائے | ۲۲۷ |
| (۳۴۰) | دو آدمیوں کے پانچ پانچ دن اعتکاف سے ادائے سنت | ۲۲۷ |
| (۳۴۱) | معتکف کی چہل قدمی کے لیے احاطۂ مسجد میں حدود | ۲۲۷ |
| (۳۴۲) | قضائے حاجت کے لیے نکلتے وقت معتکف کی بات چیت | ۲۲۷ |
| (۳۴۳) | معتکف کا احاطۂ مسجد میں پھلو، سبزیوں کی دیکھ بھال کرنا | ۲۲۷ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۳۴۴) | مسجد سے ملحق باغ کی نگرانی کرنا | ۲۲۸ |
| (۳۴۵) | مسجد کی تعمیر میں معتکف کا کام کرنا | ۲۲۸ |
| (۳۴۶) | حالتِ اعتکاف میں ماہواری، یا شوہر کی ہمبستری کا حکم | ۲۲۸ |
| (۳۴۷) | قضائے حاجت کے لیے گھر جا کر ہمبستری سے اعتکاف کا حکم | ۲۲۸ |
| (۳۴۸) | حالتِ اعتکاف میں بیوی کا بوسہ لینا | ۲۲۸ |
| (۳۴۹) | حالتِ اعتکاف میں پاگل ہوجانے اور مسجد سے بجبوری نکلنے کا حکم | ۲۲۸ |
| (۳۵۰) | حالتِ اعتکاف میں نمازِ جنازہ میں شرکت | ۲۲۸ |
| (۳۵۱) | معتکف کا بیوی، یا بچے کی تجہیز وتکفین کا انتظام کرنا | ۲۲۸ |
| (۳۵۲) | معتکف کا شادی میں شرکت کرنا | ۲۲۸ |
| (۳۵۳) | معتکف کا پانی لینے تالاب، ندی یا کنویں پر جانا | ۲۲۹ |
| (۳۵۴) | پانی ہوتو غسلِ جنابت میں تیمّم کرے، یا باہر جا کر غسل کرے | ۲۲۹ |
| (۳۵۵) | معتکف کا سحری، یا افطاری لینے گھر جانا | ۲۲۹ |
| (۳۵۶) | معتکف کا علاج کے لیے باہر جانا | ۲۲۹ |
| (۳۵۷) | حافظ معتکف کا تراویح پڑھانے کے لیے دوسری مسجد جانا | ۲۲۹ |
| (۳۵۸) | وعظ کے لیے معتکف کا کسی مجلس میں جانا | ۲۲۹ |
| (۳۵۹) | معتکف کا میٹنگ میں جانا | ۲۲۹ |
| (۳۶۰) | معتکف کا ووٹ ڈالنے کے لیے جانا | ۲۲۹ |
| (۳۶۱) | معتکف کا اپنے پیر سے مصافحہ کے لیے جانا | ۲۲۹ |
| (۳۶۲) | معتکف کا اپنے پیر کی ملاقات کے لیے جانا | ۲۲۹ |
| (۳۶۳) | معتکف کا اپنی بیوی کو علاج کے لیے جانا | ۲۳۰ |
| (۳۶۴) | معتکف کی حکومت کی طرف سے طلبی ہونے پر کیا کرے | ۲۳۰ |
| (۳۶۵) | صلح کرانے کے لیے معتکف کہاں تک جا سکتا ہے | ۲۳۰ |
| (۳۶۶) | معتکف کا دم کرانے کے لیے دوسرے گاؤں جانا | ۲۳۰ |
| (۳۶۷) | معتکف کا روزانہ دوا لینے شفاخانہ جانا | ۲۳۰ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۳۶۸) | معتکف کا مسجد کے پڑوس میں لگی ہوئی آگ بجھانے جانا | ۲۳۰ |
| (۳۶۹) | مسجد میں لگی آگ بجھانے کے لیے معتکف کا کنویں پر پانی لینے جانا | ۲۳۰ |
| (۳۷۰) | مسجد شہید ہونے پر معتکف بقیہ دن کہاں گزارے | ۲۳۰ |
| (۳۷۱) | گم شدہ چیز کو تلاش کرنے مسجد سے واپس نکلنا | ۲۳۰ |
| (۳۷۳) | معتکف کا جوتے اٹھانے مسجد سے باہر جانا | ۲۳۰ |
| (۳۷۴) | معتکف کا جوتے اٹھانے مسجد سے باہر جانا | ۲۳۰ |
| (۳۷۵) | معتکف کا ہوٹل، یا گھر چائے پینے جانا | ۲۳۱ |
| (۳۷۶) | معتکف کا وعظ سننے کسی مجلس میں جانا | ۲۳۱ |
| (۳۷۷) | معتکف کا سبق سنانے مدرسہ جانا | ۲۳۱ |
| (۳۷۸) | بیڑی پینے کے لیے بار بار نکلنے کا حکم | ۲۳۱ |
| (۳۷۹) | معتکف کا کپڑے اٹھانے باہر نکلنا | ۲۳۱ |
| (۳۸۰) | معتکف کا روزہ نہ رکھنا اور نماز نہ پڑھنا | ۲۳۱ |
| (۳۸۱) | کاروبار کے سلسلہ میں معتکف کا بات چیت کرنا | ۲۳۱ |
| (۳۸۲) | معتکف کا کاروبار سے باخبر رہنے کے لیے مسجد میں فون لگانا | ۲۳۱ |
| (۳۸۳) | قضائے حاجت کے لیے جاتے وقت بالٹی بھر کر گھر لے جانا | ۲۳۱ |
| (۳۸۴) | قضائے حاجت کے لیے جاتے وقت معتکف کا دوکان کا تالا کھولنا | ۲۳۱ |
| (۳۸۵) | معتکف کا پڑھانے کے لیے مدرسہ جانا | ۲۳۲ |
| (۳۸۶) | معتکف کا مسجد میں بیٹھ کر مریضوں کو نسخہ لکھوانا | ۲۳۲ |
| (۳۸۷) | ٹیوشن پڑھانے کے لیے معتکف کا نکلنا | ۲۳۲ |
| (۳۸۸) | معتکف کا مسجد میں بچوں کو انگریزی پڑھانا | ۲۳۲ |
| (۳۸۹) | معتکف کا قضائے حاجت کے لیے جاتے وقت بیلوں کی دیکھ بھال کرنا | ۲۳۲ |
| (۳۹۰) | مسجد کے بیت الخلا کے باوجود قضائے حاجت کے لیے گھر جانا | ۲۳۲ |
| (۳۹۱) | قضائے حاجت سے واپسی پر ہر مرتبہ دعا پڑھے، یا ایک مرتبہ کافی ہے | ۲۳۲ |
| (۳۹۲) | بھول کر معتکف کے نکلنے کا حکم | ۲۳۳ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۳۹۳) | معتکف کا نمازِ جمعہ کے لیے نکلنا | ۲۳۳ |
| (۳۹۴) | ایضا | ۲۳۳ |
| (۳۹۵) | پولیس کا معتکف کو جبراً لے جانے سے اعتکاف کا حکم | ۲۳۳ |
| (۳۹۶) | جان کے خوف سے مسجد کو چھوڑ کر فرار اختیار کرنے سے اعتکاف کا حکم | ۲۳۳ |


## یوم الشک کے روزے کے احکام (۲۴۱ـ۲۵۲)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۳۹۷) | افطار در غرہ رمضان وصوم غرہ شوال بعدم رؤیت | ۲۴۱ |
| (۳۹۸) | حکم روزہ یوم الشک وتردد نیت میاں دو روزہ دراں یوم | ۲۴۱ |
| (۳۹۹) | یومِ عرفہ ونحر میں شک | ۲۴۲ |
| (۴۰۰) | یوم الشک کا روزہ | ۲۴۳ |
| (۴۰۱) | صوم یوم الشک | ۲۴۴ |
| (۴۰۲) | حکمِ صوم یِوم الشک | ۲۴۴ |
| (۴۰۳) | کیا یوم الشک کا روزہ مکروہ ہے | ۲۴۷ |
| (۴۰۴) | تحقیق حدیث من صام یوم الشک | ۲۴۹ |
| (۴۰۵) | ایضاً | ۲۵۰ |
| (۴۰۶) | رویتِ ہلال اور صوم یوم الشک کے بارے میں ایک استفتا | ۲۵۱ |


## روزہ سے متعلق معذور کے احکام (۲۵۳ـ۲۵۸)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۴۰۷) | فصل کی کٹائی کے واسطے روزہ افطار کرنا جائز ہے، یا نہیں | ۲۵۳ |
| (۴۰۸) | استفتاء عن القلب اور معذور کے لیے افطار کا حکم | ۲۵۳ |
| (۴۰۹) | روزہ اور جسمانی نقاہت | ۲۵۴ |
| (۴۱۰) | بیماری کی وجہ سے روزہ کی قضا | ۲۵۴ |
| (۴۱۱) | شدید مرض کے باوجود روزہ | ۲۵۶ |
| (۴۱۲) | طبیب کے مشورہ پر روزہ نہ رکھنا | ۲۵۶ |
| (۴۱۳) | زیادتی مرض کے خوف سے افطار کرنا | ۲۵۷ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۴۱۴) | کسی ظالم کے خوف سے روزہ قضا کرنا | ۲۵۷ |
| (۴۱۵) | قضا کے لیے حیلہ اختیار کرنا مذموم ہے | ۲۵۸ |


## سحر وافطار کے احکام ومسائل (۲۵۹-۳۲۲)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۴۱۶) | سحری کے لیے اذان | ۲۵۹ |
| (۴۱۷) | نقارہ افطار وسحور کا حکم | ۲۵۹ |
| (۴۱۸) | سحر وافطار کی اطلاع بذریعۂ سائرن | ۲۶۰ |
| (۴۱۹) | سحری وافطاری کی اطلاع کے لیے گولہ چھوڑنا اور نقارہ بجانا جائز ہے | ۲۶۱ |
| (۴۲۰) | سحری اور افطار کے وقت ڈھول بجانا | ۲۶۱ |
| (۴۲۱) | جس لاؤڈ اسپیکر پر گانے گائیں جائیں، اس سے سحری کے لیے جگانا | ۲۶۳ |
| (۴۲۲) | منتہائے وقت سحر | ۲۶۳ |
| (۴۲۳) | سحری کا آخری وقت | ۲۶۴ |
| (۴۲۴) | حکم ترک سحور بسماع اذان | ۲۶۴ |
| (۴۲۵) | اذان سن کر سحری ختم کرنا | ۲۶۴ |
| (۴۲۶) | اوقات سحری کے بعد کھانا جائز نہیں | ۲۶۵ |
| (۴۲۷) | صبح صادق کے ایک دو منٹ بعد سحری کھانا | ۲۶۵ |
| (۴۲۸) | اگر سحری نہ کھا سکے | ۲۶۶ |
| (۴۲۹) | سحری کے وقت طلوعِ فجر سے قبل اذان دینے اور ایسے اذان کے اعادہ کا حکم | ۲۶۶ |
| (۴۳۰) | حالت جنابت میں سحری کھانا خلاف اولی ہے، مگر اس سے روزے میں کچھ خلل نہیں آتا | ۲۶۷ |
| (۴۳۱) | صبح صادق کے بعد غسلِ جنابت | ۲۶۸ |
| (۴۳۲) | سحری کھانے کے بعد تأخیر سے غسلِ جنابت | ۲۶۸ |
| (۴۳۳) | صحبت کے بعد بغیر غسل کے سحری | ۲۶۸ |
| (۴۳۴) | غسل کریں، یا سحری کھائیں | ۲۶۹ |
| (۴۳۵) | مچھلی، انڈا وغیرہ سحری میں کھانا | ۲۶۹ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۴۳۶) | سحری کے بعد بیوی سے ہمبستری جائز ہے | ۲۷۰ |
| (۴۳۷) | روزہ کی نیت | ۲۷۰ |
| (۴۳۸) | روزہ کی نیت | ۲۷۰ |
| (۴۳۹) | تطبیق درمیان روایات متعلقہ بہ نیت صوم از شب | ۲۷۱ |
| (۴۴۰) | نفل اور نذر روزے کی نیت کب کرے | ۲۷۲ |
| (۴۴۱) | حکم تعدد نیت بہ تعدد صوم | ۲۷۳ |
| (۴۴۲) | حکم تعیین سال و یوم وغیرہ در قضائے صوم فرض | ۲۷۳ |
| (۴۴۳) | رمضان میں اگر نفل روزے کی نیت کرے، تب بھی رمضان ہی کا روزہ شمار ہوگا | ۲۷۴ |
| (۴۴۴) | مسافر یا مریض رمضان میں نفل کی نیت سے روزہ رکھے تو فرض ہوگا، یا نفل | ۲۷۴ |
| (۴۴۵) | حکم فسخ نیت صوم در شب | ۲۷۵ |
| (۴۴۶) | نیتِ معلق سے صوم متحقق نہیں ہوتا تحققِ صوم کے لیے قصدِ جازم شرط ہے | ۲۷۵ |
| (۴۴۷) | حکم نیتِ کفّارۂ رمضان بالتعلیق | ۲۷۶ |
| (۴۴۸) | حکم افطار غیر ناوی صوم | ۲۷۷ |
| (۴۴۹) | افطار کرانے کی فضیلت | ۲۷۷ |
| (۴۵۰) | افطار کا ثواب | ۲۷۷ |
| (۴۵۱) | غیر کی افطار سے افطار کرنے کا ثواب | ۲۷۸ |
| (۴۵۲) | دعوت افطار میں غریبوں کو نظر انداز کر دینا | ۲۷۸ |
| (۴۵۳) | افطار کا وقت کیا ہے | ۲۷۹ |
| (۴۵۴) | افطار و نماز مغرب کا حکم دینا کیسا ہے اور اس کا صحیح وقت کیا ہے | ۲۷۹ |
| (۴۵۵) | وقت افطار و حکم حیلولۃ جبل | ۲۷۹ |
| (۴۵۶) | نقارے کی آواز سن کر افطار کرنا جائز ہے | ۲۸۰ |
| (۴۵۷) | ہوائی جہاز میں افطار | ۲۸۰ |
| (۴۵۸) | سحر سعودی عرب میں اور افطار ہندوستان میں | ۲۸۱ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
| --- | --- | --- |
| (۴۵۹) | افطار کا وقت ہوتے ہی افطار کرنا افضل ہے | ۲۸۱ |
| (۴۶۰) | نفل روزہ میں کب افطار کیا جائے | ۲۸۱ |
| (۴۶۱) | افطار میں جلدی اور سحری میں تاخیر افضل ہے | ۲۸۲ |
| (۴۶۲) | غروب آفتاب کے بعد ہی افطار کا وقت شروع ہوجاتا ہے؛ مگر دو چار منٹ تاخیر کی گنجائش ہے | ۲۸۳ |
| (۴۶۳) | غروبِ شمس کی علامت کیا ہے | ۲۸۳ |
| (۴۶۴) | اگر بس میں افطار کا سامان نہ ہو | ۲۸۴ |
| (۴۶۵) | اذان سے پہلے افطار کرنے کا حکم | ۲۸۴ |
| (۴۶۶) | نمازِ مغرب افطار کے کتنے منٹ کے بعد | ۲۸۵ |
| (۴۶۷) | افطار اور نماز مغرب کے درمیان فاصلہ | ۲۸۵ |
| (۴۶۸) | افطار میں جلدی کرنا | ۲۸۶ |
| (۴۶۹) | تفصیل الآثار فی تعجیل الافطار | ۲۸۸ |
| (۴۷۰) | روزہ افطار کرنے کا وقت | ۲۹۲ |
| (۴۷۱) | روزہ کس چیز سے افطار کرنا بہتر ہے | ۳۰۹ |
| (۴۷۲) | کس چیز سے افطار مستحب ہے | ۳۰۹ |
| (۴۷۳) | افطار کس چیز سے کرے | ۳۱۰ |
| (۴۷۴) | روزہ کس چیز سے افطار کیا جائے؟ اور نمک وادرک سے افطار کرنا | ۳۱۱ |
| (۴۷۵) | ایک کھجور پر افطار | ۳۱۱ |
| (۴۷۶) | بازار میں فروخت ہونے والے پھلوں سے افطار | ۳۱۱ |
| (۴۷۷) | روزہ دار نے حقہ سے افطار کیا تو روزہ ہوا، یا نہیں | ۳۱۳ |
| (۴۷۸) | مریض کے لیے دوا سے روزہ کا افطار کرنا کیسا ہے | ۳۱۳ |
| (۴۷۹) | افطار میں اسراف | ۳۱۳ |
| (۴۸۰) | ہندو کی چیز سے افطار کرنا کیسا ہے | ۳۱۴ |
| (۴۸۱) | ہندو کے مال سے افطار جائز ہے | ۳۱۴ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۴۸۲) | غیر مسلم کی بھیجی ہوئی افطاری سے افطار کرنا جائز ہے: | ۳۱۴ |
| (۴۸۳) | رنڈی اور ہندو کی افطاری سے افطار کرنا کیسا ہے | ۳۱۴ |
| (۴۸۴) | غیر مسلم کی اور بینک کی دعوتِ افطار | ۳۱۵ |
| (۴۸۵) | جس کی آمدنی مشکوک ہو، اس کی دعوتِ افطار | ۳۱۶ |
| (۴۸۶) | افطار اور نماز میں غیر مسلم بھائیوں کی شرکت | ۳۱۶ |
| (۴۸۷) | افطار کے مسجد میں بھیجے گئے کھانے پر کس کا حق ہے | ۳۱۷ |
| (۴۸۸) | جماع کے ذریعے افطار کرنا | ۳۱۷ |
| (۴۸۹) | مسجد میں افطار کرنا جائز ہے، یا نہیں | ۳۱۸ |
| (۴۹۰) | مسجد میں افطار کا حکم | ۳۱۸ |
| (۴۹۱) | مسجد میں افطار | ۳۱۹ |
| (۴۹۲) | مسجد میں افطار کا رواج | ۳۱۹ |
| (۴۹۳) | افطار کے وقت اجتماعی دعا کرنا | ۳۲۰ |
| (۴۹۴) | افطار کے وقت اجتماعی دعا | ۳۲۱ |
| (۴۹۵) | افطار کے وقت اجتماعی دعا ثابت نہیں ہے | ۳۲۱ |


## حج کے فضائل ومسائل (۳۲۳_۳۳۲)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۴۹۶) | یوم جمعہ اگر عرفہ کے دن پڑے، تو کیا یہ ستر حج سے افضل ہے | ۳۲۳ |
| (۴۹۷) | حج اکبر | ۳۲۴ |
| (۴۹۸) | حجِ مبرور اور مقبول میں فرق | ۳۲۵ |
| (۴۹۹) | حج مقبول کی علامات | ۳۲۶ |
| (۵۰۰) | حج سے گناہ کی معافی | ۳۲۷ |
| (۵۰۱) | حج کے ذریعہ سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں | ۳۲۸ |
| (۵۰۲) | کیا حج سے قضا نمازیں معاف ہوجائیں گی | ۳۲۸ |
| (۵۰۳) | شراب سے توبہ کئے بغیر حج کو جانا | ۳۲۹ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۵۰۴) | حج کرنے سے حق العبد ساقط نہیں ہوگا | ۳۳۰ |
| (۵۰۵) | حاجیوں سے دعاؤں کی درخواست کرنا | ۳۳۱ |


## حج کی فرضیت سے متعلق مسائل (۳۳۳-۴۱۲)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۵۰۶) | کیا ہر شخص کے مناسب حال کی فرضیت کے لیے ضروری ہے | ۳۳۳ |
| (۵۰۷) | حج کی فرضیت فارم بھرنے اور ویزا آنے پر ہوتی ہے یا اشہر حج کے آنے پر | ۳۳۳ |
| (۵۰۸) | جب شیعہ کافر ہیں تو حج کرنے کیوں جاتے ہیں | ۳۳۴ |
| (۵۰۹) | پانچ سو روپیہ بتایا، قبضہ میں نہیں کرایا تو کیا حکم ہے | ۳۳۵ |
| (۵۱۰) | مرض الموت کے وقت ہبہ کے لیے کیا شرط ہے | ۳۳۵ |
| (۵۱۱) | پوتے نے جو روپیہ چرایا ہو تمام ورثہ کا حصہ ہے | ۳۳۵ |
| (۵۱۲) | مکان کا مالک ہو تو کیا حج فرض ہو جاتا ہے | ۳۳۶ |
| (۵۱۳) | جائداد کی وجہ سے حج فرض ہوتا ہے، یا نہیں | ۳۳۶ |
| (۵۱۴) | ہبہ میں روپیہ ملا تو حج فرض ہوا، یا نہیں | ۳۳۶ |
| (۵۱۵) | حج کے زمانے سے پہلے روپیہ تھا، بعد میں قرض دے دیا اور وصول نہ ہوا تو کیا حکم ہے | ۳۳۶ |
| (۵۱۶) | حج سے متعلق چند ملکی مسائل | ۳۳۷ |
| (۵۱۷) | حج کی ادائیگی میں کیا خلیفہ کی موجودگی ضروری ہے | ۳۴۷ |
| (۵۱۸) | کیا شریف مکہ کے عہد حکومت میں حج صحیح ہوگا | ۳۴۷ |
| (۵۱۹) | شریف مکہ کی وجہ سے حج کی فرضیت میں فرق نہیں آتا | ۳۴۸ |
| (۵۲۰) | بزمانہ شریف مکہ حج ساقط نہیں | ۳۴۸ |
| (۵۲۱) | شاہ ابن مسعود کی حکومت میں حج درست ہے، یا نہیں | ۳۴۸ |
| (۵۲۲) | کیا حج کا ویزا نہ ملنا مانع وجوبِ ادا ہے | ۳۴۹ |
| (۵۲۳) | جس شخص پر حج فرض نہ ہو اور کسی نے تبرعاً حج کرا دیا تو اس کا فرض حج ادا ہو جائے گا، یا نہیں | ۳۵۰ |
| (۵۲۴) | اپنی کمائی سے والدین کو حج کرانا فرض ہوگا، یا نفل | ۳۵۰ |
| (۵۲۵) | کیا خود حج کرنے سے قبل والدین کو حج کرانا ضروری ہے | ۳۵۰ |

| صفحات | عناوین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۳۵۱ | صاحب نصاب کسی سبب حج نہ کر سکے اور مال خرچ ہو جائے تو اس پر حج فرض ہوگا، یا نہیں | (۵۲۶) |
| ۳۵۲ | قحط کی حالت میں حج | (۵۲۷) |
| ۳۵۲ | کیا دوسرے کے اخراجات پر حج کرنے سے حج کی فرضیت ساقط ہو جائے گی | (۵۲۸) |
| ۳۵۳ | مرض تنفس سے فرضیت ساقط نہ ہوگی | (۵۲۹) |
| ۳۵۳ | صاحبِ وسعت پر حج فرض ہے | (۵۳۰) |
| ۳۵۴ | معذور لیکن صاحب استطاعت شخص کے حج کا حکم | (۵۳۱) |
| ۳۵۵ | جس کے پاس جائیداد زیادہ ہو اور نقد روپیہ نہ ہو، اس پر وجوب حج کا حکم | (۵۳۲) |
| ۳۵۶ | استطاعت سے پہلے حج کا حکم | (۵۳۳) |
| ۳۵۷ | حج کا ارادہ کر کے پھر ترک کرنا | (۵۳۴) |
| ۳۵۸ | اگر صرف مکہ جانے بھر روپیہ ہو، مدینہ کا خرچ نہ ہو تو حج فرض ہوا، یا نہیں | (۵۳۵) |
| ۳۵۸ | شاہان کفارہ ومشرکین کے اثر میں والی حجاز ہو تو کیا حج جائز ہے، یا نہیں | (۵۳۶) |
| ۳۵۸ | کیا اس شخص پر حج فرض ہے، جس کی تمام آمدنی خرچ ہو جاتی ہو | (۵۳۷) |
| ۳۵۹ | حج کے لیے رقم ناکافی ہو تو اپنا دوسرا انتظام کرنا | (۵۳۸) |
| ۳۵۹ | جب خود اپنے ذمہ حج فرض ہے تو والد کو حج کرانے سے اس کا فرض ادا ہوگا، یا نہیں | (۵۳۹) |
| ۳۶۰ | وجوب حج سے پہلے ایک شخص حج کر چکا ہے، کیا اب استطاعت کے بعد پھر حج کرے گا | (۵۴۰) |
| ۳۶۰ | کیا پیروں سے معذور شخص پر حج فرض ہے | (۵۴۱) |
| ۳۶۰ | حکم منع زوج از حج زنے را کہ بچہ، شیر خوار داشتہ باشد | (۵۴۲) |
| ۳۶۱ | سلسل بول والے مریض پر استطاعت کے باوجود حج فرض نہیں ہے | (۵۴۳) |
| ۳۶۲ | اگر حج کیا تو کچھ باقی نہ رہ پائے گا | (۵۴۴) |
| ۳۶۲ | فرضیتِ حج کے لیے مدینہ طیبہ کا خرچ ہونا ضروری نہیں | (۵۴۵) |
| ۳۶۳ | اگر مکہ تک کا ہی خرچ ہو، مدینہ کا نہ ہو تو حج کرے، یا نہیں | (۵۴۶) |
| ۳۶۳ | ۶۰ر ہزار روپیے جمع کر کے ۳۵ر ہزار میں حج کرانے کی اسکیم چلانا | (۵۴۷) |
| ۳۶۴ | حج وعمرہ کی ایک اسکیم اور اس کا حکم | (۵۴۸) |
| ۳۶۵ | ۲۰۰ر لوگوں سے ۳۰۰-۳۰۰ روپیہ جمع کر کے قرعہ اندازی سے ایک شخص کو حج کے لیے بھیجنا | (۵۴۹) |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
| --- | --- | --- |
| (۵۵۰) | حج سبسڈی کی رعایت سے فائدہ اُٹھانا | ۳۶۶ |
| (۵۵۱) | حکومتی سبسڈی سے فائدہ اٹھا کر حج کرنا | ۳۶۷ |
| (۵۵۲) | اہل اقتدار کے سودی معاملات کے باوجود حج سبسڈی سے فائدہ اُٹھانا جائز ہے | ۳۶۷ |
| (۵۵۳) | ٹریول ایجنسی کا اپنے ایجنٹ کو فری حج پر بھیجنا | ۳۶۹ |
| (۵۵۴) | کم پیسوں میں حج کرنے کی نیت سے خدام الحجاج کی معیت میں حج کرنا | ۳۷۰ |
| (۵۵۵) | سرکاری روپیہ سے حج | ۳۷۱ |
| (۵۵۶) | سرکاری ملازم کا دورہ پر حج ادا کرنا | ۳۷۱ |
| (۵۵۷) | مشترکہ تجارت میں حج کس پر ہے | ۳۷۲ |
| (۵۵۸) | قرضدار بغیر قرض ادا کئے حج کو جاسکتا ہے، یا نہیں | ۳۷۳ |
| (۵۵۹) | جس روپیہ سے زکوۃ نہیں نکالی ہو، اس روپیہ سے اور قرض روپیہ سے حج کرنا | ۳۷۴ |
| (۵۶۰) | اولاد اداء قرض کا وعدہ کرے تو مدیون باپ کو حج پر جانا جائز ہے | ۳۷۴ |
| (۵۶۱) | قرضۂ فرم کیا مانعِ حج ہے | ۳۷۵ |
| (۵۶۲) | وسعت کے بعد مقروض ہوجانے سے حج کا حکم | ۳۷۵ |
| (۵۶۳) | زکوۃ کے روپے سے حج درست ہے، یا نہیں | ۳۷۶ |
| (۵۶۴) | جو شخص زکوۃ نہ نکالے، اس کا حج کے لیے جانا کیسا ہے | ۳۷۷ |
| (۵۶۵) | اس کی کیا اصل ہے کہ ہندو سے روپیہ قرض لے کر حج کرنا بہتر ہے | ۳۷۷ |
| (۵۶۶) | کافر کے روپیہ سے حج کرنا | ۳۷۷ |
| (۵۶۷) | زرعی زمینیں ہوں؛ مگر روپیہ نہ ہو تو ہندو سے سو روپیہ لے کر اس کا حج کرنا جائز ہے، یا نہیں | ۳۷۸ |
| (۵۶۸) | والدہ کے روپیہ سے حج | ۳۷۹ |
| (۵۶۹) | جو باپ کے مال سے حج کر چکا ہو کیا، اس پر دوبارہ حج فرض ہے | ۳۸۰ |
| (۵۷۰) | والدین کی جائیداد سے ملے ہوئے حصہ کو فروخت کر کے حج کرنا | ۳۸۰ |
| (۵۷۱) | جس کے پاس سات بیگھہ زمین ہو، اس پر حج فرض ہے، یا نہیں | ۳۸۰ |
| (۵۷۲) | صحرائی جائداد بیچ کر حج کو جانا ضروری ہے، یا نہیں | ۳۸۱ |
| (۵۷۳) | جائداد رہن کر کے حج کرنا کیسا ہے | ۳۸۲ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۵۷۴) | اگر کسی کے پاس مقدار فرضیت حج مال نہ ہو؛ مگر صاحب جائداد ہو اور جائداد فروخت کر کے حج کر سکتا ہو تو اس پر حج فرض ہے، یا نہیں | ۳۸۲ |
| (۵۷۵) | ایضاً | ۳۸۳ |
| (۵۷۶) | دکان بیچ کر حج کرنا | ۳۸۳ |
| (۵۷۷) | فریضۂ حج کی ادائیگی میں تاخیر جائز ہے، یا نہیں | ۳۸۴ |
| (۵۷۸) | حج فرض ہونے کے بعد کسی مصلحت سے اس میں تاخیر جائز نہیں ہے | ۳۸۴ |
| (۵۷۹) | ملازمت ختم ہونے کے خوف سے حج میں تاخیر کرنا | ۳۸۵ |
| (۵۸۰) | معالج ضرر کے خیال سے حج سے روکے تو کیا کرے | ۳۸۶ |
| (۵۸۱) | حج واجب کی تاخیر سے گنہگار رہوگا، یا نہیں، اعلان ملوکیت ابن سعود کی وجہ سے حج کا التوا | ۳۸۷ |
| (۵۸۲) | مستطیع فوراً حج نہ کرے تو گنہ گار ہوگا، یا نہیں | ۳۸۸ |
| (۵۸۳) | خلافت میں جھگڑے کی وجہ سے حج چھوڑا نہ جائے | ۳۸۸ |
| (۵۸۴) | وجوب حج علی الفور اور حج واجب ہونے کے بعد رقم حوائج ضروریہ میں صرف کرنا جائز نہیں ہے | ۳۸۹ |
| (۵۸۵) | مکان نہ ہو تو مستطیع حج کرے، یا مکان بنوائے | ۳۹۰ |
| (۵۸۶) | تعمیر مکان سے حج فرض مقدم ہے | ۳۹۰ |
| (۵۸۷) | روپیہ حج کے لیے تھا، اس سے مکان بنالیا، کیا اب بھی حج فرض ہے | ۳۹۱ |
| (۵۸۸) | ایک شخص کے پاس چھ سو روپے ہیں تو وہ حج کرے، یا مکان بنوائے | ۳۹۲ |
| (۵۸۹) | مکان بنانے کی شدید ضرورت کے باوجود نفلی حج کرنا | ۳۹۲ |
| (۵۹۰) | مالدار نے بچہ کی شادی میں روپیہ خرچ کر دیا، پھر دولت جمع نہ ہوئی تو جمع کا کیا حکم ہے | ۳۹۳ |
| (۵۹۱) | لڑکی کی شادی مقدم ہے، یا حج | ۳۹۳ |
| (۵۹۲) | مالدار حج کرے، یا اولاد کی شادی: | ۳۹۴ |
| (۵۹۳) | تین سو پچاس روپے جس کے پاس ہوں، اس پر حج ہے، یا نہیں | ۳۹۴ |
| (۵۹۴) | پہلے شادی کرے، یا حج | ۳۹۵ |
| (۵۹۵) | حکم تقدیم بر پرورش ونکاح اولاد | ۳۹۵ |
| (۵۹۶) | دو بیویوں میں سے ایک بیوی کا نفقہ دیئے بغیر حج کو جانا کیسا ہے | ۳۹۶ |

| نمبرشمار | عناوین | صفحات |
| --- | --- | --- |
| (۵۹۷) | صاحب استطاعت ہونے پر پہلے کارخیر کرے، یا حج کرے | ۳۹۷ |
| (۵۹۸) | حج مقدم ہے، یا تعمیر مسجد | ۳۹۷ |
| (۵۹۹) | مالِ حرام سے حج | ۳۹۸ |
| (۶۰۰) | جائز وناجائز مخلوط مال سے حج | ۳۹۸ |
| (۶۰۱) | ناجائز آمدنی سے حج کرنا | ۴۰۰ |
| (۶۰۲) | حرام آمدنی والے کو بوقت حج اپنے گروپ میں شامل کرنا | ۴۰۱ |
| (۶۰۳) | حرام آمدنی والا اگر کہے کہ میں نے قرض لیا ہے، یا حلال آمدنی ہے تو اس کا قول معتبر ہے | ۴۰۱ |
| (۶۰۴) | مال حرام سے حج فرض ہوتا ہے، یا نہیں | ۴۰۲ |
| (۶۰۵) | زنا سے حاصل شدہ مال سے تجارت اور حج کرنا | ۴۰۲ |
| (۶۰۶) | غیر کی زمین پر غاصبانہ قبضہ رکھتے ہوئے حج کرنا | ۴۰۳ |
| (۶۰۷) | سود آمیزش والی رقم سے حج کرنا | ۴۰۴ |
| (۶۰۸) | بینک سے ملی ہوئی سودی رقم سے حج کو جانا جائز نہیں | ۴۰۴ |
| (۶۰۹) | سودی قرض سے کیے گئے کاروبار کی آمدنی سے حج کرنا | ۴۰۵ |
| (۶۱۰) | ایڈوکیٹ اور وکالت کی آمدنی سے حج کرنا اور اس آمدنی کا حکم | ۴۰۶ |
| (۶۱۱) | گورنمنٹ کی طرف سے اسکولوں کی تعمیر کے لیے دیئے گیے روپیوں سے حج کرنا | ۴۰۷ |
| (۶۱۲) | ناجائز روپے سے حج فرض ہوتا ہے، یا نہیں | ۴۰۸ |
| (۶۱۳) | مہر دین مقدم ہے، یا حج | ۴۰۸ |
| (۶۱۴) | مہر مؤجل مانع وجوب حج نہیں ہے | ۴۰۹ |
| (۶۱۵) | کیا مال ضائع ہونے سے حج ساقط ہو جائے گا | ۴۰۹ |
| (۶۱۶) | روپیہ ضائع ہونے سے فرضیتِ حج ساقط نہیں ہوتی | ۴۱۰ |
| (۶۱۷) | حج کے بعد مالی پوزیشن صفر ہونے کی حالت میں حج | ۴۱۱ |
| (۶۱۸) | غلط افواہ سے حج کی فرضیت ساقط نہیں ہوتی | ۴۱۱ |
| (۶۱۹) | بھیک مانگ کر حج کرنا کیسا ہے | ۴۱۱ |
| (۶۲۰) | کیا نابالغ سمجھ دار بچے پر حج فرض ہے | ۴۱۲ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۶۲۱) | بچے کو حج پر ساتھ لے جانے سے اس پر حج فرض ہو جاتا ہے | ۴۱۲ |
| (۶۲۲) | جس کے لڑکے مراہق ہوں، وہ حج کر سکتا ہے، یا نہیں | ۴۱۲ |


## خواتین سے متعلق حج کے احکام (۴۱۳-۴۵۲)


| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۶۲۳) | عورت پر حج کی فرضیت کا مسئلہ | ۴۱۳ |
| (۶۲۴) | حج کب فرض ہوتا ہے اور عورت بغیر محرم جا سکتی ہے، یا نہیں | ۴۱۳ |
| (۶۲۵) | شوہر نے جو روپیہ دیا، وہ بیوی کا ہے، حج کے لیے کافی ہے تو حج کرے | ۴۱۴ |
| (۶۲۶) | شوہر کا اپنے پیسہ سے بیوی کو حج کرانا | ۴۱۴ |
| (۶۲۷) | بیوی پر حج فرض ہے، یا شوہر پر | ۴۱۵ |
| (۶۲۸) | شوہر پر حج فرض ہونے سے عورت پر فرض نہیں ہوتا | ۴۱۵ |
| (۶۲۹) | خاوند کے مالدار ہونے سے بیوی پر حج فرض نہیں ہوتا | ۴۱۶ |
| (۶۳۰) | عورت شوہر کی اجازت کے بغیر حج کر سکتی ہے، یا نہیں | ۴۱۶ |
| (۶۳۱) | ضعیف العمر پر بھی بوقتِ استطاعت حج فرض ہے | ۴۱۷ |
| (۶۳۲) | بغیر محرم عورت کا حج کرنا کیسا ہے | ۴۱۸ |
| (۶۳۳) | عورت کا محرم کے بغیر حج | ۴۱۸ |
| (۶۳۴) | عورت کو بلا محرم سفر حج کرنا | ۴۱۹ |
| (۶۳۵) | محرم کے بغیر عورت کا حج پر جانا درست نہیں | ۴۲۰ |
| (۶۳۶) | بغیر محرم کے سفر حج | ۴۲۰ |
| (۶۳۷) | عورت بغیر محرم کے حج کرے گی تو حج بکراہت تحریمی ہوگا | ۴۲۱ |
| (۶۳۸) | سعودیہ ایئرپورٹ تک بلا محرم کے جا کر محرم کے ساتھ حج کرنا | ۴۲۲ |
| (۶۳۹) | بغیر محرم کے بڑھیا کو سفر حج کرنا | ۴۲۲ |
| (۶۴۰) | بوڑھی عورت کا بلا محرم کے حج کرنا | ۴۲۳ |
| (۶۴۱) | کیا بوڑھی عورت بغیر محرم کے حج کر سکتی ہے | ۴۲۳ |
| (۶۴۲) | غیر محرم کے ساتھ حج کرنا عورت کے لیے درست نہیں ہے | ۴۲۴ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۶۴۳) | بیوہ غیر مرد کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے، یانہیں | ۴۲۵ |
| (۶۴۴) | نامحرم کے ساتھ عورت کا حج کو جانا | ۴۲۵ |
| (۶۴۵) | عورت کے حج پر جانے کے لیے شوہر کی اجازت ضروری نہیں، البتہ محرم کا ساتھ ہونا ضروری ہے | ۴۲۶ |
| (۶۴۶) | عورت حج کے لیے غیر محرم کے ساتھ جانا چاہے تو شوہر روک سکتا ہے، یانہیں | ۴۲۶ |
| (۶۴۷) | کیا عورت ان عورتوں کے ساتھ حج کے لیے جاسکتی ہے، جو اپنے محرم کے ساتھ جارہی ہیں | ۴۲۷ |
| (۶۴۸) | لے پالک لڑکے اور محلّہ کی عورتوں کے ساتھ سفر حج پر جانا جائز نہیں | ۴۲۸ |
| (۶۴۹) | غیر محرم سے رشتہ داری جوڑ کر اس کے ساتھ حج کرنا | ۴۲۸ |
| (۶۵۰) | مجبوری میں نامحرم کے ساتھ حج کو جانا | ۴۲۹ |
| (۶۵۱) | عورت کا سفر حج کے لیے کسی کو اپنا دینی بھائی بنانا | ۴۳۰ |
| (۶۵۲) | انجان مرد کو بیوی کا محرم بنانا | ۴۳۱ |
| (۶۵۳) | والدہ کو چچا اور چچی کے ساتھ حج کو بھیجنا | ۴۳۱ |
| (۶۵۴) | والدہ کو اُن کے بہنوئی کے ساتھ حج پر بھیجنا | ۴۳۲ |
| (۶۵۵) | ممانی کے ساتھ حج کرنا | ۴۳۲ |
| (۶۵۶) | کیا بوڑھی عورت اپنے نندوئی کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے | ۴۳۳ |
| (۶۵۷) | ۶۰ رسالہ عورت کا پڑوسی غیر محرم کے ساتھ حج کو جانا | ۴۳۳ |
| (۶۵۸) | ساٹھ سال کی عورت کا جیٹھ کے لڑکے کے ساتھ حج کرنا | ۴۳۴ |
| (۶۵۹) | ۷۰ رسال کی بیوہ خاتون کا بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کرنا | ۴۳۴ |
| (۶۶۰) | کسی عورت کا دوسری عورتوں کے ساتھ حج کرنا | ۴۳۵ |
| (۶۶۱) | مالدار عورت کے ساتھ محرم نہ ہو تو حج فرض نہیں | ۴۳۷ |
| (۶۶۲) | عورت غیر محرم کے ساتھ ادا کرلیا تو فرض ساقط کے ساتھ ہوا، یانہیں | ۴۳۸ |
| (۶۶۳) | بیوہ عورت اپنے رشتہ داروں کے ساتھ حج میں جاسکتی ہے | ۴۳۸ |
| (۶۶۴) | عورت کے ساتھ حج میں محرم کا ضروری ہونا اور نہ ہونے پر وصیت آخری عمر میں کرنا: | ۴۳۸ |
| (۶۶۵) | رضاعی بھائی کے ساتھ حج | ۴۳۹ |
| (۶۶۶) | داماد کے ساتھ حج کا سفر | ۴۳۹ |

| نمبر شمار | عناوین | صفحات |
|---|---|---|
| (۶۶۷) | بغیر شوہر کی اجازت کے بھائی کے ساتھ حج کرنا | ۴۴۰ |
| (۶۶۸) | اپنے خسر کے ساتھ اپنی ہمشیرہ کا حج کو بھیجنا | ۴۴۱ |
| (۶۶۹) | کیا بہو خسر کے ساتھ حج کو جا سکتی ہے: | ۴۴۲ |
| (۶۷۰) | حقیقی خالہ کو حج میں ساتھ لے جانا | ۴۴۲ |
| (۶۷۱) | سردی کی وجہ سے سر میں کپڑا لپیٹنا | ۴۴۲ |
| (۶۷۲) | شوہر کی اجازت کے بغیر حج کو جانا، جب کہ نفقہ نہ دیتا ہو اور اس کے بھائی حضرات حج کو جاتے ہوں | ۴۴۳ |
| (۶۷۳) | بیوی کو حج کے لیے ساتھ لے جانا کب ضروری ہے | ۴۴۳ |
| (۶۷۴) | چھوٹی بیوی کو لے کر حج کرنا | ۴۴۴ |
| (۶۷۵) | عورت کا شوہر کے ساتھ حج پر جانے کو ضروری سمجھنا | ۴۴۴ |
| (۶۷۶) | بیوی سے کیا گیا حج کا وعدہ کیا شوہر کے حق میں مانع ہے | ۴۴۵ |
| (۶۷۷) | نافرمان بیوی کے ساتھ حج | ۴۴۵ |
| (۶۷۸) | والدین نے حج نہ کیا ہو تو کیا بیٹا اپنی بیوی کے ساتھ حج کو جا سکتا ہے | ۴۴۶ |
| (۶۷۹) | حج کو جاتے وقت والد، والدہ، بیوی کو کس کو ساتھ لے جائے | ۴۴۸ |
| (۶۸۰) | کیا اپنے حج کے لیے پہلے والد کو حج کرانا ضروری ہے: | ۴۴۸ |
| (۶۸۱) | جھوٹا اندراج کر کے حجِ ثانی کرنا | ۴۴۹ |
| (۶۸۲) | دروغ حلفی کر کے حجِ ثانی کرنا | ۴۴۹ |
| (۶۸۳) | غلط نام اور پتہ بتا کر حج پر جانا | ۴۵۰ |
| (۶۸۴) | غلط نام بتا کر حج کرنے سے حج ادا ہو جائے گا؛ مگر جھوٹ بولنے کا گناہ ہوگا | ۴۵۱ |
| (۶۸۵) | ہندوستانی کا پاکستانی پاسپورٹ سے حج کرنا | ۴۵۲ |
| (۶۸۶) | محرم کے بغیر حج کے لیے جانے کی کراہت میں عرب وعجم برابر ہیں | ۴۵۲ |
| (ہ) | اردو کتب فتاویٰ | ۴۵۳ |
| (و) | مصادر ومراجع | ۴۵۵ |


☆ ☆ ☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کلمة الشكر

الحمد لله الذى فرض الحج على عباده إلى بيته الحرام، ورتّب على ذلك جزيل الأجر ووافر الإنعام، فمن حج البيت فلم يرفث ولم يفسق خرج من ذنوبه كيوم ولدته أمه نقيًّا من الذنوب والآثام، أن محمدًا عبده ورسوله أفضل من صلّى وزكّى وحجّ وصام، صلّى الله عليه وعلى آله وصحبه والتابعين لهم بإحسان إلى يوم الدين وسلم تسليمًا.

الحمدللہ فتاوی علماء ہند کی بیسویں جلد تیار ہوگئی ہے ہمارے مفتیان کرام نے اسے دیکھ کر توثیق فرمادی ہے، اب ان شاءاللہ عنقریب طباعت کے لیے بھیجی جائے گی۔ اس جلد میں خصوصیت کے ساتھ حج کے مسائل ذکر کئے گئے ہیں۔

حج اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک رکن ہے۔ اسلام میں نماز وروزہ صرف بدنی عبادات ہیں، زکوٰۃ صرف مالی عبادت ہے، جب کہ حج وعمرہ، مالی وبدنی ہرقسم کی عبادات کا مجموعہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ البَيتِ مَنِ استَطَاعَ اِلَيهِ سَبِيلًا وَمَن كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ العٰلَمِينَ﴾

(لوگوں پر اللہ کا یہ حق (فرض) ہے کہ جو اس کے گھر (بیت اللہ) تک پہنچنے کی استطاعت رکھتے ہوں، وہ اس کا حج کریں اور جو کوئی اس کے حکم کی پیروی سے انکار کرے تو اللہ تعالیٰ تمام دنیا والوں سے بے نیاز ہے۔)

حدیث پاک میں ہے کہ جو شخص رضاء الٰہی کے لیے اس طرح حج کرتا ہے کہ اس میں کسی قسم کی فحش اور برائی کی بات نہ کرے اور کسی قسم کی معصیت اور گناہ میں مبتلا نہ ہو تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو کر لوٹے گا، جس طرح ماں کے پیٹ سے گناہوں سے پاک دنیا میں آیا تھا۔ (بخاری:۱۳۹۹)

اے میرے اللہ اس خدمت کو قبول فرما اور تمام معاونین کو بہترین جزائے خیر عطا فرما، اسے دونوں جہان کی کامیابی وکامرانی کا ذریعہ بنا اور اس میں جو کچھ بھی کمیاں اور کوتاہیاں رہ گئی ہیں، اپنے فضل وکرم سے معاف فرما۔

بندہ شمیم احمد

ناشر فتاویٰ علمائے ہند

یکم رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ — خادم منظمۃ السلام العالمیۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترمی ومکرمی جناب مولانا محمد اسامہ شمیم ندوی صاحب، زیدمجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا ارسال کردہ گراں قدر علمی تحفہ ''فتاویٰ علماء ہند'' (بعض جلدوں کا مجموعہ) (مرتبہ: مولانا انیس الرحمٰن قاسمی صاحب، چیرمین ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن، پٹنہ بہار) موصول ہوا، نوازش اور قدر افزائی کے لیے شکر گزار ہوں اور مرتب فتاویٰ موصوف کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اتنے بڑے علمی کام کا منصوبہ بنایا اور انتہائی سلیقہ کے ساتھ ان کو پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ آپ کی اطلاع کے مطابق اس کی آٹھ (۸) جلدیں اب تک شائع ہوچکی ہیں اور تقریباً کل دوسو (۲۰۰) جلدیں شائع ہونی ہیں، اللہ اکبر! یہ کام کسی یونیورسٹی، یا کسی عظیم ادارے کے کرنے کا ہے، جو آپ حضرات انجام دے رہے ہیں، آپ کے حوصلوں کو سلام! اللہ پاک آپ حضرات کو ہمت دیں اور مولانا موصوف کے قلم، صحت اور عمر میں اتنی برکت عطا فرمائیں کہ وہ اس عظیم کام کی تکمیل کریں اور ایک زمانہ ان کے علمی کارناموں سے فیضیاب ہو۔ آمین

اس سے قبل بھی بعض فقہی مجموعے شائع ہوئے اور ہو رہے ہیں، جن میں برصغیر کے معتبر فتاویٰ اور مسائل کو موضوعاتی طور پر جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے، جناب مولانا محمد رفعت قاسمی صاحب کا مجموعہ مسائل اس کی ایک مثال ہے، جس کو ہندوپاک میں بڑی مقبولیت حاصل ہوئی، ہر چھوٹی بڑی لائبریری میں اس کا کوئی نہ کوئی حصہ ضرور مل جاتا ہے، وغیرہ۔

لیکن حضرت مولانا انیس الرحمٰن قاسمی صاحب کا کام اس قسم کے پچھلے تمام کاموں کو محیط اور ان سے زیادہ وقیع، جامع اور معیار کے لحاظ سے بلند ہے، یہ فتاویٰ اور مسائل کا مجموعہ بھی ہے اور علمی تحقیقات اور نادر معلومات کا مرقع بھی، مرتب موصوف کسی بات کو اس وقت تک بند نہیں کرتے، جب تک کہ اس سے متعلق جملہ میسر جزئیات وتفصیلات جمع نہیں ہوجاتیں، ان کے علاوہ ہر مسئلہ پر ان کے حواشی اور تعلیقات نے اس کتاب کو اور بھی زیادہ بامعنی اور اہم بنادیا ہے۔ میرے سامنے اس مجموعہ کی تین جلدیں (۴، ۵، ۶) ہیں، جو کتاب الصلوٰۃ سے متعلق ہیں، جن میں نماز کی اہمیت ومشروعیت، ترک نماز کے نقصانات، اذان واقامت، قبلہ، اوقات نماز، شرائط نماز اور نیت وغیرہ سے مربوط تقریباً تمام ہی جزئیات ومسائل موجود ہیں، جو تقریباً دوصدیوں سے شائع ہونے والی تقریباً تینتالیس (۴۳) اردو کتب فتاویٰ میں بکھرے ہوئے ہیں، یہ مولانا موصوف کا اتنا بڑا علمی کارنامہ ہے، جس کے لیے علمی دنیا صدیوں ان کی ممنون رہے گی، ان شاءاللہ میرا خیال ہے کہ اس کتاب کے مکمل ہونے کے بعد تنہا یہ کتاب تمام کتابوں کی طرف سے کافی ہوجائے گی اور عام حالات میں کسی دوسری کتاب کی طرف مراجعت کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔

اس طرح کے مجموعوں کی ضرورت خاص طور پر اس وقت محسوس ہوتی ہے، جب کسی مسئلہ میں علماء کے فتاویٰ کے درمیان اختلاف ہو، ایسے موقعہ پر اگر قاری کے سامنے تمام فتاویٰ موجود نہ ہوں تو صحیح نتیجہ تک پہونچنے میں وہ غلطی کرسکتا ہے، اس لحاظ سے محققین اور باب اختصاص کے لیے بھی یہ ایک قیمتی تیز ہوگی۔ (ان شاءاللہ)

میں اسی کے ساتھ منظمۃ السلام العالمیہ ممبئی کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں، جس نے اتنے بڑے علمی پروجیکٹ کی اشاعت کا بوجھ اٹھایا اور اہل علم تک مفت میں پہونچانے کی ہمت مجتمع کی۔ آپ کی خدمات بھی قابل قدر ہیں کہ آپ کی صلاحیت اور دلچسپیوں نے اس کام کو آگے بڑھانے میں مدد پہونچائی۔ اللہ پاک آسانیاں پیدا فرمائے اور خصوصی قبولیت سے سرفراز کرے۔ آمین

اختر امام عادل قاسمی

خادم جامعہ ربانی منورواشریف، سمستی پور (بہار)

۱۲؍ربیع الاول ۱۴۴۱ھ، مطابق ۱۰؍نومبر ۲۰۱۹ء

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ الذی علم بالقلم، علم الإنسان مالم یعلم، والصلاۃ والسلام علی رسولہ الأکرم

وعلی آلہ وصحبہ ومن تبعہ من الأمم، وبعد!

﴿وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ﴾(سورة التوبة:122)

(اور مسلمانوں کو یہ نہ چاہیے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں، سوایسا کیوں نہ کیا جائے کہ ان کی ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت جایا کرے؛ تاکہ باقیماندہ لوگ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے رہیں اور قوم کو جب کہ وہ ان کے پاس آئیں تو ڈرائیں؛ تاکہ وہ محتاط رہیں۔(ترجمہ تھانوی)

فقہ حنفی، فقہ شافعی، فقہ حنبلی اور فقہ مالکی دراصل شریعت محمدی کی وہ عظیم الشان نہریں ہیں، جن کی اساس اور بنیاد خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات ہے اور پوری دنیا کا مسلمان ان ہی چار نہروں سے سیراب وفیضیاب ہورہا ہے۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے ذریعہ جو اسلامی قانون مدون ہوا، ہم اسی کو اپنی عملی زندگیوں میں لاتے ہیں اور فقہ حنفی پر عمل پیرا ہونے کی وجہ سے حنفی کہلاتے ہیں؛ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم دیگر مسالک کو ہدف تنقید بنائیں، جس طرح اسلام راہ اعتدال ہے، اسی طرح ہماری فقہ بھی راہ عدل واعتدال ہے۔

فقہ کے ماخذ ومراجع پر مستقل کتابیں موجود ہیں، اہل علم کو ان کا مطالعہ کرنا چاہیے، اسی طرح فقہی مسائل کو مرتب اور مدون کرنے کا عمل خیر القرون سے جاری ہے اور مختلف موسوعات فقہیہ برائے مطالعہ واستفادہ ہمارے درمیان موجود ہیں اور ان شاء اللہ تا قیامت یہ سلسلہ جاری وساری رہے گا۔ فقہی مجموعوں کی اشاعت لائق تحسین وستائش عمل ہے، یہ کام اصحاب خیر اور صاحبان باتوفیق ہی کرسکتے ہیں، مختلف ادارے بھی اس سلسلہ میں پیش پیش رہے، ان کی علمی کاوشیں اور عملی سرگرمیاں بھی قابل قدر ہیں۔

مدتوں پہلے حضرت مولانا مفتی مہربان علی شاہ بڑوتویؒ (خلیفہ مجاز فقیہ الاسلام حضرت مولانا مفتی مظفر حسین، ناظم ومتولی مظاہر علوم (وقف) سہارنپور نے فقہ حنفی کے مستند مجموعوں کو از سر نو مرتب کرکے اشاعت کا کام شروع کیا تھا؛ لیکن مفتی صاحبؒ عین شباب میں مولائے حقیقی سے جاملے اور یہ کام رک گیا۔ اب حضرت مولانا مفتی انیس الرحمٰن قاسمی اور محترم مولانا محمد اسامہ شمیم ندوی کی دلچسپیوں اور تحقیق انیق سے فتاویٰ علماء ہند کے نام سے علماء ہند کے فتاویٰ کو اعلیٰ معیار اور عمدہ اسلوب وتحقیق سے شائع کرنے کا سلسلہ شروع فرمایا ہے اور الحمد للہ آٹھ جلدیں منصۂ شہود پر جلوہ فگن ہوکر علمی دنیا سے داد تحسین اور صاحبان علم سے خراج آفریں حاصل کررہے ہیں۔

یہ کام چوں کہ بڑے پیمانے پر عمل میں آرہا ہے؛ اس لیے آٹھ جلدوں پر مشتمل اس مجموعہ میں اب تک صرف کتاب الطہارت اور کتاب الصلوٰۃ ہی پر کام ہوا ہے، اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ان شاہین صفت جیالوں کی پرواز کتنی بلند اور ان علماء کرام کی خدمات کتنی عظیم ومستقیم ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی تردد نہیں ہے کہ علمی ذخیرہ باصلاحیت علماء کی شاندار صلاحیتوں کا بہترین مظہر ہے، اللہ نے چاہا تو یہ مجموعہ سیکڑوں جلدوں پر مشتمل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس فتاویٰ کے فیض کو عام وتام فرمائے۔ ناشرین، محققین، مستفدین اور خود صاحب فتاویٰ کے ترقی درجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین یارب العالمین

العبد محمد سعیدی

ناظم ومتولی مظاہر علوم (وقف) سہارنپور

۲۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۱ھ

باسمہ تعالیٰ

محترم المقام جناب حضرت مولانا محمد اسامہ شمیم ندوی صاحب، زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کرمزاج گرامی بعافیت ہو!

آنجناب کی طرف سے جناب محمد زبیر ماسنہ صاحب کی وساطت سے فتاویٰ علماء ہند کی ۸؍جلدیں موصول ہوئی۔ بے حد ممنون اور شکر گزار ہیں کہ آپ نے اس گراں قدر تحفہ کے لیے ملابی وسطی افریقہ کے بڑے دینی اور تربیتی ادارہ بلال دارالعلوم کی لائبریری کا انتخاب فرمایا، یقیناً یہ بہت بڑی کاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے قبولیت ومقبولیت سے نوازے۔ آمین

بلال دارالعلوم کے مفتیان کرام، طلباء اور علماء اس عظیم فتاویٰ سے استفادہ کریں گے اور امید رکھتے ہیں کہ جیسے ہی باقی جلدیں چھپتی رہیں، ان سے بھی نوازتے رہیں گے۔ (واجرکم علی اللہ)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ عظیم منصوبہ جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچے اور عوام وخواص اس سے مستفید ہوں۔ آمین

والسلام

محمد خورشید

خادم الطلبہ

بلال دارالعلوم، لمبی، ملاوی، وسطی افریقہ

۲۰۱۹/۱۲/۵ء

# پیش لفظ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ الذی فرض الحج والعمرة علی المستطیع مرة فی العمر ووقت الحج باشھر معلومات والعمرة بدون توقیت وأشھد أن محمداً عبده ورسوله، صلی اللّٰہ وسلم علیه وعلی آله وصحبه أجمعین ومن تبعھم واقتفی أثرھم إلی یوم الدین وسلم تسلیماً کثیراً.

حج اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک ہے جن پر اسلام کی بنیاد ہے۔ حج کی فرضیت قرآن کریم، حدیث شریف اور اجماع امت سے ایسے ہی ثابت ہے، جیسا کہ نماز، روزہ اور زکاۃ کی فرضیت ثابت ہے؛ اس لیے جو شخص حج کی فرضیت کا انکار کرے، وہ کافر ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ﴿وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ﴾ (سورہ آل عمران: ۹۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پانچوں ارکان کو ایک حدیث شریف میں بیان فرمایا ہے۔ "بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ". (البخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں: "سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "إِيمَانٌ. بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ" قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: "جِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ" قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: حَجٌّ مَبْرُورٌ". (البخاری)

رب ذوالجلال کے لاکھوں فضل وانعامات ہیں، جن کا احاطہ ممکن نہیں، محض اپنے لطف وکرم سے اس نااہل سراپا جہل ونابلد کو فتاویٰ علمائے ہند کی بیسویں جلد کی تکمیل کی توفیق مرحمت فرمائی۔ اس جلد میں نفل روزوں، اعتکاف اور حج کے احکام ومسائل کا بیان خصوصیت کے ساتھ آیا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ ہر مسئلہ قران وحدیث کے نصوص اور فقہی جزئیات کی عربی عبارات سے مدلل کیا جائے، ان شاء اللہ اس کتاب کے ذریعہ اہل علم اور طالبانِ علمِ دین کو فائدہ پہنچے گا۔ حتی الوسع اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ہر مسئلہ دلائل وشواہد کے ذریعہ ناظرین کی خدمت میں پیش ہوجائے۔ فتاویٰ کے سوال وجواب کو بعینہ ذکر کیا گیا ہے ساتھ ہی تمام فتاویٰ میں اصل کتاب کے حوالہ کو بھی درج کیا گیا ہے اور حاشیہ میں دیگر مفتی بہ مسائل کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ حواشی میں فقہی عبارتوں کے علاوہ آیات قرآنی، احادیث نبوی، صحابہ وتابعین کے اقوال وآثار کو اہتمام کے ساتھ ذکر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ فتاویٰ اور بھی زیادہ مدلل ہوگئے ہیں۔ اللہ تعالی کا احسان ہے کہ فتاوی علمائے ہند کا یہ سلسلہ اہل علم میں خوب مقبول ہورہا ہے لیکن بہرصورت یہ ایک بشری کاوش ہے جس میں خطاوثواب کا امکان ہے چنانچہ اہل علم سے گزارش ہے کہ متنبہ فرماتے رہیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ازالہ ممکن ہوسکے۔

الحمد للہ اس طرح ہمارے اکابرین کا یہ علمی وفقہی سرمایہ منظمہ السلام العالمیہ کے زیر اہتمام بندہ کی نگرانی میں اور حضرت مولانا انیس الرحمٰن قاسمی صاحب کے زیر سرپرستی علمائے ہند کی ایک بڑی جماعت ملک وبیرون ملک کے مختلف مقامات پر اپنی خدمات انجام دے رہی ہے کہیں جمع وترتیب کا سلسلہ ہے تو کہیں تحقیق ونظر ثانی پر کام ہورہا ہے، اس کے بعد ملک کے مشاہیر مفتیان کرام کی نگاہوں سے اس مجموعہ کو گزار کر اس کی توثیق کرائی جاتی ہے تاکہ یہ مجموعہ موثق ہوکر مؤید من اللہ ہوجائے، پھر طباعت کے بعد پورے عالم کے تمام اہم دینی اداروں میں ہدیۃً لوجہ اللہ ارسال کرنے کی ترتیب بنائی جاتی ہے، میں شکر گزار ہوں علماء ومفتیان کرام کا جنہوں نے میری گزارش پر اپنے تاثرات تحریر فرمائے ہمت افزائی فرمائی اور دعائیں دی، اللہ تعالی ہمارے بزرگوں کی دعاؤں اور مفتیان کرام کی محنتوں کو قبول فرمائے اور اسے دونوں جہان کی کامیابی کا ذریعہ بنائے۔

بندہ محمد اسامہ شمیم الندوی

رئیس المجلس العالمی للفقہ الاسلامی ممبئی الھند

۵ / رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ، ۲۸ / اپریل ۲۰۲۰ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ابتدائیة

**الحمد لله حمدًا طيبًا كثيرًا مباركًا فيه كما يحب ربنا ويرضاه، والصلاة والسلام على نبينا محمد، وعلى آله وصحبه ومن اتبع سنته واهتدى بهداه، وبعد:**

روزہ ایک عظیم عبادت ہے،اس کی شریعت میں بڑی فضیلت آئی ہے؛لیکن کوئی بھی عمل اس وقت تک صحیح نہیں ہوسکتا اور نہ ہی قبولیت کے مرتبے کو پہنچ سکتا ہے، جب تک کہ اس میں دو شرطیں نہ پائی جائیں:ایک اخلاص اور دوسری شرط سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مطابقت،لہٰذا تمام نیک اعمال کی طرح روزہ بھی ایک عظیم عمل ہے،اس میں بھی ہمیں علم ہونا چاہیے کہ کن ایام میں روزہ رکھنے کی فضیلت ہے،کن ایام اور کس طرح کے روزوں سے شریعت نے منع کیا ہے۔نفلی روزوں کے بارے میں بھی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے،نفلی روزے کا ثواب عظیم ہے اور اس سے روز قیامت فرائض میں پیداشدہ نقص کی بھرپائی بھی کی جائے گی۔ ہر ایک دن چھوڑ کر ایک دن روزہ رکھنا یہ افضل ترین نفلی روزے ہیں،حضرت داؤد علیہ السلام رکھا کرتے تھے؛اس لیے اسے''صوم داؤد'' کہا گیا ہے۔روزہ رکھنے سے قبل سحری کھانا مستحب ہے اور احادیث میں اس کی بہت فضیلت وارد ہوئی ہے،حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''سحری کھایا کرو، کیوں کہ سحری کھانے میں برکت ہے۔''(متفق علیہ)نیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق سورج غروب ہوتے ہی روزہ افطار کرلینا چاہیے،افطار میں تاخیر کرنے کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر کے منافی اور دین کے غلبے کے خلاف قرار دیا ہے۔

حج اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک ہے۔حج کی فرضیت قرآن کریم،حدیث شریف اور اجماع امت سے ایسے ہی ثابت ہے،جیسا کہ نماز، روزہ اور زکوٰۃ کی فرضیت ثابت ہے؛اس لیے جو شخص حج کی فرضیت کا انکار کرے، وہ کافر ہے۔سفر حج ایک عاشقانہ سفر ہے؛اس لیے شوق ورغبت کے ساتھ مکمل اخلاص کے ساتھ حج کرنا چاہیے اور حج مبرور کی تمنا رکھنی چاہیے۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ کون سے اعمال اچھے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:''اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا''۔ پوچھا گیا: پھر کون؟ فرمایا:''اللہ کے راستے میں جہاد کرنا''۔پوچھا گیا: پھر کون؟ارشاد فرمایا:''حج مبرور''۔(بخاری)

اللہ تعالیٰ شانہ کا شکر ہے کہ اس نے''**فتاویٰ علماء ہند**'' کے روزہ اور حج کے مسائل سے متعلق''جلد-۲۰'' کی تکمیل کی توفیق مرحمت فرمائی، اس جلد میں زکوٰۃ کے سلسلے میں تملیک وحیلۂ تملیک، زکوٰۃ کے مصارف، عشر وخراج اور روزے سے متعلق مسائل کو شامل کیا ہے، سابقہ جلدوں کی طرح فتاویٰ علماء ہند کے اس حصہ (۲۰ رویں) میں فتاویٰ کے سوال وجواب کو من وعن نقل کرنے کے ساتھ ہر فتویٰ کے ساتھ اصل کتاب کے حوالہ کو بھی درج کردیا ہے اور حاشیہ میں دیگر مفتیٰ بہ مسائل کا اضافہ بھی کیا ہے۔امید ہے کہ علما، ائمہ، اہل مدارس اور اصحاب افتا خاص طور پر اس سے فائدہ اٹھائیں گے،حواشی میں فقہی عبارتوں کے علاوہ آیات قرآنی، احادیث نبوی، صحابہ وتابعین کے آثار واقوال کو ذکر کرنے کا اہتمام کیا ہے، جس کی وجہ سے یہ فتاویٰ مدلل بھی ہوگئے ہیں۔

میں اس موقع سے ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن کے ارکان ومعاونین کا شکر گزار ہوں، جو ۲۰۰۸ء سے اس خدمت میں مصروف ہیں اور جن کی توجہ سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہونچ رہا ہے، اللہ ان تمام معاونین ومخلصین کی اس سعی جمیل کو قبول فرمائے اور میرے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔(آمین)

(انیس الرحمٰن قاسمی)
چیرمین ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن، پھلواری شریف، پٹنہ

۲۴/اپریل ۲۰۲۰ء، مطابق یکم رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ

# نفل ونذر کے روزوں کا بیان

## رمضان کے روزوں کے بعد کون سے روزے افضل ہیں:

سوال: بعد روزۂ رمضان کے زیادہ ثواب والے کون کون سے روزے ہیں؟ اور بعد فرائض وسنن کون سے نوافل زیادہ ثواب والے ہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

حدیث صحیح مسلم میں ہے:

**عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أفضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرّم وأفضل الصلوٰة بعد الفريضة صلاة الليل.** (رواه مسلم)(۱) فقط

(یعنی رمضان کے روزوں کے بعد محرم کے روزوں کا درجہ ہے اور فرض نمازوں کے بعد رات کی نفل نمازوں کا۔)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۴۹۹/۶)

## رمضان المبارک کے علاوہ روزے:

سوال: رمضان المبارک کے علاوہ کن دنوں کے روزے رکھنا واجب ہے؟ اور کیا ان روزوں کے سحر وافطار کی نیت اور رمضان کے روزوں میں کچھ فرق ہے؟　　(فیروز خاں، پھولانگ، نظام آباد)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

رمضان المبارک کے روزے کے سوا کوئی اور روزہ فرض نہیں اور نہ کوئی اور روزہ مستقل طور پر واجب ہے، البتہ اگر روزہ کی نذر مان لی جائے تو وہ واجب ہوجائے گا، اسی طرح بعض غلطیوں کے کفارہ کے طور پر روزہ رکھنا واجب ہوتا ہے، رمضان المبارک کے روزوں کی نیت صبح میں بھی کی جاسکتی ہے؛ لیکن ان روزوں کی نیت رات ہی میں کرلینا واجب ہے، (۲) رمضان المبارک میں روزہ رکھ کر بلا عذر توڑ دیا جائے تو کفارۃ واجب ہے، دوسرے روزے بھی بلا عذر شروع کرنے کے بعد نہیں توڑنا چاہیے؛ لیکن توڑ دے تو کفارہ واجب نہیں، البتہ سحر و افطار کے لیے نیت ضروری نہیں، نہ رمضان المبارک میں، نہ دوسرے روزوں میں، باقی احکام تمام روزوں کے قریب قریب یکساں ہیں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۴۴۵/۳)

---

(۱) مشكاة المصابيح، كتاب الصوم، باب صيام التطوع، الفصل الأول، ص: ۱۷۸، مكتبة قديمي كتب خانة، انيس

(۲) فلايجوز إلا بنية من الليل. (الهداية، كتاب الصوم: ۱۹۳/۱)

## سال بھر روزے رکھنا کیسا ہے:

سوال: عیدالاضحیٰ وعیدالفطر کا روزہ افطار کر کے باقی تمام سال؛ یعنی بارہ ماہ روزہ رکھنا، ایک قضا نہ کرنا درست ہے، یا نہیں؟

الجواب

سال بھر میں پانچ روزے رکھنا ممنوع ہے، عیدالفطر، عیدالاضحیٰ اور تین دن ایام تشریق کے۔(۱) باقی تمام برس روزے رکھنا درست ہے، لیکن یہ اچھا نہیں ہے کہ ہمیشہ روزے رکھے؛ کیوں کہ حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روزے بھی رکھتے تھے اور افطار کرتے تھے، پس ایسا ہی کرنا موافق سنت کے ہے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۴۹۷)

## ہمیشہ روزہ رکھنا:

سوال: ایک شخص ہمیشہ روزہ رکھتا ہے۔ جائز ہے، یا نہیں اور اس کو ہمیشہ رکھنے کا ثواب ہوگا، یا نہیں؟

(الٰہ بخش، محلّہ بازداران، سہارنپور)

الجواب　　　حامداً ومصلیاً

ہمیشہ روزہ رکھنا اس طرح کہ ایام منہیہ میں بھی روزہ رکھے تو یہ مکروہ تحریمی ہے۔(۲) اگر ایام منہیہ میں روزہ نہ رکھے اور تمام سال روزہ رکھے تو اس میں اختلاف ہے، بعض نے اس کو مکروہ کہا ہے، کیوں کہ یہ عادت ہو جاتی ہے عبادت نہیں رہتی، یا اس سے ضعف زیادہ ہو جاتا ہے۔ (کما فی مراقی الفلاح، ص: ۳۷۴)(۳) بعض نے کہا ہے کہ اس میں کچھ حرج نہیں اور یہی مختار ہے، لہٰذا ثواب ہوگا۔ (کذا فی الفتاوٰی الهندية: ۱/۱۹۹)(۴)

---

(۱) والمكروه تحريماً كالعيدين وتنزيهاً كعاشوراء ... وصوم دهر. (الدر المختار على هامش ردالمحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۳۶-۳۳۷، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

عن أبي قتادة رضي الله عنه أن رجلاً أتي النبي صلى الله عليه وسلم فقال: كيف تصوم فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال عمر يارسول الله صلى الله عليه وسلم كيف من يصوم الدهر كله قال لاصام ولا أفطر أوقال لم يصم ولم يفطر، إلخ. (مشكاة المصابيح، باب صيام التطوع، ص: ۱۷۹، ظفير)

(۲) ويكره صوم يوم العيدين وأيام التشريق، وإن صام فيها كان صائماً عندنا. (الفتاوى الهندية، الباب الثالث فيما يكره للصائم وما لا يكره: ۱/۲۰۱، رشيدية)

ويكره أن يصوم يومين لايفطر بينهما وكذا صوم الوصال وهو أن يصوم السنة ولايفطر في الأيام المنهية. (فتاوىٰ قاضي خان، الفصل الرابع فيما يكره للصائم وما لا يكره: ۱/۲۰۵، رشيدية)

(۳) وكره صوم الدهر؛ لأنه يضعفه أو يصير طبعا له، ومبنى العبادة على مخالفة العادة. (مراقي الفلاح علىٰ نور الايضاح، ص: ٦٤١، فصل في صفة الصوم، قديمي)

(۴) ويكره صوم الوصال وهوأن يصوم السنة كلها، ولا يفطر في الأيام المنهي عنها، وإذا أفطر في الأيام المنهية المختار أنه لا بأساً ... والأفضل أن يصوم يوماً ويفطر يوماً. (الفتاوىٰ الهندية، الباب الثالث فيما يكره للصائم: ۱/۲۰۱، رشيدية)

صوم داؤد علیہ السلام افضل ہے، وہ یہ کہ ایک دن روزہ رکھے، دوسرے دن افطار کرے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم
حررہ العبد محمود غفرلہ، ۱۰/۱/۴/۱۳۵۴ھ۔ صحیح: عبداللطیف، ۱۳/محرم ۱۳۵۴ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۹۵-۱۹۶)

## عید کے دن روزہ حرام ہے:

سوال: عید کے روز روزہ حرام ہے، یا نہیں؟ اور جس کو عید ہونا معلوم نہ ہوا اور اس نے روزہ رکھا تو صحیح ہے، یا نہ؟ اور اگر شخص مذکور بلا عذر شرعی روزہ افطار کرلے تو قضا، یا کفارہ واجب ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

جس کو عید ہونا معلوم ہوا اور ثبوتِ عید اس کے نزدیک نہ ہوا ہوا اور حکم عید بطریق موجب اس کے نزدیک ثابت نہ ہوا ہو تو اس کو روزہ رکھنے میں گناہ نہ ہوگا اور اس کے حق میں حرمت نہ ہوگی، اگرچہ درحقیقت وہ روزہ نہیں ہوا؛ کیوں کہ عید الفطر کا دن روزہ کا محل نہیں ہے اور جس نے باوجودیکہ عدم علم اس دن روزہ نہ رکھا اور افطار کیا اور بعد میں عید ہونا اس دن کا محقق ہوگیا تو قضا اس روزہ کی اور کفارہ اس پر لازم نہ ہوگا۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۴۹۵)

## بعد عصر نہ کھانے سے روزہ کا ثواب:

سوال: کچھ آدمی عصر ومغرب کے درمیان بالکل کھانا پینا بند کردیتے ہیں، حالاں کہ دنیا کے اور کام کرتے ہیں، یہ خیال کرتے ہیں کہ نفل روزہ کا ثواب ملے گا، یہ کہاں صحیح ہے اور اس کی کیا اصلیت ہے؟

الجواب　　حامداً ومصلیاً

یہ بالکل جہالت ہے، شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم
حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔
الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۰۳)

## فرض روزہ کی قضا باقی رہنے کی صورت میں نفل روزہ درست ہے، یا نہیں:

سوال: فرض روزہ جو قضا ہوگیا تھا، اس کو ادا کرنے کے قبل نفل روزہ رکھا تو جائز ہے، یا نہیں؟

---

(۱) عن عبد اللّٰہ بن عمرو ابن العاص رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ قال: قال لی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "یا عبد اللّٰہ! ... "قال: صم أفضل الصوم صوم داؤد صیام یوم وافطار یوم، واقرأ فی کل سبع لیال مرة، ولا تزد علی ذلک. (مشکاة المصابیح، کتاب الصوم، باب صیام التطوع، الفصل الأول، ص: ۱۷۹، قدیمی)

(۲) ھو أی الصوم إمساک من المفطرات حقیقة أو حکماً فی وقت مخصوص وھو الیوم، من شخص مخصوص مع النیة المعھودة. (الدر المختار) (قولہ: وھو الیوم): أی الیوم الشرعی من طلوع الفجر إلی الغروب. (رد المحتار، کتاب الصوم: ۲/۳۷۰-۳۷۱، سعید)

الجواب

جائز ہے، وہ روزہ نفل ہوجاوے گا۔(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۶/۴۹۸)

## فرض روزہ ذمہ میں رہتے ہوئے نفلی روزہ رکھنا:

سوال: ایک شخص جس کے ذمہ زکوۃ واجبہ، یا فرض روزہ باقی ہے، اس کے باوجود وہ عطیہ، یا نفلی روزہ رکھتا ہے تو اس کا یہ فعل درست ہے، یا نہیں؟ نیز اگر کسی نے ایسا کیا تو فرض میں وضع ہوگا، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً

عطیہ دینے سے ثواب ملے گا،(۲) نفلی روزہ سے بھی ثواب ملے گا؛(۳) لیکن فرض وواجب کی فکر نہ کرنا اور نفل میں مشغول ہونا ناسمجھی اور کم عقلی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۹)

## نفل روزے:

سوال: رمضان المبارک کا روزہ فرض ہے؛ لیکن محرم کے دو روزے، شب برأت کے دو روزے، عید الاضحیٰ کا روزہ اور دیگر روزوں کی حقیقت کیا ہے؟ (فیض احمد، کھوپولی، رائے گڈھ)

الجواب

آپ نے جن نفل روزوں کا ذکر کیا ہے، حدیث میں ان کا ذکر موجود ہے، نویں محرم اور یکم ذوالحجہ سے نو تاریخوں تک کے روزوں کا ذکر تو صحاح ستہ میں سے مختلف کتابوں میں صراحت وصحت کے ساتھ منقول ہے،(۴) البتہ ۱۵/شعبان کے روزوں کا ذکر صحاح ستہ میں نہیں ہے؛ لیکن بعض روایات اس سلسلہ میں بھی موجود ہے، حضرت علیؓ کی

---

(۱) ولذا جاز التطوع قبله (قبل قضاء رمضان) بخلاف قضاء الصلاة. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة: ۳/۴۰۵، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

(۲) عن سهل بن معاذ، عن أبيه، عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: ''من أعطى لله تعالىٰ، ومن لله تعالىٰ، وأحب لله تعالىٰ، وأبغض لله تعالىٰ، وأنكح لله تعالىٰ، فقد استكمل إيمانه''. (مسند الامام أحمد: ۴/۴۶۲، (رقم الحديث: ۱۵۹۰)، دار احياء التراث العربي بيروت)

(۳) عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: الصيام جنة فلا يرفث ولا يجهل فإن امرأ قاتله أو شاتمه فليقل: إني صائم مرتين ''والذى نفسي بيده! لخلوف فم الصائم أطيب عند الله من ريح المسك، يترك طعامه وشرابه وشهوته من أجلي، الصيام لي وأنا أجزي به، والحسنة بعشر أمثالها''. (صحيح البخاري، كتاب الصوم، باب فضل الصوم: ۱/۲۵۴، قديمي)

(۴) دیکھئے: الجامع للترمذي مع العرف الشذي: ۱/۱۵۲۵۴

ایک روایت میں ہے کہ پندرھویں شبِ شعبان میں نماز پڑھو اور دن میں روزہ رکھو، "قوموا لیلتها وصوموا یومها". (۱) البتہ پندرھویں شعبان کو دو دنوں کا روزہ نہیں ہے، ایک ہی دن کا روزہ ہے، دو روزوں کا حکم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص یوم عاشورا کے سلسلہ میں دیا تھا، اس دن یہود بھی روزہ رکھتے تھے، آپ کو جب اس کا علم ہوا تو ان کے تشبہ سے بچنے کے لیے دسویں محرم کے ساتھ ایک اور روزہ ملا کر رکھنے کا حکم دیا، (۲) فی زمانہ جب کہ یہود اس دن روزہ نہیں رکھتے، خیال ہوتا ہے کہ صرف ۱۰/ محرم کو بھی روزہ رکھ لیا جائے تو قباحت نہیں، ہاں! احتیاط دو روزے رکھنے میں ہے، یہ اور اس طرح کے حدیث سے ثابت دوسرے روزے نفل ہیں اور باعث ثواب۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۴۸)

## چند مخصوص تاریخوں کا روزہ:

سوال: لوگوں میں مشہور ہے کہ سال بھر میں پانچ روزے ایسے ہیں، جن کے رکھنے کا ثواب ایک ہزار برس کے روزوں کے برابر ہیں: (۱) ۲۷/ رجب کو، (۲) ۲۵/ ذی قعدہ کو، (۳) ۱۸/ ذی الحجہ کو، (۴) ۲۲/ محرم کو، (۵) ۱۲/ ربیع الاول کو۔ براہ کرم اگر ان روزوں کا ثبوت ہو، تب بھی، نہ ہو جب بھی نظام میں شائع فرمادیں؛ کیوں کہ اس مسئلہ میں ابوتراب کاکوریؒ کی ایک کتاب دیکھنے میں آئی ہے، انہوں نے بغیر حوالہ کے لکھا ہے، جس سے تشویش ہوتی ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

۲۷/ رجب، ۲۵/ ذی قعدہ، ۱۸/ ذی الحجہ، ۲۲/ محرم، ۱۲/ ربیع الاول، ان پانچ دن کے روزوں کے متعلق کوئی صحیح حدیث کتب حدیث میں مذکور نہیں، نہ فقہا نے ان ایام میں روزہ رکھنے کی فضیلت بیان کی ہے۔ عوام میں ۲۷/ رجب کے متعلق بہت بڑی فضیلت مشہور ہے؛ مگر وہ غلط ہے، اس فضیلت کا اعتقاد بھی غلط ہے، اس نیت سے روزہ رکھنا بھی غلط ہے "ما ثبت بالسنة"، وغیرہ میں اس کی تفصیل موجود ہے۔ (۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۰۱-۲۰۲)

## شوال کے چھ روزوں کا حکم:

سوال: ہمارے قصبہ کے ایک عالم دین شوال کے چھ روزوں کی اہمیت بتاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان کی تکمیل نہ کرنے پر رمضان کے روزے ادھر لٹک کر رہ جاتے ہیں اور جب تک ان چھ روزوں کی تکمیل نہیں ہو جاتی، ثواب نہیں ملتا؟

(سید خواجہ معین، سداسیو پیٹ)

---

(۱) کنز العمال: ۱۳/۲۶۹، لیلة النصف من شعبان، رقم الحدیث: ۱۴۸۳

(۲) کتاب الفقه: ۲/۵۵

(۳) ثم اعلم أنا لم نجد فی کتب الأحادیث لا اثباتاً ولا نفیاً ما اشتهر بینهم من تخصیص الخامس عشرین من رجب بالتعظیم والصلاة وتسمیة صوم الاستفتاح وتسمیته بمریم روزہ. (ما ثبت بالسنة، ص: ۷۷)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

شوال کے چھ روزے جائز، یا زیادہ سے زیادہ مستحب ہیں، نہ فرض ہیں اور نہ واجب؛ اس لیے یہ کہنا کہ روزۂ رمضان کا اجران روزوں پر موقوف رہتا ہے، درست نہیں، یا تو موصوف سے مغالطہ ہو گیا ہے، یا خود آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے، فضائل پر عمل کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ شریعت میں جس عمل کا جو درجہ ہو، اس کو اسی درجہ پر رکھا جائے، کسی عمل کے لیے جو اہمیت ثابت ہے، اگر اس کو اس سے زیادہ اہمیت دے دی جائے تو یہ بھی بدعت ہے۔

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۴۴)

## شوال کے چھ روزے مسلسل رکھے جائیں، یا متفرق:

سوال: درشوال شش روزہ متصل داشتن مکروہ است، یا نہ؟ شش روزہ متفرق دارد؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

**قال فی الدر المختار: (وندب تفریق صوم الست من شوال) ولا یکرہ التتابع علی المختار.** (۱)

یعنی است متفرق کردن شش روزہ شوال را وتتابع ہم مکروہ نیست علی القول المختار۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۴۸۹)

## شوال کے چھ روزے کب شروع کرے:

سوال: ماہ شوال میں جو چھ روزے نفلی رکھے جاتے ہیں، ان روزوں کی عید کے اگلے ہی روز سے شروع کر دے، یا کیا اگر عید سے اگلے روز شروع نہ کیا تو باقی مہینہ میں رکھے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

شوال کے چھ روزے شش عید کے نام سے مشہور ہیں۔ درمختار میں لکھا ہے کہ متفرق رکھنا ان کا بہتر اور مستحب ہے اور پے در پے رکھنا بھی مکروہ نہیں۔

**وندب تفریق صوم الست من شوال ولا یکرہ التتابع، الخ.** (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۴۹۱)

## عشرۂ ذی الحجہ میں روزہ:

سوال: ذوالحجہ کے مہینے میں کیا روزہ رہنا چاہئے؟ اگر رہنا چاہئے، تو کتنے اور کون کون سی تاریخ کو رہنا چاہئے؟

(محمد جہانگیر الدین طالب، باغ امجد الدولہ)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

یوں تو ذی الحجہ کے پہلے عشرہ میں دس ذی الحجہ کو چھوڑ کر بقیہ نو دنوں روزہ رکھنا باعث اجر ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ

(۱،۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار، کتاب الصوم، مطلب فی صوم الست من شوال: ۴۲۲/۳، مکتبة دیوبند، انیس

عنہ نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''عشرۂ ذی الحجہ سے بڑھ کر کسی دن کی عبادت اللہ تعالی کو محبوب نہیں، ان میں سے ہر دن کا روزہ ایک سال کے روزے کے برابر اور ہر شب کی عبادت شبِ قدر کی عبادت کی طرح ہے''۔(۱)

اس روایت پر محدثین نے کلام کیا ہے؛ لیکن اس مضمون کی اور روایتیں بھی ہیں، (۲) جن سے اس کو تقویت پہنچتی ہے، خاص طور پر یوم عرفہ یعنی ۹/ذی الحجہ کے روزہ کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ ''حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ یوم عرفہ کا روزہ گزشتہ اور آئندہ سال کے لیے کفارہ بن جائے گا''۔امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد اسے ''حسن'' یعنی مستند و معتبر قرار دیا ہے، (۳) چناں چہ اس کے مستحب ہونے پر تمام فقہا متفق ہیں۔(۴) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۴۶-۴۴۷)

## حکم صیام ایام بیض در ماہ ذی الحجہ:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ایام بیض کے روزے ۱۳، ۱۴، ۱۵/تاریخ رکھتا ہے؛ مگر اب بقرعید کی ۱۳/تاریخ کو چوں کہ روزہ حرام ہے، لہٰذا ۱۴، ۱۵، ۱۶/تاریخ رکھے، یا کیا کرے؟ مگر اس میں ایام بیض کا شمار ۱۳، ۱۴، ۱۵/فوت ہوتا ہے۔

الجواب

اس ماہ میں ایام بیض کے روزے نہیں ہو سکتے، بطور بدل کے خواہ ۱۶/کو رکھ لے، یا بعد میں رکھ لے، سب برابر ہیں۔

۶/ذی الحجہ ۱۳۳۱ھ (تتمہ ثانیہ، ص:۹۸) (امداد الفتاوی:۲/۱۰۲)

## عرفہ کا روزہ حاجی لوگ کیوں نہیں رکھتے:

سوال: ماہ ذی الحجہ میں عرفہ کے دن؛ یعنی نویں تاریخ کو روزہ رکھنے کا بہت ثواب ہے تو اس روز حاجی لوگ خاص عرفات میں روزہ کیوں نہیں رکھتے، اس کی وجہ کیا ہے؟

الجواب

سفر کی وجہ سے اور اس وجہ سے کہ روزہ رکھنے کے سبب سے کہیں افعال حج کے ادا کرنے میں ضعف کے باعث خلل واقع نہ ہونے لگے۔(۵) واللہ اعلم (یوں اگر حاجی کو عرفات کے فرائض کی ادائیگی میں خلل نہ ہو اور وہ کمزوری محسوس نہ کرے تو وہ بھی عرفہ کا روزہ رکھ سکتا ہے، جیسا کہ حاشیہ کی عبارت سے ظاہر ہے۔ ظفیر) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۶/۳۴۸)

---

(۱) الجامع للترمذي، رقم الحديث: ۷۵۸

(۲،۳) الجامع للترمذي، رقم الحديث: ۷۴۹، باب ماجاء فى فضل الصوم يوم عرفة

(۴) كتاب الفقه: ۱/۵۰۵

(۵) والمندوب كأيام البيض ... وعرفة ولو لحاج لم يضعفه. (الدر المختار) صفة لحاج أى إن كان لا يضعفه عن الوقوف بعرفات ولايحل بالدعوات محيط فلوأضعفه كره. (ردالمحتار: ۳/۳۳۶، مكتبة زكريا ديوبند، ظفير)

## حکم صوم یوم عرفہ للحاج:

سوال: صوم یوم عرفہ واقفین عرفہ کے واسطے جائز ہے، یا نہ؟ حدیث سے تو ثابت ہے کہ عرفہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے افطار کیا، کما فی الترمذی: "أفطر النبی صلی اللّٰه علیه وسلم بعرفة وأرسلت أم الفضل إلیه بلبن فشرب". (۱) اسی طرح اکثر حدیث اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ واقفین عرفہ کے لیے روزہ رکھنا اچھا نہیں، لیتقوی به الرجل علی الدعاء اور جو بعض اہل علم نے روزہ کو ان کے واسطے جائز رکھا۔ اس پر ہمارا عمل ہے۔ اس کی تحقیق تحریر کریں گے؟

**الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ**

صوم یوم عرفہ حاجی کے لیے اگر اندیشہ ضعف کا نہ ہو بلا کراہت مستحب ہے، اگر اندیشہ ضعف کا ہو، مکروہ ہے۔

**فی الدرالمختار فی الصیام المستحبة: وعرفة ولو لحاج لم یضعفه، آه.**

**(قوله لم یضعفه) صفة لحاج أی إن کان لایضعفه عن الوقوف بعرفات ولایخل بالدعوات محیط فلو اضعفه کره.** (ردالمحتار: ۸۳۰/۲) **واللّٰه أعلم**

**أقول: وعلیه یحمل أفطار رسول اللّٰه صلی علیه وسلم وتحریضه إلیه مطلقاً.**

۲۰ ذی الحجہ، روز جمعہ ۱۳۰۴ھ (امداد: ۱۸۲/۱) (امداد الفتاوی: ۱۰۰/۲)

## عرفہ کے دن روزہ رکھنا کیسا ہے:

سوال: بتاریخ ۹/ ذی الحجہ بروز عرفہ روزہ رکھنا کیسا ہے؟

**الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ**

مستحب ہے اور اس میں بہت ثواب ہے۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۳۴۶/۶)

## یوم عرفہ کا روزہ عرفات میں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین متین ومفتیان شرع سید المرسلین، اس مسئلہ میں کہ زید بلباس واعظ کسی شہر

---

(۱) عن ابن عباس أن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم أفطر بعرفة وأرسلت إلیه أم الفضل بلبن فشرب. (سنن الترمذی، باب کراهیة صوم یوم عرفة بعرفة، رقم الحدیث: ۷۵۰، انیس)

(۲) صیام یوم عرفة أحتسب علی اللّٰه أن یکفر السنة التی قبله و السنة التی بعده. (رواه مسلم) (مشکاة المصابیح، باب صیام التطوع، ص: ۱۷۹)

والمندوب کأیام البیض من کل شهر ... وعرفة ولو لحاج لم یضعفه. (الدرالمختار علی هامش رد المحتار، کتاب الصوم: ۱۱٤/۲، ظفیر)

میں تعلیم کرنے آیا اور عرفہ ذی الحجہ کے روزہ کو، مجمع عام جامع مسجد میں منع کیا اور نویں تاریخ کو علی العموم روزہ سے منع کیا، حالاں کہ صوم یوم التاسع کی بزرگی میں احادیث صحیحہ وارد ہوئی ہیں۔ فرمایا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے:

**"ما من أيّام أحبّ إلى اللّٰه تعالىٰ أن يتعبّد له فيها من عشر ذى الحجة،يعدل صيام كلّ يوم منها بصيام سنة،وقيام كلّ ليلة منها بقيام ليلة القدر". (۱)**

ابوداؤد سے روایت ہے:

**"قال:عليكم بصوم أيام العشروإكثارالدّعاء والاستغفاروالصّدقة فيها فإنّى سمعت رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم:الويل لمن حرم خيرأيام العشروعليكم بصوم يوم التاسع خاصة فإن فيه من الخيرات،أكثرمن أن يحصيه العادون". (۲)**

**وروى أنه عليه الصلاة والسلام قال:[صيام] يوم عرفة احتسب علىٰ اللّٰه تعالىٰ أن يكفرالسنة التى قبله والسنة التى بعده. (۳)**

ہاں! اگر زید مذکور یہ کہتا کہ یوم الثامن و یوم التاسع کا روزہ، بباعث عجز ادائے افعال حج مقام عرفات میں مکروہ ہے، جیسا کہ قاضی خان نے اپنے فتاویٰ میں تحریر کیا ہے۔ عبارت فتاویٰ کی یہ ہے:

**"ولابأس بصوم يوم عرفة،سواء كان فى الحضرأوفى السفر،إذاكان يقوى عليه ويكره صوم يوم عرفة وكذا يوم التروية لأنه يعجزه عن أداء أفعال الحج". (۴)**

## الجواب

فضائل صوم یوم عرفہ کے احادیث میں وارد ہیں اور تمام امت اس کے استحباب کی مقر ہیں، کسی کو اس میں خلاف نہیں۔ مسلم نے اپنی سنن میں روایت کیا ہے:

---

(۱) الجامع للترمذى ،كتاب الصوم،باب ماجاء فى العمل،ت:محمد فواد عبدالباقى.التحفة: ۵۲، رقم الحديث:۷۵۸، ص: ۱۳۱، ج:۳[دارالكتب العلمية،بيروت]وابن ماجة،كتاب الصيام،باب صيام العشر.ج: ۲/ص: ۶۲۰_۶۲۱،الحديث:۱۷۲۸،وقال الترمذى:إسناده ضعيف.

[نیز دیکھئے: مشكاة المصابيح:كتاب الصلاة باب فى الأضحية،الفصل الثانى،ص:۱۲۸، ج:۱[عكس أصح المطابع، رشيدية،دهلى: ۱۳۷۰ھ/۱۹۵۵ء] مشكٰوة.كتاب الصلة،باب فى الأضحية ت:رمضان بن أحمد بن على رقم الحديث: ۱۴۷۱،ص:۵۸۸، ج: ۱(نور)

(۲) رواه أبوداؤد۔ یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ راقم سطور کو نہیں ملی۔[نور]

(۳) الصحيح لمسلم،كتاب الصوم: ۱/۳۶۷۔(مطبع مجتبائی دہلی:۱۳۱۹ھ)

نیز كتاب الصيام،باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهروصوم يوم عرفة،ت:أبوقتيبه نظر محمد الفاريابى،رقم الحديث:۱۱۶۲،ص:۵۱۸،ج:۱[دارطيبه ،رياض:۱۴۲۷ھ]

(۴) فتاوىٰ قاضى خان.كتاب الصوم (فصل فيما يكره للصائم ومالايكره: ۹۹/۱،مطبع مصطفائى كانپور، لكهنؤ:۱۳۱۰ھ) [نور]

وسئل عن صوم يوم عرفة،فقال يكفر السنة الماضية والباقية.(الحديث)(۱)

اوردوسری حدیث مسلم میں ہے:

"صيام يوم عرفة أحتسب علىٰ الله أن يكفر السنة التى قبله والسنة التى بعده".(الحديث)(۲)

پس جوشخص اس صوم کومکروہ بتاتا ہے، وہ ناواقف وجاہل حدیث سے ہے۔ہاں!عرفات پرروزہ مکروہ تنزیہی ہے؛ اس لیے کہ ذکر وتلبیہ وہاں کا ذکر مسنون ہے،اس میں سبب روزہ کے کوتاہی ہوجاوے گی،ورنہ اگروہاں کسی نے روزہ رکھ لیا تو ثواب ملتا ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(مجموعہ کلاں،ص:۱۳۷،۱۳۸،۱۴۱)(باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ:ص۲۱۱-۲۱۳)☆

## دس ذوالحجہ کوروزہ رکھنا:

سوال: عرفہ کے دن روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت آئی ہےاوردہلی میں عرفہ دوشنبہ کا ہےاوردوشنبہ کوبعض مقامات پرعید ہوگی اورعید کے دن روزہ رکھنا حرام ہے،لہٰذا دریافت طلب یہ امر ہے کہ دوشنبہ کے دن عرفہ کاروزہ رکھ سکتے ہیں کہ نہیں؟ (المستفتی:مولوی محمدرفیق صاحب دہلوی)

الجواب

ہاں چاند کی خبرآجانے کے بعد نویں تاریخ کوجودوسری جگہ کی دسویں ہوگی،روزہ نہ رکھنا چاہیے۔(۳)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ،دہلی (کفایت المفتی:۲۵۱/۴-۲۵۲)

## ذی الحجہ کے روزےاورقربانی سے کھانے کی ابتدا:

سوال: ذی الحجہ کی نویں تاریخ کا ایک روزہ ہے،یادورکھنے چاہیےاوردس تاریخ کوکیا یہ ضروری ہے کہ روزہ قربانی کے گوشت سے کھولا جائے؟فقط واللہ اعلم

---

(۱) الصحيح لمسلم،كتاب الصوم (باب:صوم يوم عرفة) ص:۳۶۸،ج:۱(مطبع مجتبائی دہلی:۱۳۱۹ھ) نیز باب مذکورج:۱ص:۵۱۸،رقم الحدیث:۲۷۱۷(۱۱۶۲ھ)

(۲) الصحيح لمسلم،كتاب الصوم،باب استحباب صوم يوم عرفة،[مجتبائی دہلی:۱۳۱۹ھ]نیزحوالہ بالا(۵۱۸/۱)رقم الحديث:۱۱۶۲[دار طيبة،رياض.۱۴۲۷هـ/۲۰۰۶م]

☆ **نماز کے بعد تسبیحات اورعرفہ کاروزہ مستحب ہے:**

**مسئلہ**:بعدنماز کے تسبیح،تحمید،تکبیر مستحب ہےاورصوم عرفہ بھی مستحب ہے،سنت موکدہ نہیں۔شاہ عبدالعزیز کے کلام کی مجھ کوخبر نہیں،سب کتب فقہ میں مستحب لکھا ہے۔

(مجموعۂ فرخ آباد،ص:۱۹)(باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ،ص:۲۱۱)

(۳) کیوں کہ عرفہ نویں ذی الحجہ کوہوتا ہےاوردس ذی الحجہ کوروزہ رکھنا مکروہ تحریمی ہے۔

"والمكروه تحريمًا كالعيدين.(الدر المختار،كتاب الصوم:۳۷۵/۲،طبع سعيد)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

یکم ذی الحجہ سے ۹/ذی الحجہ تک روزہ رکھنا ثواب ہے اورنویں ذی الحجہ کا ان روزوں میں سب سے زیادہ درجہ ہے،(۱) مستحب یہ ہے کہ ذی الحجہ کو اپنی قربانی سے ابتدا کرے، اس سے پہلے نہ کھائے؛ لیکن اس سے پہلے کھانا بھی مکروہ، یانا جائز نہیں۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔ الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، عبد اللطیف۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۹۲/۱۰)

## عاشورہ کے دن کوئی خاص نماز مشروع نہیں، البتہ روزہ مستحب ہے:

سوال: عاشورہ کے دن شریعت کی طرف سے کوئی خاص نماز کسی خاص نماز وضع کے ساتھ ثابت ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: ۲۴۵۷، منشی الطاف حسین صاحب، وزیر گنج، گونڈہ، ۲/محرم ۱۳۵۸ھ، ۲۲/جنوری ۱۹۳۹ء)

الجواب ــــــــــــــــــــ

عاشورے (۱۰/محرم) کے روز روزہ رکھنا مسنون ہے، اس روزے کا بہت ثواب ہے،(۳) اور یہ بھی مستحب ہے کہ ہر شخص اپنی وسعت کے موافق اس روز اپنے بال بچوں کو اور دنوں سے اچھا کھانا کھلائے۔(۴) کوئی خاص نماز اس دن میں ثابت نہیں۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۲۵۱/۴-۲۵۲) ☆

---

(۱) عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالٰی عليه وسلم: "ما من أيام الدنيا أيام أحب إلی الله تعالٰی سبحانه وتعالٰی أن يتعبد له فيها من أيام العشر، وإن صيام يوم فيها ليعدل صيام سنة، وليلة فيها بليلة القدر". (سنن ابن ماجة، ص: ۱۲۴، أبواب ما جاء فی الصيام، باب صيام العشر، قديمی)

(۲) وفی الكبرىٰ: الأكل قبل الصلاة يوم الأضحی هل هو مكروه؟ فيه روايتان والمختار أنه لا يكره لكن يستحب له أن لا يفعل. (الفتاویٰ الهندية، الباب السابع عشر فی صلاة العيدين: ۱۵۰/۱، رشيدية)

(۳) عن أبی قتادة أن النبی صلی الله عليه وسلم قال: صيام يوم عاشوراء إنی احتسب علی الله أن يكفر السنة التی قبله. (الجامع للترمذی. أبواب الصوم، باب ماجاء فی الحث، علٰی صوم يوم عاشوراء: ۱۵۸/۱، طبع سعيد)

(۴) قوله: حديث التوسعة إلخ وهو من وسع علٰی عياله يوم عاشوراء، وسع الله عليه السنة كلها. قال جابر: جربته الربعين عامًا إلخ. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسد مطلب فی حديث التوسعة علی العيال: ۴۱۸/۲، ط: سعيد)

☆ **محرم کی فضیلت صرف عاشورہ کے روزہ کی وجہ سے ہے:**

فضیلت محرم کی بعد رمضان جو وارد ہے، وہ صوم عاشورہ کی فضیلت ہے، نہ تمام ماہ کی اور صوم عاشورہ خود حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام رکھتے تھے۔ فقط

(مجموعۂ فرخ آباد، ص: ۲۰) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ، ص: ۲۱۰)

## یوم عاشورہ کے روزہ کا حکم:

سوال: دس تاریخ محرم کو جو شخص روزہ توڑا دیوے اور کہے کہ حرام ہے۔ یہ غلط ہے، یا صحیح؟

الجواب

روزہ عاشورہ کا دسویں محرم کو مستحب ہے اور اس کا بہت ثواب حدیث شریف میں آیا ہے، جو اس کو حرام کہتا ہے، وہ محض جاہل ہے، روافض کے یہاں یہ روزہ حرام ہے۔ اہل سنت کے نزدیک بالاتفاق تمام علما کے نزدیک، یہ روزہ مستحب ہے، اس کو حرام کہہ کر تڑوانے والا بے شک گنہگار ہے اور جاہل حکم شرع سے ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(مجموعہ کلاں، ص:۱۲۹-۱۳۱) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ، ص:۲۱۰)

## عاشورہ کے روزہ کا حکم:

سوال: عاشورہ کا روزہ اور اس کے قبل ایک روزہ کا حکم کیا؟

الجواب

**ھو المصوب**: عاشورہ کا روزہ مستحب ہے؛ لیکن تنہا مکروہ تنزیہی ہے، مقدم، یا مؤخر، ایک روزہ ملا کر رکھیں، جیسا کہ درمختار میں لکھا ہے: **ونفل كغيرهما (أى الفرض والواجب) يعم السنة كصوم عاشوراء مع التاسع**، انتہٰی. **والمكروه تنزيهاً كعاشوراء وحده.**(۱)

اور ردالمحتار میں ہے:

**والظاهر أن صوم عاشوراء من سنة الزوائد بل سيما فى الخانية مستحبا فقال ويستحب أن يصوم صوم عاشوراء يصوم صوم قبله أوبعده ليكون مخالفا لأهل الكتاب**، انتہٰی. (۲) (فتاویٰ باقیات صالحات، ص:۱۰۱)

## صوم یومِ عاشورہ:

سوال: عاشورہ کا ایک روزہ مکروہ ہے؛ لیکن مکروہ ہونے کے ساتھ ثواب بھی ہوگا، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً

عاشورہ کے فقط ایک روزہ پر کفایت کرنا مکروہ ہے؛ لیکن ثواب اس کا بھی ملے گا۔ (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۷/۱۳۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۷/۱۳۹۲ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۹۳)

---

(۱) الدرالمختار، سبب صوم رمضان: ۲/۳۷٤-۳۷٥، دارالفكر بيروت، انيس

(۲) ردالمحتار، سبب صوم رمضان: ۲/۳۷٥، دارالفكر بيروت، انيس

(۳) وأما القسم السادس وهوالمكروه، فهوقسمان: مكروه تنزيها ومكروه تحريما، الأول الذى كره تنزيهاً كصوم يوم عاشورا منفرداً عن التاسع أوعن الحادى عشر. (مراقى الفلاح علىٰ نورالإيضاح، فصل فى صفة الصوم، ص: ٦٤٠، قديمى)

## تحقیق حکم انفراد صوم عاشورہ:

سوال: ضروری دریافت یہ ہے کہ احقر نے بہشتی زیور کے تیسرے حصہ میں نفل روزہ کے بیان میں دیکھا کہ محرم کی دسویں تاریخ میں روزہ رکھنا مستحب ہے۔احقر نے دسویں تاریخ کو ایک روزہ ہی رکھا۔اب بعضے لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ نویں ودسویں کا رکھنا چاہیے۔ایک روزہ میں اختلاف ہے، ایک نہیں رکھنا چاہیے۔اختلاف کیسا ارشاد فرمایا جاوے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

واقعی دو ہی روزے رکھنا چاہئیں، بہشتی زیور کی تالیف کے وقت اس مسئلہ کی پوری تحقیق نہ تھی؛ لیکن اگر نویں کو نہ رکھے، تو گیارہویں کو رکھ لے۔

۹/ جمادی الثانیہ ۱۳۴۳ھ (ترجیح خامس، ص: ۱۵۳) (امداد الفتاوی: ۲/۱۱۴)

تحقیق: بندہ اب تک یہ فتوی دیتا تھا کہ دسویں محرم کا ایک روزہ رکھنا بلا کراہت درست ہے؛ مگر درمختار وغیرہ میں اس کے خلاف جزئیہ نکلا، لہذا میں اس سے رجوع کرکے اب موافق اس جزئیہ کے فتوی دیتا ہوں کہ دسویں تاریخ محرم کو اکیلا روزہ رکھنا مکروہ ہے، اس کے ساتھ نویں کا بھی رکھنے سے کراہت دور ہوگی، اسی طرح اگر دسویں کے ساتھ گیارہویں کا بھی رکھ لے، تب بھی کراہت نہ رہے گی؛ مگر اول صورت اولی ہے، یعنی نویں دسویں کا، وہ جزئیہ یہ ہے:

**المکروہ تحریماً کالعیدین وتنزیهاً کعاشوراء وحده.**

**فی رد المحتار (قوله عاشوراء وحده) أی مفرداً عن التاسع أوعن الحادی عشر، إمداد؛ لأنه تشبه بالیهود، محیط.** (۱۳۴/۲) فقط

(ترجیح الراجح: ۴/۸۰) (امداد الفتاوی: ۲/۱۱۴)

## صرف دس محرم کو روزہ رکھنا:

سوال: محرم کے دو روزے جو کہ مسنون ہیں، بجائے دو کے اگر ایک ہی رکھے تو کیا ناجائز ہے، یا جائز؟ فقط

الجواب ــــــــــــــــــــ **حامداً ومصلیاً**

مکروہ تنزیہی ہے:

**"وأما القسم السادس: وهو المکروه، فهو قسمان: مکروه تنزیهاً ومکروه تحریماً: الأول الذی کره تنزیها کصوم یوم عاشوراء منفرداً عن التاسع أوعن الحادی عشر، آه".** (مراقی الفلاح، ص: ۳۵۱) (۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۹۳)

(۱) مراقی الفلاح علی نور الایضاح: ۶۴۰، فصل فی صفة الصوم، قدیمی

## نفل روزہ کتنی تعداد میں مسلسل رکھنا ضروری ہے:

سوال: عالمے می فرماید کہ ہر روز نفل یک ودو نیا یدداشت کہ مشابہت بصوم یہودمی شود بالخصوص صوم عاشوراء محرم ازنہم تایازدہم بایدداشت وعلی ہذا، ہرصوم کم از سہ یوم نبایدداشت تا مشابہت نہ آید؟

الجواب

عاشورا کے روزہ کے بارے میں یہ حکم ہے کہ تنہا روزہ رکھنا عاشورا کا مکروہ تنزیہی ہے؛ یعنی غیر اولیٰ ہے، اس کے ساتھ ایک روزہ اور رکھے، شنبہ کا روزہ تنہا نہ رکھے، بوجہ مشابہت یہود کے وہ شنبہ کا روزہ تعظیماً رکھتے تھے،(۱) باقی یہ نہیں ہے کہ کوئی روزہ نفلی نہ رکھے؛ بلکہ پیر اور جمعرات کا تنہا تنہا روزہ رکھنا حدیث شریف میں وارد ہوا ہے اور یہ بھی قول غلط ہے کہ تین روزہ سے کم نہ رکھے: بلکہ جو روزہ تنہا مکروہ ہے، جیسا کہ عاشوراء کا روزہ، اس کے ساتھ ایک روزہ اور رکھنے سے کراہت مرتفع ہوجاتی ہے، دوروزے ہوجانا کافی ہے، چناں چہ وہ روایت جو صوم عاشوراء کے ساتھ نویں محرم کا روزہ رکھے، یا گیارہویں کا، پس معلوم نہیں کہ یہ وہ کہاں سے کہتے ہیں کہ تین دن سے کم نفلی روزہ نہ ہوں، یہ بالکل غلط ہے، عموماً ایک روزہ نفل کا درست ہے، جیسا کہ پیر اور جمعرات کا روزہ منفرداً حدیث شریف میں وارد ہے اور جمعہ کا روزہ بھی منفرداً علی الصحیح مستحب ہے۔ درمختار میں ہے:

**(والمندوب كأيام البيض من كل شهرويوم الجمعة ولومنفرداً وعرفة ولو لحاج.**

**(قوله:منفرداً) صرح به في النهروكذا في البحر،فقال أن صومه بانفراده مستحب عند العامة كالإثنين والخميس.** (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۴۸۹-۴۹۰)

## عشرہ محرم میں ذکر شہادت پڑھنے اور روزہ وصدقہ کا حکم:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں: [کہ] عشرہ محرم کو ذکر شہداء بیان کرنا اور اسی عشرہ میں روزہ رکھنا اور خیرات کرنا کیسا ہے؟ اس کا جواب کتب معتبرہ سے دیجئے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

عشرہ [محرم] میں ذکر شہادت پڑھنا حرام ہے، اس واسطے کہ یہ مشابہ رافضیوں کے ہے، وہ ان ایام میں اس ذکر کو

---

(۱) ونفل كغيرهما ) يعم السنة كصوم عاشوراء مع التاسع،الخ.(الدرالمختار)

ويستحب أن يصوم يوم عاشوراء بصوم يوم قبله أويوم بعده ليكون مخالفاً لأهل الكتاب ...وقوله (وعاشوراء وحده) أى مفرداً عن التاسع أوعن الحادى عشر؛لأنه تشبه باليهود وقوله (وسبت وحده) للتشبه باليهود. (الدرالمختارمع رد المحتار ،كتاب الصوم:۳/۳۳۵-۳۳۷،مكتبة زكريا،انيس)

(۲) ردالمحتار،كتاب الصوم:۳/۳۳۶،مكتبة زكرياديوبند،انيس

افضل عبادت جانتے ہیں اور حدیث میں ہے کہ جو کوئی کسی قوم سے مشابہ کام کرے، وہ ان میں ہی ہے، پس ایسا کام کرنا رافضی ہونا ہوا۔

اور روزہ عشرہ کی نویں کو مستحب ہے اور خیرات وصدقہ دینا سب روز درست ہے، اس دن میں [بھی] جائز ہے؛ مگر تخصیص کہ اسی روز میں ضرور ہو، بدعت ہے۔ کسی کام کو بدون اجازت شرع کے خاص کرنا حدیث میں منع فرمایا ہے۔ فقط

کتبہ الراجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ (مجموعۂ کلاں، ص:۱۳۳) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ، ص:۲۱۳)

## ماہ صفر کے روزے کا حکم:

سوال: ماہ صفر کا آخری چہارشنبہ بلاد ہند میں مشہور بایں طور ہے کہ اس دن خصوصیت سے نفلی روزہ رکھا جاتا ہے اور شام کو کچوری، یا حلوا پکا کر کھایا جاتا ہے، عوام اس کو کچوری روزہ، یا پیر کا روزہ کہتے ہیں، شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں۔

الجواب

بالکل غلط اور بے اصل ہے، اس کو خاص طور سے رکھنا اور ثواب خاص کا عقیدہ رکھنا بدعت اور ناجائز ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہؓ سے کسی ایک ضعیف حدیث میں اس کا ثبوت بالالتزام مروی نہیں اور یہی دلیل ہے، اس کے بطلان وفساد اور بدعت ہونے کی؛ کیوں کہ کوئی عبادت ایسی نہیں، جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو تعلیم کرنے سے بخل کیا ہو اور اسی لیے یہ بھی فرمادیا۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (امداد المفتیین:۲/۴۱۶)

## ستائیسویں رجب کے روزہ کی فضیلت:

سوال: ۲۷/تاریخ صوم رجب کا ثبوت حدیث سے ہے، یانہیں؟ اور فضائل اعمال میں تو حدیث ضعیف قابل عمل ہوتی ہے، نہ کہ ثبوت اعمال میں لائق قبول ہو اور اگر ہوسکتی ہے تو اس کو تحریر فرماویں؟

الجواب

فضیلت ستائیس صوم رجب کی کسی حدیث صحیح سے منقول نہیں، رجب وغیر رجب برابر ہیں؛ مگر بعض احادیث سے اشہر حرم کی کچھ فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ پس چاروں ماہ حرام برابر ہوئے، سوائے ایام معدودہ کے جن کی فضیلت ثابت ہوئی ہے۔ بعد اس کے اگر ضعیف روایت سے فضیلت صوم رجب کی ثابت ہو تو روزہ رکھنا جائز ہے؛ کیوں کہ صوم خود عبادت ہے؛ مگر جب صوم رجب کو مثل واجب کے جانا جاوے تو اس وقت بدعت ہو جاوے گا۔

پس ثبوت صوم کا تو مطلق فضیلت صوم نفل سے ثابت ہے اور پھر اشہر حرم کے صوم سے ثابت ہے اور فضل خاص اگر ضعیف روایت سے ہو تو اس پر عمل درست ہے۔ جب تک مؤکد و واجب نہ جانا جاوے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(تالیفات رشیدیہ، ص:۳۷۲)

## رجب کا روزہ ثابت ہے، یا نہیں:

سوال: ۲۷/رجب کو جو روزہ رکھتے ہیں، یہ حدیث سے ثابت ہے، یا نہیں؟ اس کو بعض لوگ ہزارہ روزہ کہتے ہیں۔

الجواب

ستائیسویں رجب کے روزے کو جو عوام ہزارہ روزہ کہتے ہیں اور ہزار روزوں کی برابر اس کا ثواب سمجھتے ہیں، اس کی کچھ اصل نہیں ہے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۴۹۱-۴۹۲)

## رجب کے روزہ کا مسئلہ:

سوال: سفر السعادت میں درباب صوم رجب فرماتے ہیں: ور جب را روزہ داشتن نہی فرمودہ وایضا درباب روزہ رجب وفضل آن چیزے ثابت نشدہ؛ بلکہ کراہیت وارد شدہ۔

عبارت مذکورہ سے مطلق رجب میں روزہ رکھنا منع ومکروہ معلوم ہوتا ہے۔ یہی صحیح ہے، یا مراد اس سے کوئی خاص روزہ ہے، جس کو ہزاری روزہ وغیرہ کہتے ہیں؟

الجواب

رجب کا روزہ رکھنا مباح وجائز ہے؛ مگر خصوصیت کسی تاریخ کی کرنا، یا اس کو مسنون اور دیگر ایام سے افضل جاننا، یا زیادہ موجب ثواب جاننا اس کو مکروہ و بدعت لکھتے ہیں، ورنہ جیسا تمام سال ہے، رجب بھی ایک ماہ ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم اور ہزاری لکھی کچھ نہیں، اسی وجہ سے بدعت لکھا ہے۔ فقط (تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۲-۳۷۳) ☆

---

☆ **ہزاری روزے کا مسئلہ:**

سوال: ۲۷/رجب کو روزہ رکھنا کہ جس کو ہزاری روزہ کہتے ہیں اور مشہور ہے کہ اس روزہ کا ثواب ہزار روزوں کا ہوتا ہے اور حضرت بڑے پیر صاحب بھی شاید اس کو ایسا ہی لکھتے ہیں۔ آپ کے نزدیک جائز ہے، یا نہیں؟ اور اگر کسی نے یہ روزہ رکھ لیا تو اس کو توڑ دینا چاہیے، یا نہیں؟ اور اگر کوئی شخص بدعت بتا کر اس روزہ کو تو ڑ وا دے تو گناہ گار ہوگا، یا نہیں؟ اور ۲۷/رجب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے، یا صحابہؓ عظام سے روزہ رکھنا ثابت ہے، یا نہیں؟

الجواب

۲۷/رجب کا روزہ رکھنا جائز ہے کہ ہر روز روزہ نفل درست ہے، سوائے پانچ روز منہی کے فضیلت اس کی صحاح حدیث میں نہیں ہے۔ فقط (تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۲)

**۲۷/رجب کے روزہ کو ہزاری روزہ سمجھنا:**

سوال: ۲۷ رجب کے روزہ کو ہزاری روزہ سمجھنا کیسا ہے؟

الجواب

۲۷/رجب کے روزہ کی فضیلت صحاح احادیث میں ثابت نہیں؛ مگر غنیۃ میں سیدنا حضرت عبدالقادر جیلانی قدس سرہ نے لکھا ہے، اس کو محدثین ضعیف کہتے ہیں۔ حدیث ضعیف سے ثبوت نہیں ہوسکتا ہے، نفس روزہ جائز ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۳) ==

## حکم صوم ہزاری:

سوال: ہزارہ روزہ جو مشہور ہے اس کی کوئی سند نہیں ملتی۔ایک عنایت فرمانے حضرت امام غزالیؒ کی مکاشفۃ القلوب سے یہ حدیث پیش کی ہے:

**عن أبی هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من صام السابع والعشرين من رجب كتب له صيام ستين شهراً وهوأول يوم نزل فيه جبرئيل عليه السلام على النبى صلعم بالرسالة وفيه أسرى به صلى الله عليه وسلم".**

اس حدیث کو پیش کر کے کہتے ہیں کہ اس کے خلاف کوئی حدیث آئی ہو تو تم بتاؤ۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی ما ثبت من السنہ میں اس روایت کو تو نہیں لائے؛ مگر اس کے ہم معنی اور روایات کو لائے ہیں اور سب کی تضعیف کی ہے۔وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اس قسم کے اعمال میں ایسی روایات سے سند پکڑنا ضروری ہے، ان کا یہ قول ایسا ہے کہ جس کا جواب کچھ سمجھ میں نہیں آیا، لہٰذا اس مسئلہ میں جناب کیا ارشاد فرماتے ہیں اور یہ روایت کس کتاب کی ہے اور کیسی ہے؟

**الجواب**

روایت مکاشفۃ القلوب کی نظر سے نہیں گزری۔(۱) ناقل کے ذمہ تصحیح نقل ہے اور سند کا حال رجال دیکھنے سے معلوم ہو۔باقی ایک علت تو اس حدیث میں بین ہے، **وهوأول يوم نزل فيه جبرئيل عليه السلام**، الخ، آپ کی

---

**ہزاری روزہ کی حقیقت:**

سوال: ہزارہ روزہ کو ہزار کی نیت سے رکھنا چاہیے، یا نفلی کی نیت سے، بعض تکرار کرتے ہیں؟

**الجواب**

ہزارہ روزہ کی اصل، احادیث صحاح سے کہیں نہیں ملتی۔فقط

(مجموعۂ کلاں، ص:۲۳۴) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ: ص۲۱۳)

(۱) حضرت قدس سرہ التشرف میں فرماتے ہیں: ابوہریرہؓ کی حدیث جو شخص رجب کی ۲۷/ کا روزہ رکھے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ۶۰/ مہینے کے روزوں کا ثواب لکھیں گے اور وہ وہ دن ہے، جس میں جبرئیل علیہ السلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئے (کوئی خاص ہبوط مراد ہے، مثلاً معراج کے لیے) روایت کیا اس کو ابوموسیٰ المدینی نے کتاب فضائل اللیالی والایام میں مشہر بن جوشب کی روایت سے، وہ ابوہریرہؓ کی روایت سے، اگر یہ مہینے آدھے تیس کے لیے جاویں اور آدھے انتیس کے تو ان روزوں کی تعداد سات سوستر ہوتی ہے اور عجب نہیں کہ یہ اصل ہو، اس کی جو عام لوگوں میں اور عام عابدین میں مشہور ہے کہ یہ روزہ ہزار روزہ کے برابر ہے اور اس کا لقب ہزاری روزہ رکھتے ہیں اور شاید انھوں نے کسر کو سہولت کے لئے حذف کر دیا ہو اور میں نے جو اپنے بعض رسائل میں اس کی نفی کی ہے تو وہ اس اثر پر مطلع ہونے کے قبل ہے، بشرطیکہ یہ اثر سند کی رو سے ثابت ہو اور مجھ کو سند کا علم نہیں۔(التشرف ص۲۴)

قلت: احیاء العلوم، ص:۳۲۸۔ج:۱، **بيان الليالى والأيام الفاضلة** میں اس روایت کی سند پر زین الدین عراقیؒ جیسے جلیل القدر محدث کا حاشیہ میں کلام نہ کرنا دلیل صحت ہے۔رشید احمد عفی عنہ)

ابتداء وحی ربیع الاول میں مشہور ہے۔ باقی نفس صوم رجب بے اصل نہیں ہے۔ گفتگو اس عدد خاص میں ہے۔ وہ اس حدیث سے بھی ثابت نہیں، بلکہ عدد مشہور سے زیادہ ثابت ہوتا ہے؛ اس لیے یہ دعوی صحیح ہے کہ اس عدد مشہور کا کہیں پتہ نہیں اور اگر علت مذکورہ پر نظر کر کے حدیث کے ثبوت میں کلام کیا جاوے تو بھی گنجائش ہے۔

۲۲/رجب ۱۳۳۲ھ۔ (امداد الفتاوی: ۲/ ۸۶-۸۷) ☆

## تحقیق حکم صوم رجب:

سوال: ابن ماجہ میں باب صیام اشہر الحرام میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کوفرمایا کہ اشہر الحرام اور اسی باب میں ہے: "أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نهى عن صيام رجب" ان دونوں حدیثوں میں صورت تطبیق کیا ہے؟

☆ **تحقیق صوم ۲۷/رجب:**

بہشتی زیور حصہ ششم میں اس کے متعلق یہ لکھا گیا ہے۔ اس کو عام لوگ مریم روزہ کا چاند کہتے ہیں اور اس کی ستائیس تاریخ میں روزہ رکھنے کو سمجھتے ہیں کہ ایک ہزار روزوں کا ثواب ملتا ہے، شرع میں اس کی کوئی اصل نہیں۔ اگر نفل روزہ رکھنے کو دل چاہے اختیار ہے، خدائے تعالی جتنا چاہیں ثواب دے دیں، اپنی طرف سے ہزار یا لاکھ مقرر نہ سمجھے، آہ۔

اس عبارت سے شبہ پڑتا ہے کہ اس کی نہ قوی اصل ہے نہ ضعیف۔ سو چونکہ ضعیف اصل اس کی پائی گئی ہے؛ اس لیے الامداد بابت ماہ رجب ۱۳۳۴ھ میں اس کی مزید تحقیق کر دی گئی، جو بعینہ ذیل میں منقول ہے:

اس ماہ کی ۲۷/تاریخ میں یہ اعمال مروج ہیں:

(۱) روزہ جس کی روایات پر شیخ دہلویؒ نے ماثبت بالسنہ میں سخت جرح کی ہے، صرف ایک روایت کو جو کہ ابو ہریرہؓ سے موقوفا وارد ہے، جس میں اس روزہ کو برابر ساٹھ ماہ کے روزوں کے کہا گیا ہے۔ شیخ نے سب سے امثل اور غنیمت کہا ہے؛ لیکن پھر بھی ختم روایت پر فرمایا:

فهٰذه أحاديث ذكرت فيما حضر عندنا من الكتب ولم يصح منها على ما قا لوا شيء وغايته الضعف وجلها موضوع.

مگر شیخ ہی نے ایک حدیث بروایت ابن ابی شیبہ وطبرانی حضرت عمرؓ سے نقل کی کہ حضرت عمرؓ صوم رجب پر لوگوں کے ہاتھوں پر مارتے تھے اور جبرا کھانے میں ڈلواتے تھے کہ یہ ماہ جاہلیت میں معظم تھا، اسلام میں متروک ہوگیا، خیر اگر کوئی روزہ ہی رکھے تو ایک تو اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نہ سمجھے، ابو ہریرہ کا سمجھے۔

(۲) دوسرے اس کو ہزاری؛ یعنی ہزار روزہ کے برابر ثواب میں نہ سمجھے کہ اس میں منقول کی تغییر ہے۔

(۳) تیسرے اس کو حدیث صحیح کے برابر نہ سمجھے، غایت سے غایت ضعیف سمجھ لے اور اس کو بھی کسی فقیہ سے تحقیق کر لے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کے بیان کی فضیلت اور حضرت عمرؓ کی ممانعت میں عملاً کس کو ترجیح ہوگی، آہ۔

پس اصل تو ظاہر ہوگئی باقی روزہ رکھنا نہ رکھنا اس میں بوجہ تعارض فتوی حضرت عمرؓ وحضرت ابو ہریرہؓ کسی محقق عالم سے تحقیق کر کے عمل کرے، قواعد سے اتنی گنجائش ہے کہ جاہلیت کی تشبہ کی بنا پر صوم کو منع کیا جاوے اور اب چوں کہ یہ تشبہ نہیں رہا؛ اس لیے اجازت دی جاوے۔ بہرحال اس روزہ کو عملاً منع نہ کیا جاوے؛ مگر عقیدہ کی اصلاح کر دی جاوے۔ فقط

۲۷/ذی الحجہ ۱۳۳۴ھ (ترجیح رابع ،ص: ۸۵) (امداد الفتاوی: ۲/ ۸۵)

الجواب

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل جاہلیت رجب کی تعظیم میں غلو کرتے تھے، چناں چہ رسم عتیرہ اس پر شاہد ہے، جس کو حدیث ''لافرع ولاعتیرۃ'' سے منسوخ کیا گیا، بالخصوص قبیلہ مضر سب سے زائد اس امر میں مبالغہ کرتے تھے، حتی کہ ان کی طرف رجب کی اضافت کی جاتی تھی، جیسا کہ احادیث میں ترکیب رجب مضر اس پر دال ہے۔ پس اس طور پر تخصیص کے ساتھ رجب کی تعظیم شعار جاہلیت کا تھا، چوں کہ احتمال تھا کہ بعض لوگ جو رجب کی تعظیم کرتے تھے اور اب مشرف باسلام ہو گئے تھے، شاید وہ لوگ، یا ان کی دیکھا دیکھی اور لوگ اس طرح کی تعظیم کے قصد سے اس میں روزہ نہ رکھنے لگیں؛ اس لیے شارع علیہ السلام نے اس کی ممانعت فرمادی، جس طرح بعض احادیث میں صوم یوم السبت سے نہی آئی ہے، حالاں کہ اطلاق سے دلائل سے و نیز اجماع سے اس کا جواز ثابت ہے۔ وہاں بھی یہی وجہ ہے کہ یہود کے دیکھا دیکھی تخصیص صوم کو ذریعہ تعظیم نہ بنائیں، اسی طرح صیام رجب کی نہی کو سمجھنا چاہیے۔ پس اس حیثیت سے تو یہ منہی عنہ ٹھہرا۔ دوسری حیثیت رجب میں صرف شہر حرام ہونے کی ہے، جو اس میں اور بقیہ اشہر حرم میں مشترک ہے۔ پہلی حیثیت سے قطع نظر کر کے صرف اس دوسری حیثیت سے اس میں روزہ رکھنے کو مندوب فرمایا گیا، پس دونوں حدیثوں میں تعارض نہ رہا، لاختلاف الحملین کما ذکرنا. فقط

(امداد: ۱/۱۷۱)(امدادالفتاویٰ: ۲/۸۵)

## شعبان میں کون سا روزہ ضروری ہے اور کب سے ممنوع:

سوال: شعبان میں کس تاریخ کا روزہ فرض ہے، یا مسنون ہے؟ نیز یہ روایت کہ اس ماہ میں سوائے ۱۳/تاریخ کے اور روزہ رکھنا ناجائز، یا ممنوع ہے۔ کہاں تک صحیح ہے؟

الجواب

ماہ شعبان میں کسی تاریخ اور دن کا روزہ فرض اور واجب نہیں ہے اور تیرہ شعبان کے روزے کی کوئی خاص فضیلت حدیث شریف سے ثابت نہیں ہے، البتہ یہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ شعبان کی پندرہویں تاریخ کا روزہ رکھو، پس پندرہویں تاریخ شعبان کا روزہ مستحب ہے، اگر کوئی رکھے تو ثواب ہے اور نہ رکھے تو کچھ حرج نہیں ہے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۰۰)

## شب برأت کا روزہ ثابت ہے، یا نہیں:

سوال: ہمارے یہاں گزشتہ سال پندرہویں شعبان کا روزہ نہیں رکھا گیا اور کہا گیا کہ یہ روزہ کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟ علاوہ ازیں اس روزہ کو بدعت قرار دیتے ہیں، کیا فضائل میں ضعیف حدیثوں کا اعتبار ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

”عن علی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال:قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم:”إذا کانت لیلة النصف من شعبان،فقوموا لیلها،وصوموا یومها،فإن اللّٰه تعالیٰ ینزل فیها لغروب الشمس إلی السماء الدنیا،فیقول اللّٰه تعالی:(ألامن مستغفرفأغفرله،ألا من مسترزق فأرزقه،ألا من مبتلیٰ فأعافیه، ألا کذا ألا کذا)،حتیٰ یطلع الفجر“. (رواہ ابن ماجه) (مشکاة المصابیح،ص: ۱۱۵)ابن ماجہ میں یہ روایت صفحہ:۱۰۰پر ہے۔(۱)

سند کے اعتبار سے یہ روایت ضعیف ہے،فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیث سے استدلال درست ہے۔

”ویجوزعند أھل الحدیث وغیرھم التساھل فی الأسانید وروایة ما سویٰ من الضعیف والعمل به من غیر بیان ضعفه فی غیر صفات اللّٰه تعالیٰ والأحکام کالحلال والحرام وغیرھما، وذلک کالقصص وفضائل الأعمال والمواعظ وغیرھما مما لا تعلق له بالعقائد والأحکام“.(تدریب الراوی،ص:۱۹۲)(۲)

پس اس روزہ کو بدعت کہنا درست نہیں،جب کہ اس کے متعلق حدیث شریف موجود ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱۳۹۲/۲/۵ھ۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۰۳-۲۰۴)

## ۲۷رشعبان کے نفلی روزہ کا حکم:

سوال یہ کہ ۲۷ تاریخ شعبان کو جس قدر آدمی روزہ دار تھے،سب کے روزے توڑ واڈالے اور کہا کہ آج کا روزہ رکھنا بالکل حرام ہے،روزہ داروں نے روزہ نفلی سمجھ کر رکھا تھا،اس روز ان کا روزہ رکھنا درست تھا،یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ

۲۷رشعبان کو روزہ نفل رکھنا درست ہے،حدیث میں ایک دوروز پیشگی رمضان سے روزہ رکھنے کو مکروہ فرمایا ہے کہ اس طرح روزے رکھے کہ ایک دوروزہ رکھ کر رمضان میں ملادیوے،ورنہ شعبان کے اول وآخر میں روزہ نفل رکھنا درست ہے،خود فخر عالم علیہ السلام شعبان میں بکثرت روزہ رکھتے تھے۔ایسے روزہ کو حرام کہنا،جہل ایسے شخص کا ہے کہ نہ حدیث کو سمجھا اور نہ مطلب حدیث سے واقف ہوا،محض جاہل ہے؛کیوں کہ احادیث میں ان ایام کے جواز کی دلیل موجود ہے،لہٰذا بلاوجہ روزہ توڑوانا اس کا بیجا ہوا،اور بدون سمجھے جاہل کو فتویٰ دینا حرام ہے۔

قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:”فأفتوا بغیر علم فضلّوا وأضلّوا“.(۳)

(مجموعہ کلاں،ص:۱۲۸-۱۲۹)(باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ:ص۲۱۰-۲۱۱)

---

(۱) مشکاة المصابیح،باب قیام شھر رمضان، الفصل الثالث،ص: ۱۱۵،قدیمی/ابن ماجة،کتاب الصلاة،باب ماجاء فی صلاة التسبیح، ص: ۱۰۰،میر محمد کتب خانة

(۲) تدریب الراوی،ص:۲۵۲، قدیمی

(۳) صحیح لمسلم عن ھشام بن عروة عن أبیه قال سمعت عبد اللّٰه بن عمرو بن العاص یقول:سمعت==

## رمضان شریف سے پہلے ایک دوروزہ رکھنا کیسا ہے:

سوال: رمضان شریف کا چاند دیکھنے سے قبل ایک، یا دوروزہ رکھنا کیسا ہے؟

الجواب

ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ حدیث شریف میں اس کی ممانعت ہے کہ رمضان کے شروع ہونے سے پہلے کوئی روزہ نہ رکھا جائے۔ حدیث شریف میں ہے:

**عن أبی هريرة قال:قال رسول الله صلی الله عليه و سلم:صوموا لرويته وأفطروا لرؤيته.(۱) فقط**

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۶/۴۹۶)

## جمعہ کو نفل روزہ:

سوال: جمعہ کے دن نفل روزے رکھنے کا کیا حکم ہے؟ (محمد عبدالوکیل ناصر، بازار سلیمان جاہ)

الجواب

بعض روایتوں میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا،(۲) جب کہ بعض روایات میں دوسرے دنوں کے ساتھ ملا کر روزہ رکھنے کا ذکر آیا ہے؛(۳) اس لیے فقہا نے لکھا ہے کہ تنہا جمعہ کو روزہ رکھنا مکروہ تنزیہی ہے، البتہ جمعرات، یا ہفتہ کا روزہ اس کے ساتھ ملا کر رکھا جائے تو حرج نہیں۔

**"كره صوم يوم الجمعة إلا أن يضم إليه يوم قبله أوبعده كما في الحديث...النهی للتنزيه".(۴)**

(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۴۵-۴۴۶)

## جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا کیسا ہے:

سوال: جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا درست ہے، یا نہیں؟ خاص کر جو عرفہ ذی الحجہ جمعہ کو ہو تو روزہ رکھے، یا نہیں؟ ایک واعظ نے جمعہ کا روزہ رکھنا حرام فرمایا ہے۔ واعظ درست کہتا ہے، یا غیر درست؟

---

== رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول:إن الله لايقبض العلم انتزاعاً ينتزعه من الناس ولكن يقبض العلم بقبض العلماء حتىٰ اذا لم يترك عالما اتخذالناس رؤساً جهالا فسئلوا فافتوا بغيرعلم فضلُّوا وأضلوا. ص: ۳۴۰، ج:۲،كتاب العلم (مطبع مجتبائی دهلی۱۳۱۹ هـ) نیزمسلم، ج:۲،ص:۱۲۳۲-۱۲۳۳،رقم الحديث:۲۶۷۳.[نور]

ترجمہ: بغیر جانے فتویٰ دیں گے، پس گمراہ ہوں گے اور گمراہ کریں گے۔[ت:نور]

(۱) مشكوٰة المصابيح، كتاب الصوم،ص:۱۷۴،مكتبة قديمی كتب خانة كراتشی،انيس

(۲) سنن أبي داؤد،رقم الحديث:۲۴۲۰

(۳) سنن أبي داؤد،رقم الحديث:۲۴۲۲

(۴) الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح،ص:۳۱۵

الجواب

واعظ کا کہنا درست ہے، جمعہ کا روزہ مستحب ہے۔ بعض فقہا نے اس خیال سے کہ روزہ کے ضعف کے باعث فرض نماز میں کچھ خلل واقع نہ ہو جائے، منع فرمایا ہے، ورنہ ویسے اس کے استحباب میں کوئی شک نہیں اور فقہا احتیاطاً فرماتے ہیں کہ ایک روزہ اس سے اول، یا اس کے بعد رکھ لے، اگر تنہا رکھے تو کچھ حرج نہیں۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۳۴۷-۳۴۸) ☆

## تنہا ایک نفل روزہ:

سوال: نفل روزہ صرف ایک دن رکھ سکتے ہیں، جیسے پندرہ شعبان کا روزہ ہے، یا یوم عاشوراء کے روزہ کی طرح ہر نفل روزہ میں ایک دن ملا کر رکھنا چاہیے؟ (میر احمد علی جاوید، علی بلڈرس، نام پلی)

الجواب

یوم عاشوراء کو چوں کہ یہودی بھی روزہ رکھا کرتے تھے؛ اس لیے یہودیوں کی مماثلت سے بچنے کی غرض سے ۱۰/ محرم کے ساتھ ۹/ یا ۱۱/ کا روزہ ملا کر رکھنے کا حکم دیا گیا ہے، دوسرے نفل روزوں کے ساتھ روزہ ملا کر رکھنا ضروری نہیں، پندرہ شعبان کو تنہا روزہ رکھا جا سکتا ہے؛ کیوں کہ حدیث میں صرف اسی تاریخ کا ذکر آیا ہے، اس کے علاوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیر اور جمعرات کے روزہ کی فضیلت ثابت ہے، (۲) یوم عرفہ کے روزہ کی فضیلت منقول ہے۔ (۳) ظاہر ہے

(۱) قال الشامي في كتاب الصوم: فكان الاحتياط أن يضم إليه يوماً آخر ... لأن فيه وظائف فلعله إذا صام ضعف عن فعلها. (ردالمحتار للشامي، كتاب الصوم: ۳/ ۳۳٦، مكتبة زكريا ديوبند)

پوری عبارت یہ ہے:

والمندوب كأيام البيض من كل شهر يوم الجمعة ولو منفرداً وعرفة ولو لحاج لم يضعفه. (الدر المختار)

(قوله ويوم الجمعة ولو منفرداً) صرح به في النهر وكذا في البحر فقال أن صومه بانفراده مستحب عند العامة كالإثنين والخميس ... ولا بأس بصوم يوم الجمعة عند أبي حنيفة ومحمد لما روى عن ابن أنه كان يصومه ولا يفطر، إلخ. (ردالمحتار: ۳/ ۳۳٦، مكتبة زكريا ديوبند، ظفير)

☆ **تنہا جمعہ کا روزہ:**

سوال: یہ جو مشہور ہے کہ صرف جمعہ کے روز نفل روزہ نہ رکھا جائے؛ بلکہ اس سے پہلے، یا بعد کا دن ملا لیا جائے۔ یہ کہاں تک صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً

جی ہاں، بعض روایات میں صرف جمعہ کا نفلی روزہ رکھنے سے ممانعت آئی ہے؛ اس لیے اس کے ساتھ ایک دن پہلے، یا بعد بھی ملا لینا چاہیے۔ (وعن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لايصوم أحدكم يوم الجمعة إلا أن يصوم قبله أو يصوم بعده". متفق عليه". (مشكاة المصابيح، كتاب الصوم، باب صيام التطوع، الفصل الأول: ۱/ ۱۷۹، قديمي) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ صفر/ ۱۳٦۸ھ

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/ صفر/ ۱۳٦۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۱۹٦-۱۹۷)

(۲) الجامع للترمذي، رقم الحديث: ۷٤٥

(۳) الجامع للترمذي، رقم الحديث: ۷٤۹

کہ یہ تنہا روزے ہیں، آپ نے ان کے ساتھ ایک روزہ ملانے کا حکم نہیں فرمایا ہے؛ اس لیے یوم عاشوراء کے روزہ کے علاوہ، جو دوسرے نفل روزے ہیں، وہ سب تنہا بھی رکھے جا سکتے ہیں، اسی طرح بعض روایات میں تنہا جمعہ کے روزہ کو پسند نہیں کیا گیا ہے؛ اس لیے اس دن کے ساتھ بھی ایک دن ملا لینا چاہیے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۴۷-۴۴۸)

## نفل روزے کی نیت کر کے روزہ نہیں رکھ سکا:

سوال: زید نے نفل روزہ رکھنے کی نیت کی تھی، اب اسے روزہ رکھنے کا وقت نہیں مل رہا ہے، ان حالات میں وہ ان روزوں کو کس طرح رکھے؟ (شہباز آصف، مقام غیر مذکور)

الجواب

اگر آپ نے صرف دل میں ارادہ کیا تھا کہ روزہ رکھیں گے، تب تو آپ کو اختیار ہے، چاہیں تو روزہ رکھ لیں، یا نہ رکھیں اور اگر آپ نے زبان سے کہا تھا کہ میں اللہ کے لیے روزہ رکھوں گا تو اب یہ نذر ہے اور نذر کی وجہ سے روزہ، یا کوئی نیک عمل جس کی نذر مانی جائے، واجب ہو جاتا ہے، اگر روزہ رکھنے پر قادر ہو تو روزہ رکھنا واجب ہے اور اگر روزہ رکھنے پر قادر نہیں ہوا اور آئندہ بھی اس کی امید نہ ہو کہ آپ روزہ رکھ سکیں گے تو پھر فدیہ ادا کرنا واجب ہے، یہاں تک کہ اگر کوئی شخص نذر مان چکا ہو اور وہ نہیں رکھ پایا، اب زندگی سے مایوس ہو چکا ہے تو اس پر واجب ہے کہ اپنے ورثا کو فدیہ ادا کرنے کی وصیت کر جائے۔ (۱) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۴۳)

## مسافر ومریض کا رمضان میں غیر رمضان کا روزہ رکھنا:

سوال: مسافر، یا مریض رمضان میں نفل وغیرہ کی نیت سے روزہ رکھیں تو ان کا نفلی وغیرہ روزہ ہوگا، یا فرضی؟

الجواب

مسافر، یا مریض رمضان میں اگر نفل کی نیت سے روزہ رکھیں گے تو وہ رمضان کا ہی ہوگا؛ لیکن اگر مسافر کسی دوسرے واجب کی نیت سے روزہ رکھے گا تو وہ اسی واجب کا ہوگا، مریض کا اس صورت میں رمضان کا ہی روزہ ہوگا۔

”في أوائل الأشباه: الصحيح وقوع الكل عن رمضان سوى مسافر نوىٰ واجباً آخر واختاره ابن الكمال وفي الشرنبلالية عن البرهان أنه الأصح. (الدر المختار) (۲)

قوله الصحيح وقوع الكل عن رمضان إلخ المراد بالكل ما إذا نوىٰ المريض النفل أو أطلق أو نوىٰ واجبًا آخر وما إذا نوىٰ المسافر كذلك إلا إذا نوىٰ واجبًا آخر فإنه يقع عنه لا عن رمضان لأن المسافر له أن لا يصوم فله أن يصرفه إلى واجب آخر؛ لأن الرخصة متعلقة بمظنة العجز وهو

(۱) رد المحتار: ۳/٤٢٤

(۲) الدر المختار، كتاب الصوم: ۲/۳۷۸، طبع سعيد

**السفـر وذلك مـوجـود بخلاف المريض فإنها متعلقة بحقيقة العجز فإذا تبين أنه غير عاجز.** (رد المحتار) (۱) (کفایت المفتی: ۲۵۱/۴)

## روزہ کی نذر:

سوال: ایک شخص نے اللہ سے منت مانی کہ اگر شادی صحیح سلامت ہوگئی تو شادی کے بعد میاں بیوی مل کر آٹھ روزے رکھیں گے، اگر کسی بات سے چار ہی روزے رکھے، پھر کچھ دنوں کے بعد تین روزے رکھ لیے اور ایک روزہ باقی ہے تو کیا ایک روزہ رہنا ضروی ہے؟ (سیدہ ریحانہ بیگم، باغ امجد الدولہ)

الجواب

آدمی جس جائز چیز کی نذر مانے اس کا پورا کرنا واجب ہے، چناں چہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**"من نذر أن يطيع الله فليطعه ومن نذر أن يعصى الله فلا يطعه".** (۲)

(جس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے قبیل سے کسی بات کی نذر مانی، اس کو اس کی تکمیل کرنی چاہیے اور اگر کسی گناہ کی بات کی نذر مان لے تو اس کو پورا نہیں کرنا چاہیے۔)

اس لیے آپ دونوں پر آٹھ روزے پورا کرنا واجب ہے، اگر آپ نے مطلق آٹھ روزہ رکھنے کی نیت کی تھی تو باقی ایک روزہ رکھ لینا کافی ہے اور اگر مسلسل آٹھ روزے رکھنے کی نیت کی تھی تو دوبارہ آٹھ روزے مسلسل رکھنے ہوں گے۔ (۳)

(کتاب الفتاویٰ: ۴۴۱/۳-۴۴۲)

## نذر کے روزہ میں قضا کی نیت کرے، تو کیا حکم ہے:

سوال: ایک شخص کے ذمہ کچھ روزے قضا کے تھے اور کچھ نذر کے پہلے قضا کے رکھنے شروع کئے، جب وہ ختم ہوگئے تو نذر کے رکھے؛ مگر رات کو نذر کی نیت یاد نہ رہی، قضا کی نیت کر لی، دن کو یاد آیا تو نذر کا روزہ ادا ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

نذر معین میں دن کو دوپہر تک نیت ہوسکتی ہے، (۴) اور نذر مطلق میں یعنی جس میں کوئی دن اور تاریخ مقرر نہ کی

---

(۱) رد المحتار، كتاب الصوم: ۳۷۸/۲، طبع سعيد

(۲) صحيح البخاری، باب النذر في الطاعة: ۹۹۱/۲، قديمی

(۳) دیکھئے: الفتاوی قاضيخان علی هامش الهندية: ۱٦/۲، البحر الرائق: ۲۹۷/۲

(۴) (فيـصـح) أداء (صوم رمضان والنذر المعين والنفل بنية من الليل فلا تصح قبل الغروب ولا عنده إلى الضحوة الكبرىٰ لا) بعدها، إلخ. (الدر المختار علىٰ هامش رد المحتار، كتاب الصوم: ۳۳۸/۳-۳٤۱، مكتبة زكريا ديوبند، ظفير)

جائے، رات سے نیت اس روزہ کی ضروری ہے۔ پس صورت مسئولہ میں اگر نذر مطلق کا روزہ ہے تو وہ بہ نیت قضا ادا نہ ہوگا، نذر کا روزہ پھر رکھنا ہوگا۔ (۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۳۴۷)

## نذر کی کہ فلاں روزہ ہمیشہ روزہ رکھوں گا، پھر عاجز ہوگیا:

سوال: عائشہ کہ گاؤں میں ہیضہ کی شکایت ہوئی اور لوگ بکثرت مرنے لگے، جب عائشہ کی بھاوج کا انتقال ہوگیا تو عائشہ گھرآ گئی اور بے ساختہ اس کے منہ سے گھبراہٹ میں نکل گیا: اے خدا! اگر ہمارے گھر کے سب لوگ اس وبا سے محفوظ رہے تو میں زندگی بھر جمعہ جمعرات کو روزہ رکھوں گی، چناں چہ اس کے گھر کے لوگ اس وبا سے محفوظ رہے، اب عائشہ کو ورزہ رکھنا دشوار معلوم ہوتا ہے، ہٰذا دریافت کرنا چاہتی ہے کہ کیا زندگی بھر اس کو جمعرات جمعہ کو روزہ رکھنا ضروری ہے، یا اس سے بچنے کی کوئی صورت ہے؟

الجواب

اس صورت میں مسماۃ عائشہ کو جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھنا لازم ہے۔ درمختار احکام النذر میں ہے:

**(ومن نذرنذراً مطلقاً بشرط وكان من جنسه واجب) أي فرض، الخ (وهوعبادة مقصودة) إلٰى أن قال (ووجد الشرط) المعلق به (لزم الناذر) لحديث من نذروسمى فعليه الوفاء بما سمى (كصوم وصلٰوة وصدقة)، إلخ.** (۲)

اور مجموعہ الفتاوی میں (فتاویٰ) بزازیہ کی (فقہی) روایت نقل کی ہے کہ اس میں بھی استحسانا ایسے صیغہ میں وجوب نذر مصرح ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ مسعود احمد عفا اللہ عنہ

جواب صحیح اور اگر فی الواقع عائشہ ان روزوں کے ادا سے معذور ہے تو وہ اس کے ذمہ لازم رہیں گے اور اس کے ذمہ ضروری ہوگا کہ بعد موت اس کا فدیہ ادا کرنے کی وصیت کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

محمد شفیع عفا عنہ (امداد المفتین: ۲/۴۱۷)

## نذر روزے اگر کسی عذر کی مثلاً بیماری کی وجہ سے نہ رکھ سکے تو کتنا کفارہ لازم ہوگا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین کہ ایک آدمی نے نذر کی ہے کہ اے اللہ تعالیٰ میری بلا ومصیبت اگر دور ہوجائے تو میں تیرے واسطے ہر چاند میں؛ یعنی ہر مہینہ میں پانچ پانچ روزے رکھوں گا۔ اب وہ بلا ومصیبت دور ہوگئی

---

(۱) (والشرط للباقي من الصيام) أي من أنواعه ... وهوقضاء رمضان والنذرالمطلق ...(قران النية للفجر ولوحكماً وهو(تبييت النية، إلخ). (رد المحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۴۴-۳۴۵، مكتبة زكريا ديوبند. انيس)

(۲) الدر المختار، كتاب الأيمان: ۳/۷۳۵، دار الفكر بيروت، انيس

ہے، اب وہ شخص ہر مہینہ میں روزے رکھے، یا نہیں؟ اور اس کے اوپر عمر بھر کے روزے رکھنا واجب ہے، یا نہیں؟ اگر واجب ہوگیا تو اگر یہ روزہ ادا نہ کرے تو کفارہ دینے سے عمر بھر کے روزے ادا ہوں گے، یا نہیں؟ اگر ادا ہو جائیں تو کتنا کفارہ دینے سے ادا ہوگا؛ یعنی کیا چیز دے گا؟ اور یہ شخص بیماری کی وجہ سے لاچار ہے، لہٰذا فتویٰ منگوایا جاتا ہے۔

الجواب

جب یہ شخص بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے سے عاجز ہے تو اس کو چاہیے کہ ہر ماہ میں پانچ روزوں کا فدیہ دے دیا کرے؛ یعنی ہر روزے کے عوض صدقۂ فطر کے برابر گیہوں وغیرہ دے دے، یا ایک مسکین کو پیٹ بھر کر دو وقت کھانا کھلاوے۔

**كما في العالمگرية (١٣٥/١): ولو أخر القضاء حتى صار شيخاً فانياً أو كان النذر بصيام الأبد فعجز لذلك أو باشتغاله بالمعيشة لكون صناعة شاقة له أن يفطر ويطعم لكل يوم مسكيناً علىٰ ما تقدم، آه.**

**وفيه أيضاً: فالشيخ الفاني الذى لايقدر على الصيام يفطر ويطعم لكل يوم مسكيناً كما يطعم في الكفارة.**

**وفي المجلد الثاني منه. (ص: ١٥١) فإن غداهم وعشاهم وأشبعهم جاز سواء حصل الشبع بالقليل أو الكثير، كذا في شرح النقاية لأبي المكارم. (١)**

۲۸/ جمادی الأولیٰ ۱۳۴۴ھ (امداد الاحکام: ۱۳۷/۳)

## کیا نذر میں نماز وروزہ کا تسلسل سے رکھنا ضروری ہے:

سوال: زید نے سو رکعت نفل نماز اور چھ نفل روزوں کی نذر مانی تھی تو کیا سو رکعت نمازیں ایک ساتھ پڑھنی ضروری ہے؟ یا تھوڑی تھوڑی الگ الگ وقت میں ادا کی جاسکتی ہے؟ اور روزہ بھی کیا وقفہ وقفہ سے رکھے جاسکتے ہیں؟ (ش، ا، ع، نظام آباد)

الجواب

اگر سو رکعت نماز کی نذر مانی ہو تو اسے وقفہ کے ساتھ بھی ادا کیا جاسکتا ہے، یہی حال روزوں کا بھی ہے، اگر مسلسل روزوں کی نیت نہیں تھی؛ بلکہ مطلق چھ روزوں کی نیت کی تھی تو روزہ میں تسلسل ضروری نہیں ہوگا۔

**"ولو قال صوم شهر يعني أن التزم التتابع لزم، وإن أطلق لايلزمه التتابع". (٢)** (کتاب الفتاویٰ: ۴۴۲/۳)

☆☆☆

(١) الفتاویٰ الهندية، كتاب الصوم: ١٣٣/١

(٢) الفتاوی البزازية علىٰ هامش الفتاوى الهندية: ٢٦٩/٤

# روزہ نہ توڑنے والی چیزوں کا بیان

## حالت روزہ میں انزال:

سوال: ایک شخص کو بعض اوقات یہ بات پیش آتی ہے کہ جس وقت گھوڑے پر سوار ہوکر دوڑا تا ہے تو شرمگاہ حرکت کر کے منی تو ذکر سے خارج ہوتی ہے، حسب اتفاق ایک روز ماہ رمضان میں روزہ میں گھوڑے پر سوار ہوکر ایک جگہ جا رہا تھا، یہی واقعہ پیش آیا، اس بارے میں جو حکم شرع شریف ہو مطلع فرمایئے گا، کیا کفارہ ہوگا، یا قضا؟

الجواب

اس پر نہ قضا ہے، نہ کفارہ؛ بلکہ اس کا روزہ صحیح اور باقی ہے۔(۱)

في الدر المختار: أو احتلم أو أنزل بنظر أو بفكر، آه.(۲)

قلت: وهٰذا المسئول عنه دونه كما هو ظاهر والله أعلم

وأيضاً في الدر المختار: أو مس فرج بهيمة أو قبلها فأنزل إلىٰ قوله لم يفطر، آه.(۳)

قلت: وهٰذا المسئول منه دونه أيضاً.

۱۸ر رمضان ۱۳۲۵ھ (امداد: ۱۷۸۱) (امداد الفتاوی: ۱۲۶/۲)

سوال: شرمگاہ سے بوقت سواری اسپ حرکت کے منی نکلے، روزہ جاتا رہا، یا نہیں؟

الجواب

تسامح درلفظ "قلت: وهٰذا المسئول منه دونه".

اصلاح تسامح: از تجربہ معلوم ست کہ بوقت سواری فرج بسرج سودہ میشود بسبب حرکت اسپ از مزاج رقیق منی بدفق وشہوت ولذت بیروں می آید اغلب کہ مراد سائل ہمیں طور ست، پس ازیں قاعدہ وعبادت ردالمختار روزہ آں شکستہ معلوم میشود قضاء ست، کفارہ نیست۔(۴)

---

(۱) احتیاطاً قضا رکھ دینا چاہیے، اس جواب پر بھی بعض علمانے کلام کیا ہے، جو ملحقات تتمہ اولی، ص: ۳۲۶ کے حوالہ سے اس کے بعد سوال نمبر: ۱۷۶۰ میں درج ہے اور تصحیح الاغلاط، ص: ۳۱ میں اس پر کلام کر کے احتیاط کرنے کا حکم لکھا ہے۔ محمد شفیع

(۳،۲) الدر المختار، كتاب الصوم: ۳۶۷/۳، الرياض

(۴) تجربہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ گھوڑے پر سواری کرتے ہوئے ذکر زین سے مس ہوتا ہے اور گھوڑے کی حرکت کی وجہ سے یک گونہ نہ لذت محسوس ہوتی ہے، جس کی وجہ سے منی کا اخراج ہوتا ہے، اس صورت میں قضا واجب ہوگا، نہ کہ کفارہ، امید ہے کہ سائل کی مراد وہی ہوگی، جس اعتبار سے جواب دیا گیا ہے۔ انیس

(قوله:أومس فرج بهيمة أوقبلها فأنزل)وكذا لايفسد صومه بدون إنزال بالأولٰى ونقل فى البحر وكذا الزيلعى وغيره الاجماع علٰى عدم الإفساد مع الإنزال، واستشكله فى الإمداد بمسئلة الاستمناء بالكف، قلت:والفرق أن هناك إنزالاً مع مباشرة بالفرج وهُنا بدونها وعلٰى هٰذا فالأصل أن الجماع المفسد للصوم هوالجماع صورةً وهوظاهراً ومعنى فقط وهوالإنزال عن مباشرة بفرجه لا فى فرج أوفى فرج غيرمشتهى عادةً أوعن مباشرة بغيرفرجه فى محل مشتهى عادة ففى الإنزال بالكف أوبتفخيذ أوبتبطين وجدت المبا شرة بفرجه لا فى محل وكذا الإنزل بعمل المرئتين فإنها مباشرة فرج بفرج لا فى فرج وفى غيرمشتهى عادة وفى إنزال بمس آدمى أوتقبيله بهيمة وجدت المباشرة بغيرفرجه فى محل مشتهى أما الإنزال بمس أوتقبيله بهيمة فإنه لم يوجد فيه شيىء من معنى الجماع فصار كالإنزال بنظرأوفكرفلذا لم يفسد الصوم إجماعاً هٰذا ما ظهرلى من فيض الفتاح العليم.(۱)

ظاہرست کہ درمانحن فيه مباشرة فرج لا فى فرج ثابت ست مانند،استمناء بالكف أوبالتفخيذ أو بالتبطين چرا کہ فرج بسرج مباشرشدہ بعدہ انزال شدروزہ فاسد بخلاف انزال بمس فرج بہیمہ وتقبیل آں وانزال بسبب نظر وفکر کہ دراں فرج مباشر نیست پس مانحن فیہ فوق شدہ نہ دون آں،فتدبر،فانہ دقیق وانصف فان الانصاف خیرالاوصاف چونکہ خاص جزی دستیاب نشد جناب مجیب مدظلہ وقدس سرہ دریں نظر ثانی با معان فرمایند کہ بندہ را روایۃ ذیل ردالمختار در خوف وخشیت انداختہ ست کہ براندام لرزہ افتادہ است چہ امکان ست کہ امثال ما قیاس مسئلہ برفتوی ادہند۔(۲)

واللّٰه تعالٰى هوالمصوب والعاصم القاضى إذا قاس مسئلة علٰى مسئلة وحكم ثم ظهرر واية بخلافه فالخصومة للمدعى عليه يوم القيامة مع القاضى والمدعى، ...أن أحد ليس أهل الاجتهاد فى زماننا وبعض أذكياء خوارزم قاس المفتى على القاضى ... والكلام فى الخصومة فى الآخرة ولاشک أن كلا من المباشروالمتسبب ظالم آثم وللمظلوم الخصومة معهما.(۳)

(تتمۂ اولیٰ،ص:۳۳۶)(امدادالفتاوی:۲/۱۲۷)

---

(۱) رد المحتار، كتاب الصوم: ۳/ ۳۷۲، ط:الرياض

(۲) ظاہر ہے کہ ہماری بحث اس صورت سے متعلق ہے، جس میں شرم گاہ کسی چیز سے مل رہی ہے، نہ کہ غیر فرج میں مباشرت سے متعلق ہے، مسئلہ مشت زنی وغیرہ کے مانند ہے، کیوں کہ پہلے ذکر زین سے مس ہوا، پھر انزال؛ اس لیے روزہ ٹوٹ جائے گا، برخلاف جانوروں کی شرم گاہ چھونے، یا اسے بوسہ دینے سوچنے کی وجہ سے انزال ہونے کی صورت کے کہ اس میں شرم گاہ سے ذکر مس نہیں ہوا ہے تو یہ صورت جو پوچھی گئی ہے، اس صورت سے علاحدہ ہے اور اس میں شہوت کا دخل زیادہ ہے، یہ باریکی ہے، اس پر غور کرنا چاہیے، چوں کہ یہ خاص جزئیہ نہ مل سکا؛ اس لیے ڈرتے ہوئے قیاس کا سہارا لیا گیا ہے اور فتویٰ دیا گیا۔انیس

(۳) رد المحتار، كتاب الصوم:۸/ ۱۱۲-۱۱۳، ط:الرياض

## روزہ میں منی خارج ہوجائے:

سوال: اگر روزہ کی حالت میں مذی اور منی خارج ہوجائے تو کیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ (معین احمد، مغلپورہ)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــ

محض مذی کے نکلنے سے (جو بوس وکنار کے موقعہ پر پیش آتا ہے) روزہ نہیں ٹوٹے گا، اسی طرح اگر محض دیکھنے، یا برے خیالات کے ہجوم کی وجہ سے انزال ہوجائے تو اس سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا۔

"أو أنزل بنظر إلٰی فرج امراۃ لم یفسد أو فکر و إن أدام النظر و الفکر حتٰی أنزل". (۱) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۸۵)

## احتلام اور جماع سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، یا نہیں:

سوال: اگر روزہ رکھا ہوا ہے اور سوتے میں حاجتِ غسل ہوجائے، یا دیدہ ودانستہ صحبت کرلے، تو روزہ رہے گا یا نہیں، اگر رہے گا تو کیسا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

احتلام سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، (۲) ہاں عمداً صحبت کرنے سے فاسد ہوجاتا ہے اور کفارہ وقضا ذمہ میں لازم ہوتے ہیں، (۳) اگر رمضان کے علاوہ کا روزہ ہو، تو صرف قضا لازم آئے گی، کفارہ لازم نہ ہوگا۔ (۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، ۱۳۵۵/۸/۲۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۴۰)

## روزہ میں احتلام:

سوال: روزہ دار کو نیند کی حالت میں احتلام ہوجائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے، یا نہیں؟ (محمد خان، سعید آباد)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــ

احتلام میں چوں کہ آدمی کے ارادے کو کوئی دخل نہیں ہے؛ اس لیے احتلام کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

"... أو احتلم... فلم یفطر". (۵) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۹۶-۳۹۷)

---

(۱) حاشیۃ الطحطاوی، ص: ۳٦۱

(۲) أو إدھن أو اکتحل أو احتجم أو قبل أو احتلم ... لم یفطر. (الدر المختار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ: ۲/۳۹۵، سعید)

(۳) من جامع عمداً فی أحمد السبیلین، فعلیہ القضاء والکفارۃ، ولا یشترط الإنزال فی الحلین. (الفتاویٰ الھندیۃ، الباب الرابع فیما یفسد وما لا یفسد، رشیدیۃ)

(۴) من غیر کفارۃ ... وھی إذا أکل الصائم ... أو افسد صوم غیر أداء رمضان بجماع، أو غیرہ، لعدم ھتک حرمۃ الشھر، وھی إنما وجبت لھتک حرمتہ". (حاشیۃ الطحطاوی علٰی مراقی الفلاح باب مایفسد الصوم ویوجب القضاء، ص: ٦۷۱-٦۷٦، قدیمی)

(۵) الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصوم: ۲/۳٦٦

## جلق مفسدِ صوم ہے، یا نہیں:

سوال: جلق لگایا گیا اور منی کپڑے وغیرہ میں لگی تو اس صورت میں اعضائے تناسل دھولینا کافی ہے، یا غسل واجب ہے؟ اور مفسدِ صوم ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جلق سے اگر منی نہیں نکلی تو روزہ فاسد نہیں ہوا، (۱) اگر مذی نکلی ہے تو عضو کا دھولینا اور وضو کر لینا کافی ہے، غسل واجب نہیں، نہ روزہ فاسد ہوا، (۲) اگر منی نکلی ہے تو روزہ بھی فاسد ہو گیا اور غسل بھی واجب ہے۔ (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۹/۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۹/۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۹-۱۶۰)

## غسلِ واجب سے روزہ نہیں ٹوٹتا:

سوال: اگر روزہ کی حالت میں غسل جاتا رہے تو کیا غسل کرنے سے روزہ باقی رہے گا، یا ٹوٹ جائے گا؟

(محمد واحد، آصف نگر)

الجواب ــــــــــــــــــــ

اگر روزہ کی حالت میں کوئی شخص روزہ کی کیفیت کو یاد رکھتے ہوئے بیوی سے ہم بستر ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضا کے علاوہ کفّارہ بھی واجب ہوگا، اگر بیوی سے صحبت تو نہ کرے؛ لیکن غسل واجب ہونے میں اس کو دخل ہو تو قضا واجب ہوگی، کفّارہ واجب نہ ہوگا۔

"أو جامع فیما دون الفرج ولم ینزل وکذا الاستمناء بالکف". (۴)

اگر غسل واجب ہونے میں براہ راست اس کے عمل کو دخل نہ ہو؛ بلکہ احتلام ہو جائے، یا محض بدنگاہی اور ناشائستہ خیالات کی وجہ سے غسل واجب ہونے کی نوبت آجائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

"أو احتلم أو انزل بنظر ولو إلٰی فرجها مراراً أو بفکر وإن طال". (۵) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۱۱-۴۱۲)

---

(۱) (قوله: الاستمتاع بالکف): أی کونه لا یفسد، لکن هٰذا إذا لم ینزل، أما إذا أنزل فعلیه القضاء، کما سیصرح به، وهو المختار. (رد المحتار، کتاب الصوم، مطلب فی حکم الاستمناء بالکف: ۲/۳۹۹، سعید)

(۲) لا عند (مذی أو ودی) بل الوضوء منه ...آه. (الدر المختار) قوله: بل الوضوء منه، الخ: أی بل یجب الوضوء منه: أی من الودی ومن البول جمیعا. (رد المحتار: ۱/۱۶۷، کتاب الطهارة، سعید)

(۳) "الصائم اذا عالج ذکره حتی أمنی، یجب علیه القضاء، وهو المختار". (البحر الرائق، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده: ۲/۴۷۵، رشیدیة)

(۴) الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصوم: ۳/۳۷۰-۳۷۱

(۵) الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصوم: ۳/۳۶۷

## حکم تبرد در صوم برائے دفع تشنگی:

سوال: درحالت صوم از شدت تشنگی برائے تفریح وتبرید غسل کردن جائز ست، یانہ؟

الجواب

فی الدر المختار: لا تكره حجامة وتلفف بثوب مبتل ومضمضة أواستنشاق أواغتسال للتبرد عند الثاني وبه يفتى.

فی رد المحتار: (قوله:وبه يفتى)لأن النبى صلى الله عليه وسلم صب علىٰ رأسه الماء وهو صائم من العطش أومن الحر، رواه أبوداؤد، كان ابن عمريبل الثوب ويلفه عليه وهو صائم.

ولان هذه الاشياء بها عون على العبادة ودفع الضجر الطبيعى وكرهها أبوحنيفة لما فيها من اظهار الضجر فى العبادة كما فى البرهان،إمداد.(۱۸۳/۲)(۱)

ازیں روایت معلوم شد کہ اگر غسل کردن بدیں طور است کہ از واظہار بےصبری می شود کراہت دارد واگر بطور تسہل عبادت واستعانت بر وباشد غیر مکروہ است،وهو وجه التوفيق بين قول الإمام والثاني.(۲)

۱۲/رمضان ۱۳۳۳ھ (تتمہ ثالثہ،ص:۷۷) (امداد الفتاویٰ:۱۴۰/۲)

## روزہ کی حالت میں پانی میں ریح خارج ہونے کا حکم:

سوال: روزہ دارکو اگر پانی میں بائے سرے [ریح خارج ہوجائے]، یا استنجا کرنے کے وقت تو روزہ رہا، یانہیں؟

الجواب

استنجا کرنے میں بائیں نکلنے سے، روزہ میں کچھ نقصان نہیں ہوتا۔فقط

(بدست خاص)(باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ،ص:۲۰۸)

## حالتِ صوم میں شرمگاہ میں انگلی ڈالنا اور تقبیل:

سوال: سحری کھانے کے بعد بیوی سے صحبت کرنا، یا شرمگاہ میں انگلی ڈالنا، یا وہ خود ڈالے، روزہ میں کیسا ہے؟ یا یہ سب کرنے سے روزہ میں کوئی فرق آتا ہے، یا قضا واجب ہے، یا کیا؟ جواب دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

صبح صادق سے پہلے تو ان چیزوں سے؛ بلکہ صحبت سے بھی روزہ میں کوئی خرابی نہیں آتی؛ اس لیے کہ روزہ صرف

(۱) ردالمحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۴۱۹/۲، دارالفكر،انيس

(۲) اگر بےصبری کی وجہ سے غسل کرے تو یہ مکروہ ہے؛لیکن اگر عبادت کی لذت اور صرف ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے غسل کرے، تو مکروہ ہے،اس طرح دونوں روایتوں میں تطبیق ہوجاتی ہے۔انیس

سحری کھا لینے سے شروع نہیں ہوتا؛ بلکہ صبح صادق سے شروع ہوتا ہے؛(۱) اس لیے پہلے روزہ ہی نہیں، صبح صادق کے بعد اگر بیوی کی شرمگاہ میں انگلی داخل کی، یا بیوی نے خود داخل کی، اگر وہ انگلی خشک ہے تو روزہ فاسد نہیں ہوا، اگر تر تھی فاسد ہو گیا، قضا لازم ہو گی۔(۲)

بوسہ اگر اس طرح کر لیا کہ اس کی رال لعاب میں نگل گیا تو روزہ فاسد ہو گیا اور کفارہ بھی لازم ہو گا،(۳) جس کو جماع، یا انزال کا اندیشہ ہو، اس کو یہ سب نہیں کرنا چاہیے، جس کو اندیشہ نہ ہو، اس کے لیے بوسہ لینے میں مضائقہ نہیں؛ مگر اس طرح نہ لے کہ روزہ فاسد ہو جائے۔(۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۱۳۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۱۳۸۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۴۳-۱۴۴)

## روزہ کی حالت میں بوس و کنار:

سوال: کیا روزہ کی حالت میں کوئی شخص اپنی شریک حیات سے بوس و کنار کرسکتا ہے؟ (امین اسلام، دبیر پورہ)

الجواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روزہ کی حالت میں ازواج مطہرات کا بوسہ لینا ثابت ہے۔(۵)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

''ایک صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روزہ کی حالت میں بیوی کے ساتھ چمٹنے کے بارے میں سوال کیا تو

---

(۱) هو إمساک عن المفطرات حقيقةً أوحكماً في وقت مخصوص، وهو اليوم. (الدرالمختار)
قال الشامي: أي اليوم الشرعي من طلوع الفجر إلى الغروب. (ردالمحتار، كتاب الصوم: ۳۷۱/۲، سعيد)

(۲) أو أدخل أصبعه اليابسة فيه: أو فرجها، ولو مبتلة، فسد. (الدرالمختار علىٰ تنوير الأبصار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۳۹۷/۲، سعيد)

(۳) ولو أكل ورق شجر إن كان مما يؤكل عادة، وجبت، وإلا وجب القضاء فقط. وكذا لو خرج البزاق من فمه ثم ابتلعه، وكذا بزاق غيره؛ لأنه مما يعاف منه، ولو بزاق حبيبه أو صديقه وجبت؛ لأنه يتلذذ به ... كما قاله في أواخر الكنز، فصار ملحقاً بما فيه صلاح البدن. (ردالمحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد، مطلب: جواز الافطار بالتحري: ۴۱۰/۲، سعيد)

"ومنه ابتلاع بزاق زوجته أو بزاق صديقه؛ لأنه يتلذذ به". (مراقي الفلاح علىٰ نور الايضاح، ما يفسد الصوم وتجب به الكفارة، ص: ۲۶۷، قديمي)

(۴) ولا بأس بالقبلة إذا أمن علىٰ نفسه: أي الجماع أو الإنزال، و يكره إذا لم يأمن؛ لأنه عينه ليس يفطر، وربما يصير فطرا بعاقبته فإن أمن يعتبر عينه وأبيح له، وإن لم يأمن تعتبر عاقبته". (الهداية، كتاب الصوم، باب ما يوجب القضاء والكفارة: ۲۱۷/۱، شركة علمية)

(۵) مسند الإمام أحمد بن حنبل: ۲۳۴/۶

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دے دی، دوسرے صاحب آئے، انہوں نے بھی یہی سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منع فرمادیا، جن صاحب کو آپ نے اجازت مرحمت فرمائی وہ سن رسیدہ آدمی تھے اور جن کو منع فرمایا وہ جوان تھے"۔(۱)

اس بنیاد پر فقہا نے لکھا ہے کہ جو شخص اپنے نفس کے بارے میں مطمئن ہو کہ وہ بوس و کنار ہی پر قانع رہ سکتا ہے تو اس کے لیے روزہ کی حالت میں اس کی گنجائش ہے اور جس شخص کو اس کے بارے میں اطمینان نہ ہو، اس کے لیے روزہ کی حالت میں بوس و کنار مکروہ ہے۔

"**كره قبلة ومس ومعانقة ... إن لم يأمن المفسد وإن أمن لا بأس**".(۲)

عام طور پر سن رسیدہ حضرات کے بارے میں امید ہوتی ہے کہ وہ اپنے آپ پر قابو رکھ سکیں گے اور نوجوان کے بارے میں روزہ ٹوٹ جانے کا اندیشہ رہتا ہے؛ اس لیے اس کی رعایت ملحوظ رکھنا مناسب ہے۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۳۹۰-۳۹۱)

## زنا سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے تو غیبت سے کیوں نہیں ٹوٹتا:

سوال: کنز الدقائق میں آیا ہے کہ:

"**ومن جامع أو جومع أو أكل أو شرب غذاء أو دواءً عمداً قضىٰ و كفر**".

اور حدیث شریف میں آیا ہے:

"**وعن أبى سعيد وجابر قالا: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الغيبة أشد من الزنا، إلخ**".

جب زنا سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے تو غیبت سے بدرجہ اولیٰ ٹوٹنا چاہیے، اس وجہ سے کہ یہ اس سے زیادہ سخت ہے؟

**الجواب**

اشد ہونے سے مفطر ہونا لازم نہیں آتا؛ کیوں کہ یہ اشدیت باعتبار گناہ کے ہے، نہ باعتبار منافات رکن صوم کے، بخلاف اکل وشرب و جماع کے کہ منافی ہے رکن صوم؛ یعنی امساک عن المفطرات الثلاث کے، غایت یہ کہ وہ صوم بسبب اقتران گناہ کے قابل قبول نہ ہو؛ لیکن عدم قبول سے عدم صحت لازم نہیں، جس طرح اسبال ازار سے نماز قبول نہیں ہوتی؛ لیکن صحیح ہو جاتی ہے اور یہ اشدیت بھی من کل الوجوہ نہیں؛ بلکہ خود حدیث میں وہ وجہ خاص آئی ہے کہ زنا توبہ سے معاف ہوتا ہے اور غیبت بدون عفو مغتاب کے معاف نہیں ہوتی۔

۱۶/رمضان ۱۳۳۱ھ (تتمہ ثانیہ، ص:۷۰) (امداد الفتاوی:۲/۱۴۰)

## روزہ میں دمہ کے مریض کا انہیلر استعمال کرنا:

سوال: زید کی عمر ۶۷/برس ہے، دمہ کا شدید مریض ہے، دن میں تین مرتبہ انہیلر لینے کی ضرورت پیش آتی ہے،

(۱) سنن أبي داؤد، رقم الحديث: ٢٣٨٧

(۲) بدائع الصنائع: ٢/٢٦٩

رمضان المبارک کی آمد سے پہلے بہت کوشش کی کہ دن میں دومرتبہ پر اکتفا کروں؛ لیکن بجائے فائدہ کے نقصان ہوگیا اور ڈاکٹر نے کہا کہ آپ دو کے بجائے چار دفعہ لیا کریں، ایسی حالت میں میرے لیے روزہ کا کیا حکم ہے؟

(محمد عزیز الدین، حسینی علم)

سوال: ایک شخص کو دمہ کی شکایت ہے، انہیلر دینے سے پھیپھڑوں کو سکون ملتا ہے، گیس اندر جا کر پھیپھڑوں کو کھولتی ہے، ہر دو گھنٹہ پر انہیلر لینا پڑتا ہے، یہ ناک کے ذریعہ بھی لی جاسکتی ہے تو کیا روزہ کی حالت میں انہیلر لیا جاسکتا ہے؟

(عبداللہ صدیقی، مقام غیر مذکور)

الجواب

انہیلر کے ذریعہ دوا کے اجزا حلق کے نیچے پہنچتے ہیں، یا یہ گیس میں تبدیل ہوکر حلق سے نیچے جاتی ہے، اس سلسلہ میں مجھے کما حقہ تحقیق نہیں ہے اور بعض ڈاکٹروں سے گفتگو پر بھی یہ بات واضح نہیں ہوسکی؛ اس لیے راقم الحروف یہ رائے دیا کرتا ہے کہ انہیلر لیتے ہوئے روزہ رکھ لیا جائے کہ اپنی طاقت وصلاحیت کے مطابق حکم خداوندی کی اطاعت ہوجائے اور جو لوگ صاحب استطاعت ہوں، وہ فدیہ بھی ادا کردیں کہ اگر روزہ کافی نہ ہو تو فدیہ سے اس کمی کی تلافی ہوجائے، جیسے منہ کے راستہ سے کسی چیز کا حلق سے نیچے پہونچانا روزہ کو توڑ دیتا ہے، اسی طرح ناک کے ذریعہ بھی کسی چیز کا پہونچانا روزہ کے لیے مفسد ہے؛ اس لیے انہیلر کی دونوں صورتوں کا حکم ایک ہی ہے۔ واللہ اعلم

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۹۳-۳۹۴) ☆

## روزہ میں انجکشن اور پمپ سے منہ میں ہوا لینا:

سوال: فرض روزہ کی حالت میں انجکشن لگوانا اور سانس کے مریض کا پمپ کے ذریعہ منہ میں ہوا لینا کیسا ہے؟

### ☆ روزہ میں انہیلر اور انجکشن:

سوال: میں دمہ کا مریض ہوں، کیا روزہ کی حالت میں انہیلر کا استعمال کرسکتے ہیں اور کیا انجکشن لے سکتے ہیں؟ انہیلر منہ میں رکھ کر دبانے سے دوا گیس کے طور پر راست پھیپھڑوں میں چلی جاتی ہے اور چند لمحوں میں آرام ہوجاتا ہے؟ (شیخ عابد علی، کوہیر)

الجواب

روزہ کی حالت میں ایسا انجکشن لینے میں کوئی حرج نہیں، جس کی دوا براہِ راست معدہ میں نہیں پہنچتی؛ بلکہ رگوں، یا گوشت کے واسطہ سے جسم کے اندر داخل ہوتی ہے، انہیلر کے بارے میں مجھے جہاں تک علم ہے، اس میں دوا سیال صورت میں موجود ہوتی ہے، حلق میں اس دوا کا ذائقہ بھی محسوس ہوتا ہے، ممکن ہے کہ پھیپھڑے میں پہنچ کر وہ گیس بن جاتی ہے، فقہا کی تصریحات سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ صورت روزہ کو فاسد کردیتی ہے، البتہ مجھے اس مسئلہ میں کسی قدر تامل ہے؛ اس لیے کہ حلق میں ایک نالی نظام تنفس سے متعلق ہے اور دوسری غذائی نالی ہے، جس سے انسان کھاتا پیتا ہے تو اگر انہیلر کا اثر تنفس کی نالی سے متعلق ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص انہیلر لیے بغیر دن بھر نہیں رہ سکتا ہو تو وہ انہیلر لیتے ہوئے روزہ رکھ لے اور احتیاطاً ہر روزہ کا فدیہ بھی ادا کرتا جائے، ایک روزہ کا فدیہ ایک مسکین کو دو وقت کا کھانا کھلانا ہے۔ واللہ اعلم (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۹۴-۳۹۵)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

انجکشن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا؛(۱) الا یہ کہ جوفِ معدہ میں دوا پہونچائی جائے۔(۲) ہوا منہ کے اندر جانے سے بھی روزہ فاسد نہیں ہوتا اگر چہ پمپ سے پہونچائی جائے،(۳) البتہ آج کل کے جو پمپ استعمال ہوتا ہے، اس میں دوا کے اجزا ہوتے ہیں اوران اجزا کا معدہ میں پہونچنا یقینی ہوتا ہے، لہٰذ کے اس کے استعمال سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، جب کہ اس میں کوئی اور چیز نہ ہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۴-۱۵۵)

## روزہ میں انجکشن اور سلائین لگوانا:

سوال: اگر کوئی شخص حالت روزہ میں انجکشن لگوالے، تو کیا اس کا روزہ باقی رہے گا، ایسا انجکشن جو غذا کا فائدہ دیتا ہے۔ نیز کیا حالتِ روزہ میں یہ استعمال کیا جاسکتا ہے؟ نیز سلائین استعمال کرنا کیسا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

مفسد صوم صرف وہ چیز ہوتی ہے کہ جوف معدہ میں دوا، یا غذا بعینہٖ پہنچ جائے، چاہے منفذ معتاد سے پہنچے، یا منفذ غیر معتاد سے پہنچے اوراگر دوا، یا غذا بعینہٖ جوف معدہ میں نہ پہنچے؛ بلکہ دوا، یا غذا بعینہٖ صرف رگوں پٹھوں تک رہ جائے اور صرف اس کا اثر ونفع جوف معدہ تک پہنچے تو بھی روزہ فاسد نہیں ہوگا۔

پس ان تمام انجکشنوں میں جو شرائینی ہوں، یا وریدی، یا استعمال سلائینی ہو، دوا، یا غذا بعینہٖ جوف معدہ میں نہیں پہنچتی، لہٰذا ان میں سے کوئی بھی مفسد صوم نہ ہوگا۔ ہاں اگر کسی تدبیر سے بعینہٖ دوا یا غذا جوف معدہ میں پہنچادی جائے، جیسے حقنہ، یا نلکی وغیرہ کے ذریعہ سے بعینہٖ دوا، یا غذا جوف معدہ میں پہنچادی جائے، یا پہنچادی جاتی ہے تو ان صورتوں میں روزہ بلاشبہ ٹوٹ جاتا ہے اور ٹوٹ جائے گا۔

---

(۱) أو أدهن أو اكتحل أو احتجم وإن وجد طعمه في حلقه. (الدرالمختار) لأن الموجود في حلقه أثر داخل من المسام الذي هو خل البدن، والمفطر انما هو الداخل من المنافذ للاتفاق علىٰ من اغتسل في ماء، فوجد برده في باطنه أنه لا يفطر. (ردالمحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۲/۳۹۵-۳۹۶، سعيد)

(۲) وفي دواء الجائفة والآمة أكثر المشايخ علىٰ أن العبرة للوصول: إلى الجوف والدماغ، لا لكونه رطبا أو يابسا. (الفتاوىٰ الهندية، الباب الرابع فيما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۱/۲۰۴، رشيدية)

(۳) أو دخل حلقه غبارٌ ولو كان غبار دقيق من الطاحون، أو دخل حلقه ذباب، أو دخل أثر طعم الأدويه فيه فلا يفسد الصوم فيها. (مراقي الفلاح، باب في بيان ما لا يفسد الصوم، ص: ۶۶۰-۶۶۱، قديمي) / (وكذا في الدر المختار: ۲/۳۹۵، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد، سعيد) / وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب الرابع فيما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۱/۲۰۳، رشيدية)

اور جیسے دماغ کے زخم میں جس زخم کو آمہ، یا جائفہ کہتے ہیں، اس میں رقیق مرہم، یا دوا لگانے سے بعینہٖ وہ دوا جوفِ معدہ میں پہنچ جاتی ہے اور روزہ ٹوٹنے کا حکم ہو جاتا ہے۔

**وهذا حاصل ما في كتب الفقه المعتبرة للفتاوى للأحناف عندي۔** فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دار العلوم دیوبند، سہارنپور ۱۴۱۰/۹/۲۴ھ۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۱/۵۴۷-۵۴۸) ☆

## ☆ روزہ میں انجکشن:

سوال: بحالت صوم انجکشن کرنے سے روزہ میں کچھ نقصان آتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

انجکشن کے متعلق جہاں تک تحقیق کی گئی ہے، یہ معلوم ہوا ہے کہ اس میں بذریعہ عروق ومسامات کے دوا بدن میں پہنچائی جاتی ہے؛ اس لیے ناقض صوم نہیں، ناقض صوم وہ ہے، جو بذریعہ کسی منفذ کے بدن کے اندر پہنچے نہ کہ بذریعہ مسامات کے۔

**قال في الدر المختار: (أو أدهن أو اكتحل أو احتجم) وإن وجد طعمه في حلقه، ولأنه أثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ للاتفاق علىٰ أن من اغتسل في ماء فوجد برده في باطنه أنه لا يفطر". (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده: ۳۹۵/۲-۳۹۶، دار الفكر بيروت، انيس)**

اور داخل بدن میں دوا کا اثر بذریعہ عروق، یا مسامات پہنچ جانے سے فساد صوم لازم نہیں آتا، جیسے غسل کا اثر اور زہریلے جانور کے کانٹے کا اثر اکثر بدن کے اندر سرایت کر جاتا ہے؛ مگر وہ باتفاق مفسد روزہ نہیں، اسی طرح انجکشن بھی مفسد روزہ نہیں۔ اس مسئلہ کی مفصل تحقیق احقر کے رسالہ **كلمة القوم في الانجكشن في الصوم** میں مذکور ہے۔ فقط واللہ اعلم (امداد المفتیین: ۴۱۱/۲)

## روزہ میں انجکشن:

سوال: زید کو رمضان شریف میں انجکشن کی ضرورت ہے بوجہ بیماری، بخار ہو، یا پھوڑا، یا اور کوئی صورت ہو تو انجکشن لگوایا جا سکتا ہے، یا نہیں؟ اور کوئی صورت جواز کی ہے، یا نہیں؟ اگر ہے تو پھر حدیث "**الفطر مما دخل، وليس مما خرج**". (شرح وقایہ، جلد اول، ص: ۱۹۷) **(وقد قال ابن عباس وابن مسعود وعلي: أن الفطر مما دخل وليس مما خرج. أخرجه البيهقي وابن أبي شيبة وعبد الرزاق. (عمدة الرعاية هامش شرح الوقاية، كتاب الصوم، باب موجب الافساد: ۲٤٧/۱، سعيد)** سے تعارض ہوگا کہ نہیں؟

(شاہ انوار الرحمٰن صاحب)

الجواب ـــــــــــــــــــــــ **حامداً ومصلياً**

انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا، **(أو ادهن أو اكتحل أو احتجم وإن وجد طعمه في حلقه. (الدر المختار) لأن الموجود في حلقه أثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن، والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ للاتفاق علىٰ من اغتسل في ماء، فوجد برده في باطنه أنه لا يفطر. (رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۳۹۵/۲-۳۹٦، سعيد) "الفطر مما دخل وليس مما خرج"** اول تو کلیہ نہیں؛ بلکہ خاص موقعہ کے متعلق ہے، **كما يظهر بأدنى تأمل.** دوسرے حصر کے لیے نہیں۔ **(وهو مخصوص بحديث الاستقاء، أو الفطر فيه باعتبار أنه يعود شيء وإن قل حتى لا يحسب به. (البحر الرائق، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۴۸٦/۲، رشيدية)** تیسرے: جو منفذ سے داخل ہو، وہ مفطر صوم ہے: **"والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ، آه"** ۔ (شامی: ۱۳۴/۲) **(رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، مطلب: يكره السهر، إلخ: ۳۹۵/۲، سعيد)** چوتھے: مطلقاً داخل بھی مفطر صوم نہیں؛ بلکہ جوف معدہ میں جو داخل ہو، وہ مفطر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۹/۱۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۱۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۵۲/۱۰-۱۵۳) ==

## روزہ میں انجکشن:

سوال: میں آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوا ہوں کہ ایک معاملہ میں اپنی تسکین کرلوں اور آپ کی رہنمائی سے فائدہ اٹھاؤں، امید کہ آپ بذات خود تکلیف وتوجہ فرماں کر جواب مرحمت فرمائیں گے۔

واقعہ یہ ہے کہ ابھی دیوبند کے دارالعلوم سے انگریزی میں ایک رسالہ رمضان المبارک میں شائع ہوا ہے، یہ رسالہ مہتمم جناب قاری محمد طیبؒ صاحب کی جانب سے ہے؛ اس لیے اس کی بڑی اہمیت ہے، اس میں لکھا ہے کہ انجکشن لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا صرف دو استثنا کیے گئے ہیں:

(۱) اگر زخم کر کے پانی پیٹ میں لے جایا جائے۔

(۲) یا براہ راست دماغ میں دوا لے جائی جائے، بقیہ انجکشن کو عمومیت کے ساتھ جائز کہا گیا ہے، اس میں مجھے شبہ گزرتا ہے اور خیال ہوتا ہے کہ یہ معاملہ مزید توجہ کا محتاج ہے۔

اسی رسالہ میں روزے کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ ''کھانے پینے اور جماع سے صبح صادق سے غروب آفتاب تک پرہیز کرنا''۔ ایک زمانہ میں کھانے کا طریقہ صرف یہ تھا کہ حلق کے راستہ سے کھانا پیٹ میں ڈالا جائے اور پینے کا بھی یہی طریقہ تھا کہ پانی حلق کے راستہ سے پیٹ میں ڈالا جائے؛ مگر سائنس کی ترقی نے نئے نئے طریقے ایجاد کیے ہیں، انہوں نے دریافت کیا کہ کھانا پیٹ میں جا کر کیا کام دیتا ہے، کھانا معدے میں ہضم ہونے کے بعد اس کا جوہر خون بن کر رگوں میں رواں ہوتا ہے، لہٰذا براہ راست خون کبھی رگوں میں پہونچا دیا جاتا ہے اور عرصہ تک اسی طرح وہ مریض کو وہ جوہر رگوں میں پہونچا کر جو کھانے کا مقصد ہے، بلا کھانا کھلائے رکھا جاتا ہے۔ اسی طرح پانی پینے کا بھی ایک مقصد رگوں کو سیراب کرنا ہے، ایک کافی مقدار پانی کی ہر انسانی جسم میں موجود رہنی ضروری ہے اور اگر موجود نہ رہے تو انسان مرجائے گا؛ اس لیے ہیضہ کا مرض پانی کی کمی سے ہوتا ہے، دستوں کے راستہ اس کے جسم کا پانی نکل جاتا ہے اور اس کا علاج یہ ہے: رگ کاٹ کر پانی براہ راست رگوں میں بھر دیا جاتا ہے۔ واضح ہو کہ رگ کاٹ کر پانی پیٹ میں نہیں ڈالا جاتا ہے؛ بلکہ رگوں میں بھرا جاتا ہے، اگر ناک کے ذریعہ ٹیوب ڈال کر پیٹ میں پانی ڈالا جائے تو ڈالا جاسکتا ہے؛ مگر معدے میں سوئے ہضم ہے اور جب تک پانی تحلیل ہو کر رگوں کو سیراب کرے گا مریض ختم ہو جائے گا، لہٰذا براہ راست

---

== **روزہ میں انجکشن:**

سوال: بحالتِ صوم انجکشن لگوانا کیسا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جائز ہے۔(أو ادهن أو اكتحل أو احتجم وإن وجد طعمه في حلقه. (الدر المختار) لأن الموجود في حلقه أثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن، والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ للاتفاق على من اغتسل في ماء، فوجد برده في باطنه أنه لا يفطر''. (رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۳۹۵/۲-۳۹۶، سعید) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ محمودیہ: ۱۵۲/۱۰)

پانی رگوں میں ڈال دیا جاتا ہے۔ یہ دو مثالیں میں نے دی ہیں، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض انجکشن غذا کا، بعض پینے کا مقصد ادا کرتے ہیں، تمثیل کے لیے حسب ذیل باتوں پر نگاہ فرمائی جائے:

(الف)　گول کوز کا ۲۵، ۵۰، ۱۰۰، ۲۰۰، ۵۰۰ر سی سی کا رگوں کے ذریعہ انجکشن کھانے کا کام دے گا۔

(ب)　رگ کو کاٹ کر دو سیر چار سیر پانی براہ راست رگوں میں بھر دیا جائے، یہ طریقہ پینے کا کام دے گا۔

(ج)　رگوں کے ذریعہ خون جسم کے اندر ڈال دیا جائے، یہ طریقہ طویل اور پیچیدہ راستے کو ترک کر کے براہ راست غذا کا مقصد پورا کرتا ہے، یہ سب انجکشن ہیں اور عمومیت کے پیشِ نظر سوال یہ ہے کہ یہ سب جائز ہیں؟ اور اگر یہ جائز ہیں تو ہر آدمی کھانا کھانے کے بجائے ۵۰ر سی سی گلوکوز انجکشن لے لے، کھانے کا مقصد حل ہو جائے گا اور بلا روزہ کا مقصد پور کیے روزہ دار کہلائے گا۔

لہٰذا التماس ہے کہ آپ مندرجہ بالا امور پر میری تشفی فرما دیں، میں جناب والا کی اس عنایت وکرم فرمائی کا بہت ممنون ہوں گا۔ والسلام　　(خادم: قاضی محمد عدیل عباسی ایڈوکیٹ بستی)

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

روزے کی نقل کردہ تعریف: ''کھانے، پینے اور جماع سے صبح صادق سے غروب آفتاب تک پرہیز کرنا''(۱) انجکشن سے چاہے وہ ۵۰۰ر سی سی کا ہو، یا اس سے کم زائد کا۔ اس تعریف میں خلل نہیں آتا۔

کھانا پینا بدیہی ہے، انجکشن کو کھانا پینا نہیں کہا جاتا، رگ کاٹ کر پانی عروق (رگوں) میں پہنچانے سے جو فائدہ حاصل ہوتا ہے؛ یعنی رگوں کو تر اور سیراب کرنا۔ وہ فائدہ گو پورا نہ سہی؛ لیکن کافی مقدار میں ٹھنڈے پانی سے غسل کرنے، اس میں غوطہ لگانے، ایرکنڈیشنڈ میں داخل ہونے، سرسبز وشاداب مقام پر پہنچ جانے سے بھی حاصل ہوتا ہے، سر اور بدن پر تیل کی مالش سے بھی تیل اندر پہونچتا ہے اور رگوں میں تراوٹ پیدا ہوتی ہے، اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا،(۲) شدتِ گرمی کی وجہ سے کپڑا بھگو کر حالتِ صوم میں سر پر لپیٹنا حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔(۳) ظاہر ہے کہ اس کا مقصد بھی رگوں کو ٹھنڈا کر کے تشنگی کی بے چینی ختم کرنا تھا، جو بظاہر روزے کے مقصد کے خلاف ہے۔

---

(۱)　أما تفسيره، فهو عبارة عن ترک الأکل والشرب والجماع من الصبح إلٰی غروب الشمس بنية التقرب من الأهل. (الفتاوی الهندية، کتاب الصوم: ۱۹۴/۱، رشيدية)

(۲)　أو أدهن أو اکتحل، وإن وجد طعمه فی حلقه. (الدر المختار) لأن الموجود فی حلقه أثر داخل من المسام الذی هو خلل البدن، والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ للاتفاق علٰی من اغتسل فی ماء فوجد برده فی باطنه أنه لا يفطر. (رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۳۹۵/۲-۳۹۶، سعيد)

(۳)　أبوبکر بن عبد الرحمن قال: حدثنی من رأی النبی صلی اللّٰه تعالٰی عليه وسلم فی يوم صائف يصيب علٰی رأسه الماء من شده الحر والعطش وهو صائم. (المؤطا للامام مالک، باب ما جاء فی الصيام فی السفر، ص: ۳۳۴، مير محمد کتاب خانه) (وسنن أبی دائود، کتاب الصيام، باب الصائم يصلب عليه الماء من العطش: ۳۲۹/۱، إمدادية ملتان)

یونانی اطبا بعض امراض کے علاج میں بھپارہ دیتے ہیں،(۱) جس سے مسامات کھل کر دوا کے اثرات اندر داخل ہوتے ہیں اور اکثر مسامات سے ہی پسینہ کے راستہ امراض باہر آجاتے ہیں اور کبھی مادہ کثیفہ کو رقیق بنا کر بصورتِ اسہال، یا پلٹس مادہ خارج کر دیا جاتا ہے۔غرض کہ جو فائدے حلق کی راہ دوا جوفِ معدہ میں پہونچانے سے حاصل ہوتا ہے، وہی بھپارہ دینے سے حاصل ہوتا ہے اور یہ طریقۂ علاج طبِ قدیم میں موجود ہے، جدید انکشاف نہیں۔

فقہاو مجتہدین اس سے خوب واقف ہیں؛ مگر اس کو مفسدِ صوم قرار نہیں دیا۔

آج اس سائنس کی ترقی کی وجہ سے اگر ڈاکٹر پر اعتماد کرتے ہوئے اس کا یقین کیا جاتا ہے کہ رگوں کے ذریعہ پانی جسم میں پہنچانے سے پینے کا مقصد حاصل ہوتا ہے اور خون رگوں میں پہنچانے سے کھانے کا مقصد حاصل ہوتا ہے اور بعض مریضوں پر تجربہ اس کا مؤید بھی ہے تو آج سے چودہ سال پہلے صادق ومصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ "سبحان اللّٰہ الحمد للّٰہ" کھانے کا مقصد حاصل کرنے کے لیے مفید ہے اور جاں نثار پیروی کرنے والوں کو اس کا تجربہ بھی ہے، یہ یقین اور اعتقادیت بہت زیادہ قوی ہے، سائنس اور ڈاکٹروں کے یقین واعتماد سے کیا، اس کو بھی مفسدِ صوم قرار دیا جائے گا، غیبت کو قرآن پاک نے اکل فرمایا ہے: ﴿أيحب أحدكم أن يأكل لحم أخيه﴾ الآية (۲) اور بعض کے متعلق تجربۃً قے کرا کے مشاہدہ کرانا بھی حدیث شریف میں مذکور ہے،(۳) کیا یہ بھی مفسد صوم ہے؟

بعض صورتیں ایسی بھی ہیں کہ وہاں مشاہدۃً اکل وشرب ہے؛ مگر مقصدِ اکل وشراب اس پر کچھ بھی مرتب نہیں ہوتا، پھر بھی وہ مفسدِ صوم ہے، مثلاً: کسی نے ایک تل کھالیا، اس سے بھوک کچھ بھی دفع نہیں ہوتی؛ مگر روزہ فاسد ہو گیا،(۴) اور اگر بھول کر کھا پی لیا تو حقیقۃً اکل وشرب بھی پایا گیا اور مقصد بھی پورا ہو گیا؛ لیکن روزہ فاسد نہیں ہوا۔(۵)

---

(۱) بھپارا: جوش کی دوا، بھپارا دینا: کسی جوش کی ہوئی چیز سے سینکنا، یا بھاپ دینا۔(نور اللغات: ۱/۶۸۵، سن میل پبلیکیشنز، لاہور)

(۲) سورة الحجرات: ۱۱

(۳) عن أنس أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم أمر الناس أن يصوموا يوما ولا يفطرنّ أحد حتىٰ اذن له، فصام الناس، فلما أمسوا جعل الرجل يجيء إلىٰ رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فيقول: ظللت منذ اليوم صائما فاذن إلى فأفطر، فاذن له. ويجي الرجل فيقول ذلک، فيأذن له حتى جاء رجل فقال: يا رسول اللّٰه ان امرتأتين من أهلک ظلتا منذل اليوم صائمتين، فائذن لهما فليفطرا، فأعرض عنه، ثم أعاد، فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: "ما صامتا وكيف صام من ظل يأكل من لحوم الناس؟ اذهب فمرهما ان كانتا صائمتين أن يستقيئا". ففعلتا فقاءت كل واحدة منهما علقة، فأتى النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فأخبره، فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه سلم: "لو ما تتا وهما فيهما لأكلتهما النار". (تفسير ابن كثير: ۴/۲۷۴، سورة الحجرات، دارالفيحاء)

(۴) إذا ابتلع سمسة بين أسنانه، لايفسد صومه؛ لأنه قليل. وإن ابتلع عن الخارج يفسد. (الفتاوىٰ الهندية، الباب الرابع فيما يفسدو مالا يفسد: ۱/۲۰۳، رشيدية)

(۵) إذا أكل الصائم أوشرب أوجامع نسيانا، لم يفطر، ولا فرق بين الفرض والنفل. (الفتاوىٰ الهندية: ۱/۲۰۲، الباب الرابع فيما يفسد وما لا يفسد، رشيديه)

بعض ایسی صورتیں بھی ہیں کہ جوف میں ایسی چیز داخل ہوگئی، جو اکل وشرب کا فائدہ دینے کے بجائے وبال ومصیبت بن گئی؛ مگر روزہ فاسد ہوگیا، مثلاً: کسی روزے دار کو تیر مارا گیا اور لوہے کا حصہ اندر رہ گیا تو روزہ فاسد ہوگیا،(۱) سونے میں احتلام سے مقصدِ جماع حاصل ہوگیا مگر روزہ فاسد نہں ہوا، محض دیکھ کر انزال ہوگیا روزہ فاسد نہیں ہوا۔(۲)

سفر میں عامۃً مشقت ہوتی ہے جس کی رعایت سے شریعت نے قصر نماز کا حکم دیا اور اجازتِ افطار دی اور دوسرے بعض احکام میں بھی تخفیفاً سہولت اور رخصت دی اور مسافر سفر تین یوم (تین منزل تقریباً اڑتالیس میل) مقرر کی؛(۳) لیکن اگر کوئی شخص تین دن کی مسافت تین گھنٹہ، یا اس سے کم میں طے کرے اور بہت راحت کے ساتھ کہ کسی قسم کی مشست پیش نہ آئے تو کیا وہ نماز قصر نہیں کرے گا، یا اس کو رخصتِ افطار سے محروم کردیا جائے گا، یا دوسرے احکام میں تخفیف کی سہولت ورخصت سے فائدہ نہیں حاصل کرسکے گا۔

اصل یہ ہے کہ قانون پر عمل کی صورت شرعاً تجویز کردی گئی ہے، اس طرح عمل کیا جائے اور اس پر حکم دیا جائے گا، اس کے خلاف اپنی دوسری صورت تجویز کرکے اپنے تجویز کردہ مقصدِ قانون کو پورا کیا گیا تو وہ شرعاً قانون پر عمل نہیں ہوگیا اور جو صورت حدودِ قانون کے اندر جائز ہے، اس کو مقصدِ قانون کے خلاف قرار دے کر حدود جواز سے خارج نہیں کیا جائے گا۔ سرکاری قانون ہے کہ لفافہ پر ۲۵ / پیسے کا ٹکٹ لگایا جائے، اب اگر کوئی شخص ۲۵ / پیسے کا ٹکٹ نہیں لگاتا ہے؛ بلکہ ۲۵ / پیسے لفافہ پر چپکا دیتا ہے، اس تخیل سے کہ مقصدِ قانون یہ ہے کہ ۲۵ / پیسے حکومت کے لیے خرچ کیے جائیں، سو میں نے ۲۵ / خرچ کردیے تو اس کا یہ عمل قانون پر عمل نہیں ہوگا؛ بلکہ کہا جائے گا کہ اس نے قانون میں تحریف وترمیم کی ہے، جس کا اس کو حق نہیں تھا۔ واللہ اعلم بالصواب

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۴۶-۱۵۲)

## بحالت روزہ انجکشن لگوانا:

سوال: انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، یا نہیں؟ تشریح فرماویں۔ میرا خیال ہے کہ نس میں انجکشن لگوانے سے تو براہ راست دل ودماغ پر اثر پڑتا ہے؛ لیکن گوشت پر لگوانے سے بھی براہ راست اثر ہوتا ہے، اس کی مثال میرے سامنے یہ ہے کہ افیون کا انجکشن جس کو گارخیا بھی کہا جاتا ہے، گوشت میں ہی لگایا جاتا ہے؛ لیکن اس سے دل ودماغ

(۱) (أو طعن برمح فوصل إلٰی جوفه) وإن بقی فی جوفه، كما لو ألقی حجر فی الجائفة أونفذ السهم من الجنب الاٰخر، لو بقی النصل فی جوفه، فسد. (الدر المختار علی تنویر الأبصار: ۳۹۷/۲،باب ما یفسد الصوم وما لا یفسد، سعید)

(۲) أو أدهن أو اكتحل أو احتجم أو قبل ولم ینزل، أو احتلم أو أنزل بنظر أو یكفر... لم یفطر. (الدر المختار علیٰ تنویر الأبصار: ۲۰۴/۲،الباب الرابع فیما یفسد ومالا یفسد، رشیدیه)

(۳) من خرج من عمارة موضع اقامته مسیرة ثلاثة أیام ولیالیها بالسیر الوسط ... صلی الفرض الرباعی ركعتین. (الدر المختار، باب صلوة المسافر: ۱۲۲-۱۲۳، سعید)

بالکل سن ہوجاتے ہیں اور نیند کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے، گوشت میں انجکشن لگوانے سے طاقت بھی آتی ہے۔

الجواب ـــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

یہ عام مروجہ انجکشن ان سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہے اور نہ مکروہ ہوتا ہے۔ ہاں کوئی ایسا انجکشن ایجاد ہوجائے کہ جس کے ذریعہ دوا، یا غذا جوف معدہ، یا جوف دماغ میں پہونچائی جانے لگے تو اس وقت اس قسم کے سوالات پیدا ہوں گے۔ دل ودماغ تک اثر پہنچنے سے روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے۔ (ولو داویٰ جائفة أو آمة بدواء فوصل إلیٰ جوفه أو دماغه أفطر (الهداية: ۲۰۲/۱ ،مطبع یوسفی لکھنو) جس طرح غسل کی تراوٹ عطر کی خوشبو تیل وسرمہ کے اثر سے روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے، روزہ ٹوٹتا ہے۔ غذا، یا دوا کے جوف دماغ، یا جوف معدہ میں براہ راست پہنچنے سے اور ان انجکشنوں سے دوائیں براہ راست ان اجواف میں نہیں پہنچتیں؛ بلکہ ان کا محض اثر اور نفع پہنچے تو پہنچتا رہے، یہ دوائیں صرف شریانوں اور وریدوں میں ہضم ہوکر جذب ہوجاتی ہیں، ان بحثوں میں آپ نہ پڑیں اور اگر علمی تحقیق مقصود ہے تو مفتی محمد شفیع صاحب کا ایک مفصل رسالہ ہے، اس کا مطالعہ فرمائیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند، سہارنپور الجواب صحیح سید احمد علی سعید۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۵۴۸/۱) ☆

## ☆ بحالت روزہ انجکشن لینا اور خون وگلوکوز چڑھوانا:

سوال: روزہ کی حالت میں انجکشن لگوانا کیسا ہے؟ میری سمجھ میں یہ بہتر ہے کہ قضا نہ کرے؛ بلکہ انجکشن بھی وہ لیتا رہے اور روزہ بھی رکھے؛ اس لیے کہ انجکشن نہ لگوانے میں مرض بڑھنے کا اندیشہ ہے، نیز گلوکوز اور خون چڑھوانے کا کیا حکم ہے؟ (شفیع احمد اعظمی)

الجواب ـــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

عام انجکشن جو رگوں، یا گوشت میں لگائے جاتے ہیں، ان سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، روزہ فاسد صرف اس انجکشن سے ہوتا ہے، جس کے ذریعہ غذا، یا دوا بعینہٖ قعرِ معدہ میں پہونچائی جائے، جیسے پاگل کتے کے کاٹنے کا انجکشن؛ اس لیے اگر روزہ کی حالت میں انجکشن نہ لگوانے سے مرض بڑھتا ہے تو بلا کراہت؛ یعنی جو انجکشن محض رگوں اور گوشت میں لگائے جاتے ہیں، لگوا سکتے ہیں، یہی حکم خون اور گلوکوز چڑھوانے کا ہے۔ (دو زخم ایسے ہیں کہ جن میں دوائی ڈالنے کو فقہا نے فساد صوم کا سبب قرار دیا ہے۔ (۱) آمہ: سر کے اس زخم کو کہتے ہیں جو دماغ تک پہونچا ہوا ہو اور اس میں دوا ڈلوانے کی وجہ سے اصل دماغ تک پہنچ جاتی ہو۔ (۲) جائفہ: پیٹ کے اس زخم کو کہتے ہیں، جو کہ جوف بطن تک پہونچ گیا ہو اور اس میں دوا ڈالنے کی بنا پر پیٹ میں پہنچ جاتی ہو، لہٰذا ان دونوں زخموں میں دوا ڈالنے کی وجہ سے روزہ فاسد ہوجائے گا، ان کے علاوہ کسی بھی طرح کا زخم ہو اس میں دوا ڈلنا مفسد صوم نہیں ہے، ملاحظہ ہو: الهدايه مع الدراية، ص: ۲۲۰، کتاب الصوم، آمة: إسم لجراحة وصلت إلی الدماغ. والجائفة: إسم لجراحة وصلت إلیٰ الجوف. (شرح العناية علیٰ هامش فتح القدير: ۲۶۶/۲، کتاب الصوم)

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند سہارنپور (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۵۴۹/۱)

## انجکشن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا:

سوال: ماہ رمضان کے روزوں میں روزہ دار شخص انجکشن؛ یعنی سوئی لگوائے تو روزہ فاسد ہوجاتا ہے، یا نہیں؟ اگر فاسد ہوجاتا ہے تو صرف روزہ کی قضا ہے، یا کفارہ بھی دینا لازم ہے؟

(المستفتی: ۲۰۰۵، مولوی محمد غالب، وزیرستان، ۶/رمضان ۱۳۵۶ھ، ۱۱/نومبر ۱۹۳۷ء)　==

## انجکشن سے فسادِ روزہ کا شبہ:

سوال: انجکشن کے اثرات اگرچہ منافذِ اصلیہ کے ذریعہ پیٹ تک نہیں پہنچتے؛ لیکن بعض انجکشن سے قوت وتوانائی حاصل کی جاتی ہے تو کیا روزہ دار کے لیے اس کا استعمال درست ہوگا؟ اور کیا ایسا کرنے والے کا روزہ فاسد نہ ہوجائے گا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

کسی چیز کا بدن کے کسی حصہ کے اندر داخل ہوجانا مطلقاً روزہ کو فاسد نہیں کرتا؛ بلکہ اس کے لیے دو شرطیں ہیں: اول یہ کہ وہ چیز جوفِ معدہ میں، یا دماغ میں پہنچ جائے۔ دوسرے یہ کہ یہ پہنچنا بھی مخارقِ اصلیہ؛ یعنی: منفذِ اصلی کے راستہ سے ہو، اگر کوئی چیز مخارقِ اصلیہ کے علاوہ کسی دوسرے کیمیائی طریقہ سے جوفِ معدہ، یا دماغ میں پہنچا دی جائے تو وہ بھی مفسد صوم نہیں۔ انجکشن کے ذریعہ بلا شبہ دوا، یا اس کا اثر پورے بدن کے ہر حصہ میں پہونچ جاتا ہے؛ مگر یہ پہنچنا

==

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

انجکشن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، نہ قضا واجب ہوتی ہے، نہ کفارہ۔ (انجکشن سے منافذ کے ذریعے جوفِ بطن، یا جوف دماغ میں کچھ نہیں پہنچتا ہے اور روزہ فاسد اس وقت ہوتا ہے، جب منافذ کے ذریعے جوف دماغ، یا جوفِ بطن میں کچھ پہنچے، لہٰذا اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور جب روزہ نہیں ٹوٹا تو قضا وکفارہ بھی نہیں۔ ''في تنوير الأبصار، أو ادهن أو اكتحل أو احتجم، وإن وجد طعمه في حلقه. وفي الشامية، لأن الموجود في حلقه أثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن، والمفطر، إنما هو الداخل من المنافذ إلخ. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالا يفسده: ۲/ ۳۹۵ سعيد) فقط

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی (کفایت المفتی: ۴/ ۲۵۳)

### انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا:

(الجمعیۃ، مورخہ ۲۲/ مارچ ۱۹۲۷ء)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

انجکشن کے ذریعہ سے اگر دوا کا جسم جوف بدن میں نہ پہنچے تو روزہ فاسد نہ ہوگا اگرچہ دوا کا اثر سارے جسم میں سرایت کر جاتا ہو۔ (حوالہ بالا)

محمد کفایت اللہ غفرلہ (کفایت المفتی: ۴/ ۲۵۴)

### انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا:

(الجمعیۃ، مورخہ ۲۴/ فروری ۱۹۳۶ء)

سوال: یہاں طاعون کی بیماری پھیلی ہوئی ہے اور رمضان کا مہینہ ہے، بعض روزہ داروں نے روزہ کی حالت میں بخیال حفظان صحت سوئی لگوائی یعنی بذریعہ انجکشن دوا جسم کے اندر داخل کی گئی روزہ جاتا رہا یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

انجکشن (جس کے ذریعہ سے دوا براہ راست منفذ غذا ودوا اور بطن میں نہ پہنچے) موجب افطار صوم نہیں، اگرچہ عروق (رگوں) میں دوا پہنچتی ہے؛ مگر یہ موجب افطار نہیں۔ (حوالہ بالا)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۴/ ۲۵۴)

منفذِ اصلی کے راستہ سے نہیں؛ بلکہ عروق (رگوں) کے راستہ سے ہے، یہ راستہ منفذِ اصلی نہیں؛ اسی لیے گرمی کے موسم میں کوئی شخص اگر ٹھنڈے پانی سے غسل کرتا ہے تو پیاس کم ہو جاتی ہے؛ کیوں کہ پانی کے اجزاء مسامات کے راستہ سے اندر جاتے ہیں؛ مگر اس کو کسی نے مفسدِ صوم نہیں قرار دیا، اس سے یہ شبہ بھی رفع ہو گیا کہ گلوکوز وغیرہ کے انجکشن ایسے ہیں کہ ان کے ذریعہ بدن کو غذا جیسی قوت پہنچ جاتی ہے؛ اس لیے ان کا حکم غذا کا سا ہونا چاہیے؟ جواب واضح ہے کہ قوت پہنچانا مطلقاً مفسد صوم نہیں، جیسے ٹھنڈک پہنچانا مفسد صوم نہیں؛ بلکہ منفذ اصلی کے راستہ سے کسی چیز کا جوف معدہ، یا دماغ میں پہنچنا مفسد ہے، وہ انجکشن میں نہیں پایا جاتا، اگرچہ قوت اس سے پہنچ جائے۔ (آلات جدیدہ، از: مفتی محمد شفیع: ۱۵۶-۱۵۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم (محمود الفتاویٰ: ۳۱۹/۴-۳۲۰)

## انجکشن مفطر صوم ہے، یا نہیں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ آج کل جو انجکشن کے ذریعہ دوا بدن میں پہونچائی جاتی ہے، یہ مفسد صوم ہے، یا نہیں؟ ادلہ شرعیہ سے جواب عنایت فرمایا جائے۔

### الجواب

ڈاکٹروں سے تحقیق کرنے سے، نیز تجربہ سے یہ بات ثابت ہوئی کہ انجکشن کے ذریعہ دوا جوف عروق میں پہونچائی جاتی ہے اور خون کے ساتھ شرائین، یا اوردہ میں اس کا سریان ہوتا ہے، جوف دماغ، یا جوف بطن میں دوا نہیں پہنچتی اور فسادِ صوم کے لیے مفطر کا جوف دماغ، یا جوف بطن میں پہنچنا ضروری ہے، مطلقاً کسی عضو کے جوف میں، یا عروق (شرائین واوردہ) کے جوف میں پہونچنا مفسد صوم نہیں، لہٰذا انجکشن کے ذریعہ سے جو دوا بدن میں پہونچائی جاتی ہے، مفسد صوم نہیں۔ فقہا کی عبارتیں دو طرح پر تقریباً؛ بلکہ حقیقتاً اس دعوے کی تصریح کرتی ہیں، اول تو یہ کہ فقہا نے زخم پر ڈالنے کو مطلقاً مفسد نہیں فرمایا؛ بلکہ جائفہ، یا آمہ کی قید لگائی ہے؛ کیوں کہ انہیں دو قسم کے زخموں سے دوا جوف دماغ، یا جوف بطن کے اندر پہنچتی ہے، ورنہ جوف عروق کے اندر تو دوسری قسم کے زخموں سے بھی دوا پہنچ جاتی ہے۔

دوسرے بہت سی جزئیات فقہیہ مسلمات فقہا میں سے ایسی ہیں، جن میں دوا وغیرہ مطلقاً جوف بدن میں تو پہنچ گئی؛ لیکن چوں کہ جوف دماغ، یا جوف بطن میں نہیں پہنچی؛ اس لیے اس کو مفطر ومفسد صوم نہیں قرار دیا، جیسے مرد کی پیشاب گاہ کے اندر دوا، یا تیل وغیرہ چڑھانے سے باتفاق ائمہ ثلاثہ روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

**کما صرح به الشامي حيث قال: وأفاد أنه لو بقي في قصبة الذكر لايفسد اتفاقاً ولاشک في ذلک.** (شامي، ص: ۱۰۳، ومثله في الخلاصة: ۲۵۳/۱، نقلاً عن أبي بكر البلخي)

اگر دوا مثانہ تک پہنچ جائے، تب بھی امام اعظمؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک مفسد صوم نہیں، امام ابو یوسفؒ جو مثانہ میں پہنچ جائے، اس کو مفسد قرار دیتے ہیں، وہ بھی اس بنا پر کہ ان کو یہ معلوم ہوا کہ مثانہ اور معدہ کے درمیان منفذ ہے، جس سے

دوا معدہ میں پہنچ جاتی ہے، ورنہ نفس مثانہ میں پہنچنے کو وہ بھی مفسد نہیں فرماتے؛ اسی لیے صاحب ہدایہ نے اس اختلاف کے متعلق فرمایا:

**فکأنه وقع عند أبی یوسف أن بینه وبین الجفوف منفذاً ولهٰذا یخرج منه البول ووقع عند أبی حنیفة أن المثانة بینهما حائل والبول یترشح منه وهٰذا لیس من باب الفقه.**

محقق ابن ہمام اس کی شرح میں فرماتے ہیں:

**یفید أنه لاخلاف لو اتفقوا علیٰ تشریح هٰذا العضو فإن قال أبویوسف بالافساد إنما هو علیٰ بناء قیام المنفذ بین المثانة والجوف (إلیٰ قوله) قال فی شرح الکنز: وبعضهم جعل المثانة نفسها جوفاً عند أبی یوسف وحکی بعضهم الخلاف ما دام فی قصبة الذکر ولیسا بشیء، انتهی.**

الغرض اسی طرح اگر کان میں پانی ڈالے تو روزہ فاسد نہیں ہوتا، **کما صرح به فی الدر المختار والخلاصة،** حالاں کہ کان بھی ایک جوف ہے، اسی طرح اگر کوئی انگور وغیرہ کو ایک تاگے میں باندھ کر نگل جائے اور پھر معدہ میں پہنچنے سے پہلے کھینچنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، **کما قال فی الخلاصة:**

**وعلیٰ هٰذا لو ابتلع عنباً مربوطا بخیط، ثم أخرجه لا تفسد صومه.** (الخلاصة: ۲۶۱/۱)

**ومثله فی العالمگیریة، مطبوعة الهند، ص: ۲۰۲، ولفظه: ومن إبتلع لحما مربوطاً علیٰ خیط ثم انتزعه من ساعة لایفسد وإن ترکه فسد، کذا فی البدائع.**

اگر مطلق جوف بدن میں کسی شے کا پہنچنا مفسد ہوتا تو خود پیشاب گاہ بھی ایک جوف ہے اور مثانہ تو بدرجہ اولیٰ جوف ہے کان اور حلق بھی جوف ہیں، ان میں پہونچنا بلاخوف مفسد صوم ہوتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ مطلقاً جوف بدن میں مفطر چیزوں کا پہنچنا مفطر صوم نہیں؛ بلکہ خاص جوف دماغ اور جوف بطن میں مراد ہیں؛ بلکہ جوف دماغ بھی اس میں اصل نہیں، وہ بھی اس وجہ سے لیا گیا ہے کہ جوف دماغ میں پہنچنے کے بعد بذریعہ منفذ جوف معدہ میں پہنچ جانا عادت اکثریہ ہے، جیسا کہ صاحب بحر کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے۔

**قال فی البحر: والتحقیق أن بین جوف الرأس وجوف المعدة منفذاً أصلیاً فما وصل إلیٰ جوف البطن.** (من الشامی: ۱۰۶/۲)

اس عبارت مین اس مقصد کی بالکل تصریح ہوگئی کہ جوف سے مراد صرف جوف بطن ہے اور جوف دماغ سے چوں کہ جوف بطن میں پہنچنا لازمی ہے؛ اس لیے اس میں پہنچنے کو بھی تبعاً لجوف المعدہ مفسد قرار دیا ہے، اسی طرح حقنہ وغیرہ کو تبعاً لجوف المعدہ مفسد کہا گیا ہے۔ فتاوی قاضی خاں میں ہے:

**أما الحقنة والوجور فلأنه وصل إلی الجوف ما فیه صلاح البدن وفی القطور والسعوط؛ لأنه وصل إلی الرأس ما فیه صلاح البدن.**

اس عبارت سے بھی یہ ہی معلوم ہوا کہ جس جوف میں پہونچنا مفسد صوم ہے، وہ جوف معدہ اور جوف دماغ ہے، مطلقاً جوف مراد نہیں اور خلاصۃ الفتاوی کی عبارت اس مضمون کے لیے بالکل نص صریح ہے۔

**وهي هٰذا وما وصل إلٰى جوف الراهن والبطن من الأذن والأنف والدبر فهو مفطر بالاجماع وفيه القضاء هي مسائل الاقطار في الأذن والسعوط والجور والحقنة وكذا من الجائفة والآمة عند أبي حنيفة.**

اسی طرح عالمگیری کے الفاظ بھی اس کے قریب ہیں، **وفي دواء الجائفة والأمة أكثر المشائخ علىٰ أن العبرة للوصول إلى الجوف الدماغ.** (عالمگيرية،مطبوعة الهند، ص: ۲۰۲)

اور بدائع کی عبارت ان سب سے زیادہ اس مضمون کے لیے اصرح واوضح ہے۔

**وهٰذا وما وصل إلى الجوف أوالدماغ من المحارق الأصلية كالأنف والأذن والدبر بأن استعط أواحتقن أوأقطر في أذنه فوصل إلى الجوف أوإلى الدماغ فسد صومه ... وأما إذا وصل إلى الجوف أوإلى الدماغ من غير المخارق الأصلية بأن داوى الجائفة والأمة فإن داواها بدواء يابس لايفسد؛لأنه لم يصل إلى الجوف ولا إلى الدماغ ولوعلم أنه وصل يفسد في قول أبي حنيفة.** (بدائع، ص: ۹۳) **هٰذا كتبه سبحانه وتعالىٰ أعلم بالصواب وإليه المتاب في كل باب.**

کتبہ الاحقر محمد شفیع غفرلہ، خادم دارالافتاء دیوبند، ۱۱ر ربیع الاول ۱۳۵۰ھ۔ (النور،ص:۷، رمضان ۱۳۵۰ھ) (امداد الفتاوی:۲/۱۴۷)

سوال: میں نے آج اخی المکرّم ڈاکٹر صاحب سے انجکشن کے مفسد صوم ہونے کے بارے میں گفتگو کی، ڈاکٹر صاحب نے یہ فرمایا کہ وہ تمام اشیا جو جسم میں مالش سے جذب ہوتی ہیں، وہ ضرور بتدریج جوف میں پہنچتی ہیں، چناں چہ ایک دوا فیل پا کے لیے ران میں پہنچ جاتی ہے اور جب وہ بتدریج مسامات کے ذریعہ سے جوف معدہ میں پہنچ جاتی ہے تو اس سے بہت قے آتی ہے، اسی طرح انجکشن کا بھی حال ہے کہ وہ بھی بالضرور جوف میں پہنچتا ہے، چناں چہ مارفیا (افیون) مقئی ہے تو اس کا انجکشن بھی مقئی ہے، معدہ میں ریاح بھر جاتے ہیں اور جب خارج نہیں ہوتے تو ان کے دفع کے لیے بازو میں انجکشن لگا کے انہیں دفع کر دیا جاتا ہے۔

**الجواب**

مطلقاً پہنچنا مفسد صوم نہیں؛ بلکہ جب منفذ سے پہنچے اور مسام سے پہنچنا مفسد نہیں۔

ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ (النور، ص: ۸، شعبان ۱۳۵۱ھ) (امداد الفتاوی:۲/۱۴۷)

## تحقیق منفذ وجوف:

سوال: نیز وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ کان میں تیل، یا دوا ڈالی جائے تو اس کے معدہ میں کسی طرح پہنچنے کا امکان نہیں ہے؛ اس لیے کہ یہ ظاہری سوراخ ایک جلد پر جسے کہا جاتا ہے، ختم ہو جاتا ہے اور وہ جلد اس طرح کان میں لگی ہوئی

ہے، جس سے وہ مثل ایک بند صندوق کے ہے، جس کا راستہ صرف بیرونی سوراخ ہے، سوائے اس کے کہ کسی خاص مرض کی وجہ سے پردہ میں سوراخ ہوں، البتہ سوراخوں سے اندر پہونچنے کا امکان ہے، اسی طرح زخم دماغ (آمہ) کے متعلق بھی وہ یہ فرماتے ہیں کہ اس سے بھی کوئی منفذ معدہ تک نہیں ہے اور نہ دماغ کی دوا معدہ میں پہنچ سکتی ہے، سوائے اس کے کہ ناک کے سوراخ سے کوئی چیز ڈالی جائے تو وہ حلق میں اور حلق سے معدہ میں پہنچ سکتی ہے، یہ تمام امور جدید تشریح ومشاہدہ سے روز روشن کی طرح واضح ہو گئے ہیں، وہ یہ بھی فرماتے تھے کہ آمہ وجائفہ کے متعلق فقہا کے مسائل غلط نہیں ہیں؛ بلکہ انہی کی جو تشریح معلوم ہوئی، وہ غلط ہے؛ اس لیے ان امور پر از سر نو نظر کر کے فتاوی مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔

الجواب

جوف معدہ کے ساتھ خاص نہیں، دماغ اور معدہ دونوں کو شامل ہے۔(۱)

۸/ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ (النور، ص:۹، شعبان ۱۳۵۱ھ) (امداد الفتاویٰ: ۱۴۸/۲)

## انجکشن سے روزہ فاسد نہ ہونے پر اشکال وجواب:

سوال: آنجناب نے فتاویٰ انجکشن میں عدم فساد صوم کی تحقیق میں فقہ کی روشنی میں تحریر فرمایا ہے کہ فساد صوم کے لیے مفطر کا جوف دماغ، یا جوف بطن میں پہنچنا ضروری ہے، مطلقاً کسی عضو کے جوف، یا عروق کے جوف میں پہنچنا مفسد صوم نہیں ہے؛ لہٰذا انجکشن کے ذریعہ سے جو دوا بدن میں پہنچائی جاتی ہے، مفسد صوم نہیں اور اسی کی تائید میں آگے آپ تحریر فرماتے ہیں کہ اسی طرح اگر کان میں پانی ڈالے روزہ فاسد نہیں ہوتا، حالاں کہ کان بھی ایک جوف ہے۔

اب احقر کو اشکال یہ پیدا ہوتا ہے کہ فقہا تصریح فرماتے ہیں کہ کان میں تیل ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، حالاں کہ اصول مذکورہ کے مطابق نہیں ٹوٹنا چاہیے؛ کیوں کہ کان جوف دماغ نہیں ہے، جیسے کہ آپ کی تحریر سے مستفاد ہوتا ہے اور اگر یہ کہا جاوے کہ کان میں تیل ڈالنے سے بدن کی اصلاح ہوتی ہے؛ اس لیے مفسد صوم ہے تو یہی حال انجکشن کا ہے کہ اس کے ذریعہ سے بدن کی اصلاح ہوتی ہے، پس چاہیے کہ انجکشن سے بھی روزہ فاسد ہو امید ہے کہ جواب باصواب سے مشکور فرمائیں گے؟

الجواب

اب غور کرنے سے معلوم ہوا کہ کان کی مثال دینے میں مسامحت ہوئی کان سے جوف دماغ تک اور وہاں سے جوف بطن تک منفذ ہے اور اسی لیے کان میں تیل ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اگر پانی خود بخود داخل ہو جاوے تو فاسد

---

(۱) وما وصل إلى الجوف أو الدماغ من المحارق الأصلية كالأنف والأذن والدبر بأن استعط أو احتقن أو أقطر في أذنه فوصل إلى الجوف أو إلى الدماغ فسد صومه ... وأما إذا وصل إلى الجوف أو إلى الدماغ من غير المخارق الأصلية بأن داوى الجائفة والآمة فإن داواها بدواء يابس لايفسد؛ لأنه لم يصل إلى الجوف ولا إلى الدماغ ولو علم أنه وصل يفسد في قول أبي حنيفة. (بدائع الصنائع، فصل أركان الصيام: ۹۳/۲، دار الكتب العلمية بيروت، انيس)

نہیں ہوتا اور قصداً داخل کیا جاوے تو اس میں اختلاف ہے، ایک قول پر فاسد نہیں اور دوسرے قول پر فاسد ہو جاتا ہے اور اکثر حضرات نے دوسرے قول کو ترجیح دی ہے۔ (کذا فی الدر المختار) اور وجہ فرق تیل و پانی میں غالباً یہ ہے کہ کان منفذ پیچ در پیچ ہونے کے سبب اس منفذ سے اندر جوف تک پہنچنا تیل میں تو غالب ہے؛ کیوں کہ تیل سریع النفوذ چیز ہے، پانی میں عادۃً مشکل ہے اور شاید بالقصد داخل کرنے کی صورت میں جن حضرات نے فساد صوم کو ترجیح دی ہے، اس میں بالقصد لیٹ کر اس طرح پانی ڈالا جائے تو اندر تک پہنچ جانا کچھ بعید نہیں اور بلا ارادہ ویسے ہی نہاتے ہوئے پانی کان میں چلا گیا تو اندر جوف میں پہنچنا عادۃً مستبعد ہے، علاوہ ازیں پانی سے احتیاط دشوار بھی ہے، تیل میں کوئی دشواری نہیں۔

الغرض اس باب میں جو تیل اور پانی میں فرق کیا گیا ہے، وہ اس پر مبنی نہیں کہ کان اور جوف دماغ کے درمیان منفذ نہ ہو؛ بلکہ اس کا مبنی دوسری چیزیں ہیں؛ اس لیے اس موقعہ پر یہ مثال کان کی صحیح نہیں؛ مگر دوسری امثلہ موجود ہیں، جن سے اصل مسئلہ ثابت ہے؛ اس لیے اصل مسئلہ کے حکم میں کوئی فرق نہیں پڑتا؛ یعنی انجکشن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۸/محرم ۱۳۶۷ھ (اضافہ) (امداد المفتین: ۲/۴۱۴) ☆

---

☆ **روزہ میں انجکشن اور گلوکوز:**

سوال: کیا روزہ کی حالت میں انجکشن لیا جا سکتا ہے؟ اور گلوکوز چڑھایا جا سکتا ہے، جب کہ انجکشن اور گلوکوز کا اثر انسان کے معدہ تک بھی پہنچتا ہے؟ (علاء الدین، تنالی)

الجواب

اصل میں قرآن وحدیث میں جس چیز سے روزہ کی حالت میں منع کیا گیا ہے، وہ کھانا اور پینا ہے، جب انسان کوئی چیز کھاتا، پیتا ہے تو حلق کے فطری راستہ سے یہ چیز انسان کے معدہ تک پہنچتی ہے، فقہا نے بطور احتیاط کھانے اور پینے پر ایسی تمام صورتوں کو قیاس کیا ہے، جس میں کوئی چیز انسان کے پیٹ یا دماغ تک براہ راست پہونچائی جائے؛ اسی لیے ایسے زخم جو پیٹ اور سر میں ہوں اور معدہ اور دماغ تک زخم کے ذریعہ راستہ بن گیا ہو، ان میں دوا ڈالنے کو روزہ ٹوٹ جانے کا باعث قرار دیا گیا؛ کیوں کہ اس طرح دوا براہ راست دماغ اور معدہ تک پہنچ جاتی ہے، ایسے زخم کو''آمۃ''اور''جائفہ'' کہتے ہیں۔ (الهداية، كتاب الصوم: ۱/ ۲۰۰)

اب غور کیجئے تو انجکشن اور گلوکوز کے ذریعہ معدے تک کوئی چیز براہ راست نہیں پہنچتی؛ بلکہ دوائیں رگوں میں پہنچتی ہیں اور رگوں کے ذریعہ پورے جسم میں پھیل جاتی ہیں؛ اسی لیے انجکشن اور گلوکوز کو دوا کھانا یا پینا نہیں کہا جاتا؛ اس لیے انجکشن اور گلوکوز کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹے گا، روزہ اصل شئی کے پہنچنے سے ٹوٹتا ہے، نہ کہ کسی شئی کا اثر پہنچنے کی وجہ سے، غور کیجئے کہ پانی پینے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؛ لیکن روزے کی حالت میں ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے غسل کیا جائے، یا حلق خشک ہو رہا ہو، تھوک تک نہیں آ رہا ہو اور تراوٹ پیدا کرنے کے لیے کلی کی جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا؛ کیوں کہ حلق میں پانی نہیں پہنچا ہے؛ بلکہ پانی کا اثر پہنچا ہے۔

البتہ میرا خیال ہے کہ جس شخص کو بیماری کی وجہ سے گلوکوز چڑھانا ضروری نہ ہو، محض تقویت کے لیے روزہ کی حالت میں گلوکوز چڑھانا ایک درجہ کی کراہت سے خالی نہیں؛ کیوں کہ روزہ کا رکن اپنے آپ کو غذا سے محروم رکھنا ہے اور گلوکوز چوں کہ غذا کی ضرورت ہی کو پورا کرتا ہے؛ اس لیے گلوکوز چڑھانا گویا جسم کی غذائی ضرورت کو پورا کر دیتا ہے؛ اس لیے محض تقویت کے لیے روزہ کی حالت میں گلوکوز چڑھانے سے بچنا چاہیے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/ ۳۹۱-۳۹۲)

## طاعونی ٹیکہ مفطر صوم نہیں:

سوال: چند جراثیم طاعونی کو بکری، یا بھیڑی کی بختی، یا دودھ وغیرہ سیال شے میں ڈال دیتے ہیں، جہاں وہ اپنی نسلیں بڑھا لیتے ہیں، پھر اس سیال سے ایک ایسا عرق تیار کرتے ہیں، جس میں جراثیم طاعونی کی خفیف زہریلی تاثیر موجود ہوتی ہے، اب اس مادہ مذکور میں سے ذرا سا لے کر بذریعہ جلدی پچکاری ایک خرگوش، یا چوہے وغیرہ کے جسم میں داخل کر دیتے ہیں، جس سے اس چوہے، یا خرگوش میں علامات مرض طاعون ظاہر ہو جاتے ہیں اور جب اس کو افاقہ ہو جاتا ہے تو پھر اور تھوڑا سا مادہ مذکور اس کے جسم میں داخل کرتے ہیں، اس دفعہ علامات طاعون بہ نسبت اول کے خفیف ہوتے ہیں، اسی طرح مادہ مذکور کو چند بار داخل جسم کرنے سے اس خرگوش، یا چوہے کی ایسی حالت ہو جاتی ہے کہ پھر تھوڑی مقدار مادہ مذکور سے اس میں علامات طاعون پیدا ہی نہیں ہوتے؛ کیوں کہ اس کا خون مادۂ مذکور کی سمیت سے ایسا متاثر ہو جاتا ہے کہ پھر اس قسم کی ذرا سی سمیت کا اس پر کچھ اثر نہیں ہوتا، اب اس خرگوش، یا چوہے کے خون سے سیرم مائیت خون لے کر بذریعہ جلدی پچکاری کسی تندرست آدمی کے جسم میں داخل کرتے ہیں تو اس سے خفیف علامات پیدا ہوں گے، جن سے وہ جلد شفایاب ہوگا اور پھر مرض طاعون میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ رہے گا اور اگر مبتلا ہو بھی جاوے تو اس سے خفیف قسم کا طاعون ہوگا، مہلک نہ ہوگا اور اس کی تاثیر چھ ماہ تک رہتی ہے، چھ ماہ بعد ضرورت ہو تو دوبارہ ٹیکہ لگا لینا چاہیے۔ بہر حال اس مفصل حالت اور کیفیت لکھنے سے میرا اصل منشا اور غرض جو باعث ہیں اس عریضہ ارسال کرنے کی، یہ ہے کہ صائم کو اس ٹیکہ لگانے سے روزے میں تو کوئی خلل نہیں ہے، یا اس سے روزہ جاتا رہتا ہے، بر تقدیر چلے جانے کے قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم آوے گا، یا نہیں؟ اس کا لحاظ رہے کہ طاعونی ٹیکہ از قسم تداوی ہے اور بائیں ہاتھ کے بازو پر لگایا جاتا ہے، پچکاری کی نوک جو لوہے کی ہے اور لمبی ـــــــ اس لکیر کے برابر ہوں، سب کی سب جسم میں داخل کر دی جاتی ہے، جس کا اثر تمام رگ رگ میں اور دماغ وغیرہ میں ہوتا ہے۔ یہ ایک فتویٰ کی شکل کا عریضہ خدمت اقدس میں ابلاغ ہے۔

الجواب ــــــــــــــــ

اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، البتہ تداوی بالنجس ہے؛ اس لیے مختلف فیہ ہے۔

۲۶ رمضان المبارک ۱۳۲۸ھ (تتمہ اولی، ص: ۶۲) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۷) ☆

### ☆ طاعونی ٹیکہ اور فصد لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا:

سوال: رمضان میں ٹیکہ لگانا، یا فصد کرانا یا بذریعہ آلہ دوا بازو میں پہنچانا، جیسا کہ اس نواح میں اب ڈاکٹر لوگ بوجہ پلیگ کے کرتے ہیں، روزہ میں نقصان کرے گا یا نہیں، اللہ سے امید ہے کہ حضور تسلی بخش جواب دے کر مشکور فرماویں گے؟

الجواب ــــــــــــــــ

طاعونی ٹیکہ، یا چیچک، یا فصد لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

۲۱ رمضان ۱۳۴۷ (امداد الاحکام: ۳/۱۳۳-۱۳۴)

## طاعونی ٹیکہ لگوانا مفسدِ صوم ہے ، یانہیں:

سوال: روزہ کی حالت میں ٹیکہ لگوانا کیسا ہے، ٹیکہ لگانے سے روزہ جاتا رہتا ہے، یانہیں؟ تحریر فرمائیں۔

الجواب

قال فی الدر: أوأقطرفی إحليله ماءً أودهناً وإن وصل إلى المثانة على المذهب،وأما فی قبلها فمفسد إجماعاً لأنه كالحقنة،آه.

قال الشامی:(على المذهب) أی قول أبی حنيفة ومحمد معه فی الأظهر، وقال أبويوسف: يفطر،والاختلاف مبنی علٰى أنه هل بين المثانة والجوف منفذ أولا،وهوليس باختلاف على التحقيق،والأظهرأنه لا منفذ له ... كذا يقول الأطباء،زيلعی.(۱)

وأفاد أنه لو بقی فی قصبة الذكر لايفسد اتفاقاً ... لأن العلة من الجانبين الوصول إلى الجوف وعدمه بناءً علٰى وجود المنفذ وعدمه؛لكن هٰذا يقتضی عدم الفساد فی حشوالدبرو فرجها الداخل ولا مخلص إلا باثبات أن المدخل فيهما تجذبه الطبيعة فلايعود إلامع الخارج المعتاد وتمامه فی الفتح.

قلت:الأقرب التخلص بأن الدبر والفرج الداخل من الجوف إذ لا حاجز بينهما وبينه فهما فی حكمه والفم والأنف وإن لم يكن بينهما وبين الجوف حاجزإلا أن الشارع اعتبرهما فی الصوم من الخارج وهٰذا بخلاف قصبة الذكرفإن المثانة لامنفذ لهاعلٰى قولهما،آه.(۲)

وفی الدرأيضاً:(أوادهن أواكتحل أواحتجم)وإن وجد طعمه فی حلقه،آه.

قال الشامی: طعم الكحل أوالدهن ...وكذا لوبزق فوجد لونه فی الأصح،بحر، قال فی النهر:لأن الموجود فی حلقه أثرداخل من المسام الذی هوخلل البدن،والمفطرإنما هوالداخل من المنافذ،آه.(۳)

وفی الكنز:وإن احتقن أواستعط أوأقطرفی أذنه أوداویٰ جائفةً أوآمة بدواءٍ و وصل الدواء إلٰى جوفه أودماغه أفطر،آه،وكذا هوفی أكثرالمتون.

قال الشامی:الجائفة:الطعنة التی بلغت الجوف أونفذته،والآمة من أممته بالعصا... إذا ضربت أم رأسه وهی الجلدة التی تجمع الدماغ ... قال فی البحر:والتحقيق أن بين جوف الرأس وجوف المعدة منفذاً أصلياً فما وصل إلٰى جوف الرأس يصل إلٰى جوف البطن،آه.(۴)

(۱) رد المحتار،كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ما لايفسده:۳۷۲/۳،دارعالم الكتب الرياض،انيس

(۲) رد المحتار،كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ما لايفسده:۳۷۵/۳،دارعالم الكتب الرياض،انيس

(۳) ردالمحتار،كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ما لايفسده:۳۶۶/۳-۳۶۷،دارعالم الكتب الرياض،انيس

(۴) رد المحتار،كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ما لايفسده:۳۷۶/۳،دارعالم الكتب الرياض، انيس

وفی البدائع: وما وصل إلی الجوف أوإلی الدماغ من المخارق الأصلیة کالأنف والأذن و الدبر بأن استعط أواحتقن أوأقطر فی أذنه فوصل إلی الجوف أوإلی الدماغ فسد صومه أما إذا وصل إلی الجوف فلاشک فیه لوجود الأکل من حیث الصورة وکذا إذا وصل إلی الدماغ؛ لأن له منفذاً إلی الجوف فکان بمنزلة زاویة من زوایا الجوف،وقد روی عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلّم أنه قال للقبط بن صبرة: بالغ فی المضمضة والاستنشاق إلا أن تکون صائماً(قلت: حدیث صحیح صحّحه ابن القطان کما فی الاستدراک الحسن ۱۲ منه )ومعلوم أن استثناء ه حالة الصوم للاحترازعن فساد الصوم وإلا لم یکن للاستثناء معنیً وأما ما وصل إلی الجوف أوإلی الدماغ عن غیرالمخارق الأصلیة بأن داوی الجائفة والآمّة فإن داوها بدواء یابس لایفسد؛لأنه لم یصل إلی الجوف وإلا إلی الدماغ ولوعلم أنه وصل یفسد فی قول أبی حنیفةؒ وإن داواها بدواء رطب یفسد عند أبی حنیفةؒ وعندهما لایفسد هما اعتبراالمخارق الأصلیة؛لأن الوصول إلی الجوف من المخارق الأصلیة متیقن به ومن غیرها مشکوک فیه فلا نحکم بالفساد مع الشک،ولأبی حنیفةؒ أن الدواء إذاکان رطباً فالظاهرهوالوصول لوجود المنفذ إلی الجوف فیبنی الحکم علی الظاهر،وأما الاقطارفی الإحلیل فلایفسد عند أبی حنیفة وعندهما یفسد،قیل إن الاختلاف بینهم بناء علٰی أمرخفی وهو کیفیة خروج البول من الإحلیل فعندهما أن خروجه من لأن له منفذاً فإذاأقطرفیه یصل إلی الجوف کالاقطار فی الأذن وعند أبی حنیفةؒ أن خروج البول منه من طریق الترشح کترشح الماء من الخزف الجدید فلایصل بالاقطارفیه إلی الجوف والظاهرأن البول یخرج منه خروج الشئ من منفذه کما قالا،وروی الحسن عن أبی حنیفة مثل قولهما وعلٰی هٰذه الروایة اعتمد أستاذی،وأما الاقطارفی قبل المرأة فقد قال مشائخنا: أنه یفسد صومها بالاجماع؛لأن لمثانتها منفذاً فیصل إلی الجوف کالاقطار فی الأذن،آہ.(۱)

ان عبارات سے چند مقدمات ممہّد ہوئے:

(۱) جو چیز جوف کی طرف بدونِ منفذ کے پہنچے وہ مفطر نہیں،ودلیله مسئلة الاکتحال وغیرہ۔

(۲) افطار کامدار دخول من المنفذ پر ہے،صاحبینؒ کے نزدیک تو منافذ اصلیہ سے دخول شرط ہے اورامام صاحبؒ کے نزدیک منافذِ اصلیہ کے سوا دوسرے منافذ سے بھی دخول مفطر ہے۔

(۳) منفذ سے مراد یہ ہے کہ دماغ، یا جوف تک بلاواسطہ عروق کے راستہ ہو جائے، چناں چہ مخارقِ غیراصلیہ کی مثال میں جائفہ اورآمّہ کا بیان کرنا اس کی دلیل ہے۔تمام متون وشروح میں مخارقِ غیر اصلیہ میں امامؒ وصاحبینؒ کے اختلاف کو جائفہ اورآمّہ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے،جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر جراحت جائفہ اورآمّہ کی

(۱) بدائع الصنائع،کتاب الصوم: ۹۳/۲

حد تک نہ پہنچے اور جوف ودماغ تک بلا واسطہ منفذ نہ ہو تو امام صاحب کے نزدیک بھی اس کے ذریعہ سے وصول مفطر نہیں؛ **لأن المفطر إنماهو الداخل من المنافذ.**

اور صاحب بدائع نے امام صاحب کی طرف سے جو دلیل بیان کی ہے، وہ اس پر صاف دلالت کررہی ہے، ”**وھو قول أبی حنیفة أن الدواء إذا کان رطباً فالظاھر ھو الوصول لوجود المنفذ إلی الجوف**“ اس سے معلوم ہوا کہ جائفہ اور آمہ میں دواءِ رطب کا استعمال اسی لیے مفطر ہے کہ اس صورت میں **دخول إلی الجوف** منفذ سے ہو رہا ہے اور ظاہر ہے کہ یہاں منفذ سے وہ راستہ مراد ہے، جو بلا واسطہ جوف سے متصل ہے، نہ کہ بواسطۂ عروق کے، ورنہ امام صاحبؒ **أقطار فی الإحلیل** میں صاحبینؒ کے خلاف نہ کرتے؛ کیوں کہ گو وہاں منفذ بلا واسطہ نہ ہو؛ مگر منفذ بواسطہ تو یقیناً ہے، جس سے ترشحِ بول بمقدارِ کثیر ہوتا ہے؛ مگر اس کو امام صاحبؒ منفذ نہیں مانتے ۔پس معلوم ہوا کہ امام صاحبؒ مخارقِ اصلیہ کے سوا دیگر مخارق کو بحکمِ مخارقِ اصلیہ اس وقت مانتے ہیں، جب کہ وہ مخارقِ اصلیہ کی طرح بلا واسطہ جوف ودماغ تک متصل ہوں۔

اس تمہید کے بعد طاعونی ٹیکہ کا حکم ظاہر ہے کہ وہ مفطرِ صوم نہیں؛ کیوں کہ جس مقام پر وہ لگایا جاتا ہے، وہاں سے جوف ودماغ تک منفذ نہیں اور اگر منفذ ہو بھی تو بلا واسطہ نہیں؛ بلکہ بواسطۂ عروق کے ہے۔پس اس سے دوا کا جوف میں وصول ایسا ہی ہوگا ،جیسا کہ احلیل سے جوف میں دوا کا اثر ہوتا ہے کہ وہ بھی بلا منفذ ہے اور عروق کے واسطہ سے ہے۔علاوہ ازیں طاعونی ٹیکہ میں دوا کے چند قطرات ہوتے ہیں، جو اول بازو کے خون میں پہنچتے ہیں، پھر اس خون کے دوران سے بقیہ جسم کے خون میں پہنچتے ہیں، اسی طرح اگر کچھ خون اس دوا کا اثر لیے ہوئے جوف میں بھی پہنچتا ہو تو اس سے افطار کیوں کر ہوسکتا ہے؛ کیوں کہ اس وقت وہ جوف میں تلاشی کے بعد پہنچتا ہے، **کما اذا مضغ العلک والسمسم ثم ابتلعه**، نیز ہم کو ایک طبیب سے معلوم ہوا ہے کہ ٹیکہ کی دوا جوف میں نہیں پہنچتی؛ بلکہ صرف عروقِ جسم میں سرایت کرتی ہے؛ مگر اس پر مدارِ فتویٰ نہیں؛ بلکہ مدار پہلی دلیلوں پر ہے، اس کو محض تائید کے درجہ میں لکھ دیا، درخواست کے ساتھ داخل کرو۔اب سوال یہ ہے کہ موصوفہ اگر روزہ کی حالت میں ٹیکے لگوائے تو روزہ تو نہیں جائے گا۔

**الجواب ــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق**

ان انجکشنوں اور ٹیکوں سے روزہ میں کوئی خرابی نہیں آتی ہے۔فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دار العلوم دیوبند سہارنپور

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید، نائب مفتی دار العلوم دیوبند،۱۳۸۵/۹/۲۳ھ۔(منتخبات نظام الفتاویٰ:۱/۱۵۴)

## سانپ وغیرہ کے کاٹنے سے روزہ کا حکم:

سوال: کیا سانپ، بچھو کے کاٹنے اور انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

روزہ نہیں ٹوٹتا۔(۱) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۶۰-۱۶۱)

## روزہ میں جونک لگانا:

سوال: روزہ کی حالت میں جونک لگانا مفسدِ صوم ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ

بدن پر جونک لگانے سے روزہ پر کوئی اثر نہ پڑے گا، جیسا کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بحالت صوم فصد کرائی ہے، جیسا کہ عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے صحیحین میں نقل کردہ روایت سے مفہوم بھی ہوتا ہے اور قیاس بھی اسی کی تائید کرتا ہے؛ کیوں کہ فصد کرانے سے کچھ باہر ہی نکلتا ہے، اندر کچھ داخل نہیں ہوتا۔(كذا في أشعة اللمعات)

(مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحئی اردو: ۲۳۷-۲۳۸)

## روزہ کی حالت میں خون دینا:

سوال: اگر روزہ کی حالت میں مریض کے لیے، یا خود اپنے ٹسٹ کے لیے خون دیا جائے تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟ (عبدالمجید، نانديڑ)

الجواب ــــــــــــــــ

روزہ ایسی چیزوں سے ٹوٹتا ہے، جو جسم میں داخل ہو، نہ کہ ایسی چیزوں سے جو جسم سے خارج ہو، اس سے صرف قے کی صورت مستثنیٰ ہے، جس کی بعض صورتیں ناقض صوم ہیں؛ اس لیے خون دینے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خود روزہ کی حالت میں فصد لگوانا ثابت ہے،(۲) فصد ایک طبی عمل تھا، جس کے ذریعہ جسم کا فاسد خون باہر نکالا جاتا تھا؛ اس لیے خون دینے میں کچھ حرج نہیں، خواہ ٹسٹ کے لیے، یا کسی مریض کے لیے، البتہ اگر یہ اندیشہ ہو کہ خون دینے کی وجہ سے روزہ کو قائم نہیں رکھ سکے گا اور اضطرار و مجبوری کی حالت نہ ہو تو خون دینا مکروہ ہے، اسی احتیاط کے پیش نظر رسول اللہ نے روزہ کی حالت میں فصد لگوانے کو پسند نہیں فرمایا،(۳) اس لیے کہ تمام لوگوں میں اس کی قوت برداشت نہیں ہوتی اور خطرہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے روزہ کو قائم نہیں رکھ سکیں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۰۰-۴۰۱)

---

(۱) أوادهن أو اكتحل أو احتجم وإن وجد طعمه في حلقه. (الدر المختار) قال ابن عابدين: "لأن الموجود في حلقه أثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن، والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ للاتفاق على من اغتسل في ماء فوجد برده في باطنه أنه لا يفطر. (رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۲/۳۹۵-۳۹۶، سعيد)

(۲) سئل أنس بن مالك أكنتم تكرهون الحجامة للصائم؟ قال: لا، إلا من أجل الضعف. (صحيح البخاري، رقم الحديث: ۱۹۴۰، باب الحجامة والقيئ للصائم)

(۳) صحيح البخاري، رقم الحديث: ۱۹۳۸، صحيح مسلم، رقم الحديث: ۱۱۰۶، سنن أبي داؤد، رقم الحديث: ۲۳۷۲

## روزہ کی حالت میں دانت سے خون نکل آئے:

سوال: مجھے اکثر وضو میں کلی کرتے وقت دانت سے خون نکلتا ہے، اگر روزہ کی حالت میں بھی اسی طرح خون نکلے تو روزہ رہے گا، یا ٹوٹ جائے گا؟ (محمد واحد، آصف نگر)

**الجواب**

روزہ کسی چیز کے جسم میں داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے، نہ کہ کسی چیز کے خارج ہونے سے، لہٰذا خون نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روزہ کی حالت میں پچھنا لگوانا ثابت ہے۔(۱) ''پچھنا'' سے مراد یہ ہے کہ نشتر لگا کر نلکی کے ذریعہ جسم سے فاسد خون کھینچ لیا جاتا تھا، البتہ اگر دانت سے نکلنے والا خون حلق سے نیچے چلا جائے تو اس کی تفصیل اس طرح ہے کہ اگر خون کا ذائقہ حلق میں محسوس ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اگر ذائقہ محسوس نہ ہو؛ لیکن خون اور تھوک برابر ہو، یا خون غالب ہو، جب بھی روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر تھوک غالب ہو، خون کی مقدار کم ہو تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ مشہور فقیہ علامہ حصکفیؒ فرماتے ہیں:

**''أما إذا وصل فإن غلب الدم أو تساويا فسد، وإلا لا، إلا إذا وجد طعمه''.** (۲) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۸۳-۳۸۴)

## روزہ کی حالت میں ناخن کاٹے، یا خون نکل آئے:

سوال: بعض لوگ کہتے ہیں کہ روزے کی حالت میں ناخن نہیں نکالنا چاہیے اور یہ کہ جسم کے کسی حصہ پر زخم لگنے سے خون نکل آئے تو اس سے روزہ مکروہ ہو جاتا ہے؟ (محمد کلیم الدین موسی، رام باغ)

**الجواب**

روزہ کی حالت میں ناخن نکالنے میں کچھ حرج نہیں۔ ہاں جس شخص پر غسل واجب ہو، اس کو غسل کرنے سے پہلے ناخن، یا بال کاٹنا مکروہ ہے۔(۳) روزہ کی حالت میں اگر چوٹ لگ جائے اور خون نکل آئے تو اس سے روزہ میں کراہت نہیں آتی۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۸۴-۳۸۵)

## روزہ کی حالت میں بال، ناخن کاٹنا اور مسواک وسرمہ کا استعمال:

سوال: کیا روزہ کی حالت میں بال کٹوانا، ناخن کاٹنا، سرمہ لگانا، مسواک کرنا درست ہے، یا اس سے روزہ مکروہ ہوتا ہے؟ (باسط عظیم صدیقی، ظہیر آباد)

---

(۱) عن ابن عباس أن النبي صلی اللّٰہ علیه وسلم احتجم وهو محرم واحتجم وهو صائم. (صحيح البخاري، رقم الحديث: ۱۹۳۸، باب الحجامة والقيئ للصائم)

(۲) الدر المختار علٰی هامش رد المحتار: ۳/۳۶۸

(۳) حلق الشعر حالة الجنابة مكروه وكذا قص الأظافير. (الفتاوی الهندية، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء وقلم الأظفار، إلخ، كتاب الكراهية: ۵/۳۵۸)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

ایسے افعال جن کا اثر جسم کے ظاہری سطح تک محدود رہتا ہے، روزہ پر ان کا کوئی اثر نہیں ہوتا، بال کٹوانا اور ناخن کاٹنا ایسی صورتوں ہی میں داخل ہے، مسواک کرنے میں بھی کوئی قباحت نہیں۔امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک روزہ دار کسی بھی وقت مسواک کرسکتا ہے۔(۱) حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے روزہ کی حالت میں بے شمار دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے۔(۲)

البتہ ائمہ اربعہ میں امام شافعیؒ کے نزدیک زوال کے بعد مسواک کرنا مکروہ ہے؛ کیوں کہ روزہ دار کے منہ کی بدبو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اور مسواک سے یہ بدبو دور ہوجاتی ہے۔(۳) امام ابوحنیفہؒ اور دوسرے فقہا کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو سے وہ بو مراد ہے، جو معدہ کے خالی ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے، نہ کہ وہ بو جو دانتوں کے صاف نہ ہونے سے پیدا ہوتی ہے، خواہ کتنا بھی مسواک کیا جائے، خلو معدہ کی وجہ سے پیدا ہونے والی بو بہر حال باقی رہے گی اور یہی بو بارگاہ ربانی میں مُشک سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

روزہ کی حالت میں سرمہ لگانا بھی حدیث سے ثابت ہے۔حضرت انس بن مالکؓ سے مروی ہے کہ:

''ایک صاحب خدمتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میری آنکھ میں تکلیف ہے، کیا میں روزہ کی حالت میں سرمہ لگا سکتا ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں''۔(۴)

اسی لیے احناف اور اکثر فقہا کے نزدیک روز کی حالت میں سرمہ لگانا درست ہے۔(کتاب الفتاویٰ:۳/۳۸۶-۳۸۷)

## روزہ میں خوشبو کا حکم:

سوال: ہومیو پیتھک میں ایک اصولِ معالجہ یہ بھی ہے کہ شکر کی سادہ گولیوں کی شیشی میں دوا کے دو تین قطرے ڈال کر رکھ دیتے ہیں، جب گولیاں خشک ہوجائیں تو انہیں مریض کو سونگھنے کی ہدایت کریں، اس طرح کہ ناک کے ایک راستہ کو بند کرکے دوسرا راستہ کھول دیں۔ایک، یا دو مرتبہ سونگھنا کافی ہوتا ہے۔اس عمل سے روزہ فاسد ہوتا ہے کہ نہیں؟

(حفیظ اللہ صاحب کھیری، لکھیم پور)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

محض کسی خوشبو، یا بدبو کے بے اختیار ناک میں جانے، یا قصداً سونگھنے سے، خواہ علاجاً ہو، یا تنشیطاً روزہ فاسد نہیں

---

(۱) لابأس بالسواک الرطب والیابس في الغداة والعشي عندنا.(الفتاویٰ الهندیة،الباب الثالث فیما یکره للصائم وما لایکره: ۱/ ۱۹۹)

(۲) سنن أبي داؤد،رقم الحدیث: ۲۳٦٤

(۳) کتاب الفقه: ۱/۵۱۹

(۴) الجامع للترمذی،رقم الحدیث: ۷۲٦

ہوتا۔اگر بتی،عطر، دوا سب کا ایک حکم ہے،(۱)البتہ اگر بتی وغیرہ سلگا کر اس کا دھواں ناک میں پہنچانا مفسدِ صوم ہے۔(کذا فی مراقی الفلاح والطحطاوی)(۲)فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۱۵۳-۱۵۴)

## سر پر تیل رکھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا:

سوال: ایک شخص نے صبح کو۱۰/بجے دن کو روزہ کی حالت میں اپنے سر پر بھول کر تیل رکھ لیا تھا۔کیا روزہ ٹوٹ گیا؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

باقی رہا،ٹوٹا نہیں،اگر جان کر رکھ لے گا تب بھی نہیں ٹوٹے گا۔(۳)فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ،مدرسہ ہذا۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۱۳۸)

## روزہ میں تیل،سرمہ اور خوشبو:

سوال(الف) کیا روزہ کی حالت میں سر پر تیل لگا سکتے ہیں؟

(ب) کیا خوشبو اور سرمہ لگا سکتے ہیں؟

(ج) کیا روزہ کی حالت میں غسل کر سکتے ہیں؟ (محمد نصیر خاں،بیگم پیٹ)

الجواب ــــــــــــــــــ

(الف) روزہ ایسی چیزوں سے ٹوٹتا ہے،جو فطری راستہ سے جسم کے اندر پہنچتی ہوں۔تیل اولاً تو دماغ کے اندر نہیں جاتا اور اگر اس کا کچھ اثر جاتا ہوتو وہ بالوں کے مسامات کے ذریعہ کھوپڑی کی ہڈیوں تک پہنچتا ہے؛اس لیے روزہ کی حالت میں سر،یا جسم میں تیل لگانے میں کوئی حرج نہیں۔

---

(۱) وکذا إذا أدخل الدخان أوالغبار أوريح العطر أوالذباب حلقه،لايفسد صومه.(فتاوی قاضی خان،الفصل الخامس فيما لا يفسد الصوم: ۲۰۸/۱،رشيدية)

(۲) أوأدخل حلقه دخان بلا صنعه) لعدم قدرته على الامتناع عنه، فصار كبلل بقى فى فمه بعد المضمضة لدخوله من الأنف إذا أطبق الفم،وفيما ذكرنا إشارة إلٰى أنه من أدخل بصنعه دخاناً حلقه بأى صورة كان إلا دخلاً،فسد صومه،سواء كان دخان عنبر أوعود أو غيرهما،حتٰى من تبخر ببخور فآواه إلٰى نفسه واشتم دخانه ذاكراً لصومه، أفطر،لامكان التحرز عن إدخال المفطر جوفه ودماغه.(حاشيه الطحاوى علٰى مراقى الفلاح،كتاب الصوم، باب فى بيان ما لا يفسد الصوم،ص: ٦٦٠، قديمى)

(۳) أوادهن أواكتحل أواحتجم أوقبل أواحتلم ... لم يفطر.(الدرالمختار،كتاب الصوم:۳۹۵/۲-۴۰۰،سعيد)

(ب) خوشبو سونگھنے میں بعینہ خوشبودار چیز جسم کے اندر داخل نہیں ہوتی؛ بلکہ اس کے لطیف اثرات جسم میں داخل ہوتے ہیں؛ اس لیے اس کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹے گا؛ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ داروں کی میزبانی کا طریقہ یہی بتایا ہے کہ انہیں خوشبو پیش کی جائے،(۱) روزہ کی حالت میں سرمہ لگانے کی اجازت بھی حدیث سے ثابت ہے؛(۲) اس لیے سرمہ لگانے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

(ج) روزہ کی حالت میں زوال سے پہلے بھی اور زوال کے بعد بھی غسل کیا جا سکتا ہے، یہی امام ابوحنیفہؒ اور اکثر فقہا کی رائے ہے اور حدیث سے بھی ثابت ہے۔(۳) (کتاب الفتاویٰ:۳/۳۹۲-۳۹۳)

---

(۱) تحفة الصائم الزائر أن تغلف لحيته،وتجمر ثيابه ويذرر،وتحفة المرأة الصائمة أن تمشط رأسها وتجمر ثيابها وتذرر.(سلسلة الأحاديث الضعيفة:۲۷٤/٤،رقم الحديث:۱۷۸۹)

(۲) الجامع الترمذي،رقم الحديث:۷۲۲

(۳) بدائع الصنائع،كتاب الصوم:۲۷۰/۲

☆ **روزہ میں مسواک اور سرمہ وغیرہ:**

سوال: مجھے پہلے دہے میں رمضان المبارک میں ناندیڑ جانے کا اتفاق ہوا، وہاں مسجد میں ماہ صیام کی تقویم کی تقسیم عمل میں آئی، جو ناندیڑ ہی کے ایک مدرسہ کی شائع کی ہوئی ہے، اس تقویم میں لکھا ہے کہ ان چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا: ''مسواک کرنا، سرمہ لگانا، آنکھ میں دوا ڈالنا، بھول کر کھانا پینا اور جماع کرنا''۔ مجھے بڑی تشویش ہے کہ یہ کہاں تک صحیح ہے؟ (ایم، اے، حسینی، صلالہ اسکول، بارکس)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

آپ نے جو بات پڑھی ہے، وہ درست ہے، مسواک چاہے خشک ہو یا تر اور صبح میں کی جائے، یا دوپہر میں، کوئی حرج نہیں۔

''لا بأس بالسواك الرطب واليابس والغداة والعشي عندنا''.(الفتاوىٰ الهندية،كتاب الصوم:۱۹۹/۱)

سرمہ لگانا بھی بلا کراہت جائز ہے،(حوالۂ سابق، نیز دیکھئے: الهداية:۹۷/۱،كتاب الفقه:۵۱۷/۱)روزہ کی حالت میں اس کا جائز ہونا حدیث سے بھی ثابت ہے،(الجامع للترمذي،رقم الحديث:۷۲۲)احناف کے نزدیک روزہ کی حالت میں آنکھ میں دوا ڈالی جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا،(الفتاوىٰ الهندية،كتاب الصوم:۲۰۳/۱) بھول کر کھانے پینے، یا جماع کرنے سے بھی روزہ فاسد نہیں ہوتا،(حوالۂ سابق:۲۰۲/۱)حدیث سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ بھول کر کھانا پینا روزہ کے لیے باعث فساد نہیں۔(البحر الرائق:۴۸۳/۲)

(کتاب الفتاویٰ:۳/۳۸۹-۳۹۰)

**حکم مسواک تازہ در صوم:**

سوال: روزہ میں نیم کی ہری مسواک کرنی جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

جائز ہے۔

كما في الدرالمختار:ولا سواك ولو عشياً أورطباً بالماء على المذهب.

في رد المحتار:أما الرطب الأخضر فلا بأس به اتفاقاً،كذا في الخلاصة.(الدرالمختار علىٰ هامش رد المحتار،كتاب الصوم:۱۸۳/۲)

۳/شوال ۱۳۳۳ھ (تتمہ ثالثہ، ص:۸۷) (امداد الفتاوی:۲/۱۴۱)

## روزہ میں چکنے ہاتھ سے مضمضہ واستنشاق:

سوال: ایک شخص نے روزہ کی حالت میں اپنے ہاتھ پر سرسوں کے تیل کی مالش کی، پھر وضو کیا، ہاتھوں پر چکنا ہٹ کا اثر باقی تھا، ایسی ہی چکناہٹ سے انگلوں سے ناک میں پانی لگا دیا اور ناک صاف کر کے وضو کرنے کے تھوڑی دیر بعد بھی محسوس ہوا کہ زبان پر بھی چکناہٹ کا اثر محسوس ہوتا تھا، نیز حلق کے اندر بھی اور زبان پر بھی اب شبہ یہ ہوتا ہے کہ پیٹ کے اندر بھی چکناہٹ گئی ہے۔ اس کے علاوہ جب سر میں تیل لگاتا ہے تو حلق اور زبان پر بھی اثر معلوم ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں، یا زبان پر چکناہٹ محسوس ہوتی ہے تو رومہ میں اس سے کیا خرابی اور فرق ہوا؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اس سے روزہ میں فرق نہیں آتا ہے، بعض دفعہ چکناہٹ بہت تیز ہوتی ہے، بغیر کلی اور بغیر ناک میں چکنے ہاتھ سے پانی داخل کئے ہوئے بھی محض سانس کے اندر پہنچ کر سر اور حلق کو متاثر کر دیتی ہے اور جب کہ پانی حلق کے اندر داخل نہیں ہوا اور نہ دماغ میں پہونچا تو روزہ پر اثر کیوں پڑے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۹/۲۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۹/۲۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۵-۱۵۶)

## کھارے پانی سے کلّی:

سوال: روزے کی حالت میں اگر کھارے پانی سے وضو، یا کلی کی جائے تو کیا اس میں کوئی مضائقہ ہے، جب کہ اس پانی میں نمک کا جز ہوتا ہے؟ (صبیح الدین، اننتا پورم)

الجواب ــــــــــــــــــــ

پانی خواہ میٹھا ہو یا کھارا، اس سے وضو کرنے، یا یوں ہی کلی کرنے میں کوئی حرج نہیں؛ کیوں کہ پانی کا ذائقہ روزہ کے لیے چنداں مضر نہیں، ورنہ روزے کی حالت میں کلی کرنے کی ممانعت فرمائی گئی ہوتی، بالخصوص ان حالات میں کہ حجاز کا علاقہ سمندر کے ساحل پر واقع ہے اور وہاں بہت سے کنویں کھارے پانی کے ہوتے تھے، اگر کھارے پانی سے وضو اور کلی کی ممانعت ہوتی تو ضرور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہوتا۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۰۱-۴۰۲)

## لفافہ کا گوند تھوک سے تر کرنا:

سوال: پوسٹل لفافوں میں ہلکی گوند لگی رہتی ہے، لوگ اسے تھوک سے تر کر کے، چپکایا کرتے ہیں، کیا اس طرح چپکانا درست ہے؟ (محمد مبین، گلبرگہ)

الجواب

روزہ کی حالت میں گوند کو اپنی زبان سے تر کرنا کراہت سے خالی نہیں؛ کیوں کہ اگر گوند کے اجزا حلق سے نیچے چلے گئے، تب تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر اس کے اجزا حلق سے نیچے نہیں گئے، تب بھی کم سے کم چکھنے کی کیفیت پائی گئی، جو مکروہ ہے۔ ہاں اگر انگلی میں تھوک لے کر اس سے گوند کو تر کر لے تو کوئی حرج نہیں۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۰۰)

## تھوک نگل لینے سے روزہ اور نماز ٹوٹنے کا حکم:

سوال: روزہ دار کے منہ میں اگر بلغم، یا تھوک جمع ہو جاوے، حالت نماز میں یا غیر نماز میں تو روزہ اور نماز ہوئی، یا نہیں؟ اگر وہ بلغم یا تھوک منھ میں آیا ہوا، نگل جاوے؟

الجواب

اگر چہ نگل جائے، درست ہے۔ فقط

(بدست خاص، ص:۴۱) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ، ص:۲۰۸)

## اگر مسوڑھوں کا خون پیٹ میں چلا جائے:

سوال: میرے مسوڑھوں سے اپنے آپ بھی خون نکلنے لگتا ہے اور اگر غفلت یا نیند کی حالت ہو تو تھوک کے ساتھ پیٹ میں بھی چلا جاتا ہے، کیا ایسی صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا؟ (سعید الرحمٰن، شولا پور)

الجواب

خون اگر حلق میں نہیں گیا اور اس سے پہلے آپ نے تھوک دیا، یا کلی کر لی تو روزہ نہیں ٹوٹے گا؛ کیوں کہ حلق سے نیچے کسی چیز کا جانا ناقض صوم ہے، اگر خون حلق سے نیچے چلا گیا؛ لیکن تھوک غالب اور خون مغلوب تھا؛ یعنی تھوک کی مقدار زیادہ اور خون کی مقدار کم تھی، تب بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا؛ کیوں کہ وہ تھوک ہی کے حکم میں ہے، اگر خون کی مقدار زیادہ تھی اور تھوک کی کم اور یہ حلق سے نیچے چلا گیا تو اس صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا، بعد میں اس کی قضا کر لینی چاہیے، البتہ مشہور فقیہ علامہ شامی نے لکھا ہے کہ اگر مسوڑھوں سے خون نکلنے کی کیفیت ایسی ہو کہ اس کے حلق میں جانے سے اجتناب بظاہر ممکن نہ ہو تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا، جیسا کہ کسی شخص کو قے آئی اور بلا ارادہ لوٹ گئی تو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

”إلا أن يفرق بعدم إمكان الحترز عنه فيكون كالقيء الذى عاد بنفسه“.(۱)

(کتاب الفتاویٰ:۳/۳۹۸-۳۹۹)

---

(۱) ردالمحتار، کتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده:۳/۳٦۸

## روزہ کی حالت میں دانت نکلوانا:

سوال: جو شخص دانت کی تکلیف میں مبتلا ہو، اس کے لیے روزہ کی حالت میں کیا دانت نکالنے کی اجازت ہوگی، اور دانت نکالے تو روزہ باقی رہے گا، یا ٹوٹ جائے گا؟ (ڈاکٹر سعید الرحمٰن، شولا پور)

الجواب

روزہ کے ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کا تعلق ایسی چیزوں سے ہے، جو حلق کے نیچے پہنچتی ہو، دانت چوں کہ حلق سے اوپر ہے؛ اس لیے بذات خود دانت نکالنے میں کچھ حرج نہیں؛ لیکن عام طور پر دانت نکالتے ہوئے، مسوڑھوں سے کافی خون آتا ہے اور یہ بھی امکان رہتا ہے کہ خون حلق سے نیچے چلا جائے اور ایسی صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا؛ اس لیے اگر شدید مجبوری نہ ہو تو بہتر ہے کہ رمضان میں دانت نہ نکلوائے، شدید عذر کے بغیر رمضان میں دانت نکلوانا مکروہ ہے؛ کیوں کہ یہ روزہ کے فاسد ہونے کا سبب بن سکتا ہے اور جو باتیں روزہ کے ٹوٹنے کا باعث بن سکتی ہیں، وہ کم سے کم کراہت سے خالی نہیں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۹۹-۴۰۰)

## حکم یافتن برگ تنبول در دہن بوقت صبح:

سوال: بہت سے لوگ شب رمضان میں شب کو بہ نیت صوم پان کھا کر لیٹ گئے، اتفاق سے سب کو نیند آ گئی، سب کے سب بدون کلی غرارہ کئے ہوئے پان منہ میں لیے ہوئے سو گئے، صبح کو جاگے تو کسی کے منہ میں کل پان اور کسی کے چنے سے زیادہ اور کسی کے منہ میں بقدر چنے کے اور کسی کے منہ میں بقدر ماش کے اور کسی کے منہ صرف ایک دو پتی باقی ہے اور کسی کے منہ میں کچھ بھی نہیں لیکن شب کو کلی غرارہ نہیں کیا تھا تو اس صورت میں کس کس کا روزہ صحیح ہوگا اور جس کا روزہ صحیح ہوگا، اس نے لاعلمی سے افطار کر ڈالا تو اس پر کفارہ، یا قضا؟

الجواب

اگر سوتے وقت پان منہ میں لے کر سوئے اور صبح تک منہ میں رہا، روزہ جاتا رہے گا، جس صورت میں پان منہ میں نہ پایا تو ظاہر ہے کہ نگل گیا اور یہی کہا جاوے گا کہ بعد صبح کے نکلا ہے، **أن الحادث يضاف إلى أقرب الأوقات على ما في قواعد الفقه** اور اگر پان سالم بھی پایا، تب بھی غالب ہے کہ اس کا عرق ضرور حلق میں گیا ہوگا۔ دلیل اس کی یہ ہے کہ حکما و اطبا اصل السوس وغیرہ منہ میں ڈال کر سونے کو بتلاتے ہیں، اگر عرق نہیں پہنچا تو اس سے کیا نفع جب وصول ثابت ہو گیا تو حالات نوم میں افطار کرنے سے قضا لازم آتی ہے۔

**"أو شرب نائما". (الدر المختار في موجبات القضاء)**

اور اگر سونے سے پہلے پان تھوک دیا اور غرغرہ نہیں کیا تو اگر منہ میں بقدر نخود یا زیادہ تھا اور سونے میں نگل گیا، موجب قضا ہے اور جو اس سے قلیل ہو مفسد نہیں۔

**ولو أكل لحماً بين أسنانه فإن كان قليلاً لم يفطر وإن كان كثيراً يفطر والفاضل مقدار الحمص وما دونها قليل.** (الهداية)(۱)

اور افطار صحیح الصوم وفاسد الصوم کا گزر چکا، فتذکر، البتہ باوجود صحت صوم کے افطار کر ڈالا تو کفارہ وقضا ہر دو لازم ہیں؛ **لأن ظنه ليس بمستند إلى دليل شرعي. والله أعلم**

۱۳۰۴ھ (امداد: ۱/۱۸۱) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۱)

## حکم بقائے سرخی تنبول در دہن:

سوال: ایک مولوی صاحب نے یہاں مسئلہ بیان کیا ہے، جس سے عوام کو مشکل پڑ گئی ہے، وہ یہ کہ مولوی صاحب نے فرمایا ہے، جس طرح ریشم کا تاگا بانٹنے والے کے ریشم منہ میں جانے سے اس کا رنگ تھوک میں آ جاتا ہے، اگر حالت روزہ میں اس تھوک کو نگل جائے گا تو روزہ جاتا رہے گا، ایسے ہی پان کھانے والوں کا چوں کہ باوجود منہ صاف کر لینے کے پھر بھی سرخی پان کی تھوک میں صبح آتی رہتی ہے تو جو شخص پان کھانے والا تھوک کو باوجود صاف کر لینے منہ کے نگل جاوے گا، روزہ نہیں ہوگا۔ سو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس پان کا قیاس ریشم کے مسئلے پر کرنا صحیح ہے، یا نہیں، اگر صحیح ہے تو تمام عمر کے روزوں کا اعادہ سحری کے کھانے والوں پر لازم ہوگا، یا نہیں؟ اگر یہ ہوگا تو جو لوگ تمبا کو کھانے کے عادی بوجہ امراض کے ہیں ان کو سخت تکلیف ہوگی، روزہ صحیح ہونے کی کوئی صورت ہو، باوجود تھوک نگل جانے کے تو تحریر فرمایا جاوے؟

**الجواب**

تاگا بٹنے والے کا مسئلہ تو مقید ہے حالت صوم کے ساتھ؛ یعنی اس نے روزہ کی حالت میں ایسا تاگا منہ میں تر کر کے باٹا اور ریق میں اس کا رنگ آ گیا اور اس کو کوئی نگل گیا اور یہاں پان حالت روزہ میں نہیں کھایا جاتا، پہلا کھایا ہوا ہوتا ہے، جس کا اثر خود روزہ میں بھی باوجود سعی ازالہ کے رہتا ہے، جو اختیار سے خارج ہے اور ایسے غیر اختیاری آثار مفسد صوم نہیں، خود حالت روزہ میں دخول غبار، یا ذباب یا دخان فی الحلق کو اسی بنا پر عذر کہا ہے، **لعدم إمكان التحرز عنه**، اسی طرح کہا گیا ہے:

**(أو بقي بلل فيه بعد المضمضه وابتلعه مع الريق) كطعم أدرية مص إهليلج، إلخ.** (كذا في الدر المختار)(۲)

۷/رجب ۱۳۳۶ھ (تتمہ خامسہ، ص: ۶۳) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۱)

---

(۱) الهداية، كتاب الصوم، فصل في رؤية الهلال: ۱/۱۲۳، انيس

(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده: ۳/۳۶۷، دار عالم الكتب الرياض، انيس

## روزہ کی حالت میں سفوفِ تمبا کو منہ میں رکھنا:

سوال: سفوفِ تمبا کو مرکب بر مادورق نارجیل، یا نخل صائم کو استعمال کرنا بالاحتیاط اور بغیر احتیاط اور دو تین منٹ کے بعد کلی کرنا جائز ہے، یا نہیں؟ اور حلق کے نیچے یقیناً نہیں اترتا ہے احتیاط کی صورت میں؟

الجواب

**قال فی العالمگیریة: ولو مص الهليلج فدخل البزاق حلقه لم يفسد ما لم يدخل عينه كذا في الظهيرية، آه.** (۱۳۱/۱)(۱)

اس سے معلوم ہوا کہ سفوفِ تمبا کو مرکب کا اس طرح دانتوں میں استعمال کرنا کہ حلق سے نیچے یقیناً نہ اترے، مفسدِ صوم نہیں اور اگر ذرا سا بھی حلق سے نیچے اتر جائے گا تو روزہ فاسد ہے اور اس سفوف کا استعمال بحالتِ صوم بلاضرورت مکروہ ہے۔

**"لما فيه من تعريض الصوم للفساد ولا يصح قياسه على السواك لأنه ثبت بالسنة على خلاف القياس ولا على العلك لكونه ملتئم الأجزاء دون السفوف".** (۲) **كذا قال الشيخ مدظله**

اور ضرورت بعد مغرب کے استعمال کرنے سے بھی رفع ہو سکتی ہے۔

**۲۲ / رمضان ۱۳۴۰ھ** (امداد الاحکام: ۱۲۸/۳)

## بعد افطار اندامِ نہانی میں کوئی دوا بحالتِ صوم باقی رہے تو روزہ پر اس کا کوئی اثر پڑے گا، یا نہیں:

سوال: اس امر کا تو ہدایہ سے پتہ چل گیا کہ اَقبالِ نسا (عورت کی شرمگاہ) میں اگر دوا ٹپکائی جاوے تو روزہ ٹوٹ جائے گا؛ مگر یہ اس سے بھی معلوم نہ ہوا کہ بعد افطار اگر کوئی ذی جرم دوا اس میں رکھ دی جاوے اور وہ بحالتِ صوم بھی باقی رہے تو روزہ پر اس کا کیا اثر ہوگا، اسی امر کے معلوم کرنے کی ضرورت ہے؟

الجواب

**أو أدخل قطنة أو خرقة أو خشبة أو حجراً فی دبره أو أدخلته فی فرجها الداخل وغيبها؛ لأنه تمّ الدخول بخلاف ما لو بقي طرفه خارجاً؛ لأن عدم تمام الدخول كعدم دخول شيء بالمرة، آه.** (مراقی الفلاح، کتاب الصوم، ص: ۳۹٤)

بعد افطار کے جو شے داخل کی جائے خواہ تر ہو، یا خشک اس کے بقاء بحالِ صوم سے تو فطر کا کچھ شبہ نہیں؛ اسی لیے فقہا نے اس سے تعرض نہیں کیا، اس صورت میں روزہ صحیح ہے اور خشک چیز کا، تو بحالِ صوم رکھنا بھی اس وقت موجبِ فطر ہے، جب کہ پوری اندر رہو اور اگر کچھ حصہ باہر فرجِ خارج میں نکلا ہے تو مفطر نہیں۔ واللہ اعلم (امداد الاحکام: ۱۳۳/۳)

(۱) الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب الرابع فيما يفسد وما لا يفسد: ۱۳۱/۱، انیس

(۲) البحر الرائق، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳۰۱/۱، انیس

## عورت کا اپنی اندام نہانی میں روئی کا پھاہا رکھنا:

سوال: اگر عورت کے جسم کے اندرونی حصہ میں روئی کے پھاہے کے ساتھ کوئی دوا افطار کے بعد رکھی جائے اور روزہ کی حالت میں وہ برقرار رہے تو کیا روزہ درست ہو جائے گا؟ (شائستہ جبیں، جگتیال)

الجواب ــــــــــــــــــــ

اگر روزہ کی حالت میں دوا رکھی جائے، تب تو روزہ ٹوٹ جائے گا، فقہا کے یہاں اس کی صراحت موجود ہے؛(۱) لیکن اگر پہلے سے دوا رکھی گئی ہو اور روزہ کی حالت میں باقی رہے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا، یہ ایسا ہی ہے کہ جیسے کوئی شخص رات کے وقت غذا، یا دوا کھائے اور روزہ شروع ہونے کے بعد بھی وہ معدہ میں موجود رہے۔

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۸۳)

## منجن سے روزہ پر اثر:

سوال: منجن جس میں نمک پڑا ہو، روزہ میں ملنا جائز ہے، یا مکروہ؟ اور روزہ میں نقصان ہوتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

اگر منجن کا اثر حلق تک نہ جاوے تو منجن ملنا درست ہے۔ فقط (تالیفات رشیدیہ، ص: ۴۷۷) ☆

## بحالت روزہ منجن کا استعمال:

سوال: رمضان المبارک میں منجن کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ وباللہ التوفیق

دن میں منجن استعمال کرنا مکروہ ہے۔(۲) فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند، سہارنپور ۲۳/۸/۱۴۰۱ھ۔ (منتخبات نظام الفتاوی: ۱/۵۵۵)

---

(۱) الأقطار في إقبال النساء يفسد بلا خلاف وهو الصحيح. (الفتاوی الهندية، كتاب الصوم: ۱/ ۲۰۴، نیز دیکھئے: الدر المختار علی هامش رد المحتار: ۳/۳۶۹)

☆ **روزہ میں ٹوتھ پیسٹ:**

سوال: افطار کرنے سے پانچ منٹ پہلے کیا ہم پیسٹ سے منہ دھو سکتے ہیں؟ (جیلانی بانو، رائچور)

الجواب ــــــــــــــــــــ

پیسٹ میں ذائقہ ہوتا ہے اور روزہ کی حالت میں کسی بھی چیز کے ذائقہ کو چکھنا مکروہ ہے؛ اس لیے روزہ کی حالت میں پیسٹ کرنے سے بچنا چاہئے، یہ کراہت سے خالی نہیں۔ "كره ذوق شيئ ومضغه بلا عذر". (البحر الرائق، كتاب الصوم: ۲/۲۷۹) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۰۱)

(۲) وكره له ذوق شئ وكذا مضغة بلاعذر ... وكره مضغ علك. (الدر المختار: ۳/۳۹۵)

علامہ شامی اس کے تحت اس کے تحت لکھتے ہیں: ==

## نشہ آور منجن کا استعمال بحالتِ صوم:

سوال: روزہ کی حالت میں ایک قسم کا منجن جو تمبا کو اور پرانے گڑ سے تیار کیا جاتا ہے، استعمال کرتا ہے، جس کی اسے عادت پڑی ہوئی ہے، اس کے استعمال سے اس کو تسکین بھی ہوتی ہے، اس منجن میں نشہ بقدرِ تمبا کو ہے۔ کیا ایسے منجن کا روزہ کی حالت میں استعمال جائز ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس سے پورا پرہیز کرے، اکثر اس کا کچھ حصہ حلق کے اندر پہنچ جاتا ہے، نشہ کا ہونا مستقل وجہ منع ہے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند، ۲۱/۷/۱۳۹۴ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۵۹/۱۰)

## روزہ میں ہونٹ پر سرخی لگانا:

سوال: خواتین زیبائش کے لیے ہونٹ پر سرخی لگایا کرتی ہیں، کیا روزہ کی حالت میں اس کا لگانا درست ہوگا؟

(شاکرہ نسرین، نظام آباد)

الجواب ــــــــــــــــــــ

اگر سرخی ہونٹ تک پانی کے پہنچنے میں رکاوٹ نہ ہو تو روزہ کی حالت میں بھی اس کا لگانا جائز ہے؛ کیوں کہ ہونٹ جسم کا خارجی حصہ ہے۔ ہاں اگر منہ کے اندر چلے جانے کا اندیشہ ہو تو مکروہ ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳۹۸/۳)

## روزہ کی حالت میں زنڈو بام:

سوال: روزہ کی حالت میں زنڈو بام، یا اس طرح کی دوسری دوائیں لگا سکتے ہیں، یا نہیں؟ جب کہ ایسی دواؤں کا اثر بظاہر دماغ تک پہنچتا ہے؟ (شبیر احمد حقی، عنبر پیٹ)

الجواب ــــــــــــــــــــ

روزہ اسی وقت ٹوٹتا ہے، جب کوئی چیز بعینہ فطری منفس کے ذریعہ پیٹ، یا دماغ تک پہنچے، اگر کوئی چیز مسامات بدن کے ذریعہ جسم میں داخل ہو تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

---

== قلت: ولأن العادة مضغة خصوصاً للنساء؛ لأنه سواكهن كما يأتى فكان مظنة عدم الكراهة فى الصيام لتوهم أن ذلك عذر. (ردالمحتار على الدر المختار، كتاب الصوم: ۳۹۶/۳)

(۱) أوذاق شيئاً بفمه وإن كره، لم يفطر. (الدر المختار) إن كره إلا لعذر كما يأتى. (ردالمحتار، كتاب الصوم: ۴۰۰/۲، سعيد)

وكره له ذوق شيء، وكذا مضغه بلا عذر، وكره مضغ علك أبيض ممضوغ ملتئم، وإلا فيفطر. (الدر المختار علىٰ تنوير الأبصار، كتاب الصوم: ۴۱۶/۲، سعيد)

" وما يدخل في مسام البدن من الدهن لا يفطر ".(۱)

نیز اگر اصلی شئ کے بجائے صرف اس کا اثر جسم کے اندر پہنچے تو اس سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا، بام وغیرہ لگانے سے جسم کے اندر صرف اس کا اثر پہنچتا ہے، نہ کہ اصلی شئ، نیز وہ بھی جسم کے مسامات کے ذریعہ اندر جاتا ہے؛ اس لیے اس کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳۹۶/۳)

## عود اور اگربتّی کا دھواں حلق میں جانے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے، یا نہیں:

سوال: حالتِ روزہ میں قرآن مجید پڑھتے وقت نزدیک عود اور اگربتّی جلائی جائے اور اس سے دھواں حلق میں جائے تو روزہ فاسد ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں تو روزہ فاسد نہیں۔ ہاں، اگربتّی کو پاس رکھ کر اس کے دھویں کو سونگھا جائے اور حلق میں داخل کیا جائے تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔

قال في الدر (۱۵٦/۲): (أو دخل حلقه غبار أو ذباب أو دخان) ولو ذاكراً استحساناً لعدم إمكان التحرز عنه، ومفاده أنه لو أدخل حلقه الدخان أفطر، أى دخاناً كان أو عوداً أو عنبراً.

قال الشامي: حتٰى لو تبخر بخور فاٰواه إلٰى نفسه واشتمه ذاكراً لصومه أفطر لإمكان التحرز عنه، آه.(۲)

قلت: قيود الفقه احترازية فلو تبخر ولم يؤوه إلٰى نفسه ولم يشتمه لم يفطر فإن ذلک من دخول الدخان لا من إدخاله. والله أعلم.

خلاصہ یہ کہ دھویں کو پاس رکھ کر سونگھا نہ جائے، دور رکھ کر بیٹھا جائے اور خوشبو آتی رہے تو مضائقہ نہیں۔

۲۰ر محرم ۱۳۴۹ھ (امداد الاحکام: ۱۳۴/۳-۱۳۵) ☆

(۱) الفتاوى الهندية، كتاب الصوم، الباب الرابع فيما يفسد وما لا يفسد: ۲۰۳/۱

(۲) ردالمحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳٦٦/۳، دارعالم الكتب الرياض، انيس

☆ **روزہ دار کے حلق میں دھواں:**

سوال: روزہ دار حضرات قرآن مجید کی تلاوت کریں اور تلاوت کے دوران اگربتی جلائیں اور دھواں منہ اور ناک میں جائے تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟ (عبدالمحسن، ٹولی چوکی)

الجواب

اگربتی کا دھواں منہ، یا ناک میں نہیں لیا جائے؛ بلکہ دور رکھا جائے اور بلا ارادہ دھواں منہ، یا ناک میں داخل ہو جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا اور اگر قصداً دھواں لیا جائے، ناک سے کھینچا جائے، جیسا کہ عود وغیرہ کی دھونی لی جاتی ہے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ (أو دخل حلقه غبار أو ذباب أودخان) ولو ذاكرًا استحسانًا لعدم إمكان التحرز عنه، ومفاده أنه لو أدخل حلقه الدخان أفطر، أى دخان كان ولو عودًا أو عنبرًا لو ذاكرًا لإمكان التحرز عنه. (الدر المختار على هامش رد المحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم وما لا يفسده: ۳٦٦/۳) (کتاب الفتاویٰ: ۳۸۲/۳) ==

## روزہ میں اگربتی:

سوال: رمضان شریف میں جمعہ کی نماز کے وقت مسجد میں ایک روزہ دار شخص نے کچھ اگربتیاں اس مقصد سے سلگائیں کہ تمام مسجد میں خوشبو پھیلے، اگربتیاں جلتی رہیں اور خوشبو پھیلتی رہے، نماز کے بعد کچھ لوگوں نے اچھی خوشبو

## == روزہ میں دھواں لینا:

سوال: روزہ کی حالت میں اگربتی، عود، لوبان اور عود کا دھواں لے سکتے ہیں، یا نہیں؟

(ایم، ایس خان حیدرآباد، جیلانی بانو، رائچور)

الجواب

روزہ کی حالت میں قصداً اگربتی وغیرہ کا دھواں لینا درست نہیں اور اگربتی کا بالارادہ دھواں لے اور حلق میں چلا جائے تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔ "حتیٰ لو تبخر بخوراً فآواه إلىٰ نفسه وشمه ذاكرًا لصوم أفطر لإمكان التحرز عنه". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳۶۶/۳، دارعالم الكتب الرياض) (کتاب الفتاویٰ: ۳۹۵/۳-۳۹۶)

## روزے میں عود، لوبان اور اگربتی سلگانا:

(الجمعیۃ، مورخہ ۲۰/مارچ ۱۹۳۰ء)

سوال: اگر قرآن مجید پڑھتے وقت کوئی روزہ دار عود لوبان، یا اگربتی سلگا کر پاس رکھے، یا ایسے مقام پر کوئی روزہ دار جا کر بیٹھے تو عمداً سونگھنے یا دھواں داخل کرنے کا اطلاق اس پر ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

عود، لوبان، اگربتی وغیرہ سلگانا اور اس کے قریب بیٹھ کر تلاوت کرنا روزے میں ناجائز نہیں ہے، عمداً سونگھنا بھی روزے میں ناجائز نہیں؛ کیوں کہ یہ صورت دھواں داخل کرانے کی نہیں ہوتی۔ (ولو دخل حلقه غبار الطاحونة ...أو الدخان ... وأشباه ذلك، لم يفطر. (الهندية، كتاب الصوم، باب ما يفسد و مالا يفسد: ۲۰۳/۱، كوئٹة)

محمد کفایت اللہ غفرلہ (کفایت المفتی: ۲۵۳/۴-۲۵۴)

## روزہ میں اگربتی اور عطر سونگھنا:

سوال: صائم رمضان، یا غیر رمضان ہے، بحالت روزہ اگربتی، یا لوبان کا دھواں سونگھنے، یا سینٹ تو روزہ ٹوٹتا، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً

سینٹ، یا کسی بھی عطر کے سونگھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ (وكذا إذا دخل الدخان أو الغبار أو ريح العطر أو الذباب حلقه، لا يفسد صومه. (فتاوى قاضي خان علىٰ هامش الفتاوىٰ الهندية، الفصل الخامس فيما لا يفسد الصوم: ۲۰۸/۱، رشيدية) /لا يكره للصائم شم رائحة المسك والورد ونحوه مما لا يكون جوهراً متصلاً كالدخان. (مراقي الفلاح، باب في بيان ما لا يفسد الصوم، ص: ۶۵۹، قديمي) اگربتی، یا لوبان کا دھواں بالقصد حلق کے راستے سے اندر پہونچانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

صرح به الشامي وغيره في ردالمحتار وغيره من كتب الفقه: "لو أدخل حلقه الدخان، أفطر، أي دخان كان عوداً أو عنبراً، آه. (الدر المختار) قال في رد المحتار: أي بأي صورة كان الإدخال، حتىٰ لو تبخر بخور فآواه إلىٰ نفسه واشتمه ذاكراً لصومه، أفطر، لإمكان التحرز عنه، وهٰذا يغفل عنه كثير من الناس، ولا يتوهم أنه كشم الورد ومائه والمسك، لوضوح الفرق بين هواء تطيب بريح المسك وشبهه وبين جوهر وصل إلىٰ جوفه بفعله، إمداد. وبه علم حكم شراب الدخان، آه. (شامي: ۱۳۳/۱) (رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۳۶۶/۳، دارعالم الكتب الرياض) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۱۱/۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۵۷/۱۰-۱۵۸)

ہونے کی وجہ سے لمبا سانس لے کر خوشبو سونگھی، کسی نے جلتی ہوئی اگر بتیوں کو قریب لے کر نہیں سونگھنا اور نہ اس کے پاس سونگھنے بیٹھا، تمام مسجد میں خوشبو پھیل رہی تھی، اس خوشبو کو لمبا سانس لے کر سونگھا، ایسی حالت میں کیا روزہ دار اور نمازیوں کے روزے ٹوٹ گئے؟ اور جنہوں نے خوشبو کو لمبی سانس لے کر سونگھا تھا، ان کے روزے کیا ٹوٹ گئے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اگر بتی کا دھواں اگر قصداً سانس لے کر دماغ میں پہونچایا ہے تو روزہ فاسد ہو گیا، اگر دھواں دماغ میں نہیں پہونچا، صرف خوشبو سونگھی ہے تو روزہ فاسد نہیں ہوا۔(۱) روزہ کی حالت میں اگر بتی نہ سلگائی جائے۔(۲) واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دار العلوم دیو بند، ۱۳۸۵/۹/۱۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیو بند، ۱۳۸۵/۹/۱۵ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۶-۱۵۷)

## لوبان سونگھنے سے روزہ کا حکم:

سوال: بہشتی زیور کے تیسرے حصہ میں لکھا ہے کہ روزہ کی حالت میں لوبان وغیرہ کی دھونی سلگا کر سونگھنے سے روزہ جاتا رہے گا۔(۳) کیا یہ حکم لوبان ہی کے لیے ہے یا اگر بتی وغیرہ ہر دھوئیں کے لیے ہے؟ بعض حضرات روزہ میں اگر بتی جلا کر سونگھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ تو خوشبو دار چیز ہے اور خوشبو سونگھنے سے روزہ نہیں جاتا۔ یہ صحیح ہے، یا غلط؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اگر لوبان وغیرہ غرض جو بھی دھواں خوشبو کے لیے سونگھ کر حلق یا دماغ میں پہونچایا جائے اس سے روزہ فاسد ہو جائے گا۔(۴) محض خوشبو (عطر) سونگھنے سے روزہ فاسد نہیں ہوگا۔(کذا فی الطحطاوی)(۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیو بند، ۱۳۸۷/۱۰/۲۰ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۸)

---

(۱) وكذا إذا دخل الدخان أو الغبار أو ريح العطر أو الذباب حلقه، لايفسد صومه. (فتاوى قاضي خان على هامش الفتاوى الهندية، الفصل الخامس فيما لا يفسد الصوم: ۱/۲۰۸، رشيدية)

(۲) أو دخل حلقه غبار أو ذباب أو دخان ولو ذاكراً استحساناً، لعدم إمكان التحرز عنه، ومفاده أنه لو أدخل حلقه الدخان أفطر، أي دخان كان، ولو عودا أو عنبرا، لو ذاكراً لإمكان التحرز عنه، فليتنبه له، كما بسطه الشرنبلالي. (الدر المختار على تنوير الأبصار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۲/۳۹۵، سعيد)

(۳) بہشتی زیور، حصہ سوم، ص: ۲۰۹، باب ہفتم، جن چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے اور قضا، یا کفارہ لازم آتا ہے ان کا بیان، دار الاشاعت کراچی

(۴) أو دخل حلقه دخان بلا صنعه، لعدم قدرته على الامتناع عنه. وفيما ذكرنا إشارة لي أنه من أدخل بصنعه دخاناً حلقه بأي صورة كان الإدخال، فسد صومه سواء كان دخان عنبراً وعوداً وغيرهما". (مراقي الفلاح على نور الايضاح، ص: ۶۶۰، باب في بيان ما لا يفسد الصوم، قديمي)

(۵) لا يكره للصائم شم رائحة المسك والورد ونحوه مما لا يوكن جوهراً متصلاً كالدخان". (مراقي الفلاح، باب في بيان ما لا يفسد الصوم، ص: ۶۵۹، قديمي)

## ہومیو پیتھک دوائی کا سونگھنا:

سوال: ہومیو پیتھک دوا کے سونگھنے سے مریض کو بالکل اتنا ہی اثر ہوتا ہے، جتنا کے دوا کے کھانے سے، خواہ دوا کی صرف ایک ہی گولی چٹکی میں لے کر کسی روزہ دار مریض کو سونگھائی جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

محض سونگھنے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۳/۱۴۹۳ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۵)

## کیا گیس سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا:

سوال: کھانا پکانے کے درمیان بعض اوقات سلینڈر سے گیس خارج ہوتی ہے اور غیر اختیاری طور پر آدمی کی ناک تک پہونچتی ہے، اس کے علاوہ کیمسٹری کی تعلیم میں بعض اوقات مختلف گیسوں کو سونگھنا پڑتا ہے، یہ تعلیم و تحقیق کا ایک حصہ ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ یہ سونگھنا بالارادہ ہے، تو کیا اس کی وجہ سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟ (محمد رضی حیدر، دلسکھ نگر)

الجواب ــــــــــــــــــــ

غیرارادی طور پر جو بو آدمی تک پہنچ جائے، اس سے تو روزہ ٹوٹنے کا سوال ہی نہیں؛ اس لیے روزہ تو اختیاری افعال سے ٹوٹتا ہے، نیز قصداً گیس کو سونگھنے کی وجہ سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشبو سے روزہ دار کی ضیافت کرنے کی تلقین فرمائی ہے،(۲) جس میں ظاہر ہے کہ روزہ دار کا سونگھنا پایا جاتا ہے، فقہا نے بھی روزہ میں خوشبو سونگھنے کی اجازت دی ہے؛(۳) اس لیے راقم الحروف کا خیال ہے کہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ واللہ اعلم

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۹۷)

## روزہ میں قئے کا آجانا:

سوال: خود بخود قے آنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، یا باقی رہتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

فاسد نہیں ہوتا۔ (کذا فی رسائل الأرکان) (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحئی اردو: ۲۳۸)

---

(۱) فكذا إذا دخل الدخان أو الغبار أو ريح العطر أو الذباب حلقه، لايفسد الصوم". (فتاوى قاضي خان علىٰ هامش الفتاوىٰ الهندية، الفصل الخامس فيما لايفسد الصوم: ۲۰۸/۱، رشيدية)

(۲) دیکھئے: سلسة الأحاديث الضعيفة: ۲۷٤/٤، رقم الحديث: ۱۷۸۹

(۳) إذا دخل الدخان أو الغبار أو ريح العطر أو الذباب حلقه، لايفسد صومه. (الفتاوىٰ الخانية علىٰ هامش الفتاوى الهندية: ۲۰۸/۱)

## روزہ میں قئے:

سوال: اگر روزہ کی حالت میں قئے، یا منہ بھر کر پانی آجائے تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

(سید حفیظ الرحمان، نظام آباد)

الجواب

اگر بلا ارادہ از خود منہ بھر کر قے آجائے، یا پانی آجائے، جو قے ہی کی ایک صورت ہے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ ہاں اگر انسان قصداً اُسے قے کو نگل جائے، یا جان بوجھ کر قے کرے اور وہ منہ بھر ہو تو اس صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا۔(۱)

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۹۱) ☆

## روزہ میں ٹی وی دیکھنا:

سوال: رمضان شریف میں روزہ کی حالت میں وقت گذارنے کے لیے ٹی وی دیکھنے کا کیا حکم ہے؟

(حکیم واسع موہانی، حیدرآباد)

الجواب

رمضان کا مقصد اصل میں تقوی کی تربیت ہے، یہ کیفیت اس وقت حاصل ہوگی، جب انسان کھانے پینے اور نفسانی خواہشات سے رکنے کے علاوہ زبان، کان اور نگاہ کی بھی گناہوں سے حفاظت کرے؛ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص طور پر روزہ کی حالت میں غیبت اور جھوٹ وغیرہ سے اجتناب کی تلقین فرمائی ہے۔(۲) ٹی وی میں ایک تو تصویریں آتی ہیں اور تصویروں کی حدیثوں میں سخت ممانعت آئی ہے۔(۳) دوسرے فحش مناظر بکثرت آیا کرتے ہیں اور ظاہر ہے کہ ان کا دیکھنا سخت گناہ ہے؛ اس لیے یوں تو عام حالات میں بھی ٹی وی دیکھنے سے اجتناب کرنا واجب ہے؛ لیکن روزہ کی حالت میں اس کا خصوصی اہتمام کرنا ضروری ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۸۴)

☆☆☆

(۱) دیکھئے: الفتاویٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب الرابع فيما يفسد ومالا يفسد: ۲۰۴/۱

☆ ملفوظ:

جس شخص نے اس قدر کھانا کھایا کہ بعد طلوع آفتاب کے ڈکاریں آتی ہیں اور ان کے ساتھ پانی آتا ہے اس سے روزہ میں حرج نہیں آتا۔ واللہ اعلم (تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۷)

(۲) سنن أبي داؤد، رقم الحديث: ۲۳٦۲

(۳) عن أبي طلحة رضی الله عنه قال النبي صلى الله عليه وسلم: لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولا تصاوير. (صحيح البخاري، رقم الحديث: ۵۹۴۹، باب التصاوير، نیز دیکھئے: سنن النسائي: ۳۰۰/۲)

# روزوں کی قضاوکفارہ سے متعلق مسائل

## انتیس شعبان کو چاند نظر نہ آیا، بعد میں چاند ہونے کی تحقیق ہوجائے تو قضا ضروری ہے:

سوال: صوبہ بمبئی میں ۲۹؍شعبان ۱۳۵۶ھ، یوم جمعرات، بعد نماز مغرب عام طور پر چاند نہیں دیکھا گیا، چناں چہ صوبہ بمبئی میں سنیچر کے روز روزہ رکھا گیا، سات یوم کے بعد احمد آباد، جو تقریباً ۳۵؍میل کے فاصلے پر ہے اور جام نگر، جو تقریباً ایک ہزار میل کے فاصلے پر ہے، وہاں کی اطلاع دو عینی شہادت پر مبنی تھی، موصول ہوئی اور جمعیۃ العلماء بمبئی نے بلا حدود قائم کئے ہوئے فتویٰ جاری کیا کہ ایک روزہ قضا رکھا جائے اور چاند ۲۹؍شعبان کا مانا جائے، لہٰذا ایک ورق اشتہار منسلک تحریر ہذا بنا بر تحقیق وصدور فتویٰ ارسال ہے۔ براہ کرم مطلع فرمائیں کہ ہم اس روزہ کی قضا کریں، یا نہیں؟ اور یہ ہم پر واجب ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: ۲۱۴۴، عبدالرحمٰن میمن باندرہ، بمبئی، ۲۱؍شوال ۱۳۵۶ھ، مطابق ۲۵؍دسمبر ۱۹۳۷ء)

الجواب

ہاں ثبوت رؤیت کے بعد ایک روزہ کی قضا واجب ہے اور اشتہار مطبوعہ میں جو حکم دیا گیا ہے، وہ صحیح ہے۔ (۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۲۴۲/۴)

## تیسویں تاریخ کو زوال کے بعد چاند دیکھ کر افطار کیا تو قضا وکفارہ دونوں لازم ہوں گے:

سوال: اگر رمضان کی تیس تاریخ کو بعد زوال چاند دیکھا گیا، اب بحسب شرع اسی وقت افطار کرنا چاہیے، یا بعد غروب آفتاب؟ اور اگر قبل از غروب افطار کر لیا تو قضا وکفارہ دونوں لازم ہوں گے، یا نہیں؟ مجموعۃ الفتاوی، جلد سوم، ص: ۶۹ (۲) میں امام مسلم کی روایت سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

"إذا رأيتم الهلال فصوموا وإذا رأيتموه فأفطروا". (۳)

---

(۱) فيلزم أهل المشرق برؤية أهل المغرب) إذا ثبت عندهم رؤية أولئک بطريق موجب، كما مر، إلخ. (الدر المختار علی هامش رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳۹۴/۲، طبع سعيد)

(۲) کتاب الصوم: فصل مدار صوم و افطار رمضان کدام چیز است: ۲۴۸/۳، ط: امجد اکادمی لاہور

(۳) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا رأيتم الهلال فصوموا وإذا رأيتموه فأفطروا، إلخ. (الصحيح لمسلم: كتاب الصيام، باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال، إلخ: ۳۴۷/۱، ط: قديمي)

حاشیہ عالمگیری فتاوی بزازیہ،ص:۱۱۳میں ہے:

"أی هلال الفطر وقت العصر فظن انقضاء مدته وأفطر قال فی المحیط اختلفوا فی لزوم الکفارة والأکثر علی الوجوب". (۱)

ان دونوں عبارتوں کا کیا مطلب ہے؟

الجواب

دن میں رویت ہلال کا کوئی اعتبار نہیں زوال سے پہلے ہو، یا بعد زوال۔

"ورؤیته نهارًا قبل الزوال وبعده (غیر معتبر علی) ظاهر (المذهب) وعلیه أکثر المشائخ وعلیه الفتوی، بحر عن الخلاصة". (۲)

بزازیہ کی عبارت کا بھی یہی مطلب ہے۔ حدیث "إذا رأیتم إلخ" کا مطلب یہ نہیں ہے کہ دن میں چاند دیکھو اور روزہ توڑ ڈالو؛ بلکہ مطلب یہ ہے کہ روزے کے وجوب وفطر کا دارومدار رؤیت شرعیہ معتبرہ پر ہے اور رؤیت شرعیہ معتبرہ وہی ہے، جو بعد غروب شمس ہو، قبل غروب کی رؤیت معتبر نہیں۔ پس جب کہ رمضان کی تیس تاریخ کو بعد زوال چاند دیکھا تو روزہ غروب شمس تک پورا کرنا واجب ہے، اگر دن میں افطار کرلیں گے تو قضا وکفارہ دونوں واجب ہوں گے۔ (۳) (کفایت المفتی:۲۱۲/۴-۲۱۳)

## تیسویں کو غروب سے پہلے چاند دیکھ کر افطار کیا تو قضا وکفارہ دونوں لازم ہیں:

سوال: امسال رمضان شریف کی تیسویں تاریخ کو آفتاب غروب ہونے سے پہلے چاند نکل آیا تھا، بعض جاہلوں نے چاند دیکھتے ہی فوراً روزہ افطار کرلیا، ان پر اس دن کی صرف قضا ضروری ہے، یا قضا وکفارہ دونوں؟

(المستفتی: مولوی عبدالرؤف خاں جگن پور)

الجواب

جن لوگوں نے غروب سے پہلے افطار کرلیا قضا وکفارہ دونوں واجب ہیں۔ (۴)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی:۲۴۳/۴)

---

(۱) الفتاویٰ البزازیة علیٰ هامش الفتاویٰ الهندیة، کتاب الصوم: الفصل الثالث فیما یفسده، وما لایفسده، الخ: ۱۰۰/۴، طبع کوئٹة

(۲) الدر المختار، کتاب الصوم، سبب صوم رمضان: ۳۹۳/۲، ط: قدیمی

(۳) رأی هلال الفطر وقت العصر فظن انقضاء مدته، قال فی المحیط، اختلفوا فی لزوم الکفارة، والأکثر علی الوجوب. (البزازیة، علیٰ حاشیة الهندیة، کتاب الصوم: فصل فیما یفسده ومالایفسده، الخ: ۱۰۰/۴، ط: کوئٹة)

(۴) رأی الهلال وقت العصر فظن القضاء مدته، وأفطر، قال فی المحیط، اختلفوا فی لزوم الکفارة والأکثر علیٰ الوجوب. (البزازیة، علیٰ هامش الهندیة، کتاب الفصل، فصل فیما یفسد الصلاة وما یکره فیها، إلخ: ۱۱۰/۱، کوئٹة)

## وجوب قضا صوم با نزال کہ بقبلہ ومس شود:

سوال: ایک شخص نے نیت روزہ رمضان کی کی اور علی الصباح اتفاقیہ طور پر زوجہ سے اختلاط کیا، حالت اختلاط میں بحالت بے اختیاری انزال ہوگیا، اسی وقت اس نے غسل کیا اور نماز صبح با جماعت ادا کی اور تمام دن روزے سے رہا، ایسی حالت میں اس شخص کو قضا اور کفارہ دونوں دینا چاہیے، یا صرف قضا کرے، یا قضا و کفارہ دونوں معاف ہیں؟ کیا صبح صادق سے طلوع آفتاب تک وہی احکام ہوں گے، جو بعد طلوع آفتاب، یا غروب کے ہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

فی الهداية: ولو أنزل بقبلة أو لمس فعليه القضاء دون الكفارة.(۱)

اس سے ثابت ہوا کہ اگر بوس وکنار سے انزال ہو جائے تو اس روزے کی قضا لازم آوے گی، کفارہ نہ ہوگا؛ لیکن اس روز بھی کھانا پینا دن بھر جائز نہ ہوگا اور یہ جواب اس صورت میں ہے کہ سوال میں اختلاط سے مراد بوس وکنار ہو اور اگر مراد صحبت و جماع ہے تو دوسرے جواب ہے کہ قضا و کفارہ دونوں لازم ہیں، جیسا کہ ظاہر ہے اور طلوع صبح صادق کے بعد کے وقت کا وہی حکم ہے، جو طلوع آفتاب کے بعد کا حکم ہے۔ واللہ اعلم

۱۱/رمضان المبارک ۱۳۲۴ھ (امداد: ۱/۱۷۶) (امداد الفتاوی: ۲/۱۲۵)

## بوس وکنار سے انزال ہو جائے تو صرف قضا لازم ہے، کفارہ نہیں:

(الجمعیۃ، مورخہ ۲۴/جنوری ۱۹۳۵ء)

سوال: اگر کوئی شخص روزے میں جان بوجھ کر عورت مرد سے لپٹ جائے اور اس کو شہوت ہو اور انزال ہو جائے تو روزہ کی قضا واجب آئی، یا کفارہ بھی؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

اس صورت میں روزے کی قضا لازم ہوگی، کفارہ واجب نہ ہوگا۔(۲)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۴/۲۴۲)

## قے کو مفطر صوم جان کر پھر قصداً کھانے سے کفارہ وقضا کا حکم:

سوال: ایک بیمار شخص رمضان شریف کا روزہ دار تھا، صبح اس پر قے غالب ہوئی اور اس نے منہ بھر قے کی، پھر

---

(۱) الهداية، كتاب الصوم، فصل في رؤية الهلال: ۱/۱۲۳، انیس

(۲) وكذا في تقبيل الأمة والغلام وتقبيلها زوجها إذا رأت بللاً وإن وجدت لذة، ولم ترَ بللاً فسد عند أبي يوسف، إلخ. (الفتاوى الهندية، كتاب الصوم، الباب الرابع في ما يفسد وما لا يفسد: ۱/۲۰٤، مكتبة رشيدية، كوئٹة)

تشنگی غالب ہوئی؛ مگر بخوف روزہ فاسد ہو جانے کے کچھ دوانہیں پی؛ کیوں کہ وہ شخص جانتا تھا کہ قے ہونے سے روزہ نہیں جاتا؛ مگر ایک دوسرے آدمی سے یہ خیال صحیح کرنے کے لیے بعد نماز پوچھا کہ قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، یا نہیں؟ تو اس آدمی نے کہا کہ قے ہونے سے روزہ جاتا رہا، اگر تکلیف ہے تو افطار کرلو، چناں چہ اس بیمار نے بعد نماز جمعہ دوا دافع تشنگی پی لی، بعد ازاں معلوم ہوا کہ قے ہونے سے روزہ نہیں جاتا۔ پس اس صورت میں اس روزہ کی قضا رکھنا پڑے گا، یا دونوں؟ یعنی کفارہ وقضا ادا کرنا پڑیں گے اور بیمار مذکور کا افطار کرنا قصداً سمجھا جائے گا، یا غلطی سے؟ اگر قصداً ہے تو قضا کفارہ دونوں دینے پڑیں گے اور اگر مغالطہ سے ہے تو قضا کفارہ کچھ نہیں ہونا چاہیے۔ مالا بدمنہ فارسی میں لکھا ہے کہ اگر دوا، یا غذا قصداً خورد کفارہ واجب بود؛ مگر محشی صاحب خزانۃ المفتین وعالمگیری کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ ایں سخن وقتے ست کہ دوا وغذا برائے اصلاح بدن وبدل ما یتحلل مقرر بودہ باشد؛ یعنی اور ااز جنس وقتے ست کہ دوا وغذا اقرار دادہ باشند والا کفارہ لازم نیاید، آرے قضاء واجب روزہ رمضان شود، کذا خزانۃ المفتین۔ (ہکذا فی العالمگیریۃ، ص:۲) کفارہ روزہ رمضان کا کیا قاعدہ ہے؟ اس کی مقدار کیا ہے؟ فقط

الجواب

عامی کا فتویٰ مورث شبہ شرعاً نہیں، لہٰذا یہ افطار متعمداً سمجھا جائے گا، پس اگر تشنگی قابل برداشت تھی تو افطار سے قضا کفارہ دونوں لازم ہیں۔

**فی الدر المختار: (أو احتجم) ... (فظن فطره به فأكل عمداً قضى) ... (وكفر) لأنه ظن في غير محله حتىٰ لو أفتاه مفت يعتمد علىٰ قوله ... لم يكفر للشبهة.** (۱)

**في رد المحتار: ويشترط أن يكون المفتي ممن يؤخذ منه الفقه ويعتمد علىٰ فتواه في البلدة.** (۲)

کفارہ کے ساٹھ روزے متواتر رکھے۔ فقط

۸/رمضان ۱۳۳۰ھ (تتمہ اولی، ص:٦٦) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۸)

## قے ہوئی تو اس خیال سے کہ اب روزہ نہ رہا پانی پی لیا تو صرف قضا ضروری ہے:

سوال (۱) ہیضہ پھیلا ہوا تھا، ایک شخص کو قے اور دست آنے لگے، رمضان شریف کا مہینہ تھا، وہ روزہ سے تھا، جب قے آئی تو وہ شخص یعنی مریض خود اور اس کے پاس والوں نے یہ سمجھا کہ اب روزہ ٹوٹ گیا ہے، مریض نے پانی مانگا لوگوں نے پانی پلا دیا، اب اس کے ذمے کفارہ اور قضا دونوں ہیں، یا صرف قضا؟

(۱) الدر المختار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم: ٤١١/٢، انيس

(۲) ردالمحتار، كتاب الصوم: ١٧٤/٢

## پیٹ میں تکلیف کی وجہ سے روزہ توڑ دیا، تو صرف قضا لازم ہے:

(۲) اسی طرح ایک شخص کے پیٹ میں درد ہوا، وہ رمضان شریف میں روزے سے تھا، لوگوں نے اس کو مجبور کر کے دوا پلا دی، حالاں کہ وہ انکار کر رہا تھا، گھر والوں نے کہا کہ جو کچھ کفارہ کے بدلے میں فدیہ دینا ہوگا، ہم دے دیں گے۔ اب اس پر قضا و کفارہ دونوں ہیں، یا صرف قضا؟

(المستفتی: مولوی عبدالرؤف خاں، جگن پور، ضلع فیض آباد)

الجواب

دونوں کے ذمے صرف قضا واجب ہے، کفارہ نہیں۔(۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۲۴۲/۴-۲۴۳)

## مرض کی وجہ سے روزہ قضا کرنا:

سوال: اگر مریض زیادتی مرض کی وجہ سے روزہ افطار کر لے تو اس پر قضا لازم ہوگی، یا کفارہ؟

الجواب

صرف قضا لازم ہے، کفارہ نہ ہوگا۔ عالمگیریہ میں ''أعذار مبیحة للإفطار'' کی بحث میں ہے:

**ومنها المرض: المریض إذا خاف علی نفسه التلف أو ذهاب عضو یفطر بالإجماع وإن خاف زیادة العلة وامتداده فکذلک عندنا وعلیه القضاء إذا أفطر، کذا فی المحیط، انتهی.(۲)**

(مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحیٔ اردو: ۲۳۸)

## مسافر اگر روزہ افطار کرلے تو کفّارہ نہیں:

سوال: مسافر در سفر بوجود قصر روزۂ رمضان روزہ نہاد، پس بمیانِ نیمروز آں روزہ نہادہ را عمداً افطار ساخت آیا کفّارہ واجب گردد، یا قضا؟(۳)

---

(۱) أو ذرعه القيء فظن أنه فأفطر فأكل عمداً، فلا كفارة عليه، لوجود شبهة الإشتباه فإن القيء والاستسقاء متشابهان إلخ. (رد المحتار، كتاب الصوم، مايفسد الصوم ومالا يفسده: ٣٦٦/٣، دار عالم الكتب الرياض، انيس)

ومفطر لو مكرها، أو خطاء، وصبي بلغ، وكافر أسلم، وكلهم يقضون، إلخ. (الدر المختار، كتاب الصوم: ٤٠٨/٢، طبع سعيد)

(۲) الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب الخامس في الأعذار التي تبيح الإفطار: ٢٣٠/١، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۳) ترجمۂ سوال: ایک مسافر، سفر میں رمضان کے روزہ کی رخصت کے باوجود روزہ رکھا، پھر آدھے ہی دن میں اس رکھے ہوئے روزہ کو جان بوجھ کر توڑ دیا تو کیا اس پر کفّارہ واجب ہوا، یا صرف قضا؟ انیس

الجواب

(وللمسافر)الذی أنشأ السفر قبل طلوع الفجر إذ لایباح له الفطر بإنشائه بعد ما أصبح صائماً.(۱)
قال الطحطاوی:لکن إذا أفطر لا کفّارة علیه.(نور الإیضاح مع الطحطاوی)(۲)
اس سے معلوم ہوا کہ مسافر افطار کردے تو کفّارہ نہیں۔
۲۹/ذی قعدہ ۱۳۴۰ھ۔(امداد الاحکام:۱۳۵/۳)

## جو شخص تمام عمر سفر میں رہے، وہ قضا کرے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص اکثر سفر میں رہتا ہے اور رمضان بھی سفر میں گزرتا ہے، رمضان کے بعد اس کو اقامت کا موقع نہیں ملتا ہے، اگر ساری عمر اس کو اقامت کا موقع نہ ملے تو قضا رمضان اس پر لازم ہوگی، یا نہیں؟ اور وصیت فدیہ بھی اس پر لازم ہے، یا نہیں؟ بینوا ولکم الاجر الجزیل۔

الجواب

نص قرآنی میں قضائے مسافر ومریض کا سبب وجوب صیام عدة من ایام اُخر کا ادراک بتلایا ہے، سو اگر ادراک ایام ہوا تو قضائے صوم بقدر ادراک واجب ہوگی، ورنہ وجوب نہیں ہوتا، خواہ مرض وسفر تمام عمر رہے۔
(فلا تجب)علیهم (الوصیة بالفدیة) لعدم إدراکهم عدة من أیام أخر(ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت) الوصیة بقدر إدراکهم عدة من أیام أخر.(فی الدر المختار)(۳)
(تتمہ خامسہ،ص:۱۴۹)(امداد الفتاوی:۱۴۴/۲)

## قضاء رمضان کا مسئلہ:

سوال: ایک شخص کے ذمے دو رمضانوں کے روزے ہیں، اس نے رات کو قضاء رمضان کا روزہ رکھنے کی نیت کی؛ لیکن پہلے رمضان یا دوسرے رمضان کی تعیین نہیں کی، مطلق قضاءِ رمضان کی نیت کرلی تو وہ روزہ قضا کی جانب سے صحیح ہوجائے گا، یا نفل ہوگا؟ بینوا توجروا۔

الجواب

صورتِ مسئولہ میں وہ روزہ قضاءِ رمضان میں محسوب ہوجائے گا، نفل نہ ہوگا۔

---

(۱) مراقی الفلاح،کتاب الصوم،فصل فی العوارض: ۲۵۸/۱،انیس
(۲) فصل فیما یثبت به الهلال: ۴۳۳/۱،شاملة
(۳) الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار،کتاب الصوم،باب ما یفسد الصوم ومالا یفسده،فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم: ۴۰۶/۳،دارعالم الکتب،ریاض،انیس

قال فی العالمگیریة ( ۱۲۶/۱ ) إذا وجب علیه قضاء یومین من رمضان واحد ینبغی أن ینوی أول یوم وجب علیه قضائه من هٰذا الرمضان،وإن لم یعین الأول یجوز وکذا لو کان علیه قضاء یومین من رمضانین هو المختار ولو نوی القضاء لاغیر یجوزوإن لم یعین کذا فی الخلاصة،آه. (۱)والله أعلم

۶ رشوال ۱۳۴۰ھ (امداد الاحکام: ۱۴۱/۳)

## نفل روزہ کے ایام میں رمضان کی قضا کرنے سے کیا قضا اور نفل دونوں کا ثواب ہوگا:

سوال: اگر کسی شخص نے رمضان کی قضا ایسے ایام میں کی کہ ان میں نفلی روزہ بھی مستحب اور سنت ہے تو ثواب نفلی روزہ کا بھی ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں وہ روزے قضا کے ہوئے، نفلی روزے کا ثواب اس میں نہ ہوگا۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۴۹۵/۶)

## عمل بر تخمین در تعداد صیام فاسدہ:

سوال: اگر کسی شخص کے دو تین سال کے رمضان کے چند روزے گئے؛ لیکن سال یاد نہیں کہ کس کس سال کے رمضان کے گئے ہیں؛ مگر غالب گمان سے معلوم ہوتا ہے کہ فلاں فلاں سال کے رمضان کے روزے گئے ہیں؛ لیکن کسی رمضان میں تو بعض روزے بسبب جماع کے گئے ہیں اور بعض کسی دوسرے سبب سے گئے ہیں، جس سے صرف قضا واجب ہوتی ہے اور کسی رمضان میں صرف قضا والے روزے گئے ہیں؛ مگر پورے طور سے یاد نہیں کہ اس رمضان کے کفارے والا روزہ نہ گیا ہے اور یہ بھی یاد نہیں کہ ہر رمضان میں کتنے روزے گئے ہیں؛ مگر اندازاً معلوم ہوتا ہے کہ پانچ پانچ، یا چھ روزے گئے ہوں گے اور یہ یاد نہیں کہ ہر رمضان میں کتنے روزے بسبب جماع کے گئے ہیں اور کتنے روزے دوسرے سبب سے گئے ہیں؛ یعنی اسی سبب سے جس سے صرف قضا واجب ہے تو اب ان روزوں کی قضا وکفارہ کس طرح ادا کرے، اور نیت بھی کس طرح کرے؟

الجواب

غالب تخمینہ پر عمل کرے، احتیاط کے لیے دو چار اور بڑھا دے اور نیت میں اول صوم واجب کہہ لینا کافی ہے۔

۲۱ ر جمادی الثانی ۱۳۳۱ھ (تتمہ ثانیہ، ص: ۳۵) (امداد الفتاوی: ۱۴۰/۲)

---

(۱) الفتاویٰ الهندية،الباب الأول في تعريفه وتقسيمه وسببه: ۱۹۶/۱،انیس

## قضاروزوں کی نیت ''میرے ذمے جتنے قضاروزے ہیں، ان میں سے پہلا روزہ رکھتا ہوں'' کرنا صحیح ہے:

سوال(۱) قضاروزوں کی نیت اس طرح کرنا کہ ''میرے ذمہ جتنے روزے قضا ہیں، ان میں سے پہلا روزہ رکھتا ہوں''، صحیح ہے، یا نہیں؟

## روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھنے والا ہر روزے کے بدلے پونے دوسیر گندم، یا اس کی قیمت دے سکتا ہے:

(۲) جس شخص میں روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو تو وہ روزے کا کفارہ بصورت غلہ، یا نقدادا کرسکتا ہے، یا نہیں؟ اگر ادا کرسکتا ہے تو کس طرح ادا کرے؟

(المستفتی:۱۳۰۴، امانت علی صاحب، روڑکی ضلع سہارنپور، ۷/ذی قعدہ ۱۳۵۵ھ، ۲۱/جنوری ۱۹۳۷ء)

الجواب

(۱) قضاروزوں کی یہ نیت درست ہے کہ میرے جتنے روزے قضا ہیں، ان میں سے پہلا روزہ قضا رکھتا ہوں۔(۱)

(۲) کفارہ کے روزے ادا کرنے کی طاقت نہ ہو تو ان کا کفارہ بصورت نقد، یا بصورت غلہ ادا کرنا جائز ہے۔(۲) ساٹھ روزے کے کفارہ کا غلہ فی روزہ پونے دوسیر گیہوں کے حساب سے ادا کیا جائے، یا اتنی مقدار کی قیمت دی جائے (۳) ایک روزہ توڑنے کا کفارہ گیہوں کی صورت میں ایک من ۲۵/سیر گیہوں ہوئے ادائیگی کی صورت یہ ہے کہ ساتھ مسکینوں کو ایک دن پونے دوسیر پونے دوسیر گیہوں دے دیئے جائیں، یا ایک مسکین کو ہر روز پونے دوسیر گیہوں دے دیئے جائیں، ساٹھ دن تک دیتے رہیں۔(۴) مجموعی قیمت کسی مدرسہ کو بھیجیں تو اس میں بھی تصریح کر دیں کہ یہ کفارہ کی رقم ہے؛ تا کہ قاعدہ کے موافق صرف کی جاسکے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی:۲۴۱/۴-۲۴۲)

## ایام سرما میں قضا رکھنے سے ثواب میں کمی نہیں ہوتی:

سوال: جن لوگوں کے روزے ماہ رمضان میں بسبب عذر کے قضا ہوجاتے ہیں، ان کو موسم سرما میں ادا کرنے سے ثواب میں کمی تو نہ ہوگی؟

---

(۱) كثرة الفوائت نوى أول ظهر عليه أو آخره. (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت: ۷٦/۲، سعيد)

(۲) وكفر ككفارة المظاهر، قوله، ككفارة المظاهر، وكفر أي مثلها في الترتيب، فيعتق أولا فإن لم يجد صيام شهرين متتابعين فإن لم يستطع أطعم ستين مسكينًا لحديث، الأعرابي المعروف في الكتب الستة، إلخ. (رد المحتار، كتاب الصوم: مطلب في الكفارة: ٤١٢/۲، سعيد)

(۳) (فإن عجز عن الصوم) ... (أطعم) ... (ستين مسكينًا) ... (كالفطرة)، أي نصف صاع من برٍ أو صاع من تمرٍ أو شعير. (رد المحتار، باب كفارة الظهار: ٤٧٨/۳، سعيد)

(۴) (كما) جاز (لو أطعم واحدًا ستين يومًا). (رد المحتار، باب كفارة الظهار: ٤٧٩/۳، سعيد)

الجواب

ایام سرما میں قضاروزوں کی کرنے سے ثواب میں کچھ کمی نہیں ہوتی۔(۱) فقط (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۶/۳۲۰)

## رمضان کے روزہ کے بجائے نفل روزہ:

سوال: اگر رمضان کا ایک روزہ چھوٹ جائے تو بعد میں نفل روزے رکھنے سے اس کو اتنا ہی ثواب ملے گا؟

(محمد جہانگیرالدین طالب، باغ امجدالدولہ)

الجواب

اگر کسی شخص نے طبعی عذر کی بناپر رمضان میں روزہ نہیں رکھا، جیسے:عورتیں حیض ونفاس کی وجہ سے، یا کوئی مریض اپنی سخت بیماری کی وجہ سے اور اس نے بعد میں قضا کرلی تو امید ہے کہ اسے اتنا ہی ثواب ملے گا، جتنا رمضان میں روزہ رکھنے سے ثواب حاصل ہوتا ہے؛لیکن اگر بلا عذر روزہ توڑ دے تو قضا اور بعد میں نفل روزے اس کمی کو پورا نہ کرسکیں گے، جو رمضان المبارک جیسے مہینے میں روزہ نہ رکھنے کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اگر رمضان میں روزہ نہ رکھے اور پھر عمر بھر بھی روزہ رکھے،تو یہ رمضان کے روزہ کے برابر نہیں ہوسکتا''۔(۲)

اللہ تعالی ایسی محرومی سے ہم سب کی حفاظت فرمائے۔(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۲۔۴۱۳)

## روزہ کا کفارہ کیا اور کب:

سوال: اگر کوئی شخص کسی وجہ سے ایک یا کئی روزہ توڑ دے تو اس سے کیا کفارہ ادا کرنا پڑے گا؟

(محمد جہانگیرالدین، باغ امجدالدولہ)

الجواب

اگر کسی شخص نے روزہ رکھنے کی نیت ہی نہیں کی تھی تو یہ بہت بڑا گناہ ہے، اسے توبہ کرنا چاہیے اور ایک روزہ کی قضا کرلینی چاہیے اور اگر روزہ کی نیت کر چکا تھا، پھر بلا عذر جان بوجھ کر روزہ توڑ دے تو اب کفارہ یہ ہے کہ ایک روزہ کے بدلہ مسلسل ساٹھ روزے رکھے جائیں اور اگر روزے نہیں رکھ سکتا تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کا ایسا کھانا کھلائے کہ وہ آسودہ ہوجائیں۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اس کفارہ کی صراحت آئی ہے اور اس سلسلہ میں ایک دلچسپ واقعہ بھی نقل کیا گیا ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش آیا تھا۔(۳) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۲)

(۱) لـمسافر ... أومريض ... الفطريوم العذر ... وقضوا)لزوماً (ما قدروا بلا فدية و)بلا (ولاء).(الدرالمختار، كتاب الصوم:۳/۴۰۳۔۴۰۵،مكتبة زكريا ديوبند)

(۲) سنن أبي داؤد،رقم الحديث:۲۲۹۶

(۳) الجامع للترمذی،رقم الحديث:۷۲۴،صحيح البخاری،رقم الحديث:۹۸۴

## کفارہ کے روزے اگر چاند کے حساب سے رکھے تو دو ماہ ضروری ہے، اگرچہ ساٹھ سے کم ہو:

سوال: روزہ رمضان کے کفارہ میں دو مہینے پے در پے روزہ چاند کی پہلی تاریخ سے شروع کرے تو دو مہینے چاند کے حساب سے کافی ہیں، یا دنوں کے حساب سے ساٹھ روزے رکھنا ضروری ہے؟

**الجواب**

اگر چاند دیکھ کر کفارہ رمضان کے روزے رکھے جائیں تو ساٹھ روزے پورے کرنا ضروری نہیں؛ بلکہ پورے دو مہینے کے روزے رکھنا کافی ہے، خواہ وہ ساٹھ ہوں، یا ساٹھ سے کم ہوں۔

**(فإن لم يجد) المظاهر (مايعتق) صام شهرين ولو ثمانية وخمسين بالهلال وإلا، فستين يومًا متتابعين وكذا كل صوم شرط فيه التتابع.** (الدرالمختار)

**(قوله: وكذا كل صوم، الخ) ككفارة قتل أو إفطار، الخ.** (۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۲۴۱/۴)

## ادائے کفارہ صوم میں تعین سال کا اور صوم کفارہ میں تتابع ضروری ہے:

سوال: ایک شخص پر دو رمضان کے دو روزوں کے کفارے تھے، چند سال ہوئے کہ اس نے بلا تعین اس سال کے کہ جس میں روزہ توڑا تھا، ایک روزہ کا کفارہ دیا تو یہ کفارہ کسی رمضان کا صحیح ہوا، یا نہیں؟ اور کون سے رمضان کا ہوا، پہلے کا، یا بعد کا؟ اب دوسرے رمضان کا کفارہ بتعین سال اب دے رہا تھا، پندرہ روزے رکھے تھے کہ سولہویں روزے کو رات سے نیت کرنا بھول گیا اور بعد از زوال یاد آیا کہ میں فلاں سال کے روزے کا کفارہ دے رہا ہوں اور آج نیت کرنا تمام شب مجھ کو یاد نہ آیا، غرض وہ بھی روزہ پورہ کیا اور آئندہ روزہ رکھ رہا ہے تو اب یہ فرمائیے کہ جب ساٹھ روزے رکھ لیوے تو کفارہ پورا ہو جاوے گا، یا نہیں؟ کیوں کہ کفارہ میں رات سے نیت کرنا ضروری ہے کہ جو اس نے سہواً ترک کی اور اگر اوّل کے روزے میں نیت شرط ہو تو معلوم نہیں اور اگر اس کی بیوی نے حسب معمول روزمرہ کے خواب سے اس کو جگا کر کھانا سحر کا کھلایا ہو اور اس کو کھانا کھاتے میں روزے کا خیال نہ آیا، یا قریب صبح کے پانی پینے کی ضرورت ہوئی اور اس نے بخیال اس کے کہ اب صبح ہوگئی؛ اس لیے پانی نہ پیا ہو؛ مگر روزے کا خیال نہ آیا ہو تو بھی وہ کفارہ صحیح ہو جاوے گا، یا نہیں؟ اگر نہ ہوگا تو اس ایک روزے کی اگر قضا ادا کرے تو صحیح ہوگا، یا نہیں؟ یا از سر نو ساٹھ روزے رکھے؟

**الجواب**

**في الدرالمختار: والشرط للباقي من الصيام (قول منها صوم الكفارة) قران النية للفجر ولو حكماً وهو تبييت النية للضرورة وتعيينها، آه.**

---

(۱) **ردالمحتار، باب الكفارة: ۴۷۶/۳، طبع سعيد**

وفيه: ولو تكرر فطره ولم يكفر للأول يكفيه واحدة ولو في رمضانين عند محمد وعليه الإعتماد.

في رد المحتار: قوله وعليه الاعتماد ونقله في البحر عن الإسرار ونقل قبله عن الجوهرة لو جامع في رمضانين فعليه كفارتان وإن لم يكفر للأولى في ظاهر الرواية وهو الصحيح، آه.

قلت: فقد اختلف الترجيح كما ترىٰ ويتقوى الثاني بأنه ظاهر الرواية، آه.

وفي الدر المختار باب الظهار: والأصل نية التعيين في الجنس المتحد سببه لغو وفي المختلف سببه مفيد.

وفي رد المحتار: ولذا كان صوم رمضان من قبيل الأول والصلوٰة من الثاني وكذا صوم يومين من رمضانين (أي هو من قبيل المختلف السبب).

ان (فقہی) روایات سے ثابت ہوا کہ جب اوّل کفارہ میں اس نے سال کی تعیین نہیں کی تو کسی سال کا بھی کفارہ نہیں ہوا، (۱) اگر ایک کی تعیین کر لیتا تو اس کا ادا ہو جاتا، خواہ وہ اوّل ہوتا، خواہ دوسرا؛ مگر دوسرا کفارہ بوجہ اس کے کہ درمیان میں ایک روزہ صحیح نہیں ہو، درست نہیں ہوا۔ اب از سر نو دونوں روزوں کے کفارے ادا کرنا پڑیں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ شوال ۱۳۲۶ھ (تتمہ اولیٰ، ص: ۵۹) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۴)

## کفارۂ صوم میں رمضان اور عید الفطر مبطل رہتا ہے:

سوال: اگر رجب کی یکم کو کفارۂ رمضان کا روزہ شروع نہ کرسکا تو اب اگر یہ شخص ۲/رجب سے صیامِ کفارہ کو شروع کرے تو درمیان میں رمضان وعید الفطر کے واقع ہونے سے تتابع باطل نہ ہوگا، یا باطل ہو جائے گا اور اس کو از سرِ نو استیناف کرنا ہوگا؟

الجواب

صورتِ مسئولہ میں رمضان وعید الفطر کا توسط مبطلِ تتابع ہے، بعد رمضان کے پھر ساٹھ روزے از سرِ نو رکھنے پڑیں گے۔

قال في الدر: (صام شهرين متتابعين ولو ثمانية وخمسين) بالهلال وإلا فستين يوماً ... (ليس فيهما رمضان وأيام نهي عن صومها) وكذا كل صوم شرط فيه التتابع (فإن أفطر بعذر) كسفر ونفاس بخلاف الحيض (أو بغيره أو وطئها) أي المظاهر استأنف الصوم، آه. (الدر المختار، باب الظهار: ۲/۵۹۶-۵۹۷) والله أعلم

غرّہ رجب ۱۳۴۵ھ (امداد الاحکام: ۳/۱۳۶-۱۳۷)

(۱) یہ حکم جب ہے کہ روزہ جماع سے توڑا ہو، اگر غیر جماع سے توڑا تو قول راجح پر ایک ہی کفارہ واجب ہوگا، لہذا تعیین کی ضرورت نہ رہی اور دونوں سالوں کا کفارہ ادا ہوگیا۔ رشید احمد عفی عنہ

## تداخل کفارات صوم؛ یعنی کئی روزوں کے لیے ایک کفارہ کافی ہے:

سوال: اوائل عمر میں مجھ سے کچھ روزے قصداً فوت ہوئے اور جہاں تک مجھے یاد ہے، تخمیناً پندرہ، یا بیس ہوں گے، اب ان کی اگر قضا کرنا چاہوں تو بموجب حکم شرع ہر روزہ کے عوض دو مہینے کے روزے چاہیے اور متتابعین بھی شرط ہے، اس شرط پر عملدرآمد بہت مشکل معلوم ہوتا ہے؛ اس لیے نقاہت بوجہ قلت غذا کے فی الحال بہت ہے اور باوجود اس کے بھی دو چار برس تک برابر روزہ رکھوں تو غالباً بوجہ زیادتی نقاہت فرائض عبادت میں بھی قصور ہوگا اور علاوہ اس کے بہت سے حقوق ضائع ہوں گے، پس ایسی حالت میں کیا کرنا چاہیے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ

قضا تو ان روزوں کی عدد میں برابر کرنا ظاہر ہے کہ ضروری ہے؛ یعنی بیس روزے تھے تو بیس روزے رکھنا چاہیے۔ اب رہ گیا کفارہ بوجہ اس کے کہ روزوں کو عمداً توڑا ہے؛ یعنی جب کہ شروع کر کے توڑ دئے ہوں تو اس میں اقوال مختلفہ ہیں۔ امام محمدؒ کے نزدیک دو رمضان، یا زیادہ کے روزوں کے کفارہ میں بھی تداخل ہو جاتا ہے۔ (کمافی الدرالمختار) پس اگر حالت مذکورہ سوال میں اس قول پر عمل کر لیا جاوے، جائز ہے۔ پس اس بنا پر ساٹھ روزے علی التواتر کفارہ کی نیت سے رکھنا واجب ہوگا، اس سے کسی طرح مفر نہیں اور اگر شروع کر کے نہیں توڑے؛ بلکہ سرے سے نیت ہی نہیں کی تو صرف برابر سرابر قضا لازم ہے، کفارہ لازم نہیں۔ فقط

۳۰ ذی الحجہ ۱۳۲۶ھ (تتمہ اولی، ص: ۶۰) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۴)

## تحقیق وتفصیل تداخل کفارات صوم:

سوال: ایک رمضان کے چار پانچ روزوں کی طرف سے ایک کفارہ (یعنی ساٹھ روزے) کافی ہے، یا نہ؟ اگر کافی ہے تو اس کے کافی ہونے میں یہ شرط بھی ہے کہ سب روزے ایک ہی سبب سے ٹوٹے ہوں، یا یہ شرط نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ

آئندہ کے جواب میں اس کا جواب بھی آ جاوے گا۔

۲/ جمادی الثانی ۱۳۳۱ھ (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۴)

سوال: بہشتی زیور حصہ سوم میں مرقوم ہے: ''مسئلہ: اگر ایک ہی رمضان کے دو تین روزے توڑ ڈالے تو ایک ہی کفارہ واجب ہے، البتہ اگر دونوں روزے ایک رمضان کے نہ ہوں تو الگ الگ کفارہ دینا پڑے گا، انتہیٰ''۔ اس مسئلہ سے مطلقاً معلوم ہوتا ہے کہ خواہ کوئی بھی سبب سے کئی ایک روزے گئے ہوں، ایک کفارہ کافی ہے اور کسی سبب کی تحقیق نہیں، بشرطیکہ ایک رمضان کے ہوں۔ بہشتی گوہر میں تتمہ حصہ سوم بہشتی زیور میں مذکور ہے: ''مسئلہ سوائے جماع کے اور

کسی سبب سے اگر کفارہ واجب ہوا ہو اور ایک کفارہ ادا نہ کرنے پایا ہو کہ دوسرا واجب ہو جاوے تو ان دونوں کے لیے ایک ہی کفارہ کافی ہے، اگر چہ دونوں کفارے دو رمضان کے ہوں۔ ہاں جماع کے سبب سے جتنے روزے فاسد ہوئے ہوں، ہر ایک کا کفارہ علاحدہ رکھنا ہو، اگر چہ پہلا کفارہ ادا نہ کیا ہو، انتہی''۔ اس مسئلہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر روزے بسبب جماع کے گیے ہوں تو ایک کفارہ کافی نہیں، اگر چہ ایک رمضان کے ہوں اور اگر سوا جماع کے دوسرے سبب سے کفارہ واجب ہوا ہو تو ایک کفارہ کافی ہے، اگر چہ دو رمضان کے ہوں۔ پس مثلاً اگر کسی شخص کے دو رمضان کے ملا کر روزے کسی اور سبب سے سوا جماع کے گئے تو مطابق مسئلہ اولی کے ایک کفارہ کافی ہے اور مطابق مسئلہ ثانیہ کے پانچ کفارہ رکھنا پڑیں گے، پس کون سی بات ٹھیک ہے؟ (۱)

الجواب

بہشتی زیور کی سند میں تو اس وقت کوئی روایت نہیں ملی، مولوی احمد علی صاحب مرحوم نے معلوم نہیں وہ مسئلہ کہاں سے لکھا ہے، البتہ بہشتی گوہر کے موافق روایت درمختار ورد المختار میں موجود ہے؛ لیکن اول مسئلہ تو بلا اختلاف اور دوسرا باختلاف۔ فقط (امداد الفتاویٰ: ۱۳۶/۲)

## عدم وجوب تقدیم قضا بر کفارہ:

سوال: جناب نے قضا روزں کی بابت تحریر فرمایا دیا تھا کہ سب روزوں کا کفارہ ساٹھ روزے ہوں گے، اب یہ عرض ہے کہ قضا روزے پہلے رکھے جاویں یا کفارہ کے روزے پہلے رکھے جاویں؟

الجواب

فی رد المحتار تحت قول الدر المختار: قضٰی و کفر مانصه وإنما قدم القضاء اشعاراً بأنه ینبغی

(۱) حاشیہ بہشتی گوہر، از مولانا ظفر احمد صاحب مدظلہ: اس مسئلہ میں تین مسلک ہیں، ایک یہ کہ قبل کفارہ مطلقا تداخل ہوسکتا ہے۔ دوم یہ کہ ایک رمضان میں مطلقاً تداخل ہوسکتا ہے اور دو رمضان میں مطلقا نہیں ہوسکتا۔ سوم یہ کہ کفارہ جماع میں مطلقاً تداخل نہیں ہوسکتا اور کفارہ غیر جماع میں مطلقا تداخل ہوسکتا ہے۔ بہشتی زیور میں مسلک دوم کو اختیار کیا ہے اور بہشتی گوہر میں مسلک سوم کو۔ یہ اختلاف رائے مولوی احمد علی صاحب مؤلف بہشتی زیور و مولوی عبد الشکور صاحب علم الفقہ کا ہے اور حضرت مولانا مرحوم ومغفور نے تتمہ ثانیہ امداد الفتاوی، ص: ۳۷ میں ایک سوال کے جواب مسئلہ بہشتی زیور کو غیر معلوم السند اور مسئلہ بہشتی گوہر کو مستند والی الدر المختار ورد المختار خیال فرمایا ہے اور ہم نے اس کی اصلاح میں ثابت کیا ہے کہ مسئلہ بہشتی زیور ماخوذ از در المختار ہے اور وہی ان کے نزدیک راجح ہے: من شاء التفصیل فلیرجع إلٰی اصلاحاتنا المتعلقة بالتتمة المذکور. (تصحیح الاغلاط) پھر بعد میں بہشتی گوہر کے مسلک پر بھی ترمیم کردی گئی۔ اب حاصل مسئلہ کا یہ ہے کہ غیر جماع میں تو مطلقا تداخل جائز ہوسکتا ہے اور جماع میں میں ایک رمضان کے کفارات متداخل ہوسکتے ہیں، دو رمضان کے نہیں؛ کیوں کہ جماع میں تو مطلقا تداخل نہ ہونا خلاف ظاہر روایت ہے، کما یظهر من الشامیة و مراقی الفلاح فلیراجع. خلاصہ یہ ہے کہ ظاہر روایت میں ایک رمضان کے کفارات متدخل ہوسکتے ہیں، جب ہنوز کوئی کفارہ ادا نہ کیا ہو، دو رمضان کے متداخل نہیں ہوسکتے اور اس میں جماع غیر جماع سب مساوی ہیں؛ مگر ہم نے غیر جماع میں قول صحیح ومعتمد کو لے لیا ہے۔ منہ ظفر احمد

أن يقدمه على الكفارة، الخ. (رد المحتار: ۲/ ۱۷٤)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ زیادہ بہتر تو یہی ہے کہ قضا روزے اول رکھے جاویں؛ لیکن اگر کفارہ کے روزے اوّل رکھ لے، تب بھی جائز ہے۔

۹/ ذی قعدہ ۱۳۳۵ھ (تتمہ خامسہ، ص: ۳۸) (امداد الفتاویٰ: ۲/ ۱۳۶)

## کفارہ اور فدیہ کے کھانے کے عوض میں قیمت دینا:

سوال: یہ کہ کفارہ اور فدیہ کے کھانے کے عوض میں، قیمت دینا جائز ہے، یا نہیں؟ دوسرے یہ کہ چند صیام کا فدیہ آیا، ایک بار ایک شخص کو دینا جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

کفارہ میں قیمت دینا بھی درست ہے، جس قدر ایک آدمی کو دیا جاتا ہے کہ ایک صاع، یا نصف صاع ہے، اس کی قیمت دے دیوے، درست ہے اور فدیہ صوم وصلوٰۃ میں بھی قیمت دینا درست ہے؛ مگر کفارہ کا طعام و قیمت ایک ایک کو ملے گی اور فدیہ کے طعام و قیمت کو چاہے سب ایک کو دے دیوے تو درست ہے۔

(فرخ آباد، ص: ۲۴، ۲۵، ۲۷) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ: ص ۲۰۸)

## کفارہ میں مساکین کو طعام دینا:

سوال: اگر روزہ کے کفارہ میں غلام آزاد کرنا اور روزہ رکھنا ناممکن ہوجائے تو ساٹھ مسکینوں کو طعام کس طرح دینا چاہیے؟

الجواب

اگر عمر کی زیادتی، یا کسی مرض کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا تو اس کو اختیار ہے کہ ساٹھ مسکینوں کو اگر خام غلہ دے تو گندم اور اس کا آٹا نصف صاع اور جو، انگور، چھوہارہ، ہر ایک مسکین کو ایک صاع دے اور اگر چاہے تو اس غلہ کی قیمت دے دے، یا کھانا پکا کر ساٹھ مسکینوں کو دو وقت شکم سیر کھلائے، یا ایک وقت کھانا کھلا دے اور ایک وقت کے کھانے کی قیمت دے دے اور یا ایک ہی مسکین کو ساٹھ روز تک دونوں وقت کھلائے؛ لیکن اگر ساٹھ آدمیوں کا کھانا پکا کر ایک ہی مسکین کو دے دیا تو کفارہ ادا نہ ہوگا؛ بلکہ ایک ہی مسکین کا کھانا شمار کیا جائے گا اور اگر ساٹھ مسکینوں کے حصہ کا خام غلہ ایک مسکین کو ایک ہی دن میں متفرق طور پر دے، اس صورت میں بھی بعض کے نزدیک کفارہ ادا نہ ہوگا اور ایک ہی مسکین کا حصہ شمار ہوگا اور بعض کے نزدیک کفارہ ادا ہوجائے گا۔ (كذا قال البرجندي) (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحئی اردو: ۲۳۸)

## کفّارۂ صوم میں بہت بوڑھے اور بڑھیا کو کھلانا جائز ہے، یا نہیں:

سوال: بہشتی زیور میں روزہ کے کفّارہ کے لیے ساٹھ مسکینوں کو کھلانے کے متعلق لکھا ہے، اگر بعضے بالکل

چھوٹے بچے ہوں تو جائز نہیں، سوال یہ ہے کہ اگر بالکل بوڑھا بوڑھی ہوں تو جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

بہت بوڑھا اور بوڑھی کو کفّارہ میں کھلانا جائز ہے۔

قال في الهداية: فإن غداهم وعشاهم جاز قليلاً كان ما أكلوا أو كثيراً، آه. (۱)

قال صاحب النهاية: لأن المعتبر هو الشبع لا المقدار، آه.

وقال الشامي عن البحر والمنح: ولو كان فيمن أطعمهم صبي فطيم لم يجزه؛ لأنه لا يستوفي كاملاً، آه. (۲)

وفي التاتارخانية: إذا دعا مساكين وأحدهم صبي فطيم أو فوق ذلك لا يجزئه كذا ذكر في الأصل، وفي المجرد: إذا كانوا غلماناً يعتمد مثلهم يجوز آه وبه ظهر أيضاً أن المراد بالفطيم و بغير المراهق من لا يستوفي الطعام المعتاد وفيه أيضاً ولو كان فيهم شبعان قبل الأكل أو صبي لم يجز، آه. (۳)

قلت: والكبير والكبيرة ممن يستوفي الطعام عادة وخلافه نادر. والله أعلم

مورخہ ۴/رمضان ۱۳۴۵ھ (امدادالاحکام: ۱۳۵/۳-۱۳۶)

## حکم دادن کفارہ نماز میت بہ بنی ہاشم:

سوال: فوت شدہ نمازوں کے کفارہ کے مصرف میں ایک شبہ پیدا ہوا ہے کہ اگر مرحومہ وصیت کر جاتی، تب تو ثلث مال سے اس کا نکالنا واجب ہوتا اور یہ کفارہ صدقہ واجبہ میں شمار ہو کر مثل زکوۃ وعشر وصدقہ فطر وکفارہ صوم ہاشمیوں کو نہ دینا چاہیے تھا؛ لیکن جبکہ وصیت نہ تھی تو یہ فعل تبرع ہوا اور یہ صدقہ نافلہ ہوا، لہٰذا مثل دیگر صدقات نافلہ کے ہاشمیوں کو دینا جائز ہونا چاہیے، میں نے اس مسئلہ کو تلاش کیا کہیں نہیں ملا، بہشتی زیور کی عبارت سے کہ اگر کفارہ نکالیں تو اپنے فضل وکرم سے اس کو قبول فرمالیں اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ کفارہ تبرع ہے؟

الجواب

بالکل تبرع ہے اور اس کا مقتضا ظاہراً بیشک یہی ہے کہ بنی ہاشم کے لیے جائز ہو؛ مگر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ خود فدیہ کے احکام لازمہ سے یہ ہے کہ بنی ہاشم اس کا مصرف نہ ہوں اور راز اس میں یہ ہے کہ اگر یہ تبرع ملحق ہے، واجب کے ساتھ بوجہ فدیہ ہونے کے، ورنہ اس میں اس اثر کی امید نہ ہوگی، جو فدیہ میں ہے۔ پس اس کی مثال نفل نماز کی ہوگئی کہ وضو وغیرہ اس کے لیے بھی شرط ہے، اس کی نظیر فقہا کے کلام میں یہ ہے کہ عقیقہ کے احکام مثل قربانی کے

(۱) الهداية، فصل في الكفارة: ۲۲/۲

(۲) ردالمحتار، باب كفارة الظهار: ۲۴٦/۱۲

(۳) الفتاوى التاتارخانية: ۹۵۹/۲-۹٦۰

لکھے ہیں، حالاں کہ عقیقہ واجب نہیں بلکہ خود قربانی ہی اگر نفل ہو، اس کے بھی وہی احکام وشرائط ہیں، جو واجب کے ہیں۔غور فرمایا جائے، دوسرے علما سے بھی مراجعت مناسب ہے۔

جمادی الاول ۱۳۳۸ھ (امداد الفتاویٰ:۲/۱۳۳۸)

## نذر روزے اگر کسی عذر مثلاً بیماری کی وجہ سے نہ رکھ سکے تو کتنا کفارہ لازم ہوگا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین کہ ایک آدمی نے نذر کی ہے کہ اے اللہ تعالیٰ میری بلا ومصیبت اگر دور ہوجائے تو میں تیرے واسطے ہر چاند میں؛ یعنی ہر مہینہ میں پانچ پانچ روزے رکھوں گا۔اب وہ بلا ومصیبت دور ہوگئی ہے،اب وہ شخص ہر مہینہ میں روزے رکھے، یانہیں؟ اوراس کے اوپر عمر بھر کے روزے رکھنا واجب ہے، یانہیں؟ اگر واجب ہوگیا تو اگر یہ روزہ ادا نہ کرے تو کفارہ دینے سے عمر بھر کے روزے ادا ہوں گے، یانہیں؟ اگر ادا ہوجائیں تو کتنا کفارہ دینے سے ادا ہوگا؛ یعنی کیا چیز دے گا اور یہ شخص بیماری کی وجہ سے لاچار ہے؟ لہٰذا فتویٰ منگوایا جاتا ہے۔

**الجواب**

جب یہ شخص بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے سے عاجز ہے تو اس کو چاہیے کہ ہر ماہ میں پانچ روزوں کا فدیہ دے دیا کرے؛ یعنی ہر روزے کے عوض صدقۂ فطر کے برابر گیہوں وغیرہ دے دے، یا ایک مسکین کو پیٹ بھر کر دو وقت کھانا کھلاوے۔

**کما فی الهندية (١٣٥/١):ولو أخر القضاء حتى صار شيخاً فانياً أو كان النذر بصيام الأبد فعجز لذلك أو باشتغاله بالمعيشة لكونه صناعته شاقة له أن يفطر ويطعم لكل يوم مسكيناً على ما تقدم،آه.(١)**

**وفيه أيضاً (١٣٣/١)فالشيخ الفاني الذى لايقدر على الصيام يفطر ويطعم لكل يوم مسكيناً كما يطعم فى الكفارة، وفى المجلد الثانى منه.(ص:١٥١)(٢)**

**فإن غداهم وعشاهم وأشبعهم جاز سواء حصل الشبع بالقليل أو الكثير،كذا فى شرح النقاية لأبى المكارم.(٣)**

۲۸/جمادی الأولیٰ ۱۳۴۴ھ (امداد الاحکام:۳/۱۳۷)

## رمضان میں جہرا کھانا کھانے کی سزا، روزہ کے ایام میں ہوٹل میں کھلانا:

سوال: رمضان میں وہ لوگ جن پر روزہ فرض ہوتا ہے، علانیہ طور پر روزہ داروں کے سامنے کھاتے پھرتے ہیں اور بازاروں میں گھومتے پھرتے ہیں۔کیا احترامِ رمضان کی شریعت نے کوئی حد مقرر کی ہے؟ کیا مریض اور مسافر کو شرعاً اجازت ہے کہ روزہ داروں کے سامنے کھائیں، رمضان میں ہوٹل میں کھانا روزہ داروں کے سامنے فروخت کرنا کیسا ہے؟

---

(۱) **الفتاوى الهندية،الباب السادس فى النذر:٢٠٩/٢**

(۲) **الفتاوى الهندية،الباب السادس فى النذر:٢٠٧/٢**

(۳) **الفتاوى الهندية،الباب الحادى عشر فى اللعان:٥١٤/١**

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

مریض اور مسافر کو عذر شرعی کی بنا پر (حائضہ ونفسا کی طرح) روزہ داروں کے سامنے نہیں کھانا چاہیے، سرّاً کھائیں۔ بلا عذر شرعی وہ صورت اختیار کرنا جو سوال میں درج ہے، سخت جرم ہے اور اس کی سزا بھی بہت سخت ہے؛ مگر سزا دینا ہر ایک کے بس میں نہیں۔

"ولو أكل عمداً جهراً بلا عذر يقتل، آه". (الطحطاوی، ص:٣٦٣)(۱)

"يجب الإمساك بقية اليوم علىٰ من فسد صومه وعلىٰ حائض ونفساء طهرتا بعد طلوع الفجر، وعلىٰ صبي بلغ، وكافر أسلم بحرمة الوقت بالقدر الممكن، آه".

"أما في حالة تحقق الحيض والنفاس فيحرم الإمساك، ولكن لا يجب الإمساك على المريض والمسافر، ولكن لا يأكون جهراً بل سراً، آه". (الطحطاوی مختصراً، ص: ٣٧)(۲)

سزا کے لیے قدرتِ قاہرہ ضروری ہے، جو کہ امیر المومنین کو حاصل ہوتی ہے۔ (۳) جن پر روزہ فرض ہے، ان کو کھانا ہوٹل وغیرہ میں کھلانا بھی معصیت اور تعاون علی الاثم ہے۔

﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ الآية (۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۱/۱/۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۱/۱/۱۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۶۳)

## روزوں کی قضائے عمری کا طریقہ:

سوال: ایک شخص کے ذمہ فرض روزے باقی ہیں؛ یعنی جب سے بالغ ہوا تھا، روزے فرض نہیں رکھتا تھا، کئی سال متواتر نہیں رکھے، اب چھ سات سال بالغ ہونے کے بعد سے رکھنے لگا ہے تو ان فرض روزوں کے رکھنے کی کیا صورت ہوگی؟ اور کتنے سال کی عمر کی فرض نمازیں اور فرض روزے اس پر رکھنے فرض ہوں گے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

روزہ اور نماز دونوں چیزیں بالغ ہونے سے فرض ہوتی ہیں۔ پس جیسے بالغ ہوا ہے، اسی وقت سے حساب کر کے ہر

---

(۱) حاشية الطحطاوی علىٰ مراقی الفلاح، كتاب الصوم، باب ما يفسد به الصوم، ص: ٢٦٣، قديمی

(۲) حاشية الطحطاوی علىٰ مراقی الفلاح، ص: ٦٧٨، كتاب الصوم، فصل: يجب على الصحيح الإمساك، قديمی

(۳) ويشترط كونه مسلماً حراً ذكراً عاقلاً بالغاً قادراً. (الدر المختار) (وقوله: قادراً): أي علىٰ تنفيذ الأحكام وانصاف المظلوم من الظالم، وسد الثغور، وحماية البيضة وحفظ حدود الإسلام وجر العساكر. (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: شروط الإمامة الكبرىٰ: ١/٥٤٨، سعيد)

(۴) سورة االمائدة: ٢

روز کی چھ نمازیں؛ یعنی پانچ فرض نمازیں، چھٹی وتر کی نماز قضا کرے اور اسی وقت سے ہر رمضان کے روزے رکھے اور روزہ میں رمضان کی تعیین کردے، پہلے رمضان کے روزے جو بھی مجھ پر فرض ہوئے اور میں نے نہیں رکھے، اس کے روزے رکھتا ہوں۔ اس نیت سے ایک مہینہ کے روزے رکھے، اس کے بعد دوسرے رمضان کے، اسی طرح رکھے، یا یہ نیت کہ اخیر کے رمضان کے روزے جو بھی مجھ پر فرض ہوئے اور میں نے نہیں رکھے، وہ رکھتا ہوں۔ (۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳۵۶/۱۱/۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳۵۶/۱۱/۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۶۴/۱۰) ☆

## رمضان سمجھ کر یکم شوال کا روزہ رکھنا:

سوال: یہ جو بہت سے لوگوں نے اتوار کے روزے توڑے ہیں۔ یہ رکھے جائیں گے، یانہیں؟

---

(۱) هٰكذا في الطحطاوي علیٰ مراقي الفلاح، ص: ۲۵۹) (وإذا كثرت الفوائت، يحتاج لتعيين كل صلاة يقضيها التراحم الفروض والأوقات كقوله: أصلي ظهر الإثنين ثامن عشر جمادى الثانية سنة أربع وخمسين وألف، وهٰذا فيه كلفة، فإذا أراد تسهيل الأمر عليه، نوى أول ظهر عليه أدرك وقته لم يصله، فإذا نواه كذلك فيما يصليه يصير أولا، فيصح بمثل ذالك وهكذا إن شاء فيقول: أصلي آخر ظهر أدركته ولم أصله بعد، فإذا فعل كذلك فيما يليه يصير آخر بالنظر لما قبله، فيحصل التعيين، وكذا (الصوم الذي عليه من رمضانين) إذا أراد قضائه يفعل مثل هٰذا، إلخ. (حاشية الطحطاوي علیٰ مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح، باب قضاء الفوائتص، ص: ٤٤٦، قديمي)

☆ **روزہ کی قضائے عمری:**

سوال: ایک شخص کے فرض روزے باقی ہیں، بالغ ہونے کے بعد بہت سے روزے متواتر اور بہت سے غیر متواتر روزے نہیں رکھے تو روزے اور نمازیں کس طرح قضا کرے؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

روزہ اور نماز دونوں چیزیں بالغ ہونے سے فرض ہوتی ہیں۔ پس جب بالغ ہوا ہے، اسی وقت سے حساب کرکے ہر روز کی چھ نمازیں؛ یعنی پانچ فرض نمازیں، چھٹی وتر کی قضا کرے اور اسی وقت سے ہر رمضان کے روزے رکھے اور روزے سے رمضان کی تعیین کرے، مثلاً پہلے رمضان کے روزے جو مجھ پر فرض ہوئے اور میں نے نہیں رکھے، اس کے روزے رکھتا ہوں، اس نیت سے ایک مہینہ کے روزہ رکھے اور روزے کے بعد دوسرے رمضان کے اسی طرح رکھے، یا یہ نیت کرے کہ اخیر کے رمضان کے روزے جو مجھ پر فرض ہوئے اور میں نے نہیں رکھے، وہ رکھتا ہوں۔ (هٰكذا في الطحطاوي علیٰ مراقي الفلاح)(وإذا كثرت الفوائت يحتاج لتعيين كل صلوٰة، فإذا أراد تسهيل الأمر عليه، نوىٰ أول ظهر عليه أدرك وقته ولم يصله وكذا الصوم الذي عليه من رمضانين إذا أراد قضائه، بفعل مثل هٰذا. (مراقي الفلاح) قال الطحطاوي: وأما إذا كان من رمضان واحد، فلا يحتاج إلى التعيين اتفاقاً. (حاشية الطحطاوي، باب قضاء الفوائت، ص: ٤٤٦، قديمي) فقط

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۶۳/۱۰)

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جب کہ بعد میں ثابت ہوگیا کہ اتوار کو یکم شوال تھی تو ایسے روزوں کی قضا لازم نہیں، (۱) اگر چہ بلا تحقیق وتصدیق توڑ نا منع تھا۔ واللہ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۶۵/۱۰) ☆

## ریڈیو کی خبر پر افطار کرنے سے قضا کا حکم:

سوال: ریڈیو کی خبر پر روزہ رکھنا یا توڑنا کیسا ہے؟ جن لوگوں نے ریڈیو کی خبر سن کر روزہ توڑا، ان لوگوں پر صرف قضا لازم ہے، یا نہیں؟ یا کفارہ بھی؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اگر ریڈیو پر یہ خبر آئے کہ فلاں جگہ چاند ہوگیا تو یہ کافی نہیں، (۲) البتہ اگر یہ اعلان آئے کہ فلاں جگہ قاضی شرعی، یا حاکم مسلم، یا رؤیت ہلال کمیٹی نے، جس کے افراد باعلم اور متبع شریعت ہوں، شرعی شہادت لے کر اعلان کر دیا ہے کہ فلاں روز عید ہے تو یہ اعلان یوم الشک میں ایسے مقامات پر معتبر مانا جائے گا کہ اس کے تسلیم کرنے سے مہینہ ۲۸/ دن، یا ۳۱/ کا دن نہ ہو جائے۔

---

(۱) ولزم نفل شرع فيه قصداً أداء وقضاء إلا في العيدين وأيام التشريق، فلا يلزم، لصيرورته صائماً بنفس الشروع، فيصير مرتكباً للنهي، إلخ". (الدر المختار مع تنوير الأبصار، كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم: ۴۲۸/۲، سعيد)

☆ **رمضان سمجھ کر یکم شوال کا روزہ:**

سوال: رمضان المبارک کی انتیسویں شام میں مطلع صاف ہونے کے باوجود ہلال نظر نہ آیا اور شب کے ساڑھے نو بجے ریڈیو سے بھی یہ اطلاع ملی کہ ریاست میسور اور بھارت کے دوسرے حصوں میں ہلال نظر نہ آیا۔ رمضان المبارک ۳۰/ کی صبح کو یہ خبر ملی کہ بمبئی میں عید منائی جارہی ہے تو یہاں کے بہت سارے روزہ داروں نے روزہ توڑ دیا اور بہت ساروں نے روزہ نہ توڑا، عید کی نماز دوسرے دن پڑھی گئی، برائے مہربانی اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

کسی افواہ پر بغیر تحقیق وتصدیق کے ۳۰/ رمضان کو روزہ توڑنا درست نہیں، لیکن اگر بعد میں تحقیق ہوجائے کہ وہ تاریخ ۳۰/ رمضان کی نہیں؛ بلکہ یکم شوال تھی تو اس روزہ کی قضا، یا کفارہ کچھ لازم نہیں۔ (ولزم نفل شرع فيه قصداً أداء و قضاء إلا في العيدين وأيام التشريق، فلا يلزم لصيرورته صائماً بنفس الشروع، فيصير مرتكبا للنهي، إلخ. (تنوير الأبصار مع الدر المختار، فصل في العوارض المبيحة: ۴۲۸/۲، سعيد) واللہ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، ۲۳/۱۰/۱۳۸۵ھ۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۶۵/۱۰-۱۶۶)

(۲) ولو سمع من وراء حجاب كثيف لايشف من ورائه، لايجوز له أن يشهد، ولو شهد وفسره للقاضي بأن قال: سمعته باع ولم أر شخصه حين تكلم لايقبله؛ لأن النغمة تشبه النغمة، إلا إذا أحاط بعلم ذلك؛ لأن المسوغ هو العلم. (فتح القدير، كتاب الشهادات، فصل: يتعلق بكيفية الأداء ومسوغه: ۳۸۴/۷، مصطفى البابي الحلبي مصر)

اس سال جن لوگوں نے تیسواں روزہ محض ریڈیو کی خبر پر بغیر تحقیق شرائط توڑ دیا ہے، انہوں نے غلط کیا، ان لوگوں کو اس میں جلدی سے کام لینا نہیں چاہیے تھا؛ لیکن جب بعد میں یہاں شہادتوں سے ثابت ہوگیا کہ وہ عید کا دن تھا تو اس دن کے روزہ کی قضا لازم نہیں۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۱۱/۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، ۱۳۸۵/۱۱/۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۶۶-۱۶۷)

## استحاضہ میں روزہ اوراس کی قضا:

سوال: گزارش ہے کہ ترجمہ منیۃ المصلی صلوۃ الرحمٰن، فصل باب الحیض کے آخری مسئلہ میں یہ عبارت البحر الرائق کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ ''جو عورت بسبب خون استحاضہ کے بھول گئی، گنتی حیض کی اور وقت حیض، الخ، اور حکم روزے کے واسطے اس کے یہ ہے کہ روزہ رکھے رمضان کے تمام مہینہ میں؛ کیوں کہ ہر روزہ پاک ہونے کا گمان ہے اور بعد رمضان کے قضاء کرے بیس روزے اور نزدیک بعضوں کے بائیس روزے اور احتیاط اسی میں ہے کہ یہ حکم اس عورت کا ہے، جس کو حیض ہر مہینہ میں ایک دفعہ آتا ہو اور اگر دو دفعہ آتا ہو؛ یعنی اول مہینہ میں اور آخری میں تو وہ عورت قضا کرے تیس روزہ اور نزدیک بعضوں کے چھتیں روزے اور احتیاط اسی میں ہے۔ فقط

یہ عبارت سلیس حضور فرماویں کہ طہر کی مدت تو پندرہ روز ہے، پھر قضا بیس روزوں کی کیوں کر اور بائیس کی کیوں کر کرے۔ اگر دس روز حیض میں شمار ہوئے تو دو روز زائد کیسے اور کل رمضان تو ۲۹/ یا ۳۰/دن کا ہوتا ہے تو قضا ۳۲/دن یا چھتیں دن کی کیوں کر ہوئی، اگر تمام مہینہ ناپاکی میں شمار ہوا تو طہر کا زمانہ کب ہوا؛ یعنی پاکی کتنے روز ہی؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

ترجمہ منیۃ المصلی صلۃ الرحمٰن میرے پاس موجود نہیں، البتہ بحر شرح کنز میں ۱/۱۰۱ پر یہ مسئلہ بڑی تفصیل کے ساتھ مذکور ہے، اس میں کچھ دوسرے اقوالِ فقہا بھی درج ہیں؛ مگر چوں کہ آپ نے صرف چار اقوال نقل کرکے ان کی وجہ دریافت کی ہے؛ اس لیے انہیں چار کی وجہ پر اکتفا کرتا ہوں۔

زیادہ سے زیادہ مدتِ حیض دس روز ہیں اور اصالتاً دس روز ماہ رمضان میں حیض کے شمار ہوں گے اور بعد رمضان دس روز کا اعادہ ہوگا، پھر جب انتیس کے ماہ میں دس روزوں کا اعادہ کیا تو اس احتمال کی بنا پر کہ شاید دس روز حیض کے دوسرے دس روزوں کا حکم دیا گیا، لہٰذا بیس روزوں کی قضاء ہوگئی، یہ اس وقت ہے، جب کہ عورت کو یہ علم ہو کہ حیض کی ابتدارات میں ہوئی، اگر ابتدا دن میں ہوئی ہو تو بائیس روزوں کا اعادہ کرے؛ اس لیے کہ اس صورت گیارہ روزوں کا

(۱) لزم نفل شرع فيه قصداً أداء وقضاء إلا في العيدين وأيام التشريق،فلا يلزم لصيرورته صائماً بنفس الشروع،فيصير مرتكباً للنهي. (تنوير الأبصار مع الدر المحتار،فصل في العوارض المبيحة: ۲/۴۲۸، قديمى)

اور حکم دیا جائے گا، یہ کل تیس روزے ہوگئے۔ یہ دونوں صورتیں اس وقت ہیں کہ قضا مسلسل ہو، یا ایک ہی ماہ میں ہو۔

"وأما الصوم ههُنا تصوم كل شهر رمضان، لاحتمال طهارتها كل يوم، وتعيد بعد رمضان عشرين يوماً وهو على ثلاثة أوجه: الأول: إن علمت أن ابتداء حيضها كان يكون بالليل، فإنها تقضي عشرين يوماً بجواز أن حيضها في كل شهر عشرة أيام، فإذا قضت عشرة يجوز حصولها في الحيض، فتقضي عشرة أخرى، والثاني: إن علمت أن ابتداء حيضها كان يكون بالنهار فتقضي إثنين وعشرين يوماً؛ لأن أكثره ما فسد صومها صومها في الشهر أحد عشر يوماً، فتقضي ضعفه احتياطاً، آه، ولا يخفى أنه يظهر فيما إذا قضته موصولاً أو مفصولاً، ولكن في شهر واحد، آه". (بحر)(۱)

اگر دو دفعہ حیض آتا ہو اور حیض کی ابتدا دن میں ہوئی ہو تو ہر ماہ کے پندرہ روز طہر کے رہیں گے پندرہ روز حیض کے؛ مگر چوں کہ طہر کی ابتدا دن میں بھی ہو سکتی ہے، ایسی حالت میں طہر کے چودہ ہی روز رہ گئے تو گویا کہ رمضان شریف میں چودہ ہی روزے صحیح گئے اور سولہ روزہ فاسد، پس سولہ کی قضا کرے گی آئندہ ماہ میں؛ مگر اس میں بھی اسی طرح کے سولہ کے فساد کا احتمال ہے، لہٰذا دوسرے سولہ کا حکم دیا جائے گا تو کل بتیس ۳۲ر ہو جائیں گے۔

"وإن علمت أن ابتداء حيضها كان النهار يقضي إثنين وثلثين إن قضت موصولاً برمضان؛ لأن أكثر ما فسد من صومها عن الشهر ستة عشر يوماً". (۲)

اور چھتیس کا قول بحر میں نہیں ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم، ۲ر ربیع الثانی ۱۳۶۰ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ ہذا، ۲ر ربیع الثانی ۱۳۶۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۵۶-۱۶۹)

## حائضہ پاک ہو جائے تو اس کے روزہ کا حکم:

سوال: اگر عورت اپنے حیض سے صبح ۱۱ر بجے سے قبل پاک ہو جائے تو کیا اس دن روزہ سے رہنا اس کے لیے واجب ہوگا اور اس دن کے روزہ کی قضا ہوگی ماہ رمضان میں؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلياً

اس دن کا روزہ نہیں ہوا، بعد میں قضا رکھے، البتہ اس دن بھی شام تک روزہ دار کی طرح کچھ کھائے پیئے نہیں۔

"يجب الإمساك بقية اليوم على من فسد صومه، وعلى حائض ونفساء طهرتا بعد طلوع الفجر". (مراقی الفلاح)(۳) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۶۹)

---

(۱) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض: ۱/۳٦٤-۳٦٥، رشيدية

(۲) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض: ۱/۳٦٦، رشيدية

(۳) حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، فصل فيمن يجب عليه التشبه ومن لا يجب، ص: ٦٧٨، رشيدية

## روزہ توڑنے کا کفارہ:

سوال: خباثتِ نفس کی وجہ سے شادی کے بعد رمضان شریف میں روزہ کی حالت میں مباشرت کرلی، ایک مولوی صاحب نے بتلانے پر ۱۲۰؍ خوراکوں کا حساب لگا کر نقد وغریبوں کو یکمشت دے دیا، ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ وہ ایک دم ادا کرنے سے ادا نہیں ہوا، ۳۰؍ یوم یا تو کھانا کھلائے، یا پونے دوسیر گندم، یا اس کے برابر قیمت دینی چاہیے، تب کفارہ ادا ہوگا۔

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

رمضان المبارک کا روزہ توڑنے سے کفارہ لازم ہوتا ہے، کفارہ یہ ہے کہ دومہینہ کے مسلسل روزے رکھے، اگر ضعف، یا مرض کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکے تو ساٹھ غریبوں کو دو وقت شکم سیر کھانا کھلائے، خواہ دو دن ایک وقت کھلائے، خواہ ایک غریب کو دو وقت ساٹھ روز تک کھلائے، خواہ ساٹھ غریبوں کو کھانا دے دے، ہر ایک کو صدقۃ الفطر کے برابر، یا اس کی قیمت دے دے۔ ان سب صورتوں میں کفارہ ادا ہو جائے گا۔ (۱)

جس میں ساٹھ روزے مسلسل رکھنے کی طاقت ہو، اس کے لیے کھانا کھلانا یا غلہ یا قیمت دینا درست نہیں؛ بلکہ وہ روزہ ہی رکھے گا، تب ہی کفارہ ادا ہوگا۔ (۲) غلہ، یا قیمت (صدقۃ الفطر کے برابر) ساٹھ غریبوں کے دینے کے بجائے اگر دو غریبوں کو مجموعہ دے دیا تو کفارہ ادا نہیں ہوا، اٹھاون کو اور دے دے، ہر ایک کو صدقۃ الفطر کے برابر دے، تب ادا ہوگا۔ (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳؍۱۳۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳؍۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰؍۱۶۹-۱۷۱)

---

(۱) أن أبا هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: بينما تحت جلوس عند النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذ جاءه رجل فقال: يارسول الله! هلكت ..."هل تجد رقبة تعتقها"؟ قال: لا، قال: "فهل تستطيع أن تصوم شهرين متتابعين"؟ قال: لا، قال: "فهل تجد إطعام ستين مسكيناً"؟ قال: لا، قال: "أطعمه أهلك". (صحيح البخاري، كتاب الصوم: ۲۵۹/۱-۲۶۰، قديمي)

"أكل عمداً، قضى، وفكره كفارة المظاهر: أي كذا في الترتيب، فيعتق أولاً، فإن لم يجد صام شهرين متتابعين، فإن لم يستطع فإطعام ستين مسكيناً". (رد المحتار على الدر المختار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۴۱۱/۲-۴۱۲، سعيد)

(۲) وأما في كفارة الظهار وكفارة الافطار في شهر رمضان إذا عجز عن الاعتاق لفقره، وعجز عن الصوم لكبره، جاز له أن يطعم ستين مسكين؛ لأن هذا صار بدلاً عن الصيام بالنص. (الفتاوىٰ الهندية: ،الباب الخامس في الأعذار التي تبيح الافطار: ۲۰۷/۱، رشيدية)

(۳) لو أعطىٰ مسكيناً واحداً كله في يوم واحد، لايجزيه إلا عن يومه ذلك ... ولو أعطىٰ ثلاثين مسكيناً كل مسكين صاعاً من حنطة، لايجوز إلا عن ثلاثين، وعليه أن يعطي ثلاثين مسكيناً أيضاً كل مسكين نصف صاع من حنطة، كذا في السراج الوهاج". (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الطلاق، الباب العاشر في الكفارة: ۵۱۳/۱، رشيدية)

## کسی اور کا تھوک نگلنے سے کفارہ:

سوال: اگر کوئی روزہ دار آدمی اپنے دوست، یا اپنی بیوی کا لعاب یا تھوک نگل گیا، اس کی وجہ سے قضا، یا کفارہ لازم ہوا، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

قضا بھی لازم ہوگی اور کفارہ بھی لازم ہوگا۔

"ومنه ابتلاع بزاق زوجته أوصديقه؛ لأنه يتلذذبه، ولا تلزم الكفارة ببزاق غيرهما؛ لأنه يعافه، آه". (مراقی الفلاح، ص: ٣٦٥)(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۶/۲۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۶/۲۲ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۷۱)

## روزے کا کفارہ:

سوال: ایک شخص اپنے فرض روزہ کا کفارہ اس طرح ادا کرتا ہے کہ ایک آدمی کو دونوں وقت کھانا دیتا ہے، اپنے سامنے بٹھا کر نہیں کھلاتا، ساٹھ دن برابر دیتا ہے، یا فطرہ بھی دیتا ہے اور کھانا بھی دیتا ہے؛ یعنی کسی دن فطرہ کسی دن کھانا دیتا ہے، ہر صورت سے اس کا کفارہ ادا ہوجاتا ہے، یا نہیں؟ یا کیا صورت بہتر ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

روزہ کا کفارہ اولاً غلام آزاد کرنا ہے، اگر اس کی قدرت نہ ہو، تو دو ماہ تک مسلسل روزہ رکھنا، اگر اس کی قدرت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کھانا کھلانا۔(۲) اگر ایک فقیر کو کھانا دے تو اس کی دو صورتیں ہیں: اول یہ کہ اپنے سامنے بٹھا کر کھلائے، سو اس میں کوئی مقدار متعین نہیں، وہ جتنا بھی کھالے، صرف اتنی شرط ہے کہ فقیر بالغ ہو، یا بلوغ کے بالکل

---

(۱) مراقی الفلاح، ص: ٦٦٧، باب ما يفسد الصوم وتجب به الكفارة، قديمی

(۲) قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿والذين يظاهرون منكم من نسائهم ... فتحريررقبة ... فمن لم يجد فصيام شهرين متتابعين من قبل أن يتماسا، فمن لم يستطع فإطعام ستين مسكيناً﴾ (سورة المجادلة: ٣،٤)

"أكل عمداً قضىٰ وكفر ككفارة المظاهر: أى مثلها فى الترتيب: فيعتق أولا، فإن لم يجد صام شهرين متتابعين، فإن لم يستطع أطعم ستين مسكيناً". (رد المحتارعلى الدرالمختار، كتاب الصوم: ٤١١/٢-٤١٢، سعيد)

"أن أبا هريرة رضى اللّٰه تعالىٰ عنه قال: بينما نحن جلوس عند النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم إذ جائه رجل، فقال: يارسول اللّٰه! هلكت ... "هل تجد رقبة تعقها"؟ قال: لا، قال: "فهل تستطيع أن تصوم شهرين متتابعين"؟ قال: لا، قال: "فهل تجد إطعام ستين مسكينا"؟ قال: لا، قال: "أطعمه أهلك". (صحيح البخارى، كتاب الصوم باب إذا جامع فى رمضان: ٢٥٩/١-٢٦٠، قديمى)

قریب ہو اور پہلے سے کھانا کھائے ہوئے نہ ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو کھانا، یا غلہ وغیرہ دے دے، سو اس کے لیے ضروری ہے کہ ایک وقت کا کھانا ایک فطرہ سے کم نہ ہو۔ (كذا في مراقي الفلاح)(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، معین المفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور۔ الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، ۱۳/ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۱۷۱-۱۷۲)

## مس بالید سے انزال کی صورت میں کفارہ ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص رمضان کا روزہ رکھتے ہوئے ایک عورت کے ہاں گیا، اس کی چھاتی اور اس کے کلے (۲) کو اپنے ہاتھ سے مس کیا اور اسی حالت میں انزال ہوگیا تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ گیا اور کفارہ لازم ہوگا؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

روزہ ٹوٹ گیا؛ مگر صرف قضا لازم ہے، کفارہ لازم نہیں۔

"أول أنزل بتفخيذ أوتبطين أوعبث الكف، أوأنزل من قبلة أولمس، لا كفارة عليه". (مراقي الفلاح، ص: ٣٩٢، باب ما يفسد الصوم ويوجب القضاء من غير كفارة)(۳)

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ سہارنپور۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۱۷۳)

## کفارۂ روزہ میں تتابع ضروری ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص نے کفارہ کے انسٹھ روزے مسلسل رکھے، ساٹھویں روزہ رکھنے کے دن وہ بیمار پڑ گیا تو کیا از سر نو ساٹھ روزے رکھے، یا بعد صحت صرف ایک روزہ رکھے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

پھر سے ساٹھ روزے مسلسل رکھے۔ (۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، یکم/ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۱۷۳)

---

(۱) والشرط أن يغديهم ويعشيهم غداءً وعشاء مشبعين، وهذا هو الأعدل، لدفع حاجة اليوم بجملته، أويغديهم غدائين من يومين ... ولو أباح الطعام أن يشبعهم. ولو بخبز البر من غير أدم والشعير، لابد من أدم معه لحشونته، وأكل الشعبان لايكفي، أويعطي كل فقير صاع تمر أوصاع شعيراً وزبيب أويعطي قيمته. (حاشية الطحاوي على مراقي الفلاح، ص: ٦٧٠، فصل في الكفارة وما يسقطها عن الذمة، قديمي)

(۲) "کلا: جبڑا، گال"۔ (نور اللغات، حصہ سوم، :۸۱۰)

(۳) مراقي الفلاح، ص: ٦٦٦، كتاب الصوم، قديمي

(۴) اعلم أن الصيامات للازمة فرضا ثلا ثة عشر، سبعة منها يجب فيها التتابع: و هي رمضان و كفارة القتل ... و كفارة الإفطار. (الفتاوى الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ١/ ٢١٥، رشيدية)

## پہلے کا کھلایا ہوا کفارہ میں شمار نہیں:

سوال: زید ایک غریب کو ایک سال سے کھانا کھلا رہا ہے، اب مسئلہ یہ ہے کہ اگر زید نے رمضان میں روزے کی حالت میں ایسے فعل کئے، جس سے قضاوکفارہ دونوں واجب ہوتا ہے، مثلا: قصدا کھانا کھایا، یا جماع کرلیا تو کیا اگر زید یہ نیت کرے کہ جو میں نے غریب کو کھلایا ہے، اس میں دومہینہ کفارہ کا ہے تو اس کی یہ نیت درست ہوگی، یا دو ماہ پھر کھلانا پڑے گا؟

**الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

پہلے کا کھلایا ہوا اب کفارہ میں محسوب نہیں ہوگا، جیسے حنث سے پہلے کفارۂ یمین کا ادا کرنا معتبر نہیں، افسادِ صوم کے بعد کفارہ کا ادا کرنا ضروری ہے، نیز نیتِ متأخرہ عملِ مقدم کافی نہیں، اس کے ذریعہ سے واجب ادا نہیں ہوتا۔

"لاعبرة بنية متأخرة، آه". (الدر المختار) (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۱۱/۱۳۹۱ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۷۴)

## کفارۂ صوم میں ساٹھ مساکین دونوں وقت ایک ہی ہوں، یا الگ الگ:

سوال (۱) روزہ کے کفارہ میں ساٹھ مساکین کو دو وقت (دن رات) کھانا کھلایا جائے گا، یا تیس کو دو وقت کھانا کھلا کر ساٹھ پورے کیے جائیں گے؟ نیز دونوں وقت کھانا کھانے والے ایک ہی ہوں گے، یا دن میں اور رات کو اور ہو سکتے ہیں؟

## کفارۂ صوم میں دینی مدارس کے طلبہ کو کھانا کھلانا:

(۲) دینی مدرسہ کے مقیم طلبہ کو جن کے خورد ونوش کا مدرسہ ذمہ دار ہے، روزہ کے کفارہ کا کھانا کھلایا جا سکتا ہے؟

## کفارۂ صوم ادا کرنے کی آسان صورت:

(۳) اگر دینی مدرسہ کے مقیم طلبہ روزہ کے کفارہ کا کھانا نہیں کھا سکتے ہیں، دیگر مساکین ہیں تو ان میں تمیز دشوار ہوگی کہ مسکین کون ہیں اور پیشہ ور فقیر کون؟ نیز وقتِ واحد میں جس کا اجتماع دشوار ہوگا، ساٹھ کا دشوار تر اور اس دشواری میں اور اضافہ ہو جائے گا، اگر دونوں وقت کے کھانے کی شرط ہے کہ مساکین وہی ہیں، جو صبح کو کھا چکے ہیں۔ اس حالت میں آسان صورت کیا ہے روزہ کے کفارہ ادا ہونے کی؟

**الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

(۱) ساٹھ مسکینوں کو دو وقت پیٹ بھر کھانا کھلایا جائے، دونوں وقت وہی ہوں گے۔ (۲)

---

(۱) الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة: ٤١٧/١، سعيد

(۲) أطعم ستين مسكيناً أو فقيراً، ولايشترط اجتماعهم، والشرط أن يغديهم أويعشيهم غداء وعشاء مشبعين، وهذا هو الأعدل، لدفع حاجة اليوم بجملته أويغديهم غدائين من يومين أويغشيهم عشائين من ليلتين بشرط أن يكون ==

(۲) وہ مستحق زکوٰۃ ہوں تو ان کو کھلا سکتے ہیں؛ مگر ان کو بٹھا کر کھلایا جائے، یہ نہ ہو کہ دو روٹی دے کر چلتا کر دیا جائے، بیٹھ کر دو روٹی کھائیں، یا کم زیادہ جتنے میں سیر ہو جائیں۔(۱)

(۳) مدرسہ میں ایسے ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کھلانا دشوار نہیں، اس سے بھی زیادہ سہل صورت یہ ہے کہ ایک مسکین کو تجویز کرلیا جائے، اس کو دونوں وقت بلا کر کھلایا جائے، جب ساٹھ دن (ایک سو بیس وقت) مسلسل کھالے گا، تو کفارہ ادا ہو جائے گا۔(۲) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند، ۲۰/۱/۱۳۹۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیو بند، ۲۰/۱/۱۳۹۳ھ۔ (فتاوىٰ محمودیہ: ۱۰/۱۷۵-۱۷۶)

## صوم وصلوۃ کا فدیہ، اس کی مقدار اور اس کا مستحق:

سوال (۱) ایک شخص کا انتقال ہوا، جس کی چند نمازیں ایسی حالت میں قضا ہوئیں کہ اس کو ہوش تھا؛ مگر طاقت اتنی نہ تھی کہ اشارہ ہی سے نماز پڑھتا، ایسی صورت میں ان نمازوں کا فدیہ ادا کرنا ضروری ہے، یا نہیں؟ اگر ضروری ہو تو کس طرح ادا کرے؟ اور فی نماز کس مقدار میں؟

(۲) مندرجہ بالا شخص کے رمضان کے کچھ روزے بھی قضا ہو گئے ہیں، جس کے بعد بیماری نے اس کو اتنی مہلت نہ دی کہ قضا ادا کر سکے، ان کا فدیہ کس طرح اور فی روزہ کس مقدار سے ادا کرے؟

(۳) ایک نماز کا فدیہ ایک ہی آدمی کو دے، یا کئی آدمیوں کو بھی دے سکتا ہے، اسی طرح کئی نمازوں، یا کئی روزوں کا فدیہ چند مساکین کو دے، یا ایک ہی مسکین کو دے سکتا ہے اور گیہوں وغیرہ کی قیمت بھی ادا کرسکتا ہے، یا نہیں؟

(۴) اس فدیہ کے مستحق کون ہیں؟ مسجد کی مرمت میں خرچ کرنا یا کھانا پکا کر طلبہ کو کھلانا، یا کپڑے بنا کر طلبہ کو پہنانا جائز ہے، یا محض فقیروں کو دینا چاہیے؟

(۵) اگر کسی میت کے ورثا غریب ومفلس ہوں اور وہ میت کی فوت کردہ نمازوں کا فدیہ ادا نہ کر سکتے ہوں تو میت کی برأت کی اور کیا صورت ہو سکتی ہے؟ فقط

(عبدالکریم سوداگر، زیر جامع مسجد، معرفت حافظ عبداللہ صاحب مدرس درجہ قرآن شریف، ۱۱، مع مسجد سہارنپور)

---

== الذين أطعمهم ثانياً هم الذين أطعمهم أولا، حتىٰ لو غدى ستين، ثم أعطم ستين غيرهم، لم يجز حتىٰ يعيد الاطعام لأحد الفريقين. (حاشية الطحطاوی علىٰ مراقی الفلاح، ص: ٦٧٠، فصل فی الكفارة و ما يسقطها عن الذمة، قديمی)

(۱) والشرط إذا أباح الطعام أن يشبعهم، ولو بخبز البر من غير أدم، والشعير لا بد من أدم معه لخشونته، وأكل الشعبان لا يكفی. (حاشيه الطحطاوی علىٰ مراقی الفلاح، ص: ٦٧٠، فصل فی الكفارة، قديمی)

(۲) ولو أعطم فقيرا ستين يوماً أجزاء؛ لأنه يتجدد الحاجة بكل يوم يصير بمنزلة فقير آخر. (حاشية الطحطاوی علىٰ مراقی الفلاح، ص: ٦٧٠، فصل فی الكفارة و ما يسقطها عن الذمة، قديمی)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

(۱) اگر ایسی حالت میں نمازیں قضا ہوئی ہیں کہ مریض میں سر سے اشارہ کرنے کی بھی طاقت نہیں تھی اور مرض سے صحت نہیں پائی؛ بلکہ اسی حالت میں انتقال ہوگیا تو اس پر ان نمازوں کی قضا فرض نہیں، نہ اس کی طرف سے ان نمازوں کا فدیہ دینا ضروری ہے۔

"**وإن تعذر الیماء برأسه، وكثرت الفوائت بأن زادت علىٰ يوم وليلة، سقط القضاء عنه، وإن كان يفهم فی ظاهر الرواية، وعليه الفتوی**". (الدرالمختار: ۷۹۵/۱)(۱)

**قال الشامی: "فلو مات ولم يقدر على الصلاة، لم يلزمه القضاء، حتىٰ لا يلزمه الايصاء بها**". (شامی: ۵۱۰/۱) (۲)

(۲) ایسی حالت میں روزہ کی قضا بھی ضروری نہیں، لہٰذا فدیہ بھی ضروری نہیں۔

"**لا قضاء للصوم على المريض والمسافر إذا ما تا قبل الصحة أو الاقامة**". (بحر: ۲۸۳/۲)(۳)

ایک روزہ کا فدیہ نصف صاع گیہوں ہے فطرہ کی طرح، اسی طرح ہر نماز کا فدیہ نصف صاع ہے اور وتر مستقل نماز کے حکم میں ہے۔

"**يعطى لكل صلاة نصف صاع من بر كالفطرة، وكذا حكم الوتر والصوم**". (الدرالمختار: ۷۶۶/۱)(۴)

(۳) ایک نماز کا فدیہ ایک ہی کو دیا جائے، کئی کو نہ دیا جائے۔'

'**ولو أدى الفقير أقل من نصف صاع، لم يجز**". (الدرالمختار: ۷۶۸/۱)(۵)

البتہ کئی نمازوں کا فدیہ ایک کو دینا جائز ہے۔

"**ولو أعطاه الكل، جاز**"(۶)

اسی طرح کئی روزوں کا فدیہ بھی ایک کو دینا جائز ہے۔

"**ويجوز اعطاء فدية صلاة وصيام أيام ونحوها لواحد من الفقراء جملة**". (مراقی الفلاح، ص: ۲۵۵)(۷)

اور ایک روزہ کا فدیہ کئی کو دینا جائز نہیں، (۸) گیہوں وغیرہ کی قیمت دینا بھی جائز ہے، بلکہ بہتر ہے۔

---

(۱) الدرالمختار، باب صلاة المريض: ۹۹/۲، سعيد

(۲) ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة المريض: ۹۹/۲، سعيد

(۳) البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۴۹۵/۲، رشيدية

(۴) تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت: ۷۲/۲، سعيد

(۵،۶) الدرالمختار، باب قضاء الفوائت: ۷۴/۲، سعيد

(۷) حاشيه الطحطاوی علىٰ مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فی اسقاط الصلاة والصوم، ص: ۴۳۹، قديمی

(۸) الدرالمختار، باب قضاء الفوائت: ۷۴/۲، سعيد

قال الشامی (۷٦٦/۱) تحت قول الدر : "(قوله: نصف صاع من بر): أی أومن دقیقه أوسویقه أوصاع تمرأو زبیب أوشعیرأو قیمته، وهی أفضل عندنا، لاسراعها بسد حاجة الفقیر". (۱)

(۴)　غریب مسکین لوگ اس فدیہ کا مصرف ہیں، (۲) مسجد کی مرمت اس کو صرف کرنا جائز نہیں، کھانا پکا کر غریب طلبہ کو بطورِ تملیک دے دینا جائز ہے، (۳) اسی طرح کپڑے بنا کر دینا بھی جائز ہے، (۴) بشرطیکہ طلبہ مستحق ہوں، مالدار نہ ہوں، فقیروں کو دینا بھی جائز ہے۔ (۵)

(۵)　اگر ورثۂ میت کے ساتھ احسان کا معاملہ کرنا چاہیں تو نصف صاع کسی فقیر کو دے دیں اور قبضہ کروا دیں، اس کے بعد وہ فقیر نصف صاع بطور ہبہ اس کو دے دے اور ورثہ اس پر قبضہ کرلیں، اسی طرح لیتے دیتے رہیں؛ مگر قبضہ ضرور ہوتا رہے، ہر مرتبہ ایک نماز کا فدیہ ادا ہوتا رہے گا۔ (٦) جب حساب لگا کر دیکھ لیں کہ پوری نمازوں کا فدیہ ہوگیا تو وہ نصف صاع اگر فقیر کو دینا تھا، تب تو اسی کو دے دیں، اگر کسی سے قرض لیا تھا تو اس کا واپس کردیں۔ (۷) ان شاء اللہ امید ہے کہ میت کی برأت ہوجائے گی اور ورثہ کا یہ معاملہ بطورِ احسان وتبرع ہوگا؛ کیوں کہ ان پر مفلس ہونے

---

(۱)　ردالمحتار، باب قضاء الفوائت: ۷۳/۲، سعید

(۲)　قال العلامة الحصكفی: "مصرف الزكاة والعشر... هو فقیر... ومسكین... وعامل... ومكاتب ومدیون ... وفی سبیل اللّٰه. (الدرالمختار) وقال ابن عابدین: "هو مصرف أیضاً لصدقة الفطر الكفارة والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبة". (رد المحتار: ، كتاب الزكوه، باب المصرف: ۳۳۹/۲، سعید)

(۳)　ویشترط أن یكون الصرف (تملیكاً) لا إباحة كما مر. (لا) یصرف (إلیٰ بناء) نحو (مسجدو) لا إلیٰ (كف میت وقضاء دینه)". (الدرالمختار، كتاب الزكاة، باب المصرف: ۳٤٤/۲، سعید)

(۴)　فلوأطعم یتیماً ناویا الزكاة، لایجزیه، إلا إذا دفع إلیه المطعوم كما لوكساه، بشرط أن یعقل القبض. (الدر المختار، كتاب الزكاة: ۲٥۷/۲، سعید)

(۵)　مصرف الزكاه والعشر فقیر، وهومن له أدنی: أی دون نصاب، ومسكین من لاشیء له علی المذهب ... وصدقة الفطر كالزكاة فی المصرف". (رد المحتار، كتاب الزكاة، باب المصرف: ۳۳۹/۲-۳٦۹، سعید)

(٦)　وإن لم یقف ما أوصٰی به) المیت (عما علیه) أولم یكف ثلث ماله، أولم یوص بشیء، وأراد أحد التبرع بقلیل لا یكفی، فحیلته لابراء ذمة المیت عن جمیع ما علیه أن (یدفع ذلک المقدار) الیسیر بعد تقدیره لشیء من صیام، أوصلاة أونحوه، ویعطیه( للفقیر) بقصد اسقاط ما یرد عن المیت (فیسقط عن المیت بقدره، ثم) بعد قبضه (یهبه الفقیر للولی) أو للأجنبی (ویقبضه) لتتم الهبة وتملک، (ثم یدفعه) الموهوب له (للفقیر) بجهة الاسقاط متبرعا عن المیت (فیسقط) عن اللمیت (بقدره، ثم یهبه الفقیر للولی) أو للأجنبی (ویقبضه ثم یدفعه الولی للفقیر) متبرعاً عن المیت، وهٰكذا یفعل مراراً (حتٰی یسقط ما كان بظنه (علی المیت من صلوٰة وصیام) ونحوهما مما ذكرنا من الواجبات، وهٰذا هوالمخلص فی ذلک إن شاء اللّٰه بمنه وكرمه. (حاشیة الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح شرح نور الإیضاح، كتاب الصلاة، فصل فی إسقاط الصلاة والصوم، ص: ۴۳۹، قدیمی)

(۷)　ولولم یترک ما لا یستقرض وارثه نصف صاع مثلاً، ویدفعه لفقیر، ثم یدفعه الفقیر للوارث، ثم وثم حتی یتم. (الدرالمختار، باب قضاء الفوائت: ۷۳/۲، سعید)

کی حالت میں ایسا کرنا واجب نہیں اور صورتِ مسئولہ میں تو میت سب کے نزدیک بالکل بری ہے؛ کیوں کہ نماز قضا کرنے کا اسے موقع ہی نہیں ملا۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/۷/۱۳۵۲ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ناظم مدرسہ مظاہر العلوم ۱۲/رجب ۱۳۵۲ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۶/۱۷۹-۱۸۰) ☆

## فدیۂ صوم وصلوٰۃ:

سوال(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں ہمارے یہاں عام رواج ہے کہ سنِ بلوغ کے بعد کسی کا انتقال ہوجائے تو آدھا من پانچ سیر گیہوں اور ایک قرآن شریف بطور صدقہ نکالتے ہیں، متوفی خواہ امیر ہو، یا غریب فاقہ کش، سب کے لیے یہی دستور رائج ہے۔ گیہوں کے ٹوکرے فقیر کے سر پر چڑھا کر جنازہ کے آگے کردیتے ہیں، بعد نماز جنازہ گیہوں کے ڈھیڑ کرکے دس بارہ فقیر اور ملاں بیٹھ کہ حیلہ کرتے ہیں۔ حیلہ کے وقت ملا صاحب اس طرح فرماتے ہیں: ’’صوم صلوۃ واجبات جو اس مردے سے قضا ہوئے ہیں، اس کی طرف سے یہ کفارہ میں نے قبول کرکے تم کو بخشا‘‘۔

---

(۱) ھٰکذا فی کتب الفقه نحو مراقی الفلاح، ص: ۲۵۴)(حاشية الطحاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۴۳۶، فصل فی اسقاط الصلاة والصوم، قديمی)/ (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة المريض: ۹۹/۲، سعيد)/ (تبيين الحقائق، كتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۱۹۱/۲، دار الكتب العلمية بيروت

☆ **نماز روزہ کا فدیہ:**

سوال: ایک شخص کی بحالت بیماری دو وقت کی نمازیں قضا ہوئیں اور چھ رمضان کے روزے قضا ہوگئے اور اس شخص کا انتقال ہوگیا، اب ان روزوں اور نمازوں کا کفارہ کس حساب سے ادا کرنا؛ یعنی فی نماز روزہ کیا فدیہ دیا جاوے اور کفارہ ایک ہی محتاج کو دے دیا جاوے، یا کئی کو؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً

’’يعطی لكل صلاة نصف صاع من بر كالفطرة، وكذا حكم الوتر، والصوم‘‘. (الدرالمختار: ۱۰۱/۱)(الدر المختار علی تنوير الأبصار، باب قضاء الفوائت: ۷۲/۲-۷۳، سعيد)

وفی الشامی (۷۶۶/۱)’’أی أو من دقيقته أو سويقته أو صاع تمر أو زبيب أو شعير أو قيمته، و هی أفضل عندنا لاسراعها به حاجة الفقراء‘‘. (رد المحتار، باب قضاء الفوائت، مطلب فی إسقاط الصلوٰة عن الميت: ۷۲/۲-۷۳، سعيد)

اس سے معلوم ہوا کہ ہر نماز ہر روزہ کے فدیہ میں وہی مقدار دی جاتی ہیں، جو صدقۃ الفطر میں دی جاتی ہیں اور وتر مستقل نماز کے حکم میں ہے، یہ تمام فدیہ ایک کو دینا بھی جائز ہے اور کئی کو بھی؛ لیکن ایک فدیہ سے کم دینا جائز نہیں۔

’’ولو أدى إلى الفقير أقل من نصف صاع لم يجز، ولو أعطاه الكل، جاز‘‘. (الدر المختار علی الطحطاوی: ۳۰۸/۱) (الدرالمختار علی الطحطاوی، باب قضاء الفوائت: ۷۴/۲، سعيد)

’’ولو أعطٰی فقيراً واحداً جملة، جاز‘‘. (بحر: ۹۱/۲)(البحر الرائق، باب قضاء الفوائت: ۱۶۰/۲، رشيدية)

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر العلوم، ۷/۳/۱۳۹۱ھ۔

الجواب صحیح: عبد الرحمٰن غفرلہ، الجواب صحیح: عبد اللطیف، ۱۹/ذی الحجہ ۱۳۹۰ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۸۰-۱۸۱)

دائرے والے بھی یکے بعد دیگرے اسی طرح کہتے ہیں، پندرہ بیس مرتبہ یہ الفاظ دائرے میں دہراتے ہیں، پھر گیہوں بانٹ لیتے ہیں، ملا صاحب کا حصہ مع قرآن شریف ان کے مکان پر پہونچا دیتے ہیں۔ حیلہ میں قرآن شریف لانا لازمی ہے؛ بلکہ ضروری سمجھا جاتا ہے، بغیر قرآن شریف کے ملا صاحب حیلہ نہیں شروع کرتے اور اس حیلے کو متوفی کے فوت شدہ صوم وصلوۃ وغیرہ کا نعم البدل مانتے ہیں۔ متوفی غریب ہو اور اس کی جانب سے گیہوں وغیرہ نہ نکالے جاویں تو بعد میں طعنہ تشنیع کی جاتی ہے۔ پس صورت مسئولہ کا جواب مع حوالہ کتب وعبارت فقہ مرحمت فرما کر عند اللہ ماجور ہوں وعند الناس مشکور ہوں؛ تاکہ ان بدعات سے باز آئیں۔

(۲) ہبہ میں قبضہ شرط ہے، یا اشارہ بھی کافی ہے؟ جائیداد متقوم کا حیلہ کیسا ہے؟

(۳) موافق شرع حیلہ کیا جائے تو کیا اس میں فوت شدہ صوم وصلوٰۃ کا حساب ضروری ہے؟

(۴) ولیٔ میت فقیر کے سر پر ٹوکرا چڑھا کر قبرستان پہونچا دیتا ہے، وہ خود حیلہ میں نہیں بیٹھتا تو کیا یہ ہبہ سمجھا جاوے گا اور حیلہ درست ہوگا؟

(۵) دینے والے کو یہ خبر نہیں ہوتی کہ اس ڈھائی من پانچ سیر گیہوں اور ایک قرآن سے کتنی عبادات کا کفارہ ہوا، بصورت ہذا کفارہ صحیح ہوا کہ نہیں؟ بینوا توجروا۔ فقط والسلام

**الجواب ______________ حامداً ومصلیاً**

طریقۂ مذکورہ بدعت وناجائز ہے، اصل بلکہ خلافِ اصول شرع ہے۔(۱) نفسِ ایصال ثواب بغیر التزام تاریخ وروزہ وہیئت وغیرہ مستحسن اور باعِ راحتِ میت ہے، خواہ کچھ قرآن کریم پڑھ کر، یا نماز روزہ عبادات کرکے، یا غربا مساکین کو نقد غلہ کپڑا وغیرہ دے کر، یا مسجد مدرسہ کنواں وغیرہ بنا کر ہو۔(۲)

اور طریقۂ مذکورہ میں چند خرابیاں ہیں:

اول یہ کہ اس کو لازم اور ضروری سمجھا جاتا ہے، حتی کہ اگر اس کو کوئی ترک کرے تو اس پر طعن تشنیع کی جاتی ہے، حالاں کہ جن شیء کا استحباب شریعت سے ثابت ہو، اس پر بھی اصرار کرنا ممنوع ہے، اصرار سے وہ شیء ممنوع ہو جاتی ہے، چہ جائے کہ بدعت پر اصرار کرنا۔

**"الاصرار علی المندوب یبلغه إلٰی حد الکراهة".** (۳)

---

(۱) ''حیلۂ اسقاط مفلس کے واسطے علما نے وضع کیا تھا، اب یہ حیلہ تحصیل چندفلوں کا ملاؤں کے واسطے مقرر ہو گیا ہے۔ حق تعالیٰ نیت سے واقف ہے، وہاں حیلہ کارگر نہیں، مفلس کے واسطے بشرطِ صحتِ نیتِ ورثہ کے کیا عجب ہے کہ مفید ہو، ورنہ لغو اور حیلہ تحصیلِ دنیائے دنیہ کا ہے''۔ (فتاوی رشیدیہ، کتاب البدعات، ص:۱۴۰، ادارہ اسلامیات لاہور)

(۲) والأصل فيه أن الإنسان له أن يجلع ثواب عمله لغيره صلاة أوصوماً أوصدقةً أوقرآة قرآن أو ذكراً أوطوافاً أو حجاً أوعمرة أوغيرذلک عند أصحابنا، للكتاب والسنة. (البحر الرائق، باب الحج عن الغير: ۱۰۵/۳، رشيدية)

(۳) السعاية، باب صفة الصلاة، قبيل فصل فى القراءة: ۲۶۵/۲، سهيل اكادمى لاهور

"من أصر علٰی أمر مندوب وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة،فقد أصاب منه الشيطان من الاضلال،فكيف من أصر علٰی بدعة أو منكر،آه". (سعاية)(۱)

دوم یہ کہ اس میں قرآن شریف کا ہونا بھی لازم سمجھا جاتا ہے، حالاں کہ نفسِ غلہ کا ثواب پہونچانا شرعاً قرآن شریف کے ساتھ ہونے پر موقوف نہیں؛ بلکہ غیر قرآن شریف ساتھ ہوئے بھی پہونچ جاتا ہے، یہ ایک حکم شرعی کی تغییر ہے۔

سوم یہ کہ یہ حیلہ بغیر ترکہ کے تقسیم کیے ہوتا ہے، حالاں کہ بسا اوقات بعض ورثہ نابالغ ہوتے ہیں، نابالغ کا حصہ صرف کرنا ہرگز جائز نہیں، اگر وہ اجازت دے تو اجازت بھی معتبر نہیں۔(۲)

چہارم: اس میں قبضہ نہیں ہوتا، حالاں کہ صدقہ کے لیے قبضہ شرط ہے۔(۳)

پنجم: غلے کی یہ مقدار بھی شرعاً متعین نہیں۔

ششم: یہ مقدار کافی ولازم سمجھی جاتی ہے، حالاں کہ بعض اوقات صوم، صلوۃ میت کے ذمے کچھ بھی نہیں ہوتا اور بعض اوقات اتنی مقدار ہوتی ہے کہ اعتبار سے یہ غلہ ناکافی ہوتا ہے؛ کیوں کہ ہر نماز کے عوض ایک صدقۃ الفطر کی مقدار غلہ واجب ہوتا ہے اور یہی مقدار ہر روزے کے عوض میں ہے۔(۴)

ہفتم: عام طور پر یہ حیلہ ریاکاری اور فخر کے لیے کیا جاتا ہے؛ اسی لیے حساب نہیں کیا جاتا ہے؛ بلکہ مقدار مقررہ اور قرآن کریم کے دینے پر اکتفا کیا جاتا ہے اور اسی کو ضروری سمجھا جاتا ہے، خواہ میت کے ذمہ صوم وصلوٰۃ کچھ فوت شدہ باقی ہو، یا نہ ہو۔ نیز اگر ہو تو کم ہو یا زیادہ ہو، قرآن شریف کو خدا جانے کس قدر کفارہ سمجھتے ہیں، حالاں کہ اس میں قیمت کا اعتبار رہوتا ہے۔

"وفی البزازية:ويكره نقل الطعام فی المواسم واتخاذ الدعوة لقراء ة القرآن وجمع الصلحاء والقراء ة للختم، وأطال ذلک فی المعراج وقال: وهٰذه الأفعال كها للسمعة والرياء، فيحترز عنها؛ لأنهم لايريدون بها وجه اللّٰه تعالٰی،ولا سيما إذا كان فی الورثة صغار أوغائب،آه". (ردالمحتار)(۵)

"فیحترز تقسیم کردن نقد غلہ وغیرہ بعد میت از ترکہ ان بحتا جان بہ نیتِ ثواب جائز است بشرطیکہ وارثانش کبار باشد

(۱) السعاية،باب صفة الصلاة،قبيل فصل فی القراء ة:۲/۲۶۳،سهيل اكادمی لاهور

(۲) ولا (أی لا تصح الوصية) لوارثه وقاتله مباشرة ... إلاباجازة ورثته ... وهم كبار عقلاء،فلم تجز إجازة صغيره". (الدرالمختار، كتاب الوصايا:۶/۶۵۶،سعيد)

(۳) وتمامها كرهن وصدقة؛لأن القبض شرط تمامها.(الدرالمختار، كتاب الهبة:۵/۶۹۱،سعيد)

(۴) ولومات وعليه صلوات فائتة،وأوصٰی بالكفارة،يعطی لكل صلاة نصف صاع من بر كالفطرة،وكذا حكم الوتر والصوم،وإنما يعطی من ثلث ماله. (الدرالمختار،باب قضاء الفوائت،عند مطلب فی إسقاط الصلاة عن الميت:۲/۷۲ـ۷۳،سعيد)

(۵) رد المحتار،باب صلاة الجنازة،مطلب فی كراهة الضيافة من أهل الميت:۲/۲۴۰ـ۲۴۱،سعيد

وراضی باشند بدادن، واگر ورثہ میت صغار اند، بدون تقسیم ترکہ تقصدق جائز نیست. وبدون ایں چیز ہا ہمراہِ جنازہ رسم جاہلیت است، ازشرع شریف ثابت نیست، وچیزے کہ نظیرش دراصلِ شرع یافتہ نمی شود کردن آں چیز مکروہ است یا حرام. اَما دادنِ تصدق بفقراء ومساکین برائے ثوابِ میت بے آنکہ ہمراہ جنازہ برند جائز است، زیرا کہ برائے ثوابِ میت چیزے کہ بحتاجاں می دہند، مستحب آنست کہ بے روی وریا وبے تعینِ وقت وروز باشد، الا بدعت می گردد ودریں صورت دادنِ ایشاں خالی از کراہت نخواہد شد ﴿واللّٰہ یھدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم﴾۔ (رسائل اربعین، ص:۵۱-۵۰، مطبوعہ در مطبع محمدی، ماہ صفر۱۲۱۱ھ)

کفارۂ صوم وصلوٰۃ میت کا مشروع طریقہ یہ ہے کہ اگر اس نے مرنے سے پہلے وصیت کی تو ایک ثلث ترکے میں ہر نماز کے عوض ایک صدقۃ الفطر کی مقدار غلہ، یا اس کی قیمت کسی فقیر کو دے دی جائے، اسی طرح ہر روزہ کے عوض اور وتر بھی شرعاً مستقل نماز ہے، اگر ایک ثلث ترکے میں سے پورا ہو جائے تب تو خیر، ورنہ سب ورثہ کی اجازت سے، بشرطیکہ وہ بالغ ہوں۔ ایک ثلث سے زائد سے بھی وصیت کو پورا کیا جاسکتا ہے، بغیر وصیت صدقہ دینا جائز نہیں؛ تاہم اگر بالغ ورثہ اپنے حصہ میں سے دے دیں، تب بھی درست ہے اور نابالغ کا حصہ صدقہ کرنا جائز نہیں۔ (۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳۶۰/۱۲/۱۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبد اللطیف، ۱۳۶۰/۱۲/۱۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸۱-۱۸۵)

## مسافر ومریض پر فدیۂ صوم وصلوٰۃ:

سوال: اگر مریض بسببِ مرض روزہ نہ رکھ سکے اور صحت کی قطعاً نوبت نہیں آئی تو ایسی صورت میں اس پر صدقہ واجب ہوگا، یا نہیں؟ باوجودیکہ صدقہ کے لیے صحت ضروری ہے؛ تاکہ انہیں ایام کے اعتبار سے صدقہ کی وصیت کر جائے؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

اگر ایسا مریض تھا کہ روزہ نہیں رکھ سکتا تھا اور مرض ہی میں انتقال ہو گیا، روزہ رکھنے کے قابل صحت میسر نہیں ہوئی تو اس کے ذمہ فدیہ کی وصیت لازم نہیں، نہ ورثہ کو فدیۂ صوم دینا واجب ہے۔

**"وکذا حکم الصوم فی شھر رمضان إن أفطر فیه المسافر والمریض وماتا قبل الاقامة**

---

(۱) ولا (أی لا تصح الوصیة) لوارثه وقاتله مباشرة ... إلا بإجازة ورثته ... وهم کبار عقلاء، فلم تجز إجازة صغیره". (الدر المختار، کتاب الوصایا: ٦٥٦/٦، سعید)

(ولو مات وعلیه صلوات فائتة، وأوصی بالکفارة، یعطی لکل صلاة نصف صاع من بر کالفطرة، وکذا حکم الوتر والصوم، وإنما یعطی من ثلث ماله" (الدر المختار، باب قضاء الفوائت، عند مطلب فی إسقاط الصلوٰة عن المیت: ۷۲/۲-۷۳، سعید)

والصحة،لعدم إدراكهما عدة من أيام أخر،فلا يلزمهما الايصاء به؛لأنهما عذارفى الأداء،فلأن بعذرا فى القضاء.أولٰى".(زيلعى)(۱)

وإذا لم يلزمهما القضاء لايلزمهما الإيصاء به".(مراقى الفلاح مختصراً،ص: ۲۶۲)(۲)فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۱۸۵-۱۸۶)

## مریض پر فدیۂ صوم:

سوال: اگر کوئی شخص اختلاطی دورہ میں مبتلا ہو،کیفیت ان کی یہ ہو کہ بغیر دوا کے صحت نہ ہوتی ہو اور نماز میں کبھی اس کی کیفیت یہ ہو کہ چار کی جگہ پانچ اور دوسجدوں کی جگہ تین سجدے،یا چار سجدے کرتا ہو اور رمضان کے رزے میں حالت اس کی غیر ہوتی ہو حتی کہ ہوش وحواس بھی مختل ہوجاتے ہیں۔اندریں صورت اس کو رمضان کے روزوں کے متعلق کیا کرنا چاہیے؟ روزے رکھنے کی طاقت بالکل نہیں ہے اور روزوں کی ادائیگی کی کیا شکل ہونا چاہیے؟ نیز کفارہ کی کیا تفصیل ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

جس شخص میں بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے کی طاقت نہیں،اگر روزہ رکھے تو مرض کے زیادہ ہونے کا خوف ہے تو اس کے لیے شرعاً اجازت ہے کہ رمضان شریف میں روزہ نہ رکھے؛ بلکہ صحت یاب ہوکر قضا کرے،(۳) اگر حالتِ مرض میں ہی مرگیا،صحت یاب نہیں ہوا تو اس پر قضا،فدیہ کچھ واجب نہیں۔(۴) اگر صحت یاب ہوکر روزوں کی قضا نہیں کی اور مرگیا تو مرتے وقت اس پر وصیت واجب ہے،ورنہ اس کی طرف سے ایک ثلثِ ترکہ میں سے اس کے روزوں کا فدیہ دیں۔(۵) ہر روزہ کے عوض ایک صدقۃ الفطر کی مقدار غلہ،یا اس کی قیمت کسی مسکین،غریب کو دیں،یا

(۱) تبيين الحقائق،كتاب الصوم،فصل فى العوارض:۲/۱۹۱،دارالكتب العلمية بيروت

(۲) حاشية الطحطاوى علٰى مراقى الفلاح،ص:۴۳۷،فصل فى إسقاط الصلاة والصوم،قديمى

(۳) (منها المرض) المريض إذا خاف علٰى نفسه التلف أوذهاب عضو،يفطربالاجماع.وإن خاف زيادة العلة وامتداده،فكذلك عندنا،و عليه القضاء إذا أفطر،كذا فى المحيط.(الفتاوىٰ الهندية،كتاب الصوم،الباب الخامس فى الأعذارالتى تبيح الافطار: ۱/۲۰۷،رشيدية)

(۴) (فإن ماتوا فيه):أى فى ذلك العذر(فلا تجب) عليهم (الوصية بالفدية،لعدم إدراكهم عدة من أيام أخر.(تنويرالأبصارمع الدر المختار،كتاب الصوم،فصل فى العوارض المبيحة لعدم الصوم:۲/۴۲۳،سعيد)

(۵) (ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت) الوصية بقدر إدراكهم عدة من أيام أخر.(وفدى) لزوماً (عنه): أى عن الميت (وليه) الذى يتصرف فى ماله (كالفطرة) قدرا (بعد قدرة عليه): أى علٰى قضاء الصوم (وفته) (بوصيته من الثلث).(الدر المختار)(قوله:من الثلث) أى ثلث ماله بعد تجهيزه وايفاء ديونه". (رد المحتار،كتاب الصوم،فصل فى العوارض المبيحة لعدم الصوم:۲/۴۲۴، سعيد)

پیٹ بھر کھانا کھلا دیں۔(۱) اگر وصیت نہیں کی، تو ورثہ کے ذمہ کچھ واجب نہیں، (۲) اور جو شخص اس قدر بوڑھا ہوگیا ہے کہ اس میں روزہ رکھنے کی بالکل طاقت نہیں اور یہ بھی توقع نہیں کہ آئندہ اس میں اس قدر طاقت آئے گی؛ بلکہ روز بروز حالت کمزور ہی ہورہی ہے، معلوم ہوتا ہے کہ موت کا وقت قریب آ گیا تو ایسے شخص کے لیے شرعاً حکم ہے کہ وہ اپنی زندگی ہی میں روزوں کا فدیہ دے دے۔(۳) اس کی ضرورت نہیں کہ مرتے وقت وصیت کرے اور بعد میں اس کے ورثہ فدیہ دیں، اگر اس نے اپنی زندگی میں فدیہ نہ دیا اور وصیت کی تو طریقۂ مذکورہ کے مطابق فدیہ دے دیا جائے۔(۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرہ، مفتی مدرسہ ہٰذا۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۸۶-۱۸۷)

## فدیہ اور فطرہ کس نرخ سے ادا کریں:

سوال (۱) بغرضِ ادائے فدیۂ روزہ اور فطرۂ عید نرخِ بازارا معتبر ہے، یا کنٹرول ریٹ، جس کو دیا جانا مقصود ہے، اس کو کنٹرول ریٹ سے گیہوں مل سکتا ہے، بازار میں گیہوں گراں ملتا ہے، گو اتنا گراں عامۃً نہیں ملتا اگر دیہات سے منگائی جائے؟

## فدیہ دیندار عالم کو دینا افضل ہے:

(۲) فدیہ، یا فطرہ کسی عالم دیندار شخص کو جو صاحبِ حاجت ہوں؛ لیکن خرچ سے پریشان ہوں، دینا انسب ہے، یا بالکل مسکین کو؟

## فدیۂ صیام شروعِ رمضان میں دے، یا اخیر رمضان میں:

(۳) آیا فدیۂ رمضان شریف شروع ہوتے ہی ادا کرنا ضروری ہے، یا رمضان کے کچھ دن گزرنے پر بھی

(۱) فیطعم عنه ولیه لکل یوم الکفطرة): أی وجب علی الولی یؤدی فدیة ما فاتها من أیام الصیام الفکرطرة عینا أوفیمة. (مجمع الأنهرشرح ملتقی الأبحر، کتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۳٦۷/۱، غفاریة کوئٹه)

(۲) وإن لم یوص فبرع به الورثة جاز وإن لم یتبرعوا، لم یلزمهم. (بدائع الصنائع، کتاب الصوم، بیان شرائط وجوبه: ۲٦۳/۲، رشیدیة)

(۳) (قوله: وللشیخ الفانی، هویفدی فقط): أی له الفطر، وعلیه الفدیة، ولیست علیٰ غیره من المریض والمسافر والحامل والموضع، لعدم وردو نص فیهم، وورودہ فی الشیخ الفانی، وهو الذی کجل یوم فی نقص إلیٰ أن یموت، ویسمی به (أی یسمی الشخ الفانی شیخاً فانیاً) أمالأنه قراب من الفناء أولأنه فنیت قوته. (البحرالرائق، کتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۵۰۱/۲، رشیدیة)

(۴) أومریض خاف الزیادة الفطروقضوا ما قدروا بلا فدیة ولاء، وقدم الأداء علی القضاء، فإن ماتوا فیه فلا تجب الوصیتة بالفدیة، ولو ماتوا بعد زوال العذر، وحصیت، وفدی عنه ولیه کالفطرة بعد قدره علیه وفوته بوصیة من الثلث وإن تبرع ولیه به، جاز. وللشیخ الفانی العاجزعن الصوم الفطر ویفدی. (تنویرالأبصارمع الدرالمختار، کتاب الصوم، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم: ۴۲۲/۲-۴۲۷، سعید)

دے سکتے ہیں؟ نیت پہلے سے کرلی جائے کہ دوں گا؟ میرے گھر میں اور والدہ دونوں بے حد کمزور ہیں اور بیمار ہیں، صحت وقوت بہت کم ہے اور نہ اس کے عود کرنے کی کوئی امید ہے؟ (عبدالجلیل، اعظم گڈھ)

الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

(۱) جس نرخ سے اپنی ضروریات پوری کی جاتی ہیں، اسی نرخ سے فطرہ اور فدیہ دے دیں۔ ظاہر ہے کہ آج کل کنٹرول سے عامۃ ضروریات پوری نہیں ہوتیں؛ اس لیے بازاری نرخ سے دیں۔ (۱)

(۲) دیندار حاجت مند کو دینا افضل ہے۔ (۲)

(۳) شیخ فانی کو فدیہ دینا شروعِ رمضان میں بھی درست ہے، اخیر میں بھی۔ (۳) واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۹/۱۱ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸۹-۱۹۰)

## ادائے فدیہ کا طریقہ اور مصرف:

سوال: اگر فدیہ کی اجازت ہو تو کیا یہ ضروری ہے کہ ہر روزہ کا فدیہ روزانہ ہی ادا کیا جائے، یا پورے ماہ کے روزوں کا فدیہ یکمشت ختم رمضان پر، یا پیشگی ہی ادا کیا جاسکتا ہے؟ اور اگر ایسا ممکن ہو تو ختمِ رمضان پر پورے ماہ کے فدیہ کے لیے کس قدر غلہ دینا ضروری ہے؟ آیا بازاری بھاؤ کے اعتبار سے اس کی قیمت ادا کی جاسکتی ہے، یا نہیں؟ اگر قیمت ادا کی جاسکتی ہے تو آیا اس کا غربا کو ہی تقسیم کرنا ضروری ہے، یا کسی غریب عزیز کو بھی دیا جاسکتا ہے، یا کسی مدرسہ کو بھی دیا جاسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

جس صورت میں فدیہ کا حکم ہے، تو فدیہ یکمشت قبل رمضان اور بعد رمضان اور روزانہ جس طرح دل چاہے ادا کیا جاسکتا ہے، کوئی خاص پابندی نہیں، ایک روزہ کا فدیہ ایک صدقۂ فطر کے برابر غلہ یا اس کی قیمت ہے، جو بازار کا عام بھاؤ ہو اس سے قیمت لگائی جائے (۴) واللہ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۵/۹/۱۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۹۰/۱۰)

---

(۱) (وجاز دفع القیمة فی زکاة وعشر و خراج وفطرة ونذر وکفارة ... ویقوم فی البلد الذی المال فیه، ولو فی مفازة ففی أقرب الأمصار إلیه. (الدرالمختار، کتاب الزکاة، باب زکاة الغنم: ۲۸۵/۲-۲۸۶، سعید)

(۲) وکره نقلها إلا إلیٰ قرابة أو أحوج أو أصلح، أو أورع، أو أنفع للمسلمین فی المعراج: التصدق علی العالم الفقیر أفضل". (الدرالمختار علیٰ تنویر الأبصار، باب المصرف: ۳۵۳/۲-۳۵۳، سعید)

(۳) وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا ولو فی أول الشهر: أی یخیر بین دفعها فی أوله أو آخره، کما فی البحر. (رد المحتار علی الدرالمختار، فصل فی العوارض، إلخ: ۴۲۷/۲، سعید)

(۴) وفدی لزوماً عنه ولیه الذی یتصرف فی ماله کالفطرة قدراً بعد قدرته علیه، وفوته بوصیته من الثلث، إلخ. (الدرالمختار شرح تنویر الأبصار، فصل فی العوارض المبیحة: ۴۲۴/۲، سعید)

## کئی روزوں کا فدیہ ایک شخص کو دینا:

سوال: کئی روزوں کے فدیہ کا اناج یا قیمت ایک فقیر کو دینا جائز ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جائز ہے۔

”ولوما توا بعد زوال العذر وجبت،وفدى عنه وليه كالفطرة قدرا،آه“.

”(قوله: قدراً):أى التشبيه بالفطرة من حيث القدر،إذ لا يشترط التمليك هنا،بل تكفى الاباحة بخلاف الفطرة،وكذا هى مثل الفطرة من حيث الجنس وجوازأداء القيمة وقال القهستانى: واطلاق كلامه يدل علىٰ أنه لودفع إلىٰ فقير جملة، جاز،ولم يشترط العدد، ولا المقدار،لكن لودفع إليه أقل من نصف صاع لم يعتد به،وبه يفتى“.(شامی: ۱۶۱/۱)(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور۔الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ، ۱۳۶۶/۲/۲۷ھ۔
صحیح:عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳۶۶/۲/۲۷ھ۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۹۱/۱۰)

## اگر ۲۸ رہی روزے رکھے:

سوال: رمضان المبارک کے روزوں کی تعداد انتیس، یا تیس ہوتی ہے،سعودی عرب میں روزے دوروز قبل اور انڈیا میں عموماً دوروز بعد شروع ہوتے ہیں، چناں چہ حیدرآباد میں دوروز بعد روزے شروع کر کے سعودی عرب جانے والے عازمین عمرہ نے وہاں کے چاند کے لحاظ سے دوروز قبل رمضان کے روزے ختم کئے اور عید منائی، اسی طرح سال ۱۹۹۹ء میں ان عازمین عمرہ کو ۲۸ روزے رکھنے پڑے، جب کہ یہاں پر اور وہاں پر بھی تیس روزوں کا مہینہ تھا، گویا یہاں پر چاند دیکھ کر روزہ شروع کیا اور وہاں پر چاند دیکھ کر روزے ختم کئے اور عید منائی، اس سلسلہ میں دوروزوں کی کمی پر شرعی مسئلہ کی وضاحت فرمائیں؟ (محمد حسین خان، سالار جنگ کالونی)

الجواب ــــــــــــــــــــــ

قرآن مجید نے ایک ماہ روزہ رکھنے کا حکم دیا ہے،(۲) اور ایک ماہ سے کیا مراد ہے؟ اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات کے ذریعہ واضح فرمایا، انتیس یا تیس دن ،(۳) لہٰذا اس سے کم روزہ رکھنا کافی نہیں ہوگا، جب

(۱) ردالمحتارعلى الدرالمختار: ٤٢٤/٢،فصل فى العوارض،سعيد

(۲) ﴿ فمن شهد منكم الشهر فليصمه﴾(سورةالبقرة:١٨٥)

(۳) عن ابن عمرعن النبيﷺ قال:إنا أمة أمية لا نكتب و لا نحسب الشهرهٰكذا هٰكذا يعنى مرة تسعة وعشرين ومرة ثلاثين .( صحيح البخاري،رقم الحديث:١٩١٣،باب قول النبي صلى الله عليه وسلم لا نكتب ولانحسب)

ہندوستان اور سعودی عرب دونوں جگہ اس سال پورے تیس دن کا روزہ ہوا اور آپ کے روزے اٹھائیس ہی ہوئے تو اب مزید دو روزے مکمل کرنے ہوں گے؛ تاکہ تیس دن پورے ہوجائیں، یہ جو بات حدیث میں فرمائی گئی ہے کہ چاند دیکھ کر روزہ شروع کیا جائے اور چاند دیکھ کر روزہ ختم کیا جائے،(۱) یعنی جب عید کا چاند دیکھ لیا جائے،تو اس کے بعد رمضان کا روزہ نہیں، یہ حکم اس شخص سے متعلق ہے، جو ایک ہی مقام پر رمضان کا چاند بھی دیکھے اور عید الفطر کا بھی۔

(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۳-۴۱۴)

## ۲۹/روزے:

سوال: ہندہ نے اس سال رمضان شریف کا آغاز ہندوستان میں کیا اور درمیان میں شارجہ چلی گئی اور روزوں کا اختتام وہیں ہوا، جب کہ وہاں ایک دن قبل ہی چاند نظر آگیا اور ہندوستان میں ۳۰/رمضان بعد عید ہوئی،اس طرح ہندہ نے ۲۹/روزے رکھے، جب کہ ہندوستان والوں نے ۳۰/روزے رکھے، کیا ہندہ کو ایک روزہ کی قضا لازم ہوگی؟

(نفیس احمد، ختیل پیٹ)

الجواب

اس سال ہندوستان اور متحدہ عرب امارات میں ایک ساتھ رمضان المبارک کا مہینہ شروع ہوا؛ لیکن عید کا چاند امارات میں ایک دن پہلے اور ہندوستان میں ایک دن بعد نکلا، چوں کہ ماہِ رمضان کے اختتام پر ہندہ امارات میں تھی اور وہیں عید کا چاند نکلا تو اختتام کے سلسلہ میں اس پر وہیں کے احکام جاری ہوں گے،اور ۲۹/تاریخ کو اس کا رمضان مکمل سمجھا جائے گا،اب اسے ایک روزہ قضاء کرنے کی ضرورت نہیں۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۴-۴۱۵)

## روزہ میں جلق:

سوال: روزہ کی حالت میں مشت زنی کا کیا حکم ہے؟ کیا اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ (خالد، قلعہ گولکنڈہ)

الجواب

یہ فعل ہر حال میں گناہ ہے، سوائے اس کے کہ زنا سے بچنے کے لیے اضطرار کی کیفیت ہوجائے،اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے،البتہ کفارہ واجب نہیں ہوتا،صرف روزہ کی قضا کرنی ہوگی۔(۲)(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۵)

---

(۱) عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنهما أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ذکر رمضان فقال: لا تصوموا حتٰی تروا الهلال و لاتفطروا حتٰی تروه فإن غم علیکم فاقدروا له. (صحیح البخاري، رقم الحدیث: ۱۹۰۶، باب قول النبي صلی اللّٰہ علیه وسلم إذا رأیتم الهلال فصوموا و إذا رأیتموه فأفطروا)

(۲) استمنٰی بکفه ... قضی. (الدر المختار مع رد المحتار: ۳/۳۷۹، نیز دیکھئے: ص: ۳۷۱، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسد)

## ایک شخص کو کئی روزوں کا فدیہ:

سوال: زید روزے نہیں رکھ سکتا، وہ فدیہ ادا کرتا ہے اور کھانا کھلانے کے بجائے گیہوں دے دینا چاہتا ہے، کیا وہ ایک مسکین کو کئی روزوں کا فدیہ ادا کرسکتا ہے؟ (فخر الدین سلیم، ورنگل)

الجواب

اس صورت میں بہتر طریقہ تو یہ ہے کہ ایک مسکین کو ایک دن کا فدیہ ادا کرے، یا ایک ہی مسکین کو روزآنہ ایک ایک دن کا فدیہ ادا کرتا چلا جائے، اس صورت کے درست ہونے میں فقہاء کا کوئی اختلاف نہیں؛ لیکن اگر ایک ہی دفعہ ایک محتاج شخص کو ایک سے زیادہ دنوں کا فدیہ ادا کرے تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک، یہ صورت بھی درست ہے اور اسی پر فتوی ہے۔

(للشیخ الفانی العاجزعن الصوم الفطر ویفدی) وجوباً ولو أول الشھر وبلا تعدد فقیر. (۱)

(کتاب الفتاویٰ: ۴۱۵/۳-۴۱۶)

## کیا قضا کے ساتھ فدیہ بھی ادا کرے:

سوال: جو لوگ بیماری کی وجہ سے روزہ نہ رکھ کر بعد میں افطار کرنے والے ہوں، کیا ان کو بھی فدیہ ادا کرنا ہوگا، نیز کیا دودھ پلانے والی عورت کو بھی فدیہ دینا لازمی ہے؟ (عبداللہ صدیقی)

الجواب

جو لوگ وقتی بیماری کی وجہ سے روزہ قضا کر رہے ہوں، ان کو آئندہ صرف قضاء کرنا ہوگا، فدیہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں، جو عورت بچہ کو دودھ پلاتی ہو، روزہ رکھنے کی صورت میں بچہ کا دودھ متاثر ہوسکتا ہو، یا خود اس کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہو تو فی الحال روزہ نہ رکھنے اور بعد میں اس کی قضا کرنے کی گنجائش ہے اور آئندہ قضا کرنا ہی ضروری ہے، فدیہ ادا کرنا نہ ضروری ہے اور نہ کافی۔ (۲) (کتاب الفتاویٰ: ۴۱۶/۳)

## حالت حیض کے روزوں کی قضا:

سوال: اگر عورت سے حالتِ حیض میں روزے چھوٹ جائیں تو کیا اس کی قضا رکھنا کافی ہے، یا کفارہ بھی ادا کرنا ہوگا؟ (محمد جہانگیر الدین طالب، باغ امجد الدولہ)

الجواب

صرف قضا کرنا واجب ہے، کفارہ واجب نہیں؛ (۳) اس لیے کہ ان دنوں روزہ ترک کرنے میں عورت کے فعل کو

---

(۱) ردالمحتار، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم: ۴۲۷/۲، انیس

(۲) بدائع الصنائع: ۲۵۲/۲

(۳) إنما یکفر إن نویٰ لیلاً ولم یکن مکرھاً ولم یطرأ مسقط کمرض و حیض. (الدر المختار علیٰ ردالمحتار: ۳۹۰/۳)

دخل نہیں؛ بلکہ طبعی مجبوری اور شریعت کی طرف سے اس حالت میں روزہ رکھنے کی ممانعت کی وجہ سے اس کے روزے قضاء ہوئے ہیں۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۷)

## حائضہ کا کھانے پینے سے رُکا رہنا:

سوال: اگر کسی عورت کو آدھا روزہ رکھنے کے بعد حیض آئے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر نفلی روزہ ہے تو کیا اس کی قضا بھی کرنی ہوگی؟ نیز کیا ایسی عورت کو کھانے پینے سے رکا رہنا چاہیے؟ (ایک بہن، جگتیال)

الجواب

اگر روزہ شروع کرنے کے بعد حیض آجائے، تب بھی روزہ فاسد ہوجائے گا اور اس دن کی قضا واجب ہوگی، اگر نفل روزہ تھا تو چوں کہ شروع کرنے کی وجہ سے وہ واجب ہو چکا؛ اس لیے اس کی قضا بھی ضروری ہوگی، جو عورتین نفاس کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتیں، ان کو کھانا پینا چاہیے، کھانے پینے سے رک جانا جائز نہیں۔ علامہ طحطاوی نے اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ اس حالت میں روزہ رکھنا حرام ہے اور کھانے پینے سے رک جانا روزہ رکھنے کی مشابہت اختیار کرنا ہے اور حرام کی مشابہت اختیار کرنا بھی حرام ہے۔ (۱) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۱۷-۴۱۸)

## کفارہ اور فدیہ کے کھانے کے عوض میں قیمت دینا:

سوال: یہ کہ کفارہ اور فدیہ کے کھانے کے عوض میں، قیمت دینا جائز ہے، یا نہیں؟ دوسرے یہ کہ چند صیام کا فدیہ آیا، ایک بار ایک شخص کو دینا جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

کفارہ میں قیمت دینا بھی درست ہے، جس قدر ایک آدمی کو دیا جاتا ہے کہ ایک صاع یا نصف صاع ہے، اس کی قیمت دے دیوے درست ہے اور فدیہ صوم وصلوٰۃ میں بھی قیمت دینا درست ہے؛ مگر کفارہ کا طعام و قیمت ایک کی ایک کو ملے گی اور فدیہ کے طعام و قیمت کو چاہے، سب ایک کو دے دیوے تو درست ہے۔

(فرخ آباد، ص۲۴، ۲۵، ۲۷) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ:ص۲۰۸)

## کسی ظالم کے خوف سے روزہ قضا کرنا:

سوال: ایک ظالم ایک شخص سے کہتا ہے کہ اگر تو اس ماہ رمضان میں روزہ رکھے گا تو میں تجھ سے تیرا سب مال چھین لوں گا اور اس شخص کو اس مال کے جانے سے بہت دقت اور تکلیف ہوگی اور وہاں کوئی ایسا شخص نہیں ہے، جو اس کو اس ظلم سے بچائے اور اس کے پاس ایسا سامان اور حمایت بھی نہیں ہے کہ اس کے ذریعہ سے وہ حاکم سے فریاد کرکے،

(۱) طحطاوی علی المراقی: ص: ٤٤٧، فصل یجب الإمساک

اس مال کو جو ظالم غصب کرتا ہے، وصول کر سکے۔ اس صورت میں مظلوم کو دفعِ ظلم کے واسطے، اس رمضان میں افطار کرنا اور اس کی قضا دوسرے مہینے میں جائز ہے، یا نہیں؟

زید کہتا ہے کہ جائز نہیں ہے، اس واسطے کہ یہ شخص نہ مریض ہے، نہ مسافر اور بکر کہتا ہے کہ یہ افطار اور قضا جائز؛ بلکہ اولیٰ ہے، مرض اور سفر میں افطار کی علت قرآن سے ثابت ہے کہ اللہ تمہارے ساتھ آسانی چاہتا ہے، سختی نہیں چاہتا اور صورت مذکورہ میں روزہ رکھنے میں ایسی سختی ہے کہ اکثر اوقات مرض اور سفر میں بھی نہیں ہوتی۔

اس مسئلہ میں زید کا قول ٹھیک ہے، یا بکر کا؟ ان مسائل کا جواب شافی دوسرے ورق پر روانہ فرمائیں اور اپنی خیریت سے اطلاع دیجئے۔ فقط والسلام (عریضہ ادب: نظیر حسن عفی عنہ)

الجواب

اکراہ جان پر ہوسکتا ہے، نہ کہ مال پر، اگر مال لینے کی تخویف کرے اور روزہ فرض سے روکے تو مال اگر چہ جاوے، ترک فرض درست نہیں ہے اور غرض سفر کی تخفیف سے مال کو بچانا نہیں ہوسکتا،(۱) مال خرچ کے واسطے ہے، جان کی راحت کے واسطے ہوتا ہے۔

ہنوز طبع میری درست نہیں ہوئی، اسی واسطے سبق طلبا کا شروع کرایا نہیں گیا۔ فقط

(فرخ آباد، ص: ۱۱-۱۵) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ: ص ۲۰۹)

## کفاروں کی ادائیگی میں دیر کرنا:

سوال: جس کے ذمہ روزہ کفارہ کے ہوں طلب علم میں ہو، یا حفظ کلام اللہ میں اگر روزہ رکھتا ہے تو طلب علم میں نقصان ہوتا ہے اور اگر نہیں رکھتا ہے تو اس کا مواخذہ سخت ہوتا ہے کہ کفارہ کے روزے اس کے ذمہ ہیں، اگر بعد طلب علم کے رکھ لے تو درست ہے، یا نہیں؟

الجواب

کفارہ کے روزوں میں تاخیر نہ چاہیے، اگر چہ حفظ قرآن و تحصیل علم میں حرج لازم آوے۔ (تالیفات رشیدیہ، ص: ۴۷۴)

## کئی رمضان کے کئی روزوں کا کفارہ:

سوال: اگر قضا چند صوم رمضان کے سبب کفارات ہوں، خواہ دو رمضان کے جمع ہوں تو کفارہ ایک ہی کافی ہوگا، یا ہر ایک صوم کا علاحدہ اور اگر طالب علمی میں کفارہ ادا نہ کر سکتے تو بعد فراغ علم درست ہے، یا نہیں؟

الجواب

کفارات میں تداخل ہو جاتا ہے، اگر دس روزے رمضان کے خواہ ایک ماہ، خواہ چند سال کے جمع ہوں تو ایک

(۱) یعنی سفر کی رخصت پر، حفاظت مال کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ [پالن پوری]

کفارہ کافی ہے اور اگر بعد فراغ طالب علمی کے کفارہ دیوے تو بھی درست ہے؛ مگر جب تک طاقت صوم کی ہے، اطعام جائز نہ ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (تالیفات رشیدیہ، ص:۳۷۵)

## کئی روزے توڑنے کے کفارے کتنے ہوں گے:

سوال: جس شخص نے چند روزہ رمضان بعد بلوغ کے توڑے ہوں اور یاد نہ ہوں کہ کتنے روزوں کا کفارہ دینا ہوگا تو کیا ایک کفارہ سب کے لیے کافی ہے؟

الجواب

کئی روزے توڑنے کا کفارہ ایک ہی ہے، خواہ رمضان ایک ہی کے روزے توڑے ہوں، یا کئی رمضان کے توڑے ہوں۔ فقط (تالیفات رشیدیہ، ص:۳۷۵)

## عید کی خبر دوسری جگہ سے آنے پر روزہ رکھنے والے کیا کریں:

سوال: جوانب واطراف سے خبریں عید ہونے کی بروز پیر کے معتبر ویقینی سن کر چند آدمیوں نے روزہ ظہر کے وقت توڑ دیا، زید کہتا ہے کہ ان آدمیوں کے ذمہ کفارہ روزہ کا لازم ہوگیا، بکر کہتا ہے کہ کفارہ لازم نہیں ہوا، قضا واجب ہوگئی کہ جن آدمیوں نے روزہ توڑا، اس نیت سے توڑا کہ عید کے دن روزہ منع ہے، کچھ خواہش نفس سے نہیں توڑا، جن شخصوں نے روزا توڑا شریعت کا کیا حکم ہے؟ آیا کفارہ لازم ہوگیا، یا قضا کا روزہ رکھے، یا نہ رکھے؟

الجواب

جب دلیل شرعی سے ثابت ہوگیا کہ اتوار کے دن چاند ہوگیا تو پیر کے دن افطار واجب ہوگیا، افطار کرنے والوں پر نہ قضا ہے، نہ کفارہ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (تالیفات رشیدیہ، ص:۳۷۵) ☆

---

☆ ملفوظات:

(۱) کسی شخص نے رمضان شریف کا مٹی سے روزہ توڑ دیا تو اس پر کفارہ نہ آوے گا اور اگر غیر رمضان میں توڑا ہے تو کفارہ نہیں آتا، خواہ مٹی سے توڑے، یا کسی اور شے سے، البتہ رمضان میں کسی غذا و دوا سے رمضان کا روزہ توڑے تو اس سے کفارہ آتا ہے۔ فقط

(۲) اگر کسی پر دس بیس روزے رمضان کے عمداً توڑنے کے سبب کفارات ہوں، اگر چہ چند رمضان کے ہوں تو سب کا ایک کفارہ آتا ہے، ہر ایک روزہ کا جدا نہیں ہوتا، بعد ختم قرآن کے دعا مانگنا مستحب ہے، خواہ تراویح میں ختم ہوا ہو، خواہ نوافل میں خواہ خارج نماز پڑھا ہو، یا کہ بعد عبادت کے، نماز ہو، یا ذکر ہو، اجابت کی توقع ہے اور جو کچھ کنز العباد وغیرہ میں لکھا ہے، وہ قابل اعتبار نہیں۔ حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ بعد تلاوت قرآن کے اور بعد ختم قرآن کے وقت اجابت کا ہے، لہٰذا ختم بعد تراویح بھی اس میں داخل ہے۔ اگر اس وقت کی دعا کو واجب اور ضروری جانے تو بدعت ہے، اس کو ہی شاید کنز العباد وغیرہ میں بدعت کہا ہو۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

اور ایک دفعہ بسم اللہ کا پکار کر پڑھنا ختم میں چاہیے، حنفیہ کے نزدیک خواہ فاتحہ کے ساتھ پڑھ لے، خواہ کسی اور صورت کے ساتھ۔ (تالیفات رشیدیہ، ص:۳۷۵)

## شہادت معتبرہ سے اگر ثابت ہو جائے کہ جس دن روزہ رکھنا چاہیے تھا، نہیں رکھا گیا، کیا کیا جائے:

سوال: یہاں پر پہلا روزہ رمضان شریف کا جمعرات کے روز ہوا، رؤیت ہلال شوال کی جمعرات کی ہوئی اور عید بروز جمعہ ہوئی انتیس روزے ہوئے، بعض مقامات شملہ وکوہ منصوری و نینی تال و بھوپال میں سنا گیا کہ روزہ بدھ کا ہوا اور ان مقامات مذکورہ کے باشندگان کے پورے تیس روزے ہوئے زیادہ تر خارجاً یہاں یہ بھی مشہور ہے کہ حضرت مولانا صاحب عم فیضہ نے بدھ کے روز کی بابت تحقیق فرمالی ہے اور انتیس روزے رکھنے والوں کو ایک روزہ رکھنے کے واسطے حکم فرمادیا ہے، لہٰذا گزارش ہے کہ آیا ہم لوگوں کو جنہوں نے انتیس روزے رکھے ہیں، ایک روزہ رکھنا چاہیے، یا نہیں؟ اور کوہ شملہ و منصوری و نینی تال جو بلندی پر آباد ہیں، وہاں کی رؤیت ہلال ہمارے واسطے لازم ہے، یا نہیں؟ اور یہ بھی ظاہر کرنا ضروری ہے کہ ہم نے جب کہ یہ خبر سنی کہ پہلا روزہ بدھ کا ہوا ہے تو یہاں علی العموم منگل کے روز اپنی ۱۳ر رمضان کو اور ان لوگوں کی ۱۴ر رمضان کو چاند شام کے وقت اس نیت سے دیکھا کہ اگر چاند منگل کو ہوا ہے تو ضرور ہے کہ منگل کے روز ۱۴ر تاریخ کو چاند بیٹھ جاوے گا اور دیر سے نکلے گا؛ مگر چاند ۱۳ر تاریخ ہی کے موافق نظر آیا اور دن سے موجود تھا، اگلے روز ہم نے اپنے حساب کے موافق ۱۴ر تاریخ بروز بدھ کے چاند کو دیکھا تو فی الواقع بدھ کے ہی روز مضان کی ۱۴ر تاریخ تھی اور اس بدھ کے دن چاند بیٹھ گیا تھا؛ یعنی دیر سے نکلا صورت ہائے مفصلہ و معروضئ بالا میں ہر ایک بات پر خیال فرما کر جو حکم شرعی ہو فوراً آگاہی بخشیں۔ چاند کے بیٹھنے کی طرف ضرور خیال فرمالیا جاوے۔ ہمیشہ چاند ۱۴ر تاریخ کو بیٹھتا ہے اور ۱۴ر تاریخ بدھ کو ہوئی اور شملہ و منصوری وغیرہ مقامات کی رؤیت ہمارے واسطے قابل تسلیم ہے، یا نہیں؟

الجواب

شہادت معتبرہ سے یہ امر پورے طور سے ثابت ہو گیا ہے کہ پہلا روزہ چہار شنبہ کو ہوا، یہاں بھی اس روزہ کی قضا کی گئی ہے، وہ لوگ کہ جنہوں نے چہار شنبہ کو روزہ نہیں رکھا، وہ لوگ ایک روزہ بہ نیت قضائے رمضان رکھ لیویں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (تالیفات رشیدیہ، ص: ۴۳۷-۴۳۷) ☆

---

☆ ملفوظ:

(۱) چاند کی خبر تحریر خط سے دریافت ہو سکتی ہے، جب مکتوب الیہ کو غالب گمان یہ ہے کہ فلاں کاتب عدل کا خط ہے، اس میں کوئی انحراف نہیں ہوا تو اس پر عمل درست ہے۔ کتاب القاضی جیسی تو کید و توثیق ضروری نہیں اور امام ابو یوسفؒ نے خود وہ قیود کتاب القاضی میں بھی کم کر دی تھیں، بعد تحریر کے فقط دلیل اعتبار خط کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ دحیہ کلبی ہاتھ (معرفت) اپنا نامہ (خط) ہرقل کو بھیجا تو ہرقل نے یہ نہ کہا کہ ایک آدمی کا اعتبار نہیں ہے اور نہ آپ کو یہ خیال ہوا کہ قاصد کا کیا اعتبار ہو گا، علیٰ ہذا، ارسال نامہ جات پر آپ کے زمانے میں اور خلفا کے زمانے میں دو دو گواہ کہیں نہیں گئے۔ فقط والسلام

(۲) ہزاری روزہ جو رجب کا مشہور ہے، اس کی اصل احادیث سے کچھ نہیں نکلتی؛ مگر شیخ عبدالقادر قدس سرہ کی غنیۃ الطالبین میں لکھا ہے، وہ احادیث محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ اگر ضعیف پر عمل کر لیوے فضائل میں، درست کہتے ہیں۔ فقط والسلام (تالیفات رشیدیہ، ص: ۴۳۷)

## بحالت روزہ جانوروں سے وطی کی صورت میں قضالازم ہے،ایسے جانور کے دودھ وگوشت کا حکم:

سوال: اگرکوئی شخص رمضان المبارک کے روزوں میں (العیاذ باللہ) بہیمہ سے اپنی شہوت پوری کرتا ہےتو اس جانور کے گوشت ودودھ کے استعمال میں کوئی کراہت شرعی تونہیں ہے اوراس شخص پر روزے کی قضا وکفارہ دونوں واجب ہیں،یاایک اس کےعلاوہ اورکوئی شرعی تعزیر ہوتو تحریرفرمائیں؟　　(احقر محمد امین کشمیری)

الجواب ــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

یہ جرم شدید معصیت اور گناہ ہے،اس پرتوبہ واستغفار کےساتھ ان روزوں کی قضا واجب ہے،جن میں یہ قبیح وشنیع فعل سرزدہوا،(۱)اوراس جانورکا دودھ وگوشت سب حرام ہو چکااس جانورکوذبح کرنا اگرقانون وقت کےخلاف نہ ہو اس کو ذبح کرکے دفن کردیا جائے اوراگرقانون وقت کےخلاف ہوتو بلانیت ثواب اس کوکسی کواس طرح صدقہ کردیا جائے کہ اس کے سامنے نہ آسکے۔(۲)فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی،مفتی دارالعلوم دیوبند،سہارنپور۲۵/۱۰/۱۴۰۱ھ (منتخبات نظام الفتاویٰ:۱/۵۵۰)

## حائضہ پاک ہوجائےتواس کےروزہ کاحکم:

سوال: اگرعورت اپنے حیض سے صبح ۱۱/ بجے سےقبل پاک ہوجائے،تو کیااس دن روزہ سے رہنااس کے لیے واجب ہوگا اوراس دن کےروزہ کی قضاء ہوگی ماہ رمضان میں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اس دن کا روزہ نہیں ہوا،بعد میں قضا رکھے،البتہ اس دن بھی شام تک روزہ دار کی طرح کچھ کھائے پیئے نہیں۔(۳) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ،دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۹)

## فرض روزہ ذمہ میں رہتے ہوئےنفلی روزہ رکھنا:

سوال: ایک شخص جس کے ذمہ زکوۃ واجبہ،یافرض روزہ باقی ہے،اس کے باوجودوہ عطیہ،یانفلی روزہ رکھتاہےتو

(۱) وإذا جامع بهيمة أو ميتة أوجامع فيما دون الفرج ولم ينزل لا يفسد صومه وإن أنزل في هٰذه الوجوه كان عليه القضاء دون الكفارة، هٰكذا في فتاوىٰ قاضي خان.(الفتاوىٰ الهندية،كتاب الصوم،باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده: ۱/۲۰۵،نیز دیکھئے:فتاوی قاضيخان علىٰ هامش الهنديه: ۱/۲۱۷)

(۲) ولايحد بوطء بهيمة بل يعزروتذبح ثم تحرق ويكره الانتفاع بها حية وميتة.(الدرالمختارمع ردالمحتار: ۶/۳۶)

(۳) ”يجب الإمساك بقية اليوم علىٰ من فسد صومه وعلىٰ حائض ونفساء طهرتا بعد طلوع الفجر“.(مراقي الفلاح،كتاب الصوم،باب ما يفسد الصوم،فصل:يجب الإمساك،ص:۶۷۸،قديمي)

اس کا یہ فعل درست ہے، یانہیں؟ نیز اگر کسی نے ایسا کیا تو فرض میں وضع ہوگا، یانہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

عطیہ دینے سے ثواب ملے گا،(۱) نفلی روزہ سے بھی ثواب ملے گا؛(۲) لیکن فرض ووجب کی فکر نہ کرنا اور نفل میں مشول ہونا ناسمجھی اور کم عقلی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ:۳۹/۱۰)

## متعدد مسائل فدیہ صوم:

سوال: ایک شخص اتنا بوڑھا ہوگیا ہے کہ روزہ نہیں رکھ سکتا تو رمضان گزرجانے کے بعد سب روزوں کا فدیہ ایک ہی فقیر کو دینا درست ہے، یانہیں؟ اور رمضان ختم ہونے سے پہلے تمام رمضان کا فدیہ دے سکتا ہے، یانہیں؟ اور قسم کا کفارہ ایک دن میں ایک آدمی کو سب دے دیں تو درست ہے، یانہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــ

**فی الدرالمختار: (وللشیخ الفانی العاجزعن الصوم الفطر ویفدی) وجوباً ولوفی أول الشهروبلا تعدد فقیر کالفطرة لوموسراً وإلا فیستغفرالله.**

**فی رد المختار: (قوله: وبلا تعدد فقیر) أی بخلاف نحو کفارة الیمین للنص فیها علی التعدد فلوأعطی منها مسکیناً صاعاً عن یومین جاز، لکن فی البحرعن القنیة عن أبی یوسف فیه روایتین وعند أبی حنیفة لایجزیه کما فی کفارة الیمین وعن أبی یوسفؒ لوأعطی نصف صاع من برعن یوم واحد لمساکین یجوز قال الحسن وبه نأخذ، آه، ومثله فی القهستانی.(۳)**

ان روایات سے یہ امور مستفاد ہوئے:

اول: ایسے بوڑھے کو فدیہ دینا درست ہے۔

---

(۱) عن سهل بن معاذ، عن أبیه عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنه قال: "من أعطی لله تعالیٰ، ومن لله تعالیٰ، وأحب لله تعالیٰ، وأبغض لله تعالیٰ، وأنکح لله تعالیٰ، فقد استکمل إیمانه". (مسند الإمام أحمد: ۲٤_۳۸۳، رقم الحدیث: ۱۵٦۱۷)

(۲) عن أبی هریرة رضی الله عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: الصیام جنة فلا یرفث ولا یجهل فإن امرؤ قاتله أوشاتمه فلیقل: إنی صائم مرتین" والذی نفی بیده! لخلوف فم الصائم أطیب عند الله تعالیٰ من ریح المسک، یترک طعامه وشرابه و شهوته من أجلی الصیام لی وأنا أجزی به، والحسنة بعشر أمثالها. (صحیح البخاری، کتاب الصوم، باب فضل الصوم: ۱/۲٥٤، رقم الحدیث: ۱۷۹٥، قدیمی)

(۳) ردالمحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لایفسده، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم: ۳/٤۱۰، دارعالم الکتب، ریاض، انیس

ثانی: رمضان شروع ہونے کے بعد بعد تمام رمضان کا فدیہ ایک مسکین کو دینا بھی درست ہے خواہ رمضان ختم ہوا ہو، یا نہ ہوا ہو۔

ثالث: کئی روزوں کا فدیہ ایک مسکین کو دینا بھی درست ہے؛ لیکن خاص اس مسئلہ میں اختلاف بھی ہے، اس لیے احتیاط تو یہی ہے کہ کئی روزوں کا ایک کو نہ دے؛ لیکن دینے میں گنجائش بھی ہے

رابع: ایک روزے کا فدیہ کئی مسکینوں کو دے دینا درست ہے۔

خامس: پورا کفارہ یمین ایک کو دینا درست نہیں۔

۱۶/ جمادی الاخری ۱۳۵۳ھ (النور، ص:۹، جمادی الثانی ۱۳۵۴ھ) (امداد الفتاوی: ۱۵۱/۲)

## تعریف شیخ فانی:

سوال: شیخ فانی کی جس کو روزہ معاف ہے، کیا تعریف ہے؟ یعنی کس عمر اور حالت میں شیخ فانی سمجھا جاوے گا۔

الجواب

**فی الدر المختار: (وللشیخ الفانی العاجز من الصوم الفطر ویفدی)، إلخ.**

**وفی رد المختار: أی الذی فنیت قوته أو أشرف علی الفناء، ولذا عرّفوه بأنه الذی کل یوم فی نقص إلٰی أن یموت، نهر.**

**ومثله ما فی قهستانی عن الکر مانی: المریض إذا تحقق الیأس من الصحة فعلیه الفدیة لکل یوم من المرض، اه.**

**وکذا أما فی البحر لو نذر صوم الأبد فضعف عن الصوم لاشتغا له با لمعیشة له أن یطعم ویفطر لأنه استیقن أنه لایقدر علی القضاء.** (۱)

ان روایات سے ملخص شیخ فانی کے مفہوم کا یہ نکلا کہ اس کی موجودہ حالت سے یہ معلوم ہو کہ اس کو نہ فی الحال روزہ پر قدرت ہے، نہ آئندہ امید ہے اور اس عدم قدرت کی وجہ خواہ پیرانی سالی ہو، خواہ مرض۔

۲۵/ ربیع الاول ۱۳۳۱ھ (امداد الفتاویٰ: ۱۵۱/۲)

## حکم وجوب کفارہ بر افطار کردن قبل الغروب بسبب روایت ہلال قبل از غروب:

سوال: گزشتہ رمضان روز جمعرات سے شروع ہو کر تیس تاریخ جمعہ کو ختم ہونے کے بعد سنیچر کی رات کو چاند عید الفطر کا نظر آیا اور تمام ہندوستان میں شنبہ کو عید کی؛ مگر کہیں اتفاق سے ایسا ہو گیا کہ بوجہ جہل، یا نادانی کے جمعہ کو دوپہر

(۱) **ردالمحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لایفسده، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم: ۴۱۰/۳، دارعالم الکتب الریاض، انیس**

کے بعد، یا اس سے پہلے ہی ہو، چاند نظر آنے پر دن ہی کو؛ یعنی تیس تاریخ میں افطار کر دیا تو اس صورت میں ان پر فقط قضا آوے گی، یا کفارہ بھی دینا پڑے گا۔ عبارت کتب معتبرہ جواب میں تحریر فرما کر مشرف فرما دیں اور دوپہر سے پہلے اور بعد دیکھنے سے دونوں کا ایک ہی حکم ہے، یا کچھ فرق ہے، اگر فرق ہے تو کیا؟

الجواب ——————————————

فی الدر المختار: ورؤیته با لنهار للیلة الآتیه مطلقاً علی المذهب،ذکره الحداوی.

فی رد المختار: أی سواء رؤی قبل الزوال أوبعده (قوله علی المذهب) أی الذی هوقول أبی حنیفه ومحمد قال فی البدائع: فلایکو ن ذالک الیوم من رمضان عند هما قال أبو یوسف إن کان بعد الزوال فکذا لک وإن کان قبله فهو للیلة الماضیة ویکون الیوم من رمضان.

وعلیٰ هٰذا الخلاف هلال شوال فعند هما یکون للمستقبلة مطلقاً ویکون الیوم من رمضان و عند ہ لوقبل الزوال یکون الماضیة ویکون الیوم یوم الفطر إلخ ... لأن الخلاف علیٰ ما صرح به فی البدائع والفتح. إنماهو فی رؤیته یوم الشک وهویوم الثلا ثین من شعبان أومن رمضان.

فإذا کان یوم الجمعة المذکور یوم الثلاثین من الشهرورؤی فیه الهلال نهاراً فعند أبی یوسف ذلک الیوم أول الشهر (أی بالقید المذکور) وعند هما لاعبرة لهٰذه الروية ویکون أول الشهریوم السبت سواء وجد ت هٰذه الروية أولاً، إلخ. (۱)

وفی الدرالمختار: (أواحتجم) ... (فظن فطره به فأکل عمداً قضی) ... (وکفر) لأنه ظن فی غیر محله، حتیٰ لو أفتاه مفت یعتمد علیٰ قوله أوسمع حدیثاً ولم یعلم تأویله لم یکفر للشبهة وإن أخطاء المفتی، ولم یثبت الأثر إلا فی الأدهان وکذاالغیبة عند العامة. زیلعی. لکن جعلها فی الملتقی کالحجامة ورجحه فی البحر للشبهة.

فی رد المختار: (قوله: یعتمد علیٰ قوله) ... ویشترط أن یکون المفتی ممن یؤخذمنه الفقه و یعتمد علیٰ فتواه فی البلدة، وح وتصیر فتواه شبهة ولامعتبرلغیره اه، وبه یظهرأن یعتمد مبنی للمجهول فلا یکفی اعتماد المستفتی وحده، فافهم ... قوله (وکذاالغیبة) لأن الفطربها یخالف القیاس والحدیث، وهوقوله صلی اللّٰه علیه وسلم "ثلاث تفطر الصائم" مؤول بالاجماع بذهاب الثواب، بخلاف حدیث الحجامة فإن بعض العلماء أخذ بظاهره مثل الأوزاعی وأحمد إمداد. ولم یعتد بخلاف الظاهرية فی الغیبة؛ لأنه حدیث بعد مامضی السلف علیٰ تأویله بما قلنا. فتح.

وفی الخانية: قال بعضهم: هٰذا والحجامة سواء وعامة المشائخ قالوا علیه الکفارة علیٰ کل

---

(۱) ردالمحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لایفسده، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم: ۴۲۰/۳، دارعالم الکتب الریاض، انیس

حال؛ لأن العلماء أجمعوا علىٰ ترک العمل بظاهر الحديث وقالوا: أراد به ثواب الآخرة وليس في هٰذا قول معتبر، فهٰذا ظن ما استند إلىٰ دليل فلايورث شبهة، آه. (۱)

ان (فقہی) روایات سے مستفاد ہوا کہ زوال کے بعد جو ۳۰ ر تاریخ کو چاند نظر آیا، وہ بالا جماع آئندہ شب کا ہے اور کسی کے نزدیک وہ دن یکم شوال نہیں ہے۔ پس نہ تو کوئی کسی عالم کا مذہب ہے اور نہ حدیث "صوموا لرؤيته وأفطروا لرؤيته" کے کسی کے نزدیک یہ معنی ہیں۔ پس یہ فعل نہ کسی حدیث کی طرف مستند ہوا، نہ کسی فتویٰ کی طرف، پس کوئی ایسی دلیل شرعی اس کے لیے نہیں پائی گئی، جس سے شبہ معتبرہ پیدا ہو؛ اس لیے ان لوگوں پر قضا وکفارہ دونوں لازم ہیں، البتہ اگر قبل زوال چاند نظر آتا تو اس میں یہ تفصیل ہوتی کہ اگر افطار حدیث موصوف کی بنا پر ہوتا تو یہی حکم ہوتا؛ کیوں کہ حدیث کے یہ معنی کسی کے نزدیک نہیں اور اگر ابو یوسفؒ کے قول پر ہوتا تو اگر اس قول کی اطلاع مفطر کو ہوتی، یا کوئی معتبر مفتی کا فتویٰ دیتا تو صرف قضا لازم آتی اور اگر یہ دونوں امر بھی نہ ہوتے تو تب بھی قضا وکفارہ دونوں لازم آتے، اگر چہ وہ فعل ابو یوسفؒ کے موافق ہوتا؛ کیوں کہ اس شخص کے شبہ کی تو کوئی وجہ نہ تھی۔

۸ر ذی قعدہ ۱۳۳۸ھ (تتمہ خامسہ، ص:۱۶۲) (امداد الفتاویٰ: ۱۴۴/۲)

## حکم دادن کفارہ نماز میت بہ بنی ہاشم:

سوال: فوت شدہ نمازوں کے کفارہ کے مصرف میں ایک شبہ پیدا ہوا ہے کہ اگر مرحومہ وصیت کر جاتی، تب تو ثلث مال سے اس کا نکالنا واجب ہوتا اور یہ کفارہ صدقہ واجبہ میں شمار ہو کر مثل زکوۃ وعشر وصدقہ فطر وکفارہ صوم ہاشمیوں کو نہ دینا چاہیے تھا؛ لیکن جب کہ وصیت نہ تھی تو یہ فعل تبرع ہوا اور یہ صدقہ نافلہ ہوا، لہٰذا مثل دیگر صدقات نافلہ کے ہاشمیوں کو دینا جائز ہونا چاہیے، میں نے اس مسئلہ کو تلاش کیا کہیں نہیں ملا۔ بہشتی زیور کی عبارت سے کہ اگر کفارہ نکالیں تو اپنے فضل وکرم سے اس کو قبول فرمالیں اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ کفارہ تبرع ہے؟

الجواب

بالکل تبرع ہے اور اس کا مقتضا ظاہراً بیشک یہی ہے کہ بنی ہاشم کے لیے جائز ہو؛ مگر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ خود فدیہ کے احکام لازمہ سے یہ ہے کہ بنی ہاشم اس کا مصرف نہ ہوں اور راز اس میں یہ ہے کہ اگر یہ تبرع ملحق ہے واجب کے ساتھ بوجہ فدیہ ہونے کے، ورنہ اس میں اس اثر کی امید نہ ہوگی جو فدیہ میں ہے، پس اس کی مثال نفل نماز کی ہوگئی کہ وضو وغیرہ اس کے لیے بھی شرط ہے۔ اس کی نظیر فقہا کے کلام میں یہ ہے کہ عقیقہ کے احکام مثل قربانی کے لکھے ہیں، حالاں کہ عقیقہ واجب نہیں؛ بلکہ خود قربانی ہی اگر نفل ہو، اس کے بھی وہی احکام وشرائط ہیں، جو واجب کے ہیں غور فرمایا جائے، دوسرے علما سے بھی مراجعت مناسب ہے۔

جمادی الاول ۱۳۳۸ھ (امداد الفتاویٰ: ۱۳۳۸/۲)

(۱) ردالمحتار، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم: ۴۸۸/۳-۴۸۹، دارعالم الكتب الرياض، انيس

## ادائے کفارہ صوم میں تعین سال کا اور صوم کفارہ میں تتابع ضروری ہے:

سوال: ایک شخص پر دو رمضان کے دو روزوں کے کفارے تھے چند سال ہوئے کہ اس نے بلاتعین اس سال کے کہ جس میں روزہ توڑا تھا، ایک روزہ کا کفارہ دیا تو یہ کفارہ کسی رمضان کا صحیح ہوا یا نہیں اور کون سے رمضان کا ہوا، پہلے کا، یا بعد کا؟ اب دوسرے رمضان کا کفارہ بتعین سال اب دے رہا تھا، پندرہ روزے رکھے تھے کہ سولھویں روزے کو رات سے نیت کرنا بھول گیا اور بعد از زوال یاد آیا کہ میں فلاں سال کے روزے کا کفارہ دے رہا ہوں اور آج نیت کرنا تمام شب مجھ کو یاد آیا، غرض وہ بھی روزہ پورا کیا اور آئندہ روزہ رکھ رہا ہے تو اب یہ فرمائیے کہ جب ساٹھ روزے رکھ لیوے تو کفارہ پورا ہو جاوے گا، یا نہیں؟ کیوں کہ کفارہ میں رات سے نیت کرنا ضروری ہے کہ جو اس نے سہواً ترک کی اور اگر اول کے روزے میں نیت شرط ہو تو معلوم نہیں اور اگر اس کی بیوی نے حسب معمول روزمرہ کے خواب سے اس کو جگا کر کھانا سحر کا کھلایا ہو اور اس کو کھانا کھاتے میں روزے کا خیال نہ آیا، یا قریب صبح کے پانی پینے کی ضرورت ہوئی اور اس نے بخیال اس کے کہ اب صبح ہوگی؛ اس لیے پانی نہ پیا ہو، مگر روزے کا خیال نہ آیا ہو تو بھی وہ کفارہ صحیح ہو جاوے گا، یا نہیں؟ اگر نہ ہوگا تو اس ایک روزے کی اگر قضا ادا کرے تو صحیح ہوگا، یا نہیں؟ یا از سر نو ساٹھ روزے رکھے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

**فی الدر المختار: والشرط للباقی من الصیام (قول منها صوم الکفارة) قران النیة للفجر ولو حکماً وهو تبییت النیة للضرورة وتعیینها، آه.**

**وفیه: ولو تکرر فطره ولم یکفر للأول یکفیه واحدة ولو فی رمضان نین عند محمد وعلیه الاعتماد.**

**فی رد المختار: قوله وعلیه الاعتماد ونقله فی البحر عن الأسرار ونقل قبله عن الجوهرة لو جامع فی رمضانین فعلیه کفارتان وإن لم یکفر للأولیٰ فی ظاهر الروایة وهو الصحیح، آه، قلت: فقد اختلف الترجیح کما تریٰ ویتقوی الثانی بأنه ظاهر الروایة، آه.(۱)**

**وفی الدرالمختار، باب الظهار: والأصل نیة التعیین فی الجنس المتحد سببه لغو وفی المختلف سببه مفید.**

**وفی رد المختار: ولذا کان صوم رمضان من قبیل الأول والصلوٰة من الثانی، وکذا صوم یومین من رمضانین.(۲)(أی هو من قبیل المختلف السبب)**

ان (فقہی) روایات سے ثابت ہوا کہ جب اول کفارہ میں اس نے سال کی تعیین نہیں کی تو کسی سال کا بھی کفارہ

---

(۱) ردالمحتار، کتاب الصو، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده: ۳/ ۳۹۱، دارعالم الکتب الریاض، انیس

(۲) الدرالمختار مع رد المحتار، باب الظهار: ۱۲/ ۲۵۷

نہیں ہوا، (۱) اگر ایک کی تعیین کر لیتا تو اس کا ادا ہو جاتا، خواہ وہ اول ہوتا، خواہ دوسرا؛ مگر دوسرا کفارہ بوجہ اس کے کہ درمیان میں ایک روزہ صحیح نہیں ہو، درست نہیں ہوا۔ اب از سر نو دونوں روزوں کے کفارے ادا کرنا پڑیں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ شوال ۱۳۲۶ھ (تتمہ اولیٰ، ص: ۵۹) (امداد الفتاوی: ۱۳۴/۲)

## روزہ کے کفارہ میں گھر کے ملازم کو آزاد کرنا:

سوال: اگر کسی نے روزہ فاسد کر لیا تو اس کو روزہ کی قضا کرنا اور کفارہ ادا کرنا ضروری ہے؟ اب اس کو ایک غلام آزاد کرنا ضروری ہے؟ اس میں ایک صورت یہ ہے کہ اگر زید نے روزہ فاسد کر لیا اور کفارہ ادا کرنا چاہتا ہے اور اس کے پاس غلام تو ہے نہیں، البتہ اس کے گھر ایک کام کرنے والا نوکر جیسا کہ عام طور پر گھروں میں ہوتا ہے تو اب وہ یہ چاہتا ہے کہ اس نوکر کو کام سے نکال دے اور ہر مہینہ اس کو تنخواہ دیتا رہے، (جتنی تنخواہ وہ پہلے اسے دیتا تھا) تو اس صورت میں اس کا کفارہ ادا ہوگا، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً و مسلماً

گھروں میں کام کرنے والا ملازم آزاد ہے، غلام نہیں ہے؛ اس لیے سوال میں مذکورہ طریقہ اختیار کرنے سے کفارہ ادا نہیں ہوگا، ہمارے دور میں غلام نادر الوجود ہے؛ اس لیے اب اداءِ کفارہ کی صورت یہ ہے کہ مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے اور اگر اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت پیٹ بھر کھانا کھلائے۔ (شامی: ۱۱۹/۲) (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: العبد احمد عفی عنہ خانپوری، ۲۹ رصفر المظفر ۱۴۱۱ھ۔ الجواب صحیح: عباس داؤد بسم اللہ عفی عنہ (محمود الفتاویٰ ۳۲۰/۴)

---

(۱) یہ حکم جب ہے کہ روزہ جماع سے توڑا ہو، اگر غیر جماع سے توڑا، تو قول راجح پر ایک ہی کفارہ واجب ہوگا، لہٰذا تعیین کی ضرورت نہ رہی اور دونوں سالوں کا کفارہ ادا ہو گیا۔ (رشید احمد عفی عنہ)

(۲) (قَوْلُهُ: كَكَفَّارَةِ الْمُظَاهِرِ) مُرْتَبِطٌ بِقَوْلِهِ: وَكَفَّرَ أَيْ مِثْلُهَا فِي التَّرْتِيبِ فَيُعْتِقُ أَوَّلًا فَإِنْ لَمْ يَجِدْ، صَامَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ أَطْعَمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا لِحَدِيثِ الْأَعْرَابِيِّ الْمَعْرُوفِ فِي الْكُتُبِ السِّتَّةِ فَلَوْ أَفْطَرَ وَلَوْ لِعُذْرٍ اسْتَأْنَفَ إلَّا لِعُذْرِ الْحَيْضِ وَكَفَّارَةُ الْقَتْلِ يُشْتَرَطُ فِي صَوْمِهَا التَّتَابُعُ أَيْضًا وَهَكَذَا كُلُّ كَفَّارَةٍ شُرِعَ فِيهَا الْعِتْقُ نَهْرٌ، وَتَمَامُ فُرُوعِ الْمَسْأَلَةِ فِي الْبَحْرِ وَفِيهِ أَيْضًا وَلَا فَرْقَ فِي وُجُوبِ الْكَفَّارَةِ بَيْنَ الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ وَالسُّلْطَانِ وَغَيْرِهِ، وَلِهَذَا صَرَّحَ فِي الْبَزَّازِيَّةِ بِالْوُجُوبِ عَلَى الْجَارِيَةِ فِيمَا لَوْ أَخْبَرَتْ سَيِّدَهَا بِعَدَمِ طُلُوعِ الْفَجْرِ عَالِمَةً بِطُلُوعِهِ فَجَامَعَهَا مَعَ عَدَمِ الْوُجُوبِ عَلَيْهِ وَبِأَنَّهُ إذَا لَزِمَتْ السُّلْطَانَ، وَهُوَ مُوسِرٌ بِمَالِهِ الْحَلَالِ وَلَيْسَ عَلَيْهِ تَبِعَةٌ لِأَحَدٍ يُفْتَى بِإِعْتَاقِ الرَّقَبَةِ وَقَالَ أَبُو نَصْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ: يُفْتَى بِصِيَامِ شَهْرَيْنِ؛ لِأَنَّ الْمَقْصُودَ مِنْ الْكَفَّارَةِ الِانْزِجَارُ وَيَسْهُلُ عَلَيْهِ إفْطَارُ شَهْرٍ وَإِعْتَاقُ رَقَبَةٍ فَلَا يُجْعَلُ الزَّجْرُ، آه. (ردالمحتار، كتاب الصوم، مطلب فى الكفارة: ۴۱۲/۲، دارالفكر بيروت، انيس)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَلَكْتُ، فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: وَقَعْتُ بِأَهْلِي فِي رَمَضَانَ، قَالَ: »تَجِدُ رَقَبَةً« قَالَ: لاَ، قَالَ: هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ « قَالَ: لاَ، قَالَ: فَتَسْتَطِيعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا، قَالَ: لاَ، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ بِعَرَقٍ (وَالعَرَقُ المِكْتَلُ) فِيهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: اذْهَبْ بِهَذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ، قَالَ: أَعَلَى أَحْوَجَ مِنَّا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالحَقِّ، مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ. (صحيح البخارى، باب من أعان المعسر فى الكفارة، رقم الحديث: ۶۷۱۰، انيس)

## کفّارۂ صوم میں بہت بوڑھے اور بڑھیا کو کھلانا جائز ہے، یا نہیں:

سوال: بہشتی زیور میں روزہ کے کفّارہ کے لیے ساٹھ مسکینوں کو کھلانے کے متعلق لکھا ہے، اگر بعضے بالکل چھوٹے بچے ہوں تو جائز نہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر بالکل بوڑھا بوڑھی ہوں تو جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

بہت بوڑھا اور بوڑھی کو کفّارہ میں کھلانا جائز ہے۔

قال فی الهداية: فإن غداهم وعشاهم جاز قليلاً كان ما أكلوا أو كثيراً، آه. (الهداية، فصل فی الكفارة: ۲۲/۲)

قال صاحب النهاية: لأن المعتبر هو الشبع لا المقدار، آه.

وقال الشامی عن البحر والمنح: ولو كان فيمن أطعمهم صبی فطيم لم يجزه، لأنه لايستوفی كاملاً، آه.

وفی التاترخانية: إذا دعا مساكين وأحدهم صبی فطيم أو فوق ذلك لايجزيه، كذا ذكر فی الأصل.

وفی المجرد: إذا كانوا غلماناً يعتمد مثلهم يجوز آه وبه ظهر أيضاً أن المراد بالفطيم و بغير المراهق من لايستوفی الطعام المعتاد.

وفيه أيضاً: ولو كان فيهم شبعان قبل الأكل أو صبی لم يجز، آه. (ردالمحتار، باب كفارة الظهار: ۹۵۹/۲-۹۶۰)

قلت: والكبير والكبيرة ممن يستوفی الطعام عادة وخلافه نادر. والله أعلم

مورخہ ۴/رمضان ۱۳۴۵ھ۔ (امدادالاحکام: ۱۳۵/۳-۱۳۶)

## کفارۂ صوم:

سوال: ایک عرض ہے کہ عیدالاضحیٰ کی تعطیل میں احقر جناب کا قدم بوس ہوا تھا، جناب سے اپنے توڑے ہوئے روزوں کے متعلق دریافت کیا تھا، آنحضور نے فرمایا تھا کہ اقصرِ ایامِ شتا میں کفارہ ادا کریں، سو اب سردی کا زمانہ آ گیا ہے اور احقر کا ارادہ ہے کہ ۱۵/جمادی الاولیٰ سے روزے شروع کر دوں۔ اول تو جناب والا سے دوبارہ اجازت چاہتا ہوں۔ دوسرے یہ کہ ۱۵/رجب تک رکھنے چاہئیں، یا ۱۵/جمادی الاولیٰ سے شمار کر کے ۶۰ روزے رکھنے چاہئیں؟ تیسرے یہ کہ اگر کسی رات کو نیت کرنی بھول جاؤں، یا صبح صادق کے بعد آنکھ کھلے تو کیا کرنا چاہیے؟ اس کے علاوہ بھی جوبات قابلِ عمل ہو تحریر فرمادیں؟

الجواب

فی الدرالمختار: (صام شهرين ولو ثمانية وخمسين) بالهلال وإلا فستين يوماً.

وفی الشامی: (قوله: (بالهلال) حال من لفظ الشهرين المقدرين بعد "لو"، وفی بعض النسخ: "لو بالهلال"

وحاصله أنه اذا ابتدأ الصوم فی أول الشهر كفاه صوم شهرين تامين أو ناقصين وكذا لو كان

أحدهما تاماً والاٰخر ناقصاً. (قوله: وإلا) أی وان لم یکن صومه فی أول الشهر برؤیة الهلال بأن غم أو صام فی أثناء شهر فإنه یصوم ستین یوماً وفی کافی الحاکم: وإن صام شهراً بالهلال تسعة وعشرین وقدصام قبله خمسة عشر وبعده خمسة عشر یوماً أجزأه.(۱)

وفی البحروغیره کالدرالمختار، قلت: وفیه الاحتیاط.

پس صورتِ مسئولہ میں پورے ساٹھ روزے رکھے جاویں اورروزۂ کفارہ کی نیت غروبِ شمس وطلوعِ فجر کے درمیان ضروری ہے، اگراس وقت میں نیت نہ ہوئی تو استیناف کرنا پڑے گا؛ اس لیے بہت اہتمام کیا جاوے۔

فی تنویر الأبصار: (والشرط للباقی) ... (تبییت النیة) ... (وتعیینها).

وقال الشامی: تحت (قوله: للباقی) وهوقضاء رمضان إلیٰ قوله کفارة الظهار والقتل والیمین والافطار.(۲)

کتبہ الأحقر عبدالکریم۔ الجواب صحیح: ظفراحمد عفاعنہ، ۴؍جمادی الاولیٰ ۱۳۴۵ھ۔ (امدادالاحکام: ۳؍۱۳۷-۱۳۸)

## قضا اور نفل:

سوال: ایک شخص کے ذمے دو رمضانوں کے روزے ہیں، اس نے رات کو قضاء رمضان کا روزہ رکھنے کی نیت کی؛ لیکن پہلے رمضان، یا دوسرے رمضان کی تعیین نہیں کی، مطلق قضاءِ رمضان کی نیت کرلی تو وہ روزہ قضا کی جانب سے صحیح ہوجائے گا، یا نفل ہوگا؟ بینوا توجروا۔

الجواب

صورتِ مسئولہ میں وہ روزہ قضاءِ رمضان میں محسوب ہوجائے گا، نفل نہ ہوگا۔

قال فی الهندیة: إذا وجب علیه قضاء یومین من رمضان واحد ینبغی أن ینوی أول یوم وجب علیه قضائه من هٰذاالرمضان، وإن لم یعین الأول یجوز وکذالوکان علیه قضاء یومین من رمضانین هوالمختار ولونویٰ القضاء لاغیر یجوز وإن لم یعین، کذا فی الخلاصة، آه.(۳) واللّٰه أعلم

۶؍شوال ۱۳۴۰ھ (امدادالاحکام: ۳؍۱۴۱)

## کفارہ کے روزے اگر چاند کے حساب سے رکھے تو دو ماہ ضروری ہے، اگرچہ ساٹھ سے کم ہو:

سوال: روزہ رمضان کے کفارہ میں دو مہینے پے در پے روزہ چاند کی پہلی تاریخ سے شروع کرے تو دو مہینے چاند

(۱) ردالمحتار، کتاب الطلاق، باب کفارة الظهار: ۵/۱۴۰، دارعالم الکتب الریاض، انیس

(۲) ردالمحتار، کتاب الصوم، سبب صوم رمضان: ۲/۱۹۳

(۳) الفتاویٰ الهندیة، کتاب الصوم، الباب الأول فی تعریفه وتقسیمه وسببه: ۱/۱۲۶

کے حساب سے کافی ہیں، یا دنوں کے حساب سے ساٹھ روزے رکھنا ضروری ہے؟

الجواب

اگر چاند دیکھ کر کفارہ رمضان کے روزے رکھے جائیں تو ساٹھ روزے پورے کرنا ضروری نہیں؛ بلکہ پورے دو مہینے کے روزے رکھنا کافی ہے،خواہ وہ ساٹھ ہوں، یا ساٹھ سے کم ہوں۔

**(فإن لم يجد) المظاهر(ما تعتق) ... (صام شهرين ولو ثمانية وخمسين) بالهلال وإلا،فستين يومًا...(متتا بعين) ... وكذا كل صوم شرط فيه التتا بع.** (الدرالمختار ملتقطًا)

**(قوله: وكذا كل صوم،إلخ) ككفارة قتل أو إفطار،الخ.** (۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی:۲۴۱/۴)

## کفارہ میں مساکین کو طعام دینا:

سوال: اگر روزہ کے کفارہ میں غلام آزاد کرنا اور روزہ رکھنا ناممکن ہوجائے تو ساٹھ مسکینوں کو طعام کس طرح دینا چاہیے؟

الجواب

اگر عمر کی زیادتی، یا کسی مرض کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا تو اس کو اختیار ہے کہ ساٹھ مسکینوں کو اگر خام غلہ دے تو گندم اور اس کا آٹا نصف صاع اور جو،انگور، چھوہارہ، ہر ایک مسکین کو ایک صاع دے اور اگر چاہے تو اس غلہ کی قیمت دے دے، یا کھانا پکا کر ساٹھ مسکینوں کو دو وقت شکم سیر کھلائے، یا ایک وقت کھانا کھلا دے اور ایک وقت کے کھانے کی قیمت دے دے اور یا ایک ہی مسکین کو ساٹھ روز تک دونوں وقت کھلائے؛ لیکن اگر ساٹھ آدمیوں کا کھانا پکا کر ایک ہی مسکین کو دے دیا تو کفارہ ادا نہ ہوگا؛ بلکہ ایک ہی مسکین کا کھانا شمار کیا جائے گا۔(کذا فی الدر المختار) اور اگر ساٹھ مسکینوں کے حصہ کا خام غلہ ایک مسکین کو ایک ہی دن میں متفرق طور پر دے،اس صورت میں بھی بعض کے نزدیک کفارہ ادا نہ ہوگا اور ایک ہی مسکین کا حصہ شمار ہوگا اور بعض کے نزدیک کفارہ ادا ہوجائے گا۔(کذا قال البرجندی) (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحیٔ اردو:۲۳۸)

## کفارہ رمضان اگر متعدد ہوں تو کس صورت میں تداخل ہوگا:

سوال: ایک ہی رمضان کے دو کفارے اور دونوں جماع کے ایک دوسرے میں مدغم ہوجائیں گے، یا الگ الگ اور دو رمضان کے دو کفارے بھی مدغم ہوسکتے ہیں، یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں مشائخ کا اختلاف ہے اور صحیح ومختار للفتویٰ یہ ہے کہ اگر دونوں کفارے جماع ہی کے ہیں تو تداخل

(۱) ردالمحتار،کتاب الطلاق،باب الکفارة:۱۳۸/۵-۱۴۰،دارعالم الکتب الریاض،انیس

وادغام نہ ہوگا، خواہ ایک ہی رمضان کے ہوں، یا دو رمضانوں کے اوراگر دونوں کفارے جماع کے نہیں تو تداخل ہوجائے گا، خواہ ایک ہی رمضان کے ہوں، یا دو رمضانوں کے، بشرطیکہ دوسرا کفارہ واجب ہونے سے پہلے پہلا کفارہ ادا نہ کردیا ہو۔

**قال في الدر المختار: ولو تكرّر فطره ولم يكفر للأول يكفيه واحدة ولو في رمضانين عند محمد وعليه الاعتماد بزازية ومجتبى وغيرهما واختار بعضهم للفتوى أن الفطر بغير الجماع تداخل وإلا لا.**

**قال الشامي: فقد اختلف الترجيع ويتقوى الثاني بأنه ظاهر الرواية.** (۲)(امداد المفتین: ۴۱۶/۲)

## دوا، یا غذا کے علاوہ دوسری چیز کھانا:

سوال: غذا اور دوا کے علاوہ اگر مٹی، یا کنکری ڈھیلہ، یا روئی اور کاغذ وغیرہ حلق سے نیچے اتر جائیں تو قضا لازم ہوگی، یا کفارہ؟

**الجواب**

قضا لازم آئے گی، کفارہ نہ ہوگا۔

عالمگیریہ میں ہے: **وإذا ابتلع ما لا يتغذى به ولا يتداوى به عادة كالحجر والتراب، لا يوجب الكفارة، كذا في التبيين، إنتهىٰ.** (۲)

اور خلاصہ میں ہے: **لو ابتلع حصاة أو نواة أو حجراً أو مدراً أو قطنا أو خشباً أو كاغذة فعليه القضاء ولا كفارة.** (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحئی اردو: ۲۳۸-۲۳۹)

## نیتِ معلق سے صوم متحقق نہیں ہوتا، تحققِ صوم کے لیے قصدِ جازم شرط ہے:

سوال: ایک عورت نے رمضان شریف کے قضا روزہ رکھنے کا رات کو ارادہ کیا، یہ عورت رمضان شریف کے علاوہ اور روزہ خواہ وہ رمضان شریف کا قضا شدہ کیوں نہ ہو، اپنی ساس سے اجازت لے کر رکھا کرتی تھی، اس روز بھی اس نے یہ ارادہ کیا کہ نماز صبح کے وقت اپنی ساس سے دریافت کرلوں گی، اگر ساس نے اجازت دی رکھوں گی، ورنہ نہیں؛ لیکن گمان یہی تھا کہ ساس ضرور اجازت دے گی، صبح کی نماز کے وقت دریافت کیا تو ساس نے انکار کردیا، اس عورت نے روزہ نہیں رکھا۔ دریافت طلب یہ ہے کہ آیا اس روزہ کی قضا رکھنی چاہیے، یا کفارہ دینا پڑے گا اور کفارہ کیا ہوگا، اگر ساٹھ روزے رکھنے کے بجائے ساٹھ آدمیوں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلا دے تو کفارہ ادا ہوجاوے گا، یا نہیں؟ ایک بات اور اظہار طلب ہے کہ یہ عورت ہمیشہ اپنی ساس سے روزہ کے متعلق رات کو دریافت کرلیا کرتی تھی، اگر اس نے اجازت دی تو روزہ رکھا ورنہ نہیں، اس روز رات کو دریافت کرنا یاد نہیں رہا تھا اور صبح کی نماز کے بعد دریافت کیا تھا، جیسا کہ میں پیشتر تحریر کرچکا ہوں۔

---

(۱) ردالمحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده، مطلب الكفارة: ۳۹۱/۳، دار عالم الكتب الرياض، انيس

(۲) الفتاوىٰ الهندية، النوع الأول مايوجب القضاء دون الكفارة: ۲۰۲/۱، دار الفكر بيروت، انيس

الجواب

صورت مسئولہ میں نہ قضا واجب ہوئی نہ کفارہ؛ کیوں نکہ روزہ کا تحقق ہی نہیں ہوا تو یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ روزہ کو توڑا گیا؛ کیوں کہ تحقق صوم کے لیے نیت شرط ہے اور نیت کی حقیقت قصد جازم ہے، جو صورت مسئولہ میں نہیں پایا گیا؛ بلکہ نیت معلق تھی ساس کی اجازت پر اور ایسی نیت سے صوم کا تحقق نہیں ہوتا، پس افساد صوم بھی نہیں پایا گیا۔

**قال فی مراقی الفلاح: وحقيقة النّيّة قصده عازماً بقلبه صوم غد، الخ.** (ص: ۳۷٤)

**وفيه أيضاً: وأما القسم الثا نی وهوما يشترط له تعيين النّية وتبييتها فهوقضاء رمضان وقضاء ما أفسده من نفل وصوم الكفارات بأنواعها ككفارة اليمين وصوم التمتع والقران والنذرالمطلق، آه.** (ص: ۳۷٦)

۴/شعبان ۱۳۴۷ھ (امدادالاحکام: ۳/۱۰۸-۱۰۹)

## حکم نیتِ کفّارۂ رمضان بالتعلیق:

سوال: ایک شخص نے رات کو کفارۂ صوم کی نیت اس طرح کی کہ اگر کل کو یہ محقق ہوگیا کہ شروع ماہ سے روزہ شروع کرنے سے ساٹھ روزے پورے کرنے نہ پڑیں گے؛ بلکہ دو مہینہ کا روزہ رکھنا کافی ہوجائے گا۔ نیز شیخ نے بھی روزہ رکھنے کی اجازت دے دی تو کل کو میں ضرور کفارہ کا روزہ رکھوں گا، اس طرح نیت درست ہوئی، یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں نیت صحیح نہیں ہوئی؛ کیوں کہ جزم نہیں پایا گیا؛ بلکہ نیت معلق ہے اور تعلیق کے ساتھ نیتِ قضا وکفارات صحیح نہیں ہوتی۔

**قال فی مراقی الفلاح: وأما القسم الثانی، وهومايشترط له تعيّن النية وتبييتها فهوقضاء رمضان وقضاء ما أفسده من نفل وصوم الكفارات بأنواعها إلٰی أن قال: ولاتبطل النية بقوله: أصوم غداً إن شاء اللّٰه تعالی لأنه بمعنی الاستعانة وطلب التوفيق الا أن يريد حقيقة الاستثناء، آه.**

**قال الطحطاوی: والتعليل يفيد أن المشيئة لاتبطل مطلقاً ولوقصد حقيقة(أی لكونه بمعنی الاستعانة)ولكن لكلام المؤلف وجه وهوأنه اذا قصد التعليق كان غيرجازم بالنية وهوظاهر.** (۱)

**واللّٰہ اعلم** (امدادالاحکام: ۳/۱۳۶)

☆☆☆

(۱) حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، فصل فيمالا يشترط تبييت النية وتعيينها، ص: ٦٤٣-٦٤٤، دارالكتب العلمية بيروت، انيس

# اعتکاف کے احکام ومسائل

## عشرہ اخیرہ کامل کا اعتکاف سنّتِ مؤکدہ ہے:

سوال: زید کہتا اعتکافِ رمضان المبارک عشرہ اخیرہ کامل کا سنّتِ مؤکدہ ہے، اس سے کم مدت میں سنت ادا نہ ہوگی، حوالہ مولانا عبدالحی صاحب کے رسالہ "الإنصاف فی حکم الإعتکاف" کا دیتا ہے، عمرو کہتا ہے کہ کامل دس روز شرط نہیں؛ بلکہ اقل عشرہ سے بھی شرط ادا ہو جاوے گی۔ اپنے قول کے ثبوت میں "خلاصة الفتاویٰ" کی یہ عبارت پیش کرتا ہے:

**"قال القاضی الإمام: الاعتکاف فی المسجد الجامع أفضل إذاکان یصلی فیه الصلوات الخمس بالجماعة ما إذا لم یکن فالاعتکاف فی مسجده أفضل کیلایحتاج إلی الخروج عن معتکفه فإن أراد أن یعتکف أقل من سبعة أیام یعتکف فی مسجد حیه وإن أراد أن یعتکف فی الجامع،إلخ".**

نیز مولانا بحرالعلوم کے "رسائل الأرکان" کو دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعتکافِ مذکور سنتِ مؤکدہ نہیں؛ بلکہ مندوبِ محض ہے، جس پر ان کی یہ عبارت شاہد ہے:

**"واعلم أنه لاشک فی مواظبة رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم علیٰ اعتکاف العشر الأواخر من شهر رمضان،لٰکن قد ثبت من الصحابة العظام ترک الاعتکاف،ومنهم الخلفاء الراشدون، فللاعتکاف نوع اختصاص به صلی اللّٰه علیه وسلم وهوأنه یلقی جبرئیل فیدارسه القرآن ومدارسة القرآن جبرئیل کانت مختصة به صلی اللّٰه علیه وسل،فلهٰذا کان للاعتکاف اختصاصاً به صلی اللّٰه علیه وسلم،فتارک الاعتکاف من الأمة لایلحقهم الإساء ة،ولذاکان صلی اللّٰه علیه وسلم لایؤکد فی الاعتکاف تأکیده فی غیره من السنن ولایعیب واحداً من الصحابة علیٰ ترک الاعتکاف،فالاعتکاف أما سنته مختصة به صلی اللّٰه علیه وسلم غیر، مؤکدة علی الأمة بل بقی فی حقهم مثل السنن الغیرالمؤکدة أوکان واجباً علیه صلی اللّٰه علیه وسلم مختصاً ففعله لامتثال الوجوب،فلایکون علی الأمة سنة بل مندوباً محضاً وهٰذا غیربعید،الخ".**

حضور والا کے نزدیک اقوالِ مذکورہ میں سے کون سا قول راجح ہے؟

**الجواب**

صحیح یہی ہے کہ تمام عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف سنتِ مؤکدہ ہے؛ مگر علی الکفایۃ، جیسا کہ مراقی الفلاح، عالمگیریہ، شامی

وغیرہ میں ہے اور خلاصۃ الفتاویٰ کی عبارت مندرجہ سوال سے عمرو کا مقصود کسی طرح ثابت نہیں ہوسکتا ہے، اس عبارت کو مقصودِ عمرو سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس عبارت کا تو محض یہ منشا ہے کہ اگر سات یوم سے کم کا اعتکاف کرے (اور ان ایام میں جمعہ نہ واقع ہوتا ہو، **کما ھو الظاھر**، تب تو مسجد محلّہ میں اعتکاف افضل ہے اور اگر سات روز، یا اس سے زائد کا اعتکاف کرنا ہو (یا سات روز سے کم کا اعتکاف ہو؛ مگر ان ایام میں جمعہ واقع ہوتا ہو) تو جامع مسجد میں اعتکاف کرنا افضل ہے؛ کیوں کہ اس صورت میں مسجدِ محلّہ سے جمعہ کے لیے جانا پڑے گا اور معتکف سے نکلنا خلافِ اولیٰ ہے، اس عبارت میں اس کا ذکر بالکل نہیں کہ کتنے دن کا اعتکاف سنت ہے، اس سے یہ کیسے سمجھ لیا کہ سات روز سے کم کا اعتکاف کرنے سے سنت ادا ہوجاوے گی اور ''رسائل الارکان'' کی تقریر کا جواب شامی نے عنایہ سے نقل کیا ہے کہ مواظبت بلا تاکید سے بھی سنت ثابت ہوجاتی ہے اور اگر مواظبت مع الانکار علی التارک ہو، تب تو اس سے وجوب ثابت ہوتا ہے۔ (۳۰۸/۲)

اور جب سنتِ کفایہ کہا جاوے تو یہ اعتراض بالکل ہی عائد نہیں ہوسکتا؛ کیوں کہ نہ ایسا ہوا کہ کسی نے بھی اعتکاف نہ کیا ہو، نہ تاکید کی نوبت آئی۔ **واللہ أعلم بالصواب**

احقر عبدالکریم گمتھلوی عفی عنہ، خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، ۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۸ھ۔

**للہ در المجیب فقد أوتی من الفقه أوفر نصیب.** ظفر احمد عفا اللہ عنہ، ۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۸ھ۔ (امداد الاحکام: ۱۴۶/۳-۱۴۸)

## خواتین کا اعتکاف:

سوال: خواتین کے اعتکاف کرنے کا کیا حکم ہے؟ انہیں کہاں اعتکاف کرنا چاہیے اور اگر اعتکاف کے درمیان ماہواری شروع ہوگئی تو اعتکاف جاری رہے گا، یا ختم ہوجائے گا؟　　(شفیق احمد، اکبر باغ)

**الجواب**

عورتوں کے لیے بھی اعتکاف مسنون ہے، فقہا نے اسے مطلقاً مسنون قرار دیا ہے اور مرد وعورت کا کوئی فرق ذکر نہیں کیا ہے، البتہ اعتکاف کے سلسلہ میں مسجد کا جو حق ہے، وہ خواتین کے اعتکاف سے ادا نہیں ہوسکے گا؛ کیوں کہ وہ گھر میں اعتکاف کریں گی، عورتوں کے لیے مسجد میں اعتکاف کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔

**''ویکرہ فی المسجد أی تنزیھا''.** (۱)

اگر گھر میں نماز کے لیے کسی جگہ کو مخصوص کر رکھا ہو تو اسی جگہ عورت کو اعتکاف کرنا چاہیے۔

**''...لبث امراۃ فی مسجد بیتھا''.** (۲)

---

(۱)　الدر المختار مع رد المحتار: ۴۲۹/۳

(۲)　الدر المختار علیٰ ھامش رد المحتار: ۱۵۵/۱

عورت کے اعتکاف کرنے سے چوں کہ شوہر کا حق استمتاع متاثر ہوتا ہے؛ اس لیے عورت کو شوہر سے اجازت لے کر ہی اعتکاف کرنا چاہیے اور جب شوہر اجازت دے چکا ہو تو اب اس کے لیے درست نہیں کہ اعتکاف شروع ہونے کے بعد اس سے صحبت کرے۔

”ولیس لزوجها أن يطأها إذا أذن لها ... ولا ينبغي لها الاعتكاف بلا إذنه“.(۱)

اگر اعتکاف کے درمیان ماہواری آئی تو اعتکاف کی مخصوص جگہ سے باہر آ جائے اور جوں ہی پاک ہو، غسل کر کے اعتکاف گاہ میں واپس آجائے، جتنے دنوں ناپاکی کی حالت میں گزرے، بعد کو اتنے دنوں کی قضا کر لینی چاہیے۔(۲)

سوال: کیا عورت کے لیے بھی اعتکاف ضروری ہے؟ اگر ضروری ہے تو شرائط وغیرہ کی وضاحت کیجئے؟

(ارفع شاداں، محبوب نگر)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

عورتوں کے لیے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا مستحب ہے، البتہ وہ اپنے گھر کے ایک حصہ ہی میں اعتکاف کریں گی، اگر گھر کے کسی حصہ کو نماز کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہو تو وہاں اعتکاف کریں اور اگر ایسا نہ ہو تو گھر کے کسی حصہ کو اعتکاف کے لیے مخصوص کر لیں، اگر اس جگہ سے بلا عذر نکل جائیں تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، نذر ماننے کی وجہ سے اعتکاف واجب ہو جاتا ہے، اگر اعتکاف کی نذر خواتین مان لیں تو ان پر بھی اعتکاف واجب ہو جائے گا اور اسی طرح گھر کے ایک حصہ میں اعتکاف کرنا ہوگا، اگر بلا عذر اس جگہ سے نکل پڑیں تو اعتکاف واجب تو فاسد ہو جائے گا؛ لیکن نفل کی حیثیت سے باقی رہے گا، عورتوں کے لیے مسجد میں اعتکاف کرنا مکروہ ہے۔(۳) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۶۰-۴۶۱)

## معتکف کے لیے روزہ کی شرط:

سوال: زید نے عشرہ اخیرہ رمضان میں بحالتِ اعتکاف سحری کھائی؛ مگر بعد میں معلوم ہوا کہ اس وقت صبح ہو چکی تھی تو قضا لازم ہوگی اور تمام دن کھانے پینے سے امساک کرے، جن لوگوں نے اعتکاف کے لیے روزہ کو شرط قرار دیا ہے تو کیا یہ امساک کافی ہوگا، یا نہیں؟ اور کافی نہ ہونے کی صورت میں ایک مکمل عشرہ کے اعتکاف کا کیا حکم ہوگا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

جب کہ یہ امساک روزہ کے حکم میں نہیں اور قضا واجب ہے تو یہ امساک اعتکاف کے لیے کافی نہ ہوگا اور یہ اعتکاف مکمل عشرہ کا اگر نذری ہے تو قضا کرے اور نفلی ہے تو قضا نہیں۔

---

(۱) رد المحتار، کتاب الصوم، باب الإعتکاف:۳/ ۴۲۹

(۲) جامع الرموز: ۱/۱۶۵

(۳) حاشیة الطحطاوی، ص: ۳۸۲

درمختار میں ہے:

**(فلو نذر اعتكاف شهر رمضان لزمه، أجزأه) صوم رمضان (عن صوم الاعتكاف) ... (وإن لم يعتكف) رمضان المعين (قضٰى شهراً) غيره (بصوم مقصود) ... (وأقله نفلاً ساعة) ... (فلو شرع فى نفله ثم قطعه لايلزمه قضاءه) ... (على الظاهر). انتهٰى ملخصاً وكذا فى الجامع الرموز.** (۱)

اور یہ حکم روزہ کے شرط نہ ہونے کی صورت میں ہے اور اگر روزہ شرط ہو تو اس کی کم از کم مدت ایک دن کی ہوگی اور قطع وفساد کی صورت میں قضا لازم ہوگی۔ (وكذا فى جامع الرموز) (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحیٔ اردو: ۲۴۰)

## بغیر روزہ کے اعتکاف:

سوال: میں ذیابطیس کا مریض ہوں، روزہ رکھنے کی کوشش کرتا ہوں، بہت کم روزے ادا ہو پاتے ہیں، جو چھوٹتے ہیں، ان کا فدیہ دے دیتا ہوں، آخری عشرہ میں اعتکاف میں بیٹھنے کا بھی ارادہ ہے، بغیر روزہ کے اعتکاف ہوسکتا ہے، یا نہیں؟ (حسن پاشا، مستعد پورہ)

الجواب

اعتکاف سنت کی ادائیگی کے لیے روزہ رکھنا ضروری ہے؛ اسی لیے اعتکاف سنت رمضان کے اخیر عشرہ سے متعلق ہے؛ اس لیے اگر بیماری کی وجہ سے بھی روزہ نہ رکھ سکے تو اعتکاف سنت نہیں کرسکتا، البتہ یہ اس کے حق میں اعتکاف نفل ہوجائے گا اور اعتکاف نفل کا ثواب ان شاء اللہ اسے حاصل ہوگا۔

**"ومقتضى ذلک أن الصوم شرط أيضا فى الاعتكاف المسنون، لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو لسفر ينبغي أن لايصح عنه، بل يكون نفلاً، فلا تحصل به إقامة سنة الكفاية".** (۲)

پس آپ بغیر روزہ کے بھی نفل اعتکاف کرسکتے ہیں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/ ۴۵۴-۴۵۵)

## اعتکاف مسنون کی مدت:

سوال: اعتکاف مسنون کے روز کا ہے اور کب سے ہے؟

الجواب

اعتکاف مسنون اکیسویں سے آخر رمضان تک ہے؛ مگر نفل اعتکاف تین روز کا بھی درست ہے۔ فقط

(تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۷)

---

(۱) الدر المختار علٰى هامش رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۲۴۳، انیس

(۲) ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۳/ ۴۳۱، انیس

## بعض جزئیات متعلق اعتکاف:

سوال (۱) اگر کوئی ضعف جسمانی کی وجہ سے عشرۂ اخیرہ کاملہ کا اعتکاف نہ کر سکے اور ۳، یا ۵ر یوم کا ۲۱و۳۰ کے مابین اعتکاف کرے تو سنیت کا کچھ اجر ملے گا، یا دیگر ایام رمضان کے اعتکاف کی طرح محض نفل سمجھا جاوے؟

(۲) عشرۂ اخیرہ رمضان کے اعتکاف مسنون میں جمعہ کے لیے، یا تبرید کے لیے غسل کرنے کی غرض سے خروج عن المسجد مفسد اعتکاف ہے، یا متمم، یا جائز غیر مفسد اور خروج عن المسجد سے مراد احاطہ مسجد ہے، یا وہ حصہ جو نماز کے لیے حکم مسجد میں ہے، اگر غسل خانہ صدر دروازہ کے اندر ہو تو اس میں غسل کرنا اور باہر کرنا مساوی ہے، یا کیا؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

سنت بقید عشر ہے، جب قید نہیں مقید نہیں اور وہی سنت تھا، پس سنت نہیں اور جز وسنت بحال انفراد کے لیے جز و سنت بحالت اجتماع مع سائر الاجزاء کے حکم میں ہونا لازم نہیں اور نہ ثابت، جس یوم کا اعتکاف شروع ہو گیا ہے، اس کے لیے مفسد ہے، بقیہ ایام کے لیے منہی و متمم ہے، البتہ منذور کے لیے مجموعہ کا بھی مفسد اور مسجد وہی موضع ہے، جہاں نماز پڑھی جاتی ہے، نہ کہ کل احاطہ۔

۵ر شوال ۱۳۳۴ھ (تتمہ رابعہ، ص: ۵۵) (امداد الفتاوی: ۲/۱۵۵)

## ڈیوٹی کے ساتھ اعتکاف:

سوال: میں ایک سرکاری ملازم ہوں اور میری ڈیوٹی اچھ پیٹھ کے قریب ایک گاؤں میں رہتی ہے، اسی گاؤں کی مسجد کے کمرے میں میرا قیام ہے، گاؤں میں مسلمانوں کی کثیر تعداد ہے، بروز جمعہ مسجد بھر جاتی ہے؛ بلکہ تنگ دامنی کی شکایت کرتی ہے، گاؤں میں بزرگ احباب بھی ہیں؛ لیکن گزشتہ دو سال سے میرا مشاہدہ ہے کہ کوئی بھی شخص ماہ رمضان کے آخری دہے میں اعتکاف کرنے کو تیار نہیں ہوتا، حالاں کہ کئی طرح سے کئی بار اعتکاف کی اہمیت بتلائی گئی، جو شاید فرض کفایہ ہے، میرا دل چاہتا ہے کہ میں کم از کم آخری دہے گاؤں کی مسجد میں اعتکاف کرلوں، چوں کہ میں ملازم ہوں اور اپنے عہدہ کے لحاظ سے روزانہ دفتر حاضر ہونا ضروری ہوتا ہے، کیا میں دن میں دو چار گھنٹے آفس کا کام دیکھتے ہوئے نماز ظہر سے قبل روزآنہ داخل مسجد ہو کر اعتکاف پورا کر سکتا ہوں، کیا اس طرح اعتکاف درست ہوگا؟

(سید انوار الحسن، اچھ پیٹھ)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

یہ بات بہت افسوس ناک ہے کہ مسلمانوں کی کثیر تعداد ہونے کے باوجود گاؤں میں کوئی شخص اعتکاف کے لیے تیار نہیں، اعتکاف سنت کفایہ ہے اور اگر محلّہ میں کوئی شخص بھی مسجد میں معتکف نہ ہو تو سب کے سب ترک سنت کے

گنہگار رہوں گے؛ اس لیے گاؤں کے مسلمانوں کو اس سلسلہ میں متوجہ کرنا چاہیے، آپ نے اعتکاف کی جو صورت لکھی ہے، امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ صورت درست نہیں؛ کیوں کہ امام صاحب کے یہاں کسی شرعی، یا طبعی ضرورت کے بغیر ایک لمحہ کے لیے بھی مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں اور نکل جائے تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا اور امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک یہ سہولت ہے کہ اگر آدھے دن سے کم مقدار مسجد سے باہر رہا تو اعتکاف فاسد نہیں ہوتا، آدھے دن سے زیادہ دن مسجد سے باہر رہے تو اعتکاف فاسد ہوجاتا ہے۔

**"وقالا: لایفسد إلا بأکثر من نصف یوم وھو الاستحسان... وھو یقضی ترجیح قولھما".** (۱)

لہٰذا اگر آپ دس روز کی مکمل رخصت نہیں لے سکتے تو بہ درجہ مجبوری یہی صورت اختیار کرلیں، ان دونوں فقہا کے قول پر آپ کا اعتکاف درست ہوجائے گا اور بعض اہل علم نے ان ہی حضرات کے رائے پر فتوی دیا ہے۔ (۲)

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۵-۴۵۶)

## زنجیری اعتکاف:

سوال: اعتکافِ سنت اکیس رمضان سے شوال کے چاند دیکھنے تک ایک ہی شخص کے بیٹھنے کے بجائے کئی احباب یکے بعد دیگرے زنجیری طور پر بیٹھیں تو کیا محلّہ والوں پر سے اعتکاف کی ذمہ داری ادا ہوجائے گی؟

(محمد عبدالحفیظ، مولاعلی)

**الجواب**

اعتکافِ سنت یہ ہے کہ ایک ہی شخص بیس رمضان کو غروب آفتاب سے پہلے مسجد میں داخل ہوجائے اور ہلال عید طلوع ہونے تک اعتکاف کی حالت میں رہے، (۳) مختلف دنوں میں مختلف لوگ بیٹھیں تو یہ اعتکاف نفل ہوگا، اس سے اعتکاف سنت ادا نہیں ہوگا اور اہل محلّہ پر اس کی ذمہ داری باقی رہے گی۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۱-۴۵۲)

## کسی عذر کی بنا پر اعتکاف نہ کرنے کا حکم:

سوال: ایک مسافر مولوی صاحب شمار دوسال سے یہاں سکونت فرماتے تھے، اعتکاف کے بارے میں وعظ میں یوں فرمایا: ''رمضان شریف میں لوگوں کا اعتکاف میں بیٹھنا بہت اچھی بات ہے، یہ نہ ہوسکے تو ایک آدمی بیٹھے تو بھی سب کی طرف سے ادا ہوجاتا ہے، لوگ سمجھتے ہیں کہ خود کیوں نہیں بیٹھتے، ہاں ضرور بیٹھ سکتا ہوں، مجھے تو بہت

---

(۱) البحر الرائق، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۳۰۳

(۲) الھدایة مع فتح القدیر: ۲/۳۱۰-۳۱۱

(۳) وعند الأئمة الأربعة أنه یدخل قبل غروب الشمس إن أراد اعتکاف شھر أو عشر. (مرقاة المفاتیح، باب الاعتکاف: ۴/۳۲۹، ط: مکتبة أشرفیة دیوبند)

خواہش ہے، کیا کروں، چند وجوہات کے سبب سے نہیں بیٹھ سکتا ہوں، میرے مکان میں ہمراہ رہنے کے لیے کوئی نہیں ہے، یہاں میرے خویش واقارب میں سے بھی کوئی نہیں، میرے گھر کے تلاٹے ایک خالی میدان ہے، گھر میں عورت بچّے بہت گھبراتے ہیں؛اس لیے میں اعتکاف میں نہیں بیٹھ سکتا،سائل بھی ان وجوہات کو جومولوی صاحب نے بیان فرمائے ٹھیک سمجھتا ہےاوران کے گھر میں راتوں کوکبھی کبھی پتھرآ کرگرنا بھی سائل کومعلوم ہے۔آیا مولوی صاحب نے جوعذر بیان کئے شرع میں یہ مقبول ہوں گے، یانہ؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ

یہ عذر مقبول ہے۔(واللہ اعلم) بلکہ اس حالت میں ان کواعتکاف مناسب بھی نہیں۔

۲۵؍شعبان ۱۳۴۲ھ (امدادالاحکام:۳؍۱۴۳-۱۴۴)

## بیڑی پینے سے روکنے پر اعتکاف چھوڑ دیا گنہگار کون ہوگا:

سوال: موضع پونا، ہمارے محلّہ کی مسجد میں ماہِ رمضان شریف کے آخری عشرہ میں بہت سے حضرات اعتکاف کیا کرتے تھے، اس درمیان مسجد کے امام صاحب نے کہا کہ اعتکاف کرنے والے بیت الخلاء وغیرہ جگہوں میں جاکر بیڑی سگریٹ وغیرہ ہرگز نہیں پی سکتے، جس کے نتیجہ میں جماعت والوں نے دوسال سے اعتکاف کرنا ہی چھوڑ دیا تو بیڑی وغیرہ پینے میں شرعی کیا حکم ہے؟ اوراعتکاف ترک کردینے سے گنہگار کون ہوں گے؟ جس کی رہبری فرماکرکرم فرمائیں؟ بڑی عنایت ہوگی۔

الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

بیڑی بلاضرورت پینا مکروہ ہے، بہ ضرورت درست ہےاور کراہت بھی بدبو کی وجہ سے ہےاور درجۂ حرام میں نہیں ہے۔(فتاویٰ محمودیہ:۵؍۱۱۲) یہ تو بیڑی پینے کا مطلق حکم ہوا، چاہے معتکف ہو، یا غیر معتکف، اب اگر کوئی معتکف آدمی بیڑی پینے کا عادی ہےتو اس کے لیے حکم یہ ہے کہ وہ اعتکاف کرنے سے پہلے ہی بیڑی چھوڑنے کی کوشش کرے، اگر اس میں کامیابی نہ ہوتو تعداد اور مقدار کم کردےاوراگر کچھ پینی ہی پڑےتو جس وقت استنجا اور طہارت کے لیے نکلے، اس وقت بیڑی کی حاجت پوری کرے، خاص بیڑی پینے کے لیے نہ نکلے؛ مگر جب مجبور ہوجائے اور طبیعت خراب ہونے کا خوف ہوتو اس کے لیے بھی نکل سکتا ہے کہ ایسی اضطراری حالت کے وقت یہ طبعی ضرورت میں شمار ہوگا اور مخل ومفسد اعتکاف نہ ہوگا۔(فتاویٰ رحیمیہ:۵؍۲۰۲)

معلوم ہوا کہ اعتکاف کرنے والا مذکورہ بالاطریقہ سے بیڑی پی سکتا ہے؛اس لیےامام صاحب نے مطلق ممانعت کا جوحکم بتلایا، وہ درست نہیں ہےاوراسی کے نتیجہ میں اس مسجد میں عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف کی سنت جوسنتِ کفایہ ہے، چھوڑی جارہی ہے، جس کا ذریعہ امام صاحب بنے؛اس لیے وہ اس گناہ کا ذریعہ بننے پر گنہگار ہوئے اورسنتِ کفایہ

چھوڑنے کا جو گناہ ہے، اس میں امام صاحب کے ساتھ تمام محلّہ والے بھی داخل ہیں۔ آئندہ کے لیے توبہ واستغفار کر کے دوبارہ اس سنت کو جاری کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (محمود الفتاویٰ:۴/۳۸۸-۳۸۹)

## جو حجرہ جزوِ مسجد نہ ہو اس میں اعتکاف باطل ہے:

سوال: مسجد کی چہار دیواریوں کے اندر کوئی حجرہ میں عشرۂ اواخر کے اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے، یا نہیں؟ یا جامع مسجد کے اندر ہی اعتکاف کر لینا چاہیے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

اعتکاف کے لیے مسجد شرط ہے، بدونِ مسجد اعتکاف صحیح نہیں ہوتا۔

**فی العالمگیریة: ومنها (أی من الشرائط) مسجد الجماعة فیصح فی کل مسجد له أذان وإقامة، هو الصحیح، کذا فی الخلاصة.**(۱)

البتہ جامع مسجد شرط نہیں؛ بلکہ ہر مسجد میں ہوسکتا ہے، جب کہ جماعت ہوتی ہو، **کما مرّ**۔ فقط

پس حجرہ میں جو کہ مسجد کا جزو نہیں، اعتکاف باطل ہے، البتہ حجرہ جزوِ مسجد ہو تو اس میں اعتکاف صحیح ہوگا؛ یعنی محض احاطہ میں ہونا کافی نہیں؛ بلکہ جزئیت ضروری ہے۔

احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۰/شوال ۱۳۴۳ھ، الجواب صحیح: ظفر احمد عفا عنہ، ۱۰/شوال ۱۳۴۳ھ۔ (امداد الاحکام:۳/۱۴۵)

## بقعۂ مدخولہ میں اعتکاف:

سوال: مسجد (جماعت خانہ) کی دیوار منہدم کر کے وسیع کر دی گئی تو بقعۂ مدخولہ کا کیا حکم ہے؟ آیا وہاں اعتکاف درست ہے، یا نہ؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

توسیع کا مقصد ظاہر ہے کہ رقبۂ مسجد میں اضافہ کرنا ہے، گویا بقعۂ مدخولہ کو مسجد میں شامل کرنے کی نیت موجود ہے اور جب بقعۂ مدخولہ بھی حصۂ مسجد بن گیا تو اس میں اعتکاف درست ہونے میں کیا تردد ہوسکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: العبد احمد عفی عنہ خانپوری، ۲۳/جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ۔ (محمود الفتاویٰ:۴/۳۹۰)

## اعتکاف کی افضل جگہ:

سوال: اعتکاف کی افضل جگہ کون سی ہے؟ (زاہد مرزا، یاقوت پورہ)

---

(۱) الفتاویٰ الهندیة، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف: ۲/۲۱۱، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

الجواب

اعتکاف یوں تو کسی بھی مسجد میں ہوسکتا ہے، جس میں نمازِ پنجگانہ ادا کی جاتی ہو؛ لیکن سب سے افضل مسجدِ حرام (مکہ مکرمہ) میں، پھر مسجدِ نبوی میں، اس کے بعد مسجدِ اقصیٰ میں اور ان مساجد کے بعد جامع مسجد میں اعتکاف کرنا ہے:

"فأفضل الاعتكاف أن يكون في المسجد الحرام، إلخ". (۱) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۱)

## ایک محلّہ میں کئی مسجدیں ہوں:

سوال: ایک محلّہ جیسے فرض کرلیجئے مغلپورہ ہے، اس محلّہ میں قریب قریب چار پانچ مساجد ہیں، کیا ان مساجد میں سے ایک مسجد میں بھی دس دن کا اعتکاف کرلیا تو سنت مؤکدہ کا حق ادا ہوجائے گا، یا پھر ہر مسجد کے مستقل مصلیوں میں سے کسی ایک کو ہر مسجد میں دس دن میں اعتکاف بیٹھنا سنت ہے؟ (نادرالمسدوسی، مغلپورہ)

الجواب

اعتکاف سنت کفایہ ہے؛ یعنی ایک یا چند اشخاص اعتکاف کرلیں تو سب بریٔ الذمہ ہوجائیں گے اور اگر کسی نے اعتکاف نہیں کیا تو سبھی تارکِ سنت کہلائیں گے، البتہ یہ سوال اہم ہے کہ ایک ہی محلّہ میں کئی مسجدیں ہوں تو کیا سنتِ اعتکاف کی ادائیگی کے لیے ہر مسجد میں اعتکاف ضروری ہے، یا محلّہ کی ایک مسجد میں اعتکاف کرلینا کافی ہے؟ اس سلسلہ میں اعتکاف کی نسبت سے کوئی صراحت نہیں ملتی، البتہ جیسے اعتکاف سنت کفایہ ہے، اسی طرح مسجد میں تراویح کی جماعت بھی سنت کفایہ ہے اور تراویح کے بارے میں فقہاء نے اس سوال کو اٹھایا ہے کہ پورے شہر میں ایک مسجد میں جماعت تراویح سنت کی ادائیگی کے لیے کافی ہے، یا ہر محلّہ میں، ایک مسجد میں تراویح کافی ہے؟ یا محلّہ کی ہر مسجد میں تراویح ضروری ہے؟ فقہا کے یہاں اس سلسلہ میں تینوں اقوال موجود ہیں، علامہ طحطاویؒ نے شہر کی ایک مسجد میں کافی قرار دیا ہے، علامہ حصکفیؒ نے ہر مسجد کے لیے ضروری قرار دیا ہے اور خاتم الفقہاء علامہ شامیؒ نے محلّہ کی ایک مسجد میں تراویح کی ادائیگی کو کافی سمجھا ہے اور اس سلسلہ میں فقہا کی بعض عبارتوں سے اپنے نقطۂ نظر کی تائید وتوثیق بھی نقل کی ہے، (۲) علامہ شامی ہی کا قول زیادہ درست اور مبنی بر اعتدال معلوم ہوتا ہے۔ پس جو حکم تراویح کا ہے، وہی حکم

(۱) بدائع الصنائع، كتاب الصوم، فصل وأما ركن الاعتكاف ومحظوراته ... : ۲/۲۸۱

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لاَ تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلاَثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الرَّسُولِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى. (صحيح البخاری، فضل الصلاة فی مسجد مكة ومدينة، رقم الحديث: ۱۱۸۸، انیس)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلاَةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلاَةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ. (صحيح البخاری، فضل الصلاة فی مسجد مكة ومدينة، رقم الحديث: ۱۱۹۰، انیس)

(۲) دیکھئے: رد المحتار: ۲/۴۹۵

اعتکاف کا بھی ہونا چاہیے؛ یعنی اگر ایک محلّہ میں کئی مسجدیں ہوں تو بہتر یہ ہے کہ ہر مسجد میں اعتکاف ہو؛ لیکن اگر ان میں سے ایک مسجد میں بھی اعتکاف کرلیا جائے تو پورے محلّہ کے لوگ ترک سنت کے گناہ سے ان شاء اللہ بری ہوجائیں گے۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۵۳-۴۵۴)

## حکم سکوت در اعتکاف:

سوال: علم الفقہ وبہشتی گوہر میں لکھا ہے کہ چپ اعتکاف میں بیٹھنا مکروہ تحریمی ہے، لہٰذا کتنی دیر چپ رہنا مکروہ تحریمی ہوگا؟ خادم کی عادت ہے کہ بعد عشا تراویح وغیرہ جب سوتا ہے تو پاس انفاس کا ذکر کرتا رہتا ہے، جو ابتدا میں حضور نے تعلیم فرمایا ہے تو یہ چپ میں تو نہ شمار ہوگا اور کتب دینیات کا دیکھنا، یا وعظ وغیرہ سننا یہ بھی تو چپ رہنے میں شمار ہوگا اور معتکف بات چیت کرسکتا ہے؛ یعنی ضروری بات ضرورت کے مطابق میں اس وقت قصداً اپنے نفع کے لیے بالکل خاموش ہوں، اشارہ سے کام لیتا ہوں، یا تحریر سے تو یہ کوئی حرج تو نہیں ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ

**فی الدرالمختار: (و) یکره تحریماً (صمت) إن اعتقده قربة وإلا لا، لحدیث: "من صمت نجا" ویحب أی الصمت، کما فی غرر الأذکار عن شر ... (وتکلم إلا بخیر).** (۲/۲۱۷)(۱)

اس روایات سے معلوم ہوا کہ سکوت آپ کا ہے یہ مکروہ ہے۔

۲۵/رمضان ۱۳۳۷ (تتمہ خامسہ، ص:۹۴) (امداد الفتاوی:۲/۱۵۴)

## معتکف مسجد میں جہاں چاہے اٹھ بیٹھ سکتا ہے:

سوال: معتکف جو گوشہ اپنے لیے مقرر کرے، اس کو علاوہ ضروری حاجت کے ہر وقت اس میں ہی رہنا چاہیے، یا مسجد اور فرشِ مسجد میں بلاضرورت کھانا پینا اور تلاوتِ قرآن شریف اور نماز پڑھ سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ہر وقت گوشہ میں رہنا ضروری نہیں؛ بلکہ عبادتِ نافلہ وذکر کے لیے اس میں رہنا بہتر ہے، باقی اوقات میں مسجد کے اندر جہاں چاہے، اٹھے بیٹھے۔

۱۸/ذی قعدہ ۱۳۴۵ھ (امداد الاحکام:۳/۱۴۵)

## معتکف کا علاج کرنا:

سوال: معتکف کو مسجد میں علاج مریضوں کا اللہ واسطے درست ہے، یا نہیں؟

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۴۴۹، انیس

الجواب

معتکف کا مریضوں کو دوا بتلا دینا درست ہے۔ فقط (تالیفات رشیدیہ،ص:۳۷۸)

## اعتکاف میں بیوی سے ملاقات:

سوال: کیا حالت اعتکاف میں بیوی مسجد آ کر شوہر سے ملاقات کرسکتی ہے؟ (عبدالمقیت، چندرائن گٹہ)

الجواب

معتکف کے لیے صرف جماع اور دواعی جماع کی ممانعت ہے، ملاقات اور بات چیت میں قباحت نہیں، اگر مسجد کے اندر ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حالت اعتکاف میں جا کر ملاقات کرنا ثابت ہے اور خود بخاری میں ایک سے زیادہ مواقع پر یہ روایت آئی ہے۔(۱)(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۵۹-۴۶۰)

## معتکف کا مسجد میں چہل قدمی کرنا:

سوال: اعتکاف کی حالت میں مسجد کے اندر کیا چہل قدمی کی جاسکتی ہے؟ یہ مسجد کے احترام کے خلاف تو نہیں؟ (مخلص الدین، محبوب آباد)

الجواب

چہل قدمی ایک تو تفریحاً کی جاتی ہے، اس نقطۂ نظر سے مسجد میں ٹہلنا مناسب نہیں، البتہ بعض لوگوں کو طبی اغراض کے تحت چہل قدمی کرنی ہوتی ہے، خاص کر ریاحی تکلیف، یا شوگر وغیرہ کی وجہ سے، اس مقصد کے تحت چہل قدمی کرنا درست ہے؛ کیوں کہ یہ علاج کے قبیل سے ہے اور انسان کی بنیادی حاجات میں داخل ہے اور معتکف کے لیے مسجد میں ضروری امور انجام دینے کی اجازت ہے۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۵۹)

## اعتکاف میں مسجد کی خدمت کرنا:

سوال: حالتِ اعتکاف میں مسجد کی خدمت کرنا اور اذان و اقامت کہنا کیسا ہے؟

الجواب

معتکف کو مسجد کی خدمت کرنا اور اذان وتکبیر کہنا ایسا ہی ہے، جیسا کہ غیر معتکف کو؛ لیکن خدمت ایسی نہ ہو، جس میں مسجد سے باہر جانا پڑے۔

۱۵/رمضان (امدادالاحکام:۳/۱۵۰)

---

(۱) صحیح البخاري، رقم الحدیث:۲۰۳۸، باب زیارة المرأة زوجها في اعتکافه

## حالتِ اعتکاف میں ورزش اور خط کا جواب تحریر کرنا:

سوال: جو شخص ورزش کرنے کا عادی ہے، حالتِ اعتکاف میں کرسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب

باہر جانا جائز نہیں اور مسجد میں ورزش خلافِ ادب ہے، لہٰذا زمانۂ اعتکاف میں اس کو ترک کردیں، اگر تکلیف نہ ہو اور اگر تکلیف زیادہ نا قابلِ برداشت ہو تو بہ مجبوری خلوت کے وقت کرلیا کریں۔

سوال: اپنے خطوط یا دیگر شخص کا خط تحریر کرانا چاہیں تو تحریر کرنا کیسا ہے؟

الجواب

خط لکھنے میں مضائقہ نہیں، خواہ اپنا ہو، یا دوسرے کا۔

احقر عبدالکریم، الجواب صحیح: ظفر احمد عفا عنہ، ۱۵/ رمضان (امداد الاحکام: ۱۵۰/۳)

## معتکف کا جمعہ کے لیے نکلنا:

سوال: (فتاویٰ ماہِ رمضان المبارک) زید جس مسجد میں معتکف ہے، وہاں سے ایک جامع مسجد تو قریب ہے اور دوسری کچھ فاصلہ پر ہے اور زید کا معمول پہلے سے بعید کی مسجد میں نمازِ جمعہ پڑھنے کا تھا۔ کیا زید اب حالتِ اعتکاف میں قریب کی مسجد کے ہوتے ہوئے اپنی کسی مصلحت سے بعید کی مسجد میں نمازِ جمعہ کے لیے جاسکتا ہے؟

الجواب

اس کا جزئیہ تو نظر سے نہیں گزرا؛ لیکن عالمگیریہ میں ہے:

**”وإن كان له بيتان قريب وبعيد قال بعضهم لايجوز أن يمضى(أى للخلاء )إلى البعيد فإن مضٰى بطل اعتكافه، كذا فى السراج الوهّاج“.** (۱)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسئلہ مسئولہ میں اختلاف ہے اور احتیاط اسی میں ہے کہ مسجدِ قریب میں جاوے۔

سوال: اور کیا زید کو وعظ سننے کی غرض سے جامع مسجد میں کچھ دیر ٹھہر جانا جائز ہے؟

الجواب

مکروہ ہے اور بہتر یہ ہے کہ **بعد فراغ عن السنن البعدية** اپنی مسجد میں چلا آوے۔

**السوال: وما الحكم إن نوىٰ ذلك** (أى صلاة الجمعة فى المسجد البعيد واستماع الوعظ) **وقت اعتكافه؟** (۲)

---

(۱) الفتاویٰ الهندیه، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف: ۲۱۲/۲، دارالكتب العلمية بيروت، انيس

(۲) خلاصہ سوال: اگر اعتکاف کے وقت ہی مسجدِ بعید میں نمازِ جمعہ پڑھنے اور وعظ سننے کی نیت کرلی ہو تو کیا حکم ہے؟ انیس

الجواب

اگر نیت کر لی ہو تو پھر مسجدِ بعید میں جمعہ پڑھنے اور وعظ کے لیے ٹھہرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ واللہ اعلم

۷؍رمضان ۱۳۴۸ھ (امداد الاحکام: ۳/۱۴۸-۱۴۹)

## معتکف کا پانی لانے کے لیے مسجد سے نکلنا:

سوال: معتکف علاوہ فرض نماز کے نوافل اور تلاوتِ قرآن وذکر کے لیے سقاوہ سے جو مسجد کے اندر نہیں، یا کنویں سے پانی لاسکتا ہے، یا نہیں؟ ۱۳۴۵ھ میں میں نے دریافت کیا تھا تو آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ ''فرض نماز کے لیے تو وضو کے لیے باہر جاکر پانی لاسکتا ہے، تلاوت اور نفل نماز کے لیے باہر نہیں جاسکتا، اگر جائے گا تو اعتکاف ناقص ہوجائے گا'' اور دیوبند کے مفتی صاحب نے اس طرح پانی لانے کو ضرورت میں داخل فرمایا ہے؟

الجواب

مفتی صاحب کا جواب صحیح ہے اور میں بھی یہی فتویٰ دیتا ہوں، نہ معلوم آپ کو اس کے خلاف کس طرح جواب دیا گیا۔ (**فأستغفر اللّٰہ وأتوب إلیہ**)

۲۲؍رمضان ۱۳۴۸ھ۔ (امداد الاحکام: ۳/۱۴۵-۱۴۶)

سوال: مجھے خیال پڑتا ہے کہ جب میں تھانہ بھون حاضر ہوا تھا تو مسجد میں جو ہدایات معتکف کے لیے تحریر تھیں، اس میں تحریر کیا تھا کہ ریح خارج کرنے کے لیے مسجد سے باہر جانا چاہیے، دیوبند کے مفتی صاحب دریافت کرنے پر تحریر فرماتے ہیں کہ ''اخراجِ ریح کے لیے معتکف کو مسجد سے نکلنا جائز نہیں ہے'' اس مسئلہ میں جو محقق حکم ہو، تحریر فرمایا جاوے، اگر میری سمجھ میں نہ آیا ہو تو توضیح فرمادی جاوے؟

الجواب

علماء دیوبند وسہارنپور سب کا وہی خیال ہے، جو مفتی صاحب نے تحریر فرمایا؛ مگر میں ایک جزئیہ کی بنا پر مسجد میں اخراجِ ریح کی اجازت معتکف وغیر معتکف کسی کے لیے نہیں سمجھتا؛ لیکن اس وقت مجھے بھی اس مسئلہ میں تردّد ہوگیا ہے، تحقیق کر رہا ہوں؛ اس لیے احوط یہی ہے کہ مفتی صاحب کے قول پر عمل کیا جائے۔

## معتکف کا بال کٹوانا:

سوال: معتکف کو مسجد میں خط بنوانا، یا بال کٹوانا کیسا ہے؟

الجواب

جائز ہے؛ جب کہ حجّام باہر رہے۔

۲۲؍رمضان ۱۳۴۸ھ (امداد الاحکام: ۳/۱۴۶)

## معتکف کا غسل، یا پانی کے لیے مسجد سے باہر جانا:

سوال: اور غسل کے لیے جانا، جب کہ حالتِ جنابت میں نہ ہو جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

جائز نہیں۔

سوال: معتکف کی طبیعت دوسرے سے پانی لینے کو نہیں چاہتی تو خود مسجد سے باہر ہو کر پانی لینا بہتر ہے، یا دوسرے ہی شخص سے لینا؟

الجواب

اگر دوسرے شخص سے بے تکلفی نہ ہو؛ بلکہ خدمت لینے سے اپنے اوپر، یا اس پر گرانی کا شبہ ہو تو مسجد سے باہر جا کر پانی لینا اولیٰ ہے۔ ہاں بے تکلفی ہو تو خروج جائز نہیں۔ واللہ اعلم

ظفر احمد عفا عنہ، ۲۲ رمضان ۱۳۴۸ھ (امداد الاحکام: ۱۴۶/۳)

## معتکف کا اپنے گھر جانا:

سوال: معتکف اپنے گھر آکر کھانا کھا سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب

معتکف کو کھانے کے واسطے گھر جانا جائز نہیں ہے؛ بلکہ مسجد ہی میں منگا کر کھانا چاہیے، البتہ اگر کوئی لانے والا نہ ہو، مجبوری کو (مجبوری میں) خود جا کر کھانا لے آئے؛ مگر فوراً واپس آجاوے اور مسجد ہی میں کھاوے، بدون سخت مجبوری کے کھانا لانے کے واسطے بھی ہرگز نہ جاوے۔

سوال: معتکف ضرورۃً اپنے گھر آرہا ہو اور راستہ میں کوئی آدمی اس سے بات کرنا چاہے تو جواب دے سکتا ہے، یا نہیں، یا خاموش چلا جاوے؟

الجواب

جب استنجا وغیرہ کی ضرورت سے باہر نکلا ہو تو بولنے میں مضائقہ نہیں؛ مگر بات چیت کے لیے کھڑا نہ ہو، البتہ رفتار سست کر دینے کی گنجائش ہے۔ واللہ اعلم

سوال: کیا معتکف اپنے گھر آکر نہا سکتا ہے؟

الجواب

غسل اگر واجب ہو گیا ہو تو مسجد ہی کے غسل خانہ میں نہاوے اور ویسے بدونِ احتلام کپڑے بدلنے وغیرہ کے واسطے نہانے کی اجازت نہیں۔

سوال: نوافل وغیرہ کے لیے بار بار وضو کے لیے وضوخانہ میں جانا جائز ہے، یانہیں؟

الجواب

نوافل کے لیے بھی وضو کرنے کے واسطے باہر جاسکتا ہے؛لیکن یہ جب ہے کہ فرش کے کنارہ پر وضوممکن نہ ہو، اگر وہاں وضو کی جگہ ہو اور پانی بھی کنارہ پر گھڑے وغیرہ میں وہاں رکھ سکتا ہو تو فرض اور نفل سب کے واسطے یہی انتظام کرنا چاہیے۔

سوال: اپنے گھر ضرورۃً آیا ہو تو اپنی ڈاک کا بکس کھول کر خطوط لے سکتا ہے، یانہیں؟

الجواب

گھر فقط استنجے کی ضرورت سے جاسکتا ہے، وہ بھی جب کہ گھر سے قریب تر کوئی جگہ ایسی نہ ہو، جہاں یہ استنجا کرسکے اور استنجے سے قبل، یابعد کسی کام کے واسطے ٹھہرنے کی بالکل اجازت نہیں۔فقط واللہ اعلم

احقر عبدالکریم گمتھلوی، الأجوبۃ صحیحۃ ،ظفر احمد عفاعنہ،۱۲/رمضان ۱۳۴۸ھ۔(امداد الاحکام:۱۴۹/۳-۱۵۰)

## معتکف کا پانی گرم ہونے تک ٹھہرنا:

سوال(۱) رمضان میں اعتکاف کی حالت میں نہانے کی حاجت ہوگئی، ٹھنڈے پانی سے نہانے میں طبیعت خراب ہونے کا اندیشہ ہے تو معتکف مسجد کے صحن میں پانی گرم کرنے تک ٹھہر سکتا ہے؟

## مسجد کے باہر ٹھہرنا:

(۲) معتکف نے مسجد سے باہر کسی سے بات کرلی، یا سلام کا جواب دیا تو کیا اعتکاف فاسد ہوگیا؟

## ناپاک کپڑا دھونا:

(۳) معتکف اپنے کپڑے دھوسکتا ہے، یانہیں؟

## غسل جمعہ کے لیے نکلنا:

(۴) معتکف جمعہ کا غسل کرسکتا ہے، یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً ومسلماً

(۱) دوسرے کو پانی گرم کرنے کے لیے کہہ دے اور وہاں تک خود تیمّم کرکے مسجد میں ٹھہرا رہے۔

(۲) چلتے چلتے بات کرلی تو اعتکاف نہیں ٹوٹا، اگر اس غرض سے ٹھہر گیا تو ٹوٹ جاوے گا۔

(۳) کپڑا ناپاک ہوگیا ہو تو دھو کر پاک کرسکتا ہے۔

(۴)　غسل جمعہ کے لیے مسجد سے باہر نہیں نکل سکتا؛ البتہ جمعہ سے قبل ضرورتِ شرعیہ وطبعیہ کے لیے باہر گیا تو واپسی میں غسل جمعہ کر سکتا ہے، جلدی غسل سے فارغ ہو کر مسجد آجائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (محمود الفتاویٰ: ۴/ ۳۸۷-۳۸۸)

## خروج معتکف بسوئے صحن مسجد کہ بر سقف دکانہا باشد:

سوال: جن مساجد کا اندر کا درجہ تو بھراؤ پر تنا ہوا اور صحن دو کانوں پر ہو، یہ تو معلوم ہے کہ صحن میں نماز پڑھنے سے مسجد کا ثواب تو نہیں ملے گا۔ دریافت کرنا یہ ہے کہ جو شخص اندر کے درجے میں اعتکاف کرے، اس کو جماعت سے نماز ادا کرنے کو صحن میں آنا (کیوں کہ جماعت اکثر اوقات آج کل باہر ہی ہوتی ہے) مفسد اعتکاف ہوگا، یا نہیں؟ اور صاحبین اور امام صاحب سے جو اختلاف مفسد اعتکاف مسجد سے نکلنے میں ایک ساعت اور ایک وقت نماز کامل خارج مسجد سے رہے، اس میں کون سا قول راجح تر ہے؟

الجواب

اول تو اگر دو کانیں مسجد کے لیے وقف ہوں تو بعض روایات فقہیہ کی رو سے اس سطح کو مسجد کہنے کی گنجائش ہے، ضرورت جماعت میں اس روایت پر عمل جائز ہے اور دوسرے اگر قول راجح ہی لیا جاوے کہ اس کا حکم مسجد کا نہیں؛ تاہم معتکف کو ضرورت کی وجہ سے خروج عن المسجد جائز ہے، خواہ وہ ضرورت طبعی ہو، یا دینی اور ادراک جماعت مثل ادراک جمعہ ضرورت دینیہ ہے؛ اس لیے خروج جائز ہے۔ تیسرے جب پہلے سے معلوم ہے کہ مجھ کو یہاں تک آنا پڑے گا تو گویا نیت استثنا کی ہوگئی اور استثنا کے وقت خروج جائز ہے، چوتھے صاحبین کے قول کو بعض نے ترجیح دی ہے۔ (کما فی الدر المختار) فقط

۲۰/ رمضان ۱۳۲۵ھ (امداد: ۱/ ۱۸۳) (امداد الفتاویٰ: ۲/ ۱۵۲)

## جس کو ریح اور بواسیر کا عارضہ ہو، مسجد میں اعتکاف کر سکتا ہے، یا نہیں:

سوال: زید ہمیشہ آخر عشرۂ رمضان میں معتکف ہوا کرتا ہے؛ مگر ریحی بواسیر کا عارضہ ہونے سے وضو قائم نہیں رہتا اور مسجد میں بعض وقت ریح کو خارج نہ کرنا تکلیف دہ ہوتا ہے، کیا ایسے شخص کو اعتکاف بمسجد جائز ہے؟

الجواب

ہاں جائز ہے؛ مگر ریح خارج کرنے میں اختلاف ہے، بعض نے کہا ہے کہ مسجد میں خارج کرنا مضائقہ نہیں اور بعض نے کہا ہے کہ جب ضرورت ہو مسجد سے باہر چلا جاوے، (جیسا کہ پیشاب پاخانہ کے واسطے جاتا ہے۔)

**كما في العالمگيرية (٢١٥/٦): واختلف في الذي يفسو في المسجد فلم ير بعضهم بأساً وبعضهم قالوا لايفسو ويخرج إذا احتاج إليه وهو الأصح، كذا في التمرتاشي، آه.** (۱)

اس لیے اخراجِ ریح کے واسطے باہر جانا بھی معتکف کو جائز ہے اور جب دونوں طرف گنجائش ہے تو حسب موقع

(۱)　الفتاویٰ الهندية، الباب الخامس في آداب المسجد و القبلة: ٣٢١/٥، انیس

دونوں قول پرعمل کی گنجائش ہے؛ یعنی جب اخراجِ ریح فی المسجد سے لوگوں کی ایذا احتمال ہوتو باہر چلا جانا چاہیے اور جب بار بار جانے میں دقّت ہوتو باہر نہ جانا بھی جائز ہے، اس طرح دونوں روایتیں جمع بھی ہوگئیں۔ واللہ اعلم

کتبہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ، از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، مورخہ ۲/شعبان ۱۳۵۱ھ۔ (امدادالاحکام: ۳/۱۵۰-۱۵۱)

## خروج ریح کے مریض کا اعتکاف کرنا:

سوال: اگر کسی شخص کو گیسٹک کی بیماری ہو اور بار بار خروج ریح کی نوبت آتی ہو تو کیا ایسے شخص کو اعتکاف کرنا چاہیے، یا اس کا اعتکاف کرنا جائز نہیں؟ (عبدالمتین، کشن باغ)

الجواب

اگر کوئی دوسرا شخص اعتکاف کر رہا ہو تو خیال ہوتا ہے کہ ایسے شخص کا اعتکاف میں نہ بیٹھنا بہتر ہے؛ کیوں کہ اعتکاف سنت کفایہ ہے؛ یعنی اگر ایک شخص نے بھی اعتکاف کر لیا تو سب لوگ ترک سنت کے گناہ سے بچ جائیں گے اور ایسے شخص کے اعتکاف کرنے میں بظاہر مسجد کی بے احترامی معلوم ہوتی ہے اور اس سے اجتناب زیادہ اہم ہے، ویسے یہ اس حقیر کی ذاتی رائے ہے، دوسرے اہل علم سے بھی دریافت کر لیا جائے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۷)

## حکم اخراج ریح معتکف را در مسجد:

سوال: اعتکاف کے بارے میں اختلاف ہو رہا ہے کہ حدث اندر مسجد کے کیا جاوے یا باہر مسجد کے، بعض شاگرد استاذ مولانا خلیل احمد صاحب مدرس اول مدرسہ سہارن پور و دیگر مفتیین مولانا گنگوہی علیہ الرحمۃ حدث کو اندر مسجد کا رائے فرماتے ہیں وبعض شاگردان حضرات اس کو پیشاب پاخانہ پر قیاس کرتے ہیں اور اس کو عذر شرعی قرار دیکر باہر مسجد کے اجازت دیتے ہیں اور حضرت مولانا صاحب مذکورر سے بھی اندر مسجد کے جواب پایا گیا اور مولانا گنگوہی علیہ الرحمۃ کی طرف قول کو نسبت کرتے ہیں اور حدث کو عذر شرعی پر قیاس کرنا بوجہ عدم نقل تسلیم نہیں کرتے، اس واسطے امید قوی ہے کہ بندہ کو جواب شافی سے ممنون فرماویں اگر دلیل موجود ہو تو بحوالہ کتب عنایت فرمانا ہو تو نور علی نور ہے تا کہ مخالفین ہمارے ساکت ہوویں۔ فقط

الجواب

فی ردالمحتار: وكذا لايخرج فيه الريح من الدبر، كما فی الأشباه.

واختلف فيه السلف، فقيل: لا بأس، وقيل: يخرج إذا احتاج إليه وهوالأحوط، حموی عن شرح الجامع الصغير للتمرتا شی. (۱)

(۱) رد المحتار، فروع، اشتمال الصلاة على الصماء: ۱/۶۸، انیس

اس سے معلوم ہوا کہ گنجائش تو مسجد کے اندر بھی ہے؛ مگر زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ مسجد سے باہر نکل جانا چاہیے اور روایت اپنے اطلاق سے معتکف وغیر معتکف دونوں کو شامل ہے۔

۱۴/رمضان ۱۳۳۱ھ (تتمہ ثانیہ،ص:۶۹) (امدادالفتاوی:۲/۱۵۳)

## معتکف کے لیے مسجد میں ریح صادر کرنے کا حکم:

سوال: معتکف کو اگر ریح صادر کرنے کی ضرورت ہو تو وہ کیا کرے، آیا مسجد ہی میں ریح صادر کرے، یا مسجد سے باہر نکل کر صادر کرے؟

الجواب

اصح یہ ہے کہ مسجد سے باہر نکل کر صادر کرے۔

**قال فی الهندية: سئل أبوحنيفة رحمه اللّٰه تعالٰی عن المعتكف إذا احتاج ملی الفصد والحجامة هل يخرج؟ فقال: لا، وفی اللآلی: واختلف فی الذی يفسو فی المسجد فلم ير بعضهم بأساً وبعضهم قالوا: لايفسو ويخرج إذا احتاج إليه وهو الأصح، كذا فی التمرتاشی، آه.** (۱۵۲/۲)(۱) **واللّٰه أعلم**

۹/جمادی الاولیٰ ۱۳۴۰ھ (امدادالاحکام:۳/۱۴۱)

## عدم جواز خروج معتکف بعذر مرض، یا دوا:

سوال: معتکف مسجد میں اکیلا ہے اور رات کو بیمار ہو گیا ہے تو اس وقت اس کو دوا لا کر دینے والا شخص اس کے پاس موجود نہیں تو کیا وہ خود گھر جا کر دوا منگانے کا انتظام کرا سکتا ہے، یا خود ہسپتال جا کر دوا لا سکتا ہے؟

---

(۱) الفتاویٰ الهندية، الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلة: ۳۲۰/۵-۳۲۱، انیس

☆ **حالت اعتکاف میں خروج ریح:**

سوال: اگر اعتکاف کی حالت میں خروج ریح کی نوبت آئے تو کیا مسجد ہی میں اس ضرورت کو پورا کر لینا چاہیے، یا مسجد سے باہر نکلنا چاہیے؟ (عبدالمتین، گلشن باغ)

الجواب

عام حالات میں فقہا نے مسجد میں اخراج ریح کو منع کیا ہے؛ کیوں کہ اس سے بدبو پھیلتی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں بدبودار چیزوں کے لانے کو منع فرمایا ہے اور معتکف کو طبعی حوائج کے لیے باہر نکلنا جائز ہے اور یہ بھی طبعی حوائج میں داخل ہے؛ اس لیے بہتر یہی ہے کہ اگر پہلے سے اس کا تقاضا ہو تو استنجا کے بہانے باہر آ جائے؛ تاہم یہ حکم از راہ استحباب ہے، واجب نہیں؛ اس لیے جس شخص کو عذر ہو، اس کے لیے مسجد سے باہر نہ آنے کی بھی گنجائش ہے۔ (**واختلف فی الذی يفسو فی المسجد فلم ير بعضهم بأسا و بعضهم قالوا لا يفسو ويخرج إذا احتاج إليه و هو الأصح.** (الفتاویٰ الهندية، الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلة: ۳۲۱/۵، انیس)

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۶-۴۵۷)

الجواب

**فی الدرالمختار: (وحرم عليه) ... (الخروج إلا لحاجة الإنسان) طبعية كبول وغائط وغسل لو احتلم ولايمكنه الاغتسال فی المسجد كذا فی النهر (أو) شرعية كعيد وأذان لومؤذنا وباب المنارة خارج المسجد و(الجمعة، إلخ) ... (و) إن خرج (بعذر، ويغلب وقوعه) وهوما مرلا غير لايفسد.**

**وفی رد المحتار: قوله وهوما مرای من الخارجة الطبعية والشرعية ثم فيه ولأن الخروج لمرض وحيض ونسيان إذا كان مفسداً، الخ. (۲/۲۱۱-۲۱۶)(۱)**

ان روایات سے ثابت ہوا کہ اس صورت میں خروج جائز نہیں۔

۴/محرم ۱۳۳۳ھ (تتمہ ثالثہ، ص: ۵) (امدادالفتاوی: ۲/۱۵۳)

## معتکف کن وجوہ کی بناپر مسجد سے نکل سکتا ہے:

سوال: معتکف کو شرکت جنازہ وعیادت مریض اگر ضرورت ہوتو جائز ہے، یانہیں؟ اگر آتش زدگی ہوتو اس کو بجھانا جب کہ اپنے گھر کے جلنے کا بھی خوف ہوتو جائز ہے، یانہیں؟

الجواب

معتکف کو عیادت اور شرکت نماز جنازہ وغیرہ ضروریات درست ہیں، ایسے ہی آگ لگ جائے تو اس کو بجھانے جانا درست ہے۔فقط (تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۸)

## معتکف کے لیے خارجِ مسجد نماز ادا کرنے کا حکم:

سوال: مسجد کے سامنے جو صحن ہے، جس میں موسمِ گرمی میں نمازِ مغرب وعشا ادا کرتے ہیں؛ لیکن اس لوگ نہ

(۱) **الدرالمختارمع رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۴-۴۴۷، انيس**

☆ سوال: **هل للمعتكف الخروج من معتكفه للوضوء للنوازل؟** (خلاصہ سوال: کیا معتکف کے لئے اپنے مقام اعتکاف سے بوقتِ ضرورت وضو کے لئے نکلنا جائز ہے؟ انیس)

الجواب

بلاضرورتِ فرض خروج خلافِ احتیاط ہے، (حضرتِ تھانوی مدّظلہ العالی اس صورت سے بھی منع فرماتے ہیں، **وهو الأقرب الى الاحتياط**، واللہ اعلم منہ) ہاں جو حیلہ غسلِ جمعہ میں آئندہ لکھا ہے، وہ یہاں بھی ہوسکتا ہے۔

بقیہ سوال: غسلِ جمعہ ضرورتِ شرعیہ میں داخل ہے، یانہیں؟

الجواب

غسلِ جمعہ کے لیے خروج من المسجد جائز نہیں، فقط غسلِ احتلام کے واسطے باہر جانا جائز ہے، البتہ غسلِ جمعہ کے لیے (بعض علما کے نزدیک) یہ صورت جائز ہے کہ جب استنجا وغیرہ کے لیے باہر نکلے تو طہارت کیوقت طہارتِ کاملہ؛ یعنی غسل کرلے۔

احقر عبدالکریم عفی عنہ، از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، ۷/رمضان ۱۳۴۸ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ، ۸/رمضان ۱۳۴۸ھ۔ (امداد الاحکام: ۴/۱۴۹)

داخلِ مسجد سمجھتے ہیں، نہ اس کی حرمت مسجد کی سی کرتے ہیں اور بانی کے طرزِ عمل سے بھی خارجِ مسجد ہونا معلوم ہوتا ہے، جب ایسی جگہ جماعت ہو معتکفین تراویح وفرائض ادا کرنے کے لیے وہاں آسکتے ہیں، یا نہیں؟

الجواب

جب بانی کے طرزِ عمل سے وہ جگہ مسجد سے خارج ہے تو معتکفین اس جگہ میں نماز نہیں پڑھ سکتے، ورنہ اعتکاف باطل ہو جائے گا۔ (امدادالاحکام:۱۴۲/۳)

## معتکف اذان کہنے کے لیے باہر جا سکتا ہے، یا نہیں:

سوال: معتکف کے لیے اذان کہنے کو اور کوئی جگہ نہ ہونے کی تقدیر پر مسجد سے باہر جانا اعتکاف میں کسی قسم کی خرابی ہے یا نہیں اس کا جواب صرف نفی اثبات میں لکھ دینا، دلیل کی ضرورت نہیں؟

الجواب

اس ضرورت کے لیے مسجد سے نہ نکلے، مسجد میں ہی اذان کہہ دے۔ **ولا يكره له الأذان داخل المسجد للضرورة كما لا يكره له أي للمعتكف البيع والشراء فيه.** (۱) پس اگر اذان کے لیے مسجد سے نکلے گا تو اعتکافِ نفل ومسنون ناقص ہو جائے گا اور اعتکافِ واجب باطل ہو جاوے گا۔

۲۷/رجب ۱۳۴۶ھ (امدادالاحکام:۱۴۵/۳)

## سحری کھانے کے بعد کلّی کرنے کے واسطے معتکف کا مسجد سے باہر جانا:

سوال: اعتکاف کی حالت میں سحری کھانے کے بعد کلّی کے لیے مسجد سے باہر معتکف گیا، اس وقت مسجد کے اندر بھی پانی تھا؛ مگر نہ تو یہ خیال تھا کہ پانی ہے اور نہ اعتکاف کا خیال رہا؛ مگر کلّی کرتے ہی فوراً اپنی جگہ آ گیا، اس صورت میں اعتکاف رہا، یا نہیں؟ اور سحری کھانے کے بعد کلّی کرنا ضرورتِ طبعی ہے، یا نہیں؟ اگر اعتکاف ٹوٹ گیا تو اب اس کی قضا ہو سکتی ہے، یا نہیں؟

الجواب

سحری کے بعد صائم کے لیے کلّی کرنا ضرورتِ شرعیہ ہے، **لما فيه من صيانة الصوم عن بقايا الطعام في**

(۱) ألا ترى أن سطح المسجد منه حتى حرم على الجنب والحائض الوقوف عليه ولم يبطل الاعتكاف بالصعود عليه كذا في (الشرح) وغيره. (النهر الفائق، باب اليمين: ۶۶/۳، دارالكتب العلمية بيروت، انيس)

وَلَا بَأْسَ لِلْمُعْتَكِفِ أَنْ يَبِيعَ وَيَشْتَرِيَ وَيَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ وَيَلْبَسَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَدَّهِنَ وَيَأْكُلَ وَيَشْرَبَ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ إِلَى طُلُوعِ الْفَجْرِ. (بدائع الصنائع، كتاب الصوم، فصل في بيان حكم الاعتكاف إذا فسد: ۱۱۷/۲، دارالكتب العلمية بيروت، انيس)

**الـفـم** ؛ اس لیے اس ضرورت کے لیے اس کو مسجد سے باہر نکلنا جائز ہے، بشرطیکہ مسجد میں پانی نہ ہو، یا کلّی کا موقع صحنِ مسجد سے متصل نہ ہو اور اگر پانی مسجد کے اندر ہے اور کلّی کی جگہ بھی صحنِ مسجد سے متصل ہے، اس صورت میں خروج سے اعتکاف نفل ختم ہو جائے گا، (۱) اور اعتکافِ واجب یعنی منذور فاسد ہو جائے گا۔

**قال فی مراقی الفلاح: (فإن خرج ساعة بًلاعذر) معتبر –فی عدم الفساد– (فسد الواجب) ... (وانتهٰی به) (غیره) أی غیر الواجب وهو النفل اذ لیس له حد، آه.** (۲)

پس کلّی کے لئے نکلنا خروج بعذر رہے، اور مسجد کے اندر پانی کا موجود ہونا اس عذر کو جب زائل کرتا ہے، جبکہ صائم کو معلوم ہو کہ پانی یہاں موجود ہے، اگر معلوم نہ ہو یا یاد نہ ہو تو اس خروج سے اعتکافِ منذور باطل نہ ہوگا، اور اعتکافِ نفل ومسنون ختم نہ ہوگا۔ **هٰذا ما فهمته ولم أره صریحاً. واللّٰه أعلم**

۱۴ / شوال ۱۳۴۲ھ (امداد الاحکام: ۳/۱۴۴)

## عدم جواز دخول معتکف روزانہ در غسل خانہ ووجوب قضا در غسل:

سوال: گرمی کی وجہ سے غسل خانہ میں جا کر روزانہ نہانا جائز ہے، یا نہیں؟

**الجواب**

نہیں۔ (امداد الفتاوی جدید: ۲/۱۵۳)

سوال: اگر بوجہ ناواقفیت کے نہایا ہو تو اس کے اعتکاف ہوئے، یا نہیں؟

**الجواب**

جتنے دن ایسا کیا ہے اتنے دن کے اعتکاف کی قضا کرے۔

۱۵ / رمضان ۱۳۳۷ھ (تتمہ خامسہ، ص: ۹۲) (امداد الفتاویٰ جدید: ۲/۱۵۴)

## معتکف کا ٹھنڈک کے لیے غسل کی خاطر مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں:

سوال: معتکف کو محض تبرید اور دفع گرمی کی وجہ سے غسل خانہ مسجد میں غسل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**

معتکف کو محض تبرید اور دفع گرمی کے واسطے غسل خانہ مسجد میں جو خارج مسجد ہوتا ہے جانا درست نہیں اگر جائے گا تو اس کا اعتکاف جاتا رہے گا۔

---

(۱) قلت: وفی حکمه الاعتکاف المسنون

(۲) مراقی الفلاح، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۱/۲٦۲، انیس

**"ثم إن أمكنه الاغتسال في المسجد من غير أن يتلوث المسجد فلا بأس وإلا فيخرج ويغتسل و يعود إلى المسجد".** (الفتاویٰ الهندية: ۲۲٦/۱)(۱)

اور یہ حکم غسل واجب کا ہے کہ اس کے لیے بھی نکلنا اس شرط سے جائز ہے کہ مسجد میں کوئی برتن وغیرہ رکھ کر اس میں غسل نہ کر سکے اور اگر کوئی ٹب، یا لگن ایسی میسر ہو کہ اس میں غسل کرنے سے مسجد ملوث نہ ہوتی ہو تو غسل واجب بھی مسجد میں ہی کرنا ضروری ہے۔ (کفایت المفتی: ۲۴۳/۴-۲۴۴)

## معتکف اگر حاجتِ ضروریہ سے باہر جائے اور وہاں جمعہ کا غسل کر لے تو کیا حکم ہے:

سوال: معتکفین غسلِ مالابد منہ کے سوائے دوسرا غسل خارجِ مسجد میں کر سکتے ہیں، یا نہیں؟ حاجتِ ضروریہ طبعیہ، یا شرعیہ کے لیے باہر ہونے سے آتے وقت غسل غیر ضروری کرنا جائز ہے، یا نہیں؟

**الجواب**

**قال في ردالمحتار: وليس كالمكث بعدها ما لو خرج لها (۲)، ثم ذهب لعيادة مريض أو صلاة جنازة من غير أن يكون خرج لذلك قصداً فإنه جائز كما في البحر عن البدائع، آه.** (۳)

**وفيه أيضاً: ويجوز حمل الرخصة علىٰ ما لو خرج لوجه مباح كحاجة الإنسان أو الجمعة وعاد مريضاً أو صلّى علىٰ جنازة من غير أن يخرج لذلك قصداً وذلك جائز آه وبه علم أنه بعد الخروج لوجه مباح انما يضرّ المكث لو في غير مسجد لغير عبادة، آه.** (۴)

**قلت: ولا يخفى أن غسل الجمعة عبادة فلا يضره إذا خرج لحاجة الإنسان أن يمكث لغسل الجمعة فافهم.**

حاجتِ ضروریہ کے لیے نکلنے کے بعد غسلِ جمعہ معتکف کر سکتا ہے؛ مگر اس کو چاہیے کہ پہلے کسی خادم، یا دوست کے ذریعہ سے غسل کا پانی بھروا کر رکھ دے؛ تاکہ زیادہ دیر نہ ہو اور اگر کوئی کام کرنے والا نہ ہو تو خود بھی گھڑا بھر سکتا ہے؛ مگر جہاں تک ممکن ہو جلدی کرے۔

۳رشعبان (امدادالاحکام: ۱۴۲/۳)

## غسل جمعہ کے لیے مسجد سے باہر نکلنا:

سوال: معتکف کیا غسل جمعہ کے لیے مسجد کے باہر نکل سکتا ہے؟ یا اسے مسجد کے اندر ہی غسل کرنا چاہیے؟

(حبیب الرحمان نل گنڈہ)

---

(۱) الفتاویٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۲۱۳/۱، مكتبة رشيدية، كوئٹة

(۲) أي للحاجة الطبعية

(۳) رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲۱۲/۱، انيس

(۴) رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲۱٤/۱، انيس

الجواب

جمعہ کے لیے غسل کرنا سنت ہے، حدیث میں اس کی تاکید آئی ہے، اس کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ ابتداء اسلام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل جمعہ کو واجب قرار دیا تھا، (۱) فقہا کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ غسل فرض ہو، یا نفل دونوں کے لیے معتکف کو مسجد سے نکلنا جائز ہے، ظاہر ہے کہ غسل جمعہ بھی غسل نفل میں شامل ہے، چناں چہ شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اس مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

''غسل جمعہ کے بارے میں کتب اصول میں مجھے کوئی صریح قول نہیں ملا، سوائے اس کے کہ شرح امداد میں کہا گیا ہے کہ غسل فرض ہو، یا نفل، اس کے لیے معتکف باہر نکل سکتا ہے''۔ (۲) (کتاب الفتاویٰ: ۴۵۸/۳-۴۵۹)

## معتکف غسل کے لیے مسجد سے باہر جائے تو پانی وغیرہ بھی لا سکتا ہے:

سوال (۱) معتکف کو جنابت لاحق ہوئی، اس نے غسل خانے میں جا کر غسل کیا اور ساتھ ساتھ اس ناپاک کپڑے کو بھی جو جنابت کے وقت ناپاک ہو گیا تھا، اسی غسل خانے میں نہایت عجلت کے ساتھ صاف کر لیا اور فراغت کے بعد واپس آتے وقت پانی کے اس مٹکے سے جو غسل خانہ کے متصل موجود ہے، لوٹا بھر کر اپنی ضروریات کے لیے لایا۔ اب اس صورت میں معتکف مذکور کا اعتکاف فاسد ہو گیا، یا باقی رہا اور فاسد ہونے کی تقدیر پر مابقی ایام کو اعتکاف کے ساتھ گزارے تو اس کے ذمے سے اعتکاف ساقط ہو جائے گا، یا دوبارہ اس کی قضا لازم آئے گی؟

## مسجد میں غسل خانہ نہ ہو تو قریب تالاب میں غسل کے لیے جا سکتا ہے:

(۲) اگر ایسی مسجد میں اعتکاف کرے جہاں غسل خانہ نہیں ہے؛ بلکہ اس کے قریب تالاب ہے، اس تالاب میں ناپاک کپڑا پہن کر اتر کر غسل کرتے وقت پانی کے اندر کھڑے ہو کر اس ناپاک کپڑے کو پاک کر سکتا ہے، یا نہیں؟

## مدرسے کے طلبا ضرورت کے وقت کھانا لانے کے لیے مطبخ جا سکتے ہیں:

(۳) اگر طلبہ دارالعلوم مسجد دارالعلوم میں اعتکاف کریں اور دوسرا بغیر کہے ان کو مطبخ دارالعلوم سے ان کا کھانا نہیں پہنچاتا ہے تو ایسی صورت میں دوسرے کو تکلیف نہ دے کر معتکفین خود مطبخ میں حاضر ہو کر اپنا کھانا لا سکتے ہیں، یا نہیں؟

(المستفتی: ۲۰۷۵، محمد اظہر الاسلام نواکھالی، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/رمضان ۱۳۵۶ھ، ۲۹/نومبر ۱۹۳۷ء)

الجواب

اگر اعتکاف واجب النذر تھا تو اس میں صرف غسل کرنے کی مقدار مسجد سے باہر گزارنے کی اجازت ہے، کپڑا

---

(۱) عن أبي سعيد الخدري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: غسل يوم الجمعة واجب علىٰ كل محتلم. (صحيح البخاري، رقم الحديث: ۸۷۹، باب فضل الغسل يوم الجمعة، وهل على الصبي شهود يوم الجمعة أو على النساء)

(۲) أشعة اللمعات: ۱۲۸/۲

دھونا یا پانی بھرنے کے لئے ٹھہرنا جائز نہیں ہے اور اس صورت میں اس کو اعتکاف واجب کی قضا کرنی پڑے گی، (۱) یہ اس صورت میں ہے، جب اس کے پاس دوسرے کپڑے موجود ہوں اور اگر اس کے پاس دوسرے کپڑے موجود نہ ہوں تو اس کے لیے کپڑے صاف کرنا جائز ہے؛ کیوں کہ یہ حاجت انسان میں داخل ہے) اور اگر اعتکاف نفل ہو، (اس میں اعتکاف مسنون عشرہ اخیرہ رمضان بھی شامل ہے) تو اس میں کپڑا دھو لینے اور لوٹا بھر لینے کی گنجائش ہے، بشرطیکہ خروج من المسجد غسل کے لیے ہوا ہو۔ (۲)

(۲)　یہی حکم سوال دوم میں بھی سمجھا جائے گا۔

(۳)　اگر مسجد میں کھانا پہنچانے والا کوئی نہ ہو تو کھانا لینے کے لیے جانا اور کھانا لے کر فوراً واپس آجانا چاہیے، (۳) مسجد کے اندر کھانا کھایا جائے، باہر کھانا نہ کھایا جائے، (۴) اور مسجد میں کھانا پہنچنے کی سبیل ہو تو پھر کھانا خود لینے بھی نہ جائے۔ فقط

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۴/۲۴۶-۲۴۷)

## گاؤں میں اعتکاف کرنے والے کے لیے نمازِ جمعہ کا حکم:

سوال:　عرض یہ ہے کہ بندہ کا گھر دیہات میں ہے، یہاں کی مسجد میں علاوہ نمازِ پنج گانہ کے جمعہ کی نماز بھی پڑھائی جاتی ہے، گزشتہ رمضان میں بندہ اسی مسجد میں معتکف تھا، چوں کہ نمازِ جمعہ کیوقت عدمِ مشارکت سے مشابہت منافقین لازم آتی ہے، اس خوف سے ابتدا سے اعتکاف ہی میں روزِ جمعہ کو ساڑھے گیارہ بجے سے تین بجے تک استثنا کرلیا تھا، اس وقت جا کر اپنے گھر میں بیٹھ رہتا تا اور بعد اس کے پھر مسجد میں آ حاضر ہوتا، یہ ایک مولوی صاحب کی مشورت ہی سے کیا تھا؛ مگر تردد ہے کہ اعتکافِ مسنونہ ہوا ہے کہ نہیں؛ کیوں کہ پورے عشرہ میں تو کچھ نقص رہ گیا ہے۔ از روئے مہربانی اطلاع فرما کر ممنون فرماویں؟

دوسری عرض یہ ہے کہ ہماری دیہات سے شہر کی بڑی جامع دواڑھائی میل کی مسافت پر ہے، کیا میں اپنی دیہاتی مسجد میں معتکف رہ کر شہر میں جا کر جمعہ پڑھ سکتا ہوں، بلا استثناء مذکور الصدر کے؟

---

(۱)　ویرجع إلی المسجد کما فرغ من الوضوء ولومکث فی بیته ساعة فسد اعتکافه عند أبی حنیفة. (الهندیة، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۱/۲۱۲، ط: کوئتة)

(۲)　ولیس کالمکث بعد مالوخرج لها ثم ذهب لعیادة المریض أوصلاة جنازة من غیرأن یکون خرج قصدا، فإنه جائز. (رد المحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/ ٤٤٥، سعید)

(۳)　(قوله: إلا لحاجة الإنسان، إلخ) ولایمکث بعد فراغه من الطهور، إلخ. (ردالمحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/٤٤٥، طبع سعید)

(۴)　وأما الاکل والشرب والنوم فیکون فی معتکفه. (الهندیة، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۱/۲۱۲، کوئٹة)

تیسری عرض یہ ہے کہ حالتِ اعتکاف میں وقتِ جمعہ میں گھر نہ جا کر ان کے ساتھ بہ نیتِ نفل جمعہ ادا کر سکتا ہوں، یا نہیں؟ مگر اس سے ایک مضحکہ پیدا ہو جاوے گا کہ دیکھو اب ہمارے ساتھ جمعہ پڑھ رہا ہے، خیر جو مصلحت ہو، حضور والا ارشاد فرماویں؟ بندہ ہمیشہ اگر عذر نہ ہو شہر ہی میں جا کر جمعہ ادا کرتا ہے، ہمارا گاؤں فنائے شہر کے بھی باہر ہے؛ اس لیے وہاں جمعہ خود بھی نہیں پڑھتا ہوں اور دوسروں کو بھی منع کرتا ہوں؛ مگر لوگ اس طرف کم التفات کرتے ہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ

**قال فی الخلاصة: ولایخرج المعتکف من المسجد إلا لحاجة طبعية، الخ.** (۱)

**وفی الدرالمختار: وفی التاتارخانية عن الحجة: لوشرط وقت النذر أن یخرج لعیادة مریض وصلاة جنازة وحضور مجلس علم جاز ذلک فلیحفظ.**

**قال الشامی: یشیر الیه قوله فی الهدایة و غیرها عند قوله ولایخرج الا لحاجة الانسان لأنه معلوم وقوعها فلابد من الخروج فیصیر مستثنی، والحاصل أن مایغلب وقوعه یصیر مستثنی حکماً وإن لم یشترطه وما لا فلا إلا إذا شرطه، آه.** (۲۱۶/۱)(۲)

عبارتِ خلاصہ سے معلوم ہوا کہ گاؤں میں اعتکاف کرنے والے کو جمعہ کے لیے شہر میں جانا جائز نہیں؛ کیوں کہ وہ حاجتِ لازمہ نہیں؛ لیکن اگر مستثنیٰ کرلے تو جائز ہے اور اس صورت میں یہ خروج ویسا ہی ہوگا، جیسا **خروج لحاجة الانسان** اور وہ مفسد نہیں تو یہ بھی مفسد نہیں اور جب اعتکاف فاسد نہ ہوا اور اکثر عشرہ بحالتِ اعتکاف گزرا تو اعتکافِ مسنون ادا ہو گیا؛ **لأن للأکثر حکم الکل**، گاؤں میں بہ نیتِ نفل جمعہ ادا کرنا مقتدی کو جائز نہیں، بہتر یہ ہے کہ جمعہ کے کچھ وقت مستثنیٰ کرلیں اور شہر میں جا کر جمعہ ادا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم

۲۲ ر رمضان ۱۳۴۱ھ۔ (امداد الاحکام: ۱۴۲/۳-۱۴۳)

## معتبر شہادت سے معلوم ہو جائے کہ انتیس کو چاند ہو گیا تھا تو اعتکاف اسی حساب سے شروع کریں:

سوال (۱) مظفر نگر کی رویت ہلال سے روزہ سہ شنبہ کا ہوا کیا، اسی حساب سے اعتکاف شروع کیا جائے؟

## معتکف کو جمعہ کی نماز کے لیے جانا:

(۲) اگر معتکف کسی ایسے موضع کی مسجد میں اعتکاف کرے، جہاں جمعہ نہیں ہوتا تو کیا وہ جمعہ پڑھنے کے لیے قصبہ میں، یا کسی ایسے قریبی مقام پر جا سکتا ہے، جہاں جمعہ بھی ہوتا ہو، یا کیا حکم ہے، یا اس جمعہ کا وجوب ہی نہیں ہوتا، یا کسی ایسی جگہ اعتکاف کرنا چاہیے، جہاں جمعہ ہوتا ہو، یا کیا بہر حال افضلیت بھی ظاہر فرما دی جائے۔

---

(۱) خلاصة الفتاویٰ، کتاب الصوم: ۲۶۷/۱

(۲) الدرالمختار مع رد المحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۴۴۸/۲، انیس

## معتکف کو سگریٹ یا حقہ پینے کے لیے مسجد سے باہر جانا جائز نہیں:

(۳)　معتکف اگر حقہ، یا سگریٹ کا آدی ہے، وہ مسجد سے باہر اس ضرورت کو رفع کرنے کے لیے جا سکتا ہے، یا نہیں؟ یا مسجد ہی کے بیرونی فرش پر اس صورت سے کہ حقہ باہر رکھا ہو، اپنی ضرورت پوری کر سکتا ہے، یا حقہ پینے کی اسے قطعاً اجازت نہیں؟

## معتکف اگر مریض دیکھنے کے لیے مسجد سے باہر گیا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا:

(۴)　معتکف طبابت پیشہ ہے اور کسی ایسے اہم اور ضروری مریض کو وہ دیکھنے مسجد سے باہر جا سکتا ہے، یا نہیں؟ خصوصاً جب کہ وہاں کوئی دوسرا شخص اس کام کو کرنے والا نہ ہو، یا مریض کا دوسرے پر اطمینان نہ ہو؟

## اعتکاف کے دوران تلاوت نماز اور درود شریف بہترین اشغال ہیں:

(۵)　معتکف کو دوران اعتکاف میں زیادہ تر کس ورد کو کرنا چاہیے، یا کثرت تلاوت کافی ہوگی، یا کوئی خاص دعا جس کا ورد رکھا جانا نافع ہو؟

(المستفتی: ۱۲۴۸، حکیم محمود الحسن صاحب مظفر نگر، ۱۹/ رمضان ۱۳۵۵ھ، مطابق ۵/ دسمبر ۱۹۳۶ء)

الجواب

(۱)　پیر کے پہلے روزے، یعنی اتوار کی رویت کی خبریں اب اتنی جگہ سے آگئی ہیں کہ ان سے ظن غالب حاصل ہو گیا ہے کہ اتوار کی رویت درست اور پیر کا پہلا روزہ صحیح ہوا، اس لیے اگر چہ یہاں سہ شنبہ کا پہلا روزہ ہوا ہے اور ابھی تک اتوار کی رویت کا حکم عام نہیں دیا گیا؛ مگر اعتکاف شروع کرنے میں احتیاط یہ ہے کہ اتوار کی رویت کے حساب سے شروع کیا جائے۔(۱)

(۲)　اعتکاف ایسی مسجد میں کرنا بہتر ہے کہ اس میں جمعہ کی نماز ہوتی ہو، (۲) اگر ایسے گاؤں میں اعتکاف کیا جائے کہ اس گاؤں میں جمعہ نہیں ہوتا تو معتکف کو دوسرے قصبہ میں جہاں جمعہ ہوتا ہو، جانا جائز نہیں، مقامی مسجد جامع میں جمعہ کے لیے جانا جائز ہے۔(۳)

---

(۱)　یعنی اعتکاف ۲۰ تاریخ کی شام سے شروع ہوتا ہے تو پیر کو پہلے روزہ کے حساب سے ۲۰ تاریخ سے اعتکاف کیا جائے اگر چہ مقامی روزہ کے اعتبار سے انیسویں تاریخ بن جائے۔ فقط

(۲)　وأما أفضل الاعتكاف ففی المسجد الحرام، ثم فی مسجده صلی اللّٰه علیه وسلم، ثم فی المسجد الأقصی، ثم فی الجامع قیل، إذا أن یصلی فیه، بجماعة فإن لم یكن ففی مسجده أفضل، لئلا یحتاج إلی الخروج، ثم ما كان أهله أكثر. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ٢/ ٤٤١، سعید)

(۳)　وحرم علیه الخروج إلا لحاجة الإنسان طبعیة كبول، وغائطٍ، أو شرعیة، كعید، وإذان لو موذنًا، وباب المنارة خارج المسجد، والجمعة وقت الزوال إلخ. (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ٢/ ٤٤٤، سعید)

(۳) حقہ اور سگریٹ مسجد میں بیٹھ کر پینا جائز نہیں اور معتکف کے لیے مسجد سے باہر جانا بھی جائز نہیں، اگر معتکف ان چیزوں کا عادی ہے تو اسے مدت اعتکاف میں ان چیزوں کو ترک کر دینا چاہیے۔(۱)

(۴) مریض کو دیکھنے کے لیے معتکف مسجد سے باہر نہیں جا سکتا؛ یعنی اگر ضرورۃً جانا پڑے تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور ضرورت کی وجہ سے ابطال اعتکاف کا گناہ نہ ہوگا۔(۲)

(۵) تلاوت، نماز، درود شریف بہترین اشغال ہیں۔(۳)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی (کفایت المفتی: ۲۴۴/۴-۲۴۵) ☆

## معتکف کا غسل کے لیے نکلنا:

سوال (۱) اعتکاف کی حالت میں غسل کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ یہ جو مشہور ہے کہ استنجا کے بہانہ سے جا کر غسل کر کے آئے۔ درست ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا نماز جنازہ کے لیے نکلنا:

(۲) یہ نیت کر کے اعتکاف کرے کہ اگر کوئی رشتہ دار کا انتقال ہو تو میں جنازہ میں شریک ہوں گا، وہ رشتہ دار اسی گاؤں میں، یا دوسری جگہ رہتا ہو تو جا سکتا ہے کہ نہیں؟

## معتکف کا بیڑی پینے کے لیے نکلنا:

(۳) بیڑی، سگریٹ پینے کے لیے جانے کے متعلق کیا حکم ہے؟

---

(۱) حقہ اور سگریٹ وغیرہ کو فقہا نے اعذار میں شمار نہیں کیا، لہذا اس کے لیے مسجد سے باہر جانا جائز نہیں ہے۔

(۲) عیادۃ المریض کی طرح علاج المریض بھی حوائج میں داخل نہیں اس لئے فاسد ہوگا۔

"ولو خرج لجنازة يفسد اعتكافه، وكذا لصلاتها ولو تعيينت عليه، أو لإنجاء الغريق أو الحريق الخ. (الفتاویٰ الهندية، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲۱۲/۱، كوئٹة)

(۳) ان سے کی بڑی بڑی فضلتیں وارد ہوئی ہیں قرآن میں بھی اور احادیث میں بھی۔

ويلازم التلاوة، والحديث، والعلم، وتدريسه، وسير النبی صلی اللہ علیه وسلم، الخ. (الهندية. كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲۱۲/۱، كوئٹة)

## ☆ معتکف حقہ کہاں پئے:

سوال: خاکسار نے اپنے ایک بھائی کو اپنے ساتھ اعتکاف میں بیٹھنے کی ترغیب دی ہے؛ لیکن وہ یہ فرماتے ہیں کہ حقہ پینے کی عادت ہے اور حقہ مسجد میں پینا چاہیے، یا نہیں؟

الجواب

معتکف کو جائز ہے کہ بعد نماز مغرب مسجد سے باہر جا کر حقہ پی کر کے اور کلی کر کے بو زائل کر کے مسجد میں چلا آوے۔

(تالیفات رشیدیہ، ص: ۳۷۸)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

(۱) حالت اعتکاف میں فرض غسل کے لیے نکل سکتا ہے، ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے غسل کرنے کے واسطے مسجد سے باہر جانا جائز نہیں، اگر چلا گیا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا، غسل جمعہ کرنے کے لیے بھی معتکف کو مسجد سے باہر جانا جائز نہیں، البتہ غسل جمعہ سے قبل ضرورت طبعیہ، مثلاً: پیشاب، پاخانہ کے لیے باہر گیا تو واپسی میں غسل کرسکتا ہے؛ لیکن جلدی غسل سے فارغ ہوکر مسجد میں آجائے۔ (فتاویٰ محمودیہ جدید ۱۰/۲۸۱)

(۲) اس نیت سے کوئی فرق نہیں پڑے گا اور جنازہ میں شرکت کے لیے جائے گا تو اعتکاف فاسد ہوجاوے گا، البتہ نذر کے اعتکاف میں بوقت نذر یہ استثنا کیا ہو تو معتبر ہوگا۔

**لو شرط وقت النذر أن يخرج لعيادة مريض وصلاة جنازة وحضور مجلس علم جاز.** (۱)

(۳) اگر مجبور ہوجائے اور نہیں پینے کی صورت میں طبیعت خراب ہونے کا قوی اندیشہ ہو تو نکل سکتا ہے، ورنہ نہیں۔ (فتاویٰ محمودیہ جدید: ۱۰/۲۳۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: العبد احمد عفی عنہ خانپوری، ۲۲/رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ۔ الجواب صحیح: عباس داؤد بسم اللہ عفی عنہ۔ (محمود الفتاویٰ ۴/۳۸۹-۳۹۰)

## سگریٹ پینے کے لیے معتکف کا باہر نکلنا:

سوال: اعتکاف میں بیٹھنے کے بعد کیا مسجد کے باہر نکل کر بیڑی، سگریٹ، یا گٹکھا استعمال کرسکتا ہے؟

(محمد اسماعیل، وقار آباد)

الجواب ــــــــــــــــــــ

بیڑی، سگریٹ اور گٹکھا استعمال کرنا عام حالات میں بھی کراہت سے خالی نہیں؛ تاہم اگر اس کا ایسا عادی ہو چکا ہو کہ اس کے استعمال کے بغیر چین نہ آتا ہو، یا کوئی شخص ایسا خوگر ہو کہ اس کے بغیر اجابت نہ ہوتی ہو تو اب اس کی حیثیت کھانے پینے کی طرح طبعی ضرورت کی ہوگی اور طبعی ضرورت کے لیے معتکف مسجد سے باہر جاسکتا ہے۔

**"وحرم عليه ... الخروج إلا لحاجة الإنسان طبعية، كبول، وغائط، وغسل".** (۲)

اس لیے اس مقصد کی غرض سے باہر نکل سکتا ہے، البتہ پھر اچھی طرح منہ صاف کر کے مسجد میں آئے؛ کیوں کہ بدبودار چیز کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت ہے۔ (۳) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۷، ۴۵۸)

---

(۱) الدر المختار مع رد الحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ٢/٤٤٨

(۲) الدر المختار على رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ٣/٤٣٥

(۳) عن ابن عمر رضى الله عنهما أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في غزوة خيبر: من أكل من هٰذه الشجرة؛ يعنى الثوم، فلا يقربن مساجدنا. (صحيح البخاري، رقم الحديث: ٨٤٢١، باب ماجاء في الثوم النسيئ والبصل والكراث)

## حکم دیوار مسجد درحق معتکف:

سوال: معتکف کومسجد کے کنارے پر جو دیوار ہے۔اس میں بیٹھنا جائز ہے، یانہیں؟

الجواب

معلوم نہیں بانی نے اس کواپنی نیت سے مسجد میں داخل کیا ہے، یانہیں۔

(تتمہ خامسہ، ص:۹۲)(امدادالفتاوی:۲/۱۵۳)

## خارج بودن فصیل ازمسجد:

سوال: مسجد کی فصیل؛ یعنی منڈیر مسجد کے اندر داخل ہے، یا خارج؟

الجواب

مسجد کے اندر کسی جزو کے داخل، یا خارج ہونے کا مدار بانی وواقف کی نیت پر ہے، اگر وہ موجود نہ ہوتو قرائن پر ہے تو میرے نزدیک قرائن عرفیہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ مسجد سے خارج ہے، اگرکسی کواس کا خلاف قرائن سے محقق ہوجاوے تو داخل سمجھنا چاہیے؛ لیکن خارج ہونے کی صورت میں بھی وہاں بیٹھ کرکوئی ایسا فعل نہ کرے، جس کا اثر مسجد میں پہنچ کر موجب تفویت اس کے احترام کا ہو، مثلاً حقہ وغیرہ وہاں بیٹھ کر پینا حدیث میں ہے۔

”من أکل الثوم فلا یقربن مصلانا“(۱) اس میں ”لا یقربن“ کا لفظ اس دعویٰ مذکور کا موید ہے۔

۱۵/شوال ۱۳۲۱ھ (امداد ثالث، ص:۱۳۹)(امدادالفتاوی:۲/۱۵۳)

## اعتکاف فاسد ہوجائے تو کیا کرے:

سوال: اگر اکیسویں روز اعتکاف کیا، بعدہ کسی وجہ سے اعتکاف فاسد ہوگیا تو روز دوم، یا سوئم پھر کرنے سے اعتکاف رمضان میں شامل ہوسکتا ہے، یانہیں؟

الجواب

اعتکاف مسنون دہ روزہ تو اس سے فوت ہوگیا، باقی جتنے روز کا اعتکاف کرے گا، اس کا ثواب ملے گا۔فقط

(تالیفات رشیدیہ، ص:۴۷۸)

---

(۱) عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنہما أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال في غزوة خیبر من أکل من ھذہ الشجرة یعنی الثوم فلا یقربن مساجدنا. (صحیح البخاري، باب ماجاء في الثوم النسيئ والبصل والکراث، رقم الحدیث: ۸۴۲ ۱، انیس)

☆ **ملفوظ:**

اعتکاف مسنون میں اگر فساد ہوجائے تو اس کی قضا نہیں آتی۔سحری کھانے کے اندر تاخیر مستحب ہے اور ایسی تاخیر کہ جس سے شک واقع ہوجاوے، اس سے بچنا واجب ہے۔(تالیفات رشیدیہ، ص:۴۷۸)

## اگر اعتکاف فاسد ہوجائے:

سوال: عشرۂ اخیرہ میں کوئی شخص اعتکافِ سنت کی نیت سے بیٹھا، پھر اس سے اعتکاف فاسد ہوگیا، ایسی صورت میں اس پر قضا ہے، یانہیں؟ اگر ہے تو کتنے دنوں کی کیا پورے عشرہ کی یا چوبیس گھنٹے کی؟

(ضیاءالاسلام، سری رنگاورم)

الجواب

اگر رمضان المبارک کے عشرۂ اخیرہ کا مسنون اعتکاف ٹوٹ گیا تو اب یہ اعتکاف سنت باقی نہ رہا؛ بلکہ اعتکاف نفل ہوگیا؛ اس لیے اسے پورے دس دن کے اعتکاف کی قضا کرنی ضروری نہیں، ایک دن کی قضا کرلے تو یہ کافی ہے، اسی رمضان میں کرلے، یا رمضان کے بعد کبھی ایک دن نفل روزہ رکھ کر اعتکاف کرلے، دونوں صورتیں درست ہیں، یہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے قول پر ہے، امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پورے دس دنوں کی قضا کرنی ہوگی۔

" متقضی النظر أنه لو شرع فی المسنون أعنی العشر الأواخر بنیته ثم أفسده أن یجب قضاءه تخریجا علی قول أبي یوسف ...لا علیٰ قولهما ". (۱) (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۵۲-۴۵۳)

## آخری عشرہ میں ممسکِ حیض دوائیں:

سوال: رمضان المبارک کے پہلے اور دوسرے دہے میں روزہ چھوٹ بھی جائے تو ان شاء اللہ بعد میں قضا کرلی جائے گی؛ لیکن آخری عشرہ میں روزہ کے ساتھ مقدس رات چھوٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے تو کیا اس سے بچنے کے لیے خواتین اس آخری عشرہ میں ممسکِ حیض دوائیں استعمال کرسکتی ہیں؟ اور دوا کے استعمال کی وجہ سے خون نہ آئے تو کیا اس کا روزہ درست ہوجائے گا؟　(شمع، یاقوت پورہ)

الجواب

(الف) جب شریعت نے حالتِ حیض میں روزہ توڑنے کا حکم دیا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ بات شارع کے علم میں تھی کہ بہت سی خواتین کو آخری عشرہ میں بھی حیض کی نوبت آسکتی ہے تو بہتر یہی ہے کہ ممسکِ حیض ادویہ استعمال نہ کی جائیں، جو صحت کے لیے مضر ہیں کہ شریعت کی رخصتوں سے گریز اور اس کے لیے تکلف اختیار کرنا دین میں ایک طرح کا غلو ہے اور دین میں غلو کو منع فرمایا گیا ہے، (۲) جہاں تک اخیر عشرہ کی طاق راتوں کے اعمال کی بات ہے تو ان راتوں

---

(۱) فتح القدیر، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۳۹۳

(۲) عن ابن عباس رضی الله عنهما قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : یا أیها الناس إیاکم والغلو في الدین، فإنما أهلک من کان قبلکم الغلو في الدین. (سنن ابن ماجة، رقم الحدیث: ۳۰۲۹، باب قدر حصی الرمي)

کے افعال میں سے دعا اور ذکر بھی ہے اور دعا وذکر حالتِ حیض میں بھی کیا جاسکتا ہے، نیز نیت کی بنیاد پر ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں نماز اور تلاوت کا اجر بھی عطا فرمادے۔

(ب) تاہم اگر کسی عورت نے ایسی دوا استعمال کر لی، خون نہیں آیا اور روزہ رکھ لیا تو روزہ ادا ہو جائے گا۔

(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۲۱)

## شب قدر مقامی روزوں کے حساب سے سمجھی جائے:

سوال: دہلی میں اتوار کا روزہ ہوا ہے اور دوسرے بعض مقامات پر ہفتہ کا تو شب قدر یہاں کے روزوں کے حساب سے شمار کی جائے گی، یا دوسرے مقامات کے بیسویں روزہ اکیسویں شب، یا انیسویں روزہ اور بیسویں شب؟

(المستفتی مولوی محمد رفیق صاحب دہلوی)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

یہاں کے حساب سے ہی شب قدر سمجھی جائے اور اگر کوئی احتیاطاً دوسری جگہ کی رؤیت کا حساب کر کے ان راتوں کو بھی جاگے اور عبادت کرے تو بہتر ہے۔(۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی:۴/۲۴۵)

## ستائیسویں رات کو شبِ قدر کی تعیین:

سوال: شب قدر کو رمضان شریف کے اخیر دس دنوں کی طاق راتوں میں تلاش کرنے کا حکم ہے تو پھر ہمیشہ اور ہر سال رمضان شریف کی ستائیسویں شب کو ہی شب قدر منانا اور اسی شب کو قرآن شریف کا ہر سال ختم کرنا بدعت ہوگا، یا نہیں؟ صرف اسی رات کو زیادہ عبادتیں کرنا، تلاوت قرآن شریف اور خصوصاً حافظوں کا ختم قرآن کرنا اسلاف اور کسی حدیث سے ثابت ہے کیا؟ اور کیا حکم ہوگا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

شب قدر عشرۂ اخیرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرنے کے لیے فرمایا گیا ہے؛ مگر بہت سے علما نے قرائن سے ستائیس کو ترجیح دی ہے کہ ظنِ غالب یہ ہے کہ ستائیسویں شب ہے؛ لیکن اس پر یقین نہیں، اس طرح کہ دوسری راتوں کی نفی کر دی جائے، ظنِ غالب کی بنا پر اگر ستائیس کو ختم قرآن پاک تراویح میں کیا جائے تو یہ افضل ومستحب ہے۔(کذا فی البحر الرائق)(۲)

---

(۱) جیسے روزے میں مقامی رویت کا اعتبار کیا جاتا ہے، ایسے ہی شب قدر کے لیے بھی مقامی رویت کا اعتبار ہوگا؛ الا یہ کہ شرعی شہادت سے دوسرے مقام کی رؤیت ثابت ہو جائے۔

(۲) والجمهور علىٰ أن السنة الختم مرة، فلا يترك لكسل القوم، ويختم في الليلة السابع والعشرين لكثرة الأخبار أنها ليلة القدر". (البحر الرائق، كتاب الصلوٰة، باب الوتر والنوافل: ۲/ ۱۲۰، رشيدية)

یقینی طور پر اسی رات کو شب قدر کہنا اور دوسری راتوں کی نفی کردینا غلط ہے، ختم کا بھی اس شب میں التزام نہ کیا جائے، عبادت، تلاوت، نماز وغیرہ کے لیے مساجد میں اس رات، یا کسی اور رات میں جمع ہونا، یا جماعت سے اہتمام کے ساتھ نوافل پڑھنا بدعت ومکروہ ہے۔ (کذا فی مراقی الفلاح)(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۹/۱۳۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۹/۱۳۸۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۶/۱۰-۳۷)

## جمعۃ الوداع:

سوال: ماہ رمضان المبارک میں جمعہ تو آتا ہے؛ مگر جمعۃ الوداع کی کیا اہمیت وفضیلت ہے؟

(محمد غوث الدین قدیر، سلاخ پوری، کریم نگر)

الجواب ——————

جمعہ کے دن کی خصوصی فضیلتیں ہیں، جو احادیث سے ثابت ہیں، (۲) رمضان المبارک چونکہ خود بھی برکت اور دعا کی قبولیت کا مہینہ ہے؛ اس لیے اس ماہ کے جمعہ میں برکت اور قبولیت کی توقع زیادہ ہے؛ لیکن اس اعتبار سے رمضان کے تمام جمعہ برابر ہیں، آخری جمعہ کی خصوصیت نہیں اور خاص اس جمعہ کی مستقل طور پر فضیلت ثابت نہیں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۴۲۲/۳)

## اعتکاف واجب، سنت اور نفل کب ہے:

سوال: فرض اعتکاف، سنت اعتکاف، نفلی اعتکاف کی وضاحت فرمائیے؟

الجواب —————— حامداً ومصلیاً

فرض اعتکاف کوئی نہیں، نذر مان لینے سے واجب ہوتا ہے، رمضان میں ایک عشرہ کا اعتکاف سنت ہے، بقیہ جب دل چاہے، نفلی ہے۔ (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۱۹/۱۰)

---

(۱) ویکرہ الاجتماع علیٰ إحیاء لیلة من هٰذه اللیالی) … (فی المساجد) وغیرها؛لأنه لم یفعله النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم والصحابة،فأنکر أکثر العلماء من أهل الحجاز … وقالوا:ذلک کله بدعة.(مراقی الفلاح علیٰ نور الإیضاح،فصل فی تحیة المسجد، الخ،ص: ۴۰۲،قدیمی)

(۲) سنن أبي داؤد،رقم الحدیث:۱۰۵۲،سنن ابن ماجة،رقم الحدیث:۱۱۲۶،سنن الترمذي،رقم الحدیث:۱۰۵۲

(۳) وینقسم إلیٰ واجب وهو المنذور تنجیزاً أوتعلیقاً،وإلیٰ سنة مؤکدة وهوفی العشر الأخیرمن رمضان،وإلیٰ مستحب وهو ما سواهما". (الفتاویٰ الهندیة،الباب السابع فی الإعتکاف:۲۱۱/۱،رشیدیة)

## کیا عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف میں روزہ ضروری ہے:

سوال: رمضان شریف کے آخری عشرہ کا اعتکاف مستحب ہے، یا سنتِ مؤکدہ؟ اگر سنتِ مؤکدہ ہے تو اس میں روزہ رکھنا شرط ہے، یا نہیں؟ اگر شرط ہے تو اب دریافت طلب یہ ہے کہ اگر معتکف نے رات سمجھ کر سحری کھالی، پھر معلوم ہوا کہ صبح ہو چکی ہے تو مسئلہ یہ ہے کہ اس روزہ کا روزہ نہ ہوگا، اب جب کہ روزہ نہ ہوا تو کیا اعتکاف بھی فاسد، یا ختم ہو جائے گا؟ اس پر اعتکاف کی قضا لازم ہوگی، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

یہ اعتکاف سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے، (۱) اگر بغیر روزہ کے یہ اعتکاف کیا تو یہ اعتکاف مسنون نہیں ہوگا؛ بلکہ نفل بن جائے گا، البتہ اگر ایک دن روزہ نہ رکھا تو صرف ایک دن کے اعتکاف کی قضا لازم ہوگی۔ (شامی: ۱۲۹/۲-۱۳۱) (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنوہی غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۱۹/۱۰-۲۲۰)

## اعتکاف کے لیے شرائطِ جمعہ کا پایا جانا ضروری ہے، یا نہیں:

سوال: جس گاؤں میں جمعہ کے شرائط نہیں، وہاں اعتکاف اخیر عشرہ میں علی الکافیہ مؤکدہ ہے، یا نہیں؟ اگر مؤکدہ ہے تو جمعہ کے لیے جس قصبہ میں جمعہ ہوتا ہے، معتکف وہاں جا کر جمعہ پڑھ سکتا ہے، یا نہیں؟ اعتکاف فاسد تو نہ ہوگا؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اعتکاف کے لیے جمعہ کی شرائط کا پایا جانا ضروری نہیں؛ بلکہ وہ ہر جگہ شہر ہو، یا گاؤں میں مسنون علی الکافیہ ہے، البتہ مسجد ایسی ہو، جس میں جماعت ہوتی ہو، (۳) گاؤں والوں پر نہ جمعہ فرض ہے، نہ سنتِ مؤکدہ ہے، لہٰذا اس کو جمعہ کے لیے شہر میں آنا جائز نہیں، اگر آوے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔ (۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۲۰/۱۰-۲۱۲)

---

(۱) وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان) اى سنة كفية، كما في البرهان. (الدر المختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۲/۲، سعيد)

(۲) ومقتضى ذلك أن الصوم شرط أيضاً في الاعتكاف المسنون؛ لأنه مقدر بالعشر الأخير، حتىٰ لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر ينبغي أن لايصح عنه، بل يكون نفلاً، فلا تحصل به اقامة سنة الكفاية ... أما علىٰ قول غيره، فيقضى اليوم الذى أفسده، لاستقلال كل يوم بنفسه. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۲/۲-۴۴۵، سعيد)

(۳) هو لبث ذكر في مسجد جمجعة، هو ما له إمام ومؤذن أديت فيه الخمس، أو لا، وعن الإمام اشتراط أداء الخمس فيه". (الدر المختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۰/۲، سعيد)

(۴) معتکف صرف حاجتِ شرعیہ اور حاجتِ طبعیہ کے لیے نکل سکتا ہے، جب کہ جمعہ اس پر فرض نہیں تو جمعہ کے لیے نکلنا بغیر حاجت کے نکلنا ہے اور بغیر حاجت کے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے۔

## کیا اعتکاف ہر مسجد ہر شہر میں ضروری:

سوال: کتنی آبادی پر ایک آدمی کا اعتکاف کافی ہوگا، مثلاً: ایسے مدراس، کلکتہ، دہلی، بمبئی وغیرہ میں ایک آدمی کا اعتکاف کافی ہوگا، یا کئی آدمیوں کو بیٹھنا پڑے گا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اعلیٰ بات یہ ہے کہ ہر مسجد میں کم ازکم ایک آدمی اعتکاف کرے، (۱) اس سنت علی الکفایہ کی طرف سے بہت غفلت ہے جوکہ بہت بڑی محرومی ہے، اگر محلّہ یا شہر میں ایک بھی معتکف ہے تو کافی ہوجائے گا۔ (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۱)

## عورت کا اعتکاف گھر پر نفلی ہے، یا سنت:

سوال: گھر پر عورت کا اعتکاف نفل ہوگا، یا سنت؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

وہ نفلی اعتکاف بھی کرسکتی ہے، سنت بھی۔ (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۲)

## ترکِ اعتکاف سے کیا عورت بھی گنہگار رہے:

سوال: اگر کسی بستی سے کوئی صاحب معتکف نہ ہوئے تو صرف بالغ مرد گناہ گار رہوں گے، یا مرد، عورت، بالغ، نابالغ لڑکے بھی گنہگار رہوں گے؟

---

(۱) اس مسئلہ کے متعلق کوئی صریح جزئیہ نہیں ملا، البتہ علامہ شامی کی ایک تشبیہ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اعتکاف ہر مسجد میں ہونا چاہیے، انہوں نے اعتکاف کو تراویح کے ساتھ تشبیہ دی ہے، لہٰذا جیسا کہ تراویح ہر مسجد میں ہوتی ہے، ایسے ہی اعتکاف ہونا چاہیے۔

"وسنة مؤكده) ... أى سنة كفاية".

(قوله: أى سنة كفاية) نظيرها اقامة التراويح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين". (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۲ ٤ ٤، سعيد)

وقال تحت (قوله: والجماعة فيها سنة على الكفاية): أفاد أن أصل التراويح سنة عين ... وهل المراد أنها سنة كفاية لأهل كل مسجد من البلدة أو مسجد واحد منها، أومن المحلة ؟ ظاهر كلام الشارح الأول ... حتىٰ لو ترك أهل محلة كهم الجماعة، فقد تركوا السنة وأساؤا. (ردالمحتار، باب التراويح: ٢/٤٤، سعيد)

(۲) الاعتكاف سنة مؤكدة مطلقاً، وقيل: سنة على الكافية حتىٰ لوترك فى بلدة لأساؤ. (جامع الرموز: ١/٣٧٦، فصل فى الاعتكاف، مطبع كريمية)

(۳) وللمرأة الاعتكاف فى بيتها، وهو محل عينته) المرأة (للصلاة فيه). (مراقى الفلاح، باب الاعتكاف، ص: ٦٩٩، قديمى)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

نابالغ مکلّف نہیں،(۱)اس پر گناہ نہیں،عورت مسجد میں اعتکاف نہ کرے؛ بلکہ اپنے مکان میں ایک جگہ متعین کرکے وہیں اعتکاف کرے،(۲)کسی نے بھی نہ کیا تو سب بالغ ترکِ سنت کے وبال میں گرفتار ہوں گے۔(۳)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۲۲-۲۲۳)

## نابالغ کا اعتکاف:

سوال: نابالغ بچہ معتکف ہوا، کیا حکم ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

وہ اعتکاف کرے گا تو اس کو بھی ثواب ملے گا۔(۴)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۲۳)

## اعتکافِ مسنون میں ایک روز کا استثنا:

سوال: زید رمضان المبارک کے اخیر عشرہ اعتکافِ مسنون کرتا ہے، اگر اعتکاف کرنے سے قبل یہ نیت کرلے کہ رمضان کی فلاں تاریخ کو ایک روز، یا ایک شب کے لیے باہر سفر میں جاؤں گا اور جائے اعتکاف سے نکلوں گا تو کیا اس صورت میں اعتکافِ مسنون ادا ہوجائے گا اور اعتکاف سے باہر نکلنا جائز ہوگا، یا نہیں؟ فقط

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اس طرح اعتکاف مسنون ادا نہیں ہوگا،(۵)اور باہر نکلنے سے اعتکاف باقی نہیں رہے گا۔(۶)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۴/۷/۱۳۸۹ھ۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۲۳-۲۲۴)

---

(۱) وأما شروطه: ومنها الإسلام، والعقل، والطهارة عن الجنابة والحيض. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف: ۱/۲۱۱، رشيدية)

(۲) (وللمرأة الاعتكاف فى بيتها، وهو محل عينته المرأة) للصلاة فيه. (مراقى الفلاح، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ص: ۶۹۹، قديمى)

(۳) الاعتكاف سنة مؤكدة مطلقاً، وقيل: سنة على الكافية حتىٰ لو ترك فى بلدة، لأساؤ. (جامع الرموز، فصل الاعتكاف: ۱/۳۷۶، مطبع كريمية)

(۴) وأما البلوغ فليس بشرط لصحة الاعتكاف، فيصح من الصبى العاقل؛ لأنه من أهل العبادة، كما يصح منه صوم التطوع. (بدائع الصنائع: ۳/۵، فصل: شرائط صحته، دارالكتب العلميه، بيروت)

(۵) والصحيح أنه سنة مؤكدة؛ لأن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم واظب عليه فى العشر الأخير من رمضان، والمواظبة دليل السنة. (تبيين الحقائق، باب الاعتكاف: ۲/۲۲۰، دارالكتب العلمية بيروت)

(۶) وإن خرج من غير عذر ساعة، فسد اعتكافه فى قول أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ سواء كان الخروج عامداً أو ناسياً. (الفتاوى الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف: ۱/۲۱۲، رشيدية)

## ایسی مسجد میں اعتکاف جس میں رات کو رکنے کی اجازت نہ ہو:

سوال: مسجد سرکاری احاطہ میں ہے؟ صرف نماز اذان کی اجازت ہے، وہاں رات کو رکنے کی اجازت نہیں ہے، ایسی صورت میں اعتکاف ہو، یا نہ ہو؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جب وہاں رات کو رہنے کی اجازت نہیں تو اعتکاف کیسے کرے گا (تمام تر احکامِ شرعیہ کے لیے اپنا اپنا محل متعین ہے؛ لیکن جب محل صالح نہ ہو تو احکامِ شرعیہ (جو کہ حال ہیں) ان کا وقوع اور لزوم متعذر ہو جاتا ہے، مثلا: صومِ نذر وغیرہ کے لیے ماہ رمضان کے علاوہ تمام سال صالح ہے؛ لیکن اگر کسی نے رمضان کے مہینہ میں روزہ کی نذر مانی تو وہ صحیح نہیں؛ کیوں کہ ماہِ رمضان صومِ رمضان کا محل نہیں؛ بلکہ اس کا اپنا وظیفہ ہے کہ اس میں روزہ اصالۃ فرض ہے، اسی طرح جب مسجد میں رات گزارنے کی اجازت نہیں تو وہ صالح للا عتکاف نہیں؛ کیوں کہ اعتکاف میں دن کی طرح رات کا بھی مسجد کے اندر گزارنا ضروری ہے۔

”هو لغة: اللبث، وشرعا: (لبث) ... (ذكر) ... في (مسجد جماعة) ... فاللبث هو الركن والكونُ في المسجد والنية شرطان“. (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمد غفرلہ، دارالعلوم دیو بند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیو بند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۴)

## اعتکاف سے روکنا:

سوال: کوئی جاہل معتکف صاحب کو ممانعت کرے اور کہے کہ اس مسجد سے چلے جاؤ، یہاں اعتکاف کی ضرورت نہیں تو ایسے نامعقول کے لیے شرعی کیا حکم ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس سے وجہ دریافت کر کے اس کا شبہ رفع کر دیا جائے، اگر محض عناداً کہتا ہو تو اس کی طرف التفات کی ضرورت نہیں، اس کا شرعی حکم آپ نے خود ہی لکھ دیا کہ وہ جاہل نامعقول ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۵)

## مسجد کی ایک جانب سے دوسری جانب منتقل ہونا:

سوال: اعتکاف میں مسجد کے دائیں رخ پر کھڑکی دریچہ نہیں ہے، جہاں ہوا اور روشنی کی تنگی ہے اور بائیں طرف

(۱) الدر المختار، باب الاعتكاف: ۲/ ٤٤٠، سعيد

بڑے بڑے دروازے موجود ہیں، جہاں ہوا اور روشنی کی کافی سہولت ہے تو معتکف دائیں سمت کو چھوڑ کر بائیں جانب اپنا حصار کا پردہ باندھنے میں افضل واولیٰ کا معاملہ رہتا ہے۔

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اس میں کافی توسیع ہے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۵)

## بستی کی مختلف مسجدوں میں سے کسی ایک جگہ اعتکاف:

سوال: موضع کرست ایک بڑی بستی ہے، زیادہ مسلم آبادی ہے، البتہ اس کے مزرعہ جات کافی ہیں، جو اکثر ہندو آبادی ہے، بعض مزرعوں میں مسلم آبادی ہے اور وہ بھی مخلوط ہے، نیز یہ مزرعہ کرست سے کوئی ۶/۷ فرلانگ، کوئی چار فرلانگ، کوئی دو فرلانگ پر آباد ہیں، اگر کرست میں کوئی معتکف ہو تو مسلم آبادی مزرعہ جات کی رمضان المبارک کے اعتکاف سے سبکدوش ہوسکتی ہے، یا نہیں؟ اور اگر کوئی مزرعہ میں معتکف ہو تو خاص کرست اور مزرعہ جات سبکدوش ہوسکتے ہیں، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اگر یہ سب آبادیاں دیکھنے میں جداگانہ معلوم ہوتی ہیں تو ایک آبادی کا اعتکاف دوسری کے لیے کافی نہیں۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۱۳۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۱۳۸۸ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۶)

## جو مسجد وقف نہ ہو اس میں اعتکاف:

سوال: جو مسجدیں وقف نہیں ہیں، ان میں رمضان المبارک کا اعتکاف کرنا جائز ہے، یا نہیں؟ بہشتی زیور میں اعتکاف کے لیے مسجد کی شرط کیسی ہے؟(۳)

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اعتکاف موقوفہ مسجد ہی میں کیا جائے۔(۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۰/۱۳۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۰/۱۳۹۰ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۶-۲۲۷)

---

(۱) أما تفسيره فهو اللبث في المسجد مع نية الاعتكاف.(الفتاویٰ الهندية، الباب السابع في الاعتكاف: ۲۱۱/۱، رشيدية)

(۲) الاعتكاف سنة مؤكدة مطلقا، وقيل: سنة على الكفاية، حتیٰ لو ترك في بلدة، لأساؤ.(جامع الرموز، فصل الاعتكاف: ۳۷۶/۱، مطبع كريمية)

(۳) بہشتی زیور، حصہ یازدہم، اعتکاف کے مسائل، ص: ۸۲۲، دارالاشاعت کراچی

(۴) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وأنتم عاكفون في المساجد﴾.(سورة البقرة: ۱۸۷/۲)

## ویران مسجد اور عیدگاہ میں اعتکاف:

سوال: ویران مسجد، یا عیدگاہ میں ایک صاحب نے اعتکاف کیا، مسجد میں کوئی نہ بیٹھا۔ کیا حکم ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اعتکاف ایسی مسجد میں کیا جاتا ہے جہاں اذان، جماعت پنجگانہ کا اہتمام ہو، اگر ویران مسجد میں بھی اعتکاف کیا تو ہوجائے گا، عیدگاہ میں کافی نہیں۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۲۷-۲۲۸)

## مسجد سے متصل حجرہ میں اعتکاف:

سوال: ایک مسجد جو نو تعمیر ہے اس کے پیچھے حصہ میں شمال کی جانب ایک تین کھونٹا(۲) چھوٹا کمرہ ہے، جس کا دروازہ مسجد کے اندر ہی کو ہے۔ متولی مسجد نے بیان کیا: یہ مسجد تعمیر ہوتے وقت یہ حصہ مسجد ہی کی نیت سے تعمیر ہوا؛ مگر صف سیدھی کرنے کی وجہ سے مشیران کمیٹی نے اس حصہ کو علاحدہ کردیا اور طے ہوا کہ اس میں مسجد وغیرہ کا سامان رکھ دیا جایا کرے گا۔ اس حجرہ میں معتکف اعتکاف کے لیے بیٹھ سکتا ہے، یا نہیں؟ اس کا کوئی دروازہ باہر کو نہیں ہے۔

الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

مسجد کے کسی حصہ کو جو نماز کے لیے ہو، کسی دوسرے کام کے لیے مخصوص کردینا اور نماز کو وہاں سے ختم کردینا جائز نہیں، حجرہ کی بظاہر ہیئت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسجد سے خارج ہے، مسجد نہیں ہے۔ امام، یا متولی، یا سامان کے لیے

---

"قال العلامة الآلوسی رحمه اللّٰه تعالٰی: وفی تقیید الإعتکاف بالمساجد دلیل علٰی أنه یصح إلا فی المسجد؛ إذ لو جاز شرعاً فی غیره، لجاز فی البیت وهو باطل بالاجماع ... وروی عن الإمام أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالٰی أنه مختص بمسجد له إمام ومؤذن رات". (روح المعانی: ٦٨/٢، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

"عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالٰی عنهما: أن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم کان یعتکف العشر الأواخر من رمضان، قال نافع: وقد أرانی عبد اللّٰه رضی اللّٰه تعالٰی عنه المکان الذی کان یعتکف فیه رسول اللّٰه: صلی اللّٰه علیه وسلم من المسجد". (أبو دائود، کتاب الصیام، باب: أین یکون الاعتکاف: ٣٣٤/١، دار الحدیث)

"وأما شروطه: ومنها مسجد الجماعة، فیصح فی کل مسجد له أذان واقامة، هو الصحیح". (الفتاوی الهندیة، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف: ٢١١/١، رشیدیة)

"أما حقیقته الشرعیة، فهی اللبث المخصوص: أی فی المسجدین". (ردالمحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ٤٤١/٢، سعید)

(۱) روی الحسن بن زیاد عن أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالٰی: أنه لایجوز إلا فی مسجد تصلی فیه الصلوات کلها. (بدائع الصنائع، فصل فی شرائط صحته: ١٨/٣، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) "کھونٹا: کونہ، گوشہ، زاویہ"۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۶۵، فیروز سنز، لاہور)

بنایا گیا ہے؛ اس لیے حجرہ میں اعتکاف نہ کیا جائے۔(۱) ہاں! اگر دروازہ یا دیوار توڑ کر مسجد میں شامل کرلیں تو پھر وہاں اعتکاف کرنے میں مضائقہ نہیں۔فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۹/۱۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۹/۱۶ھ۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۲۸)

## مسجد بارش سے ٹپکتی ہو تو معتکف کیا کرے:

سوال: مسجد بارش سے بے حد ٹپکتی ہے جب کہ نماز پڑھنا ہی دشوار ہے، لوگوں کو ٹھیک کرانے کی کوئی فکر نہیں ہے، اذان نماز ہوتی ہے؛ لیکن نماز ہوتی ہے؛ لیکن زور سے بارش ہوتی ہو تو معتکف کا سونا کجا گھنٹہ دو گھنٹہ بیٹھنا دوبھر ہے۔کیا حکم ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

اصلی علاج تو یہ ہے کہ چھت درست کرائی جائے اور ہر مسجد و ہر محلّہ میں اعتکاف کا انتظام کیا جائے، مسجد مذکور میں اعتکاف کی گنجائش نہ ہو تو دوسری مسجد میں منتقل ہو جائے، بحالتِ عذر اس کی اجازت ہے۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۲۹)

## دوسرے محلّہ کے آدمی کے ذریعہ اعتکاف کی ادائیگی:

سوال(۱) ایک محلّہ کا کوئی آدمی اگر دوسرے محلّہ کی مسجد میں عشرۂ اخیرۂ رمضان کا اعتکاف کرے تو کیا اس کے اعتکاف کرنے سے اس مسجد کے محلّہ والوں سے اعتکافِ مسنون ادا ہو جائے گا، یا اس مسجد کے محلّہ والوں ہی میں سے کسی کا معتکف بننا ضروری ہے؟

---

(۱) (وإذا جعل تحته سردا بالمصالحه): أی المسجد (جاز) كمسجد القدس(ولو جعل لغيرها أوجعل فوقه بيتا وجعل باب المسجد إلٰى طريق وعزله عن ملكه، لا)يكون مسجدا. (الدر المختار)

(قوله: أوجعل فوقه بيتاً،إلخ) ظاهره أنه لا فرق بين أن يكون البيت للمسجد أو لا،إلا أنه يؤخد من التعليل أن محل عدم كونه مسجدا فيما إذا لم يكن وقفا على مصالح المسجد، وبه صرح فی الاسعاف، فقال: وإذا كان السرداب أو العلو لمصالح السمدج أوكان وقفاً عليه، صاح مسجداً.(ردالمحتار،كتاب الوقف: ٣٥٧/٤،سعيد)

فی الهداية: الاعتكاف مستحب،والصحيح أنه سنة ... وهو اللبث فی المسجد مع الصوم بنية الاعتكاف، أما اللبث فركنه،والنية شرطه ... وجوازه يختص بالمساجد.(الفتاوىٰ التاتارخانية،كتاب الصوم،الفصل الثانی عشر فی الاعتكاف،إدارة القرآن والعلوم الإسلامية: ٤١٠/٢،كراتشی)

(۲) فإن خرج من المسجد بعذر بأن انهدم المسجد أو أخرج مكرها،فدخل مسجداً آخرمن ساعة،لم يفسد اعتكافه استحساناً.(الفتاوی الهندية، كتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتكاف: ٢١٢/١،رشيدية)

## امام کے ذریعہ سنت اعتکاف کی ادائیگی:

(۲)　ایک محلّہ کا کوئی آدمی دوسرے محلّہ کا امام ہو تو ان امام صاحب کو اپنی امامت کے محلّہ والوں میں سے شرعاً شمار کیا جائے، یا نہیں؟ نیز ان کے لیے امام کی مسجد میں اعتکاف کرنے سے اس محلّہ والوں سے اعتکاف مسنونہ ادا ہو جائے گا؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

(۱)　جس محلّہ کی مسجد میں اعتکاف کرے گا اس مسجد سے متعلق سنت اعتکاف ادا ہو جائے گی؛ مگر اہلِ محلّہ کو چاہیے کہ خود ہی اعتکاف کریں، دوسرے محلّہ سے بلا کر اعتکاف کرا کے خود محروم نہ رہیں۔(۱)

(۲)　یہ امام صاحب جس محلّہ کی مسجد کے امام صاحب ہیں، بحقِ اعتکاف اسی محلّہ کے شمار ہوں گے۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۲/۹/۱۵ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۲۳۰/۱۰)

## معتکف بیت الخلاء کے لیے نکل کر کتنا کام کر سکتا ہے:

سوال:　معتکف کا بیت الخلا کر کے گھر میں جانا، بیوی بچوں سے بات چیت کرنا، کوئی کتاب اٹھا کر لانا، کاغذات حساب وغیرہ کے اٹھا کر لانا، باہر سے آئی ہوئی ڈاک پر پڑھنا، مہمانوں سے بات چیت کرنا، جو باہر سے آئے ہوں، سلام، دعا، خیر وعافیت دریافت کرنا، کپڑے بدلنا، نہانا اور کپڑے دھونا، خطوط کے جواب لکھنا وغیرہ پر عمل کر سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

بیت الخلا سے فارغ ہو کر ان کاموں کے لیے مستقلاً مکان پر نہ ٹھہرے، چلتے چلتے ضروری بات سلام ودعا مہمان سے کر سکتا ہے، بقیہ اشیا مکان سے لا سکتا ہے،(۳) ڈاک مسجد میں لا کر پڑھے، مسجد میں ہی جواب لکھے۔(۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔(فتاویٰ محمودیہ: ۲۳۱/۱۰)

---

(۱)　الاعتكاف سنة مؤكدة مطلقاً، وقيل: سنة على الكفاية، حتىٰ لو ترك في بلدة، لأساو. (جامع الرموز، فصل الاعتكاف: ۳۷۶/۱، مطبع كريميه)

(۲)　هٰذا كله لبيان الصحة ... وأما أفضل الاعتكاف ففي المسجد الحرام، ثم في مسجده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم في المسجد الأقصىٰ، ثم في الجامع. قيل: إذا كان يصلى فيه بجماعة، فإن لم يكن في مسجده أفضل، لئلاً يحتاج إلىٰ الخروج، ثم ما كان أهله أكثر، آه. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۲/۲، سعيد)

(۳)　لو خرج لحاجة الإنسان، ثم ذهب لعيادة المريض أو لصلاة الجنازة من غير أن يكوم لذلك قصد، فإنه جائز. (البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲۵۹/۲، رشيدية)

(۴)　وأكله وشربه ونومه ومبايعته فيه: يعني يفعل المعتكف هٰذه الأشياء في المسجد، فإن خرج لأجلها، بطل اعتكافه؛ لأنه لاضرورة إلى الخروج حيث جازت فيه". (البحر الرائق، باب الاعتكاف: ۵۳۰/۲، رشيدية)

## معتکف کا کن مجبوریوں کی وجہ سے مسجد سے نکلنا درست ہے:

سوال: بعض حالتوں میں معتکف کا مسجد سے نکلنا ضروری ہوجاتا ہے، ان حالتوں میں سنتِ مؤکدہ کی ادائیگی کی کیا سبیل ہوگی؟ معتکف کا انتقال ہوگیا، پاگل ہوگیا، پولیس پکڑ لے گئی، مسجد میں آگ لگ گئی، فساد ہوگیا، جان کے خوف سے مسجد سے بھاگ گیا، طبیعت خراب ہوگئی، پیشی مقدمات کی آگئی، بیوی، یا بچہ کا انتقال ہوگیا؟

**الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

اگر ہر مسجد ومحلہ میں اعتکاف کا اہتمام ہواور کسی ایک کو اس قسم کا حادثہ پیش آجائے تو بقیہ کا اعتکاف تو پورا ہوجائے گا اور سنت علی الکفایہ ادا ہوجائے گی۔ مسجد میں آگ لگنے، یا فساد ہونے سے اگر وہاں سے نکل کر فوراً دوسری مسجد میں چلا گیا تو اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔ (۱) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۳۱-۲۳۲)

## معتکف کا ضرورت کے لیے مسجد سے نکل کر کسی سے بات چیت کرنا:

سوال: معتکف بیت الخلا کے لیے گھر جارہا تھا، راستہ میں دوستوں سے ہنسی مذاق کی بات چیت کھڑے ہوکر کی، یا چلتے چلتے کی۔ کیا حکم ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

لغو ہنسی مذاق کہیں بھی نہ کرے، ضروری بات چلتے ہوئے کرلے، خارجِ مسجد بات کرنے کے لیے کھڑا نہ ہو۔ (۲) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۳۲)

## معتکف کا خارجِ مسجد تراویح کے لیے جانا:

سوال (۱) جس مسجد کا صحن مسجد میں داخل نہ ہو تو اگر سخت گرمی کی وجہ سے مصلی پریشان ہو تو اس صورت میں اس صحن میں تراویح پڑھتے وقت معتکف تراویح کے لیے صحن میں جاسکتا ہے، یا نہیں؟ اگر اعتکاف کے وقت نیت کی ہو تو نکل سکتا ہے، ورنہ نہیں۔ آیا صحیح ہے، غلط؟

(۲) اور اگر نہیں نکل سکتا ہو تو تمام مصلی مسجد میں پڑھیں، یا صحن میں؟ حالاں کہ سخت گرمی کی حالت ہے اور مصلی اندر پڑھنے کی حالت میں بہت بے چین رہتے ہیں تو باہر پڑھنے میں کسی قسم کا نقص تو نہیں ہوگا؟

(غلام محمد، حاجی یوسف، نورگت، موضع ترکیسر پوسٹ خاص، ضلع سورت)

---

(۱) فإن خرج من المسجد بعذر بأن انهدم المسجد أو أخرج مكرهاً فدخل مسجداً آخر من ساعة، لم يفسد اعتكافه استحساناً. (الفتاوى الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۱/۲۱۲، رشيدية)

(۲) وأما التكلم بغير خير، فلا يجوز لغير المعتكف ... والظاهر أن المباح عند الحاجة إليه خير لا عند عدمها. (حاشية الطحطاوي، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ص: ۷۰۵، قديمي)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

(۱)　اگر اعتکاف واجب ہے تو تراویح کے لیے ایسی جگہ جانے سے فاسد ہوجائے گا۔(۱) ہاں! اگر بوقتِ نذر ایسی جگہ جانے کی نیت کرلیتا ہے تو پھر اجازت ہے،(۲) اور نفلی اعتکاف اس سے منتہی ہوجاتا ہے۔ اعتکافِ مسنون کو بھی بعض فقہا نے واجب کے ساتھ ملحق کیا ہے۔(۳)

(۲)　تمام مصلی اگر صحن میں (جو کہ خارج مسجد قرار دیا ہے) پڑھیں گے تو ۲۷/درجہ ثواب میں کمی رہے گی، مسجد میں پڑھنے سے نفسِ نماز کا ثواب مستقلا ۲۷/درجہ زیادہ ملے گا۔(۴) تراویح کا مسجد میں پڑھنا سنت علی الکفایہ ہے۔(۵)
فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۹/۶۲ھ۔
الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۳۳/۱۰-۲۳۵)

---

(۱)　(وحرم علیه): أی علی المعتکف اعتکافاً واجباً (الخروجُ،إلا لحاجة الإنسان ... اھ". (تنویر الأبصار مع الدر المختار،باب الاعتکاف: ۴۴۵/۲، سعید)

(۲)　لو شرط وقت النذر أن يخرج لعيادة مريض وصلاة جنازه وحضور مجلس علم،جاز ذلک، فليحفظ. (الدر المختار،باب الاعتکاف: ۴۴۸/۲، سعید)

(۳)　سنت اعتکاف کا واجب اعتکاف کے ساتھ الحاق کا مطلب یہ ہے کہ فقہا نے نیت میں واجب کے ساتھ ملحق کیا ہے، جیسے سوال کے جملہ: ''اگر اعتکاف کے وقت نیت کی ہو تو نکل سکتا ہے، ورنہ نہیں'' اور حضرت مفتی صاحبؒ کے جواب میں اسی مذکورہ جملہ کے جواب کہ: ''ہاں! اگر بوقتِ نذر ایسی جگہ کی نیت کرلیتا ہے تو پھر اجازت ہے'' سے معلوم ہوتا ہے، لہٰذا اگر اعتکاف مسنون میں کسی جگہ کے لیے نکلنے کی نیت کرے تو بظاہر گنجائش ہے۔

(وحرم عليه): أی علی المعتکف اعتکافاً واجباً،أما النفل فله الخروج؛لأنه من لا مبطل كما مر(الخرج إلا لحاجة الإنسان). (الدر المختار)(قوله:أما النفل): أی الشامل للسنة المؤكدة،قلت: قد منا ما يفيد اشتراط الصوم فيها بناء علىٰ أنها مقدر بالعشر الأخير،ومفاد التقدير أيضاً اللزوم بالشروع،تأمل. ثم رأيت المحقق ابن الهمام قال: ومتقضى النظر لوشرع في المسنون أعني العشر الأواخر بنيته،ثم أفسده أن يجب قضائه ... وعلىٰ كل فيظهر من بحث ابن الهمام لزوم الاعتکاف المسنون بالشروع وان لزوم قضاء جمعيه أو باقيه مخرج على قول ابی يوسف. (رد المحتار، كتاب الصوم،باب الاعتکاف: ۴۴۴/۲-۴۴۵،سعید)

ولو شرط وقت النذر والالتزام أن يخرج إلىٰ عيادة المريض وصلاة الجنازه وحضور مجلس العلم،يجوز له ذلک. (الفتاوىٰ التاتارخانية،كتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف: ۳۱۲/۲، قديمی)

(۴)　(وإن صلىٰ) أحد (فی بيته بالجماعة) حصل لهم ثوابها، وأدركوا فضلها،ولكن (لم ينالوا فضل الجماعة) التی (فی المسجد) لزيادة فضيلة المسجد وتكثير جماعته و إظهار شعائر الاسلام. (وهكذا فی المكتوبات): أی الفرائض لو صلی جماعة فی بيت على هيئة الجماعة فی المسجد، نالو فضيلة الجماعة، وهی المضاعفة بسبع وعشرين درجة، لكن لم ينالوا فضيلة الجماعة الكائنة فی المسجد. (الحلبی الكبير،كتاب الصلاة،: ۴۰۲،سهيل اكادمی لاهور)

(۵)　وأما سننها:فمنها الجماعة والمسجد؛لأن النبی صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم قدر ما صلى من التراويح صلىٰ بجماعة فی المسجد، فكذا الصحابة رضی اللّٰه تعالىٰ عنهم صلوها بجماعة فی المسجد،فكان أدائوها بالجماعة فی المسجد سنة.ثم اختلف المشائيخ فی كيثية سنة الجماعة والمسجد أنها سنة عين أم سنة كفاية: قال بعضهم:أنها سنة علىٰ سبيل الكفاية،إذا قام بها بعض أهل المسجد فی المسجد بجماعة،سقط عن الباقی. (بدائع الصنائع،كتب الصلاة، مبحث الصلوٰة التراويح: ۶۵۴/۲،رشيدية)

## معتکف کا وضو کے لیے گھر جانا:

سوال: اگر معتکف کا وضو ٹوٹ جائے اور پانی مسجد سے باہر ہو اور کوئی شخص بھی موجود نہ ہو تو کیا کرے؟

الجواب ________________ حامداً و مصلیاً

گھر جا کر وضو کرے اور فوراً واپس آجائے۔

"ولا بأس بأن يدخل بيته للوضوء، ولا يمكث بعد الفراغ". (مجمع الأنهر)(۱)

"لا بأس بأن يدخل بيته، ويرجع إلى المسجد كما فرغ من الوضوء". (۲)

لیکن یہ حکم واجب وضو کا ہے، مستحب وضو کے لیے نکلنے کی ضرورت نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۳۵)

## کیا معتکف سحر وافطار، استنجا اپنے مکان پر کرے:

سوال: معتکف کا مکان مسجد سے چند قدم پر ہے، معتکف سحر وافطار، چھوٹا بڑا استنجا، غسل وغیرہ گھر کر سکتا ہے؟

الجواب ________________ حامداً و مصلیاً

چھوٹا بڑا استنجا تو بہر حال مسجد سے باہر ہی ہوگا۔ (۳) غسل جنابت بھی باہر کرے گا۔ (۴) سحر وافطار کی مسجد میں اجازت ہے اس کے لیے باہر نہ جائے، (۵) کوئی لانے والا نہ ہو تو مکان سے جا کر لے آئے، (۶) استنجا کے لیے اگر اپنے گھر ہی کا عادی ہو تو وہاں چلا جایا کرے۔ (۷) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۳۶-۲۳۷)

---

(۱) مجمع الأنهر، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۱/۲۵۶، دار إحياء التراث العربي، بيروت

(۲) الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۱/۲۱۲، رشيدية

(۳) وحرم عليه الخرج إلا لحاجة الإنسان طبيعة كبول وغائط وغسل. (الدر المختار) لأن الإنسان قد لا يألف غير بيته، فإذا كان لا يألف غيره بأن لا يتيسر له إلا فيه بيته، فلا يعد الجواز بلا خلاف. (رد المحتار، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۵، سعيد)

(۴) ولو احتلم المعتكف، لا يفسد اعتكافه؛ لأنه لا صنع له فيه، فلم يكن جماعاً ولا في معنى الجماع، ثم إن أمكنه الاغتسال في المسجد من غير أن يتلوث المسجد فلا بأس به، ولا فيخرج فيغتسل، ويعود إلىٰ مسجد. (بدائع الصنائع، فصل في ركن الاعتكاف: ۳/۳۲، دار الكتب العلمية بيروت)

(۵-۶) وأكله وشربه ونومه ومبايعته فيه يعني يفعل المعتكف هذه الأشياء في المسجد، فإن خرج لأجلها بطل اعتكافه؛ لأنه لا ضرورة إلىٰ الخرج حيث جازت فيه ... وقيل: يخرج بعد الغروب للأكل والشرب، وينبغي حمله علىٰ ما إذا لم يجد من يأتي له به، فحينئذٍ يكون من الحوائج الضرورية كالبول والغائط. (البحر الرائق، باب الاعتكاف: ۲/۵۳۰، رشيدية)

(۷) وحرم عليه الخروج إلا لحاجة الإنسان طبيعة كبول وغالط وغسل. (الدر المختار) لأن الإنسان قد لا يألف غير بيته، فاذا كان لا يألف غيره كأن لا يتيسر له الا في بته، فلا يعد الجواز بلا خلاف. (ردالمحتار، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۵، سعيد)

## مسجد میں وضو کا انتظام نہ ہو تو معتکف ندی پر وضو کرلے:

سوال: مسجد میں وضو کے لیے پانی کا انتظام نہیں، قریب ۵۰، ۶۰/قدم پر ندی ہے، سب لوگ ندی سے وضو کرکے آتے ہیں۔ معتکف بھی ہر نماز کا وضو کرنے، غسل کرنے، کپڑے دھونے جا سکتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

ایک دفعہ جائے، آئندہ کے لیے پانی لیتا آئے، فرشِ مسجد کے کنارے پر بیٹھ کر وضو کرلیا کرے، جب پانی ختم ہوجائے اور کوئی لانے والا نہ ہو تو خود چلا جائے، کپڑے بھی لاکر مسجد کے کنارے بیٹھ کر دھوئے۔ (۱) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیو بند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۳۷)

## وضو، اذان، سگریٹ کے لیے معتکف کا مسجد سے باہر نکلنا:

سوال (۱) معتکف اذان دینے کے لیے مسجد کی حد سے باہر جا سکتا ہے، یا نہیں؟

(۲) اور مسجد میں کسی برتن میں اس طرح وضو کرنے پر قادر ہونے کے باوجود کہ تلویث مسجد لازم نہ آئے، معتکف وضو کرنے کے لیے باہر جا سکتا ہے، یا نہیں؟

(۳) اور جو سگیرٹ پینے کا عادی ہو، وہ سگریٹ پینے کے لیے باہر جا سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

(۱) مؤذن مینارہ پر چڑھ کر اذان دے اور اس کا دروازہ خارج مسجد ہو تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوتا، كذا في البدائع: ۲/۱۱۵، وردالمحتار: ۲/۱۸۱، والبحر: ۲/۳۰۳، والفتح: ۲/۱۱۱ (۲) لیکن حدِ مسجد سے

---

(۱) وأكله وشربه ونومه و مبايعته فيه يعني يفعل المعتكف هذه الأشياء في المسجد، فإن خرج لأجلها بطل اعتكافه؛ لأنه لا ضرورة إلى الخرج حيث جازت فيه ... وقيل: يخرج بعد الغروب للأكل والشرب، وينبغي حمله علىٰ ما إذا لم يجد من يأتي له به، فحينئذٍ يكون من الحوائج الضرورية كالبول والغائط. (البحر الرائق، باب الاعتكاف: ۲/۵۳۰، رشيدية)

(۲) ولو صعد المئذنة لم يفسد اعتكافه بلا خلاف وإن كان باب المئذنة خاج المسجد؛ لأن المئذنة من المسجد. (بدائع الصنائع: ۳/۲۹، فصل في ركن الاعتكاف، دار الكتب العلمية بيروت)

وحرم عليه الخروج إلا لحاجة الإنسان طبعية كبول، أو شرعية كعيد، وأذان لو مؤذنا وباب المنارة خارج المسجد ... والصحيح أنه لا فرق بين المؤذن وغيره. (ردالمحتار، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۵، سعيد)

وصعود المئذنة إن كان بابها في المسجد، لا يفسد الاعتكاف، وإن كان الباب خارج المسجد، فكذالك في ظاهر الرواية. (البحر الرائق، باب الاعتكاف: ۲/۵۲۹، رشيدية)

وصعود المئذنة إن كا بابها من خارج المسجد، لا يفسد في ظاهر الراوية، وقال بعضهم: هذا في حق المؤذن؛ لأن خروجه للأذان معلوم، فيكون مستثنى، أز غيره فيفسد اعتكافه، وصحح قاضي خان أنه قال قول الكل في حق الكل. (فتح القدير، باب الاعتكاف: ۲/۳۹۶، مصطفى البابي الحلبي مصر)

باہر جاکر اذان دینے کا حکم میں نے نہیں دیکھا، البتہ سکب الأنھر (۲۰۲/۱) میں خروج للأذان کی اجازت دی ہے اور منارہ کی قید نہیں لگائی۔(۱)

(۲) مسجد میں اس طرح وضو کرنے کے متعلق ''لا بأس بہ'' کا لفظ مذکور ہے، جس سے مفہوم ہوتا ہے کہ یہ واجب نہیں؛ بلکہ باہر بھی جاسکتا ہے۔(۲)

(۳) اگر بغیر سگریٹ کے گزارہ نہیں تو اس کے لیے بھی جاسکتا ہے؛ مگر بہتر یہ ہے کہ پیشاب پاخانہ کے لیے جائے تو یہ کام بھی کرے، پھر منہ خوب مسواک سے صاف کرکے آجائے۔(۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۲/۱۳۸۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۳۸/۱۰-۲۳۹)

## بار بار بیت الخلا جانے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوتا:

سوال: معتکف کو دست لگنے لگے، اس وجہ سے ۱۵، ۲۰/ بار دن میں گھر جانا پڑتا ہے۔ کیا حکم ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۴) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۳۹/۱۰)

## معتکف کا جنازہ میں شرکت کرنا، یا عیادت کرنا:

سوال: معتکف کو شرکتِ جنازہ وعیادتِ مریض کے لیے اگر ضرورت ہو تو جائز ہے، یا نہیں؟ اگر آتش زدگی ہو تو اس کو بجھانا جب کہ اپنے گھر کے جلنے کا بھی خوف ہو تو جائز ہے، یا نہیں؟

---

(۱) ولایخرج المعتکف من معتکفه إلا لحاجة الإنسان طبعیة کالبول والغائط ... أو شرعیة کالعید والأذان. (سکب الأنهر علی هامش مجمع الأنهر، باب الاعتکاف: ۲۵٦/۱، بیروت)

(۲) فلو أمكنه من غیر أن یتلوث المسجد، فلا بأس به. (رد المحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۴۴۵/۲، سعید)

(۳) عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "من أکل هٰذه الشجرة المنتنة، فلا یقربن مسجدنا، فإن الملائکة تتأذی، مما یتأذی منه الانس". (مشکاة المصابیح، باب المساجد ومواضع الصلاة: ٦۸/۱، قدیمی)

ویحرم فیه السوال ... وأکل ونوم الا لمعتکف وغریب، وأکل نحو ثم یمنع منه. (الدر المختار) ویلحق بما نص علیه فی الحدیث کل ما له رائحة کریهة مأکولا أوغیره ... وکذا لک ألحق بعضهم بذلک من بفیه بخر أوبه جرح له رائحة. (رد المحتار، باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ٦٦۱/۱، سعید)

(۴) (وحرم علیه) ... (الخروج إلا لحاجة الإنسان) طبعیة کبول وغائط وغسل ...(أو) شریعة کعید. (الدر المختار، باب الاعتکاف: ۴۴۵/۲، سعید)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

حالتِ اعتکاف میں شرکتِ جنازہ اور عیادتِ مریض کے لیے اگر مسجد سے نکلے گا تو اعتکاف باقی نہیں رہے گا، البتہ بغیر اس کے جائے کام نہ چلے تو گنہگار نہیں ہوگا۔

**یفسد لو لعیادة مریض أو شهود جنازة وإن تعین علیه، إلا أنه لا یأثم کما فی المرض.** (شامی: ۱۳۳/۲)(۱)

اس کی مثال اس طرح سمجھئے جیسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا کہ سامنے کوئی نابینا ہے، جو کنویں میں گرنے کے قریب ہے اور کوئی خبردار کرنے والا نہیں تو یہ نمازی فوراً جا کر بچائے، یا آواز دے کہ کہہ دے تو یہ گناہ گار نہیں ہوگا، البتہ نماز فساد ہو جائے گی، وہ باقی نہیں رہے گی۔(۲)

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ ۱۳۹۲/۱۰/۲۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۲/۱۰/۲۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴۰/۱۰)

## دیہاتی معتکف کو نماز جمعہ کے لیے شہر جانا:

سوال: جس گاؤں میں جمعہ کے شرائط نہیں، وہاں اعتکاف اخیر عشرہ میں علی الکفایہ موکدہ ہے، یا نہیں؟ اگر موکدہ ہے تو جمعہ کی نماز کے لیے معتکف جس قصبہ میں جمعہ ہوتا ہے، وہاں جا کر نماز جمعہ پڑھ سکتا ہے، یا نہیں؟ موکدہ اعتکاف ساقط نہیں ہوگا؟ (فرزند علی سہارنپور)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اعتکاف کے لیے شہر، یا شرائط جمعہ کا پایا جانا ضروری نہیں؛ بلکہ وہ ہر جگہ شہر ہو، یا گاؤں مسنون علی الکفایہ ہے، البتہ مسجد ایسی ہو، جس میں جماعت ہوتی ہو۔(۳) گاؤں والے پر نہ جمعہ فرض ہے نہ سنتِ موکدہ، لہٰذا اس کو جمعہ کے لیے شہر میں آنا جائز نہیں، اگر آئے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۴) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/۱۱/۵۷ ۱۳ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۱۹/ذی قعدہ/ ۵۷ ۱۳ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴۱/۱۰)

---

(۱) رد المحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۴۴۷/۲، سعید

"ولو خرج لجنازة یفسد اعتکافه، وکذا صلاتها ول وتعینت علیه". (الفتاویٰ الهندیة، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف: ۲۱۲/۱، رشیدیة)

(۲) وکذا الأجنبی إذا خاف أن یسقط من سطح أو تحرقه النار، أو یغرق فی الماء، و استغاث بالمصلی، وجب علیه قطع الصلاة. (الفتاوی الهندیة، الفصل الثانی فیما یکره فی الصلاة: ۱۰۹/۱، رشیدیة)

(۳-۴) هو لبث ذکر فی مسجد جماعة هو ما له إمام ومؤذن أدیت فیه الخمس أولا، وعن الإمام اشتراط أداء الخمس فیه. (الدر المختار علی التنویر، باب الاعتکاف: ۴۴۰/۲، سعید)

معتکف صرف حاجتِ شرعیہ اور حاجتِ طبعیہ کے لیے نکل سکتا ہے، جب کہ جمعہ اس پر فرض نہیں تو جمعہ کے لیے نکلنا بغیر حاجت کے نکلنا ہے اور بغیر حاجت کے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے۔

## معتکف کو نماز جنازہ کے لیے باہر نکلنا:

سوال: معتکف مسجد میں اعتکاف کررہا ہے، اتفاقاً جنازہ حاضر ہوا، اب محلّہ والے بوجۂ تبرک معتکف صاحب سے نماز پڑھوانا چاہتے ہیں، ان میں سے کوئی اچھی طرح نماز پڑھنا نہیں جانتا، شرعی اعتبار سے معتکف نماز جنازہ پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ فقط (محمد یونس سلہٹی ۴/رجب ۱۳۵۶ھ)

الجواب ـــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

صلوٰۃ جنازہ کے لیے مسجد سے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہوجاتا ہے۔

"ولو خرج لجنازة، يفسد اعتكافه، وكذا صلاتها ولو تعينت عليه". (الفتاویٰ الهندية: ۱/۲۱۱)(۱)

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/رجب ۱۳۵۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴۱-۲۴۲)

## جمعۃ الوداع میں معتکف کہاں تک جاسکتا ہے:

سوال: جمعہ، الوداعی، جمعہ، عیدین کی نماز بالا خانوں، چھتوں، سیڑھیوں اور سڑکوں تک پر ہوتی ہے، معتکف کہاں کہاں تک چل پھر کر آجا سکتا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

جو جگہ نماز کے لیے مخصوص کردی گئی ہے وہ مسجد ہے، معتکف کو اس جگہ میں رہنے کا حکم ہے، (۲) اور عید کی نماز سے تو پہلے ہی اعتکاف ختم ہوجاتا ہے۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۲)

## غسلِ سنت وتبرید کے لیے معتکف کا خروج:

سوال: معتکف کو غسلِ سنت، یا غسلِ تبرید کے لیے مسجد سے نکلنے کی اجازت ہے، یا نہیں؟ مع حوالہ کتب تحریر فرمایا جائے؟

(ناکارہ خلائق کمترین: نجم الحسن غفرلہ، از تھانہ بھون، ۲۳/جمادی الثانیہ ۱۳۶۶ھ)

---

(۱) الفتاوی الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۱/۲۱۲، رشيدية

(۲) ثم الاعتكاف لايصح إلى في مسجد الجماعة لقول حذيفة رضى الله تعالىٰ عنه "لا اعتكاف إلا في مسجد جماعة" وعن أبي حنيفة رحمه الله: أنه لا يصح إلى في مسجد يصلى فيه الصلوٰة الخمس؛ لأنه عبادة انتظار الصلوٰة فيختص بمكان تؤدى فيه. (الهداية، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۱/۲۲۹، شركة علمية، ملتان)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

یہ جزئیہ صراحۃ نہیں ملا۔اشعۃ اللمعات (۱) میں ''اورادِ احسانی'' سے مطلقاً خروج للغسل کو نقل کیا ہے، غسل واجب ہو، یا سنت ہو؛ لیکن ''اورادِ احسانی'' بذاتِ خود ایک مجموعہ موضوعات ہے۔بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ غسل تبرید، یا غسل مسنون کے لیے مستقلاً نہ نکلے؛ بلکہ قضائے حاجت کے لیے نکلے، استنجا کرتے وقت غسل بھی کر لے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۷/ جمادی الثانیہ ۱۳۶۶ھ۔صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ جمادی الثانیہ ۱۳۶۶ھ۔(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۲۴۳)

## اعتکاف میں غسل:

سوال: حالت اعتکاف میں آرام وٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے غسل کرنا جائز ہے؟ اگر غسل کرلے تو مسجد کے اندر، یا باہر؟

(الف) کنواں، غسل خانہ، وضو کی جگہ مسجد کے حدود میں ہے، یا باہر؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

غسل کرنا درست ہے، مسجد ہی میں کسی ٹب وغیرہ بڑے برتن میں لے کر، (۲) اگر غسل خانہ میں استنجا کرنے جائے تو وہاں بھی جلدی سے کرسکتا ہے۔(۳)

(الف) عامۃ یہ چیزیں حدودِ مسجد سے خارج ہوتی ہیں، بلاضرورت معتکف کو وہاں جانا درست نہیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۲۴۳-۲۴۴)

## اعتکاف میں حدث:

سوال: اعتکاف میں جاگتے اور سوتے بار بار حدث ہوتا ہو تو بار بار وضو کرنا ہوگا اور ایسی حالت میں تفسیر و فقہی کتب کا دیکھنا کیسا ہے؟

---

(۱) وکان لایدخل البیت إلا لحاجة الإنسان وبود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ برنمی آمداز مسجد، مگر برائے حاجتِ انسانی از بول وغائط، وھمچنین غسل جنابت از جھت وجوب خروج از مسجد نزد جنابت، وھمچنیں برائے نماز جمعہ، غسل جمعہ روایتے صریح درآن از اصول نمی یابم جز آنکہ در شرحِ اوراد گفتہ است کہ بیرون می آمد برائے غسل فرض باشد یا نفل، متفق علیہ.(أشعة اللمعات، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/ ۱۲۰، مکتبة نوریة رضویة)

(۲) وحرم علیه الخروج إلا لحاجة الإنسان طبعية کبول وغائط وغسل لو احتلم، ولا یمکنه الاغتسال فی المسجد.(الدر المختار) فلو أمکنه من غیر أن یتلوث المسجد، فلا بأس به: أی بأن کان فیه برکة ماء ... أو اغتسل فی انساء بحیث لا یصیب المسجد الماء المستعمل.(رد المحتار، باب الاعتکاف: ۲/ ۴۴۵، سعید)

(۳) ثم إن أمکنه الاغتسال فی المسجد من غیر أن یتلوث المسجد، فلا بأس به، وإلا فیخرج ویغتسل ویعود إلی المسجد''.(الفتاوی الهندیة، الباب السابع فی الاعتکاف: ۱/ ۲۱۳، رشیدیة)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

باوضو رہنا مستحب ہے۔(۱) واجب نہیں، تفسیر وفقہ کی کتب کا مطالعہ بھی باوضو مستحب ہے۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۴)

## بحالتِ اعتکاف اخراجِ ریاح:

سوال: مجھے خروجِ ریح کا مرض ہے، خروجِ ریح آواز اور بغیر آواز دونوں طرح سے ہوتا ہے تو اس حالت میں کیا میں اعتکاف کرسکتا ہوں؛؟ اگر اس بستی میں ایسے شخص کے سوا کوئی اور شخص اعتکاف سنت علی الکفایہ میں معتکف ہونے والا نہ ہو، تب بھی اس کو اعتکاف کرنا چاہیے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جس چیز سے انسانوں کو اذیت ہوتی ہے اس سے ملائکہ کو بھی اذیت ہوتی ہے۔ (۳) مسجد میں احداث مکروہ ہے، (۴) جس کا یہ حال ہو کہ اس کو ریاح سے نجات نہ ہو، تو اس کو احترام مسجد کے پیش نظر اعتکاف سے احتیاط چاہیے، خاص کر جب کہ کوئی دوسرا اعتکاف کرنے والا موجود ہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۱۰/۱۲ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۵)

## معتکف کا اخراجِ ریح کے لیے بیت الخلا جانا:

سوال: معتکف اگر ہوا خارج کرنے کے لیے بیت الخلا جائے تو کیا اعتکاف فاسد ہوجائے گا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔ (۵) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۲/۱/۲۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۵)

---

(۱) (الوضوء) مندوب فی نیف وثلاثین موضعاً ... فمنها عند استیقاظ من نوم والمداومة علیه. (الدرالمختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة: ۱/ ۸۹، سعید)

(۲) "مندوب فی أحوال کثیرة کمس الکتب الشرعیة". قال الطحطاوی: "(قوله: کمس الکتب الشریعیة) نحو الفقه والحدیث والعقائد، فیتطهر لها تعظیما، قال الحلوانی: إنما نلنا هٰذا العلم بالتعظیم، فإنی ما أخذت الکاغذ إلا بطهارة. (حاشیة الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح، ص: ۸۳، فصل فی أوصاف الوضوء، قدیمی)

(۳) قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و سلم: "من أکل من هٰذه الشجرة المنتنة فلا یسربن مسجدنا، فإن الملائکة تتأذی ممایتأذی منه الإنس". (مشکوٰة المصابیح، باب المساجد ومواضح الصلاة: ۱/ ۶۸، قدیمی)

(۴-۵) وإذا فسا فی المسجد لم یر بعضهم به بأساً، وقال بعضهم: إذا احتاج إلیه یخرج منه، وهو الأصح. (رد المحتار، کتاب الطهارة، مطلب: یوم عرفة أفضل من یوم الجمعة: ۱/ ۱۷۲، سعید)

## معتکف کے لیے تمباکو کھانا:

سوال: معتکف تمباکو پان مسجد میں کھا سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

کھا سکتا ہے جب کہ بدبو دار نہ ہو۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴۶/۱۰)

## معتکف کا بیڑی سگریٹ پینا:

سوال: زید بیڑی سگریٹ کا بہت ہی عادی ہے، بغیر پیے رہ نہیں سکتا تو اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ بہ حالتِ اعتکاف مسجد کے باہر بیڑی سگریٹ استعمال کرے، یا مسجد میں رہ کر ہی؟ اور زید کے علاوہ مسجد میں معتکف بننے کو کوئی تیار نہیں ہے تو اس صورت میں اس کو معتکف بنایا جائے، یا ترک کر دیا جائے؟ نیز حاجتِ انسانی کے اندر کیا کیا چیزیں داخل ہیں؟ تفصیل درکار ہے۔

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اعتکاف کی فضیلت بھی بہت ہے اور منفعت بھی بہت ہے، اس کی طرف اہتمام سے توجہ کی جائے۔ جب قضائے حاجت (پاخانہ پیشاب) کے لیے رات کے وقت مسجد سے باہر جائے تو وہاں یہ حاجت (بیڑی سگریٹ) بھی پوری کرتا آئے۔(۲) وضو اور مسواک وغیرہ سے منہ خوب صاف کرے، بدبو دار منہ لے کر مسجد میں نہ آئے۔(۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۲/۱۱/۱۴ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴۶/۱۰)

---

(۱) ویکره ... وأکل ونو م إلا لمعتکف وغیره، وأکل نحوثوم یمنع منه. (الدر المختار) ویلحق بما نص علیه فی الحدیث کل ماله رائحة کریهة مأکولا أوغیره، إلخ. (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة، أحکام المساجد: ۶۶۱/۱، سعید)

جابر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: من أکل من هٰذه الشجرة المنتنة فلا یقربن مسجدنا؛ فإن الملا ئکة مما یتاذی منه الإنس. (مشکٰوة المصابیح، باب المساجد ومواضح الصلاة: ۶۸/۱، قدیمی)

(۲) (وحرم علیه) الخروج (إلا لحاجة الانسان) طبعیة کبول وغائط، وغسل لواحتلم ... و شرعیة کعید، وأذان. (الدر المختار، باب الاعتکاف: ۴۴۸/۲، سعید)

(۳) (وأکل، ونوم (أی یکره)، إلا لمعتکف وغیرهب، وأکل نحو ثوم یمنع منه. (الدر المختار) ویلحق بما نص علیه فی الحدیث کلما له رائحة کریة ما کولا أوغیره ... وکذلک ألحق بعضهم بذلک من بفیه بخر، أو به جرح له رائحة. (ردالمحتار، باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۶۶۱/۱، سعید)

عن جابر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه سال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم "من أکل من هٰذه الشجرة المنتنة، فلا یقربن مسجدنا فإن الملائکة تتأذی مما یتأذی منه الإنس. (مشکاة المصابیح، باب المساجد ومواضع الصلاة: ۶۸/۱، قدیمی)

## معتکف کے لیے امورِ مباحہ:

سوال: معتکف کو کبھی پردہ سے باہر یعنی مسجد کے جماعت خانہ میں بھی نماز سنت ونفل وتلاوت قرآن، یا کسی کتاب کا دیکھنا کیسا ہے اور جماعت خانہ میں کتاب کا سنانا، اذان دینا، تکبیر کا کہنا، وعظ کہنا، عمدہ اخبار کا دیکھنا اور دینی مضامین کا ترجمہ کرنا کیسا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

یہ سب درست ہے، البتہ اذان بلند مقام پر کہنا مستحب ہے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۷)

## ہڈی یا کھجور کی گھٹلی پھینکنے کے لیے مسجد سے نکلنا:

سوال: اعتکاف کی حالت میں ہاتھ دھونے کا پانی اور دسترخوان پر ہڈی، یا کھجور کی گھٹلی وغیرہ مسجد کے باہر پھینک سکتا ہے، اسی طرح بوریا بستر وغیرہ دھوپ میں رکھ سکتا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

مسجد ہی سے گھٹلی پانی وغیرہ باہر پھینک سکتا ہے اور مسجد ہی سے سے بوریا بستر وغیرہ دھوپ میں رکھ سکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۸)

## معتکف کا ملاقاتیوں سے بات چیت اور خیریت دریافت کرنا:

سوال: باہر کے حضرات ملاقات کے لیے آئیں تو ان سے بات چیت خیریت اور دوسرے غائب حضرات کے حالات معلوم کر سکتا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

کر سکتا ہے۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۴۸)

## معتکف کا بیت الخلا جاتے ہوئے ملاقاتیوں سے بات چیت کرنا:

سوال بیت الخلا جاتے ہوئے کسی کی خیریت پوچھ سکتے ہیں، اگر کوئی اپنی خیرت معلوم کرے، سلام کا اشارہ

---

(۱-۲) ویکره تحريماً صمت وتكلم إلا بخير كقرأة قرآن. وحديث وعلم وتدريس في سير الرسول عليه السلام وقصص الأنبياء عليهم السلام وحكايات الصالحين و كتابة أمور الدين. (الدر المختار، باب الاعتكاف: ٢/٤٥٠، سعيد)

کرے تو جواب دینا وغیرہ کیسا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

آتے جاتے سلام کرنا جواب دینا خیرت بتانا پوچھنا درست ہے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۴۸-۲۴۹)

## معتکف کا صحنِ مسجد میں حجامت بنوانا:

سوال: معتکف مسجد کے فرش پر بیٹھ کر حجامت بنواسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

بنواسکتا ہے، البتہ بال وہاں نہ گرنے پائیں۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۴۹)

## اعتکاف کی حالت میں تقبیل وجہ:

سوال: معتکف نے محض دلداری کی خاطر بلاشہوت اپنی بیوی کے رخسار کو چوم لیا تو مطلق بوسہ لینا مفسد اعتکاف ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

ایسا کرنا درست نہیں، لیکن اس سے نہ اعتکاف فاسد ہوا نہ روزہ فاسد ہوا، قضا بھی واجب نہیں۔(۳) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱۰/۱۳۸۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۴۹)

## معتکف کا مسجد میں چارپائی بچھانا:

سوال: معتکف مسجد میں چارپائی بچھاسکتا ہے، یا نہیں؟ نیز چارپائی پر لیٹ سکتا ہے، یا نہیں؟ اور مکانوں میں جو

---

(۱) ویکره تحريماً صمت وتكلم إلا بخير وهو مالا إثم فيه، ومنه المباح عند الحاجة إليه لا عند عدمها، إلخ. (الدر المختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ٢/ ٤٥٠، سعيد)

(۲) مفتی رشید احمد صاحب فرماتے ہیں: ''اپنی حجامت خود بنانا جائز ہے، حجام سے بنوانے میں یہ تفصیل اگر وہ بدونِ عوض کام کرتا ہے تو مسجد کے اندر جائز ہے اور اگر بالعوض ہے، تو معتکف مسجد کے اندر رہے مگر حجام مسجد سے باہر بیٹھ کر حجامت بنوائے، مسجد کے اندر اجرت سے کام کرنا جائز نہیں''۔ (احسن الفتاوی: ۴/۵۰۶، باب الاعتکاف، سعید)

(۳) وحرم الوطن ودواعيه، لقوله تعالیٰ: ﴿ولا تباشروهن وأنتم عاكفون في المساجد﴾ فالتحق به اللمس، والقبلة؛ لأن الجماع محظور فيه، فيتعدى إلى دواعيه ... ولو أمنى بالتفكر أو بالنظر لا يفسد اعتكافه". (مراقی الفلاح، باب الاعتكاف، ص: ٧٠٥، سعيد)

عورتیں اعتکاف کرتی ہیں، وہ اپنے اعتکاف کرنے کی جگہ پر چار پائی بچھا سکتی ہیں، یا نہیں؟ اور بقیہ پورے مکان میں بغرضِ ضرورت آجا سکتی ہی، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

معتکف اپنے اعتکاف کی جگہ چار پائی بچھا سکتا ہے اوراس پر لیٹ سکتا ہے؛(۱) مگر آج کل عرفاً مسجد میں چار پائی بچھانا خلافِ احترام سمجھا جاتا ہے؛ اس لیے احتیاط چاہیے۔ عورت کو اپنی اعتکاف کی جگہ یہ اشکال نہیں، عورت اگر بلاضرورتِ شرعیہ وطبعیہ اپنے اعتکاف کی جگہ سے نکل کر مکان میں کسی اور جگہ جائے گی تو اس کا اعتکاف باقی نہیں رہے گا۔

”وللمرأة الاعتكاف في مسجد بيتها، وهو محل الصلاة فيه، ولا تخرج منه إذا اعتكفت، فلو خرجت بغير عذر، يفسد واجبه، وينتهي نفله“. (كذا في مراقي الفلاح والطحطاوي) (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۱/۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۰/۱۰)

## عورت کا حالتِ اعتکاف میں کھانا پکانا:

سوال: امرأۃ معتکفہ مسجدِ بیت میں کھانا پکا سکتی ہے، یا نہیں؟ اذان اور وضو کے لیے باہر جانے کی اجازت ہے تو ”کافی“ کی اس عبارت کے خلاف ہے:

”ويخرج لغائط أو بول أو جمعة“. (شامی، جلد ثانی)

جواب مع حوالات دیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اگر اس کا کوئی کھانا پکانے والا نہ ہو تو مسجدِ بیت میں کھانا پکا سکتی ہے، مسجدِ بیت پر تمام احکام مسجد کے جاری نہیں ہوتے۔ (۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۱۲/۲ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۱/۱۰)

---

(۱) عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه كان إذا اعتكف، طرح له فراشه، أو يوضع له سريره وراء أسطوانة العوبة. (سنن ابن ماجة، باب ما جاء في الاعتكاف، باب في المعتكف يلزم مكانا، ص: ۱۲۸، مير محمد)

(۲) حاشية الطحطاوي علىٰ مراقي الفلاح، ص: ۴۹۹، باب الاعتكاف، قديمي

(۳) چوں کہ مسجدِ بیت دوسرے احکام میں مسجدِ شرعی کے حکم میں نہیں ہے اور چوں کہ مسجدِ شرعی میں سونا، کھانا پینا وغیرہ معتکف کے لیے جائز ہے، اسی طرح اگر مسجدِ بیت میں کھانا پکایا جائے تو اس میں بظاہر کوئی مضائقہ نہیں۔

”وأكله وشربه ونومه ومبايعته فيه، يعني يفعل المعتكف هٰذه الأشياء في المسجد“. (البحر الرائق، باب الاعتكاف: ۵۳۰/۲، رشيدية)

## معتکف کا حوض سے پانی لینا:

سوال: اگر حمام مسجد کے فرش سے الگ ہو تو معتکف وضو کے لیے حوض سے پانی لے سکتا ہے، یا نہیں، جب کہ مسجد کے اندر کوئی آدمی ہی نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اگر کوئی پانی لانے والا نہیں ہے تو لا سکتا ہے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۱۳۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۱)

## معتکف کا مسجد میں بذریعۂ مائیک باہر مجمع کو خطاب کرنا:

سوال: کیا معتکف مائیک کے ذریعہ باہر کے جلسۂ عام میں مسجد میں بیٹھے بیٹھے خطاب کر سکتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

کر سکتا ہے، جب کہ وہ خطاب دینی واصلاحی مضامین سے متعلق ہو۔(۲) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۲)

## مسجد میں کاروبار اور طبیب کا مریضوں کو نسخہ لکھنا:

سوال: کیا وجہ ہے کہ معتکف اگر کاروبار کی، یا دنیاوی باتیں کرتا ہے تو اعتکاف نہیں ٹوٹتا؛ لیکن حکیم صاحب مریضوں کو نبض دیکھ کر نسخے لکھتے ہیں تو ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

مسجد دنیاوی باتوں، کاروبار، معاملات کے لیے نہیں بنائی گئی، نہ مطب کے لیے بنائی گئی ہے؛ اس لیے یہ سب چیزیں مسجد میں مکروہ ہیں؛ مگر ان سے اعتکاف نہیں ٹوٹتا۔ ضرورت کے موقع پر کوئی دوسرا آدمی کام کرنے والا نہیں اور مثلاً دوکاندار مسجد میں نماز کے لیے آیا، اس سے معتکف نے کہہ دیا کہ فلاں چیز اپنی دکان سے ہمارے مکان پر بھجوا دو تو اس کی اجازت ہے، اسی طرح کوئی مریض اتفاقیہ آیا، اس کو حکیم صاحب نے دوا تجویز کر دی، جو ان کے مطب سے

(۱) ویخرج للوضوء والاغتسال فرضاً کان أو نفلاً. (الفتاویٰ التاتارخانیة، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف: ۲/۳۱۳، قدیمی)

(۲) لٰکنه یلازم القرآن، والذکر والحدیث والعلم و دارسته وسیر النبی صلی اللّٰه علیه وسلم وقصص الأنبیاء علیهم السلام وحکایات الصالحین. (مراقی الفلاح، باب الاعتکاف، ص: ۷۰٤، قدیمی)

مل گئی تو مضائقہ نہیں؛ مگر مستقل یہ مشغلہ وہاں اختیار نہ کیا جائے۔(۱) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۲-۲۵۳)

## معتکف کا خارجِ مسجد بات چیت کرنا:

سوال: کیا معتکف کا مسجد میں پیشاب، یا پاخانہ کی جگہ تک راستہ میں بات کرنا جائز نہیں، اگر بات کرے گا تو اعتکاف باطل ہو جائے گا اور اس طریقہ پر سلام کا جواب دینا بھی جائز نہیں، اگر ایک آدھ بات کر لی تو کیا اس صورت میں بھی اعتکاف کا بطلان لازم آئے گا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اس سے اعتکاف باطل نہیں ہوگا۔

”ولایخرج من معتکفه إلا لحاجة شریعة،أو طبعیة:أی یدو إلیها طبع الإنسان،لوذهب بعد إن خرج إلیها لعیادة مریض،أو صلاة جنازه من غیر أن یکون لذلک قصا،جاز بخلاف ما إذا خرج لحاجة الإنسان ومکث بعد فراغه،فإنه ینتقض إعتکافه عند الإمام،آه“. (طحطاوی علیٰ مراقی الفلاح: ۲/۴۳۳) (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۹/۱۳۸۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۳)

## معتکف کا قرآن پاک پڑھانا:

سوال: معتکف قرآن مجید ناظرہ پڑھا سکتا ہے، یا نہیں، جب کہ بچے پہلے سے بھی پڑھتے ہوں؟

(محمد عاصم، مکتبہ اسلامیہ، ڈاکخانہ گجھیز کچہری، کانپور)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

پڑھا سکتا ہے؛(۳) لیکن اگر بچے اتنے چھوٹے ہوں کہ پاکی ناپاکی کو نہ سمجھتے ہوں تو ان کو مسجد نہ میں بٹھایا جائے۔(۴) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۴)

---

(۱) والکلام المباح،وقیده فی الظهیریة بأن یجلس لأجله،فإنه حینئذٍ لایباح بالاتفاق؛لأن المسجد ما بنی لأمور الدنیا،وفی صلاة الجلالی:الکلام المباح من حدیث الدنیا یجوز فی المساجد وإن کان الأولیٰ أن یشتغل بذکر اللّٰه تعالیٰ.(الدرالمختارمع رد المحتار،باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها: ۱/۶۶۲،سعید)

(۲) حاشیة الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح،ص: ۷۰۲،باب الاعتکاف،قدیمی

(۳) وأما آدابه ... ویلازم التلاوة والحدیث والعلم وتدریسه وسیرالنبی صلی اللّٰه علیه وسلم،آه“. (الفتاویٰ الهندیة،کتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتکاف: ۱/۲۱۲،رشیدیة)

(۴) ویرحم داخل صبیان ومجانین حدیث غلب تنجیسهم،وإلا فیکره.(الدر المختار،کتاب الصلاة،باب ما یفسد الصلوٰة وما یکره فیها: ۱/۶۵۶،سعید)

## اعتکافِ مسنون توڑ دینے سے اس کی قضا:

سوال: رمضان المبارک میں بالخصوص عشرۂ اخیرہ میں اعتکاف شروع کر دینے کے بعد لازم ہوتا ہے، یانہیں؟ اگر چھوڑ دے تو قضا لازم ہوگی، یانہیں؟ صلوٰۃ پر قیاس کرتے ہوئے کہ نوافل شروع کر دینے کے بعد لازم ہوجاتا ہے، چھوڑ دینے پر قضا لازم ہوتی ہے، یانہیں؟ آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عمل کہ عشرۂ اخیرہ میں جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وحضرت زینب رضی اللہ عنہا نے اعتکاف کے لیے خیمے مسجد میں لگادئے تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام خیموں کو مسجد سے باہر کر دیا اور توڑ دیا اور پھر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "**ما أنا بمعتكف**" چناں چہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شوال میں دس دن اعتکاف کیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قضا لازم ہوتی ہے۔

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلياً**

ظاہر نظیر کا یہی تقاضا ہے، جو آپ نے کہا؛ تاہم "**الأشباہ و النظائر**" سے معلوم ہوتا ہے کہ سنتِ مؤکدہ کو شروع کر کے آگے توڑ دے تو اس کی قضا لازم نہیں۔ (۱) عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف بھی سنتِ مؤکدہ ہے، گو علی الکفایہ ہے۔

"**ومقتضى النظير: أنه لو شرع في المسنون أعني العشر الأواخر بنيته، ثم أفسده أن يجب قضاءه تخريجا علىٰ قول أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ في الشروع في نفل الصلاة ناويا أربعا، لا علىٰ قولهما**". (فتح القدير: ۱۰۸/۲) (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۹/۱۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۹/۱۱ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۴/۱۰-۲۵۵)

## عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف کو توڑنے کی وجہ سے قضا وادا اعتکاف ایک ساتھ:

سوال: زید نے رمضان شریف میں آخری عشرہ کا اعتکاف کیا، تین دن اعتکاف کے بعد اچانک خبر آگئی کہ حج بیت اللہ سے سفر میں جانا ہے، جس کی وجہ سے مجبوراً اعتکاف توڑ کر جانا پڑا تو اب اس عشرہ کی قضا کرنا لازم ہے، یانہیں؟ نیز قضا کی کیا صورت ہوگی؟ اور اگر امسال رمضان کے اخیر عشرہ میں قضا وادا کو مدغم کرنا چاہے تو کرسکتا ہے، یانہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلياً**

احوط تو یہی ہے کہ بعد رمضان پورے عشرہ کا اعتکاف کرلے اور اس عشرہ کے روزے بھی رکھے؛ لیکن یہ حکم وجوبی نہیں،

---

(۱) **إذا شرح في صلاة وقطعها قبل اكمالها، فإنه يقضيها إلا الفرض و السنن. (الأشباه والنظائر)**

**قال الحموي: "وأما في السنة، فلأنها وإن وجبت بالشروع إلا أنه أفسدها في الوقت فيؤديها ... أنه لو شرع في سنة من السنن أو التراويح، لايلزمه المضي ولا قضائه إذا أفسدن. (شرح الحموي، كتاب الصلاة: ۱۹/۲، إدارة القرآن كراتشي)**

(۲) **فتح القدير، باب الاعتكاف: ۳۹۳/۲، مصطفى البابي الحلبي مصر**

جس دن اعتکافِ مسنون توڑا ہے، اس دن کی قضا بھی کافی ہے۔(۱) گزشتہ رمضان کے عشرۂ اخیرہ کو توڑے ہوئے مسنون اعتکاف کی قضا کے لیے امسال رمضان کے عشرہ اخیرہ کا اعتکاف کافی نہیں، وہ اس میں ادا نہیں ہوگا۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۱۳۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۹/۱۳۸۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۵-۲۵۶)

## اعتکاف میں غسل میت کے لیے نکلنا، مستورات کا اعتکاف ٹوٹ جانے پر قضا کا حکم:

سوال: میں ۲۰/رمضان المبارک کو اعتکاف میں بیٹھ گئی، ۲۲/رمضان المبارک کو ۱۱/بجے دن میں میری بھتیجی کی وفات ہوگئی جس میں اپنے بھائی کے گھر جو چند گز کے فاصلہ پر ہے، چلی گئی اور بھتیجی کو غسل دے کر کفن وغیرہ پہنا کر جب جنازہ گھر سے چلا گیا، واپس میں اپنے گھر چلی آئی اور پھر اعتکاف میں بیٹھ گئی، اپنے بھائی کے گھر جب تک رہی ان لوگوں کو صبر دلاتی رہی اور سمجھاتی رہی۔

اب سوال یہ ہے کہ میرا اعتکاف صحیح ہوا کہ نہیں؟ یہاں کے امام صاحب سے پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ اعتکاف صحیح نہیں ہوا۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

بھتیجے کے انتقال پر وہاں جا کر غسل وکفن کرنا اور ان لوگوں کو صبر دلانا بہت اجر وثواب کی چیز ہے؛ لیکن اعتکاف سے نکلنا اس مقصد کے لیے بھی درست نہیں؛(۲) تاہم اعلیٰ بات یہ ہے کہ آپ دس روز کا اعتکاف مستقل کر لیں، اس میں روزہ بھی رکھیں، حالات اس کی اجازت نہ دیں تو جس روز وہاں جانا ہوا، صرف ایک روزہ کا اعتکاف اور روزہ رکھ کر کرلیں۔(۳) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۱۳۱۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۵۶-۲۵۷)

---

(۱) ولوشرع فيه ثم قطع،لايلزمه القضاء في رواية الأصل،وفي رواية الحسن: يلزمه.وفي الظهيرية:عن أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ:أنه يلز يومان.(الفتاویٰ التا تارخانية،الفصل الثاني عشرفي الاعتكاف:٤١٤/٢،إدارة القرآن كراتشي)

فلوشرع في نفله ثم قطعه،لايلزمه قضائه ... وما في بعض المعتبرات:أنه يلزم بالشروع مفرغ على الضعيف.(الدر المختار،باب الاعتكاف:٤٤٤/٢،سعيد)

(۲) فإن خرج ساعة بلا عذر فسد ... وعن هٰذا فسد إذا عاد مريضاً،أوشهد جنازة تعينت إلا أنه لايأثم،بل يجب عليه الخروج ... فالظاهرأن العذر الذي لايغلب مسقط لاثم لا البطلان.(النهر الفائق،باب الاعتكاف:٤٧/٢،إمدادية ملتان)

(۳) ولوشرع فيه ثم قطع،لايلزمه القضاء في رواية الأصل،وفي رواية الحسن: يلزمه.وفي الظهيرية:عن أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ:أنه يلز يومان.(التفاویٰ التا تارخانية،الفصل الثاني عشرفي الاعتكاف:٤١٤/٢،إدارة القرآن كراتشي)

"فلوشرع في نفله ثم قطعه،لايلزمه قضائه ... وما في بعض المعتبرات:أنه يلزم بالشروع مفرغ على الضعيف".(الدرالمختار،باب الاعتكاف:٤٤٤/٢،سعيد)

## نفلی اعتکاف:

سوال: رمضان المبارک کے مہینہ کے علاوہ دوسرے ایام میں نفلی اعتکاف کی نیت سے مسجد میں قیام کرنا کیسا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

نفلی اعتکاف بغیر رمضان کے بھی ہوسکتا ہے اور ایسے معتکف کو بھی مسجد میں قیام کرنا درست ہے۔ (شامی: ۱۲۹/۲)(۱)
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۷/۱۰)

## نفلی اعتکاف کے حقوق اور پابندیاں:

سوال: اعتکاف سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ میں جو پابندی، یا حقوق ہیں، وہ مستحب اعتکاف میں بھی ہیں، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

وہ پابندیاں نفلی اعتکاف میں بھی ہیں؛ مگر ایک تو اس میں روزہ کی قید نہیں اور اعتکافِ مسنون رمضان شریف کے اخیر عشرہ میں ہوتا ہے، اس میں روزہ بھی ہوتا ہے، دوسرے بلاضرورت جب مسجد سے معتکف نکلے گا تو نفلی اعتکاف جس کی کوئی مدت معین نہیں کی تھی، وہ ختم ہوجائے گا، فاسد نہیں ہوگا، اعتکافِ مسنون ایسی حالت میں فاسد ہوجاتا ہے۔ (شامی: ۱۳۰/۲)(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۷/۱۰)

## نفلی اعتکاف تھوڑی دیر کے لیے لفظوں میں اعتکاف کی نیت:

سوال: نفلی اعتکاف گھنٹے آدھ گھنٹے کا بھی ہوجاتا ہے، یا نہیں؟ اور اگر ہوجاتا ہے تو مسجد میں جاتے وقت؛ یعنی داخل ہوکر کیا نیت کرنی چاہیے، جو روزانہ اعتکاف کا ثواب مل جایا کرے؟ لفظوں میں نیت کا طریقہ بتلا دیجئے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

''میں جتنی دیر تک مسجد میں ٹھہروں اللہ کے لیے معتکف ہوں''۔ اس نیت سے مسجد میں داخل ہوجایا کرے، بس جتنی دیر تک وہاں رہے گا، اعتکاف کا ثواب ملے گا، گھنٹہ بھر ٹھہرے، یا کم وبیش۔ (۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/۲۶/۷ ۱۳۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/۲۶/۷ ۱۳۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۸/۱۰)

---

(۱) (هو) ... (لبث) ... (ذكر) ... (في مسجد جماعة) ... (بنية) ...(وهو ثلاثة أقسام) ... (مستحب في غيره من الأزمنة)، هو بمعنى غير المؤكدة. (الدر المختار، باب الاعتكاف: ٤٤٠/٢ـ ٤٤٢، سعيد)

(۲) (وشرط لصوم) لصحة (الأول): أن النذر اتفاقا (فقط) ... (وحرم عليه): أي على المعتكف اعتكاف واجباً، أكان النفل فله الخروج؛ لأنه منه له لا مبطل (الخروج إلا لحاجة الإنسان. (رد المحتار، باب الاعتكاف: ٤٤٢/٢، سعيد)

(۳) وأقله نفلاً ساعةً من ليل أو نهار عند محمد، وهو ظاهر الرواية عن الإمام، لبناء النفل على المسامحة، وبه يفتى''. (الدر المختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ٤٤٣/٢، سعيد)

## نفلی اعتکاف مسجد میں نہ کہ گھر میں:

سوال: کیا اعتکاف نفلی بھی ہوتا ہے؟ اگر کوئی آدمی مسجد میں جاوے اور نیت کر لے کہ میں جب تک مسجد میں رہوں گا، میرا اعتکاف ہے، کیا اس کو نفلی اعتکاف کا ثواب ملے گا؟ کیا نفلی اعتکاف گھر میں بھی کیا جا سکتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

مسجد میں اس طرح نیت کرنے سے نفلی اعتکاف کا ثواب ملے گا،(۱) مرد کو اس طرح گھر میں ثواب نہیں ملے گا۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔ الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۹/۱۰)

## فجر کی سنت پڑھ کر اعتکاف کی نیت کر کے لیٹنا:

سوال: میں کبھی کبھی کھانا کھا کر اور کبھی قبل فجر تھوڑی دیر جب جماعت میں دیر ہوتی ہے تو بوجہ کمزوری لیٹ جاتا ہوں، مسجد میں اعتکاف کی نیت سے؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جماعت کے انتظار میں سنتیں پڑھ کر، یا پہلے مسجد میں جب کہ کمزوری کی وجہ سے بیٹھنا دشوار ہو، کچھ دیر کے لیے لیٹ جانے میں مضائقہ نہیں،(۳) خاص کر اعتکاف کی نیت کر کے، مگر اسی طرح ہو کہ نمازیوں کو تکلیف نہ ہو۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۲۵۸/۱۰)

## اعتکاف کے چند ضروری مسائل:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائلِ ذیل میں کہ:

---

(۱) وأقله نفلاً ساعةً من ليل أونهار عند محمد، وهو ظاهر الرواية عن الإمام، لبناء النفل على المسامحة، وبه يفتى. (الدر المختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۳/۲، سعيد)

(۲) ومقتضاه أنه يندب للرجل أيضا أن يخصص موضعاً من بيته لصلوٰته النافلة، أما الفريضه والاعتكاف فهو في المسجد كما لايخفى، إلخ. (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۱/۲، سعيد)

(۳) وقولنا في ذلك (أي الاضطجاع بعد ركعتي الفجر) مثل قول مالك: ان هٰذ الاضطجاع من سنن العادة له صلى الله عليه وسلم لا من سنن العبادة، فلا ترى به بأساً لمن فعله راحة، ولوفعله اقتفاء بعادتة الشريفة صلى الله عليه وسلم، روجنا له الأجر في ذلك كما هوحكم سائر عاداته صلى الله عليه وسلم أنه لو فعله أحد القتفائبه في عاداته كان مأجوار ونكراه لمن فعله استانا وتجتما. (إعلاء السنن، كتاب الصلاة، باب النوافل والسنن في حكم الاضطجاع بعد ركعتي الفجر: ۲۲/۷، إدارة القرآن كراتشي)

## معتکف ایک ہی جگہ بیٹھے، یا کسی دوسری جگہ بھی بیٹھ سکتا ہے:

سوال (۱) معتکف مسجد میں مخصوص ایک ہی جگہ بیٹھے یا ہر جگہ بیٹھ سکتا ہے؟

## معتکف کا خارجِ مسجد اذان پڑھنا:

(۲) معتکف مسجد میں یا خارج مسجد اذان پڑھ سکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا نمازِ جمعہ کے لیے شہر جانا:

(۳) معتکف ایسے گاؤں میں ہے، جس میں شرعا جمعہ درست نہیں تو وہ نماز جمعہ کے لیے شہر جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## ایضا:

(۴) اگر کوئی شخص شہر میں ایسی جگہ معتکف ہے، جہاں جمعہ نہیں ہوتا تو اسی شہر میں دوسری جگہ نمازِ جمعہ کے لیے جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## اعتکاف ہر مسجد میں ہو، یا کسی ایک مسجد میں کافی ہے:

(۵) گاؤں اور شہر کی ہر مسجد میں اعتکاف ضروری ہے، یا فقط ایک ہی مسجد میں کافی ہوگا؟

**الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

(۱) ایک جگہ بیٹھنا لازم نہیں، مسجد کے کسی بھی حصہ میں جانے کی اجازت ہے، مثلاً اندر گرمی ہو تو صحن میں بھی آ سکتا ہے۔(۱)

(۲) معتکف کو اذان پڑھنے کی اجازت ہے، اگر وہ مؤذن ہے تو اذان کی متعینہ جگہ (خارج مسجد) بھی اذان پڑھ سکتا ہے۔(۲)

---

(۱) مفتی عزیز الرحمٰن صاحب فرماتے ہیں: ''معتکف جس مسجد میں معتکف ہے، اس تمام مسجد میں جس جگہ چاہے وہ رہ سکتا ہے اور ہو سکتا ہے''۔ (فتاوی دار العلوم: ۵۰۳/۶، باب الاعتکاف)

''ہر وقت گوشہ میں رہنا ضروری نہیں۔۔۔ باقی اوقات میں جہاں چاہے اٹھے بیٹھے''۔ (امداد الاحکام: ۱۴۵/۲، باب الاعتکاف، مکتبۃ دار العلوم کراچی)

(۲) ولو صعد المئذنة لم يفسد اعتكافه بلاخلاف، وإن كان باب المئذنة خارج المسجد، والمؤذن وغيره فيه سواء. (الفتاوٰى الهندية، الباب السابع فى الاعتكاف: ۲۱۲/۱، رشيدية)

(وحرم عليه) الخروج إلالحاجة الإنسان طبعية كبول أوغائط ... أوشريعة كعيد وأذان، لومؤذناً وباب المنارة خارج المسجد. (الدرالمختارمع رد المحتار، باب الاعتكاف: ۴۴۵/۲، سعيد)

(۳) جب کہ اس پر جمعہ فرض نہیں ہے تو اس کو اعتکاف کی جگہ سے نکل کر شہر میں جمعہ کے لیے جانے کی اجازت نہیں۔(۱)

(۴) جو شخص شہر کی کسی مسجد میں معتکف ہو جہاں جمعہ نہیں ہوتا، وہ جمعہ والی مسجد میں جمعہ کے لیے جائے اور نماز پڑھ کر واپس آجائے، بلاضرورت دیر نہ لگائے۔(۲)

(۵) اچھا تو یہ ہے کہ ہر مسجد میں اعتکاف کیا جائے، ہر محلّہ میں کسی مسجد میں اعتکاف کرلیا جائے، تب بھی کافی ہوگا۔(۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۳/۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۳/۲ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۶۰-۱۶۲)

## اعتکاف اور مسجد کے متعلق ضروری مسائل:

اعتکاف سے متعلق مندرجہ ذیل مسائل کا شرعی حکم کیا ہے، تحریر فرمائیں:

## اخراجِ ریح معتکف مسجد میں کرے یا باہر جائے:

سوال (۱) اگر ریح کا غلبہ ہو تو اس کو خارج کرنے کے لیے معتکف مسجد سے باہر جائے یا احاطہ مسجد ہی میں کرے؟

---

(۱) (هو) ... (لبث) ... (ذكر) .... (في مسجد جماعة)، هو ما له إمام ومؤذن أديت فيه الخمس، أولا، وعن الإمام اشتراط أداء الخمس فيه. (الدر المختار، باب الاعتكاف: ۲/ ٤٤٠، سعيد)

معتکف صرف حاجتِ شرعیہ اور حاجتِ طبعیہ کے لیے نکل سکتا ہے، جب کہ جمعہ اس پر فرض نہیں تو جمعہ کے لیے نکلنا بغیر حاجت کے نکلنا ہے اور بغیر حاجت کے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہوجاتا ہے۔

(۲) ويخرج لجمعة حين تزول الشمس، إن كا معتكفه قريباً من الجامع بحيث لو انتظر زوال الشمس، لا تفوته الخطبة والجمعة. (الفتاویٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۱/ ۲۱۲، رشيدية)

(۳) اس کے لیے صریح جزئیہ تو نہیں ملا، البتہ علامہ شامیؒ کی ایک تشبیہ سے بظاہر پتہ چلتا ہے کہ اعتکاف بھی تراویح کی طرح ہر مسجد میں ہونا چاہیے۔

قال العلامة ابن عابدين: (قوله: سنة على الكفاية) نظيرها اقامة التراويح بالجماعة، فإذا قام بها البعض، سقط الطلب عن الباقين، فلم يأثموا بالمواظبة على الترك بلا عذر. ولو كان سنة عين، لأثموا بترك السنة إثماً دون إثم ترك الواجب. (رد المحتار، باب الاعتكاف: ۲/ ٤٤٢، سعيد)

وقال أيضاً: (قوله: والجماعة فيها سنة على الكفاية) أفاد أن أصل التراويح سنة عين ... وهل المراد أنها سنة كفاية لأهل كل مسجد من البلدة، أو مسجد واحد منها، أو من المحلة؟ ظاهر كلام الشارح الأول، واستظهر الثاني، ويظهر لي الثالث، لقول المنية: حتیٰ لو ترك أهل المحلة كلهم الجماعة، فقد تركوا السنة، وأساؤا. (رد المحتار على الدر المختار، مبحث صلاة التراويح: ۲/ ٤٥، سعيد)

## ایک قدم مسجد کے اندر، دوسرا باہر ہو تو اعتکاف کا حکم:

(۲) اگر ایک قدم ہے، مسجد کے اندر اور ایک دوسرا باہر تو اعتکاف ٹوٹے گا، یا نہیں؟

## کتاب، یا قرآن پاک پڑھنے کے لیے معتکف کا مسجد کا تیل جلانا:

(۳) معتکف مسجد کا تیل کتاب، یا کلام مجید پڑھنے کے لیے جلا سکتا ہے، یا نہیں؟

## ایضا:

(۴) معتکف مسجد میں دیا سلائی سے چراغ روشن کرے، یا چراغ جلانے کو باہر جائے؟

## معتکف کا کھانا کھانے کے لیے گھر جانا:

(۵) معتکف اپنا کھانا مکان پر جا کر کھا سکتا ہے، یا نہیں، جب کہ لانے والا موجود نہ ہو؟

## گرم پانی لینے کے لیے معتکف کا باہر جانا:

(۶) اگر گرم پانی دور ہے اور سرد پانی نزدیک تو گرم پانی لے جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## گرمی، یا سردی کی وجہ سے وضو کے لیے معتکف کا خارجِ مسجد جانا:

(۷) احاطۂ مسجد میں گرمی زیادہ ہے، یا سردی زیادہ ہے تو وضو کے لیے باہر سایہ میں جا سکتا ہے، یا نہیں؟

(۸) مسجد کی چٹائی، یا دیواروں پر تیمّم کر سکتا ہے، یا نہیں؟

## پانی لانے کے لیے معتکف کا خارجِ مسجد جانا:

(۹) اگر پاس موجود ہو تو پھر بھی خود پانی لا سکتا ہے، یا نہیں؟

## حالتِ اعتکاف میں حجامت بنانا:

(۱۰) کیا حالتِ اعتکاف میں حجامت بنوا سکتا ہے، یا نہیں؟

## ابتدائے اعتکاف کا وقت:

(۱۱) ۲۰ر تاریخ کو اذان مغرب ہو جائے، تب بھی اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے، یا نہیں؟

(سعید احمد خان کھیڑوی)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

(۱) حدود مسجد سے باہر جانے کی ضرورت نہیں۔(کذا فی الدر المختار: ۱/ ۶۸۷)(۱)

(۲) نہیں۔"قوله: الخروج الخ المراد بالخروج انفصال قدميه". (طحطاوی، ص: ۴۷۵)(۲)

(۳) اوقاتِ نماز میں جب تک چراغ جلنے کا عرف ہو، جلا سکتا ہے اور اس کے بعد تیل دینے والوں کی اجازت سے جلا سکتا ہے۔(۳)

(۴) مسجد میں دیا سلائی جلانے کو فتاوی رشیدیہ: ۲/۱۱۳ میں حرام لکھا ہے،(۴) اگر بد بودار نہ ہو تو مضائقہ نہیں۔(فتاوی رشیدیہ، ص:۶)(۵)

(۵) کھا سکتا ہے، کذا فی البحر: ۲/۳۰۳، شرط مذکور کے ساتھ۔(۶)

(۶) اگر سرد پانی سے وضو کرنے میں زیادہ دقت ہوتی ہے اور حدوث مرض، یا ازدیاد مرض کا اندیشہ ہے تو جا سکتا ہے۔(۷)

(۷) زیادہ وقت کی حالت میں جا سکتا ہے جب کہ تحمل نہ ہو۔(۸)

(۸) چٹائی پر اگر غبار ہو تو اس سے تیمّم درست ہے،(۹) دیوار مسجد سے بعض کتب فقہ میں مکروہ لکھا ہے۔(۱۰)

---

(۱) وإذا فسا في المسجد لم ير بعضهم به بأساً، وقال بعضهم: إذا احتاج إليه يخرج منه، وهو الأصح. (رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب: يعرفة أفضل من يوم الجمعة: ۱/ ۱۷۲، سعيد)

(۲) حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۷۵، دار المعرفة، بيروت

(۳) ولا بأس بأن يترك سراج المسجد في المسجد إلى ثلث الليل، ولا يترك أكثر من ذلك، إلا إذا شرط الواقف ذلك، أو كان ذلك معتاداً في ذلك الموضع. (الفتاوىٰ الهندية، الفصل الثانى فيما يكره في الصلاة، وما لا يكره: ۱/ ۱۱۰، رشيدية)

(۴) فتاوی رشیدیہ، ص: ۲۱۰، باب: مسجد کے احکام کا بیان، سعید

(۵) مفتی رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "چراغ خارجِ مسجد روشن کر کے لے جاوے، یا موم کی دیا سلائی سے روشن کرے"۔(فتاوی رشیدیہ، ص: ۲۱۸)

(۶) وفي الفتاوى الظهيرية: وقيل: يخرج بعد الغروب للأكل والشرب، وينبغي حمله علىٰ ما إذا لم بجد من يأتي له به، فحينئذٍ يكون من الحوائج الضرورة كالبول والغالط. (البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۵۳۰، رشيدية)

(۷-۸) فلا يخرج المعتكف من معتكفه ليلاً ولا نهاراً إلا بعذر، وإن خرج من غير عذر ساعة، فسد اعتكافه. (الفتاوىٰ الهندية، الباب السابع في الاعتكاف: ۱/ ۲۱۲، رشيدية)

(۹) فيجوز التيمم بالتراب وأرمل والسجنة المنعقدة من الأرض ... وبالحجر عليه غبار. (الفتاوىٰ الهندية، الباب الرابع في التيم: ۱/ ۲۶-۲۷، رشيدية)

(۱۰) ويكره مسح الرجل من طين والردغه باسطوانة المسجد أو بجائطه. (فتاوى قاضى خان على هامش الفتاوى الهندية، باب التيمم، فصل في المسجد: ۱/ ۶۵، رشيدية)

(۹) نہیں،(هكذا يفهم مما في البحر: ۲/ ۳۰۳)اگر دوسرے منگا سکتا ہے تو خود جانا جائز نہیں۔(۱)

(۱۰) بال بنوا سکتا ہے۔(۲) حجامت بنوانا، جس میں خون نکلتا ہے، منع ہے۔(۳)

(۱۱) غروب آفتاب سے کچھ پہلے اعتکاف کی جگہ میں آجانا چاہیے؛ کیوں کہ عین غروب کے وقت مہینہ ختم ہونے پر اعتکاف ختم ہو جائے گا، پس اگر کوئی ۲۰/ تاریخ کو بعد غروب بنیتِ اعتکاف مسجد میں آیا تو جس قدر دیر کر کے آیا ہے، اتنا وقت ایک عشرہ میں سے کم ہو جائے گا اور ایک عشرہ کا اعتکاف مسنون ہے۔(۴) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲/ رجب ۱۳۵۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۲۶۲-۲۶۶)

## اعتکاف کے ۶۴/ مسائل:

برائے کرم حسبِ ذیل مسائل میں شرعی حکم سے آگاہ کریں، تمام سوالات ماہِ رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے اعتکاف کے بارے میں ہیں:

## عشرۂ اخیرہ کے اعتکاف کا حکم:

سوال (۱) رمضان کے اخیر عشرہ کا اعتکاف فرض ہے، یا سنت؟

## معتکف کون کون ہو سکتا ہے:

(۲) معتکف، نیچے لکھے آدمیوں میں سے کون کون ہو سکتا ہے؟

(۱) غلام، (۲) کوڑھی، (۳) اندھا، (۴) اجہل، (۵) مخنث (ہیجڑا)، (۶) سدا سہاگن، (۷) بے نمازی، (۸) بے روزہ دار، (۹) گونگا، بہرا، (۱۰) نیم پاگل، (۱۱) فقیر، (۱۲) مجذوب، (۱۳) مقروض، فاسق وفاجر، (۱۵) حاملہ جب کہ دن قریب ہوں۔

---

(۱) وأكله وشربه و نومه ومبنايعته فيه يعني يفعل المعتكف هذه الأشياء في المسجد،فإن خرج لأجلها بطلع اعتكافه؛ لأنه لا ضرورة إلى الخروج حيث جازت فيه ... وقيل:يخرج بعد الغروب للأكل والشرب،وينبغي حمله على ما إذا لم يجد من يأيت له به، فحينئذ يكون من الحوائج الضرورة كالبول والغائط.(البحر الرائق،باب الاعتكاف: ۲/ ۳۰۵،رشيدية)

(۲) مفتی رشید احمد صاحب فرماتے ہیں: اپنی حجامت خود بنانا جائز ہے، حجام سے بنوانے میں یہ تفصیل اگر وہ بدونِ عوض کام کرتا ہے تو مسجد کے اندر جائز ہے اور اگر بالعوض ہے تو معتکف مسجد کے اندر رہے؛ مگر حجام مسجد سے باہر بیٹھ کر حجامت بنوائے، مسجد کے اندر اجرت سے کام کرنا جائز نہیں''۔ (احسن الفتاوی: ۴/ ۵۰۶، باب الاعتکاف، سعید)

(۳) فلايجوز الاستصباح بدهن نجسن فيه ولا البول الفصد.(الدر المختار)وأما الفصد فيه في إناء، فلم أره، وينبغي أن لا فرق اه: أي لا فرق بينه وبين البول.(ردالمختار،باب ما يفسد الصلاة: ۱/ ۶۵۶،سعيد)

(۴) وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان: أي سنة كفاية.(الدر المختار،باب الاعتكاف: ۲/ ۴۴۲،سعيد)

## معتکف کا گھر میں بیٹھنے کا حکم:

(۳) معتکف کا مسجد میں بیٹھنا ضروری ہے، یا مسجد ہوتے ہوئے گھر میں بھی بیٹھ سکتا ہے؟

## عورت کے اعتکاف سے مردوں سے سقوطِ اعتکاف:

(۴) کوئی صاحب مسجد میں معتکف نہ ہوئے ایک عورت گھر پر معتکف ہوگئی۔ کیا حکم ہے؟

## مسجد میں عورتوں کے لیے مخصوص کی گئی جگہ میں عورت کا اعتکاف:

(۵) مسجد میں عورتوں کی نماز پڑھنے کی جگہ ایک مقرر ہے، اس حصہ میں ایک عورت معتکف ہوسکتی ہے، یا نہیں؟ اوراس کے اعتکاف سے بستی کا بوجھ اتر جائے گا، یانہیں؟

## کیا اعتکاف کے لیے مسجد، اذان اور جماعت شرط ہیں:

(۶) اعتکاف کے لیے مسجد، اذان، نماز جماعت شرط ہے، یا جس مقام میں نہ ہو، یا چند مسلمان نمازی روزہ دار ہوں، یا گاؤں میں چند مکان مسلمانوں کے ہوں، نہ نماز پڑھتے ہوں، نہ روزہ رکھتے ہوں، وہاں بھی اعتکاف ضروری ہے، یانہیں؟

## ۲۴ر رمضان کو معتکف کا انتقال ہوجائے:

(۷) معتکف کا ۲۴ر رمضان المبارک کو انتقال ہوگیا، کیا حکم ہے؟

## دو آدمیوں کے پانچ پانچ دن اعتکاف سے ادائے سنت:

(۸) بغرض مجبوری دو صاحب پانچ پانچ یوم معتکف ہوئے، کیا حکم ہے؟

## معتکف کی چہل قدمی کے لیے احاطۂ مسجد میں حدود:

(۹) مسجد کا احاطہ کافی لمبا چوڑا ہے، معتکف کہاں تک چل پھر سکتا ہے؟

## قضائے حاجت کے لیے نکلتے وقت معتکف کی بات چیت:

(۱۰) پاخانہ آتے جاتے معتکف لوگوں سے بات چیت کرسکتا ہے، یانہیں، اگر کرسکتا ہے تو کتنی دیر تک اور کس قسم کی بات چیت کرسکتا ہے؟

## معتکف کا احاطۂ مسجد میں پھلو، سبزیوں کی دیکھ بھال کرنا:

(۱۱) مسجد کے احاطہ میں پھل، پھول، سبزی لگی ہے، معتکف اس کی دیکھ بھال کرسکتا ہے، یانہیں؟

## مسجد سے ملحق باغ کی نگرانی کرنا:

(۱۲) مسجد سے ملحق باغ ہے، معتکف مسجد میں بیٹھے بیٹھے چلتے پھرتے باغ کی نگرانی کرسکتا ہے؟ پرندوں کو بھگانے کے لیے ڈوری کھینچ چلاسکتا ہے، یانہیں؟

## مسجد کی تعمیر میں معتکف کا کام کرنا:

(۱۳) تعمیرِ مسجد کا کام مسجد میں جاری ہے، معتکف مزدوری سے یا فی سبیل اللہ کام کرسکتا ہے، یانہیں؟

## حالتِ اعتکاف میں ماہواری، یاشوہر کی ہمبستری کا حکم:

(۱۴) عورت گھر پر معتکف تھی، ماہواری خون جاری ہوگیا، یاشوہر نے جبراصحبت کرلی، پھر معتکف ہوگئی، کیا حکم ہے؟

## قضائے حاجت کے لیے گھر جاکر ہمبستری سے اعتکاف کا حکم:

(۱۵) معتکف گھر پاخانہ کرنے گیا، پاخانہ میں اس کی عورت تھی اس کو دیکھ کر دماغی توازن کھو بیٹھا اور صحبت کرلی، بعد فراغت غسل کرکے معتکف ہوگیا۔ کیا حکم ہے؟ جب کہ دوسرا کوئی معتکف نہیں ہے۔

## حالتِ اعتکاف میں بیوی کا بوسہ لینا:

(۱۶) معتکف کی بیوی کھانا دینے مسجد میں آئی، معتکف نے بوسہ لے لیا۔ کیا حکم ہے؟

## حالتِ اعتکاف میں پاگل ہوجانے اور مسجد سے بجبوری نکلنے کا حکم:

(۱۷) معتکف ۲۴/رمضان کو پاگل ہوگیا، کیا حکم ہے؟ معتکف پاخانہ، پیشاب کے علاوہ بہ حالتِ مجبوری کن کن حالات میں مسجد سے نکل سکتا ہے؟

## حالتِ اعتکاف میں نمازِ جنازہ میں شرکت:

(۱۸) معتکف کے قریبی عزیز کا انتقال ہوگیا، جنازہ میں شرکت کرسکتا ہے، یانہیں؟ یا نماز جنازہ مسجد کے باہر ہورہی ہے، شرکت کرسکتا ہے، یانہیں؟

## معتکف کا بیوی، یا بچے کی تجہیز وتکفین کا انتظام کرنا:

(۱۹) معتکف کی بیوی، یا بچے کا انتقال ہوگیا، تجہیز وتکفین کا انتظام کرتا ہے، کیا حکم؟

## معتکف کا شادی میں شرکت کرنا:

(۲۰) معتکف کی، یا کسی عزیز کی، یا لڑکی کی شادی ہے، شرکت کرسکتا ہے، جاسکتا ہے، یانہیں؟

## معتکف کا پانی لینے تالاب، ندی یا کنویں پر جانا:

(۲۱) مسجد میں پانی نہیں، معتکف وضو کرنے، یا پانی لینے تالاب، ندی، یا کنویں پر جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## پانی ہو تو غسلِ جنابت میں تیمّم کرے، یا باہر جا کر غسل کرے:

(۲۲) معتکف کو غسل کی حاجت ہوگئی مسجد میں پانی نہیں ہے، کیا حکم ہے، تیمّم کرے یا باہر جا کر غسل کرے؟

## معتکف کا سحری، یا افطاری لینے گھر جانا:

(۲۳) ۲۸/رمضان کو معتکف کی مقدمہ کی پیشی آگئی، کیا حکم ہے؟ کسی دوسرے کو بٹھا کر جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا علاج کے لیے باہر جانا:

(۲۵) معتکف سخت بیمار ہوگیا علاج کو باہر جاتا ہے، کیا حکم ہے؟

## حافظ معتکف کا تراویح پڑھانے کے لیے دوسری مسجد جانا:

(۲۶) حافظ صاحب معتکف ہوگئے، تراویح پڑھانے دوسری مسجد میں جا سکتے ہیں، یا نہیں؟

## وعظ کے لیے معتکف کا کسی مجلس میں جانا:

(۲۷) عالم صاحب معتکف ہوگئے، وعظ کہنے دوسری مسجد، یا دینی مجلس میں، یا شارع عام پر جا سکتے ہیں، یا نہیں؟

## معتکف کا میٹنگ میں جانا:

(۲۸) معتکف سیاسی آدمی ہیں، ایک میٹنگ ہے، کلام کرنا ہے اور ضروری ہے، کیا حکم ہے؟

## معتکف کا ووٹ ڈالنے کے لیے جانا:

(۲۹) کیا معتکف رائے شماری میں ووٹ دینے جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا اپنے پیر سے مصافحہ کے لیے جانا:

(۳۰) معتکف کے پیر صاحب پاس والے گاؤں ریل، یا موٹر سے گزر رہے ہیں، معتکف کا سلام ومصافحہ کو جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا اپنے پیر کی ملاقات کے لیے جانا:

(۳۱) معتکف اپنے مقامی پیر صاحب سے ملاقات کو روزانہ، ہفتہ میں، یا عشرہ میں جا سکتا ہے؟

## معتکف کا اپنی بیوی کو علاج کے لیے جانا:

(۳۲) معتکف کی بیوی کی طبیعت خراب ہوگئی، علاج کو لے جاتا ہے، کیا حکم ہے؟

## معتکف کی حکومت کی طرف سے طلبی ہونے پر کیا کرے:

(۳۳) معتکف کو حاکم، یا افسر نے طلب کیا، کیا حکم ہے؟

## صلح کرانے کے لیے معتکف کہاں تک جاسکتا ہے:

(۳۴) لڑائی جھگڑے میں صلح وصفائی کو جاسکتا ہے، یا نہیں؟ اگر جاسکتا ہے تو کتنی دور اور کتنی دیر کو جاسکتا ہے؟

## معتکف کا دم کرانے کے لیے دوسرے گاؤں جانا:

(۳۵) معتکف سانپ کے کاٹے کو جھاڑنے کا عمل جانتا ہے، پاس والے گاؤں میں کسی کے سانپ نے کاٹ لیا، لوگ بلانے آئے، جاسکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا روزانہ دوا لینے شفاخانہ جانا:

(۳۶) معتکف روزانہ صبح اپنی بیوی کی دوا لینے شفاخانہ جاسکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا مسجد کے پڑوس میں لگی ہوئی آگ بجھانے جانا:

(۳۷) مسجد کے پڑوس میں آگ لگ گئی، معتکف آگ بجھانے جاسکتا ہے، یا نہیں؟

## مسجد میں لگی آگ بجھانے کے لیے معتکف کا کنویں پر پانی لینے جانا:

(۳۸) مسجد میں آگ لگ گئی معتکف پانی ڈھونے آگ بجھانے کو کنویں پر جاسکتا ہے، یا نہیں؟

## مسجد شہید ہونے پر معتکف بقیہ دن کہاں گزارے:

(۳۹) مسجد کی حادثہ میں شہید ہوگئی، معتکف باقی دن دوسری مسجد یا مسجد نہ ہو تو گھر پورے کرسکتا ہے؟

## گم شدہ چیز کو تلاش کرنے مسجد سے واپس نکلنا:

(۴۰) معتکف پاخانہ کرنے گیا، راستہ میں نقدی، یا ضروری کاغذات گر گئے، تلاش کرنے جاسکتا ہے؟

## معتکف کا جوتے اٹھانے مسجد سے باہر جانا:

(۴۰) معتکف پاخانہ کرنے گیا، راستہ میں نقدی، یا ضروری کاغذات گر گئے، تلاش کرنے جاسکتا ہے؟

## معتکف کا جوتے اٹھانے مسجد سے باہر جانا:

(۴۱) معتکف نے جوتے مسجد سے باہر اتار دیئے، چوری کیے جانے کا ڈر ہے، اب اٹھانے باہر جا سکتا ہے؟

## معتکف کا ہوٹل، یا گھر چائے پینے جانا:

(۴۲) معتکف چائے کا شدت سے عادی ہے، ایک دن گھر سے نہیں آئی، ہوٹل، یا گھر چائے پینے جا سکتا ہے؟

## معتکف کا وعظ سننے کسی مجلس میں جانا:

(۴۳) معتکف علمائے کرام کا وعظ سننے دوسری مسجد، یا دینی مجلس، یا شارع عام پر جا سکتا ہے؟

## معتکف کا سبق سنانے مدرسہ جانا:

(۴۵) معتکف کے گھر چوری ہوگئی، رپورٹ لکھانے جا سکتا ہے؟

## بیڑی پینے کے لیے بار بار نکلنے کا حکم:

(۴۶) معتکف کثرت سے بیڑی پیتا ہے بار بار جانا پڑتا ہے، کیا حکم ہے؟

## معتکف کا کپڑے اٹھانے باہر نکلنا:

(۴۷) معتکف نے کپڑے سوکھنے ڈالے، ہوا میں اڑ گئے، اٹھانے جا سکتا ہے، یا نہیں؟

## معتکف کا روزہ نہ رکھنا اور نماز نہ پڑھنا:

(۴۸) معتکف نہ تو روزہ رکھتا ہے نہ نماز پڑھتا ہے، کیا حکم ہے؟

## کاروبار کے سلسلہ میں معتکف کا بات چیت کرنا:

(۴۹) معتکف دن بھر اپنے کاروبار کے سلسلہ میں لوگوں سے مسجد میں بات چیت کرتا ہے، ویسے نماز روزہ کا پابند ہے۔ کیا حکم ہے؟

## معتکف کا کاروبار سے باخبر رہنے کے لیے مسجد میں فون لگانا:

(۵۰) معتکف نے مسجد میں فون لگوالیا ہے، دن بھر اپنے کاروبار، بیوی بچوں سے باخبر رہتا ہے۔ کیا حکم ہے؟

## قضائے حاجت کے لیے جاتے وقت بالٹی بھر کر گھر لے جانا:

(۵۱) معتکف گھر پاخانہ جاتے ہوئے دو بالٹی پانی گھر لے جاتا ہے، واپسی پر دو بالٹی مسجد میں لیتا آتا ہے؟

## قضائے حاجت کے لیے جاتے وقت معتکف کا دوکان کا تالا کھولنا:

(۵۲) معتکف صبح پاخانہ کرنے جاتا ہے تو راستہ میں اپنی دوکان کا تالہ کھول دیتا ہے اور پاخانہ کرکے مسجد آجاتا ہے، نوکر دن بھر کاروبار چلاتے ہیں، شام کو جب پاخانہ کرنے جاتا ہے تو نقدی سنبھال کرڈال دیتا ہے اور پاخانہ کرکے مسجد آجاتا ہے؟

## معتکف کا پڑھانے کے لیے مدرسہ جانا:

(۵۳) مولانا صاحب معتکف ہیں؛ لیکن بچوں کو عربی سبق دینے روزہ مدرسہ ایک گھنٹہ کو جاتے ہیں۔

## معتکف کا مسجد میں بیٹھ کر مریضوں کو نسخ لکھوانا:

(۵۴) حکیم صاحب معتکف ہیں؛ لیکن مسجد میں روزانہ صبح ایک گھنٹہ کے قریب مریضوں کو دیکھ کر نسخہ لکھتے ہیں؟

## ٹیوشن پڑھانے کے لیے معتکف کا نکلنا:

(۵۵) ماسٹر صاحب معتکف ہیں، دو بچوں کو ٹیوشن پڑھانے ایک گھنٹہ کو جاتے ہیں؟

## معتکف کا مسجد میں بچوں کو انگریزی پڑھانا:

(۵۶) ماسٹر صاحب معتکف ہیں، مسجد میں چند بچوں کو ہندی، یا انگریزی پڑھاتے ہیں؟

## معتکف کا قضائے حاجت کے لیے جاتے وقت بیلوں کی دیکھ بھال کرنا:

(۵۷) معتکف صبح پاخانہ کرکے گھر سے واپس آیا تو بیلوں کو کھولتا لے آیا اور کھلیان میں رات میں بند کرکے مسجد آگیا، شام کو پاخانہ جاتے وقت کھلیان سے لے گیا اور گھر باندھ کرکے پاخانہ کرکے مسجد آگیا، کیا حکم ہے؟

## مسجد کے بیت الخلا کے باوجود قضائے حاجت کے لیے گھر جانا:

(۵۸) مسجد میں پاخانہ ہے، معتکف کا کہنا ہے کہ مجھے اپنے گھر کے پاخانہ کے علاوہ کہیں پاخانہ نہیں اترتا، کیا معتکف اپنے گھر پاخانہ کرنے جاسکتا ہے؟

## قضائے حاجت سے واپسی پر ہر مرتبہ دعا پڑھے، یا ایک مرتبہ کافی ہے:

(۵۹) معتکف پاخانہ پیشاب کو جب جب مسجد سے باہر نکلے، واپسی پر ہر مرتبہ اعتکاف کی دعا پڑھے، یا پہلے دن داخل ہوتے وقت کی دعا آخر تک کافی ہے؟

## بھول کر معتکف کے نکلنے کا حکم:

(۶۰) معتکف بھول سے مسجد سے باہر چلا گیا، کیا حکم ہے؟

## معتکف کا نمازِ جمعہ کے لیے نکلنا:

(۶۱) معتکف اپنے محلّہ کی مسجد میں بیٹھ گیا، نماز جمعہ ادا کرنے کے لیے جامع مسجد جاسکتا ہے، یا نہیں؟

## ایضا:

(۶۲) معتکف اپنے گاؤں کی مسجد میں بیٹھ گیا، وہاں جمعہ نہیں ہوتا؛ بلکہ جمعہ پاس والے دوسرے گاؤں میں ہوتا ہے، نماز جمعہ ادا کرنے جاسکتا ہے، یا نہیں؟

## پولیس کا معتکف کو جبراً لے جانے سے اعتکاف کا حکم:

(۶۳) معتکف کو پولیس، یا کوئی آدمی کسی چکر میں جبرا پکڑ لے گیا، بعد دو گھنٹہ کے چھوڑ دیا، کیا حکم ہے؟

## جان کے خوف سے مسجد کو چھوڑ کر فرار اختیار کرنے سے اعتکاف کا حکم:

(۶۴) مسجد کے قریب میں جھگڑا ہو گیا، معتکف کو جان کا خوف ہے، مسجد چھوڑ کر بھاگ سکتا ہے، یا نہیں؟ اور دوسرے دن امن ہو گیا تو معتکف اب معتکف رہا، یا اعتکاف ٹوٹ گیا؟ فقط

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

(۱) سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے۔ (۱)

(۲) بدن سے اگر رطوبت نکلتی، یا بدبو آتی ہے، یا لوگ اس سے کراہت کرتے ہیں تو اس کو مسجد میں نہیں آنا چاہیے، نہ وہ مسجد میں اعتکاف کرے۔ (۲) (۵) اپنی حالت بدل کر توبہ کرے تو اعتکاف بھی مسجد میں کرے۔ (۶) کا بھی یہی حکم ہے۔ (۳) (۷) جب مسجد میں اعتکاف کرے گا تو نماز بھی پڑھے گا۔ (۸) جب مسجد میں عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف

---

(۱) وسنة مؤكدة فى العشر الأخير من رمضان: أى سنة كفاية، كما فى البرهان. (الدر المختار، باب الاعتكاف: ۲/ ٤٤٢، سعيد)

(۲) قال العلامة الحصكفي: ويحرم فيه السواء ... ورفع صوت بذكر وأكل ونوم ... وأكل نحو ثوم، ويمنع منه. قال الشامي: وكذلك ألحق بعضهم بذلك من بفيه بخر أوبه جرح له رائحة، وكذلك القصاب والسماك والمجذوم، والأبرص أولىٰ بالالحاق. (ردالمحتار، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب الغرس فى المسجد: ۱/ ٦٥٩-٦٦١، سعيد)

فيهم منه حكم النبات الذى شاع فى زماننا المسمى بالتتن فتنبه، وقد كرهه شيخنا العمادى فى هديته إلحاقاً له بالثوم والبصل بالأولىٰ. (الدر المختار، كتاب الأشربة: ٦/ ٤٦٠، سعيد)

(۳) هل يصح (الاعتكاف) من الخنثى فى بيته؟ لم أره، والظاهر لا، لاحتمال ذكوريته؛ لأنه علىٰ تقدير أنوثته يصح فى المسجد مع الكراهة، وعلىٰ تقدير ذكورته لايصح فى البيت بوجه. (الدرالمختار مع رد المحتار، باب الاعتكاف: ۲/ ٤٤١، سعيد)

کرے گا تو روزہ بھی رکھے گا۔(۱) (۱۰) اگر مسجد کا احترام نہ کرے تو مسجد میں نہ آئے، نہ وہاں اعتکاف کرے۔(۲) (۱۲) کا بھی یہی حکم ہے۔ (۱۴) مسجد میں فسق وفجور نہ کرے تو اعتکاف بھی کرلے۔ (۱۵) گھر میں اعتکاف کرسکتی ہے، باقی لوگوں کے اعتکاف میں کیا اشکال ہے۔(۳)

(۳) مرد کا اعتکاف گھر میں نہیں ہوتا وہ مسجد ہی میں ہوتا ہے۔(۴)

(۴) عورت کا اعتکاف صحیح ہوجائے گا؛ لیکن مردوں کے ذمہ سے سنت ادا نہیں ہوگی۔(۵)

(۵) عورت مسجد میں اعتکاف نہ کرے؛ بلکہ گھر میں کرے؛ لیکن اس کے ساتھ سے مردوں کے ذمہ سے سنت ادا نہ ہوگی۔(۶)

(۶) اعتکاف ایسی مسجد میں کیا جائے، جہاں اذان اور پنج گانہ جماعت کا اہتمام ہو، ویران جنگل کی مسجد، یا عیدگاہ میں نہیں، جہاں بھی مسلمان ہوں، ان کو اذان وجماعت کا اہتمام لازم ہے، جہاں مسجد نہ ہو، وہاں اعتکاف مسنون نہیں۔(۷)

(۷) اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے، اس کی نیت پورے عشرہ کے اعتکاف کی تھی، اس کو اجر ملے گا۔(۸)

---

(۱) ومقتضى ذلك،أن الصوم شرط أيضاً في الاعتكاف المسنون؛ لأنه مقدر بالعشر الأخير.(رد المحتار،باب الاعتكاف:۲/ ٤٤٢،سعيد)

(۲) أخرجه المنذري مرفوعاً:جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم،وبيعكم وشراء كم،ورفع أصواتكم، وسل سيوفكم، واقامة حدودكم،آه.(ردالمحتار،باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها،مطلب في أحكام المساجد:۱/ ٦٥٦،سعيد)

قال الفقيه:إنما يصير للعبد منزل عند الله تعالیٰ إذا عظم أوأمره،وعظم بيوته وعباده،والمساجد بيوت الله، فينبغي للمؤمن أن يعظمها،فإن في تعظيم المساجد تعظيم الله تعالیٰ.(تنبيه الغافلين،باب حرمة المساجد، ص:۱٦٧،حقانية)

(۳) والمرأة تعتكف في مسجد بيتها.(الفتاویٰ الهندية،الباب السابع في الاعتكاف:۱/ ۲۱۱،رشيدية)

(۴) الاعتكاف ... وهواللبث في المسجد مع الصوم بنية الاعتكاف ... والأفضل اعتكاف الرجل في الجامع. (الفتاویٰ التاتارخانية،فصل في الاعتكاف:۲/ ٤١٠-٤١١،إرادة القرآن كراتشي)

(۵) ولو خرجت واعتكفت في مسجد الجماعة، جازاعتكافها ... وعن أبي حنيفة: إن شاء ت اعتكفت في مسجد بيتها،وإن شائت في مسجد جماعة،إلا أن مسجد بيتها أفضل من مسجد حيها.(الفتاویٰ التاتارخانية: ۲/ ٤١١، الفصل الثاني عشرفي الاعتكاف،إدارة القرآن كراتشي)

(۶) هو (أي الاعتكاف) لُبث ذكر،الخ.(الدرالمختار)(قوله:ذكر) قيد به،وإن تحقق اعتكاف المرأة في المسجد ميلاً إلیٰ تعريف الاعتكاف المطلوب؛لأن اعتكاف المرأة فيه مكروه كما يأتي،بل ظاهرما في غاية البيان أن ظاهرالرواية عدم صحتة،الخ.(رد المحتار،باب الاعتكاف:۲/ ٤٤٠،سعيد)

(۷) وأما شروطه ... ومنها مسجد الجماعة، فيصح في كل مسجد له أذان واقامة،هوالصحيح.(الفتاوی الهندية،الباب السابع في الاعتكاف:۱/ ۲۱۱،رشيدية)

(۸) عن ابن عباس رضي الله عنهما أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فيما يروی عنه ربه تبارك وتعالیٰ: "إن ربكم عزوجل رحيم، من هم بحسنة فلم يعملها، كتبت له حسنة،فإن عملها كتبت له عشرإلیٰ سبع مأة أضعاف كثيرة ومن هم بسيئة فلم يعملها كتبت له حسنة،فإن عملها كتبت له واحدة أويمحو ها الله عزوجل،ولا يهلك على الله إلا هالك.(تفسير ابن كثير،جمعية إحياء التراث:۲/ ۲٦٣،ومكتبة دارالفيحاء دمشق)

(۸) اس طرح سنت ادانہیں ہوئی۔(۱)

(۹) جوحصہ نماز کے لیے متعین ہے، وہاں تک اجازت ہے، بلاوجہ وہاں بھی تفریح کرتا نہ پھرے۔(۲)

(۱۰) جب ضرورت ہو بات کرسکتا ہے، بات کرنے کے لیے نہ نکلے، نہ ٹھہرے، ایسی بات بھی نہ کرے، جو مقصدِ اعتکاف کے خلاف ہو۔(۳)

(۱۱) جوحصہ نماز کے لیے ہے، وہ مسجد ہے، وہاں سے پانی وغیرہ دے دے تو مضائقہ نہیں، باہر نہ نکلے۔(۴)

(۱۲) مسجد میں چلانا منع ہے،(۵) بغیر چلائے نگرانی کرسکتا ہے۔(۶)

(۱۳) اگر مسجد سے باہر نہ جانا پڑے تو کرسکتا ہے۔(۷)

(۱۴) پہلا اعتکاف ختم ہوگیا۔(۸) دوسرا شروع ہوا، اگر عشرۂ اخیرہ میں ایسا ہوا تو سنت ادا نہ ہوئی۔(۹)

(۱۵) یہ بھی نمبر:۱۴ر کی طرح ہے۔

---

(۱) وینقسم (أی الاعتکاف) إلٰی واجب ... وإلٰی سنة مؤکدة، وهو فی العشر الأخیر من رمضان. (الفتاوٰی الهندیة، الباب السابع فی الاعتکاف: ۲۱۱/۱، رشیدیة)

(۲) (ولایخرج منه) من معتکفه، فیشمل المرأة المعتکفة، إلا لحاجة شرعیة کالجمعة والعیدین ... أو حاجة طبعیة کالبول والغائط". (مراقی الفلاح شرح نور الایضاح، باب الاعتکاف، ص: ۷۰۲، قدیمی)

(۳) وأما التکلم بغیر خیر، فلا یجوز لغیر المعتکف، والکلام المباح مکروه ... والظاهر أن المباح عند الحاجة إلیه خیر لا عند عدمها. (حاشیة الطحطاوی علٰی مراقی الفلاح، باب الاعتکاف، ص: ۷۰۴_۷۰۵، قدیمی)

(۴) وأکل المعتکف وشربه ونومه وعقده البیع لما یحتاجه لنفسه أو عیاله، لا تکون إلا فی المسجد لضرورة الاعتکاف، حتٰی لو خرج لهٰذه الأشیاء، یفسد اعتکافه. (مراقی الفلاح، باب الاعتکاف، ص: ۷۰۳_۷۰۴، قدیمی)

(۵) أخرجه المنذری مرفوعاً: "جنبوا مساجدکم صبیانکم ومجانینکم، وبیعکم وشراء کم، ورفع أصواتکم، وسل سیوفکم، واقامة حدودکم ... آه. (رد المحتار، باب ما یفسد الصلاة ومایکره فیها مطلب فی أحکام المساجد: ۶۵۶/۱، سعید)

قال الفقیه: إنما یصیر للعبد منزل عند اللّٰه تعالٰی إذا عظم أو أمره، وعظم بیوته وعباده، والمساجد بیوت اللّٰه، فینبغی للمؤمن أن یعظمها، فإن فی تعظیم المساجد تعظیم اللّٰه تعالٰی. (تنبیه الغافلین، باب حرمة المساجد، ص: ۱۶۷، حقانیة)

(۶) والمرأة تعتکف فی مسجد بیتها. (الفتاوٰی الهندیة، الباب السابع فی الاعتکاف: ۲۱۱/۱، رشیدیة)

(۷) وأکل المعتکف وشربه ونومه وعقده البیع لما یحتاجه لنفسه أو عیاله، لا تکون إلا فی المسجد لضرورة الاعتکاف، حتٰی لو خرج لهٰذه الأشیاء، یفسد اعتکافه. (مراقی الفلاح، باب الاعتکاف، ص: ۷۰۳_۷۰۴، قدیمی)

(۸) یحتمل أن تکون الزوجة معتکفة فی مسجد بیتها، فیأتیها فیه زوجها، فیبطل اعتکافها. (البحر الرائق، باب الاعتکاف: ۵۳۲/۲، رشیدیة)

(۹) وینقسم (أی الاعتکاف) إلٰی واجب ... وإلٰی سنة مؤکدة، وهو فی العشر الأخیر من رمضان. (الفتاوٰی الهندیة، الباب السابع فی الاعتکاف: ۲۱۱/۱، رشیدیة)

(۱۶) ایسا کرنا ممنوع ہے، مگر صرف اتنی بات سے اعتکاف ختم نہیں ہوا۔(۱)

(۱۷) وہ مکلّف نہیں رہا، اللہ تعالیٰ اس کو صحت دے۔(۲)

(۱۸) شرکتِ جنازہ کے لیے مسجد سے نکلنے سے اعتکاف ختم جائے۔

(۱۹) اس کا بھی یہی حکم ہے کہ اعتکاف باقی نہ رہے گا، اگرچہ ضرور کی بنا پر ایسا کرنا اس کے ذمہ لازم ہو اور اس سے گنہگار نہ ہو۔(۳)

(۲۰) نہیں۔(۴)

(۲۱) جا سکتا ہے۔(۵)

(۲۲) تیمّم کر کے باہر نکلے اور غسل کرے۔(۶)

(۲۳) اگر کوئی لانے والا نہ ہو، تو جا سکتا ہے۔(۷)

(۲۴) اگر جائے گا تو اعتکاف باقی نہ رہے گا اور دوسرے شخص کے بٹھانے سے اس کے اعتکاف میں پیوند نہیں لگے گا۔(۸)

---

(۱) وحرم الوط ودواعيه ... فالتحق به المس والقبلة.(مراقی الفلاح،باب الاعتكاف،ص:۷۰۵،قديمی)

(۲) وأما شروطه ... ومنها الإسلام والعقل والطهارة عن الجنابة والحيض.(الفتاوٰی الهندية،كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف:۲۱۱/۱،رشيدية)

(۳) وعن هٰذا فسد إذا عاد مريضاً أوشهد جنازه تعينت،إلا أنه لأنه ياثم،بل يجب عليه الخروج.(النهر الفائق، باب الاعتكاف:۴۷/۲،إمدادية،ملتان)

(۴) (ولا يخرج منه) من معتكفه،فيشمل المرأة المعتكفة،إلا لحاجة شرعية كا الجمعة والعيدين ... أو حاجة طبعية كا البول والغائط.(مراقی الفلاح شرح نورالايضاح،باب الاعتكاف،ص: ۷۰۲،قديمی)

(۵) فلا يخرج المعتكف من معتكفه ليلاً ولانهارإلا بعذر،وإن خرج من غيرعذرساعة،فسد اعتكافه.(الفتاوٰی الهندية،كتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتكاف:۲۱۲/۱،رشيدية)

(۶) ولواحتلم المعكتف،لايفسد اعتكافه؛لأنه لاصنع له فيه،فلم يكن جماعاً ولا فی معنى الجماع،ثم إن أمكنه الاغتسال فی المسجد من غيرأن يتلوث المسجد،فلا بأس به،وإلا فيخرج، فيغتسل،ويعود الی المسجد.(بدائع الصنائع، فصل فی ركن الاعتكاف: ۳۲/۳،دارالكتب العلمية بيروت)

(۷) وأكله وشربه ونومه ومبايعته فيه،يعنی يفعل المعتكف هٰذه الأشياء فی المسجد،فإن خرج لأجلها بطل اعتكافه؛ لأنه لا ضروه إلی الخروج حيث جازت فيه ... وقيل:يخرج بعد الغروب للأكل والشرب،وينبغی حمله علٰی ما إذا لم يجد من يأتی له به،فحينئذٍ يكون من الحوائج الضرورة كالبول و الغائط.(البحرالرائق،باب الاعتكاف:۵۳۰/۲،رشيدية)

(۸) وأما مفسداته:فمنها الخروج من المسجد،فلا يخرج جالمعتكف من معتكفه ليلاً ونها إلا بعذر،وإن خرج من غيرعذرساعة،فسد اعتكاف.(الفتاوٰی الهندية،كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف: ۲۱۲/۱،رشيدية)

(۲۵) باہر جانے سے اعتکاف ختم ہوجائے گا۔(۱)

(۲۶) ان کا بھی اعتکاف ختم ہوجائے گا۔

(۲۷) ان کا بھی یہی حال ہے۔

(۲۸) اس کا اعتکاف بھی ختم ہوجائے گا۔

(۲۹) مثل جواب نمبر:۲۸۔

(۳۰) ایضاً

(۳۱) ایضاً

(۳۲) ایضاً

(۳۳) ایضاً

(۳۴) ایضاً

(۳۵) ایضاً

(۳۶) ایضاً

(۳۷) ایضاً

(۳۸) ایضاً

(۳۹) دوسری مسجد میں اعتکاف پورا کرے۔(۲)

(۴۰) اس کی بھی گنجائش ہے۔

(۴۱) صحن کے متصل ہی تو ہوں گے، اٹھالے۔

(۴۲) گنجائش ہے اگر کوئی اور انتظام نہ ہو، بہتر یہ ہے کہ وہاں سے لاکر مسجد میں پیئے۔(۳)

(۴۳) مثل جواب نمبر:۲۸۔

(۴۴) ایضاً

(۴۵) ایضاً

(۴۶) گنجائش ہے، اگر بغیر اس کے گزارہ نہیں۔(۴)

---

(۱) وأما مفسداته: فمنها الخروج من المسجد، فلا يخرج المعتكف من معتكفه ليلا ونهاراً إلا بعذر، وإن خرج من غير عذر ساعة، فسد اعتكاف. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۲۱۲/۱، رشيدية)

(۲) فإن خرج من المسجد بعذر بأن انهدم المسجد، أو أخرج مكرهاً، فدخل مسجداً آخر من ساعة، لم يفسد اعتكافه استحساناً. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف: ۲۱۲/۱، رشيدية)

(۳) وأكله وشربه ونومه و مبايعته فيه، يعني يفعل المعتكف هٰذه الأشياء في المسجد، فإن خرج لأجلها بطل اعتكافه؛ لأنه لا ضروه إلى الخروج حيث جازت فيه ... وقيل: يخرج بعد الغروب للأكل والشرب، وينبغي حمله علىٰ ما إذا لم يجد من يأتي له به، فحينئذٍ يكون من الحوائج الضرورة كالبول والغائط. (البحر الرائق، باب الاعتكاف: ۵۳۰/۲، رشيدية)

(۴) صرف بیڑی سگریٹ کے لیے نکلنا درست نہیں ہے، جیسا کہ فتاوی حقانیہ: ۲۰۴/۴، فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۵۰۵/۶، میں ہے، ==

(۴۷) مثل نمبر:۲۸۔

(۴۸) معتکف ترکِ فرض کی وجہ سے سخت گناہگار رہے۔(۱)

(۴۹) اعتکاف تو ہوجائے گا؛ مگر اس کے اصلی منافع مرتب نہ ہوں گے۔(۲)

(۵۰) حسب ضرورت، یا خبر رہنے سے مضائقہ نہیں۔(۳)

(۵۱) درست ہے؛ مگر مسجد کی بالٹی کو اس طرح گھر کے لیے لیے استعمال نہ کرے۔(۴)

(۵۲) گنجائش ہے، اگر کوئی اور انتظام نہیں۔(۵)

(۵۳) مثل جواب نمبر:۲۸۔

(۵۴) ایضاً

(۵۵) ایضاً

(۵۶) اعتکاف تو فاسد نہیں ہوتا مگر منافعِ اعتکاف بھی پورے حاصل نہیں ہوتے۔(۶)

(۵۷) گنجائش ہے اگر کوئی اور انتظام نہیں۔(۷)

(۵۸) جاسکتا ہے۔(۸)

---

== البتہ کسی ضرورت سے نکلے راستے میں بیڑی وغیرہ کا استعمال کرے کما تقدم تخریجہ تحت عنوان: ''معتکف کو بیڑی سگریٹ پینا''۔

(۱) عن جابر رضی اللّٰہ تعالیٰ و عنہ قال:قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:بین العبد وبین الکفر ترک الصلاۃ.(مشکوٰۃ المصابیح،کتاب الصلاۃ،الفصل الأول: ۵۸/۱،قدیمی)

عن أبی ہریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال:قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم:من أفطر یوماً من رمضان من غیر رخصۃ ولامرض،لم یقض عنہ صوم الدہر کلہ وإن صامہ.(مشکوٰۃ المصابیح،کتاب الصوم: ۱۷۷/۱،قدیمی)

(۲) وأکل المعتکف وشربہ ونومہ وعقدہ البیع لما یحتاجہ لنفسہ أوعیالہ،لا تکون إلا فی المسجد لضرورۃ الاعتکاف،حتیٰ لوخرج لہٰذہ الأشیاء،یفسد اعتکافہ.(مراقی الفلاح،باب الاعتکاف،ص: ۷۰۳-۷۰۴،قدیمی)

(۳) وأما شروطہ ... ومنہا مسجد الجماعۃ،ویصح فی کل مسجد لہ أذان وإقامۃ،ہوالصحیح.(الفتاویٰ الہندیۃ،الباب السابع فی الاعتکاف: ۲۱۱/۱،رشیدیۃ)

(۴) ولایحمل الرجل سراج المسجد إلیٰ بیتہ ویحمل من بیتہ إلی المسجد.(الفتاوی الہندیۃ،الفصل الثانی فیما یکرہ فی الصلوٰۃ وما لایکرہ: ۱۱۰/۱،رشیدیۃ)

(۵) لوخرج لحاجۃ الإنسان،ثم ذہب لعیادۃ المریض،أوالصلاۃ الجنازۃ،من غیرأن یکون لذلک قصد،فإنہ جائز.(البحرالرائق،کتاب الصوم،باب الاعتکاف: ۵۲۹/۲،رشیدیۃ)

(۶) ویفسق معتاد المرود:ومن علم الأطفال،الذی فی القنیۃ:أنہ یأثم،ولا یلزم منہ الفسق،ولم ینقل عن أحد القول بہ، ویمکن أنہ بناء علیٰ أنہ بالاصرارعلیہ یفسق.(رد المحتار،فصل فی البیع: ۴۲۸/۶،سعید)

(۷) فإن خرج من المسجد بعذربأن انہدم المسجد،أوأخرج مکرہاً، فدخل مسجداً آخرمن ساعۃ،لم یفسد اعتکافہ استحساناً.(الفتاویٰ الہندیۃ،کتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتکاف: ۲۱۲/۱،رشیدیۃ)

(۸) وحرم علیہ الخروج إلا لحاجۃ الإسنان طبیعۃ کبول وغائظ وغسل.(الدرالمختار)لأن الإنسان قد لایألف غیرہ بیتہ،فإذا کان لایألف غیرہ بأن لایتیسرلہ إلا فی بیتہ،فلا یبعد الجوازبلا خلاف.(رد المحتار،باب الاعتکاف: ۴۴۵/۲،سعید)

(۵۹)　پہلی دعا کافی ہے، ہر دفعہ پڑھ لینا بھی بہتر ہے۔

(۶۰)　اعتکاف ختم ہوگیا۔(۱)

(۶۱)　جا سکتا ہے۔(۲)

(۶۲)　نہیں۔(۳)

---

(۱)　وإن خرج من غير عذرساعة،فسد اعتكافه في قول أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ،سواء كان الخروج عامداً أونسياناً.(الفتاوىٰ الهندية،الباب السابع في الاعتكاف: ۲۱۲/۱،رشيدية)

(۲)　ولايخرج منه من معتكفه إلا لحاجة شرعية كالجمعة والعيدين،أوحاجة طبعية.(مراقي الفلاح،باب الاعتكاف،ص: ۷۰۲، قديمي)

(۳)　جب معتکف کے گاؤں کی مسجد میں جمعہ ادا نہیں ہوتا، تو گویا معتکف پر جمعہ فرض نہ ہوا، جب فرض نہیں ہے، تو حاجتِ شرعیہ میں سے نہ ہوا اور معتکف کو بغیر حاجتِ شرعیہ اور طبعیہ کے نکلنا درست نہیں ہے۔

وأما مفسداته:فمنها الخروج من المسجد،فلا يخرج المعتكف،من معتكفه ليلاً ونهاراً إلا بعذر،وإن خرج من غير ذر ساعة فسد اعتكافه.(الفتاوىٰ الهندية،كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف: ۲۱۲/۱،رشيدية)

**اعتکاف کے مختصر فضائل ومسائل:**

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اعْتَكَفَ أَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهِ.(صحيح البخاري: باب الاعتكاف في العشر الأواخر:1/271)

(حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف فرمایا کرتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دے دی، پھر آپ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اعتکاف فرماتی رہیں۔)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ... مَنِ اعْتَكَفَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ ثَلَاثَ خَنَادِقَ كُلُّ خَنْدَقٍ أَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ(المعجم الاوسط للطبراني:5/279،رقم 7326)

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کی رضا کے لیے ایک دن کا اعتکاف کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقوں کو آڑ بنا دیں گے، ایک خندق کی مسافت آسمان وزمین کی درمیانی مسافت سے بھی زیادہ چوڑی ہے۔)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمُعْتَكِفِ هُوَ يَعْكِفُ الذُّنُوبَ، وَيَجْرِي لَهُ مِنَ الْحَسَنَاتِ كَعَامِلِ الْحَسَنَاتِ كُلِّهَا. (سنن ابن ماجة: باب في ثواب الاعتكاف،ص: 128)(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعتکاف کرنے والا گناہوں سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی تمام نیکیاں اسی طرح لکھی جاتی رہتی ہیں، جیسے وہ ان کو خود کرتا رہا ہو۔)

مَنِ اعْتَكَفَ اِيْمَانًا وَ احْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِه.(كنز العمال: كتاب الصوم، الفصل السابع في الاعتكاف و ليلة القدر: 8/244)(جس نے اللہ کی رضا کے لیے ایمان واخلاص کے ساتھ اعتکاف کیا تو اس کے پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔)

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاوِرُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ وَيَقُولُ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ.(صحيح البخاري: باب تحري ليلة القدر في الوتر من العشر الأواخر:1/270)

(حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے اور فرمایا کرتے کہ لیلۃ القدر کو رمضان کی آخری راتوں میں تلاش کیا کرو۔)

ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں کیا جانے والا اعتکاف ''سنت مؤکدہ علی الکفایہ'' ہے، یعنی بڑے شہروں کے محلے کی کسی ایک مسجد میں اور گاؤں دیہات کی پوری بستی کی کسی ایک مسجد میں کوئی ایک آدمی بھی اعتکاف کریگا تو سنت سب کی طرف سے ادا ہو جائے گی۔ اگر کوئی بھی اعتکاف نہ کرے تو سب گنہگار رہوں گے۔　==

(۶۴) ایضا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۱۲/۲۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۱۲/۲۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۶۶-۲۸۶)

== اعتکاف کے چند مسائل یہ ہیں:

(۱) رمضان کے سنت اعتکاف کا وقت بیسواں روزہ پورا ہونے کے دن غروبِ آفتاب سے شروع ہوتا ہے اور عید کا چاند نظر آنے تک رہتا ہے۔ معتکف کو چاہیے کہ وہ بیسویں دن غروبِ آفتاب سے پہلے اعتکاف والی جگہ پہنچ جائے۔ (۲) جس محلے، یا بستی میں اعتکاف کیا گیا ہے، اس محلے اور بستی والوں کی طرف سے سنت ادا ہو جائے گی، اگر چہ اعتکاف کرنے والا دوسرے محلے کا ہو۔ (۳) آخری عشرے کے چند دن کا اعتکاف، اعتکافِ نفل ہے، سنت نہیں۔ (۴) عورتوں کو مسجد کے بجائے اپنے گھر میں اعتکاف کرنا چاہیے۔ (۵) سنت اعتکاف کی دل میں اتنی نیت کافی ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے رمضان کے آخری عشرے کا مسنون اعتکاف کرتا ہوں۔ (۶) کسی شخص کو اجرت دے کر اعتکاف بٹھانا جائز نہیں۔ (۷) مسجد میں ایک سے زائد لوگ اعتکاف کریں تو سب کو ثواب ملتا ہے۔ (۸) مسنون اعتکاف کی نیت بیس تاریخ کے غروبِ شمس سے پہلے کر لینی چاہیے، اگر کوئی شخص وقت پر مسجد میں داخل ہو گیا؛ لیکن اس نے اعتکاف کی نیت نہیں کی اور سورج غروب ہو گیا تو پھر نیت کرنے سے اعتکاف سنت نہیں ہوگا۔ (۹) اعتکافِ مسنون کے صحیح ہونے کے لیے مندرجہ ذیل چیزیں ضروری ہیں:

(۱) مسلمان ہونا، (۲) عاقل ہونا، (۳) اعتکاف کی نیت کرنا، (۴) مرد کا مسجد میں اعتکاف کرنا، (۵) مرد اور عورت کا جنابت؛ یعنی غسل واجب ہونے والی حالت سے پاک ہونا (یہ شرط اعتکاف کے جائز ہونے کے لیے ہے، لہٰذا اگر کوئی شخص حالت جنابت میں اعتکاف شروع کر دیتو اعتکاف تو صحیح ہو جائے گا لیکن یہ شخص گناہ گار ہوگا)، (۶) عورت کا حیض ونفاس سے خالی ہونا، (۷) روزے سے ہونا (اگر اعتکاف کے دوران کوئی ایک روزہ نہ رکھ سکے یا کسی وجہ سے روزہ ٹوٹ جائے تو مسنون اعتکاف بھی ٹوٹ جائے گا۔)

(۱۰) جس شخص کے بدن سے بدبو آتی ہو، یا ایسا مرض ہو، جس کی وجہ سے لوگ تنگ ہوتے ہوں تو ایسا شخص اعتکاف میں نہ بیٹھے، البتہ اگر بدبو تھوڑی ہو جو خوشبو وغیرہ سے دور ہو جائے اور لوگوں کو تکلیف نہ ہو تو جائز ہے۔

**اعتکاف کی حالت میں جائز کام:**

کھانا پینا (بشرطیکہ مسجد کو گندا نہ کیا جائے)، سونا، ضرورت کی بات کرنا، اپنا یا دوسرے کا نکاح، یا کوئی اور عقد کرنا، کپڑے بدلنا، خوشبو لگانا، تیل لگانا، کنگھی کرنا (بشرطیکہ مسجد کی چٹائی اور قالین وغیرہ خراب نہ ہوں)، مسجد میں کسی مریض کا معائنہ کرنا، نسخہ لکھنا، یا دوا بتا دینا؛ لیکن یہ کام بغیر اجرت کے کرے تو جائز ہیں، ورنہ مکروہ ہیں، برتن وغیرہ دھونا، ضروریات زندگی کے لیے خرید وفروخت کرنا بشرطیکہ سودا مسجد میں نہ لایا جائے؛ کیوں کہ مسجد کو باقاعدہ تجارت گاہ بنانا جائز نہیں۔ عورت کا اعتکاف کی حالت میں بچوں کو دودھ پلانا۔ معتکف کا اپنی نشست گاہ کے اردگرد چادریں لگانا۔ معتکف کا مسجد میں اپنی جگہ بدلنا۔ بقدر ضرورت بستر، صابن، کھانے پینے کے برتن، ہاتھ دھونے کے برتن اور مطالعہ کے لیے دینی کتب مسجد میں رکھنا۔

**ممنوعات ومکروہات:**

بلاضرورت باتیں کرنا۔ اعتکاف کی حالت میں فحش یا بیکار اور جھوٹے قصے کہانیوں یا اسلام کے خلاف مضامین پر مشتمل لٹریچر، تصویر دار اخبارات ورسائل یا اخبارات کی جھوٹی خبریں مسجد میں لانا، رکھنا، پڑھنا، سننا۔ ضرورت سے زیادہ سامان مسجد میں لا کر بکھیر دینا۔ مسجد کی بجلی، گیس اور پانی وغیرہ کا بیجا استعمال کرنا۔ مسجد میں سگریٹ وحقہ پینا۔ اجرت کے ساتھ حجامت بنانا اور بنوانا، لیکن اگر کسی کو حجامت کی ضرورت ہے اور بغیر معاوضہ کے بنانے والا میسر نہ ہو تو ایسی صورت اختیار کی جاسکتی ہیکہ حجامت بنانے والا مسجد سے باہر رہے اور معتکف مسجد کے اندر۔

پیشاب، پاخانہ اور استنجے کی ضرورت کے لیے معتکف کو باہر نکلنا جائز ہے، پیشاب، پاخانہ کے لیے قریب ترین جگہ کا انتخاب کرنا چاہیے۔ اگر مسجد سے متصل بیت الخلا بنا ہوا ہے اور اسے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے تو وہیں ضرورت پوری کرنی چاہیے اور اگر ایسا نہیں ہے تو دور جاسکتا ہے، چاہے کچھ دور جانا پڑے۔ اگر بیت الخلا مشغول ہو تو انتظار کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ فارغ ہونے کے بعد ایک لمحہ بھی وہاں ٹھہرنا جائز نہیں۔ قضاء حاجت کے لیے جاتے وقت، یا واپسی پر کسی سے مختصر بات چیت کرنا جائز ہے، بشرطیکہ اس کے لیے ٹھہرنا نہ پڑے۔ (انیس)

# یوم الشک کے روزے کے احکام

## افطار درغرہ رمضان وصوم غرہ شوال بعدم رؤیت:

سوال: مشرقی بنگال میں اکثر منگل کے روز روزہ رکھ کر جمعرات کو عید کی۔ اب ہم لوگ جو پیر کو روزہ نہیں رکھا اور بدھ کو عید نہ کر کے جو روزہ نہ رکھا، اس میں ہم سب گنہ گار ہوئے، یا کیا؟

الجواب

اگر پیر کے روز کی خبر معتبر طور سے آ گئی تو ایک روزہ قضا کرنا ہوگا اور بدھ کے روزہ سے نہ گناہ ہوگا اور نہ پیر کے روزہ کے عوض محسوب ہوگا۔

(۹؍ذی قعدہ ۱۳۳۶ھ) تتمہ خامسہ، ص:۱۷) (امداد الفتاویٰ:۲؍۱۴۵)

## حکم روزہ یوم الشک وتردد نیت میاں دو روزہ دراں یوم:

سوال: آج ۲۵؍جولائی ۱۹۱۴ء، مطابق یکم رمضان یا ۳۰؍شعبان روز شنبہ ہے، بروئے جنتری آج یکم رمضان ہے؛ لیکن ۲۹؍شعبان کو آسمان پر اس قدر ابر غلیظ رہا ہے کہ چاند تو درکنار سورج بھی نظر نہیں آیا اور نہ اس وقت تک کوئی اطلاع باہر سے چاند نظر آنے کی آئی۔ ایسی حالت میں روزہ کھا جاوے، یا نہیں؟ اور اگر کوئی اس پر نیت رکھے، اگر چاند نظر آ گیا ہو تو فرض، ورنہ نفل تو روزہ جائز ہے، یا نہیں؟ میں نے یہ نیت کی ہے کہ فرض روزوں کی قضا دینی ہے، اگر چاند ۳۰ کا ہو، تب تو یہ آج کا روزہ قضا روزوں میں شمار ہوگا اور اگر چاند ۲۹ کا ہو، اس رمضان شریف کا پہلا روزہ فرض ادا ہوا۔ یہ صورت جائز ہے، یا نہیں؟ اور اگر بعد میں اطلاع معتبر آوے کہ چاند ۲۹؍کا ہوا تو اس روزہ کی قضا دینے کی ضرورت نہیں ہے؟

الجواب

عوام کو یوم الشک میں روزہ نہ رکھنا چاہیے اور سوال میں جو دو طرح کی نیت لکھی ہے، یہ مکروہ ہے؛ لیکن اگر اس یوم کا رمضان ہونا ثابت ہو گیا تو دونوں صورتوں میں رمضان ہی کا روزہ ہوگا، قضا کی ضرورت نہیں۔

**فی الدرالمختار: یصومه الخواص ویفطر غیرهم إلیٰ قوله ویصیر صائماً مع الکراهة لورود فی وصفها بأن نویٰ إن کان من رمضان فعنه وإلا فعن واجب آخر وکذا یکره لوقال: أنا صائم إن**

**كان من رمضان وإلا فعن نفل متردد بين مكروهين أو مكروه وغير مكروه فإن ظهر رمضانيته فعنه وإلا نفل فيهما أي الواجب والنفل،آه.**(۱)

۳/رمضان۱۳۳۲ھ (تتمہ ثانیہ،ص:۱۵۸)(امداد الفتاوی جدید:۱۰۳/۲)

## یومِ عرفہ ونحر میں شک:

سوال: اوائلِ ذی الحجہ میں مختلف جگہوں سے ۲۹/ کے چاند کی خبر معلوم ہوئی؛لیکن شرعی ثبوت نہ ہوا، پس اس صورت میں ۹/ذی الحجہ جس کے متعلق یومِ عرفہ ویومِ نحر ہونے کا شک ہے،نفلی روزہ رکھنا کیسا ہے؟ زید کہتا ہے کہ جائز وافضل ہے،**لما في الفيض وغيره:"لووقع الشك في أن اليوم عرفة أو يوم النحر، فالأفضل فيه الصوم".** (شامی: ۸۷/۲)(۲)

اورعمر کہتا ہے کہ مکروہ ہے،**لما في مجالس الأبرار حكايةً عن قول ابن الهمام: ما تردد بين البدعة والسنة يتركه؛لأن ترك البدعة لازم وأداء السنة غير لازم".**(ص:۱۲۹،المجلس الثامن عشر)(۳)

**"أو كان في شيء وجوه كثيرة يوجب الحل والجواز، ووجه وحد يوجب الحرمة وعدم الجواز، يرجح جانب الحرمة احتياطاً".**(مجالس،ص:۵۵۱،رقم المجلس:۹٦)(۴)

نیز عمر یہ بھی کہتا ہے کہ قربانی اس صورت میں دو دن تک کی جائے، تیسرے دن نہ کی جائے، بخلافِ زید کے کہ وہ کہتا ہے کہ بلاتردد تین دن تک کی جائے اور خالد کہتا ہے: بہتر یہ ہے کہ عرفہ مشکوکہ میں روزہ رکھا جائے اور تیسرے دن قربانی نہ کی جائے۔کس کا قول صحیح ہے؟ جواب مدلل بحوالۂ کتب وعبارت عنایت ہو۔فقط

(مولوی محمد یاسین، مدرس مدرسہ احیاء العلوم مبارکپور، ضلع اعظم گڑھ)

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً**

زید کا قول قوی معلوم ہوتا ہے،فقہا نے ہلالِ رمضان کے مسئلہ میں اختلاف مطالع کو معتبر نہیں مانا۔ذی الحجہ کے

---

(۱) الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصوم،مبحث في صوم يوم الشك،مكتبة زكريا ديوبند:۳٤۸/۳،انيس

(۲) رد المحتار، كتاب الصوم،مبحث في صوم يوم الشك:۳۸۱/۲،سعيد

(۳) مجالس الأبرار ومسالك الأخيار ومحائق البدعو مقامع الأشرار،المجلس الثامن عشر في بيان أقسام البدع وأحكامها وغيرها من الأمور المهمة،ص:۲٤۰،انيس)

'إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، كان ترك السنة راجحاً على فعل البدعة مع أنه يمكن التسوية قبل الشروع.(رد المحتار،باب ما يفسد الصلاة،مطلب إذا تردد الحكم:٦٤۲/۳،سعيد)

(۴) القاعدة الثانية:"إذا اجمع الحلال والحرام غلب الحرام". "فمن فروعها:ما إذا تعارض دليلان،أحدهما يقتضي الحتريم والآخر الاباحة،قدم التحريم". (الأشباه والنظائر،ص:۱۲۱،النوع الثاني من القواعد،القاعدة الثانية، دار الفكر بيروت،انيس)

متعلق جو احکام ہیں، جیسے: حج، صوم، عرفہ، اضحیہ ان میں معتبر ہے، جب ثبوتِ رؤیت کے باوجود ان مسائل میں صحت کا حکم ہے تو محض شک کی صورت میں نفلی روزہ اور اضحیہ کی ممانعت نہ کی جائے گی۔

**''تنبيه'' يفهم من كلامهم في كتاب الحج أن اختلاف المطالع فيه معتبر، فلا يلزمهم شيء لو ظهر أنه روى في بلدة أخرىٰ قبلهم بيوم. وهل يقال كذلك في حق الأضحية لغير الحجاج؟ لم أره، والظاهر أنها كأوقات الصلاة يلزم كل قوم العمل بما عندهم، فتجزىء الأضحية في اليوم الثالث عشر وإن كان علىٰ رؤيا غيرهم هو الرابع عشر''.** (شامی: ۹۶/۲)(۱)

اگر کوئی شخص جانب احوط وتنزہ کو اختیار کرے، اس کی ممانعت نہیں؛ مگر روزہ، یا اضحیہ کی ممانعت کا حکم نہیں کیا جا سکتا، محض شک سے حلت وحرمت کے احکام صادر نہیں ہوتے۔ مجالس الابرار کی عبارت کا مطلب تو یہ ہے کہ اگر مسئلہ واحدہ میں دونوں قسم کی دلیلیں موجود ہوں، تب یہ حکم ہوگا، اس قسم کی عبارات شامی وبحر وغیرہ میں بھی موجود ہیں؛ (۲) مگر صورتِ مسئولہ میں تو عدمِ حرمت پہلے سے متعین ہے اور جو دلیل حرمت میں شک ہے۔

**''واليقين لايزول بالشک''.** (۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۳/ جمادی الاولیٰ ۱۳۲۹ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۰۰/۱۰)

## یوم الشک کا روزہ:

سوال: ۲۹/ شعبان کو مطلع صاف تھا بالکل اور چاند نظر نہیں آیا، ۳۰/ شعبان کو زید نے اس نیت سے روزہ رکھا کہ اگر شہادت کی بنا پر روزہ ہو گیا تو فرض، ورنہ نفل۔ بکر نے ۳۰/ شعبان کو بلا تردد نفل روزہ رکھا، کچھ روز بعد شرعی شہادت سے ۳۰/ شعبان کو یکم رمضان ہے۔ سوال یہ ہے کہ زید، بکر کے لیے کیا حکم ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً**

رمضان شریف کا روزہ دونوں سے ادا ہو گیا، بکر کا بلا کراہت اور زید کے روزہ میں اس تردد کی وجہ سے کچھ کراہت آ گئی، تاہم قضا کسی کے ذمہ نہیں۔

**''وإن ظهر أنه من رمضان أجزأ عنه: أي عن رمضان ماصامه بأي نية كان ... وأما كراهية**

(۱) ردالمحتار، كتاب الصوم، مطلب في اختلاف المطالع، قبيل باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد: ۳۹۳/۲، سعيد

(۲) إذا اجتمع الحلال والحرام رجح الحرام. (الدرالمختار علىٰ هامش رد المحتار، كتاب الطهارة: ۳۱۹/۱، دارعالم الكتب الرياض، انيس)

(۳) القاعدة الثانية: اليقين لايزول بالشک. (الأشباه والنظائر، ص: ٦٠، دارالفكر، بيروت)

النفل مع التردد،فلأنه ناوٍ للفرض من وجه،وهو أن يقول:إن كان غداً من رمضان فعنه،وإلا فتطوع،إلخ". (مراقی الفلاح،ص:۳۷۷)(۱)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۱۹/۱۳۵۹ھ

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ،مفتی مدرسہ ہذا،صحیح:عبد اللطیف۔(فتاویٰ محمودیہ:۲۰۰/۱۰)

## صوم یوم الشک:

سوال: امسال رمضان میں جن لوگوں نے رمضان شریف کا روزہ رکھا تھا؛یعنی ان کے زعم میں ۳۰/شعبان کو یکم رمضان ہو چکی تھی،لہٰذا اس حساب سے ان کے ۳۰/یوم کے روزے پورے ہو گئے،یا کہ نہیں،اگر نہیں تو کیا ان کو بھی ایک روزہ مثل ان لوگوں کے جنہوں نے اس روز روزہ نہیں رکھا تھا بعد میں بموجب فتویٰ دہلی رکھنا پڑے گا،یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً

بلا چاند دیکھے محض شک کی بنیاد پر تیس شعبان کو یکم رمضان سمجھ کر روزہ رکھنا مکروہ ہے؛تاہم جن لوگوں نے ایسا کیا،ان کے روزے مکروہ ہو گئے،اب ان کے ذمہ ایک روزہ کی قضا لازم نہیں۔

"وكره فيه:أي يوم الشك كل صوم من فرض وواجب وصوم ردد فيه بين نفل وواجب،إلا صوم نفل،جزم به بلا ترديد بينه وبين صوم آخر،فإنه لايكره،وإن ظهر أنه من رمضان أجزأ عنه: أي عن رمضان ماصامه بأي نية كانت". (مراقی الفلاح مختصراً،ص:۳۷۷)(۲)فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ(فتاویٰ محمودیہ:۲۰۱/۱۰)

## حکمِ صوم یوم الشک:

السوال: ماقولكم رحمكم الله في صوم يوم الشك وما الراجح فيه عندكم؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــ

قلت:أخرج الشيخان وغيرهما عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلّى الله عليه وسلّم أنه قال:لايتقدمن أحدكم رمضان بصوم يوم أويومين الا أن يكون رجل كان يصوم صوماً فليصم ذلك اليوم.(۳)

---

(۱) مراقی الفلاح شرح نور الايضاح،كتاب الصوم،فصل فيما يثبت به الهلال،ص: ٦٤٧ـ٦٤٨،قديمی

(۲) مراقی الفلاح شرح نور الإيضاح،ص:٦٤٧،كتاب الصوم،فصل فيما يثبت به الهلال،قديمی

(۳) صحيح البخاری،كتاب الصوم،باب لا يتقدم رمضان بصوم يوم ولا يومين: ٤٦٠/١،رقم الحديث: ١٩١٤، دار ابن كثير دمشق،بيروت/الصحيح لمسلم،كتاب الصيام،باب لا تقدموا رمضان ... إلخ: ٤٩٦/١،رقم الحديث:١٠٨٢،دار الفكر بيروت،انيس

وللترمذی وأحمد بلفظ: إلا أن یوافق ذلک صوماً کان یصومه أحدکم، آه.(۱)

قال الحافظ ابن حجر: قال العلماء: معنی الحدیث: لاتستقبلوا رمضان بصیام علی نیّة الاحتیاط لرمضان، أی لایتقدم رمضان بصوم یوم یعد منه بقصد الاحتیاط له، فإن صومه مرتبط بالرؤیة فلا حاجة إلی التکلف، و(قیل)الحکمة فیه التقویٰ بالفطر لرمضان لیدخل فیه بقوة ونشاط، وهٰذا فیه نظر، لأن مقتضی الحدیث أنه لوتقدمه لصیام ثلٰثة أیام أو أربعة جاز، وسنذکرما فیه قریباً، وقیل: الحکمة فیه خشیة اختلاط النفل بالفرض، وفیه نظر أیضاً، لأنه یجوز لمن له عادة کما فی الحدیث، وقیل: لأن الحکم علیٰ رمضان بالرؤیة فمن تقدمه بیوم أو یومین فقد حاول الطعن فی هٰذا الحکم، وهٰذا هو المعتمد، ومعنی الاستثناء أن من کان له ورد فقد أذن له فیه؛ لأنه اعتاده وألفه وترک المألوف شدید ولیس ذلک من استقبال رمضان فی شئ، وفیه رد علیٰ من یریٰ بتقدیم الصوم علی الرؤیة کالرافضة ورد علیٰ من قال بجواز النفل المطلق وأبعد من قال المراد بالنهی التقدم بنیة رمضان واستدل بلفظ التقدم؛ لأن التقدم علی الشئ بالشئ إنما یتحقق إذا کان من جنسه فعلیٰ هٰذا یجوز الصیام بنیة النفل المطلق لکن السیاق یأبی هٰذا التأویل ویدفعه وفیه منع إنشاء الصوم قبل رمضان إذا کان لأجل الاحتیاط، آه.(۱۱۰/۴، ملخصاً)(۲)

وأخرج الترمذی عن عماربن یاسر: من صام الیوم الذی یشک فیه فقد عصی أبا القاسم صلّی اللّٰه علیه وسلم وقال: حسن صحیح والعمل علیٰ هٰذا عند أهل العلم من أصحاب النبی صلّی اللّٰه علیه وسلّم ومن بعدهم کرهوا أن یصوم الرجل الیوم الذی یشک فیه، آه.(۹۱/۱)(۳)

قلت: وأخرجه البخاری تعلیقاً ووصله أصحاب السنن الأربعة وأخرجه أیضاً ابن خزیمة وابن حبان والحاکم وقال: صحیح علیٰ شرطهما ولم یخرجاه کذا فی العمدة للعینی.(۱۹۰/۵-۱۹۱)(۴)

قلت: ولایخفیٰ أنه موقوف فی حکم المرفوع قال العینی: أن فیه تفصیلاً واختلافاً للعلماء فذهب داؤد إلی أنّه لایصح صومه أصلاً ولو وافق عادةً له وذهبت طائفة إلیٰ أنه لایجوز أن یصام اٰخریوم من شعبان تطوّعاً إلا أن یوافق صوماً کان یصومه، وأخذوا بظاهرهٰذا الحدیث رُوی ذلک عن عمربن الخطاب وعلی وعماروحذیفة وابن مسعود ومن التابعین سعید بن المسیب والشعبی والنخعی والحسن وابن سیرین، وهوقول الشافعی، وکان ابن عباس وأبوهریرة یأمران

(۱) الجامع للترمذی، باب ماجاء لا تقدموا الشهر، دارالفکربیروت، لبنان، انیس

(۲) فتح الباری، باب لا یتقدم رمضان بصوم یوم ولا یومین: ۱۲۸/۴، دارالمعرفة بیروت، لبنان، انیس

(۳) الجامع للترمذی، باب ما جاء لا تقدموا الشهربصوم: ۲۲۱/۱، رقم الحدیث: ۶۸۶، انیس

(۴) عمدة القاری، کتاب الصوم، باب قول النبی صلی اللّٰه علیه وسلم إذا رأیتم الهلال ...إلخ: ۳۹۹/۱۰، دارالکتب العلمیة بیروت، انیس

بفصل يوم أويومين كما استحبوا أن يفصلوا بين الصلاة الفريضة والنّافلة بكلام أوقيام أوتقدم أوتأخروقال عكرمة: من صام يوم الشک فقد عصى الله ورسوله" وأجازت طائفة صومه تطوّعاً وهوقول الليث والأوزاعى وأبى حنيفة وأحمد وإسحٰق، رُوى عن عائشة وأسماء أختها: أنهما كانتا تصومان يوم الشک، آه. (٥/٢٠٠-٢٠١)(١)

ملخصاً، وقال فى الهداية: والمراد بقوله صلىّ اللّٰه وسلّم: لاتتقدموا رمضان بصوم يوم ولابصوم يومين الحديث، التقدم بصوم رمضان لأنّه يؤدّيه قبل أدائه ثم إن وافق صوماً كان يصومه فالصّوم أفضل بالاجماع وكذا إذا صام ثلٰثة أيّام من اٰخر الشهر فصاعداً وإن أفرده (أى يوم الشک) فقد قيل الفطر أفضل احترازاً عن ظاهر النهى (والقائل الفقيه محمد بن مسلمة كذا فى العناية) وقد قيل الصوم أفضل اقتداءً بعلى وعائشة رضى اللّٰه عنهما فانهما كانا يصومانه والمختار أن يصوم المفتى بنفسه أخذاً بالاحتياط، آه. (٢)

قلت: أما تأويل صاحب الهداية فى معنى الحديث فما أبعده من السياق كما قاله الحافظ ابن حجر، وأما استدلالهم بفعل على فلايصح فإن مذهب علىٰ خلاف ذلک كمامرعن العينى و صرح به فى فتح القدير نقلاً عن الغاية وأما بفعل عائشة فلايستقيم أيضاً؛ لأن المنقول من قولها أنها قالت: لأن أصوم يوماً من شعبان أحبّ إلىّ من أن أفطر يوماً من رمضان كما فى الفتح وذكره العينى أيضاً وصوم يوم الشک بنية كذلک لا يجيزه أصحابنا، قال العلامة ابن الهمام: والأولىٰ فى التمسک على الأفضلية حديث السرر، آه. (٢/٢٤٧)(٣)

قلت: وحديث السرر ماأخرجه الشيخان أنه صلّى اللّٰه عليه وسلّم قال لرجل: هل صمت من سرر شعبان، قال: لا، قال: فإذا أفطرت فصُم يوماً مكانه وفى لفظ: فصم يوماً، وسرر الشهر اٰخره. (كذا ذكره ابن الهمام فى الفتح أيضاً: ٢/٢٤٥)(٤)

قلت: ولايخفىٰ مافيه فانه يمكن حمل حديث السررعلى صوم كان يعتاده الرجل وبعد ذلک فلا منافاة بينه وبين حديث النهى عن التقدم على رمضان. (ذكره الحافظ ابن حجر فى الفتح: ٤/٢٠١)(٥)

وأيضاً فقد قيل: السرر وسط الشهر، حكاه أبوداؤد ورجّحه بعضهم ووجهه بان السرر جمع سرة وسرة الشئ وسطه، ويؤيده الندب الى صيام البيض وهى وسط الشهر، (٦) وأنه لم يرد فى

(١) عمدة القارى، كتاب الصوم، باب قول النبى صلى اللّٰه عليه وسلم إذا رأيتم: ١٠/٣٩٩، دارالكتب العلمية بيروت، انيس
(٢) الهداية بهامش فتح القدير، كتاب الصوم، فصل فى رؤية الهلال: ٢/٣٢٣-٣٢٤، دارالكتب العلمية بيروت، انيس
(٣-٤) فتح القدير، كتاب الصوم، فصل فى رؤية الهلال: ٢/٣٢٤، دارالكتب العلمية بيروت، انيس
(٥) فتح البارى، كتاب الصوم، باب الصوم من أحرم الشهر، رقم الحديث: ١٩٨٣: ٤/٢٣٠، دارالمعرفة، بيروت
(٦) والنّدب الى صوم يوم النّصف من شعبان خاصة.

صيام آخر الشهر (من شعبان) ندب بل ورد فيه نهى خاص آه قاله الحافظ أيضاً وبالجملة فدليل من منع عن صوم يوم الشک الا للمعتاد أقوىٰ روايةً ودرايةً وما ذكره أصحابنا فى تأويل الحديثين ومن استثناء الخواص عن هٰذا النهى مجرّد تأويل فى معرض النّص هذا ولكنى لا أفتى على كراهته للخواص لكونى مقلّداً للامام الأعظم أبى حنيفة وأصحابه ولكن الأولٰى عندى قول محمد بن سلمة من الحنفية أن افراد يوم الشک بصومه خلاف الأولٰى والفطر فيه أفضل للعوام والخواص جميعاً خصوصاً وقد قال أصحابنا: أن الخروج من خلاف العلماء مستحب وفيه خلاف كما ترىٰ والله أعلم، ولاسيّما فى هٰذا الزمان فإن صوم المفتى والقاضى قلّما يخفى على العامة كما هو مشاهد والحنفية انّما أجازوه للخواص بشرط الاخفاء التّام عن العوام. (كما ذكره فى فتح القدير: ۲/ ۲۴۷-۲۴۸)(۱)

وإن كان الصوّم بشرط الاخفاء أيضاً خلاف الأفضل عندى وبه قال محمد بن مسلمة من أصحابنا وكفىٰ به لى قدوةً إذا تأيد قوله بالحديث وتقوى روايةً ودرايةً هٰذا والله تعالىٰ أعلم وعلمه أتم وأحكم

۳۰/شعبان۱۳۴۳ھ (امدادالاحکام: ۳/ ۱۰۰-۱۰۳)

## کیا یوم الشک کا روزہ مکروہ ہے:

سوال: شعبان کے چاند کا پتہ نہ چلا کہ ۲۹/کا ہوا، یا ۳۰/کا بوجۂ ابر غلیظ ہونے کے، اس وجہ سے شہادت دو ہوئی، بعض نے پیر کو ۲۹/کا چاند شمار کر کے کیا اور بعض نے منگل کو ۳۰/شمار کیا اور ابر کی وجہ سے رمضان میں بھی اختلاف ہوا، جس کے اعتبار سے پیر کی شب برات ہوئی ان کے اعتبار سے بدھ کی ۳۰/ہوئی اور منگل والوں کے لیے جمعرات کی ۳۰/ہوئی، ایک عالم کے پاس گئے جمعرات کے روزہ رکھو یا نہ رکھو اور میں بحیثیتِ مفتی ہونے کے لیے یوم شک میں روزہ رکھوں گا۔

اب اس شخص کو اطمینان نہ ہوا اور دوسرے عالم کے پاس گیا کہ کوئی اطمینان بخش جواب دیں، انہوں نے شعبان کا چاند بوجۂ عدم رؤیت پورے ۳۰/دن رجب کے شمار کر کے شعبان کے ایام شمار کئے گئے تو بدھ کی ۲۰/اور جمعرات کی ۳۰/ ہوئی اور شعبان کی رویت کا ۲۹/ یا ۳۰/کا ثبوت نہیں ملا اور نہ باہر سے شعبان کے چاند کی رؤیت کی خبر ملی، اس وجہ سے شعبان ۳۰/دن شمار کئے، اب حساب سے بدھ کی ۲۹/ہوتی ہے، اس عالم نے جمعرات کو یوم شک قرار دے کر اور اس چاند کو پورا تیس دن کا کرنے کا حکم دیا، چوں کہ چاند کا کوئی ثبوت نہیں بلا وجۂ ابر کے، لہٰذا اس وجہ سے عالم نے جمعات کے روزے سے منع کر دیا اور اس کو مکروہ تحریمی قرار دیا، اس نے عالم سے دلیل مانگی تو عالم نے یہ عبارت پڑھی:

---

(۱) فتح القدير، كتاب الصوم، فصل فى رؤية الهلال: ۲/ ۳۲۴، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

وینبغی للناس أن یلتمسوا الهلال فی الیوم التاسع والعشرین من شعبان،فإن غم علیکم الهلال،أکملوا العدة الشعبان ثلاثین یوماً،ثم صاموا،لایصام یوم الشک،لقوله علیه السلام:"من صام یوم الشک فقد عصی أبا القاسم". (۱)

فإن غم لیلة الشک لایصام،ولاتصوموا قبل رمضان، صوموا لرؤیته وأفطروا لرؤیته، فإن حال بینکم وبینه سحاب، فأکملوا العدة ثلاثین، ولاتستحصالوا العدة الشهر استقبالا". (۲)

لہٰذا ان دلائل کی وجہ سے عالم نے رمضان کا روزہ جمعرات کے دن مکروہ تحریمی قرار دیا اور حکم دیا کہ لوگوں سے منادی کرائی جائے کہ جمعرات کو روزہ رکھنا مکروہ تحریمی ہے اور روزہ نہیں رکھا جائے گا۔اب عالم نمبر:۱، وعالم نمبر:۲، کے اختلاف کی بنا پر بعض نے روزہ رکھا اور بعض نے نہیں رکھا اور بعض نے روزہ رکھ کر دن میں توڑ دیا، عالم دوم کے کہنے پر عالم اول کا کہنا ہے کہ گناہ ہوا اور اس کی کوئی حد نہیں ہوسکتی۔عالم دوم نے کہا: نہ قضا ہے نہ کفارہ، وہ دن ہی رمضان کا نہیں۔اس حالت میں یوم الشک قرار دیا جائے گا، یا نہیں؟ فقط (خاکسار عبدالحمید، ضلع بجنور)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

۲۹/تاریخ کو ابر وغیرہ کی وجہ سے جب چاند نظر نہ آئے، نہ شرعی شہادت حاصل ہو تو مہینہ ۳۰/کا شمار کرنا چاہیے، محض احتمال کی وجہ سے اگلے روز آئندہ ماہ کی یکم قرار دینا درست نہیں، یہ حکم رجب، شعبان، رمضان وغیرہ ہر ماہ کے لیے عام ہے۔عالم نمبر:۱، نے صورتِ مسئولہ میں جو مفتی ہونے کی حیثیت سے یوم الشک میں روزہ رکھا ہے، درست ہے اور یہ بھی حکم شریعت کا ہے؛لیکن یہ روزہ رمضان کا نہیں؛ بلکہ خالص نفلی روزہ ہے۔عالم نمبر:۱ سے دو قسم کی کوتاہی ہوئی ہے: اول یہ کہ انہوں نے عوام کو بتایا نہیں کہ یہ نفلی روزہ ہے، جس سے عوام سمجھے کہ یہ رمضان کا روزہ ہے کہ انھوں نے یوم الشک میں عوام کو روزہ رکھنے اور نہ رکھنے کا اختیار دیا، حالاں کہ عوام کے لیے یہ حکم نہیں ہے؛ بلکہ عوام کے لیے یہ حکم ہے کہ وہ زوال تک انتظار کرلیں کہ ممکن ہے کہ کہیں سے شہادت آجائے، پھر اگر زوال تک شہادت نہ آئے تو اس وقت کھائیں پیئیں۔ نیز عالم نمبر:۱ کو اپنے روزہ کا اولا اخفاء کرنا چاہیے تھا، اگر اظہار کی ضرورت پر اظہار کرتے تو رمضان ہونے کا شبہ نہ ہوتا۔

عالم نمر:۲ نے یوم الشک کے روزہ کو مکروہ تحریمی فرمایا یہ صحیح ہے؛ مگر دو قسم کی کوتاہی ان سے بھی ہوئی ہے: اول یہ کہ انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ کیسا روزہ رکھنا مکروہ تحریمی ہے جس سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ عالم نمبر:۱ نے جو روزہ رکھا ہے، وہ بھی مکروہ تحریمی ہے، حالاں کہ جمعرات کو زوال کے وقت تک انتظار کا حکم دینا چاہیے تھا، اگر شہادت نہ آتی تب کھانے پینے کا حکم دیتے۔ نیز عالم نمبر:۲ نے یہ بھی تفصیل نہیں کہ کہ مفتی کو روزہ رکھنا مکروہ تحریمی نہیں (کیوں کہ وہ خالص نفلی روزہ کھتا ہے) اور عوام کو روزہ رکھنا مکروہ تحریمی ہے؛ کیوں کہ وہ اس کو رمضان کا روزہ سمجھ کر رکھتے ہیں، جب کہ ثبوت

(۱) الجامع للترمذی،باب ماجاء لاتقدموا الشئ بصوم: ۲۲۱/۱،رقم الحدیث:٦٨٦،دارالفکر بیروت،انیس

(۲) صحیح البخاری،باب قول النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم إذا رأیتم: ٤٥٩/١،رقم الحدیث:١٩٠٩،دارابن کثیر دمشق، انیس

رمضان کا نہیں ہوا اور لوگوں نے روزہ توڑ دیا، خواہ خود توڑ دیا، یا عالم نمبر:۲ کے کہنے پر توڑا تو عالم نمبر:۱ نے ان کے ذمہ قضا و کفارہ کا لزوم کس دلیل سے کیا، ان سے مطالبہ کیا جائے۔

”وكره فيه:أي يوم الشک كل صوم من فرض وواجب وصوم ردد فيه بين نفل وواجب،إلا صوم نفل جزم به بلا ترديد بينه وبين صوم آخر،فإنه لا يكره لحديث السرار إذا كان علىٰ وجه لايعلم العوام ذلک ليعتادوا صومه.وإن ظهر أنه من رمضان أجزأ عنه:أ ى عن رمضان ما صامه بأى نية كانت،وهو ما إذا ظهر أنه من رمضان فإنه يجزئ عنه،فكأنه لم يشرع ملتزما بل مسقطاً من الوجه،فلا قضاء عليه لو أفسده.والمختار أن يأمر المفتى العامة باظهار النداء بالتلوم:أى بالانتظار بلا نية صوم فى ابتداء يوم الشک،ثم يأمر العامة بالافطار إذا ذهب وقت انشاء النية،و لم يتبين الحال،ويصوم فيه نفلاً المفتى و القاضى،آه“.(مراقى الفلاح وحاشية الطحطاوى مختصراً، ص:٣٥٥)(۱)

”ولايصام يوم الشک إلا نفلاً،ويكره غيره،ولو جزم أن يكون عن رمضان،كره تحريماً، والتنفل فيه أحب إن وافق صوماً يعتاده،وإلا يصومه الخواص ويفطر غيرهم بعد الزوال،به يفتى، آه“.(الدر المختار: ٣٤/٢)(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۹/۶۲ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۸/رمضان ۱۳۶۲ھ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۸/رمضان ۱۳۶۲ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۹۷-۲۰۰)

## تحقیق حدیث من صام یوم الشک:

سوال: حدیث:”من صام اليوم الذى يشک فيه فقد عصى أبا القاسم صلى الله عليه وسلم“ ذكره البخارى تعليقا ووصله الخمسة وصححه بن خزيمة وابن حبان،كذا فى بلوغ المرام والمصفى شرح الموطأ (۳) کو صاحب درمختار لکھتے ہیں:”لاأصل له“ (۴) مگر چوں کہ مقابل نقاد محدثین قول فقہاء کرام قابل اعتماد نہیں ہوتا؛ کیوں کہ تنقید حدیث ہر ایک کا حق نہیں ہوتا۔ اس باب میں قول محدثین ہی معتبر ہوتا ہے،”لکل من رجال“ مقولہ مشہور ہے، لہٰذا آپ کی تحقیق میں کیا ہے؟

الجواب

فى رد المحتار علىٰ قول الدر المختار:فلا أصل له ما نصه كذا قال الزيلعى، ثم قال: ويروى موقوفاً علىٰ عمار بن ياسر وهو فى مثله كالمرفوع،آه.

قلت:وينبغى حمل نفى الأصلية على الرفع كما حمل بعضهم قول النووى فى حديث صلاة النهار

(۱) حاشية الطحطاوى علىٰ مراقى الفلاح،ص: ٦٤٧-٦٥٠،كتاب الصوم، فصل فيما يثبت به الهلال، قديمى

(۲) الدر المختار علىٰ هامش رد المحتار، كتاب الصوم:٣٤٦/٣-٣٤٩،دار عالم الكتب،رياض،انيس

(۳) عمدة القارى،باب قول النبى صلى الله عليه وسلم إذا رأيتم الهلال: ٣٩٩/١٠،دار الكتب العلمية بيروت،انيس

(۴) الدر المختار علىٰ هامش رد المحتار:٣٤٨/٣،دار عالم الكتب،رياض،انيس

**عـجـمـاء أنـه لا أصـل لـه عـلٰى أن المراد لااصل لرفعه وإلا فقد ورد موقوفاً علٰى مجاهد وأبى عبيدة وكـذا هٰذا أورده البـخـارى مـعـلـقاً بقوله وقال صلة عن عمارمن صام،إلخ، قال فى الفتح: وأخرجه أصحاب السنن الأربعة وغيرهم وصححه الترمذى عن صلة بن زفر،الخ.** (۱۴۲/۲، مصرية)(۱)

(تتمہ ثانیہ،ص:۱۷۴)

## ایضاً:

درمختار کی ایک عبارت کتاب الصوم بابت روزہ یوم الشک کے لکھتا ہوں،اس کا مطلب سمجھ میں نہیں آتا۔

"**والتـنـفـل فيه أحب أى أفضل اتفاقاً وإن وافق صوماً يعتاد وإلا يصومه الخواص يفطرغيرهم بعد الزوال به يفتى نفيا لتهمة النهى**". (۲)

آخر کی عبارت زیر سطر سے معلوم ہوتا ہے کہ خواص جن کو کیفیت نیت یوم الشک معلوم ہو، ان کو یوم الشک کا روزہ رکھنا جائز ہے، حالاں کہ حدیث: "**لاتقدموا رمضان بصوم يوم أويومين**" (۳) عام ہے۔خواص کہاں سے مستثنی ہوئے، پھر جب خواص کو رکھنے کی اجازت ہے تو عوام کس طرح بچیں گے۔قواعد فقہیہ پر نظر کرتے ہوئے عوام کی ابتلا کے خوف سے خواص کو بچنا چاہیے؟

**الجواب**

**عـن أبـى هـريـرة عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لايتقدمن أحدكم رمضان بصوم يوم أو يومين إلا أن يكون رجل كان يصوم صومه فليصم ذلك.** (رواه البخارى)(۴)

اس حدیث سے اتنا تو معلوم ہوگیا کہ بعض عوارض کے سبب بعض افراد تقدم کے مستثنی ہیں، پس اگر کسی دوسری دلیل سے دوسرے بعض افراد مستثنی ہوں تو حدیث: "**لاتقدموا رمضان بصوم يوم أويومين**" کے معارض نہیں اور صوم یوم الشک کے باب میں دوسری دلیل موجود ہے اور وہ دلیل ان حضرات کا عمل ہے: علیؓ، عائشہؓ، عمرؓ و ابن عمر، انسؓ بن مالک، اسماء بنت ابی بکرؓ، ابوبکرؓ، معاویہؓ، عمرو بنؓ العاص یہ اصحاب ہیں، جن کا عمل مالا یدرک بالقیاس میں مرفوع حکمی ہے اور مایدرک بالقیاس میں دلیل ہے، حدیث مرفوع کے مؤل ہونے کی اور ان تابعین سے بھی یہ عمل منقول ہے؛ مجاہد طاؤس، سالم بن عبداللہ، میمون بن مہران، مطرب بن الشخیر، بکر بن عبداللہ المزنی، ابوعثمان نہدی، یہ سب نام نیل الاوطار (۴/۷۷) میں شمار کئے ہیں۔پس حدیث "**لا تـقـدمـوا غيـر صوم يوم الشك**" غیر صوم یوم معتاد پر محمول ہوگی، یہ تو اہل علم سے منقول ہے اور احقر عرض کرتا ہے کہ اگر غور کیا جاوے تو حدیث "**لاتـقـدمـوا،الخ**" کو صوم یوم الشک سے کچھ

---

(۱) رد المحتار، كتاب الصوم،مبحث فى يوم الشك:۳۴۸/۳،دارعالم الكتب،رياض،انيس

(۲) الدرالمختار علىٰ رد المحتار، كتاب الصوم،مبحث فى يوم الشك:۳۴۸/۳،دارعالم الكتب،رياض،انيس

(۳) الصحيح لمسلم، كتاب الصوم،باب لاتقوموا رمضان:۴۹۶/۱،رقم الحديث:۱۰۸۳، دار الفكر بيروت،انيس

(۴) صحيح البخارى، كتاب الصوم،باب ما لا يتقدم رمضان:۴۶۰/۱،رقم الحديث:۱۹۱۴،دارابن كثير دمشق،انيس

تعلق ہی نہیں؛ کیوں کہ معنی حدیث کے یہ ہیں کہ ’’رمضان سے پہلے روزہ مت رکھو‘‘ تو ظاہر ہے کہ وہ غیر رمضان کا روزہ ہوگا اور یوم الشک پر غیر رمضان ہونے ہی کا حکم نہیں کر سکتے، جو شخص اس کا روزہ رکھتا ہے، وہ بحیثیت یوم رمضان ہونے کے رکھتا ہے، نہ کہ غیر رمضان کا تعظیم واستقبال رمضان کے لیے اور احتیاط امور دیانات میں خود منصوص ومطلوب شرعی ہے، جب تک کہ کوئی مفسدہ لازم نہ آوے اور خواص میں یہ مفسدہ محتمل نہیں اور عوام میں محتمل ہے، لہٰذا قواعد شرعیہ نے دونوں میں فرق فرما دیا۔ رہا یہ کہ اس فعل خواص سے عوام کو ابتلا ہوگا، سو یہ اس وقت محتمل ہے کہ عوام کو اس کی اطلاع ہو۔ سو وہ خواص اس کی اطلاع کیوں کریں گے، بلکہ پوچھنے پر بھی ٹال سکتے ہیں، یا انکار کر سکتے ہیں اور ایسا جھوٹ مذموم نہیں۔

۲۹/شعبان ۱۳۳۷ھ (حوادث خامسہ، ص: ۲۸) (امداد الفتاویٰ: ۲/۱۰۵)

## رویتِ ہلال اور صوم یوم الشک کے بارے میں ایک استفتا:

سوال: اس سال ہلالِ رمضان کے بابت ہمارے دیار میں سخت اختلاف پڑا ہے، چھ سات محلّہ کے آدمی بوجہ شہادت پانچ شخص کے برؤیۃ ہلال فی الصحراء نزدیک ایک فقیہ کے اور قبول ہونے شہادت ان کے بدھ کے دن سے روزہ رکھیں اور تیسویں تاریخ جمعرات کو ہلالِ شوال نہ دیکھنے کی وجہ سے جمعہ کے دن بھی روزہ رکھیں اور روزے ان کے اکتیس ہوگئے اور جمعرات کے روزہ داروں کے تیس ہوگئے، اب بعضے عالم بدھ کے دن کے صومِ یوم الشک بنیت رمضان پر حمل کر کے مکروہ تحریمی فرماتے ہیں، **لما في الدرالمختار: ولو جزم أن يكون من رمضان كره تحريماً.** (۱) اور بدھ کے دن کے روزہ دار کہتے ہیں، جب حسبِ عبارت: ردالمحتار، بحر، بدائع وغیرہ روایتِ حسنؒ از امام ’’**يصوم رمضان بشهادة الاثنين عند الصحو أيضاً**‘‘، مفتیٰ بہ ہونا قرار پایا تو ہمارا روزہ رکھنا حسبِ شریعت صحیح اور درست ہے، پھر مکروہ ہونے کا کیا معنیٰ؟

**في رد المحتار: (۱۰۱/۲، مصری): قوله: وعن الإمام أنه يكتفي بشاهدين واختاره في البحر، إلخ، حيث قال: وينبغي العمل علىٰ هٰذه الرواية في زماننا؛ لأن الناس تكاسلوا عن ترائي الأهلة فانتفى قوله مع توجههم طالبين لما توجه هو إليه فكان التفرد غير ظاهر في الغلط ثم أيد ذلك بأن ظاهر الولوالجية والظهيرية يدل علىٰ أن ظاهر الرواية هو اشتراط العدد لا الجمع العظيم والعدد يصدق باثنين آه، أقره في النهر والمنح ونازعه محشيه الرملي بأن ظاهر المذهب اشتراط الجمع العظيم فيتعين العمل به لغلبة الفسق والافتراء على الشهر، إلخ، أقول: أنت خبير بأن كثيراً من الأحكام تغيرت لتغير الأزمان ولو اشترط في زماننا الجمع العظيم لزم أن لا يصوم الناس إلا بعد ليلتين أو ثلاث لما هو مشاهد من تكاسل الناس بل كثيراً ما رأينا هم يشتمون من يشهد بالشهر ويؤذونه وحينئذ فليس في شهادة الإثنين تفرد من بين الجمع الغفير حتىٰ يظهر غلط الشاهد فانتفت علة ظاهر الرواية فتعين الافتاء بالرواية الأخرىٰ، انتهى.** (۲)

---

(۱) الدرالمختار علىٰ رد المحتار، كتاب الصوم، مبحث في صوم يوم الشك: ۳۴۷/۳، دارعالم الكتب، انيس

(۲) رد المحتار، كتاب الصوم: ۳۵۷/۳، دارعالم الكت، الرياض، انيس

بلکہ دیگر ممالک سے جمعہ کے دن عید ہونے کی خبر سن کے فرماتے ہیں کہ جمعرات سے روزہ داروں پر ایک روزہ قضا کرنا ضروری ہے، **لما فی البدائع** (۸۳/۲،مصری): **"ولو صام أهل بلد ثلثين يوماً وصام أهل بلد اٰخر تسعة وعشرين يوماً فإن كان صوم أهل ذلك برؤية الهلال وثبت ذلك عند قاضيهم أوعدوا شعبان ثلثين يوماً ثم صاموا رمضان فعلٰى أهل البلد الاٰخر قضاء يوم لأنهم أفطروا يوماً من رمضان لثبوت الرمضانية برؤية أهل ذلك البلد وعدم رؤية أهل البلد الاٰخر لايقدم فى رؤية أولئك اذالعدم لايعارض الوجود،الخ".** (۱)

اب معرض خدمت میں یہ ہے کہ (۱) بدھ کے دن کے روزہ کا کیا حکم ہے، (۲) اور جمعرات کے روزہ رکھنے والوں پر ایک روزہ قضا ادا کرنا واجب ہے، یا نہیں؟ (۳) اور باوجود سننے خبر رویتِ ہلال کے بدھ کے دن روزہ نہ رکھنے والوں پر اور رکھ کر توڑ دینے والوں پر کفارہ واجب ہے، یا نہیں؟ حضور عالی کے دستخط نہایت ضروری ہے، بجز اس کے لوگ اعتبار نہ کریں گے۔

**الجواب**

(۱) بدھ کے دن سے روزہ رکھنے والوں پر کراہتِ یوم الشک کا الزام صحیح نہیں، جب کہ انہوں نے فقیہ کے سامنے شہادت گزرنے اور اس کے قبول ہوجانے کی بناپر روزہ رکھا، گو اس فقیہ نے روایتِ متون کے خلاف حالتِ صحو میں جمِ غفیر کے بغیر ثبوتِ ہلال کا فتویٰ دے دیا؛ مگر عوام کو تو علما کا اتباع لازم ہے، جب کہ اس کا فتویٰ کسی ایک روایت کے موافق ہے۔

(۲-۳) جمعرات سے روزہ رکھنے والے دو قسم کے ہیں، ایک علما دوسرے جہلا، علما کو اگر فقیہ مذکور کا فتویٰ اس وجہ سے مسلم نہ ہوا کہ اس نے روایتِ متون کے خلاف فتویٰ دیا تو ان کو گناہ نہیں ہوا اور یہی حکم ان جہلا کا ہے، جو ان علما کے معتقد ہیں، جنہوں نے ان علما کے اختلاف کی وجہ سے فقیہ مذکور کے فتویٰ کو تسلیم نہیں کیا اور اس کی صحت میں ان کو شبہ ہوگیا، رہے وہ جہلا جن کو فقیہ مذکور کے فتویٰ کا علم ہوا اور دوسرے علما کے خلاف کا علم نہیں ہوا، ان کو بدھ کے دن نہ روزہ رکھنے سے گناہ ہوا۔

رہا یہ کہ ان لوگوں کے ذمہ ایک روزہ کی قضا اور اس کے عمداً توڑنے سے کفارہ واجب ہوگا، یا نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ شہادتِ مذکورہ کے موافق تیس دن پورا کرنے کے بعد بھی چاند نہ ہونے سے شہادتِ مذکورہ کا کذب وغلط محقق ہوگیا؛ اس لیے بدھ کے دن ثبوتِ رمضان قطعی نہ رہا، پس وجوبِ کفارہ کی کوئی وجہ نہیں اور نہ قضا واجب ہے، البتہ جن مقامات سے جمعہ کی عید کی خبر آئی ہے، اگر وہاں سے بدھ کے دن یکم رمضان ہونے کی بھی اطلاع آجائے اور یہ اطلاع بطریقِ موجب شرعی حاصل ہو تو ان لوگوں پر بدھ کے دن کے ایک روزہ کی قضا واجب ہوگی، ورنہ نہیں۔

**۲۲/شوال ۱۳۴۶ھ**۔ (امداد الاحکام: ۱۱۷/۳-۱۱۹)

---

(۱) بدائع الصنائع، کتاب الصوم، فصل فی شرائطها: ۵۷۹/۲، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

# روزہ سے متعلق معذور کے احکام

## فصل کی کٹائی کے واسطے روزہ افطار کرنا جائز ہے، یا نہیں:

سوال: فصل کٹائی، یا کسی ایسے ہی سخت مشقت والے کام کے لیے روزہ کا افطار جائز ہے، یا نہیں؟

**الجواب**

اگر فصل کاٹنے میں تاخیر کرنے سے زراعت کے ضائع ہونے کا خطرہ نہ ہو، تب تو کاشتکار کو لازم ہے کہ فصل کو بعد رمضان کے کاٹے اور اگر تاخیر سے زراعت کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو؛ اس لیے رمضان ہی میں کاٹنا پڑے اور کٹائی کی حالت میں روزہ دشوار ہو تو کاشتکار کو اس حالت میں افطار جائز ہے اور درست ہے کہ بعد رمضان کے ان ایام کی قضا کرے کفارہ نہ ہوگا۔

**قال في الفتاوى الكاملية: سئلت عن حصّاد لم يقدر علىٰ حصاد زرعه مع الصّوم وإذا أخره يهلك هل يجوز له الافطار حينئذٍ، فالجواب، نعم يجوز له ذلك حينئذٍ فقد نقل المحقق ابن عابدين رحمه اللّٰه تعالىٰ في حواشيه على الدر عن الخير الرملي مانصّه: وعلىٰ هٰذا الحصاد إذا لم يقدر عليه مع الصوم ويهلك الزرع بالتأخير لاشك جواز الفطر والقضاء، آه، والله أعلم.** (ص: ۱۶-۱۷)(۱)

**۲۱ رمضان ۱۳۴۱ھ** (امداد الاحکام: ۳/۱۳۸-۱۳۹)

## استفتاء عن القلب اور معذور کے لیے افطار کا حکم:

سوال: فدوی نے پہلا روزہ رکھا، دن بھر طبیعت خراب رہی، بعد افطار بہت ہی خراب ہوگئی کہ عرض نہیں کر سکتا۔ فدوی جانتا ہے، یا فدوی کا خدا جب حکم حضورِ پُر نور دل سے فتویٰ لیا، دل نے کہا کہ بموجبِ حکم اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ہم کو روزہ نہیں رکھنا چاہیے۔

اول حکم: اپنے کو تہلکہ میں مت ڈالو۔

دوسرا حکم: اللہ تعالیٰ جل جلالہ وجل شانہٗ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا ہے، جو وہ برداشت نہ کر سکے۔

تیسرا حکم: جان بچانی فرض ہے۔

---

(۱) الفتاویٰ الكاملية، كتاب الصوم، في الحوادث الطرابلسة، للشيخ محمد كامل بن مصطفىٰ، ص: ۱۶-۱۷

اب فدوی روزہ نہیں رکھتا ہے۔ دل کا فتویٰ صحیح ہے، یا کیا؟

الجواب

دل سے فتویٰ لینا اور اس کے فتوے پر عمل کرنا ہر شخص کو جائز نہیں اور نہ ہر مسئلہ میں جائز ہے؛ بلکہ اس کا محل وہ امور ہیں، جن میں دلیلیں متعارض ہوں اور ظاہر میں کسی دلیل کو دوسری پر ترجیح نہ ہو تو ایسے مواقع میں فتویٰ قلب پر وہ شخص عمل کرسکتا ہے، جو کامل الایمان ہو اور سلیم الفہم عارف بدقائق النفس ہو، صرّح بأصله في رسالته التشرف.

پس آپ کا روزہ کے معاملہ میں قلب سے فتویٰ لینا بالکل غلط تھا، جب کہ علما حکم شرعی بتلانے والے موجود تھے، جو معرفت وعلم وکمال ایمان میں آپ سے زائد ہیں، پس اوّل آپ کسی طبیبِ حاذق عادل سے نبض وغیرہ دکھلا کر دریافت کیجئے کہ روزہ رکھنا آپ کو حالتِ موجودہ میں مضر ہے، یا نہیں؟ اگر وہ صوم کو مضر بتلائے اور یہ کہے کہ روزہ سے مرض شدید ہوجائے گا، جس کا تحمل دشوار ہوگا، تو آپ کو روزہ نہ رکھنا جائز ہوگا، اور رمضان کے بعد قضا واجب ہوگی، خواہ سردیوں میں قضا کردی جاوے اور اگر روزہ کو مضر نہ بتلائے تو روزہ رکھنا فرض ہے اور قدر قلیل تعب وسوء مزاج قابلِ اعتبار نہیں۔ واللہ اعلم

۱۲/رمضان ۱۳۴۵ھ (امداد الاحکام: ۳/۱۴۰)

## روزہ اور جسمانی نقاہت:

سوال: کسی شخص کی روزہ رکھنے کی نیت ہے؛ لیکن اپنی جسمانی کمزوری جیسے نقاہت وغیرہ کی وجہ سے عاجز ہے اور سمجھتا ہے کہ روزہ رکھوں گا تو پورے نہ کرسکوں گا، ایسی صورت میں اسے کیا کرنا چاہیے؟

(مقصود حسین خاں، نظام آباد)

الجواب

اگر واقعی کوئی شخص اتنا کمزور ہو کہ روزہ نہیں رکھ سکتا اور یہ اس کی عارضی بیماری ہو تو اسے وقتی طور پر روزہ نہیں رکھنے اور بعد میں روزہ قضا کرلینے کی گنجائش ہے؛ لیکن یہ عجز محض وہم کے درجہ کا نہ ہو؛ بلکہ یہ کسی معتبر مسلمان ڈاکٹر کی رائے کی روشنی میں ہو، یا کم سے کم خود روزہ رکھ کر دیکھے، اگر تجربہ سے ثابت ہو کہ واقعی وہ روزہ پورا نہیں کرسکتا تو پھر اس کے لیے آئندہ دنوں میں روزہ نہ رکھنے کی گنجائش ہوسکتی ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۰۹-۴۱۰)

## بیماری کی وجہ سے روزہ کی قضا:

سوال: کس قسم کے امراض کی بنا پر روزہ نہ رکھنا جائز ہے؟ اگر ایک شخص چند روز روزہ رکھ سکتا ہو؛ لیکن چند دنوں کے بعد مسلسل روزہ رکھنے کی صورت میں اس کے مرض میں اضافہ ہوجاتا ہے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟ (شیخ داؤد، محبوب آباد)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

شریعت میں انسانی حرج اور ضرورت کی قدم قدم پر رعایت ملحوظ رکھی گئی ہے،(۱) ان ہی میں سے ایک یہ ہے کہ مرض کی بناء پر روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے،اس کی چند صورتیں ہیں:

(الف) پہلے سے مریض ہو اور روزہ رکھنے کی وجہ سے ہلاک ہو جانے یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو۔

(ب) پہلے سے مریض ہو اور روزہ رکھنے کی وجہ سے مرض بڑھ جانے کا اندیشہ ہو۔

(ج) پہلے سے مریض ہو، روزہ رکھنے کی وجہ سے مرض میں اضافہ کا اندیشہ نہ ہو؛ لیکن خطرہ ہو کہ یہ صحت میں تاخیر اور بیماری میں طول کا باعث ہوگا۔

(د) ابھی بیمار نہ ہو، یعنی بیماری ظاہر نہ ہو؛ لیکن معتبر و دیانت دار مسلمان ماہر معالج کی رائے ہو کہ روزہ رکھنے کی صورت میں وہ مریض ہو جائے گا۔

ان چاروں صورتوں میں رمضان المبارک کا روزہ نہ رکھنے اور بعد میں قضا کر لینے کی گنجائش ہے،(۲) البتہ محض بیماری کے وہم کی وجہ سے روزہ چھوڑنا جائز نہیں۔شرعی احکام کی بنیاد غالب گمان پر ہوتی ہے، نہ کہ محض اوہام پر۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ”جس قدر ممکن ہو، اللہ کا حکم بجالاؤ“۔(۳)

لہٰذا اگر کوئی شخص مسلسل روزہ نہیں رکھ سکتا، چند دنوں روزہ رکھنے کے بعد چند دن روزہ توڑنا اس کے لیے ضروری ہو جاتا ہے تو جتنے دن روزہ رکھ سکتا ہو رکھ لے، جب تکلیف شروع ہو جائے، یا اس کا اندیشہ پیدا ہو جائے تو روزہ نہ رکھے اور بعد میں قضا کر لے۔(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۰۷-۴۰۸)

---

(۱) ﴿لاَیُکَلِّفُ اللهُ نَفْسًا الَّا وُسْعَهَا﴾(سورة البقرة:۲۸۶،انیس)

﴿مَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیَجْعَلَ عَلَیْکُمْ مِنْ حَرَجٍ وَّلٰکِنْ یُّرِیْدُ لِیُطَهِّرَکُمْ لِیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْکُمْ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ﴾(سورة لمائدة:٦،انیس)

﴿وَمَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ﴾(سورة الحج:۷۸،انیس)

”مَا خُیِّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم بَیْنَ الْأَمْرَیْنِ الاّ اخْتَارَ أَیْسَرَهُمَا مَالَمْ یَکُنْ اثْمًا، فَانْ کَانَ اثْمًا کَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ“.(أبوداؤد:۲/٦٦۰، کتاب الأدب، باب فی العفو والتجاوز،انیس)

”اَلْمَشَقَّةُ تَجْلِبُ التَّیْسِیْرَ“.(الأشباه والنظائر،القاعدة الرابعة،انیس)

”عَلَیْکُمْ مِنَ الأعْمَالِ مَا تُطِیْقُوْنَ فانَّ اللّٰهَ لاَ یَمَلُّ حَتّٰی تَمَلُّوْا“.(صحیح البخاری:۱/۱۱،کتاب الإیمان، باب:أحب الدین إلی اللّٰه عزوجل أدومه)

(۲) أما المرض فالمرخص منه،إلخ.(بدائع الصنائع، کتاب الصوم،فصل فی حکم من أفسد صومه: ۲/٦۰۹، دارالکتب العلمیة بیروت/البحرالرائق،کتاب الصوم،فصل فی العوارض:۲/٤۹۲.دارالکتب العلمیة بیروت،انیس)

(۳) عن ابن عمررضی اللّٰه عنهماقال:کنا إذا یابعینا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم علی السمع والطاعة یقول لنا:”استطعتم“.(صحیح البخاري،رقم الحدیث:۷۲۰۲،باب: کیف یبایع الإمام الناس)

## شدید مرض کے باوجود روزہ:

سوال: اعصابی کمزوری کا دائم المریض ہمت کر کے رمضان کے روزے رہتا ہے۔ دس، بیس روزوں کے بعد قوی وہمت جواب دے جاتی ہے، جب کہ مریض کی عین تمنا یہی ہے کہ حالت روزہ میں اس کا انتقال ہو، ایسے مریض وروزہ دار کے لیے کیا احکامات ہیں؟　　(ایم، ایس خان، اکبر باغ)

الجواب

اگر دس بارہ روزوں کے بعد روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رہی اور معالج روزہ رکھنے سے منع کرتا ہو تو روزہ توڑ دینا چاہیے، روزہ رکھ کر جان دے دینا درست نہیں؛ کیوں کہ بیماری کی وجہ سے روزہ توڑنے کی اجازت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے، (۱) اور اللہ کی دی ہوئی سہولتوں سے فائدہ اٹھانا اللہ کے سامنے اپنے عجز اور ضعف وناطاقتی کا اظہار ہے اور یہی عبدیت وبندگی کی اصل روح ہے۔ ایسی سہولتوں سے فائدہ نہ اٹھا کر اپنی جان دے دینا کوئی محمود اور پسندیدہ عمل نہیں کہ اسلام کی خصوصیت عدل اور اعتدال ہے، وہ عبادات میں بھی اعتدال کا قائل ہے اور غلو سے منع کرتا ہے۔

(کتاب الفتاویٰ: ۴۰۹/۳)

## طبیب کے مشورہ پر روزہ نہ رکھنا:

سوال: گرم مزاج آدمی کو موسم گرما کی وجہ سے طبیب نے یہ مشورہ دیا کہ روزہ رکھنے کی صورت میں مرض بہت بڑھ جائے گا اور صحت مشکل ہوگی تو اس صورت میں روزہ قضا کرنا چاہئے یا نہیں؟

الجواب

افطار کرنا جائز ہے۔ (کذا فی الدر المختار) (۱) (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحئی اردو: ۲۳۸)

---

(۱) يَـاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ٥ أَيَّامًا مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ كَـانَ مِـنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ (سورة البقرة: ۱۸۳-۱۸۴، انيس)

قَـوْلـه تَـعَـالَـى: ﴿فَـمَـنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضاً أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: ظَاهِرُهُ يَقْتَضِي جَوَازَ الْإِفْـطَـارِ لِـمَـنْ لَـحِـقَـهُ الِاسْمُ سَوَاءٌ كَانَ الصَّوْمُ يَضُرُّ أَوْ لَا، إِلَّا أَنَّا لَا نَعْلَمُ خِلَافًا أَنَّ الْمَرِيضَ الَّذِي لَا يَضُرُّهُ الصَّوْمُ غَيْرُ مُرَخَّصٍ لَهُ فِي الْإِفْطَارِ، فَقَالَ أَبُو حَنِيفَةَ وَأَبُو يُوسُفَ وَمُحَمَّدٌ: إِذَا خَافَ أَنْ تَزْدَادَ عَيْنُهُ وَجَعًا أَوْ حُمَّاهُ شِدَّةً أَفْطَرَ. (أحكام القرآن للجصاص: ۲۱۲/۱، دارالكتب العلمية بيروت، انسى)

(۲) أو مرض خاف الزيادة، الخ. (الدر المختار على هامش رد المحتار، كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم: ۴۰۳/۳، دارعالم الكتب، رياض، انيس)

## زیادتی مرض کے خوف سے افطار کرنا:

سوال: روزہ رکھنے کے بعد کوئی شخص بیمار ہوگیا اور شام تک روزہ پورا کرنے میں مرض کی زیادتی کا ظن غالب ہے تو ایسی صورت میں افطار جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ

جائز ہے۔

رسائل الارکان میں ہے:

**"إذا حدث المرض فی نهار رمضان ویظن بالصوم الزیادة علی المرض، یباح له الإفطار، انتهی".** (۱) (مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحئی اردو:۲۳۸)

## کسی ظالم کے خوف سے روزہ قضا کرنا:

سوال: ایک ظالم ایک شخص سے کہتا ہے، کہ اگر تو اس ماہ رمضان میں روزہ رکھے گا تو میں تجھ سے تیرا سب مال چھین لوں گا اور اس شخص کو اس مال کے جانے سے بہت دقت اور تکلیف ہوگی اور وہاں کوئی ایسا شخص نہیں ہے، جو اس کو اس ظلم سے بچائے اور اس کے پاس ایسا سامان اور حمایت بھی نہیں ہے کہ اس کے ذریعہ سے وہ حاکم سے فریاد کرکے، اس مال کو جو ظالم غصب کرتا ہے، وصول کر سکے۔ اس صورت میں مظلوم کو دفعِ ظلم کے واسطے، اس رمضان میں افطار کرنا اور اس کی قضا، دوسرے مہینے میں جائز ہے، یا نہیں؟

زید کہتا ہے کہ جائز نہیں ہے، اس واسطے کہ یہ شخص نہ مریض ہے، نہ مسافر اور بکر کہتا ہے کہ یہ افطار اور قضا جائز؛ بلکہ اولیٰ ہے۔ مرض اور سفر میں افطار کی علت قرآن سے ثابت ہے کہ اللہ تمہارے ساتھ آسانی چاہتا ہے، سختی نہیں چاہتا اور صورت مذکورہ میں روزہ رکھنے میں ایسی سختی ہے کہ اکثر اوقات مرض اور سفر میں بھی نہیں ہوتی۔ اس مسئلہ میں زید کا قول ٹھیک ہے، یا بکر کا؟

ان مسائل کا جواب شافی دوسرے ورق پر روانہ فرمائیں اور اپنی خیریت سے اطلاع دیجئے۔ فقط والسلام

عریضہ ادب: نظیر حسن عفی عنہ

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ

اکراہ جان پر ہوسکتا ہے نہ مال پر، اگر مال لینے کی تخویف کرے اور روزہ فرض سے روکے تو مال اگر چہ جاوے،

---

(۱) **رسائل الأرکان للشیخ عبد العلی فرنگی محل، الرسالة الثالثة فی الصوم، فصل فی الأعذار المبیحة للافطار، ص:۲۱۶، المطبع العلوی. انیس**

ترک فرض درست نہیں ہے، اور غرض سفر کی تخفیف سے مال کو بچانا نہیں ہوسکتا، (۱) مال خرچ کے واسطے ہے، جان کی راحت کے واسطے ہوتا ہے۔

ہنوز طبع میری درست نہیں ہوئی، اسی واسطے سبق طلبا کا شروع کرایا نہیں گیا۔ فقط

(فرخ آباد، ص:۱۱-۱۵) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ، ص:۲۰۹)

## قضا کے لیے حیلہ اختیار کرنا مذموم ہے:

سوال: اگر قصداً روزہ سے بچ کر سفر، یا مرض وغیرہ کر کے روزہ قضا کرے تو جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

مسافر شرعی اور مریض کو افطار کرنا درست ہے، (۲) اور حیلہ کرنا مذموم اور قبیح ہے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۴۹۶)

☆☆☆

(۱) یعنی سفر کی رخصت پر حفاظت مال کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ [پالن پوری]

(۲) (المسافر) سفراً شرعياً ولو بمعصية ... أومريض خاف الزيادة) لمرضه ... الفطر ... وقضوا لزوماً ما قدروا.

(الدرالمختارعلیٰ ردالمحتار، كتاب الصوم، فصل فی العوارض المبيحة :۳/۴۰۳-۴۰۵، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

يَـاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ٥ أَيَّامًا مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ كَـانَ مِـنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ (سورة البقرة:۱۸۳-۱۸۴، انيس)

# سحر وافطار کے احکام ومسائل

## سحری کے لیے اذان:

سوال: سحری تناول کرنے سے پہلے ماہ رمضان شریف میں اذان، جگانے اور سحری کھانے کے لیے دی جائے تو کیا اذان بموجبِ شریعت جائز ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

نقارہ وغیرہ کے ذریعہ سونے والوں کو جگادیا جائے، سحری تناول کرنے کے لیے اذان نہ دی جائے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۱/۹/۲۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۰۵)

## نقارہ افطار وسحور کا حکم:

سوال: اگر رمضان المبارک میں سحری وافطار کے اوقات صحیحہ بتانے کے لیے جامع مسجد میں نقارہ کا انتظام کیا جاوے اور اس کے ذریعہ سے تمام مسلمانوں کو اطلاع دی جاوے اور ان کو صحیح وقت بتلا کر غلطی سے بچایا جاوے تو آیا ایسا کرنا عندالشرع جائز ہے، یا نہیں؟ بعض لوگ ناقوس وغیرہ اور ہندوؤں کی عبادات کے مشابہ ہونے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور عہد صحابہ میں ثابت نہ ہونے سے نامشروع اور قبیح سمجھتے ہیں۔ جواب مع دلیل ارشاد ہو اور ایسی تقریر فرمائی جاوے کہ سارے شبہات برأسہ مندفع ہوجاویں، گو ہر مسئلہ کی دلیل درکار نہیں ہوتی؛ مگر صورت ہذا میں دلیل کی حاجت بوجہ شبہات مذکورہ پیدا ہوگئی ہے۔ فقط

**الجواب ــــــــــــــــــــ**

طبل سحور کو فقہا نے جائز لکھا ہے،(۲) اور افطار اور سحور کی مصلحت تتشابہ ہے، اس کے لیے بھی کچھ حرج نہیں؛ مگر فرش مسجد سے علاحدہ ہو اور ناقوس وغیرہ سے اس کو اس لیے مشابہت نہیں کہ وہ لوگ اس طریق اعلان کی خصوصیت کو

---

(۱) ولیس لغیر الصلوات الخمس والجمعة نحو السنن والوتر والتطوعات والتراویح والعیدین أذان ولا اقامة. (الفتاوی الهندیة، الباب الثانی فی الأذان: ۱/۵۳، رشیدیة)

(۲) وإن أراد أن یتسحر بضرب طبل سحری فإن کثر ذلک الصوت من کل جانب وفی جمیع أطراف البلدة فلا بأس به وإن کان یسمع صوتا واحدا فإن علم عدالته یعتمد علیه وإن عرف فسقه لا یعتمد علیه وإن لم یعرف حاله یحتاط ولا یأکل. (المحیط البرهانی: ۲/۳۷۴، دارالکتب العلمیة بیروت، انیس)

عبادت بھی سمجھتے ہیں اور یہاں کوئی ایسا نہیں سمجھتا اور خیر القرن میں اس کی نظیر دَفِّ نکاح ہے کہ اس سے بھی مقصود اعلان ہے، ایک طاعت کی تحقیق کا اور اس سے بھی مقصود اعلان ہے، ایک طاعت کے وقت کے تحقیق کا؛ بلکہ عندالتامل دَف اپنی غرض میں اس قدر محتاج الیہ نہیں، جس قدر عوام کے اعتبار سے یہ اپنی غرض میں محتاج الیہ ہے۔

یکم رمضان ۱۳۳۰ھ (تتمہ اولی، ص:٦٦) (امدادالفتاوی جدید:۲/۱۰۱) ☆

## سحر وافطار کی اطلاع بذریعۂ سائرن:

سوال: شہر سہارنپور میں عرصۂ دراز سے رمضان المبارک میں سحر وافطار کے وقت گولے چھوڑے جاتے ہیں، اب تقریباً دس جگہ گولے چھوڑے جاتے ہیں اور ان میں تھوڑا لیٹ ٹائم میں فرق ہوجاتا ہے اور تقریبا چالیس روپے روزانہ خرچ ہوتے ہیں، جامع مسجد میں تین سو روپے ہر سال خرچ آتا ہے اور گولا سبزیں منڈی میں چھوڑا جاتا ہے، ایسی صورت میں کسی کو چوٹ آجانے کا بھی خطرہ ہے، جس سے ناحق جھگڑا جائے اور سحر وافطار صحیح طریقہ پر ہوجائے اور رقم بھی بچ جائے۔ شرعاً اس کے لیے کیا حکم ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً

اگر وہاں سحر وافطار کی اطلاع جامع مسجد کے ذمہ ہے تو موجودہ انتشار کا دفعیہ، جھگڑے سے تحفظ سائرن سے ہوجائے تو ذمہ دارانِ جامعِ مسجد کے مشورہ سے سائرن خرید سکتے ہیں، اس کو مسجد سے باہر کسی دری وغیرہ میں رکھا جائے، اگر رائے متفق نہ ہو تو اہلِ وسعت اس کا انتظام کرلیں۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱/۱۴۰۱ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۰۸)

☆ **ایضاً:**

سوال: سحری کے وقت روزہ داروں کی اطلاع اور نیند سے بیداری کے لیے نقارہ پیٹنا، یا ڈھول کوٹنا، گھنٹہ بجانا، یا توپ سر کرنا، یا گولہ چھوڑنا جائز ہے، یا نہ؟ بعض کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اذان کہا کرتے تھے، اب بھی اذان کہنا تو جائز بلکہ سنت ہے اور اس کے خلاف بدعت ہے، اس میں کیا تحقیق ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــــــ

فقہا کے کلام سے اجازت معلوم ہوتی ہے بشرط عدم التطریب اور اذان موجب التباس ہے، لہٰذا امت نے ترک کردیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رفع تلبیس کا انتظام فرما دیا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب؛ یعنی خلیفہ کو اب بھی اس کی اجازت ہے؛ کیوں کہ وہ جو کچھ کرے گا، انتظام سے کرے گا، دوسرے لوگ ایسے انتظام پر قادر نہیں؛ اس لیے ہر شخص کو اس کی اجازت نہیں۔

۱۳/شعبان ۱۳۳۹ھ (تتمہ خامسہ، ص:۱۹۳) (امدادالفتاویٰ جدید:۲/۱۰۱)

(۱) يتسحر بقول عدل، وكذا بضرب الطبول، واختلف في الديك، وأما الافطار فلا يجوز بقول الواحد بل المثنى، وظاهر الجواب أنه لابأس به إذا كان عدلا صدقه ... وبالأولى سماع الطبل أو المدفع الحادث في زماننا، لاحتمال كونه لغيره؛ ولأن الغالب كون الضارب غير عدل، فلا بد حينئذٍ من التحرى فيجوز. (رد المحتار، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده، مطلب جواز الافطار بالتحرى: ۳۸۳/۲، دار عالم الكتب، الرياض، انيس)

## سحری وافطاری کی اطلاع کے لیے گولہ چھوڑ نا اور نقارہ بجانا جائز ہے:

سوال: رمضان شریف میں افطاری وسحری کے لیے نقارہ بجانا ٹھیک ہے، یا گولہ چھوڑ نا بہتر ہے؛ کیوں کہ اگر گولہ چھوڑا جائے تو آٹھ میل تک دیہات کے لوگ ہیں وہ بھی سن سکتے ہیں اور نقارہ سوائے محلّہ کے سنائی نہیں دیتا، گزشتہ سال میں لوگوں کو افطاری سحری کا بذریعہ گولہ پتہ لگ جاتا تھا، اس واسطے دیہات اور شہر کے اکثر لوگوں کا خیال گولہ چھوڑنے کا ہے، کیا گولہ منگایا جائے، یا نقارہ؟ شریعت میں تو اذان ہی کافی ہے۔

(المستفتی: ۱۹۱۱، محمد موسی صاحب امام مسجد منچن آباد، بہاولپور، ۱۷/شعبان ۱۳۵٦ھ، مطابق ۲۳/اکتوبر ۱۹۳۷ء)

الجواب

سحری اور افطار کے وقت کی اطلاع کے لیے گولہ چھوڑ نا جائز ہے، نقارہ بجانا بھی جائز ہے۔(۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۴/۲۴۸)

## سحری اور افطار کے وقت ڈھول بجانا:

سوال: کیا سحری وافطار ونماز جمعہ وعیدین کے لیے جمع ہونے کے واسطے کوئی باجا، یا دَف، یا نقارہ، یا ڈھول، یا بارود کا گولہ، یا گھنٹہ بجانا درست ہے، یا نہیں؟ اگر جام ہے تو تمام باجے، یا کوئی خاص باجا، مثلاً دَف اور جملہ امور شادی بیاہ، بارات نکاح کے لیے جائز ہے، یا صرف وہی امور مثل مذکورہ بالا کے لیے جائز ہے؟ اور مسجد کی چھت، یا مسجد کے فرش، یا مینار، یا برج پر بھی جائز ہے اور افطاری کے وقت قبل اذان، یا بعد اذان بجانا چاہیے؟ بعض مقام ایسے ہی ہیں، جس جگہ اہل ہنود اس رحمتِ عظمٰی سے منع کرتے ہیں؛ یعنی اذان بلند آواز سے نہیں ہونے دیتے ہیں، اس جگہ یہ نقارہ وغیرہ بجادیا جائے، یا عام جگہ؟ اور اس سے شبہ ہوتا ہے کہ جو موافقت کرے غیر قوم کی، وہ انہیں میں سے ہے۔تمام باجوں کے ساتھ شیطان ہے، یا تمام کاموں کے واسطے فرمان، یا منادی ہونی چاہیے؟

الجواب ــــــــ حامداً ومصلیاً

سحری کا ی افطاری کا وقت معلوم نہ ہوتا ہو اور روزوں کے فساد کا اندیشہ ہو تو نقارہ بجانا، یا گھنٹہ بجانا، بارود کا گولہ بنانا درست ہے۔(۲) لیکن مسجد، یا اس کی چھت پر نہیں چاہیے، بلکہ مسجد سے ہٹ کر کسی دوسرے مکان، یا بلند مقام پر

---

(۱) اذان کی مشروعیت نماز کے لیے ہے، افطار کے لیے نہیں؛ لیکن چوں کہ مغرب کی اذان غروب آفتاب سے پہلے درست نہیں؛ بلکہ آفتاب غروب ہونے پر دی جاتی ہے اور وہی وقت افطار کا بھی ہوتا ہے، لہذا جیسے اذان سے افطار کا اندازہ ہوجاتا ہے، ایسے ہی اگر کسی اور جائز ذریعے سے افطار کا اندازہ ہوتا ہو تو جائز ہے۔

(۲) يتسحر بقول عدل، وكذا بضرب الطبول، واختلف في الديك، وأما الافطار، فلايجوز بقول الواحد، بل بالمثنى، وظاهر الجواب أنه لابأس به اذا كان عدلا صدقه ...وبالأولىٰ سماع الطبل أوالمدفع الحادث في زماننا، لاحتمال كونه لغيره؛ ولأن الغالب كون الضارب غيرعدل، فلا بد حينئذٍ من التحري فيجوز. (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده مطلب: جواز الافطاربالتحري: ۳۸۳/۲، دارعالم الكتب، رياض، انيس) ==

چاہیے؛ کیوں کہ یہ چیز احترام مسجد کے خلاف ہے۔(۱) نماز کے لیے شریعت نے اذان مقرر فرمادی ہے، لہٰذا اس کے لیے ان چیزوں کی ضرورت نہیں۔(۲) نماز عید کے وقت کا پہلے سے اعلان کردیا جائے، جب کہ اذان کی ممانعت اس جگہ ہے تو اس قدر بلند آواز سے نہ کہیں جائے، جس سے ناقابلِ برداشت فتنہ پیدا ہو؛ لیکن بالکل ترک کرنا بھی نہیں چاہیے؛ بلکہ کسی قدر درست آواز سے کہہ لیا کریں، آخر تکبیر بھی تو کہتے ہی ہوں گے، اس سے کچھ اور بلند آواز سے کہہ لیں۔ نکاح کے اعلان کے لیے دَف بجانا بغیر ساز کے درست ہے،(۳) اور کسی باجے کی کسی کام کے لیے قطعاً اجازت نہیں۔(۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمد گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم، ۲/ربیع الثانی ۱۳۶۰ھ۔

صحیح: عبداللطیف مدرسہ ہذا، ۲/ربیع الثانی ۱۳۶۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۰۵-۲۰۷)

---

== وقد يقال: أن المدفع في زماننا يفيد غلبة الظن وإن كان ضاربه فاسقا؛ لأن العادة أن المؤقت يذهب إلى دار الحكم آخر النهار فيعين له وقت ضربه ويعينه آنفاً للوزير وغيره، وإذا ضربه يكون ذلک بمراقبة الوزير أو عوانه للوقت المعين، فيغلب على الظن بهٰذه القرائن عدالخطأ وعدم قصد الافساد، وإلا لزم تأثيم الناس وايجاب قضاء الشهر بتمامه عليهم، فإن غالبهم يفطر بمجرد سماع المدقع من غير تحرولا غلبة ظن، والله تعالىٰ أعلم. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده مطلب: جواز الافطار بالتحرى: ۳/۳۸۳، دار عالم الكتب، رياض، انيس)

(۱) قال القرطبي: "وتصان المساجد أيضاً عن البيع والشراء وجميع الاشتغال؛ لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم للرجل الذى دعا إلى الجمل الأحمر: "لا وجدت، إنما بنيت المساجد لما بنيت له"... وهٰذا يدل علىٰ أن الأصل إلا يعمل في المسجد غير الصلوات والأذكار وقراءة القرآن". (الجامع لأحكام القرآن، تحت قوله تعالىٰ: ﴿في بيوت اذن الله﴾، الخ، من تفسير سورة النور: ۳۶: ۱۲/ ۱۷۹، دار إحياء التراث العربى بيروت)

"السادس أن لايرفع فيه الصوت من غير ذكر الله". (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية، باب اداب المسجد والقبله والمصحف: ۵/۳۹۷، دار الكتب العلمية بيروت، انيس)

(۲) قال العلامة النووى رحمه الله: "فقد صح في حديث عبد الله بن زيد بن عبد ربه في سنن أبي دائود والترمذى وغيرهما أنه راى الأذان في المنام، فجاء إلىٰ رسول الله صلى الله عليه وسلم يخبره به، فجاء عمر رضى الله تعالىٰ عنه فقال: يا رسول الله! والذى بعثک بالحق! لقد رأيت مثل الذى رأى وذكر الحديث فهٰذا ظاهره أنه كان في مجلس آخر، فيكون الواقع الإعلام أولا ثم رأى عبد الله بن زيد الأذان فشرعه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بعد ذلک أما بوحى وأما باجتهاده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم علىٰ مذهب الجمهور في جواز الاجتهاده وليس هو عملاً بمجرد المنام، وهٰذامالا شک فيه". (شرح النووى علىٰ الصحيح لمسلم، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۱٦٤، قديمى)

(۳) قال العلامة الملا على القارى رحمه الله تعالىٰ في شرح حديث عائشة رضى الله تعالىٰ عنها: "واضربوا عليه بالدفوف": "قال الفقهاء: المراد بالدف ما لا جلاجل له. كذا ذكره ابن الهمام". (مرقاه المفاتيح، كتاب النكاح، باب إعلان النكاح والخطبة والشرط: ٦/۲۱۲، (رقم الحديث: ۳۱۵۲، رشيدية)

(۴) قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ: "ومما ذكرنا يعلم ما في الاستدلال بها علىٰ حرمة الملاهى كالرباب والجنک والسنطير واكمنجة والمزمار وغيرها من الآلات المطربة ... أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: " ليكونن في أمتى قوم يستحلون الخنزوالخمر والمعازف" وهو صريح في تحريم جميع الآلات للهوالمطربة". (روح المعانى، دار إحياء التراث العربى: ۲۱/۷٦، بيروت)

## جس لاؤڈ اسپیکر پر گانے گائیں جائیں، اس سے سحری کے لیے جگانا:

سوال: لاؤڈ اسپیکر پر فحش گانے ہوتے ہیں، کچھ قوالیاں بھی ہوتی ہیں، اس طرح سحری کے لیے جگانا جائز ہے، یا نہیں؟ شادی بیاہ کے موقع پر لاؤڈ اسپیکر لگا کر اس طرح گانے بجانا جائز ہے، یانہیں؟ اور لاؤڈ اسپیکر سے جو روپیہ کمایا جاتا ہے، وہ حلال ہے، یا حرام؟ کوئی عالم فاضل اگر ایسے شخص کے یہاں ٹھہرے، یا کھانا کھاوے تو جائز ہے، یانہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

لاؤڈ اسپیکر پر اس طرح فحش گانے گا کر سحری کے لیے جگانا ممنوع ہے، احترامِ رمضان کے بھی خلاف ہے، فی نفسہ بھی ناجائز ہے، شادی بیاہ میں بھی یہ چیز منع ہے۔(۱) اس طرح روپیہ کمانا بھی منع ہے۔ اہل علم کو ایسے روپیہ سے دعوت قبول نہیں کرنا چاہیے۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۹/۱۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۰۸/۱۰-۲۰۹)

## منتہائے وقت سحر:

سوال: ماہ رمضان المبارک کی رات میں کس قدر حصہ رات کا باقی رہتا ہے کہ اس وقت تک سحری کھانا درست ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ**

ہیئت کے قاعدہ سے طلوع آفتاب کے وقت سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل تک (۳) سحری کھا سکتے ہیں اور فقہا نے احتیاط کی ہے کہ غروب سے طلوع تک کل وقت جتنا ہے، اس کو سات پر تقسیم کریں، چھ حصہ میں سحری کھا سکتے ہیں۔

۱۲/ ذی الحجہ ۱۳۲۲ھ (امداد: ۱/۴۷) (امداد الفتاوی: ۲/۹۵-۹۶)

---

(۱) اختلفوا فی التغنی المجرد، قال بعضهم: إنه حرام مطلقاً، والاستماع إلیه معصیة، وهو اختیار شیخ الإسلام ... قال رحمه اللّٰه تعالیٰ السماع والقول والرقص الذی یفعله المتصوفة فی زماننا حرام لایجوز القصد إلیه والجلوس علیه، وهو الغناء والمزامیر سواء ... وسئل أبو یوسف رحمه اللّٰه تعالیٰ عن الدف أتکرهة فی غیر العرس بأن تضرب المرأة فی غیر فسق للصبی؟ قال: لا أکره، وأما الذی یجیء منه اللعب الفاحش للغناء، فإنی أکره، کذا فی محیط السرخسی. (الفتاوی الهندیة، کتاب الکراهیة، الباب السابع عشر فی الغناء و اللهو وسائر المعاصی والأمر بالمعروف: ۳۵۱/۵-۳۵۲، رشیدیة)

(۲) أدی إلیٰ رجل شیئها أو أضافه، إن کان غالب ما له من الحلال فلا بأس، إلا أن یعلم بأنه حرام فان کان الغالب هو الحرام، ینبغی أن لایقبل الهدیة ولا یأکل الطعام، إلا أی خبره بأنه حلال ورثته أو استقرضته من رجل، کذا فی الینابیع ...أکل الربا وکاسب الحرام أهدی إلیه أو أضافه وغالب ما له حرام لا یقبل ولا یأکل". (الفتاوی الهندیة، کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات: ۳۴۲/۵-۳۴۳، رشیدیة)

(۳) بعض مواسم میں اس سے بھی زیادہ گنجائش ہے، یہ احتیاطاً لکھ دیا۔ منہ

## سحری کا آخری وقت:

سوال: سحری کا آخری وقت کب تک رہتا ہے؟ کس وقت سحری چھوڑ دینا چاہیے؟ (محمد واصف، مرادنگر)

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

صبح صادق طلوع ہونے سے روزہ کا وقت شروع ہوتا ہے، جو وقت ابتداء فجر کا ہے، وہی وقت انتہاء سحر کا ہے، دونوں اوقات کے درمیان کوئی حدِ فاصل نہیں ہے، سحری کو تاخیر سے ادا کرنا مستحب ہے؛ کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا حکم فرمایا ہے؛(۱) لیکن اتنی تاخیر بھی نہ ہونی چاہیے کہ رات کا باقی رہنا ہی مشکوک ہو جائے۔

”یکره تأخیر السحر إلیٰ وقت یقع فیه الشک“. (۲) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۲۶)

## حکم ترک سحور بسماع اذان:

سوال: ایک شخص بیدار ہو کر اس خیال سے کہ ابھی رات باقی ہے، سحری کھانے لگا کہ دفعتاً اذان کی آواز کان میں آئی، اس نے اذان سنتے ہی فوراً لقمہ منہ سے نکال کر پھینک دیا اور کلی کر ڈالی اور غروب آفتاب تک روزہ پورا کیا تو کیا یہ روزہ اس کا صحیح ہو گیا اور قضا کی ضرورت نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

یہ تو مستبعد ہے کہ بمجرد طلوع فجر اذان بھی شروع ہوتی ہو، عادۃً طلوع قبیل اذان ہوا ہے۔ پس اس کا اکل بعد فجر کے واقع ہوا ہے؛ اس لیے یہ روزہ نہیں ہوا، البتہ اگر اذان قبل طلوع ہوئی ہے تو روزہ درست ہو گیا۔

۸/رمضان المبارک ۱۳۳۳ھ (تتمہ ثالثہ، ص:۳۷) (امداد الفتاویٰ:۲/۱۰۶)

## اذان سن کر سحری ختم کرنا:

سوال: ہمارے یہاں سحری عام طور پر صبح صادق سے پہلے نہیں؛ بلکہ اذان سن کر ختم کی جاتی ہے، اذان تک کھانا پینا، پان تمباکو کا سلسلہ جاری رہتا ہے، ادھر اذان شروع ہوئی اور ادھر لوگوں نے جلدی جلدی پان تمباکو تھوک دیا، کیا اس طرح روزہ ادا ہو جائے گا؟

الجواب ـــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

شرعاً روزہ کا وقت صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک ہے؛ اس لیے صبح صادق کے شروع ہونے سے کچھ پہلے

---

(۱) عن زید بن ثابت رضی اللّٰہ عنہ قال: تسحرنا مع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ثم قمنا إلی الصلاة، قلت: کم کان قدر ما بینهما؟ قال: خمسین آیة. (الصحیح لمسلم، کتاب الصوم، باب فضل السحور وتأکید استحبابه واستحباب تأخیره، الخ: ۱/۵۰۱، رقم الحدیث: ۲۴۴۱، دار الفکر بیروت، انیس)

(۲) الفتاوی الهندیة، کتاب الصوم، الباب الثالث فیما یکره للصائم وما لا یکره: ۱/۲۲۰، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

کھانا پینا بند کر کے روزہ شروع کر دیا جائے؛ تاکہ شرعاً روزہ درست ہو، فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور اذان وقت کے داخل ہونے کے بعد؛ یعنی صبح صادق ہو چکنے کے بعد دی جاتی ہے، اب اگر کھانے، پینے کا سلسلہ اذان سن کر ختم کیا جائے گا تو اس کا لازمی نتیجہ صبح صادق کے بعد کھانے، پینے کی شکل میں ظاہر ہوگا اور یہ چیز روزہ کی صحت کے منافی ہے، لہٰذا آپ کے یہاں جو رواج ہے اس کو اولین فرصت میں ختم کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (محمود الفتاویٰ:۲/۲۰۶-۲۰۷)

## اوقات سحری کے بعد کھانا جائز نہیں:

سوال (۱) زید کہتا ہے کہ ناواقف لوگ جو اوقات سحری سے خبر نہیں رکھتے، جب تک اذان نہ سنیں کھا پی سکتے ہیں، اگر مؤذن نے اذان میں دیر کی تو مؤذن کا قصور ہے؟

(۲) زید کہتا ہے کہ صحیح بخاری کی حدیث میں ہے کہ ایک شخص کے ہاتھ میں کچھ کھانے پینے کو موجود ہے، صبح صادق ہوگئی، وہ اس ہاتھ کی خوراک کھا پی سکتا ہے، اس کا کیا مطلب ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ

(۱) صبح صادق کے بعد کھانا پینا درست نہیں ہے، خواہ اذان ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، اس بارے میں بہت احتیاط کرنی چاہیے۔ (۱)

(۲) اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ صبح صادق کا ہونا یقینی نہ ہو۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۳۴۵-۳۴۶)

## صبح صادق کے ایک دو منٹ بعد سحری کھانا:

سوال: سحری کا آخری وقت مثلاً پانچ بجے ہے، ایک شخص مثال کے طور پر چار بج کر پچیس منٹ پر سو کر بیدار ہوا، اس نے جلدی جلدی دو چار لقمے کھائے، جس وقت وہ کھا کر پانی پینے لگا، اس وقت پانچ بج کر ایک منٹ، یا دو منٹ زیادہ ہو گئے۔ اب کیا حکم ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس کو یہ چاہیے کہ اس روزہ کو پورا کرے پھر بعد رمضان ایک روزہ جداگانہ اس کے عوض رکھے۔

**أو سحر أو جامع شاكا فى طلوع الفجر وهو طالع، لا كفارة عليه للشبة؛ لأن الأصل بقاء الليل ويأثم إثم ترك التثبت مع الشك، آه.** (مراقى الفلاح، ص:۳۶۹، باب ما يفسد الصوم ويوجب القضاء) (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۱۶۱)

---

(۱) (وهو لغة إمساك عن المفطرات) الآتية (حقيقة أو حكماً) إلخ، فى وقت مخصوص) وهو اليوم. (الدر المختار) أى اليوم الشرعى من طلوع الفجر إلى الغروب. (ردالمحتار، كتاب الصوم:۳/۳۳۰، مكتبة زكريا ديوبند، ظفير)

(۲) (أو تسحر أو أفطر يظن اليوم ... ليلاً و) الحال (أن الفجر طالع والشمس لم تغرب إلخ قضى فى) الصور كلها فقط. (الدر المختار على هامش ردالمحتار، باب ما يفسد الصوم:۳/۳۸۰-۳۸۲، مكتبة زكريا ديوبند، ظفير)

(۳) مراقى الفلاح على نور الايضاح: ص:۶۷۵، باب ما يفسد الصوم ويوجب القضاء، قديمى

## اگرسحری نہ کھاسکے:

سوال: کسی نے سحری نہیں کھائی تو اسے روزہ رکھنا چاہیے، یانہیں؟ (محمد جہانگیرالدین امجد، باغ امجدالدولہ)

الجواب

سحری کھانا مستحب ہے، واجب نہیں؛ اس لیے بغیر سحری کے روزہ رکھا جاسکتا ہے، روزہ درست ہو جائے گا، البتہ مسنون فعل کا ترک ہوگا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''سحری کھاؤ کہ سحری میں برکت ہے،(۱) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہمارے روزے اور اہل کتاب کے روزوں کے درمیان سحری کھانے سے فرق ہوتا ہے''،(۲) اسی لیے حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ سحری کئی پہلوؤں سے باعث برکت ہے، اس سے ایک سنّت کی اتباع ہوتی ہے، اہل کتاب کی مخالفت ہوتی ہے، عبادت میں تقویت کا باعث بنتی ہے، اگر پہلے سے روزہ کی نیت نہ ہو تو نیت کا استحضار ہو جاتا ہے، آخر شب دعا کی قبولیت کا وقت ہے اور سحری میں بیدار ہو جانے کی وجہ سے اس وقت دعا کی توفیق میسر ہوتی ہے،(۳) لیکن بہرحال سحری کھانا واجب نہیں؛ اس لیے اگر کوئی شخص رات میں سحری نہ کھا سکا تو اس کے لیے روزہ کا توڑ دینا قطعاً جائز نہیں، سخت گناہ ہے۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۰۴)

## سحری کے وقت طلوعِ فجر سے قبل اذان دینے اور ایسے اذان کے اعادہ کا حکم:

سوال: حضرت! دیہات میں اکثر لوگ اذان سنکر کھانا پینا بند کرتے ہیں اور گھڑی بھی ہمیشہ صحیح نہیں رہ سکتی؛ کیوں کہ کوئی بہتر ذریعہ ملانے کا نہیں ہوتا، کبھی کبھی طلوع غروب سے بھی بوجہ ابر ہونے کے نہیں ملاسکتے تو ایسی حالت میں ان لوگوں کا روزہ ہوگا، یا کہ کچھ نقصان پڑے گا، اسی خیال سے کہ لوگ کھانے سے بند ہو جائیں گے اذان صبح صادق سے دس یا پانچ منٹ قبل پڑھنا جائز ہے، یا کہ نہیں؟ کیوں کہ دیہات میں کوئی ذریعہ دیگر بند کرنے کا نہیں ہوتا، حکم شرعی سے حضور اطلاع بخشیں؟

---

(۱) عن أنس قال: أن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: تسحروا فإن فی السحور برکة. (الجامع للترمذی، کتاب الصوم، باب ماجاء فی فضل السحور: ۱/۲۲۶، رقم الحدیث: ۷۰۸، دار الفکر بیروت)

(۲) وروی عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم أنه قال: فضل ما بین صیامنا وصیام أهل الکتاب أکلة السحر. (الجامع للترمذی، کتاب الصوم، باب ماجاء فی فضل السحور: ۱/۲۲۶، رقم الحدیث: ۷۰۹، دار الفکر بیروت)

(۳) وَالْأَوْلَی أَنَّ الْبَرَکَةَ فِی السُّحُورِ تَحْصُلُ بِجِهَاتٍ مُتَعَدِّدَةٍ وَهِیَ اتِّبَاعُ السُّنَّةِ وَمُخَالَفَةُ أَهْلِ الْکِتَابِ وَالتَّقَوِّی بِهِ عَلَی الْعِبَادَةِ وَالزِّیَادَةُ فِی النَّشَاطِ وَمُدَافَعَةُ سُوءِ الْخُلُقِ الَّذِی یُثِیرُهُ الْجُوعُ. (فتح الباری، کتاب الصوم، باب برکة السحور، الخ: ۴/۱۴۰، رقم الحدیث: ۱۹۲۳، دار المعرفة بیروت، انیس)

الجواب

اگر یہ لوگ اذان کے بھروسہ پر نہ رہتے ہوں؛ بلکہ اپنے دل کی گواہی کے موافق کھاتے ہوں اور بند کرتے ہوں تو ان کے روزہ میں شبہ نہ ہوگا اور دل کی گواہی وہ معتبر ہے، جو خوف خدا کے ساتھ ہو اور وقت کی پہچان بھی ہو اور اگر اذان کے بھروسہ ہی پر رہتے ہوں تو ان کے روزوں میں شبہ رہے گا، اگر مؤذن صبح ہونے کے بعد اذان کہتے ہوں اور ایسی حالت میں مؤذن کو یہ جائز ہے کہ اذان فجر صبح صادق سے دس پندرہ (منٹ) پہلے کہہ دے؛ تاکہ لوگ کھانے پینے سے رُک جائیں؛ مگر صبح صادق ہونے کے بعد اس اذان کا اعادہ کردیا جائے، گو اعادہ زیادہ بلند آواز سے نہ ہو، معمولی ہی آواز سے ہو۔

**قلت: وعلیٰ ذلک حملت الحنفية الأذانين فى عهد النبى صلّى الله عليه وسلّم أن الأوّل كان لمصلحة أخرىٰ غير إعلام الوقت وهٰذه أيضاً مصلحة قد مست الحاجة إليها فى القرىٰ فإن أهلها لايمتنعون عن الأكل بالأذان.**

مگر اس کے لیے خاص انتظام کی ضرورت ہے کہ گاؤں کے سربرآوردہ لوگ ایک دو مؤذن اس کام کے لیے مخصوص کردیں، ورنہ گڑبڑ ہوگی۔

**۲۱/رمضان ۱۳۴۷ھ** (امداد الاحکام: ۱۰۹/۳-۱۱۰)

## حالت جنابت میں سحری کھانا خلاف اولیٰ ہے، مگر اس سے روزے میں کچھ خلل نہیں آتا:

سوال: رمضان شریف میں سحری کے وقت کسی آدمی کو احتلام ہوا، اسے یقین ہے کہ غسل کرنے کے بعد کھانے کا وقت باقی رہے گا؛ مگر اس نے کاہلی سے غسل نہیں کیا اور کھانا کھالیا تو اس کا روزہ ہوگا، یا نہیں؟ اور حالت جنابت میں کھانے سے گناہ گار ہوگا، یا نہیں اور حالت جنابت میں کھانا جائز ہے، یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو کس طرح سے کھائے وضو کرکے، یا ہاتھ دھو کے کھائے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

حالت جنابت میں بغیر منہ ہاتھ دھوئے ہوئے، یا وضو کئے ہوئے کھانا پینا خواہ رمضان ہو، یا غیر رمضان میں خلاف اولیٰ ہے، بشرطیکہ ہاتھوں پر کسی قسم کی نجاست نہ لگی ہو، سحری کھاتے ہوئے مناسب تو یہ ہے کہ غسل کرڈالے، یا وضو کرلے، یا کم ازکم ہاتھ دھوڈالے۔(۱) واللہ اعلم (کفایت المفتی: ۲۴۹/۴-۲۵۰)

(۱) ولابأس للجنب أن ينام ... وإن إراد إن يأكل أويشرب فينبغى،أن يتمضمض،ويغسل يديه.(الفتاوىٰ الهندية،كتاب الطهارة،الباب الثانى فى الغسل،الفسل الثالث فى المعانى الموجبة للغسل: ۱/ ۱۹،دارالكتب العلمية بيروت لبنان،انيس)

## صبح صادق کے بعد غسلِ جنابت:

سوال: ایک شخص صحبت کرتا ہے اور سو جاتا ہے، سحری میں اٹھ کر ہاتھ دھو کر اور کلی غرارہ وغیرہ کرنے کے بعد کھانا کھالیتا ہے اور پھر سو جاتا ہے، صبح اٹھ کر نہالیتا ہے، اس صورت میں روزہ ہو جاتا ہے، یا نہیں؟ اور نہیں کا وقت کب تک رہے گا؛ یعنی کس وقت نہانا افضل ہے؟ یہ بات عورت اور مرد کے لیے برابر ہے، یا کوئی تفریق ہے؟ کیوں کہ وہ کھانا وغیرہ پکاتی ہے۔ (ناظم علی سہارنپور)

الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اس کا روزہ اس صورت میں صحیح ہے، کوئی خراب نہیں، نماز فجر سے پہلے پہلے دونوں نہالیں، نماز قضا نہ کریں۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، مدرسہ دار العلوم دیو بند، ۱۳۸۵/۹/۱۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، مدرسہ دار العلوم دیو بند، ۱۳۸۵/۹/۱۱ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۱۷/۱۰)

## سحری کھانے کے بعد تأخیر سے غسلِ جنابت:

سوال: زید نے رمضان شریف میں سحری کھانے سے قبل اپنی اہلیہ سے قربت کی اور آٹھ بجے دن کو غسل کیا اور روزہ رکھا، کیا روزہ میں کوئی خامی ہوئی، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

روزہ درست ہو گیا؛(۲) لیکن نماز قضا کرنے کا گناہ بہت بڑا ہوا۔(۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیو بند، ۱۳۹۱/۱۰/۱۱ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۱۷/۱۰-۲۱۸)

## صحبت کے بعد بغیر غسل کے سحری:

سوال: بیوی سے مباشرت کے بعد سحری کھانا درست ہے، یا غسل کے بعد ہی سحری کھانا ہے؟

(کلیم اللہ خاں، جگتیال)

---

(۱-۲) أو أدخل ذكره في بهيمة من غير إنزال أو مس فرج بهيمة أو قبلها ... أو أصبح جنبا وإن بقي كل اليوم ... لم يفطر. (الدر المختار على هامش رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد الصوم: ۳۷۱/۳، دار عالم الكتب، الرياض، انيس)

(۳) عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضى الله تعالىٰ عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه ذكر الصلاة يوماً، فقال: من حافظ عليها، كانت له نوراً و برهاناً ونجاة يوم القيامة، ومن لم يحافظ عليها، لم تكن له نوراً ولا برهاناً ولا نجاة، وكان يوم القيامة مع قارون وفرعون وهامان وأبي بن خلف. (مشكاة المصابيح، كتاب الصلاة، الفصل الثالث، ص: ۵۹، قديمي)

الجواب

صحبت کرنے کے بعد افضل طریقہ یہ ہے کہ کھانا اور دوسرے کام کرنے سے پہلے غسل کر لے؛ لیکن یہ ضروری نہیں، بغیر غسل کئے بھی کھا سکتا ہے، رسول اللہ سے دونوں باتیں ثابت ہیں؛(۱) اس لیے غسل کئے بغیر بھی سحری کھا سکتا ہے۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۲۸)

## غسل کریں، یا سحری کھائیں:

سوال: اگر کسی شخص کو رات میں احتلام ہو گیا اور فجر کا وقت بھی قریب ہے، اگر غسل کریں تو سحر نہیں کر سکتے، ایسی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟ (بی، ایم، حسین، مشیر آباد)

الجواب

ایسی صورت میں بہتر ہے کہ سحری کھالیں، پھر غسل کرلیں؛ تاکہ سحری کی سنت بھی ادا ہو جائے اور نماز فجر سے پہلے پاکی بھی حاصل ہو جائے، فقہا نے لکھا ہے کہ حالتِ جنابت میں کھانے پینے میں کچھ حرج نہیں، البتہ بہتر ہے کہ کھانے پینے سے پہلے کلی کرلیں اور ہاتھ دھولیں۔

**"وإن أراد أن يأكل أويشرب فينبغي أن يتمضمض ويغسل يديه ثم يأكل ويشرب".** (۲)

(کتاب الفتاویٰ:۳/۴۲۸)

## مچھلی، انڈا وغیرہ سحری میں کھانا:

سوال: رمضان شریف میں مرغی، مچھلی، انڈا، جھینگا، پیٹ کا سامان؛ یعنی اوجھڑی وغیرہ، کیا یہ سب چیزیں سحر میں کھانے کی ممانعت ہے، یا اس سے روزہ مکروہ ہو جاتا ہے؟ (شاہدہ سراج، خلوت)

الجواب

جب تک صبح طلوع نہ ہو جائے، اللہ تعالیٰ نے تمام حلال چیزوں کے کھانے کی اجازت دی ہے، کھانے کی اشیا میں کوئی تفریق نہیں کی گئی کہ کچھ چیزیں کھانے کی اجازت ہو اور کچھ چیزیں کھانے کی اجازت نہ ہو، عوام میں جو اس طرح کی بات مشہور ہو گئی ہے کہ سحری میں انڈا نہیں کھانا چاہیے، اس کی کوئی اصل نہیں۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۲۷)

---

(۱) عن عائشة وأم سلمة زوجي النبي صلى الله عليه وسلم قالتا: قد كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدركه الفجر في رمضان وهو جنب، من غير حلم، فيغتسل ويصوم. (الصحيح لمسلم، كتاب الصوم، باب صحة صوم من طلع عليه الفجر وهو جنب: ۵۰۸/۱، رقم الحديث: ۲۵۹۲، دار الفكر بيروت، انيس)

(۲) بدائع الصنائع، كتاب الصوم: ۱۵۱/۱

## سحری کے بعد بیوی سے ہمبستری جائز ہے:

سوال: رمضان المبارک میں سحری کھانے کے بعد اپنی بیوی سے ہمبستری ہوسکتا ہے، یا نہیں؟ بعد کو غسل کا وقت کب تک رہتا ہے؟

الجواب

رمضان المبارک شریف میں سحری کھانے کے بعد اگر صبح صادق ہونے میں دیر ہوتو اپنی زوجہ سے جماع کرنا درست ہے، غرض یہ ہے کہ صبح صادق سے پہلے پہلے جماع سے فراغت ہوجاتی چاہیے۔ غسل چاہے صبح ہونے کے بعد ہو، روزہ میں کچھ نقصان نہ آوے گا۔ (۱) آج کل صبح صادق ۴ بجکر ۴۳ منٹ پر ہے ریلوے ٹائم سے اور آخر اپریل تک سوا چار بجے صبح صادق ہوگی اور آخر رمضان شریف تک صبح صادق چار بجے سے دو چار منٹ کم پر ہوگی۔ فقط (۲)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۴۹۶-۴۹۷)

## روزہ کی نیت:

سوال: زید صبح کو سوگیا، قریب ۱۱-۱۲/ بجے کے آنکھ کھلی تو وہ روزہ رکھ سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب

رمضان شریف کے روزہ کی نیت، یا نفل روزہ کی نیت دن میں نصف نہار شرعی سے پہلے پہلے صحیح ہے؛ یعنی ۱۱/ بجے تک تقریباً صحیح ہے۔ (۳) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۳۴۴)

## روزہ کی نیت:

سوال: ماہ رمضان میں علما اور عوام روزہ کی نیت اس طرح کرتے ہیں: "نويت أن أصوم غدًا لِلّٰه تعالى من صوم

(۱) ﴿أحل لكم ليلة الصيام الرفث إلٰى نسائكم﴾ (سورة البقرة: ۱۸۷)

والرفث المذكور هو الجماع ولا خلاف بين أهل العلم فيه. (أحكام القرآن للجصاص: ۱/ ۲۲۷)

وكذا لا يفطر لو جامع عامداً قبل الفجر ونزع في الحال عند طلوعه. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم، مطلب يكره السهر اذا خاف فوت الصبح: ۲/ ۳۶۹، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

(۲) صادق کا وقت ہر جگہ ایک نہیں ہوتا۔

(۳) (فيصح) أداء (صوم رمضان ... من الليل ... (إلٰى الضحوة الكبرىٰ لا) بعدها. (الدر المختار)

(قوله: إلى الضحوة الكبرىٰ) المراد بها نصف النهار الشرعي وهو من استطارة الوضوء في أفق المشرق إلٰى غروب الشمس والغاية غير داخلة في المغيا. (ردالمحتار، كتاب الصوم: ۳/ ۳۳۸-۳۴۱، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

نیت سے مراد دل کا ارادہ ہے، زبان سے ادائیگی ضروری نہیں ہے؛ اس لیے اگر ارادہ رات میں کر کے سویا تھا تو پھر کوئی مزید ضرورت نہیں۔ واللہ اعلم (ظفیر)

رمضان ''، حالاں کہ یہ نیت اسی دن کے روزہ کی ہوتی ہے، نہ کہ اگلے دن کے روزہ کی، کیا نیت کے یہ الفاظ حدیث سے ثابت ہیں؟ اگر نہیں تو حدیث سے جو الفاظ ثابت ہوں، وہ تحریر کریں؟ (سید حسین بن عثمان جیلانی، نواب صاحب کنٹہ)

الجواب

نیت دل کے ارادہ کا نام ہے، نہ کہ زبان سے کہے ہوئے الفاظ کا، زبان سے مزید اطمینان اور ذہن کے استحضار کے لیے نیت کے الفاظ کہے جاتے ہیں، مثلاً: روزہ رکھنے کے ارادہ سے سحری کھانا خود نیت ہے، نیت کے الفاظ قرآن، یا حدیث میں منقول نہیں ہیں، رہ گئی یہ بات کہ ''غدًا'' کے معنی کل کے ہیں، جب کہ قمری تاریخ غروب آفتاب سے بدلتی ہے اور اس اعتبار سے صبح میں رکھا جانے والا روزہ ''آج'' ہی کا روزہ ہے۔ نیز بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ صبح کے بعد نیت کی تو عربی زبان سے ناواقفیت کی وجہ سے ''یوم'' (آج) کے بجائے ''غدًا'' (کل) کا لفظ لوگ استعمال کرتے ہیں تو اس سے نیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا؛ کیوں کہ عرف میں صبح کے طلوع ہونے سے آج اور کل کی تعبیر بدلتی ہے؛ اس لیے رات میں یہ کہنا کہ میں کل کے روزہ کی نیت کرتا ہوں، اسی صبح کے بارے میں نیت ہے۔ نیز نیت تو آج ہی روزہ رکھنے کی ہو؛ لیکن ناواقفیت کی وجہ سے لفظ ''غدًا'' (کل) کا استعمال کرلے تو اس سے بھی روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا؛ کیوں کہ اعتبار دل کے ارادہ کا ہے، اگر زبان سے الفاظ غلط بول دئے جائیں، پھر بھی نیت ہی کا اعتبار ہوتا ہے، جیسے کوئی شخص ظہر کے ارادہ سے نماز پڑھ رہا ہے؛ لیکن غلطی سے زبان سے عصر کی نماز کی نیت کا اظہار کرلے تو یہ ظہر ہی کی نیت سمجھی جائے گی، نہ کہ عصر کی۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۳۸۸-۳۸۹)

## تطبیق درمیان روایات متعلقہ بہ نیت صوم از شب:

سوال: کتاب بہشتی زیور حصہ سوم میں صفحہ ۳ زیر عنوان،، رمضان شریف کے روزہ کا بیان،، یہ مسئلہ درج ہے، مسئلہ، اگر کچھ کھایا پیا نہ ہو تو دن کو ٹھیک دو پہر سے ایک گھنٹہ پہلے رمضان کے روزہ کی نیت کر لینا درست ہے، خاکسار نے رمضان شریف کے پہلے اس مسئلہ کو دیکھا تھا اور اسی کے موافق سفر میں چند روزے رکھے،، بعض دفعہ خیال ہوا کہ اگر دس گیارہ بجے تک سفر میں زیادہ تکان یا تکلیف، محسوس نہ ہوئی، تو روزہ رکھ لوں گا ورنہ نہیں رکھوں گا، چنانچہ چند روزوں کی نیت دس بجے دن کے وقت کی، اس وقت میں کتاب تیسیر الوصول الی جامع الاصول مترجم اردو کا چوتھا حصہ دیکھ رہا ہوں، اس میں صفحہ ۵/ پر روزے کی نیت کے بیان میں یہ احادیث درج ہیں۔

**عن حفصة قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من لم يجمع الصيام قبل الفجر فلاصيام له. (أخرجه أصحاب السنن) وعن عائشة وحفصة رضى الله تعالىٰ عنهما أنهما قالتا: لايصوم إلا جمع الصيام قبل الفجر. (أخرجه مالك والنسائى)(۱)**

(۱) مؤطا الإمام محمد مع التعليق، كتاب الصوم، باب النية من الليل: ۲/۲۱٤، دار القلم، دمشق، انيس

ان کا ترجمہ یہ لکھا ہے کہ جس نے قبل زوال روزہ کی نیت نہیں کی، اس کا روزہ نہیں۔ حضور براہ مہربانی جلد فرمائیں کہ اس کتاب میں یہ احادیث درج ہیں۔ یہ صحیح ہیں، یا نہیں؟ اور اگر صحیح ہیں تو پہلے مسئلہ سے ان ک تطبیق کیا ہے؟ اور خاکسار نے جو روزے ایسے رکھے، جن کی نیت دس بجے کے قریب کی، وہ ہو گئے، یا نہیں؟

الجواب

**روی مسلم عن عائشة قالت: دخل النبی صلی الله علیه وسلم ذات یوم، فقال: هل عندکم شیء؟ فقلت: یارسول الله ما عند بشیء، فقال: فإنی صائم.** (الحدیث) **وروی الشیخان وغیرهما أن النبی صلی الله علیه وسلم بعث رجلان ینادی فی الناس یوم عاشوراء أن من أکل فلیصم (أی لیمسک) بقیة یومه ومن لم یاکل فلا یأکل.** (التعلیق الممجد)(۱)

پہلی حدیث سے نفل کی نیت دن میں اور دوسری حدیث سے فرض روہ کی نیت دن میں معلوم ہوتی ہے؛ کیوں کہ اولاً روزہ عاشورہ کا فرض تھا۔

**به ورد کثیر من الأخبار کما اخرج الطحاوی عن الربیع وعائشة وعن جابر وعن قیس وفی الباب أخبار أخر مخرجة فی السنن والصحاح.** (التعلیق الممجد)(۲)

اور رمضان بوجہ موقت ہونے کے مشابہ روز عاشورہ کے ہے، جو اول فرض تھا، پس نفل اور موقت فرض میں دن کو بھی نیت جائز ٹھہری، پس لامحالہ تطبیق بین الاحادیث کے لیے احادیث مذکورہ سوال محمول ہوں گی ان صیام کے غیر پر جیسے قضا وکفارہ ونذر مثلاً، آپ کے روزے بلاشبہ صحیح ہو گئے۔

۲۵ / رمضان ۱۳۳۲ھ (تتمہ ثانیہ، ص: ۱۶۷) (امداد الفتاوی: ۱۲۳/۲)

## نفل اور نذر روزے کی نیت کب کرے:

سوال: نفلی روزہ میں، یا نذر میں نیت کب سے کرے؟

الجواب

نفلی روزہ میں اور نذر معین اور رمضان شریف کے روزے کی رات سے نیت کرے، یا صبح کو، نصف النہار شرعی تک کرے، درست ہے اور باقی روزوں میں رات سے نیت کرنا ضروری ہے۔ (۳) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیو بند: ۳۴۶/۶)

---

(۱-۲) التعلیق الممجد علی مؤطا محمد للعلامة عبد الحی اللکهنوی، کتاب الصوم، باب النیة من اللیل: ۲۱۶/۲، رقم الحدیث: ۳۷۱، دار القلم، دمشق، انیس

(۳) (فیصح) أداء (صوم رمضان والنذر المعین و النفل بنیة من اللیل، إلخ، إلیٰ الضحوة الکبریٰ لا) بعدها ... والشرط للباقی) من الصیام قران النیة للفجر ولو حکماً وهو (تبییت النیة) للضرورة (وتعیینها) لعدم تعین الوقت. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار: ۳۳۸/۳-۳۳۹، مکتبة زکریا دیوبند، ظفیر)

## حکم تعدد نیت بہ تعدد صوم:

سوال: کفارہ کے رزوں میں ہر روزہ کی نیت الگ الگ کرے، یا صرف ایک بار کی نیت ساٹھ روزوں کو کافی ہے؟

الجواب

ہر روز جدا نیت ضروری ہے کہ فلاں روزہ کا کفارہ۔

۲۵ ر رمضان ۱۳۳۲ھ (تتمہ ثانیہ، ص: ۳۶) (امداد الفتاویٰ: ۱۰۲/۲)

## حکم تعیین سال ویوم وغیرہ در قضائے صوم فرض:

سوال: علالت کی وجہ سے چند سال کے روزے میرے قضا ہو گئے تھے، جن کی مع چند نفل روزوں اور سحر میں تاخیر ہو جانے کیوجہ سے جو قضا ہوئے، ان کی کل مجموعی تعداد ۶۳ ہو گئی تھی، ان میں سے ۳۴ روزے کئی مرتبہ میں میں نے ادا کئے؛ مگر نیت کرنے میں اس کا خیال کبھی ذہن میں نہیں پیدا ہوا کہ فلاں سال کے روزہ کی نیت کرتا ہوں اور وہ چار مرتبہ ایسا بھی اتفاق ہوا کہ خفیف ارادہ رات ہی سے روزہ رکھنے کا کیا گیا؛ مگر مستقل نیت قبل زوال آفتاب صبح کو کی گئی۔ بہشتی زیور میں مسئلہ یہ لکھا ہے کہ قضا کے روزہ کی نیت رات ہی سے کرنا ضروری ہے اور دوسرے سال کا خیال بھی ضروری ہے کہ فلاں سال کے روزہ کی قضا رکھتا ہوں، میں نے سال کا خیال کبھی نہیں کیا اور دو چار بار صحیح تعدا یاد نہیں ہے، مستقل نیت صبح کو قبل زوال آفتاب کی۔ اب عرض یہ ہے کہ یہ ۳۴ ر روزے جو میں نے رکھے، درست ہوئے، یا نہیں؟ یا ان کا اعادہ پھر سے کیا جاویں؟

الجواب

جو روزے دن کو نیت کر کے رکھے گئے، وہ تو قضا میں شمار نہیں ہوں گے۔ قضاء رمضان میں شب سے نیت شرط ہے، باقی یہ تعیین کہ فلاں سال کا روزہ رکھتا ہوں، سو اس میں دو قول ہیں، بہشتی زیور میں احتیاط کا قول لے لیا ہے، باقی ضرورت میں دوسرے قول کی بھی گنجائش ہے۔

**فی الدر المختار: ولو نویٰ قضاء رمضان ولم تعیین الیوم صح، ولو عن رمضانین کقضاء الصلاۃ صح أیضاً (إلیٰ قوله) وهو رأی التعیین المعتمد.**

**قال فی ردالمختار: قد علمت أن الثانی مصحح وإن کان الأحوط التعیین ط.** (۷۱۹/۵)(۱)

اس لیے ایسے فرض قضا روزے جن میں تعیین نہیں کی گئی، صحیح سمجھئے۔

۴ ر ربیع الاول ۱۳۳۳ھ (تتمہ ثالثہ، ص: ۲۱) (امداد الفتاویٰ: ۱۰۵/۲)

(۱) رد المحتار، کتاب الخنثیٰ: ۴۵۶/۱۰، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

## رمضان میں اگر نفل روزے کی نیت کرے، تب بھی رمضان ہی کا روزہ شمار ہوگا:

سوال: یہاں رمضان المبارک کا چاند انتیس کو نظر نہیں آیا، ابر کافی تھا، رات کے ساڑھے بارہ بجے پڑوس میں معلوم ہوا کہ ریڈیو سے خبر آئی ہے کہ کہیں کہیں چاند ہو گیا (شہر کے پیش امام، یا عالم نے کوئی حکم نہیں دیا تھا) کچھ لوگ سحری کو جگانے آئے اور زید یہ سمجھا کہ کسی فیصلے کے بعد سحری کے لیے جگایا جا رہا ہے، زید نے روزہ رکھ لیا، دوسرے دن تقریباً بارہ بجے یہ معلوم ہوا کہ ریڈیو کی خبر نہیں مانی جاتی اور آج کا روزہ افطار کرنا چاہیے۔ زید نے یہ سن کر نیت نفل روزے کی کر لی اور روزہ کا افطار نہیں کیا، زید کا یہ فعل درست ہے؟

اب پندرہ دن بعد یہ بات ثبوت کو پہنچ گئی کہ چاند انتیس کا ہوا ہے اور یہاں کے مسلمانوں پر قضا واجب ہے، کیا یہ صحیح ہے؟ اس حالت میں کیا زید کا روزہ رمضان میں شمار ہو سکتا ہے، یا نہیں؟ (المستفتی: حاجی شبیر حسن دہلوی، فوٹو گرافر)

**الجواب**

ہاں زید کا وہ روزہ رمضان کا روزہ شمار ہوگا، (۱) ریڈیو کی خبر پر اگر دل کو یقین ہو جائے تو خود عمل کر سکتا ہے، دوسرے لوگوں کے لیے حجت نہیں، (۲) روزہ منگل سے ہوا ہے، دہلی میں بھی چاند دیکھا گیا تھا اور عام طور پر لوگوں نے دیکھا تھا۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۲۲۳/۴)

## مسافر یا مریض رمضان میں نفل کی نیت سے روزہ رکھے تو فرض ہوگا، یا نفل:

سوال: مسافر، یا مریض اگر رمضان میں بہ نیت نفل روزہ رکھے تو نفل ہوگا، یا فرض؟

**الجواب**

شامی میں ہے:

**وحاصله أن المريض والمسافر لو نويا واجباً آخر وقع عنه ولو نويا نفلاً أو اطلقا فعن رمضان، إلخ.** (۳)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ مریض اور مسافر اگر نفل کی نیت کریں تو رمضان کا روزہ ہوگا اور اگر واجب آخر کی نیت کریں تو واجب آخر ہوگا، **وفيه تفصيل واختلاف.** (۴) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۳۴۵/۶)

---

(۱) وبمطلق النية، وبنية النفل لعدم المزاحم، وبخطافي وصف، كنية واجب آخر في أداء رمضان فقط، لتعينه بتعين الشارع، الخ، ولو صام مقيم عن غير رمضان، ولو لجهله به أي برمضان فهو عنه، لا عما نوى لحديث إلا إذا جاء رمضان فلا صوم إلا عن رمضان، الخ. (الدر المختار عليى هامش رد المحتار، كتاب الصوم: ۳۴۱/۳-۳۴۴، دار عالم الكتب، الرياض، انيس)

(۲) ويشهد علىٰ محجب بسماعه منه إلا إذا تبين القائل بأن لم يكن في البيت غيره، إلخ. (الدر المختار، كتاب الشهادات: ۴۶۸/۵، ط: سعيد)

(۳) ردالمحتار، كتاب الصوم: ۳۴۳/۳، دار عالم الكتب، رياض، انيس

## حکم فسخ نیت صوم درشب:

سوال: کسی نے شب رمضان میں صوم رمضان کی نیت کی، یا غیر رمضان میں شب کو، یا دن کو صوم نفل کی نیت کی، اب وہ شب کو، یا دن کو بعذر، یا بلا عذر نیت فسخ کرسکتا ہے، یا نہیں؟ اور اگر نیت صوم کو شب کو، یا دن کو بعذر، یا بلا عذر فسخ کرکے افطار کرلیا تو اس پر کفارہ ہے، یا صرف قضا؟

الجواب

فسخ نیت رات کو ممکن ہے کہ افطار کا عزم کرکے اور دن کو جب روزہ شروع ہوگیا، اب فسخ لغو ہے۔

**ولايبطل بالمشية (أى قوله إن شاء الله) بل بالرجوع عنها بأن يعزم ليلاً على الفطرونية الصائم الفطر لغو.** (الدر المختار)(۱)

پس صوم رمضان میں اگر شب کو نیت کرکے فسخ کردی اور دن کو افطار کیا تو صرف قضا لازم آوے گا۔

**ومن أصبح غيرناوللصوم فأكل عمداً لا كفارة عليه.** (۲)

اور اگر دن کو فسخ کرکے افطار کیا تو کفارہ لازم آوے گا، **لما مر من أن نية الصائم الفطر لغو.** (۳)

اور اگر غیر رمضان میں شب کو نیت فسخ کردی تو نہ قضا ہے نہ کفارہ، **لما مر أنها تبطل بالرجوع ليلاً**، اور دن کو فسخ کیا تو قضا لازم آوے گی، **لأنها لغو كما مر**، اور صوم معین میں بلا عذر فسخ جائز نہیں اور غیر معین الوقت میں جائز ہے۔ واللہ اعلم

۱۳۰۴ھ (امداد: ۱/۱۸۲) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۲)

## نیتِ معلق سے صوم متحقق نہیں ہوتا تحققِ صوم کے لیے قصدِ جازم شرط ہے:

سوال: ایک عورت نے رمضان شریف کے قضا روزہ رکھنے کا رات کو ارادہ کیا، یہ عورت رمضان شریف کے علاوہ اور روزہ خواہ وہ رمضان شریف کا قضا شدہ کیوں نہ ہو، اپنی ساس سے اجازت لے کر رکھا کرتی تھی اس روز بھی اس نے یہ ارادہ کیا کہ نماز صبح کے وقت اپنی ساس سے دریافت کرلوں گی اگر ساس نے اجازت دی رکھوں گی، ورنہ نہیں؛ لیکن گمان یہی تھا کہ ساس ضرور اجازت دے گی، صبح کی نماز کے وقت دریافت کیا تو ساس نے انکار کردیا، اس عورت نے روزہ نہیں رکھا۔ دریافت طلب یہ ہے کہ آیا اس روزہ کی قضا رکھنی چاہیے، یا کفارہ دینا پڑے گا اور کفارہ کیا ہوگا، اگر ساٹھ روزے رکھنے کے بجائے ساٹھ آدمیوں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلا دے تو کفارہ ادا ہوجاوے گا، یا نہیں؟ ایک

---

(۱) الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۴۵، دارعالم الكتب، رياض، انيس

(۲) الدر المختار مع رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳/۳۷۷، دارعالم الكتب الرياض، انيس

(۳) الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۴۵، دارعالم الكتب، رياض، انيس

بات اور اظہار طلب ہے کہ یہ عورت ہمیشہ اپنی ساس سے روزہ کے متعلق رات کو دریافت کرلیا کرتی تھی، اگر اس نے اجازت دی تو روزہ رکھا، ورنہ نہیں، اس روز رات کو دریافت کرنا یاد نہیں رہا تھا اور صبح کی نماز کے بعد دریافت کیا تھا، جیسا کہ میں پیشتر تحریر کر چکا ہوں۔

الجواب

صورت مسئولہ میں نہ قضا واجب ہوئی، نہ کفارہ؛ کیوں کہ روزہ کا تحقق ہی نہیں ہوا تو یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ روزہ کو توڑا گیا؛ کیوں کہ تحقق صوم کے لیے نیت شرط ہے اور نیت کی حقیقت قصد جازم ہے، جو صورت مسئولہ میں نہیں پایا گیا؛ بلکہ نیت معلق تھی ساس کی اجازت پر اور ایسی نیت سے صوم کا تحقق نہیں ہوتا، پس افساد صوم بھی نہیں پایا گیا۔

**قال فی مراقی الفلاح: وحقیقة النیة قصده عازماً بقلبه صوم غد، الخ.** (ص: ۳۷۴)(۱)

**وفیه أیضاً: وأما القسم الثانی وهو ما یشترط له تعیین النیة وتبییتها فهو قضاء رمضان وقضاء ما أفسده من نفل وصوم الکفارات بأنواعها ککفارة الیمین وصوم التمتع والقران والنذر المطلق، آه.** (۲)

۴ رشعبان ۱۳۴۷ھ (امداد الاحکام: ۱۰۸/۳-۱۰۹)

## حکم نیتِ کفّارۂ رمضان بالتعلیق:

سوال: ایک شخص نے رات کو کفارۂ صوم کی نیت اس طرح کی کہ اگر کل کو یہ محقق ہوگیا کہ شروع ماہ سے روزہ شروع کرنے سے ساٹھ روزے پورے کرنے نہ پڑیں گے؛ بلکہ دو مہینہ کا روزہ رکھنا کافی ہوجائے گا، نیز شیخ نے بھی روزہ رکھنے کی اجازت دے دی تو کل کو میں ضرور کفارہ کا روزہ رکھوں گا، اس طرح نیت درست ہوئی، یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں نیت صحیح نہیں ہوئی؛ کیوں کہ جزم نہیں پایا گیا؛ بلکہ نیت معلق ہے اور تعلیق کے ساتھ نیتِ قضا وکفارات صحیح نہیں ہوتی۔

**قال فی مراقی الفلاح: وأما القسم الثانی، وهو ما یشترط له تعیّن النیة وتبییتها فهو قضاء رمضان وقضاء ما أفسده من نفل وصوم الکفارات بأنواعها إلیٰ أن قال: ولا تبطل النیة بقوله: أصوم غداً إن شاء اللّٰه تعالیٰ؛ لأنه بمعنی الاستعانة وطلب التوفیق إلا أن یرید حقیقة الاستثناء، آه. قال الطحطاوی: والتعلیل یفید أن المشیئة لا تبطل مطلقاً ولو قصد حقیقة (أی لکونه بمعنی الاستعانة) ولکن لکلام المؤلف وجه وهو أنه إذا قصد التعلیق کان غیر جازم بالنیة وهو ظاهر.** (۳) **واللّٰه أعلم** (امداد الاحکام: ۱۳۶/۳)

---

(۱) مراقی الفلاح مع الطحطاوی، کتاب الصوم، فصل فیما لا یشترط تبییت النیة، ص: ٦٤٢، دار الکتب العلمیة، انیس

(۲) مراقی الفلاح مع الطحطاوی، فصل فیما لا یشترط تبییت النیة، ص: ٦٤١، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

(۳) مراقی الفلاح مع الطحطاوی، فصل فیما لا یشترط تبییت النیة، ص: ٦٤٢، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

## حکم افطار غیر ناوی صوم:

سوال: جس شخص نے شب رمضان کو نہ نیت صوم کی کی، نہ عدم صوم کی تو دن کو اسے کھانا پینا جائز ہے، یا نہیں؟ اور اگر کھالیا تو صرف قضا لازم ہوگا، یا نہیں؟ اور اگر افطار کرلیا تو اس پر قضا ہے، یا کفارہ؟

الجواب

اگر صائم رمضان نے قبل زوال تک نیت نہ کی تو روزہ اس کا صحیح نہیں ہوا، اگر چہ دن کو بھوکا پیاسا رہا؛ لیکن کھانا پینا بوجہ حرمت وقت کے جائز نہیں اور اگر کھالیا تو اس کا روزہ تو صرف قضا لازم آئے گی۔

لما مر: أن من أصبح غير ناو، الخ. (۱) واللہ اعلم

۱۳۰۴ھ (امداد: ۱/۱۸۲) (امداد الفتاوی: ۲/۱۳۲)

## افطار کرانے کی فضیلت:

سوال: میری خالہ نے مجھ سے کہا تھا کہ میں رمضان میں تم کو کچھ رقم دوں گی کہ ہمارے گھر کے ایک ممبر کی طرف سے ان کو روزہ کا اجر ملے، چنانچہ میرے گھر کے لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر آپ نے ان کے پیسوں سے افطار اور سحری وغیرہ کیا تو آپ کے روزہ اور تراویح وغیرہ کا پورا اجر ان کو مل جائے گا، کیا یہ صحیح ہے؟　　(روبینہ بیگم، جہاں نما)

الجواب

اگر آپ کی خالہ نے آپ کے لیے افطار وغیرہ کا نظم کیا تو آپ کے روزہ وتراویح کے اجر میں کچھ کمی ہوئے بغیر ان کو بھی ان شاء اللہ آپ کے روزہ کا اجر حاصل ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ دار کو افطار کرانے والوں کے لیے یہی اجر بتایا ہے، (۲) اور ظاہر ہے کہ اللہ کے خزانہ میں کوئی کمی نہیں ہے؛ اس لیے آپ اپنی خالہ سے مدد لے سکتی ہیں۔

(کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۳۹)

## افطار کا ثواب:

سوال: چار شخص افطاری کے لیے چار روٹی لائے اور ایک جگہ رکھ دی، پانچ سات آدمیوں نے اوپر کی روٹی سے روزہ افطار کیا تو باقی تینوں کو بھی افطاری کا ثواب ملے گا، یا نہیں؟

الجواب

ان تینوں کو بھی ثواب ملے گا۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۴۹۵)

---

(۱)　الدرالمختار علٰى هامش رد المحتار، باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده: ۳/۳۷۷، دارعالم الكتب الرياض، انيس

(۲)　من فطر صائماً كان له مثل أجره غير أنه لا ينقص من أجر الصائم شيئاً. (الجامع للترمذي، كتاب الصوم، باب ماجاء في فضل من فطر صائماً، رقم الحديث: ۸۰۷. دار الفكر بيروت، انيس)

## غیر کی افطار سے افطار کرنے کا ثواب:

سوال: ایں کردن کہ افطار صوم پر افطاری غیر کردکہ ثواب صوم صاحب طعام رامی رسد، صحیح است، یانہ؟

الجواب

ایں عقیدہ فاسد است کہ افطار پر افطاری غیر نباید کرد کہ ثواب صوم صاحب طعام رامیرسد۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۴۹۳/۶)

## دعوت افطار میں غریبوں کو نظرانداز کردینا:

سوال: ماہ رمضان میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ مسلم روزہ دار حضرات افطار پارٹیوں کا اہتمام کرتے ہیں اور غریب مسلمانوں کو نظرانداز کر کے غیرمسلم اعلیٰ عہدیداروں اور نامور شخصیتوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے دعوت افطار دیتے ہیں۔کیا ایسا کرنا درست ہے؟　(شیخ احمد، نظام شوگر فیکٹری، شکرنگر)

الجواب

دعوت افطار میں غیرمسلموں کو مدعو کرنا بھی جائز ہے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بہت سے غیرمسلموں کو اپنا مہمان بنایا ہے،(۲) اور غریب مسلمانوں کی رعایت بھی ضروری ہے،ان کو بھی مدعو کرنا چاہیے،اگر غیرمسلم عہدیداروں کو محض خوشنودی اور چاپلوسی میں مدعو کیا جائے اور ذاتی مفاد پیش نظر ہو تو اس پر شاید کوئی اجر وثواب نہ ہو اور اگر ان کو مدعو کرنے کا مقصد اسلام اور مسلمانوں سے مانوس کرانا ہو، دین حق کی طرف متوجہ کرنا اور مسلمانوں کے تئیں غلط فہمیوں کو دور کرنا ہو تو ان کی دعوت کرنا باعث اجر ہے؛لیکن بہرحال غریب مسلمان؛ بلکہ حسب گنجائش غریب غیرمسلم بھائیوں کو بھی نظرانداز نہیں کرنا چاہیے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم کے اس ارشاد کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ بدترین ولیمہ وہ ہے، جس میں مالداروں کو بلایا جائے اور غریبوں کو نظرانداز کردیا جائے۔(۳) ظاہر ہے کہ جب یہ حکم ولیمہ کے بارے میں ہے تو دعوت افطار کے بارے میں بدرجۂ اولیٰ ہوگا؛ کیوں کہ دعوت نکاح کے مقابلہ میں دعوت افطار کے اندر عبادت اور مذہبیت کا پہلو زیادہ ہے۔(کتاب الفتاویٰ: ۴۳۴/۳-۴۳۵)

---

(۱)　حدیث نبوی ہے:

عن سلمان الفارسی قال خطبنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی آخریوم من شعبان فقال: من فطر فیه صائماً کان له مغفرة لذبونه وعتق رقبته من النار وکان له مثل أجرأن ینتقص من أجره شئ.(مشکاة،کتاب الصوم، الفصل الثالث،ص: ۱۷٤،قدیمی کتب خانة، کراچی

(۲)　الدرالمنثورفي التفسیربالمأثور: ۱۸۱/۵/الصحیح لمسلم،رقم الحدیث: ٥٣٦٤

نیز دیکھئے:جمع الفوائد: ۲۹٤/۱

(۳)　عن أبي هریرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أنه کان یقول: شر الطعام طعام الولیمة یدعی لها الأغنیاء ویترک الفقراء، إلخ.(صحیح البخاري، کتاب النکاح،باب من ترک الدعوة فقد عصی اللّٰہ ورسوله،رقم الحدیث: ٥١٧٧)

## افطار کا وقت کیا ہے:

سوال: ماہ رمضان شریف کا روزہ کس وقت افطار کرنا چاہیے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

روزہ غروب آفتاب کے بعد افطار کرنا چاہیے، گھڑی سے اس کا وقت مختلف ہوتا رہتا ہے؛ اس لیے کوئی مستقل وقت کو تعیین نہیں ہوسکتی۔ (۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۴۹۹-۵۰۰)

## افطار ونماز مغرب کا حکم دینا کیسا ہے اور اس کا صحیح وقت کیا ہے:

سوال: نماز مغرب وافطار روزہ کا حکم ایسے وقت دینا جب کہ چند دحضار مسلمانوں کو غروب آفتاب میں کلام ہو، کیسا ہے؟ اور ان دونوں کا صحیح وقت کیا ہے اور اس کی شناخت مقرر کرنا ہو، علما کیا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

یہ امر تجربہ اور مشاہدہ پر موقوف ہے اور جاننے والے اس کے ہر وقت میں موجود رہتے ہیں اور صحیح گھڑی سے اور جنتری طلوع وغروب سے بھی اس میں مدد ملتی ہے۔

پس جو جنتری طلوع وغروب کی صحیح ہو اور اس کا تجربہ ہو چکا ہو، صحیح گھڑی سے اس کے مطابق افطار ونماز مغرب کا حکم کیا جاوے گا اور اکثر زمانوں میں مشاہدہ اور علامات سے بھی معلوم ہو جاتا ہے۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۴۹۷-۴۹۸)

## وقت افطار وحکم حیلولۂ جبل:

سوال: وقت نماز مغرب کا اور افطار صوم کا بمجرد غروب آفتاب کے ہو جاتا ہے، یا کچھ دیر بعد جب پہاڑ بفاصلہ چھ سات کوس بجانب مغرب واقع ہو اور آفتاب پہاڑ کے پیچھے ہو جاوے تو وقت نماز مغرب وافطار صوم ہو جاتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

وقت افطار وصلوٰۃ مغرت کا بمجرد غروب شمس کے ہو جاتا ہے، کچھ دیر کی ضرورت نہیں، اگرچہ جانب مغرب پہاڑ واقع ہو؛ کیوں کہ غروب کے یہ معنی نہیں کہ دنیا میں کہیں آفتاب نظر نہ آئے، ایسا ممکن نہیں، کہیں غروب ہوتا ہے، کہیں طلوع؛ بلکہ غروب معنی یہ ہیں کہ ہمارے افق سے غائب ہو جائے اور مشرق میں تاریکی نمودار ہو۔ ہاں اگر کوئی شخص پہاڑ پر کھڑا آفتاب دیکھ رہا ہے، اس کو افطار حلال نہیں؛ کیوں کہ اس کے افق سے غائب نہیں ہوا۔

---

(۱) هو إمساك عن المفطرات حقيقة أو حكماً في وقت مخصوص) وهو اليوم. (الدر المختار)

وقال في رد المحتار: أي اليوم الشرعي من طلوع الفجر إلى الغروب، إلخ. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۳۰، دار عالم الكتب، رياض، انيس)

**أوالمراد بالغروب زمان غيبوبة جرم الشمس بحيث يظهر الظلمة فى جهة المشرق قال صلى الله عليه وسلم: إذا أقبل الليل من هٰهُنا فقد أفطر الصائم أى إذا وجدت الظلمة حساً فى جهة المشرق فقد ظهر وقت الفطر.** (۱)

جمادی الاول ۱۳۰۲ھ (امداد: ۱/۱۷۸) (امداد الاحکام: ۳/۳۲۰)

## نقارے کی آواز سن کر افطار کرنا جائز ہے:

سوال: ایک گاؤں میں ایام سلف سے دو محلے ہیں، ایک محلے میں زمانہ سابق سے تا حال جامع مسجد ہے، دوسرے محلے میں خالص پنج وقتی کے لیے مسجد تعمیر کی گئی ہے، امسال دوسرے محلے والوں نے رمضان شریف کے ایام میں روزہ افطاری کے لیے پہلے نقارہ بجا کر روزہ افطار کرنے کے بعد پھر اذان دیتے ہیں، جامع مسجد والوں نے ان کو منع کیا اور کہا کہ روزہ افطاری کے لیے بجز اذان کے اور کوئی حکم نہیں، مذہب کی کسی کتاب میں نقارہ کی آواز پر روزہ افطار کرنا نظر نہیں آتا، دونوں محلے والے مقلد شافعیہ ہیں، سوال یہ ہے کہ آیا شافعی مذہب کی رو سے روزہ افطار کرنے کے لیے نقارہ بجانا جائز ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: ۷۰۰، امیر الدین شیخ، ضلع قلابہ، ۱۰ شوال ۱۳۵۴ھ، مطابق ۶ / جنوری ۱۹۳۶ء)

**الجواب**

نقارہ بجانا غروب شمس کی عام اطلاع کے لیے ہوتا ہے اور جب کہ نقارہ غیر مشتبہ طور پر سنا جائے اور ظن غالب ہو کہ یہ نقارہ وہی ہے، جو اطلاع افطار کے لیے بجایا جاتا ہے تو اس کی آواز سن کر افطار کر لینا مذہب حنفی اور شافعی دونوں میں جائز ہے۔ علامہ قلیوبی نے شرح منہاج الطالبین کے حاشیہ میں لکھا ہے:

**"ومنه سماع الطبول وضرب الدفوف ونحو ذلک مما يعتاد فعله أول الشهر وآخره آه. قلت: و كذا أول الصوم وآخره.** (۲)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۴/۲۴۷-۲۴۸)

## ہوائی جہاز میں افطار:

سوال: ہوائی جہاز میں جس علاقہ سے گزرنا ہوتا ہے، اس علاقہ کے لحاظ سے افطار کا وقت ہو جاتا ہے؛ لیکن چوں کہ جہاز بلندی پر ہوتا ہے؛ اس لیے سورج نظر آتا رہتا ہے، ایسی صورت میں افطار کس لحاظ سے کرنا چاہیے؟

(محمد عبد المجید، جدہ)

---

(۱) رد المحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۳۰، دار عالم الكتب، رياض، انيس

(۲) حاشية قليوبى علىٰ شرح منهاج الطالبين، كتاب الصيام، ۲/۴۹، دار إحياء الكتب العربية، مصر

الجواب

افطار اس وقت کرنے کا حکم ہے، جب سورج غروب ہو چکا ہو، جب تک سورج موجود ہو افطار کرنا درست نہیں ہوگا، سورج کا باقی رہنا اور ڈوب جانا، اس مقام کے اعتبار سے ہے، جہاں روزہ دار ہو، اگر زمین پر ہو تو زمین کے اعتبار سے حکم ہوگا اور فضا میں ہو تو فضا کے اعتبار سے حکم ہوگا، جب روزہ دار فضا میں ہے اور وہاں سورج غروب نہیں ہوا ہے تو اس کے لیے ابھی روزہ افطار کرنا درست نہیں ہوگا اور روزہ افطار کرلے تو قضا وکفارہ واجب ہوگا۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۲۸)

## سحر سعودی عرب میں اور افطار ہندوستان میں:

سوال: اگر کسی نے سعودی عرب میں سحر کیا ہو اور وہاں سے سفر کر کے ہندوستان آیا ہو تو اسے افطار کس وقت کرنا چاہیے؟ جب کہ ہمارے ملک اور سعودی عرب میں دو گھنٹے کا فرق ہوتا ہے اور بعض ممالک سے تو چار پانچ گھنٹوں کا فرق ہوتا ہے؟ (محمد بن سالم، نرمل)

الجواب

سحر وافطار اور دوسری عبادات میں بھی اس جگہ کا وقت معتبر ہوتا ہے، جہاں وہ عبادت انجام دی جارہی ہو۔ پس جب افطار ہندوستان میں کر رہے ہیں تو ہندوستان کے وقت کے لحاظ سے ہی افطار کرنا ہوگا، چاہے روزہ کے مجموعی اوقات بڑھ جائیں، یا کم ہو جائیں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۲۷)

## افطار کا وقت ہوتے ہی افطار کرنا افضل ہے:

(الجمعیۃ، مورخہ ۲۰/ مارچ ۱۹۳۰ء)

سوال: وقت ہوتے ہی دعائے ماثورہ پڑھ کر روزہ افطار کرنے کی فضیلت آئی ہے؛ لیکن وقت ہونے کے بعد فاتحہ پڑھنا بھی ازروئے ادلہ شرعیہ جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

افطار کا وقت ہو جانے کے بعد فوراً روزہ افطار کر لینا افضل اور بہتر ہے،(۱) فاتحہ پڑھنے سے آپ کا مطلب کیا ہے، اگر مراد ایصال ثواب کی غرض سے کچھ پڑھنا اور ثواب بخشنا ہے تو افطار کر لینے کے بعد بھی یہ کام ہوسکتا ہے۔

محمد کفایت اللہ غفر لہ (کفایت المفتی: ۴/۲۵۰)

## نفل روزہ میں کب افطار کیا جائے:

ہمارے یہاں پرانے جاننے والے حضرات بتاتے ہیں کہ نفل روزہ مغرب کی فرض نماز کے بعد کھولیں، اب

(۱) عن سهل بن سعد رضی اللّٰه تعالٰی عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: لایزال الناس بخیر ماعجلوا الفطر. (ترمذی، أبواب الصوم، باب ماجاء فی تعجیل الإفطار: ۱/ ۱۵۰، طبع سعید)

اختلاف یہاں پیدا ہوگیا ہے کہ رمضان کا فرض روزہ تو مغرب کی اذان کے وقت کھولتے ہیں اور نفل روزہ مغرب کی فرض نماز کے بعد اس کھولنے کا ثبوت ان کے پاس نہیں ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ وباللہ التوفیق

آفتاب غروب ہونے کا یقین ہونے کے بعد فوراً روزہ کھولنا مستحب ہے،(۱) البتہ روزہ کھولنے کی وجہ سے فرض کو حد سے زیادہ مؤخر کرنا صحیح نہیں ہے؛ بلکہ افطار کر کے فرض مغرب اپنے وقت سے ادا کرے، پھر آ کر پیٹ بھر کھانا کھائے، یہ بہتر طریقہ ہے اور پھر افطار کرے تو ایک گھونٹ پانی سے بھی ہوسکتا ہے، پہلے افطار، پھر نماز مغرب ادا کرے، اس کے بعد کھائے پیئے، غرض جس نے کہا کہ نفل روزہ مغرب پڑھنے کے بعد کھولنا چاہیے، غلط کہا ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند، سہارنپور

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید، نائب مفتی دارالعلوم دیوبند۔ (منتخبات نظام الفتاوی:۱/۵۵۵-۵۵۶)

## افطار میں جلدی اور سحری میں تاخیر افضل ہے:

سوال: **قوله عليه السلام: ثلاث من أخلاق الأنبياء تعجيل الإفطار وتأخير السحور ووضع يده اليمنى على اليسرى تحت السرة فى الصلاة.** (۲)

بعض نادان لوگ سحری کو اٹھتے نہیں اور یونہی روزہ رکھ لیتے ہیں، بعض بارہ ایک بجے کھاپی کر سور ہتے ہیں۔ ایسا کرنا خلاف شریعت ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: نظیر الدین امیر الدین، املیزہ، ضلع مشرقی کاندیس)

الجواب ــــــــــــــــــــ

یہ صحیح ہے کہ افطار میں آفتاب غروب ہونے کے بعد دیر نہ کرنی چاہیے؛ بلکہ آفتاب غروب ہوتے ہی روزہ افطار کر لینا چاہیے۔ (۳)

---

(۱) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " لا يزال بخير ما عجلوا الفطر". (متفق عليه) (صحيح البخارى، رقم الحديث: ۱۹۵۷، الصحيح لمسلم: رقم الحديث: ۱۰۹۸، انيس)

"وقال عليه السلام: إذا أقبل الليل من هٰهنا وأدبر النهار وغربت الشمس فقد أفطر الصائم". (متفق عليه) (صحيح البخارى، رقم الحديث: ۱۹۵٤، الصحيح لمسلم، رقم الحديث: ۱۱۰۰، انيس)

(۲) لم أجد بهٰذه الألفاظ، إنما رأيته ببعض تغير الألفاظ: ثلاث من أخلاق النبوة: تعجيل الإفطار وتأخير السحور ووضع اليمين على الشمال فى الصلاة. (مجمع الزوائد، باب وضع اليد على الأُخرىٰ: ۲/۱۰۵، دار الفكر، بيروت)

(۳) عن سهل بن سعد رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يزال الناس بخير ما عجلوا الفطر. (الجامع للترمذى، أبواب الصوم، باب ماجاء فى تعجيل الإفطار: ۱/۱۵۰، رقم الحديث: ٦۰۹، طبع سعيد

اور یہ بھی صحیح ہے کہ سحری جس قدر دیر کر کے کھائی جائے، بشرطیکہ صبح صادق ہونے سے پہلے کھالے تو بہتر ہے، یہ دونوں باتیں حدیثوں سے ثابت ہیں،(۱) بہت پہلے سحری کھالینا اچھا نہیں ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۲۴۹/۴)

## غروب آفتاب کے بعد ہی افطار کا وقت شروع ہوجاتا ہے؛ مگر دو چار منٹ تاخیر کی گنجائش ہے:

سوال: وقت نماز مغرب وافطار کب سے شروع ہوتا ہے اور اس وقت نماز وافطار میں کس قدر دیر کر سکتے ہیں؟ یا جلدی کرنا چاہیے؟

(المستفتی: ۱۹۲۲، حاجی غلام احمد ولد عیسی، مارواڑ، ۱۹/شعبان ۱۳۵۶ھ، مطابق ۲۵/اکتوبر ۱۹۳۷ء)

الجواب

غروب آفتاب کے بعد وقت افطار شروع ہو جاتا ہے اور یہی نماز مغرب کا وقت ہے، افطار میں دو چار منت کی تاخیر ہو جائے تو اس کی گنجائش ہے۔(۲)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی۔ (کفایت المفتی: ۲۴۸/۴-۲۴۹)

## غروبِ شمس کی علامت کیا ہے:

سوال: افطار غروبِ شمس کے بعد فوراً ہونا چاہیے؛ لیکن غروب شمس ہے کیا؟ کیا شمس کی طرفِ اعلیٰ کا آنکھ سے غائب ہونے کا نام ہے، یا کہ غروب شمس کے لیے ظلمت من المشرق بھی ضروری ہے، جس طرح شامی جلد: ۲ میں شرط لگائی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

جس وقت جرم شمس غائب ہوتا ہے، جب ہی مشرق سے ظلمت ظاہر ہوتی ہے، چوں کہ ہر شخص کی نظر جرم شمس پر نہیں پڑتی؛ اس لیے ظہورِ ظلمت کو اس کی علامت قرار دیا گیا ہے کہ یہ ایک حسی چیز ہے، جس کو ہر شخص پہچان لیتا ہے، شامی کی عبارت کا مطلب بھی یہی ہے۔(۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ذی الحجہ ۱۳۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ذی الحجہ ۱۳۶۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۰۹/۱۰-۲۱۰)

---

(۱) ثم تأخير السحور مستحب، كذافي النهاية، ويكره تاخير السحور إلى وقت وقع فيه الثلث. (الفتاوى الهندية، كتاب الصوم، باب ما يكره للصائم، ومالايكره: ۲۰۰/۱، رشيدية، كوئٹہ)

(۲) مگر بہتر یہ ہے کہ جیسے ہی افطار کا وقت ہو، فوراً افطار کریں۔ عن سهل بن سعد قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يزال الناس بخير ما عجلوا الفطر. (سنن الترمذي، باب ماجاء في تعجيل الإفطار: ۱۵۰/۱، رقم الحديث: ۶۹۹، سعيد)

(۳) ويستحب السحور وتأخيره وتعجيل الفطر. (الدر المختار) ==

## اگر بس میں افطار کا سامان نہ ہو:

سوال: حالتِ سفر میں بس میں افطار کا وقت ہوگیا، روزہ افطار کرنے کے لیے نہ کھجور ہے اور نہ پانی تو کیا کیا جائے؟ (عبداللہ صدیقی)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

اصل میں تو روزہ دار کو پہلے سے اہتمام کرنا چاہیے کہ اس کے پاس افطار کے لیے کوئی چیز موجود ہو؛ لیکن اگر غفلت ہوگئی تو یہ ایک مجبوری کی حالت ہے، اس کے سوا چارہ نہیں کہ آگے جہاں کچھ کھانے پینے کی چیز مل جائے، وہاں روزہ افطار کرلے۔
(کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۳۳)

## اذان سے پہلے افطار کرنے کا حکم:

سوال: در رمضان المبارک از اذان وافطار کدام را مقدم نمودن مسنون است در تاخیر نماز از افطار کلام نیست، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم با اصحاب صلعم اولاً افطار کردند یا اذان کردند، دریں بارہ حدیث صحیح ارشاد فرمایند؟ (۱)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

تقدیم افطار قبل از نماز مغرب مسنون است، واما اذان، پس مؤذن قبل اذان افطار کند وغیر مؤذن مع الاذان، إلا أن يكون عارفاً بالوقت أو بفعل المؤذن فله أن يقدّم الفطر على الأذان، مگر مراد از افطار شبع بالطعام نیست؛ بلکہ افطار بر تمرہ، یا شربۂ ماء ونحوہ۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلّم: ثلث من سنن المرسلين تعجيل الا فطار وتأخير السحور، إلخ. (رواه الطبراني) (زيلعي: ٤٥٣/١) (٢)

ولا شك أن في الافطار بعد الصّلاة تأخيراً، وما روى عن بعض الصّحابة أنهم كانوا يفطرون بعد المغرب أى بعد الصلاة فمحمول على الشبع أى كان يأكل الطعام بعد المغرب دون تأخير الفطر مطلقاً والله أعلم (٣)

۱۶/رمضان ۱۳۴۸ھ (امداد الاحکام: ۳/۱۱۰)

---

== أى إلا في يوم غيم، ولا يفطر مالم يغلب علىٰ ظنه غروب الشمس، وإن أذن المؤذن، بحر عن البزازية.
وفيه عن شرح الجامع لقاضي خان: التعجيل المستحب قبل اشتباك النجوم. قال في الفيض: ومن كان علىٰ مكان مرتفع كمنارة إسكندرية، لايفطر مالم تغرب الشمس عنده، ولأهل البلدة الفطر إن غربت عندهم قبله. (رد المحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالا يفسده: ٤٠٠/٣، دار عالم الكتب، رياض، انيس)

(۱) ترجمہ: رمضان المبارک میں اذان اور افطار میں سے کس کو مقدم کرنا مسنون ہے، نماز کو افطار سے مؤخر کرنے میں کوئی کلام نہیں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ پہلے افطار کرتے تھے، یا اذان دیتے تھے، اس سلسلے میں کوئی صحیح حدیث ارشاد فرمائیں؟ انیس

(۲) نصب الرأية، الحديث الثاني عشر: ٤٧٠/٢، دار البقلة جده، انيس

(۳) ترجمہ: مغرب کی نماز سے پہلے افطار کرنا مسنون ہے اور رہی اذان، تو مؤذن اذان سے پہلے افطار کرے، ==

## نمازِ مغرب افطار کے کتنے منٹ کے بعد:

سوال: رمضان المبارک میں روزہ افطار کرنے کے بعد مغرب کی نماز کی جماعت میں کتنی دیر کی تاخیر کی جاسکتی ہے؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نماز کے لیے افطار کے فورا بعد کھڑا ہونا چاہیے، کچھ کہتے ہیں کہ محلّہ کے لوگوں کے آنے کے بعد دس منٹ تک انتظار کیا جاسکتا ہے۔ برائے مہربانی جواب سے مطلع فرمائیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اذان و جماعت میں اتنا فصل کیا جائے کہ پابندِ جماعت افطار سے فارغ ہوکر کلی وغیرہ کرلیں اور شروع جماعت سے شروع ہوسکیں، جو لوگ اپنے مکان پر افطار کرتے ہیں، ان کو بھی چاہیے کہ افطار میں زیادہ وقت خرچ نہ کریں اور اپنے انتظار میں تمام حاضرینِ مسجد کو نہ روکے رہیں، آپس کی مصالحت سے وہاں کے اعتبار سے ۵، ۱۰/منٹ جیسا مناسب ہو، تجویز کرلیں، اس میں نزاع نہ کریں (مغرب کی نماز کو زیادہ دیر مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے؛ لیکن اگر کوئی عذر ہو، مثلا: کھانا حاضرہ، یا سفر کی حالت میں ہو تو فقہا نے اس کی اجازت دی ہے، لہٰذا افطار کے وقت پانچ دس منٹ کا وقفہ بطریقِ اولیٰ جائز ہے۔

”(و)أخر (المغرب إلٰی اشتباک النجوم): أی کثرتها (کره): أی التأخیر لا الفعل؛لأنه مأمور به (تحریماً) إلا بعذر کسفر،و کونه علی أکل“.(الدرالمختار)

”(قوله:و کونه علٰی أکل):أی لکراهة الصلاة مع حضور طعام تمیل إلیه نفسه،و لحدیث:”إذا أقیمت الصلوٰة و حضر العشاء،فابدأ و بالعشاء“،رواه الشیخان“. (۱)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۹/۱۳۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۹/۱۳۸۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۱۲/۱۰-۲۱۳)

## افطار اور نماز مغرب کے درمیان فاصلہ:

سوال: رمضان المبارک میں مغرب کی جماعت میں کس قدر تاخیر کی جاسکتی ہے؟ (ابوصالح، یاقوت پورہ)

---

== اور غیر مؤذن اذان کے ساتھ ساتھ؛ مگر یہ کہ اس کو وقت، یا مؤذن کے فعل کا علم ہو تو اس کو اختیار ہے کہ اذان سے پہلے افطار کرلے؛ مگر افطار سے مراد پیٹ بھر کھانا نہیں ہے؛ بلکہ کھجور، یا پانی وغیرہ پر افطار کرنا مراد ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثلٰث من سنن المرسلین، الخ؛ یعنی تین چیزیں انبیا کی سنتوں میں سے ہیں: افطار جلدی کرنا اور سحری میں تاخیر کرنا، الیٰ آخرہ اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ نماز کے بعد افطار کرنے میں تاخیر ہوتی ہے اور بعض صحابہ سے یہ جو مروی ہے کہ وہ لوگ مغرب کے بعد یعنی نماز کے بعد افطار کرتے تھے تو یہ پیٹ بھر کھانے پر محمول ہے؛ یعنی مغرب کے بعد کھانا کھاتے تھے نہ کہ افطار کو مطلقاً مؤخر کرتے تھے۔ واللہ اعلم (انیس)

(۱) رد المحتار، کتاب الصلاة،مطلب فی طلوع الشمس من مغربها: ۲/۲۷-۲۸،دارعالم الکتب،ریاض،انیس

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــ

مغرب کی نماز میں جہاں تک ممکن ہو، عجلت کرنا مستحب ہے؛ لیکن فقہا نے کسی ضرورت یا عذر کے تحت تاخیر کی بھی اجازت دی ہے، ان اعذار میں ایک اس کو بھی شمار کیا ہے کہ آدمی کھانے کی حالت میں ہو۔

"والأصح أنه يكره إلا من عذر كالسفر والكون على الأكل ونحوهما". (۱)

اس لیے افطار کی وجہ سے تھوڑی سی تاخیر میں حرج نہیں، البتہ اتنی تاخیر نہ ہو کہ تارے نکل آئیں کہ یہ مکروہ ہے اور اس سے منع کیا گیا ہے۔ (۲) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۳۷)

## افطار میں جلدی کرنا:

**الحمد لله والسلام علىٰ عباده الذين اصطفىٰ**

سوال: علماء دیارنا در تعیینِ وقتِ افطار وصلوٰۃِ مغرب مختلف ودوفریق شدند، فریقِ اول بمجر دِغروبِ آفتاب از افقِ حسی وظہورِ ظلامِ شرقی حکم بافطارِ صوم وصلوٰۃِ مغرب می کنند بحجتِ دلائلِ ذیل حدیث:

**"إذا أقبل الليل من هٰهُنا وأدبر النهار من ههنا فقد أفطر الصائم". (۳)**

**وقول إمام محمد فى المؤطا: تعجيل الافطار أفضل من تأخيرها، وهو قول أبى حنيفة والعامة.**

**قال شارح المؤطا: قوله: "والعامة" أى جمهور أهل السنة. (۴)**

وبکثرتِ احادیث، دیگر درتاکیدِ تعجیلِ مغرب واجتناب از تاخیرِ آں حسبِ عملِ ابنِ عمرؓ **"أخر الصلاة يوماً إلىٰ أن بدأ نجم فأعتق رقبته" كما ذكر فى فتح القدير.**

ودیگر حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کہ امّتِ من بخیر باشند مادامیکہ درصلوٰۃِ مغرب تاخیر نکنند، فریقِ ثانی بعد زوالِ حمرۃِ شرقی وبلند شدنِ سوادِ شرقی تا نصف سماء حکم بافطار وغیرہ می نمایند، بدلائلِ ذیل:

**احتجوا بما رواه النسائى والطحاوى عن أبى بصرة الغفارى قال: صلىٰ بنا رسول الله صلى الله عليه وسلّم صلاة العصر بالمحمص فقال: إن هٰذه الصلاة عرضت علىٰ من كان قبلكم وضيعوها فمن حافظ عليها منكم أوتى أجره كرتين ولاصلاة بعدها حتىٰ يطلع الشاهد، والشاهد النجم فقالوا: طلوع النجم هو أول وقتها، قال الطحاوى: وماحاصله يتحمل أن يكون الشاهد هو الليل. (۵)**

---

(۱) الكبيرى: ص: ۳۳۷

(۲) الجامع للترمذي، رقم الحديث: ۶۹۹، صحيح البخاري: ۱/۲۶۳، الصحيح لمسلم: ۱/۳۵۰

(۳) صحيح البخارى، كتاب الصوم، باب متىٰ يحل فطر الصائم: ۱/۴۷۰، رقم الحديث: ۱۹۵۴، دارابن كثير بيروت، انيس

(۴) مؤطا الإمام مالک برواية محمد بن الحسن مع التعليق الممجد على موطأ الإمام محمد، أبواب الصيام، باب تعجيل الإفطار: ۲/۲۰۴، رقم الحديث: ۳۶۳، دارالقلم، دمشق، انيس

(۵) شرح معانى الآثار، باب مواقيت الصلاة: ۱/۱۵۳، رقم الحديث: ۹۲۴، دارعالم الكتب، رياض، انيس

وعلماء خطۂ پشاور وسرحدِ داماں براین متفق شدند کہ ازیں حدیث در ضمنِ لفظ شاہد اختلاف واقع شدہ، بعضی از شاہد نجم مراد گرفتہ، وبعضی لیل، پس بناء بر قاعدۂ اصول عمل باحتیاط کردہ، ومعنی شاہد کہ نجم است عمل رابرآں قرار دادہ اند، واز ہر دو فریق در بارۂ مدعاءِ خویش رسائل اشاعت یافتہ پس ایں لاشئ از مطالعہ ہر دو رسائل از جہتِ کم علمی ونافہمی در تلاطمِ تحیر وتفکر غوطہ زن ماندہ، لہذا بخدمتِ عالی التماس است کہ از اقوال ودلائلِ فریقین ہر کدام بسند قوی وبآثارِ نبوی وصحابۂ کرام مستند باشد بدلائلِ کتبِ معتبرہ تسطیر نمودہ باحقر روانہ فرمایند کہ باحجت دلائل کتب جواب مخاصم ازاں کردہ شود وبلاسند کتب غیر مقبول ونامسموع مخاصم باشد وبلدہ سکونتی ایں مہجور در موضعے است کہ مغرباً آں بنا فاصلہ شش میل جبل واقع است، پس در ینجا چگونہ صورت مغرب باشد؟

**الجواب**

**قال العلامة الشامي: والمراد بالغروب زمان غيبوبة جرم الشمس بحيث تظهر الظلمة في جهة الشرق، وقال صلّى اللّٰه عليه وسلّم: "اذا أقبل الليل من ههنا فقد أفطر الصائم" أي إذا وجدت الظلمة حساً في جهة المشرق فقد ظهر وقت الفطر أو صار مفطراً في الحكم، لأن الليل ليس ظرفاً للصوم وإنما أدى بصورة الأخبار ترغيباً في تعجيل الإفطار، آه.** (كما في فتح الباري: ۱۳۹/۲)

**قال الحافظ ابن حجر في الفتح تحت حديث ابن أبي أوفى: قال: كنا مع النبي صلّى اللّٰه عليه وسلّم في سفر فلما غابت الشمس قال لبعض القوم: يا فلان قم فاجدح لنا فقال: يارسول اللّٰه، لو أمسيت، قال: أنزل فاجدح لنا، قال: إن عليك نهاراً، قال: أنزل فاجدح لنا، الحديث مانصه، وفي الحديث أيضاً استحباب تعجيل الفطر وأنه لايجب إمساك جزء من الليل، مطلقاً بل متىٰ تحقق غروب الشمس حصل الفطر آه وقال تحت حديث سهل بن سعد: إن رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه و سلّم قال: لايزال الناس بخير ما عجلوا الفطر، مانصه، زاد أبوهريرة في حديثه: "لأن اليهود و النصارىٰ يؤخرون" أخرجه أبوداؤد وابن خزيمة وغيرهما، وتأخير أهل الكتاب له أمد وهو ظهور النجم، وقد روى ابن حبان والحاكم من حديث سهل أيضاً بلفظ: لاتزال أمتي علىٰ سنتي ما لم تنتظر بفطرها النجوم إلىٰ أن قال: قال ابن دقيق العيد: في هٰذا الحديث رد على الشيعة في تأخيرهم الفطر إلىٰ ظهور النجوم، الخ.** (۱۷۳/۲)

**وفي ردالمحتار: لأن ظاهر مذهب أصحابنا جواز الافطار بالتحري، كما نقله في المعراج عن شمس الأئمة السرخسي، لأن التحري تفيد غلبة الظن وهي كاليقين كما تقدم فلو لم يتحر لايحل له الفطر، لأن الأصل بقاء النهار، آه.** (۱)

**وفي البحر من البزازية: لايفطر مالم يغلب على ظنه الغروب وإن أذن المؤذن، آه.** (۱۷۰/۲)(۲)

---

(۱) رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳۷۰/۳، دار عالم الكتب، رياض، انيس

(۲) البحر الرائق، كتاب الصوم: ۱۷۰/۲، انيس

ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ غروبِ آفتاب کے تحقق کے بعد معاً افطار ونماز جائز ہے؛ بلکہ تعجیل فی الافطار مستحب ہے، بشرطیکہ ظنِ غالب غروب کا ہوجائے، اور سائل کو تحری وغلبۂ ظن سے افطار کرنا چاہیے، باقی طحاویؒ ونسائیؒ کی روایت ان احادیث سے متعارض ہی نہیں؛ کیوں کہ ایک دوستارہ غروب کے ساتھ ہی طلوع ہوجاتا ہے، البتہ اشتباکِ نجوم غروب کے بعد دیر میں ہوتا ہے اور اشتباکِ نجوم کا انتظار مکروہ ہے۔

۲۰/ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۱ھ (امدادالاحکام: ۹۸/۳-۱۰۰)

## تفصیل الآثار فی تعجیل الافطار:

مؤطأ امام مالکؒ میں کتاب الصوم میں ہے:

"إنّ عمر بن الخطاب وعثمان بن عفّان كانا يصلّيان المغرب حين ينظران إلى الليل الأسود قبل أن يفطرا، ثم يفطران بعد الصلٰوة وذٰلك في رمضان". (۱)

اس پر مسوّیٰ میں شاہ ولی اللہ محدثؒ نے کہا ہے:

"وعليه أهل العلم أنه يستحب ذلك ما لم يقع في شك الاستثناء التأخير". (۲)

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تعجیلِ فطر پر احادیث کثیرہ موجود خود مؤطأ میں "يستحب تعجيل الفطر" کا ایک باب ہے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ وحضرت عثمان رضی اللہ عنہ تاخیر کیسے فرماتے تھے؟ اور پھر شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اس تاخیر کو مستحب لکھ دیا، اگر تاخیر کے شبہ میں نہ پڑے، غالباً شاہ صاحبؒ کا منشا یہ ہے کہ شبہ کی وجہ سے تاخیر نہ کرے اور بلا شبہ کے تاخیر کرے تو مستحب ہے پھر تعجیل فطر کا استحباب کہاں رہا؟

الجواب ـــــــــــ الملقب بتفصيل الآثار في تعجيل الإفطار

قال الحافظ في الفتح: قال ابن عبد البر: أحاديث تعجيل الإفطار وتأخير السّحور صحاح متواترة.

(۱) وعند عبدالرّزاق وغيره بإسناد صحيح عن عمرو بن ميمون الأودي قال كان أصحاب رسول الله صلّى الله عليه وسلّم أسرع الناس افطاراً وأبطأهم سحوراً. (۳)

(۲) وأخرج البخاري عن سهل بن سعد أن رسول الله صلّى الله عليه وسلّم قال: لايزال الناس بخير ماعجلوا الفطر، زاد أبوداؤد في حديثه: وأخّروا السحور، أخرجه أحمد، وزاد أبوهريرة

(۱) الموطأ للإمام مالك، كتاب الصيام، باب ما جاء في تعجيل الفطر: ۲۸۹/۱، دارإحياء التراث العربي، انيس

(۲) المسوى شرح الموطأ، كتاب الصيام، باب ما يستحب تعجيل الفطر وتأخير السحور: ۲۸۹/۱، رقم الحديث: ۵۹۹، دارالكتب العلمية بيروت، انيس

(۳) فتح الباري، كتاب الصوم، باب تعجيل الإفطار: ۱۹۹/٤، رقم الحديث: ۱۹۵۷، دارالمعرفة، بيروت، لبنان، انيس

فی حدیثه: لأن الیهود والنصاریٰ یؤخرون، أخرجه أبوداؤد وابن خزیمة وغیره، وتأخیر أهل الکتاب له أمد وهو ظهور النجم.

(۳) وقدروی ابن حبان والحاکم من حدیث سهل أیضاً بلفظ: لا تزال أمّتی علیٰ سنتی ما لم تنتظر بفطرها النجوم.

قال المهلّب: والحکمة فی ذلک أن لایزاد فی النهار من اللیل، ولأ نه أرفق بالصّائم وأقوی له علی العبا دة، واتّفق العلماء علیٰ أنّ محل ذلک اذا تحقق غروب الشمس بالرّؤیة أو بأخبار عدلین وکذا عدل واحد فی الأرجح، اه. (۱۷۳/٤)

وفیه دلالة علیٰ ا تفاق العلماء علی أن التعجیل المذکور فی الحدیث المنوط نفی الخیر بالتأخیر عنه محلّه ما إذا تحقق الغروب، ثم نبّه الحافظ فی الصفحة المذکورة علیٰ ماحدث فی زمانه من البدعة المنکرة من ایقا ع الأذان الثانی قبل الفجر بنحو ثلٰث ساعة فی رمضان وإطفاء المصابیح التی جعلت علامة لتحریم الأکل والشرب علیٰ من یرید الصّیام زعماً ممن أحدثه أنه للاحتیاط فی العبادة وقد جرهم ذلک إلیٰ أن صاروا لایؤذنون إلاّ بعد المغرب بدرجة لتمکین الوقت زعموا فأخروا الفطر وعجلوا السّحور وخالفوا السنّة فلذٰلک قلّ عنهم الخیر وکثر فیهم الشر والله المستعان. (۱۷۳/٤)

وهو یدلّ علی أن التأخیر بدرجة بعد تحقق الغروب خلاف السنّة أیضاً.

(۴) وروی مسلم والترمذی والنسائی من روایة أبی عطیّة قال: دخلت أنا ومسروق علیٰ عائشة فقلنا: یا أمّ المؤمنین رجلان من أصحا ب النبی صلّی الله علیه وسلّم أحدهما یعجّل الإفطار ویعجّل الصلاة والآخر یؤخر الإفطار ویؤخر الصلاة قالت: أیهما یعجل الإفطار ویعجل الصلاة قلنا: عبد الله بن مسعود، قالت: هٰکذا کان یصنع رسول الله صلّی الله علیه وسلّم والآخر أبوموسیٰ. (۱)

(۵) وأخرج أبویعلیٰ فی مسند ه عن أنس رضی الله عنه قال: مارأیت النبی صلّی الله علیه وسلّم قط صلّی صلاة المغرب حتّٰی یفطر ولو کان علیٰ شربة من ماءٍ، وإسناده جید، کذا فی العینی علی البخاری. (۲۹۲/۵)

(۶) وأخرج البخاری عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلّی الله علیه وسلّم: إذا أقبل اللیّل من هٰهنا وأدبر النهار من هٰهنا وغربت الشمس فقد أفطر الصا ئم، اه، وقال ابن خزیمة: قوله" فقد أفطر الصائم" لفظ خبرٍ ومعنا ه الأمر أی"فلیفطر الصائم" ولو کان المراد فقد صار مفطراً (کما زعمه بعضهم) لم یکن للترغیب فی تعجیل الإفطار معنی وکان فطر جمیع الصوم واحداً. (کذا فی الفتح أیضاً: ۱۷۱/٤) (۲)

---

(۱) عمدة القاری، کتاب الصوم، باب تعجیل الإفطار: ۹۵/۱۱، رقم الحدیث: ۱۹۵۷، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

(۲) فتح الباری، باب ما یحل فطر الصائم ... الخ: ۱۹۷/٤، رقم الحدیث: ۱۹۵٤، دار المعرفة بیروت، انیس

وفيه أيضاً في "باب صوم الوصال" واحتجوا للتحريم أى تحريم الوصال بقوله فى الحديث المتقدم إذا أقبل اللّيل من هٰهنا فقد أفطر الصائم إذ لم يجعل اللّيل محلاً سوى الفطر فالصّوم فيه مخالفة لوضعه كيوم الفطر. (۱۷۸/٤)(۱)

(۷) وفيه أيضاً حديث بشير بن الخصاصية أخرجه أحمد والطبرانى وسعيد بن منصور وعبد بن حميد وابن أبى حاتم فى تفسيرهما بسند صحيح إلٰى امرأته عنه مرفوعاً "صوموا كما أمركم اللّٰه تعالى: " أتموا الصيام إلى الليل" فاذا كان اللّيل فأفطروا. (۱۷٦/٤)(۲)

وقال العينى فى العمدة: قال أبوعمر فى الاستذكار: أجمع العلماء علٰى أنه إذا حلت صلاة المغرب فقد حل الفطر للصائم فرضاً وتطوعاً، وأجمعوا علٰى أن صلٰوة المغرب من صلاة الليل، آه. (٤٦٦/٥)(۳)

(۸) وفى الترغيب للمنذرى عن أنس رضى اللّٰه عنه قال: " كان رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلّم يفطر قبل أن يصلّى علٰى رطبات فإن لم تكن حسىٰ حسوات من ماء". رواه أبوداؤد والترمذى وحسنه، آه. (ص: ۱۸۵)(۴)

وقال على القارى فى شرح المشكٰوة تحت حديث لايزال الناس بخير ما عجلوا الفطر: أى ما داوموا علٰى هٰذه السّنة ويسن تقديمه على الصلاة للخبر الصحيح به، وقال التورپشتى: فإن فى التعجيل مخالفة لأهل الكتاب فإنهم يؤخرونه ثم صار عادة؛ لأهل البدعة فى ملتنا، آه، قال بعض علمائنا: ولو أخر لتأديب النفس غير معتقد وجوب التأخير لم يضرّه ذلک، أقول: بل يضرّه حيث يفوته السّنة وتعجيل الإفطار بشربة ماء لاينافى التأديب، ثم رأيت التورپشتى قال: وهٰذه الخصلة التى لم يرضها رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلّم وأقول يشابه هٰذا التاخير تقديم صوم يوم أو يومين علٰى صوم رمضان إلٰى أن قال: ويؤيّده ما صح أن الصّحابة كانوا أعجل النّاس إفطاراً وأبطأهم سحوراً. (۵۱۰/۲)(۵)

قلت: ومقتضٰى هٰذا الذى ذكرنا كون تقديم الإفطار علٰى صلاة المغرب سنّته وأن التأخير عنها خلاف السّنة وما كان خلاف السنّة وإن كان مباحاً فلا يخلو عن كراهة ولو تنزيهاً لاسيّما

---

(۱) فتح البارى، كتاب الصوم، باب الوصال ... الخ: ۲۰۵/٤، رقم الحديث: ۱۹٦٤، دار المعرفة بيروت، انيس

(۲) فتح البارى، كتاب الصوم، باب الوصال ... الخ: ۲۰۲/٤، دار المعرفة بيروت، انيس

(۳) عمدة القارى، كتاب الصوم، باب الصوم فى السفر والإفطار: ٦۲/۱۱، رقم الحديث: ۱۹٤۱، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۴) الترغيب والترهيب، الترغيب فى الصوم: ۹۱/۳، رقم الحديث: ۱٦۳٤، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۵) مرقاة المفاتيح، كتاب الصوم، باب فى مسائل متفرقة: ۳۹۱/٦، انيس

إذا انضم إلٰى ذلک قوله صلّى اللّٰه عليه وسلّم:"إذا أقبل اللّيل فأفطروا"،وقوله"إذا أقبل اللّيل من ههنا وأدبرالنهارمن ههنا وغربت الشمس فقد أفطرالصائم أى فليفطر.

وأما ما روى بسند صحيح عند مالک فى موطأه، وعند محمد به أن عمربن الخطاب وعثمان بن عفان كانا يصلّيان المغرب حين ينظران الليل الأسود(أى سواد أوله)قبل أن يفطرا ثم يفطران بعد الصلاة فى رمضان،آه، فلايحتاج إلى الجواب لكونه خلاف عمل الرسول وعامة أصحابه، وأيضاً لاندرى هل أخرا الفطربعذرأوبغيرعذر،وقال القارى:هوأما لبيان الجوازاشعاراً بأن مثل هٰذا التأخيرلاينافى الأمربالتعجيل أولعدم مايفطران به عند هم قبل الصلٰوة أويحمل الافطار على التعشى بالطعام؛لأن الإفطارالمتعارف عندهم أن يتعشوا بطعامهم.(كذا فى تعليق الممجد محصًلا،ص:١٨٤)(١)

وحاصله:أنهما لم يكونا يتعشيان قبل الصّلٰوة بالطعام ويقتصران علٰى شربة من ماء و نحوه،ولم يكن ذلک الإفطارإفطاراً متعارفاً بينهم،فقال الراوى بناءً علٰى ذلک أنهما كانا يفطران بعد الصّلٰوة وبالجملة ففى الأثرحكاية حال لاعموم لها ويحتمل الوجوه العديدة فلايترک به ما ثبت عنه صلّى اللّٰه عليه وسلّم قولاً وفعلاً وأمراًوترغيباً فالحاصل أن تقديم الفطرعلٰى صلاة المغرب هوالسّنة وتأخيره عنها خلا ف السّنة ولكن لا يدخل فى حد الكراهة ما لم يشتبک النجوم،لايقال:ينافى ماقلت قولَ محمد فى المؤطأ بعد تخريجه أثرعمروعثمان هٰذاكله واسع فمن شاء أفطرقبل الصّلٰوة ومن شاء أفطربعدها وكل ذلک لابأس به آه؛لأنّ قوله واسع ولابأس به آه لا ينافى كونه خلاف السّنة فربما يطلق الفقهاء لابأس به علٰى ما يكون مكروهاً تنزيهاً وخلا ف الأولٰى كما لايخفى ولابد من تقييد قوله واسع ولابأس به بأن لايبلغ مبلغ اشتباک النجوم،كما قيده به المحشى.

وأما ما فى ردالمحتارعن شرح الجامع لقاضى خان:التعجيل المستحب قبل اشتباک النجوم،آه.(١٨٣/٢)(٢)

وهويفيد بظاهره أن كل ما كان قبل اشتباک النجوم فهومن التعجيل المستحب فيعارضه ما مر عن القارى من تصريحه بكون تقديمه على الصّلاة سنة وكون تأخيره عنها خلاف السنة وتأويله فى أثرعمروعثمان بوجوه عديدة فكيف يكون مابعد المغرب إلٰى اشتباک النجوم كلّه

---

(١) التعليق الممجد،ص:٢٠٥،رقم الحديث:٣٦٤ کے ذیل میں،دارالقلم دمشق،انیس

(٢) رد المحتار،كتاب الصوم،باب ما يفسد الصوم ومالا يفسده،إلخ،قبيل فصل فى العوارض،الخ:٤٠٠/٣، دارعالم الكتب،رياض،انيس

وقتاً مستحباً للتعجيل، وقال في البدا ئع: ويسنّ تعجيل الإفطار إذا غربت الشمس، هٰكذا روى عن أبي حنيفة لما روينا من الحديث "ثلاث من سنن المرسلين" ومن جملتها: تعجيل الإفطار، وروى عن النبي صلّى الله عليه وسلّم أنه قال: لاتزال أمّتي بخير ما لم ينتظروا الإفطار طلوع النجم، والتأخير يؤدي إليه، آه، أي إلى انتظار طلوع النجوم. (۱۰۶/۲)(۱)

وهٰذا يفيد أن التعجيل المسنون المستحب ماكان قبل طلوع النجم، ومابعده داخل في التأخير، نعم تأخيره إلى طلوع النجم لايكره كراهة التحريم وإنما التأخير المكروه كذلك ما كان إلى اشتباك النجوم؛ لأنه هو الذي يفضي إلى مشابهة أهل الكتاب فكانوا يؤخرون إلى حد الاشتباك. والله أعلم

ہمارے نزدیک جوامر تعجیل افطار کے متعلق کتب احادیث وفقہ سے منقح ہوا ہے، وہ یہ ہے کہ تحقق غروب کے بعد معاً قبل نماز مغرب افطار کرنا مسنون ہے اور بعد نماز کے افطار کرنا خلاف سنت ہے؛ مگر حد اشتباک سے پہلے افطار کر لے تو تاخیر مکروہ میں داخل نہ ہوگا اور حد اشتباک تک تاخیر مکروہ تحریمی ہے اور مسوّیٰ کی عبارت کے متعلق بدون کتاب دیکھے ہوئے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ سوال میں اس کی عبارت ناتمام نقل کی گئی ہے اور وہ بھی پڑھی نہیں گئی اور حضرت عمرؓ وعثمانؓ کے اثر کا جواب چند وجوہ سے دیا گیا ہے، جو عبارت عربیہ میں مذکور ہے۔ واللہ اعلم

۱۷/رمضان ۱۳۴۵ھ (امداد الاحکام: ۱۰۴/۳-۱۰۸)

## روزہ افطار کرنے کا وقت ☆:

(رمضان میں مغرب کے وقت روزہ کھولنے سے متعلق کچھ ضروری عرض)

(۱) جون ۱۹۸۶ء رمضان کے مہینے میں افطار کرنے کے سلسلہ میں اختلاف کی وجہ سے میں نے ۱۵/ستمبر ۱۹۸۶ء کو ایک پرچہ پیش کیا تھا، جس میں افطار کرنے کا موزوں طریقہ بتایا گیا تھا کہ مغرب کی اذان مکمل ہونے اور اذان کی دعا ختم ہونے کے بعد اور مغرب کی نماز سے پیشتر افطار کیا جائے، میرے پرچے میں درج کی گئی کتابوں کے حوالہ کے مطابق جو احادیث سے ظاہر ہوتا ہے میں نے اظہار خیال کیا تھا؛ مگر بدقسمتی سے چند روزہ داروں نے اس کو بے وقعت اور حقیر سمجھ کر قبول نہیں کیا، چوں کہ ایک مولانا صاحب نے ان کو دوسرا طریقہ اختیار کرنے کی نصیحت فرمائی تھی۔

(۲) جو کچھ بھی ہو، میں دوبارہ اپنا خیال زیادہ تفصیل اور اچھے طریقہ کے ساتھ کسی کی مخالفت اور مقابلہ کے بغیر شریعت کا تقاضا بیان کرنا چاہتا ہوں، میں اپنے صدق دل سے اپنے اعتقاد کی بنا پر بیان کروں گا، اگر چہ میں کوئی

---

(۱) بدائع الصنائع، فصل فيما يستحب للصائم وما يكره: ۶۳۴/۲، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

☆ نوٹ: کاروار، کرناٹک کے کوئی جے، اے، خان صاحب نے کتابچہ "افطار" نامی تحریر کیا تھا، کسی شخص نے وہ رسالہ دار الافتاء ڈابھیل کے نام بھیج کر اس میں لکھے ہوئے افطار کے وقت کی شرعی حیثیت معلوم کی تھی "افطار نامی رسالہ کا ابتدائی حصہ یہ ہے:

عالم نہیں ہوں اور نہیں کسی کالج، یا دارالعلوم کا تعلیم یافتہ ہوں، پھر بھی اپنے اعتقاد کے مطابق صدق دل سے ظاہر کرنے سے گریز نہیں کرسکتا، جو کچھ میں بیان کروں گا، وہ میرے علم اور میری زندگی کے اعتقاد کے مطابق ہوگا، جو اسلامی کتابوں کے مطابق ہے، ساتھ ساتھ میں معافی بھی چاہوں گا کہ اگر میرے بیان میں کوئی غلطی، یا کسر ہو تو مہربانی فرما کر مجھے اطلاع دیں؛ تاکہ میں اپنی رائے بدل لوں؛ کیوں کہ میری تعلیم صرف ہائی اسکول میٹرک تک ہے۔

(۳) اب میں اپنے اصل مقصد پر آتے ہوئے افطار کا موزوں طریقہ بیان کرتا ہوں، اس وقت میری عمر ۷۳ر سال ہے۔ زمانۂ دراز سے یعنی بہت سالوں سے رمضان، یا دیگر مہینے میں ہم نیچے بیان کئے گئے طریقہ کے مطابق افطار کرتے رہے ہیں اور یہی طریقہ ہمارے آباء واجداد نے بھی اختیار کیا تھا۔

(۱) غروب آفتاب کا یقین کر کے مؤذن اذان دیتے، اذان کے دوران تمام روزہ دار خاموشی اختیار کرتے اور اذان کے آداب بجالاتے اور اذان ختم ہوتے ہی دعا پڑھتے اور یہ سب غروب آفتاب سے پانچ منٹ میں مکمل ہوجاتا۔

(۲) دعا ختم ہوتے ہی افطار کیا جاتا، جو کہ صرف پانچ منٹ میں مکمل ہوتا، اس طرح ہم تمام اتفاق کے ساتھ روزہ افطار کرتے، جو قرآن کے مطابق اور اسلامی کتب میں بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق ہوتا تھا۔

(۳) اس طرح اذان اور افطار، سورج غروب ہونے سے دس منٹ کے اندر ختم ہوتا اور مغرب کی نماز شروع ہوکر پندرہ منٹ میں ختم ہوجاتی، لہٰذا مغرب کی نماز سورج غروب ہونے سے تقریباً ۲۵ر منٹ میں ختم ہوجاتی۔ مجھ ناچیز خیال کے مطابق اس طریقہ میں کوئی غلطی، یا کسر نہیں معلوم ہوتی اور یہ طریقہ گزشتہ کئی سالوں سے جاری تھا اور اس طریقہ پر ۱۹۸۵ء تک کسی کا اعتراض، یا کوئی مخالفت نہ تھی، حالاں کہ بہت سے مختلف مقامات کے تعلیم یافتہ لوگ اور مولانا حضرات موجود تھے، ان کی فہرست جو مجھے میسر ہوئی ہے، وہ فہرست (الف) میں درج ہے، اس طرح ہم اپنے اعتقاد پر قائم تھے، جو زمانۂ دراز سے قائم تھا اور سب کچھ تسلی اور محبت سے ہماری قوم میں چلا آرہا تھا۔

(۴) لیکن ۱۹۸۶ء میں ایک مولانا صاحب جو ہماری مدینہ جامع مسجد ''کاروار'' میں امامت کررہے تھے، انہوں نے اچانک نیا افطار کا طریقہ بتایا اور انہوں نصیحت کی کہ اذان کے پہلے لفظ ''اللہ اکبر'' کے شروع ہوتے ہی افطار کریں اور اذان کے آداب کی اہمیت کے بغیر ہی دعا مانگیں، حالاں کہ اسلام کی معتبر کتب میں اذان کے آداب بجالانے کے لیے بتایا گیا ہے، اس اچانک اور بے ضرورت تبدیل کے آنے سے ۱۹۸۶ء سے ہمارے یہاں روزہ داروں میں تفرقہ پڑ گیا ہے اور اسی پر مجھے خوف ہے کہ آئندہ یہ تفرقہ آگ کی طرح بھڑکے گا اور ہماری قوم میں نااتفاقی ہوجائے گی، اللہ نہ کرے۔

(۵) میں ایک عمر رسیدہ شخص ہونے کی بنا پر اور اس تفرقہ کے اندیشہ سے بیزار ہوتے ہوئے تفرقہ مٹانے کے ارادہ سے ایک نصیحت کے طور پر اپنے علم اور اعتقاد کے مطابق ۱۵ر ستمبر ۱۹۸۶ء کو میں نے ایک پرچہ تیار کیا (جس کی

نقل اسی کے ساتھ ہے) اور جس کو ۱۵رستمبر ۱۹۸۶ء کو نقل کرکے ہمارے تعلقہ کی مساجد میں پیش کیا گیا تھا اور وہ پرچہ صحیح جان کر قبول کرلیا گیا تھا؛ لیکن بد قسمتی سے ہماری مدینہ جامع مسجد ''کاروار'' کے اکثر روزہ داروں نے مولانا کی نصیحت پر اندھی تقلید کرتے ہوئے نیا طریقہ اختیار کرلیا، اب نئے طریقہ کے لیے ہمارے علاقہ میں اور مولانا کے پاس، یا کسی شخص کے پاس کوئی ٹھوس ثبوت نہیں ہے، یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ نیا طریقہ کس طرح داخل ہوا اور اس کے اسباب کیا ہیں؟ اس کے لیے اسلام کی معتبر کتابوں میں ٹھوس ثبوت نہیں ہے، مجھے کہنا پڑتا ہے، ہمارا بہت زمانہ سے چلتا ہوا طریقہ بالکل صحیح ہے؛ کیوں کہ وہ طریقہ تمام ارکان کے ساتھ؛ یعنی سنت مؤکدہ، مستحب اور فرض بھی ادا کرتا ہے، جو رمضان یا دوسرے مہینے میں افطار کرنے کے لیے اسلام کے معتبر ارکان میں ہے۔ (کتابچہ ''افطار'' کا مضمون پورا ہوا)

**الجواب ـــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً ومسلماً**

اس وقت جناب جی، ایم، خان صاحب کا ایک کتابچہ پیش نظر ہے، جس میں مؤلف نے افطار کے موزوں وقت کی تعیین کے سلسلہ میں اپنے مقدور بھر سعی فرمائی ہے، احقر سے اس کتابچہ پر تبصرہ کرنے کی فرمائش کرنے کے ساتھ اصل مسئلہ کی وضاحت کی تاکید بھی کی گئی، چناں چہ احقر نے پورا مضمون بغور پڑھا اور مکرر پڑھا، کتابچہ پر کسی قسم کا تبصرہ کرنے سے پہلے مناسب معلوم ہوا کہ اصل مسئلہ کو کتاب وسنت اور کتب فقہیہ کی عبارتوں کی روشنی میں منقح کردیا جائے، اس کے بعد آخر میں ان شاء اللہ تعالی کتابچہ کے متعلق بھی اپنی رائے پیش کروں گا۔

قرآن مجید میں باری تعالی کا ارشاد ہے:

﴿ثم أتموا الصيام إلى الليل﴾(۱)

(پھر (صبح صادق سے) رات آنے تک روزہ کو پورا کرلیا کرو۔)

(۱) آیت مذکورہ کی تفسیر فرماتے ہوئے حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی شہرۂ آفاق ''تفسیر مظہری'' میں تحریر فرماتے ہیں:

**''ثم أتموا الصيام إلى الليل بيان لآخر وقته عن عمر بن الخطاب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا أقبل الليل من ههنا وأدبر النهار من ههنا وغربت الشمس، فقد أفطر الصائم''. (رواه البخاري)(۲)**

(یعنی ﴿ثم أتموا الصيام إلى الليل﴾ میں روزہ کے آخری وقت کو بیان فرمانا مقصود ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب رات ادھر (مشرق) سے آجائے اور دن ادھر (مغرب) سے رخصت ہو اور سورج چھپ جائے تو روزہ دار کے لیے افطار کا وقت ہوگیا، یہ روایت بخاری نے نقل کی ہے۔)

---

(۱) سورة البقرة: ۱۸۷

(۲) التفسير المظهري: ۲۳۲/۲، دار إحياء التراث العربي، انيس

(۲) علامہ ابوبکر جصاص رازی حنفیؒ اپنی کتاب ''أحکام القرآن'' میں اسی آیت کریمہ کی تفسیر وتشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہے:

**ولاخلاف فی أنه إذا غابت الشمس فقد انقضی وقت الصوم،وجاز للصائم الأكل والشرب والجماع وسائرما حظره عليه الصوم.(۱)**

(یعنی اس بات میں کسی کا اختلاف نہیں کہ جب غروب شمس ہوجائے تو روزہ کا وقت ختم ہوگیا اور روزدار کے لیے وہ تمام چیزیں جو روزہ کی وجہ سے ممنوع تھیں؛ یعنی کھانا، پینا، اور جماع وغیرہ حلال ہوگئیں۔)

(۳) نیز علامہ ابوبکر جصاص رازی حنفیؒ اپنی کتاب ''أحکام القرآن'' میں تحریر فرماتے ہیں:

**فالذی ورد فی الاستحباب تعجيل الفطر... محمول علٰی أن لايؤخرالفطربعد التيقن بالغروب.(۲)**

(یعنی (آیت میں جب رات آنے پر روزہ پورا کرنے کا حکم دیا گیا تو) اب وہ روایتیں جن میں افطار میں جلدی کرنے کا حکم دیا گیا ہے، ان کا مطلب یہ ہوا کہ غروب آفتاب کا یقین ہوجانے کے بعد افطار میں تاخیر نہ کرے۔)

(۴) علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبیؒ اپنی مشہور تفسیر ''الجامع لاحکام القرآن'' میں تحریر فرماتے ہیں:

**قوله تعالی ﴿إلى الليل﴾إذا تبين الليل سن الفطر.(۳)**

(یعنی ارشاد ربانی ﴿إلى الليل﴾ کا مطلب یہ ہے کہ جب رات آجائے (یعنی غروب آفتاب کا یقین ہوجائے) تو افطار مسنون ہے۔)

قرآن مجید کی اس تفسیر وتشریح کے بعد احادیث وآثار پر نظر ڈالی جائے، اس سلسلہ میں احادیث وآثار کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے، ہم ان میں سے چند کو پیش کرتے ہیں۔

(۱) امام بخاریؒ نے وقت افطار کی تعیین کے سلسلہ میں مستقل باب ''متٰی يحل فطر الصائم'' کے عنوان سے قائم فرما کر دو حدیثیں ذکر فرمائی ہیں۔ پہلی روایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ہے:

**قال رسول الله صلى الله عليه:إذا أقبل الليل من هٰهُنا وأدبر النهارمن ههنا وغربت الشمس فقد أفطر الصائم.(۴)**

(نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب رات ادھر (مشرق) سے آجائے اور دن ادھر (مغرب) سے رخصت ہوجائے اور آفتاب غروب ہوجائے تو روزہ دار کے لیے افطار کا وقت ہوگیا۔)

---

(۱-۲) أحكام القرآن للجصاص: ۱/۱ ۳۰،دارإحياء التراث العربی،انيس

(۳) الجامع لأحكام القرآن المعروف بتفسير قرطبی: ۳۲۸/۲،دارعالم الكتب،رياض،انيس

(۳) صحيح البخاری،باب متٰی يحل فطر الصائم: ۴۷۰/۱،رقم الحديث: ۱۹۵۴،دار المعرفةبيروت،انيس

علامہ بدرالدین عینیؒ شارح بخاری حدیث مذکور کے الفاظ "فقد افطر الصائم" کی تشریح فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

**أی دخل فی وقت الفطر،وقال ابن خزیمة: لفظه خبر،ومعناه الأمر،أی فلیفطر الصائم.**(۱)

(یعنی أفطر الصائم کا مطلب یہ ہے کہ: وہ (روزہ دار) افطار کے وقت میں داخل ہوگیا، اور ابن خزیمہؒ فرماتے ہیں کہ حدیث کے الفاظ میں صیغہ خبر کا استعمال کیا گیا؛ لیکن معنی امر کا ہے (یعنی روزہ دار کو افطار کر لینا چاہیے)۔

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے بھی حدیث مذکور کی شرح میں امام ابن خزیمہؒ کے اس قول کو نقل فرما کر اسی کو راجح قرار دیا ہے۔(۲)

(۲) امام بخاریؒ نے اسی باب میں دوسری روایت حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی نقل فرمائی ہے:

**قال: کنا مع النبیا فی سفر وهو صائم،فلما غابت الشمس قال لبعض القوم یافلان قم فاجدح لنا، فقال یارسول الله لو أمسیتَ،قال:أنزل فاجدح لنا،قال یارسول الله فلو أمسیت،قال:أنزل فاجدح لنا،قال:إن علیک نهاراً،قال:أنزل فاجدح لنا،فنزل فجدح لهم،فشرب النبیا ثم قال: إذا رأیتم اللیل قد أقبل من ههنافقد أفطر الصائم.**(۳)

(حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (ماہِ رمضان میں) ایک سفر میں تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ دار تھے؛ چنانچہ جب آفتاب غائب ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قوم میں سے ایک آدمی (حضرت بلال رضی اللہ عنہ) کو فرمایا کہ اے فلانے ہمارے لیے ستو گھولو، انہوں نے عرض کیا، یارسول اللہ! اگر کچھ اور شام ہوجانے دیتے تو اچھا ہوتا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اتر کر ہمارے لیے ستو تیار کرو، انہوں نے (پھر) عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر کچھ مزید انتظار فرما لیتے تو (مناسب تھا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اترو اور ہمارے لیے ستو گھولو، انہوں نے عرض کیا کہ ابھی دن (روشنی) باقی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اتر کر ہمارے لیے ستو گھولو؛ چناں چہ انہوں نے اتر کر ستو گھولا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کو) نوش فرما کر ارشاد فرمایا: جب تم دیکھو کہ رات ادھر (مشرق) سے آگئی ہے تو روزہ دار کو افطار کر لینا چاہیے۔)

اس حدیث کی تشریح فرماتے ہوئے علامہ عینیؒ فرماتے ہیں:

**فیه أنه لایجب إمساک جزء من اللیل مطلقاً؛بل متٰی تحقق غروب الشمس حل الفطر.**(۴)

(یعنی اس حدیث میں یہ بتلایا گیا کہ جب آفتاب غروب ہونے کا تحقق ہوجائے تو افطار کر لینا چاہیے، اب رات کے مزید کسی حصہ کے گزرنے تک بالکل انتظار نہ کرے۔)

---

(۱) عمدة القاری،باب متٰی یحل الصائم: ۹۲/۱۱،رقم الحدیث: ۱۹۵٤،دار الکتب العلمیة بیروت،انیس

(۲) فتح الباری، کتاب الصوم،باب متٰی یحل فطر الصائم: ۱۹۷/٤،رقم الحدیث: ۱۹۵٤،دار المعرفة،انیس

(۳) صحیح البخاری، کتاب الصوم،با متٰی یحل فطر الصائم: ٤۷۰/۱،رقم الحدیث: ۱۹۵۵،دار الفکر بیروت،انیس

(۴) عمدة القاری، کتاب الصوم،باب الصوم فی السفر والإفطار: ٦۲/۱۱،رقم الحدیث: ۱۹٤۱،دار الکتب العلمیة،انیس

بعینہ یہی بات حافظ ابن حجر عسقلانیؒ بھی فرماتے ہیں،(۱) آگے حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے یہ بھی فرمایا کہ:

**وفيه إيماء إلى الزجر عن متابعة أهل الكتاب،فإنهم يؤخرون الفطر عن الغروب.(۲)**

(یعنی اس حدیث میں اہل کتاب کی پیروی سے روکنے کی طرف بھی اشارہ ہے کہ وہ لوگ افطار کو غروب آفتاب سے مؤخر کرتے ہیں۔)

حافظ ابن حجرؒ کے اس کلام سے یہ بتلانا مقصود ہے کہ غروب آفتاب کا تحقق ہوجانے کے بعد افطار میں تاخیر (چاہے ستاروں کے چٹکنے تک نہ ہو پھر بھی) اہل کتاب کی پیروی کا ایک حصہ ہے، اس لیے کہ حدیث مذکور کے واقعہ میں حضرت بلالؓ نے معمولی تاخیر کی درخواست کی تھی؛ لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بھی منظور نہیں فرمایا۔

ان دو روایتوں سے جو فوائد واحکام معلوم ہوئے، اس کی تفصیل کرتے ہوئے حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں:

**وفي حديثي الباب من الفوائد: بيان وقت الصوم وإن الغروب متٰى تحقق كفي.(۳)**

(یعنی جب غروب آفتاب کا تحقق ہوگیا تو اب افطار کے لیے مزید انتظار کی ضرورت نہیں، بلکہ وہی کافی ہے۔)

(۳) تمام حضرات محدثین اپنی کتابوں میں تعجیل افطار کا مستقل باب قائم کرتے ہیں اور اس سلسلہ میں احادیث اتنی کثیر تعداد میں وارد ہوئی ہیں کہ حافظ ابن عبد اللہؒ کے حوالہ سے حافظ ابن حجر عسقلانیؒ اور حافظ بدر الدین عینیؒ نے نقل فرمایا کہ:

**أحاديث تعجيل الإفطار وتأخير السحور صحاح متواترة.(۴)**

(یعنی افطار میں جلدی کرنے اور سحر میں تاخیر کرنے کے سلسلہ میں احادیث جو وارد ہوئی ہیں وہ تمام) صحیح ہیں اور درجۂ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔)

امام بخاریؒ نے بھی اپنی کتاب صحیح بخاری شریف میں "**باب تعجيل الإفطار**" کے عنوان سے مستقل باب قائم فرما کر اس میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں، ان میں سے ایک تو وہی جس کو ہم نمبر دو پر نقل کر آئے؛ یعنی حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی روایت؛ چنانچہ حافظ بدر الدین عینیؒ اس جگہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں اس شخص (یعنی بلال رضی اللہ عنہ) سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد فرمانا کہ اتر کر ہمارے لیے ستّو گھولو، اس سے یہ ثابت ہوا کہ جہاں غروب آفتاب کا تحقق ہوگیا فوراً آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے افطار فرمایا۔(۵)

---

(۱) فتح الباري، كتاب الصوم،باب متٰى يحل فطر الصائم: ۱۹۷/٤،رقم الحديث: ۱۹۵۵،دار المعرفة،انیس

(۲-۳) فتح الباري، كتاب الصوم،باب متٰى يحل فطر الصائم: ۱۹۸/٤،رقم الحديث: ۱۹۵۵،دار المعرفة،بيروت،انیس

(۴) فتح الباري، كتاب الصوم،باب تعجيل الإفطار: ۱۹۹/٤،رقم الحديث: ۱۹۵۸،دار المعرفة/(عمدة القاري، كتاب الصوم،باب تعجيل الإفطار: ۹٤/۱،دار الكتب العلمية بيروت،انیس

(۵) عمدة القاري،باب الصوم في السفر والإفطار: ۶۰/۱۱،رقم الحديث: ۱۹٤۱،دار الكتب العلمية بيروت،انیس

اس جگہ یہ بات ذہن نشین رکھنے کے قابل ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن بھی تھے، اور حضر کی طرح سفر میں بھی یہ خدمت آپ کے سپرد تھی، انہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غروب شمس کا تحقق ہوجانے پر اذان دینے کا حکم فرمادینے کے بجائے افطار کی تیار کا حکم دے رہے ہیں۔

امام بخاریؒ نے اس باب میں دوسری حدیث حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی بیان فرمائی ہے:

**"أن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال: لایزال الناس بخیر ماعجلوا الفطر".** (۱)

(یعنی لوگ (امت محمدیہ) برابر بھلائی پر قائم رہیں گے جب تک کہ وہ افطار میں جلدی کرتے رہیں گے۔)

تعجیل ایک مفہوم کلی ہے، جس کے مختلف درجات ہیں:

اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ غروب آفتاب کا یقین ہوتے ہی افطار کرلیا جائے، جیسا کہ حضرات محدثین وفقہا نے تصریح فرمائی ہے، قاضی مہلبؒ کے حوالہ سے علامہ عینیؒ اور حافظ ابن حجرؒ دونوں نے تمام علما کا متفقہ قول یہی نقل فرمایا ہے:

**واتفق العلماء علیٰ أن محل ذلک إذا تحقق غروب الشمس.** (۲)

اوراس کا ادنی درجہ یہ ہے کہ ستاروں کے چٹکنے سے پہلے پہلے افطار کرلے، اگر اتنی تاخیر کی، جس کے نتیجہ میں ستارے چٹک گئے تو یہ بالاتفاق مکروہ ہے۔

(۴) ''ترمذی شریف'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:

**قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: قال اللّٰه عزوجل: أحب عبادی إلیّ أعجلهم فطراً.** (۳)

(یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا کہ باری تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرے بندوں میں مجھے زیادہ محبوب وہ ہے جوان میں جلدی افطار کرنے والا ہو۔)

ملاعلی قاریؒ اس کی تشریح کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

**أی أکثرهم تعجیلاً فی الإفطار لماقدمناه، وقال الطیبی: ولعل السبب فی هٰذه المحبة المتابعة للسنة، والمباعدة عن بدعة، والمخالفة لأهل الکتاب.** (۴)

(یعنی وہ بندہ (زیادہ محبوب ہے) جو افطار میں سب سے زیادہ جلدی کرنے والا ہو اور علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ شاید اس محبت کی وجہ یہ ہے کہ اس میں سنت کی اتباع اور بدعت سے دوری اور اہل کتاب کی مخالفت ہے۔)

ظاہر ہے مقام محبوبیت اسی کو حاصل ہوگا، جو تعجیل افطار کے اعلی درجہ پر فائز ہو۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الصوم، باب تعجیل الإفطار: ۴۷۱/۱، رقم الحیث: ۱۹۵۷، دار ابن کثیر، انیس

(۲) عمدة القاری، کتاب الصوم، باب تعجیل الإفطار، رقم الحیث: ۱۹۵۷: ۶۷/۱۱، دار المعرفة، انیس.

(۳) الجامع للترمذی، باب ماجاء فی تعجیل الإفطار: ۲۲۵/۱، رقم الحدیث: ۷۰۰، دار الفکر بیروت، انیس

(۴) مرقاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، کتاب الصوم، فصل فی مسائل متفرقة من الصوم، الفصل الثانی، ۴۲۲، رقم الحدیث: ۱۹۸۹، دار الکتب العلمیة، انیس

(۵)　"مسلم شریف" میں حضرت ابوعطیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

**قال: دخلت أنا ومسروق علیٰ عائشة رضی اللہ عنها، فقلنا: یا أم المؤمنین رجلان من أصحاب محمداً أحدهما یعجل الإفطار، ویعجل الصلاة، والآخر یؤخر الإفطار، ویؤخر الصلاة، قالت: أیهما الذی یعجل الإفطار ویعجل الصلاة؟ قال قلنا: عبد اللہ یعنی ابن مسعود، قالت: کذلک کان یصنع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم، زاد أبو کریب والآخر أبو موسیٰ.** (۱)

(یعنی میں اور حضرت مسروق (دونوں) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے، ہم نے عرض کیا کہ اے ام المؤمنین! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے دو آدمی ایسے ہیں کہ ان میں سے ایک افطار میں بھی جلدی کرتے ہیں اور نماز میں بھی اور دوسرے افطار میں بھی تاخیر کرتے ہیں اور نماز میں بھی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت فرمایا کہ ان میں سے کون افطار اور نماز میں تعجیل کرتے ہیں؟ تو ہم نے عرض کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (راوی کہتے ہیں کہ) دوسرے صحابی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تھے۔)

ظاہر ہے دوسرے صحابی جو تاخیر سے کام لیتے تھے وہ اتنی تاخیر تو نہیں تھی جو حدِ کراہت میں داخل ہو جاتی ہو؛ بلکہ مراد یہ ہے کہ جلدی کرنے والے صحابی تعجیل افطار میں مبالغہ سے کام لیتے تھے اور دوسرے صحابی اتنا مبالغہ نہیں فرماتے تھے، چناں چہ شارح مسلم حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ فرماتے ہیں:

**المراد فی التعجیل المبالغة فیه، وبالتأخیر عدمها. واللہ أعلم** (۲)

اس کے باوجود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے طریق کار کو عین سنت کے مطابق بتلایا۔

(۶)　"مسند احمد" وغیرہ میں حضرت قطبہ بن قتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:

**رأیت النبی صلی اللہ علیه وسلم یفطر إذا غربت.** (۳)

(یعنی میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ غروب ہوتے ہی (بلا تاخیر) افطار فرماتے تھے۔)

(۷)　حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

**کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم إذا کان صائماً، أمر رجلا یقوم علی نشز (أی مرتفع) من الأرض، فإذا قال: قد وجبت الشمس أفطر، رواہ الطبرانی فی الکبیر.** (۴)

---

(۱)　الصحیح لمسلم، کتاب الصوم، باب فضل السحور، إلخ: ۵۰۲/۱، رقم الحدیث: ۲۴۴۵، دار المعرفة بیروت، انیس

(۲)　فتح الملهم، کتاب الصوم: ۱۲۲/۳

(۳-۴)　مجمع الزوائد، باب تعجیل الإفطار وتأخیر السحور: ۳۶۸/۳، رقم الحدیث: ۴۸۷۶، دار الفکر بیروت، انیس

(یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ سے ہوتے تھے تو ایک آدمی کو بلند مقام پر کھڑا فرما دیتے تھے اور جہاں وہ یہ کہتا کہ: آفتاب غروب ہوگیا اسی وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم افطار فرماتے تھے۔)

(۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:

**رأيت رسول صلى الله عليه وسلم وهو صائم يترصد غروب الشمس بتمرة، فلما توارت القاها في فيه.** (۱)

(یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ روزہ سے ہیں اور کھجور لیے ہوئے غروب آفتاب کا انتظار فرما رہے ہیں اور جہاں آفتاب آنکھوں سے اوجھل ہوا، آپ نے وہ کھجور منہ میں ڈال دی۔)

(۹) **عن أبي رجاء رضي الله عنه قال: كنت أشهد ابن عباس رضي الله عنهما عند الفطر في رمضان فكان يوضع طعامه ثم يأمر مراقبا يراقب الشمس، فإذا قال: وجبت، قال: كلوا، ثم كنا نفطر قبل الصلاة.** (۲)

(ابو رجاء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رمضان المبارک میں افطار کے وقت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس حاضر ہوتا تھا، آپ کے سامنے کھانا رکھا جاتا تھا، پھر آپ ایک شخص کو حکم دیتے تھے کہ وہ آفتاب کو دیکھتا رہے، پس جب وہ شخص کہتا کہ آفتاب غروب ہوگیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے کہ کھاؤ۔)

(۱۰) **عن أبي حمزة الصبعي رضي الله عنه أنه كان يفطر مع ابن عباس رضي الله عنهما في رمضان، فكان إذا أمسى بعث ربيبه له يصعد ظهر الدار، فلما غربت الشمس أذن فيأكل ونأكل، فإذا فرغ، أقيمت الصلاة، فيقوم يصلي ويصلي معه.** (۳)

(ابو حمزہ صبعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ رمضان المبارک میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ساتھ افطار کرتے تھے، چنانچہ جب شام ہوتی تو ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنے ربیب کو بھیجتے کہ وہ گھر کی چھت پر چڑھ جاتا، پھر جب سورج غروب ہوتا تو وہ اذان دیتا، اور ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ہم کھانا شروع کرتے، پھر جب وہ اذان سے فارغ ہوتا تو نماز کے لیے اقامت کہی جاتی؛ چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اٹھ کر نماز پڑھتے اور ہم بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھتے۔)

(۱۱) **عن مجاهد رضي الله عنه قال كنت لآتي ابن عمر رضي الله عنهما بالقدح عند فطره، فأستره من الناس وما به إلا الحياء يقول من سرعة ما يفطر.** (۴)

(حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ افطار کے وقت میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا (کھانے کا) برتن لاتا، اور افطار میں جلدی کرنے کی وجہ سے مارے شرم کے وہ برتن لوگوں سے چھپا کر لاتا۔)

---

(۱) كنز العمال، كتاب الصوم، فصل في أدب الصوم والافطار: ۱۰۰۵/۸، مؤسسة الرسالة بيروت، انيس

(۲) مصنف عبد الرزاق، باب تعجيل الإفطار: ۲۲۷/۴، رقم الحديث: ۷۵۹۷، المكتب الإسلامي بيروت، انيس

(۳) مصنف ابن أبي شيبة، كتاب الصوم، باب تعجيل الإفطار: ۱۲/۳، رقم الحديث: ۹۰۳۶، دار السلفية الهند، انيس

(۴) مصنف عبد الرزاق، باب تعجيل الإفطار: ۲۲۶/۴، رقم الحديث: ۷۵۹۳، المكتب الإسلامي، مصنف ابن أبي شيبة: ۱۳/۳

**(۱۲) عن عبدالواحد بن أيمن عن أبيه عن أبی سعيد رضی اللّٰه عنه قال: دخلت عليه، فأفطر علیٰ عرق، وإنی أری الشمس لم تغرب. (۱)**

(عبدالواحد بن ایمنؒ اپنے والد سے نقل فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، انہوں نے گوشت کی ہڈی والی بوٹی سے افطار کیا اور (افطار میں انہوں نے اتنی جلدی کی تھی کہ) میں یہ سمجھ رہا تھا کہ ابھی تک آفتاب غروب نہیں ہوا۔)

**(۱۳) عن مسلم بن يزيد عن أبيه قال: كان علی بن أبی طالب ص يقول لأبی التياح، غربت الشمس؟ فيقول: لاتعجل، فيقول: غربت الشمس؟ فإذا قال: نعم، أفطر، ثم نزل فصلی. (۲)**

(مسلم بن یزیدؒ اپنے والد سے نقل فرماتے ہیں کہ (ایک سفر میں) حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ ابوالتیاح سے کہنے لگے کہ (کیا) سورج غروب ہوگیا؟ تو انہوں نے کہا کہ ابھی جلدی نہ کریں، پھر پوچھنے لگے کہ کیا سورج غروب ہوگیا؟ تو جب انہوں نے کہا کہ ہاں (غروب ہوگیا) تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے افطار فرمایا پھر اتر کر نماز پڑھی۔)

**(۱۴) عن علقمة رضی اللّٰه عنه قال: أُتی عبد اللّٰه بجفنة فقال للقوم: أدنوا فكلوا، فاعتزل رجلٌ منهم، فقال له عبد اللّٰه مالک؟ قال إنی صائم، فقال عبد اللّٰه: هٰذا والذی لا إلٰه غيره حين حلّ الطعام. (۳)**

(حضرت علقمہؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے پاس (کھانے کا برتن) لایا گیا، آپ نے لوگوں سے فرمایا کہ قریب ہو جاؤ! اور کھاؤ، تو ان میں سے ایک شخص الگ ہٹ گیا، حضرت عبداللہ نے اس سے فرمایا کہ کیا بات ہے؟ تو اس نے کہا کہ میں روزہ سے ہوں تو حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، یہ وہ وقت ہے کہ (روزہ دار کے لیے) کھانا حلال ہوگیا، (اس اثر کا مطلب یہ ہے کہ افطار میں اتنی جلدی کی گئی تھی کہ وہ آدمی یہ سمجھ رہا تھا کہ ابھی تک وقت نہیں ہوا)

**(۱۵): عن موسی بن أنس رضی اللّٰه عنه أنّ أنساً كان يصعد الجارية فوق البيت، فيقول: إذا استوی الأفق فاٰذنينی. (۴)**

(حضرت موسیٰ ابن انسؒ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ ایک باندی کو گھر کی چھت پر بھیج دیتے تھے اور فرماتے کہ جب افق برابر ہو جائے (یعنی سورج غروب ہو جائے) تو مجھے اطلاع دینا۔)

---

(۱) مصنف ابن أبی شيبة، باب تعجيل الإفطار: ۱۲/۳-۱۳، رقم الحديث: ۹۰۴۲، دارالسلفية الهند، انيس

(۲) مصنف ابن أبی شيبة، باب تعجيل الإفطار: ۱۳/۳، رقم الحديث: ۹۰۴۵، دارالسلفية الهند، انيس

(۳) مصنف ابن أبی شيبة، باب تعجيل الإفطار: ۱۲/۳، رقم الحديث: ۹۰۴۱، دارالسلفية الهند، انيس

(۴) مصنف ابن أبی شيبة، باب تعجيل الإفطار: ۱۳/۳، رقم الحديث: ۹۰۴۹، دارالسلفية الهند، انيس

**(۱۶): عن ابن حنظلة عن أبيه رضى الله عنه قال: شهدت عمر بن الخطاب رضى الله عنه فى رمضان وقرب إليه شراب، فشرب بعض القوم وهم يرون الشمس قد غربت، ثم ارتقى المؤذن، فقال: يا أمير المؤمنين! والله إن الشمس طالعة لم تغرب، فقال عمر: من كان أفطر فليصم يوماً مكانه، ومن لم يكن أفطر فليتم حتٰى تغرب المشس. وأعاده من طريق آخر، وزادفيه فقال له: إنما بعثنا داعياً ولم نبعثك راعياً، إلخ.** (۱)

(علی ابن حنظلہ اپنے والدص سے نقل فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں رمضان المبارک میں حاضر ہوا، آپ کے سامنے افطاری پیش کی گئی، بعض لوگوں نے اس میں سے نوش فرمالیا یہ سمجھ کر کہ آفتاب غروب ہوگیا، اس کے بعد مؤذن اذان دینے کے لیے چڑھا اس نے (اوپر سے) کہا کہ اے امیر المؤمنین! خدا کی قسم آفتاب تو ابھی موجود ہے غروب نہیں ہوا، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس نے روزہ افطار کرلیا، وہ اس کی جگہ ایک روزہ (بطور قضا) رکھ لے اور جس نے ابھی تک افطار نہیں کیا، وہ غروب آفتاب تک ٹھہر جائے اور روزہ پورا کرے۔ (اسی واقعہ میں دوسری روایت میں یہ بھی ہے کہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس مؤذن کو (جس نے اوپر سے چلاّ کر خبر دی تھی) فرمایا کہ: ہم نے تو تجھے نماز کی دعوت دینے کے لیے بھیجا تھا، سورج دیکھنے کے لیے نہیں بھیجا تھا۔ (گویا مؤذن کی بے ادبی پر تنبیہ فرمائی)۔ (فتح القدیر)

**(۱۷) عن عمرو بن ميمون الأودى قال: كان أصحاب محمدا، اسرع الناس افطاراً، وأبطأه سحوراً.** (۲)

(عمرو بن میمون اودی فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلمکے صحابہ لوگوں میں سب سے زیادہ جلدی افطار کرنے والے، اور دیر سے سحر کھانے والے تھے۔)

احادیث وآثار کے بعد کتب فقہیہ سے بھی نمونے پیش کیے جاتے ہیں:

(۱) ''نورالایضاح'' میں ہے:

**ويستحب له ثلاثة أشياء: السحور، وتأخيره، وتعجيل الفطر من غير يوم غيم.** (۳)

روزہ کے لیے تین چیزیں مستحب ہیں: (۱) سحری کھانا، (۲) اس میں تاخیر کرنا، (۳) اور افطار میں جلدی کرنا جب کہ بادل نہ ہوں (بادل ہونے کی صورت میں روزہ کی حفاظت کے پیش نظر احتیاط برتنی چاہیے) (مراقی الفلاح)

---

(۱) نصب الرأية، كتاب الصوم، باب ما يوجب القضاء والكفارة: ٤٦٩/٢، مؤسسة الريان للطباعة والنشر بيروت/ مصنف ابن أبى شيبة، باب ما قالوا فى الرجل يرىٰ أن الشمس قد غربت: ٢٤،٢٣/٣، رقم الحديث: ٩١٣٨/ مصنف عبدالرزاق، كتاب الصوم، باب الإفطار فى يوم مغيم: ١٧٨/٤، المكتب الإسلامى بيروت، انيس)

(۲) مصنف عبد الرزاق، كتاب الصوم، باب تعجيل الفطر: ٢٢٦/٤، رقم الحديث: ٧٥٩١، المكتب الإسلامى بيروت وعمدة القارى، كتاب الصوم، باب تعجيل الفطر: ٩٤/١١. دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۳) نورالايضاح، باب ما يستحب للصائم، ص: ٣٤٩، انيس

''طحطاوی علی مراقی الفلاح'' میں ہے:

**يستحب الإفطار قبل الصلاة.** (۱)

(نمازمغرب سے پہلے افطار کرلینا مستحب ہے۔)

علامہ ابن القیمؒ فرماتے ہیں:

**وكان أن يفطر قبل أن يصلى.** (۲)

(نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب پڑھنے سے پہلے افطار فرمالیتے تھے۔)

امام محمدؒ نے ''مؤطا امام محمد'' میں صراحت فرمائی ہے کہ نماز مغرب سے پہلے بھی افطار کرسکتا ہے، اور نماز مغرب کے بعد بھی کرسکتا ہے؛ لیکن جو آدمی نماز مغرب کے بعد افطار کرنا چاہے، وہ سنت ونفل سے پہلے کرلے، یعنی فرض مغرب کے سلام پھیرتے ہی افطار کرلے تاکہ افطار میں تاخیر مکروہ کا مرتکب نہ ہو۔ (۳)

''تبیین الحقائق'' شرح کنز الدقائق میں ہے:

**والمستحب فيه التاخير، وفى الفطر التعجيل.** (۴)

(یعنی سحری میں تاخیر اور افطار میں تعجیل مستحب ہے۔)

(۳) ''بدائع الصنائع'' میں ہے:

**ويسن تعجيل الإفطار إذا غربت الشمس، هٰكذا روى عن أبى حنيفة أنه قال: وتعجيل الإفطار إذا غربت الشمس أحب إلينا.** (۵)

(اور افطار میں جلدی کرنا مسنون ہے جب کہ سورج غروب ہوجائے، امام ابوحنیفہؒ سے اسی طرح منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ آفتاب غروب ہوتے ہی افطار میں جلدی کرنا ہمارے نزدیک پسندیدہ ہے۔)

(۴) ''البحر الرائق'' میں ''فتاوی بزازیہ'' کے حوالہ سے لکھا ہے کہ:

**ويستحب تعجيل الإفطار.** (۶)

(افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے۔)

---

(۱) حاشية الطحطاوى علىٰ مراقى الفلاح، كتاب الصوم، فصل فيما يكره للصائم وما لا يكره وما يستحب، ص ۶۸۳، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۲) زاد المعاد: ۳۳۳/۱

(۳) رسائل الأركان، ص: ۲۱۵

(۴) تبيين الحقائق: ۳۴۳/۱، مكتبة إمداديه ملتان، انيس

(۵) بدائع الصنائع، فصل فيما يستحب للصائم وما يكره: ۶۳۲/۲، انيس

(۶) رد المحتار، كتاب الصوم، فصل فى العوارض: ۵۱۲/۲، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

البتہ غروب آفتاب کا یقین یا ظن غالب ہونا ضروری ہے۔

**ولا يفطر ما لم يغلب علىٰ ظنه غروب الشمس.** (۱)

(۵) ''فتاوی عالمگیری'' میں ہے:

**وتعجيل الإفطار أفضل، فيستحب أن يفطر قبل الصلاة.** (۲)

(افطار میں جلدی کرنا افضل ہے، چنانچہ نماز (مغرب) سے پہلے افطار کر لینا مستحب ہے۔)

(۶) درمختار میں ہے:

**ويستحب السحور وتأخيره وتعجيل الفطر.** (۳)

(اور روزہ دار کے لیے سحری کھانا اور اس میں تاخیر کرنا اور افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے۔)

منقولۂ بالا نصوص، قرآن وحدیث وآثار صحابہ وعباراتِ فقہیہ سے مشترک طور پر اتنی بات معلوم ہوئی کہ غروب آفتاب کا تحقق ہوتے ہی روزہ کا وقت ختم ہو جاتا ہے، اور روزہ دار کے لے افطار کا استحباب ثابت ہو جاتا ہے، اب اس کی بھی ضرورت نہیں کہ اذان دی جائے اور اس کے ختم ہونے کا انتظار کیا جائے؛ بلکہ بعض احادیث (مثلاً نمبر۲، ۶، ۷، ۸) اور آثار (مثلاً نمبر ۹، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۶) سے تو اذان سے قبل ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضوان اللہ علیہم کا افطار کرنا معلوم ہوتا ہے اور اثر ابن عباس رضی اللہ عنہما (نمبر۱۰) سے درمیان اذان افطار کرنا ثابت ہوتا ہے؛ اس لیے افطار کا موزوں وقت شریعت مطہرہ کے نزدیک یہی ہے کہ آفتاب کے غروب ہونے کا یقین ہو جائے۔

اب یہ سوال رہ جاتا ہے کہ غروب آفتاب کا علم کس طرح ہو؟ تو اس کا جواب یہ کہ میدانی علاقوں اور دیہات وغیرہ میں تو ہر شخص بہ آسانی غروب آفتاب کو معلوم کر سکتا ہے، اور بڑے شہروں وغیرہ میں جہاں یہ ممکن نہ ہو وہاں لوگوں کو غروب آفتاب کی اطلاع نقارہ، توپ کا گولہ، سائرن، لائٹ وغیرہ کے ذریعہ دی جاسکتی ہے، اور بذریعۂ اذان بھی دی جاسکتی ہے۔ پہلی صورت کو بدعت قرار دینا درحقیقت بدعت کی تعریف سے ناواقفیت پر مبنی ہے۔

حضرت مفتیٔ اعظم مولانا مفتی کفایت اللہ صاحبؒ اسی قسم کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

جواب: نقارہ بجانا غروب شمس کی عام اطلاع کے لیے ہوتا ہے، اور جب کہ نقارہ غیر مشتبہ طور پر سنا جائے اور ظن غالب ہو کہ یہ نقارہ وہی ہے جو اطلاع افطار کے لیے بجایا جاتا ہے، تو اس کی آواز سن کر افطار کر لینا مذہبِ حنفی اور شافعی دونوں میں جائز ہے۔

علامہ قیلوبیؒ نے ''شرح منہاج الطالبین'' کے حاشیہ میں لکھا ہے:

---

(۱) البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۲/۲ ۵۱، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۲) الفتاویٰ الهندية، باب فيما يكره للصائم وما لا يكره: ۱/ ۲۲۰، دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۳) الدر المختار علىٰ هامش رد المحتار، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده: ۳/ ٤٠٠، دار عالم الكتب، رياض، انيس

ومنه سماع الطبول، وضرب الدفوف، ونحو ذلک ممايعتاد فعله أول الشهر وآخره، آه، قلت: وكذا أول الصوم وآخره. (کفایت المفتی: ۲۳۴/۴-۲۳۵)

حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانویؒ اسی قسم کے ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

الجواب: طبلِ سحور کو فقہا نے جائز لکھا ہے، اور افطار اور سحور کی مصلحت متشابہ ہے؛ اس لیے بھی کچھ حرج نہیں؛ مگر فرش مسجد سے علاحدہ ہو اور ناقوس وغیرہ سے اس کو اس لیے مشابہت نہیں کہ وہ لوگ اس طریقِ اعلان کی خصوصیت کو عبادت بھی سمجھتے ہیں اور یہاں کوئی ایسا نہیں سمجھتا اور خیر القرون میں اس کی نظیر دفِ نکاح ہے کہ اس سے بھی مقصود اعلان ہے، ایک طاعت کی تحقیق کا اور اس سے بھی مقصود اعلان ہے ایک طاعت کے وقت کے تحقق کا؛ بلکہ عند التأمل دف اپنی غرض میں اس قدر محتاج الیہ نہیں، جس قدر عوام کے اعتبار سے یہ اپنی غرض میں محتاج الیہ ہے۔ (امداد الفتاوی: ۱۰۴/۲)

حضرت مولانا مفتی محمود حسن صاحب دامت برکاتہم تحریر فرماتے ہیں:

''سحری یا افطاری کا اگر وقت معلوم نہ ہو اور روزوں کے فساد کا اندیشہ ہو تو نقارہ بجانا، یا گھنٹہ بجانا، باورد کا گولہ بنانا درست ہے؛ لیکن مسجد یا اس کی چھت پر نہیں چاہیے بلکہ مسجد سے ہٹ کر کسی دوسرے مکان یا بلند مقام پر چاہیے کیونکہ یہ چیز احترام مسجد کے خلاف ہے''۔ (فتاوی محمودیہ: ۲۹۲/۷)

حضرت مولانا سید مفتی عبدالرحیم لاجپوری صاحب دامت برکاتہم تحریر فرماتے ہیں:

''الجواب: جس طرح نکاح اور اعلان جنگ کے لیے دف وغیرہ بجانا حدیثوں سے ثابت ہے، اسی طرح چاند نظر آنے اور سحری وافطاری کے وقت ضرورۃً بطورِ اعلان دف بجانا بھی جائز ہے، بشرطیکہ باجا بجانے کے طرز پر نہ ہو''۔ (فتاوی رحیمیہ: ۴۰/۲)

علامہ شامیؒ نے بھی ردالمحتار: ۲۴۷/۵ میں اس کو لکھا ہے، اس لیے احادیث وآثار دیکھنے سے یہی راجح معلوم ہوتا ہے کہ اذان سے پہلے افطار کر لیا جائے، اور عوام مسلمین کو غروب آفتاب کی اطلاع دینے کے لیے نقارہ وغیرہ کا طریقہ اختیار کر سکتے ہیں۔

نمبر سات پر حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی جو روایت گزری، اس میں صراحت موجود ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی آدمی کو بلند مقام پر کھڑا فرما دیتے تھے اور جہاں وہ غروب آفتاب کی اطلاع دیتا، آپ افطار فرماتے تھے، اسی طرح نمبر نو میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا معمول اور نمبر ۱۵ میں حضرت انس (خادم الرسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم) رضی اللہ عنہ کا معمول بھی اس بات کی بین دلیل ہے کہ جو شخص خود غروب آفتاب پر واقف ہوا ہو وہ دوسروں کو اطلاع دے؛ تاکہ دوسرے اس اطلاع کی بنیاد پر افطار کریں اس میں کوئی حرج نہیں ہے؛ بلکہ احادیث وآثار سے ثابت ہے۔

دوسری صورت اذان کی ہے، تو یہ یاد رہے کہ اصالۃً اذان نماز کے لیے دی جاتی ہے، افطار کے لیے نہیں، شریعت

مطہرہ نے وقت نماز کی اطلاع کے لیے اذان کو وضع فرمایا ہے؛لیکن چوں کہ نماز مغرب کا وقت بھی غروب آفتاب کے تحقق سے شروع ہوتا ہے اور افطار کے لیے بھی بعینہ یہی وقت ہے؛اس لیے غروب آفتاب کا تحقق ہوتے ہی اگر اذان دے دی جائے؛تاکہ اس طرح لوگوں کو افطار کا وقت بھی معلوم ہو جائے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں،اس صورت میں اذان سننے والوں کو اختیار ہے کہ وہ اذان کے مکمل ہونے تک افطار نہ کرتے ہوئے اذان کا جواب دیتے رہیں اور اذان ختم ہونے کے بعد افطار کریں،اور یہ بھی اختیار ہے کہ اذان کا پہلا کلمہ سنتے ہی افطار کرلے۔پیشِ نظر کتابچہ میں اس صورت کو غلط قرار دیا گیا ہے،وہ درست نہیں ہے۔ہم نے جو آثار نقل کئے ہیں،ان میں نمبر دس پر حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا جو اثر ہے،اس میں اس کی صراحت ہے کہ وہ اپنے ربیب کو مکان کی چھت پر بھیجتے تھے اور غروب آفتاب ہونے پر جہاں وہ اذان شروع کرتا وہیں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اور آپ کے رفقاء افطار شروع فرماتے تھے۔

رہی یہ بات کہ اس صورت میں درمیان اذان کھانا پینا لازم آتا ہے تو حدیث وفقہ میں اس کے جواز کی صراحت موجود ہے۔''ابوداؤد شریف''میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:

**قال رسو ل اللّٰه صلی اللّٰه علیه و سلم:إذا سمع أحدکم النداء،و الإناء علٰی یده فلایضعه حتٰی یقضی حاجته منه.** (۱)

''مراقی الفلاح''شرح نورالایضاح میں اذان کے جواب کی تفصیل میں لکھا ہے:

**و لایجیب فی الصلاة و لوجنازة،وخطبة سماعها وتعلم العلم وتعلیمه،أو لأکل،إلخ.** (۲)

''درمختار''میں بھی اس کی صراحت موجود ہے۔(۳)

اور روزہ دار کے حق میں تو بڑی وسعت ہے کہ نماز کی اقامت کہی جاچکی اور جماعت شروع ہوچکی ہے؛لیکن روزہ دار کی ضرورت پوری نہیں ہوئی تو شریعت مطہرہ اجازت بلکہ حکم دیتی ہے کہ پہلے کھانا کھالے اس کے بعد نماز پڑھے۔تمام حضرات محدثین نے مستقل باب قائم فرما کر اس مسئلہ کو اپنی اپنی کتابوں میں ذکر فرمایا ہے۔

امام بخاریؒ نے ''**باب إذا حضر الطعام و أقیمت الصلاة**''کے ذیل میں تین مرفوع حدیثیں ذکر فرمائی ہیں۔ان میں ایک حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:جب شام کا کھانا پیش ہو تو مغرب کی نماز پڑھنے سے پہلے کھانا کھالو۔(بخاری شریف)(۴)

---

(۱) أبوداؤد،کتاب الصیام،باب فی الرجل یسمع النداء والإناء فی یده:۳۲۱/۱،رقم الحدیث:۲۳۵۰،انیس

(۲) مراقی الفلاح علٰی هامش الطحطاوی،کتاب الصلاة،باب الأذان،ص:۲۰۳،دارالکتب العلمیة بیروت،انیس

(۳) ولوجنباً لا حائضاً ولا نفساء ... أکل ... إلخ.(الدرالمختار علٰی هامش رد المحتار،کتاب الصلاة،باب الأذان:ویجیب من سمع الأذان:۶۵/۲-۶۶،دارعالم الکتب ،ریاض،انیس)

(۴) صحیح البخاری،کتاب الأذان:۱۶۸/۱،رقم الحدیث:۶۷۲،دارابن کثیر بیروت،انیس

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی اسی روایت کو ذکر فرمایا ہے، اس کے بعد خود حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل نقل فرمایا ہے، جب ان کے سامنے کھانا رکھا جاتا اور ادھر نماز کی اقامت شروع ہوتی (بلکہ نماز شروع ہوجاتی) تو جب تک وہ فارغ نہ ہوجاتے نماز میں شریک نہ ہوتے؛ حالانکہ وہ امام کی قراءت سن رہے ہوتے تھے۔ (بخاری شریف)(۱)

علامہ بدرالدین عینیؒ اس حدیث کی شرح میں رقمطراز ہیں:

**اختلفوا فی هٰذا الأمر، فالجمهور علٰی أنه للندب، وقیل للوجوب وبه قالت الظاهریة. قالوا: لایجوز لأحد حضر طعامه بین یدیه وسمع الاقامة أن یبدأ بالصلوٰة قبل العشاء، فإن فعل فصلاته باطلة، والجمهور علی الصحة.** (عمدة القاری، کتاب الصوم: ۵/ ۱۹۷، دارالکتب العلمیة بیروت)

(یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس امر سے وجوب مراد ہے، یا استحباب اس سلسلہ میں) علمائے امت میں اختلاف ہے، جمہور علماء(۲)، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ عمل جو اوپر بیان کیا گیا اس وقت ہوتا تھا، جب کہ وہ روزہ سے ہوتے جیسا کہ حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری: ۲/۱۲۷، اور حافظ عینیؒ نے عمدة القاری: ۵/۱۹۸، میں اس کی تصریح فرمائی ہے، یہ روایت اس تفصیل کے ساتھ ''مسند احمد'' میں بھی موجود ہے ''ترتیب المسند المسمی بالفتح الربانی'' کی شرح ''بلوغ الأمانی'' میں شیخ احمد عبدالرحمٰن البنا الشہیر بالساعاتی اس موقعہ پر فرماتے ہیں:

**وکان ابن عمر رضی اللّٰه عنهما من أشد الناس تمسکا بقوله أوفعله.** (بلوغ الأمانی: ۷/۱۰)

(یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان لوگوں میں سے تھے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل پر بڑی شدت (مبالغہ) سے عمل کرنے والے ہیں۔ حضرات فقہائے کرام نے بھی ''باب الامامة'' میں ان مسائل کی تفصیل ذکر فرمائی ہے۔)

رہا مسئلہ اذان کے جواب کا تو فقہائے احناف کے درمیان مختلف فیہ ہے اور محققین حضرات نے زبان سے جواب دینے کو مستحب قرار دیا ہے۔ علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**والذی ینبغی تحریره فی هٰذا المحل أن الإجابة باللسان مستحبة، وأن الإجابة بالقدم واجبة إن لزم من ترکها تفویت الجماعة، الخ.** (۳)

(یعنی اس جگہ اس بات کی صفائی ضروری ہے کہ زبان سے جواب دینا مستحب ہے، اور قدم سے جواب دینا (یعنی نماز کے لیے جانا) واجب ہے، اگر اس کے چھوڑنے سے جماعت کی تفویت لازم آتی ہو۔)

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الأذان: ۱/۱۶۸، رقم الحدیث: ۶۷۳، دارابن کثیر بیروت، انیس

(۲) جن میں ائمۂ اربعہ بھی ہیں، اس بات کے قائل ہیں کے یہ امر استحباب کے لیے ہے، اور ایک قول وجوب کا بھی ہے؛ چنانچہ اہل ظاہر نے اس کو اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس کے سامنے کھانا موجود ہو اور وہ اقامت کی آواز سنے، اس کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کھانے سے پہلے نماز شروع کرے، اگر اس نے ایسا کیا تو اس کی نماز باطل ہے؛ لیکن جمہور علماء نماز کے صحیح ہونے کے قائل ہیں۔

(۳) ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب فی کراهة الجماعة: ۲/۶۸، دارعالم الکتب، ریاض، انیس

اور جن حضرات مشائخ حنفیہ نے زبانی جواب کو واجب کہا ہے، انہوں نے بھی اس آدمی کو جو کھانے میں مشغول ہے اس حکم سے مستثنی قرار دیا ہے، جیسا کہ ہم آگے ''مراقی الفلاح'' اور ''درمختار'' کے حوالہ سے بیان کر چکے ہیں؛ نیز اذان کا پہلا کلمہ سنتے ہی افطار کرنے والا اگر جواب دینا چاہے تو دے سکتا ہے، دونوں میں کوئی منافات تو نہیں ہے؛ اس لیے صاحب کتابچہ کا ''اذان کا پہلا کلمہ سنتے ہی افطار کرنے والے طریقہ'' کو غلط قرار دینا درست نہیں۔

نیز انہوں نے اپنے مالوف طریقِ افطار کا مستحب ہونا ثابت کرنے کے لیے مستقل کتابچہ ترتیب دیا؛ لیکن حدیث وفقہ کی کسی صریح عبارت سے اس طریقہ کو ثابت نہیں کر پائے۔ صرف جوابِ اذان کے سلسلہ میں جو فقہی جزئیات ہیں انہیں پیش کر دیا؛ لیکن اس سے ان کے مالوف طریقہ کا استحباب کہاں ثابت ہوا؟ اور اگر بالفرض وہ کسی صریح عبارت سے اس کا استحباب ثابت کر بھی دیتے تو اس سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ دوسرا طریقہ غلط ہے؛ بلکہ مؤلفِ کتابچہ کا اپنے مالوف طریقہ پر اس قدر اصرار تو غلو فی الدین کی صورت ہے، جو مستحب کو ترک کرنے کا باعث ہوتی ہے۔

''مشکوۃ شریف'' میں ''بخاری ومسلم'' کے حوالہ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کی روایت ذکر کی گئی ہے کہ انہوں نے فرمایا:

**لايجعل أحدكم للشيطان شيئاً من صلاته، يرىٰ إن حقا عليه أن لاينصرف إلا عن يمينه،لقد رأيت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم كثيراً ينصرف عن يساره.** (۱)

(یعنی تم سے کوئی شخص اپنی نماز میں شیطان کا حصہ نہ رکھے اس طرح کہ وہ نماز کے بعد دائیں طرف سے گھومنے کو ضروری سمجھے، تحقیق کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت مرتبہ بائیں طرف سے گھومتے بھی دیکھا ہے۔)

اس حدیث کی شرح فرماتے ہوئے ملا علی قاریؒ نے علامہ طیبیؒ کے حوالہ سے نقل فرمایا ہے کہ:

**وفيه أن من أصر علىٰ أمر مندوب،وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال.** (۲)

(یعنی اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ جو آدمی کسی مندوب (مستحب) بات پر اصرار کرے اور اس کو ضروری سمجھنے لگے اور (شریعت کی عطا فرمودہ) گنجائش پر عمل نہ کرے تو شیطان نے اس کو گمراہ کر دیا ہے۔)

فقہائے کرام نے اصول بیان کیا ہے کہ: ''**تارک المستحب لایلام**'' پس مستحب کے تارکین کو ملامت کرنا، یا قابل ملامت سمجھنا مستحب کو اس رتبہ سے بڑھا دینا ہے، لہذا اس وجہ سے بھی وہ فعل مباح، یا مستحب مکروہ ہوجائے گا۔(الجنة لأهل السنة،ص: ۱۴۲)

اِس لیے مؤلف کتابچہ نے جو روش اپنے رسالہ میں اختیار فرمائی ہے، وہ اس صورت میں بھی درست نہیں، جب کہ

---

(۱) مشکوٰة، کتاب الصلاة،الفصل الأول،باب الدعاء فی التشهد،ص: ۸۷،قدیمی،انیس

(۲) مرقاة المفاتیح شرح المشکاة،باب الدعاء فی التشهد: ۳۵۳/۲،دارالکتب العلمیة بیروت

ان کے مالوف طریقۂ افطار کا مستحب ہونا ثابت ہوجائے، چہ جائے کہ وہ بھی ثابت نہیں ہے۔

آخر میں دینی خیرخواہی (الدین النصیحة) کے پیش نظر مؤلف رسالہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ خود اپنے اقرار کے مطابق وہ عالم دین نہیں ہیں اور نہ ہی فتاویٰ نویسی کا فن انہوں نے معتبر علمائے کرام سے حاصل کیا ہے تو ان کو چاہیے کہ اس قسم کی صورتیں پیش آنے پر خود فتوی دینے کے بجائے معتبر وثقہ اہل علم کی طرف رجوع فرمائیں۔اس کام کی انجام دہی کے لیے جو شرائط حضرات فقہائے کرام نے ضروری قرار دیے ہیں، ان کے مفقود ہونے کی صورت میں اس پر اقدام بڑا خطرناک ہے اور فرمان نبوی (علی صاحبها ألف ألف صلاة وتحية) کے بموجب ''ضلّوا فأضلّوا'' کا مصداق ہے۔

علامہ شامیؒ اپنی مشہور کتاب ''شرح عقود رسم المفتي'' (جو خاص اسی موضوع پر ہے) میں تحریر فرماتے ہیں:

**قال في آخر منية المفتي: لو أن الرجل حفظ جميع كتب أصحابنا لابد أن يتلمذ للفتوىٰ حتى يهتدي إليه.** (شرح عقود رسم المفتي، ص: ۹۷)

(یعنی کتاب منیۃ المفتی کے آخر میں ہے کہ اگر کوئی شخص ہمارے اصحاب حنفیہ کی تمام کتابوں کو حفظ کرلے تب بھی ضروری ہے کہ فتویٰ دینے کے لیے کسی (ماہر استاذ) کی شاگردی اختیار کرے تاکہ اس کا طریقہ معلوم ہو) **فقط واللّٰه تعالىٰ أعلم وعلمه أتم وأحكم والحمد للّٰه تعالىٰ أولاً وآخراً والصلوٰة علىٰ نبيه دائماً أبداً.**

کتبہ: العبد احمد عفی عنہ خانپوری، خادم دارالإفتاء جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، ۲۰ر ذوالحجۃ الحرام ۱۴۰۸ھ۔ الجواب صحیح عباس داؤد بسم اللہ عفی عنہ۔ (محمود الفتاویٰ: ۲/ ۲۰۷-۲۳۲)

## روزہ کس چیز سے افطار کرنا بہتر ہے:

سوال: روزہ افطار کرنا چھوہارے یعنی کھجور سے بہتر ہے یا دودھ پیڑے سے؟

**الجواب**

کھجور اور چھوہارے سے افطار کرنا افضل ہے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۴۹۴)

## کس چیز سے افطار مستحب ہے:

سوال: کیا افطار کے وقت کھجور نہ ہو تو کم از کم نمک سے افطار ضروری ہے؟ کیا یہ حدیث سے ثابت ہے؟ (س، ج، سنتوش نگر)

---

(۱) عن أنس بن مالك قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يفطر قبل أن يصلي علىٰ رطبات فإن لم تكن رطبات فتميرات فإن لم تكن تميرات حسا حسوات من ماء. (رواه الترمذي و أبوداؤد) (مشكاة المصابيح، كتاب الصوم، باب رؤية الهلال، ص: ۱۷۵، مكتبة قديمي كتب خانة كراتشي، انيس)

الجواب

نمک پر افطار کرنے سے متعلق روایت میری نظر سے نہیں گزری اور غالباً کسی صحیح حدیث میں اس طرح کی بات نہیں آئی، صحیح حدیثوں میں کھجور اور پانی پر افطار کا ذکر آیا ہے، چناں چہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب سے پہلے چند تر کھجوروں سے افطار فرمایا کرتے تھے، اگر یہ میسر نہ ہوتے تو چند گھونٹ پانی نوش فرمالیتے''۔(۱)

امام ترمذی نے مزید یہ بھی لکھا ہے کہ جاڑے کے موسم میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک کھجوروں سے افطار کا تھا اور گرما میں پانی سے۔(۲) (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۳۵-۴۳۶)

## افطار کس چیز سے کرے:

سوال: بعض لوگ کھجور رہنے کے باوجود نمک سے روزہ افطار کرتے ہیں اور بعض لوگ پانی سے، افطار کس چیز سے کرنا چاہیے؟ (کوثر النساء، جہاں نما)

الجواب

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''جب تم میں سے کوئی روزہ افطار کرے، تو کھجور سے افطار کرے کہ یہ باعث برکت ہے، اگر کھجور نہ ہو، تو پانی سے افطار کرلے کہ یہ پاک ہے''۔(۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی اس مضمون کی روایت منقول ہے؛ لیکن اس میں یہ ہے کہ چند تر کھجورں سے افطار کرلے، اگر میسر نہ ہو تو چند سوکھی کھجوروں سے، اگر یہ بھی میسر نہ ہو تو چند گھونٹ پانی سے،(۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض اوقات دودھ سے بھی روزہ افطار کیا ہے،(۵) ایک ضعیف روایت میں یہ بھی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین کھجوروں یا کسی ایسی چیز پر افطار کرنا پسند کرتے، جو آگ پر پکی ہوئی نہ ہو،(۶) اس لیے اہل علم نے کھجور، یا پانی سے افطار کو مسنون قرار دیا ہے،(۷) نمک پر افطار کرنے کی بات بے اصل معلوم ہوتی ہے کہ حدیثوں میں کہیں اس کا ذکر نہیں، مذکورہ حدیثوں سے ظاہر ہے کہ کھجور نہ ہو تو پانی سے افطار کرنا چاہئے، کھجور موجود ہو تو کھجور سے افطار بہتر ہے۔ (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۳۶-۴۳۷)

---

(۱) سنن أبي داؤد، رقم الحديث : ٢٣٥٦، الجامع للترمذی، رقم الحديث: ٦٩٦

(۲) الجامع للترمذی، رقم الحديث: ٦٩٦، باب ماجاء ما يستحب عليه الافطار

(۳) قال النبی صلی اللّٰه عليه وسلم: إذا أفطر أحدكم فليفطر علٰی تمر. (مشكاة المصابيح، ص: ١٧٥، رقم الحديث: ١٩٩٠)

(۴) سنن أبي داؤد، باب ما يفطر عليه، رقم الحديث: ٢٣٥٦

(۵-۶) مجمع الزوائد، باب علی أی شئ يفطر: ٣/٣٧٠، رقم الحديث: ٤٨٨٨، دار الفكر بيروت، لبنان، انيس

(۷) احياء العلوم : ١/١٥٥

## روزہ کس چیز سے افطار کیا جائے؟ اور نمک وادرک سے افطار کرنا:

سوال: ہمارے یہاں لوگ نمک وادرک سے یا چاول، ادرک ونمک سے افطار کرتے ہیں اور اس کو شریعت سمجھتے ہیں، یہاں تک کہ اگر کہیں جاتے ہیں اور لوٹنے میں راستہ میں افطار کرنا ہوگا، یہ سمجھ کر تھوڑا چاول ونمک باندھ لیتے ہیں۔ اسے ایک صاحب نے بے بنیاد اور بدعت کہا ہے اور کہا ہے کہ افضل خرما سے، پھر میٹھی چیز سے، پھر پانی سے افطار کرنا ہے۔ ان صاحب کا یہ کہنا صحیح ہے، یا غلط؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

نمک یا ادرک یا چاول سے افطار کو سنت یا مستحب سمجھنا اور اس کو حکمِ شرعی تصور کرنا غلط اور بے اصل ہے۔ ابوداؤد شریف اور ترمذی شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ کھجور سے افطار کرنا سنت سے ثابت ہے اور اگر کھجور میسر نہ آئے تو خشک چھوارے سے، وہ بھی نہ ہو تو پانی سے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۱/۸/۳۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۱۰-۲۱۱)

## ایک کھجور پر افطار:

سوال: صرف ایک کھجور سے روزہ افطار کر کے نماز پڑھنا صحیح ہے؟ (حسن بن صالح الحامد، گرامٹ کال)

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

کچھ کھا پی کر روزہ افطار کر لینا مسنون ہے، اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی کوئی خاص مقدار متعین نہیں کی ہے، اگر کوئی شخص اپنی ناداری کی وجہ سے یا طبعی تقاضہ کی وجہ سے ایک کھجور کھانے پر اکتفا کرے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، ہاں! اسے واجب خیال نہیں کرنا چاہیے؛ کیوں کہ جو بات شریعت میں واجب نہ ہو، یا جس مسئلہ میں اللہ تعالیٰ نے سہولت رکھی ہو، اس میں کسی ایک پہلو کو واجب قرار دینا، یا تنگی برتنا جائز نہیں ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۳۷-۴۳۸)

## بازار میں فروخت ہونے والے پھلوں سے افطار:

سوال: ہمارے شہر میں یہ رواج ہو گیا ہے کہ اکثر وبیشتر آم وامرود وبیر وغیرہ کی بیع پھول اور پھل آنے سے قبل

(۱) عن سلمان بن عمار رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "إذا کان أحدکم صائماً فلیفطر علی التمر، فإن لم یجد التمر فعلی الماء، فإن الماء طھور. (سنن أبی داود، کتاب الصیام، باب ما یفطر علیہ: ۱/۳۲۸، إمدادیة ملتان)

"عن أنس بن مالک رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "من وجد تمراً فلیفطر علیہ، ومن لا، فلیفطر علٰی ماء، فإن الماء طھور". (جامع الترمذی، کتاب الصوم، باب ما یستحب علیہ الافطار: ۱/۱۴۹، سعید)

کردی جاتی ہے، اس قسم کے پھل کھانا حرام، یا مکروہ ہے؟ حضرت تھانویؒ کے متعلق معلوم ہوا کہ اس قسم کے پھل نہیں کھاتے تھے؛ مگر دور حاضر کے علما وصلحا واتقیا کی اکثریت اس قسم کے کھانے سے قطعاً احتراز نہیں کرتے، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ عوام اس کو بلا تکلف کھاتے ہیں اور ناجائز بھی نہیں سمجھتے ہیں تو کیا اس کی وجہ سے کچھ گنجائش نکل آئی ہے اور حرمت میں کچھ تخفیف ہوگئی ہے؟ نیز رمضان المبارک میں اس قسم کے پھلوں سے افطار کرنا کیسا ہے؟

حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب قدس سرہ: ''رب صائم ليس له من صيامه إلا الجوع'' (۱) کے تحت فضائل رمضان المبارک میں رقمطراز ہیں کہ:

''اس سے مراد مالِ حرام سے افطار کرنا ہے''۔ (۲)

کیا ثمراتِ مذکورہ سے روزہ افطار کرنا تو اس میں داخل نہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

یہ بیع باطل ہے۔ (۳) جس پھل کے متعلق پختہ معلوم ہو کہ اس کی بیع باطل ہوئی ہے، اس کا کھانا جائز نہیں، نہ افطار میں نہ بغیر رمضان کے۔ حضرت تھانوی کے متعلق یقین ہے کہ وہ ایسا پھل نوش نہیں فرماتے تھے؛ مگر یہ بھی صحیح نہیں کہ وہ پھل بالکل ہی نوش نہیں فرماتے تھے۔ اگر کاشت کی زمین کو سال دو سال کے لیے اجارہ پر لے لیا جائے تو اس کی پیداوار درست ہے۔ (۴) بہت سے لوگ یہ معاملہ کرتے ہیں؛ اس لیے پھل کو کلیۃ ناجائز نہیں کہا جائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۷/۸/۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۱۲۱-۲۱۲)

---

(۱) سنن ابن ماجة، باب ما جاء في الغيبة والرفث للصائم، كتاب الصيام: ۱/۱۲۱، قديمي

(۲) فضائل اعمال، فصل اول، ص: ۶۶۰، کتب خانہ فیضی لاہور

(۳) قال ابن عابدين: ''قال في الفتح: لا خلاف في عدم جواز بيع الثمار قبل أن تظهر، ولا في عدم جوازه بعد الظهور قبل بدو الصلاح''. (رد المحتار، فصل فيما يدخل في البيع تبعا وما لا يدخل: ۴/۵۵۵، سعيد)

وفي التكملة: ''أن تباع الثمار قبل ظهورها، وهذا لم يقل أحد بجوازه، سواء جرى به التعامل أو لا''. (تكمله فتح الملهم: ۱/۳۹۳)

''عن زيد بن ثابت رضي الله تعالىٰ عنه قال: كان الناس... فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما كثرت عنده الخصومه في ذلك: ''فأما لا، فلا تبايعو حتىٰ يبدوا صلاح الثمر''. (إعلان السنن، كتاب البيوع، باب بيع الثمار قبل بدو الصلاح: ۱۴/۱۳۹)

(۴) حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''اس کے جائز ہونے کی صورت یہ ہے کہ اس معاملہ کو زمین کے اجارہ کے طور پر کیا جائے یعنی مثلاً پھلوں کی قیمت ایک ہزار روپے ہے تو آٹھ سو روپے پھلوں کی قیمت قرار دیں اور دو سو روپے میں زمین کو اجارہ پر دیدیں اور پھلوں کی جو آخری مدت ہے وہ اجارہ کے لیے متعین کی جائے تو اس طرح پھلوں کا درخت پر رکھنا جائز ہوگا''۔ (کفایت المفتی، کتاب البیوع، باب بیع باطل وفاسد: ۸/۳۴، دار الاشاعت)

## روزہ دار نے حقہ سے افطار کیا تو روزہ ہوا، یا نہیں:

سوال: جس شخص نے تمام دن روزہ رکھا اور بوقت اذان حقہ پی کر بے ہوش ہوگیا، اس کا روزہ جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

اس کا روزہ ہوگیا۔(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیو بند:۶/۴۹۸)

## مریض کے لیے دوا سے روزہ کا افطار کرنا کیسا ہے:

سوال: جو شخص مریض ہو وہ دوا سے رمضان شریف میں روزہ افطار کرسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب

وہ شخص دوا سے روزہ افطار کرے، اس میں کچھ حرج نہیں ہے۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیو بند:۶/۴۹۶)

## افطار میں اسراف:

سوال: دعوتِ افطار میں عموماً ان لوگوں کو ہی دعوت دی جاتی ہے، جو متمول اور دوسروں کو افطار و طعام کرانے کے لائق ہوتے ہیں، غریبوں محتاجوں کو نہیں، یہ رویہ کیسا ہے؟ دوسرے افطار میں جو اسراف نظر آتی ہیں، اس کے بارے میں شرعی نقطۂ نظر کیا ہے؟ (شہاب الدین دوگھروی، سویٹوالان، نئ دہلی)

الجواب

اسلام کا مزاج یہ ہے کہ ایسے مواقع پر غربا کو ضرور ہی یاد رکھا جائے، محض متمول لوگوں کو کھلانا اور تمول کی نمائش کرنا اور غریب مسلمانوں کو نظر انداز کردینا اخوت ایمانی کے خلاف ہے؛ اس لیے ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ولیمہ کو بدترین ولیمہ قرار دیا ہے، جس میں غریب بھائیوں کو نہ پوچھا جائے،(۲) اسراف کے مذموم ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ خود قرآن مجید نے ایک سے زیادہ مواقع پر اس سے منع فرمایا ہے،(۳) اس لیے افطار میں بھی اسراف مناسب نہیں، البتہ شریعت نے اعتدال اور اسراف کے لیے کوئی پیمانہ مقرر نہیں کیا ہے اور نہ ہی

---

(۱) اس لیے کہ روزہ صبح صادق سے غروب آفتاب تک روزے کی نیت کے ساتھ کھانا پینا اور جماع کے چھوڑ دینے کا نام ہے اور اس پر اس نے عمل کیا۔

(هو) لغة (إمساك عن المفطرات) الآتية (حقيقة أو حكماً) ... في وقت مخصوص) و هو اليوم ... مع النية المعهودة. (الدرالمختار) قوله (هو اليوم) أي اليوم الشرعي من طلوع الفجر الى الغروب. (ردالمحتار، كتاب الصوم: ۳/۳۳۰ـ۳۳۱، مكتبة زكريا، ديوبند)

(۲) سنن أبي داؤد، رقم الحديث: ٣٧٥٦. الجامع للترمذي، رقم الحديث: ٦٩٢

(۳) الأنعام: ١٤١، الأعراف: ٣١، الغافر: ٢٦، يونس: ١٢، ٨٣

ایسا کیا جانا ممکن ہے، اس لئے ہر زمانہ کے حالات سوسائٹی کے خورد ونوش کے معیار اور اس کے مروجہ طریقوں کو سامنے رکھ کر احتیاط کے ساتھ کسی چیز پر اسراف کا حکم لگانا چاہیے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۳۲-۴۳۳)

## ہندو کی چیز سے افطار کرنا کیسا ہے:

سوال: ایک ہندو مشرک ہر ماہ رمضان میں دودھ اور کھانڈ اور برف خرید کر مسلمانوں کے حوالہ کر دیتا ہے، اس سے روزہ افطار کرنے میں کچھ حرج تو نہیں ہے؟

الجواب

اس میں کچھ حرج نہیں ہے۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیو بند: ۶/۴۹۴)

## ہندو کے مال سے افطار جائز ہے:

سوال: ہندو کے مال سے روزہ افطار کرنا جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب

ہندو کے مال سے جب کہ اس نے اپنی خوشی سے دیا ہو، یا اس سے بقیمت خریدا ہو، روزہ افطار کرنا جائز ہے۔ (۱)

محمد کفایت اللہ (کفایت المفتی: ۴/۲۴۹)

## غیر مسلم کی بھیجی ہوئی افطاری سے افطار کرنا جائز ہے:

سوال: بموقع افطار روزہ اگر کوئی غیر مسلم کھجوری، امٹھائی وغیرہ روزہ داروں کے واسطے مسجد میں برائے افطاری بھیجے تو قبول کی جا سکتی ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: ۶۹۵، شیخ چراغ الدین پھگواڑہ، ۵/شوال ۱۳۵۴ھ، مطابق یکم جنوری ۱۹۳۶ء)

الجواب

غیر مسلم کی بھیجی ہوئی اشیا قبول کرنا اور ان اشیا کو افطار کے وقت استعمال کرنا جائز ہے۔ (۲) (کفایت المفتی: ۴/۲۴۷)

## رنڈی اور ہندو کی افطاری سے افطار کرنا کیسا ہے:

سوال (۱) کسی کی بھیجی ہوئی افطاری سے روزہ افطار کرنے کا کیا حکم ہے؟

(۲) کسی ہندو کی بھیجی ہوئی افطاری سے روزہ افطار کرنے کا کیا حکم ہے؟

---

(۱) ہندو کا دیا ہوا مال پاک ہے؛ اس لیے کوئی مضائقہ نہیں۔

(۲) پاک غذا ہے؛ اس لیے کوئی مضائقہ نہیں۔ فقط

الجواب

(۱) خلاف تقوی ہے گو از راہ فتوی بصورت عدم علم حرمت درست ہے۔(۱)

(۲) درست ہے۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیو بند: ۶/۴۹۶)

## غیر مسلم کی اور بینک کی دعوتِ افطار:

سوال: رمضان شریف میں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ غیر مسلم سیاسی قائدین، تجار، بینک وغیرہ افطار پارٹی کرتے ہیں، جس میں بعض علما بھی شریک ہوتے ہیں، ظاہر ہے کہ غیر مسلم سیاسی قائدین اور بینک کا پیسہ مشکوک ہے، افطار میں لگائے جانے والے پیسوں کے بارے میں یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ وہ حلال ہیں تو اس طرح کی افطار پارٹیوں میں شریک ہونا کہاں تک درست ہے؟ (احمد جابری، نظام آباد)

الجواب

دعوت غیر مسلم کی بھی قبول کی جاسکتی ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی غیر مسلموں کی دعوت اور ان کا تحفہ قبول کیا ہے،(۳) پھر یہ کہ غیر مسلم جب تک مسلمان نہ ہوجائے احکام شرعیہ کی تفصیلات کا مکلّف نہیں، تجارت اور حلال وحرام کے جو احکام ہیں، ایمان لانے کے بعد انسان اس کا مخاطب بنتا ہے، جب تک ایمان نہ لے آئے یہ احکام اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتے، اس لئے غیر مسلموں کی دعوت کے بارے میں ذریعۂ معاش کی تحقیق وتفتیش ضروری نہیں، ہاں کوئی ایسی چیز نہیں کھائی جاسکتی جو بذاتِ خود حرام ہو، اس کی حرمت محض ذریعۂ کسب کی وجہ سے نہ ہو، جیسے: مردار یا غیر مسلم کا ذبیحہ، البتہ جس مسلمان کا ذریعۂ آمدنی حرام ہو، اس کی دعوت قبول کرنے میں احتیاط ضروری ہے؛ کیوں کہ وہ مسلمان ہونے کے بعد تمام شرعی احکام کا مکلّف ہے۔

بینک والوں کی دعوت قبول کرنا درست نہیں؛ کیوں کہ ایک تو بینک کا ذریعۂ آمدنی یقیناً سود پر مبنی ہے اور سود کی حرمت وشناعت ظاہر ہے۔ دوسرے اس سے ایک ایسے ادارہ کا تعاون ہوتا ہے جو سود کا داعی اور نقیب ہے اور گناہ میں تعاون حرام ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۳۱-۴۳۲)

---

(۱) سئل الفقيه أبو جعفر عمن اكتسب ماله من أمراء السلطان وجمع المال من أخذ الغرامات المحرمات وغير ذلک هل يحل لمن عرف ذلک أن يأكل من طعامه،قال أحب إلى أن لا يأكل منه ويسعه حكماً أن يأكله إن كان ذلک الطعام لم يكن فى يدى المطعم غصباً أو رشوة آه.أى إن لم يكن عين الغصب أوالرشوة؛لأنه لم يملكه فهو نفس الحرام فلا يحل له ولا لغيره.(رد المحتار،باب زكاة الغنم،مطلب فى التصدق من المال الحرام: ۳۵/۲ ،ظفير)

(۲) پاک وحلال ہے؛ اس لیے کوئی مضائقہ نہیں۔ ظفیر

(۳) أن يهودية أتت النبي بشاة مسمومة فأكل منها،فجيئ بها فقيل: ألا نقتلها ؟ قال:لا،قال:فمازلت أعرفها في لهوات رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم"عن أنس بن مالک رضى الله عنه،( صحيح البخاري،كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها: ۳۵۰/۱،رقم الحديث: ۲۶۱۷ ، دارابن كثيربيروت،انيس)

## جس کی آمدنی مشکوک ہو، اس کی دعوتِ افطار:

سوال: رمضان المبارک میں ثواب کی نیت سے اکثر افطار، یا کھانے کی دعوت روزہ داروں کو دی جاتی ہے، بعض مرتبہ میزبان کی کمائی، یا تو دونمبر کی ہوتی ہے، یا کم سے کم مشکوک ہوتی ہے، اگر دعوت قبول نہ کی جائے تو دل شکنی اور کدورت کا اندیشہ ہے، ایسی صورت میں حکم شرعی کیا ہے؟ (سید صابر علی چشتی، ناندیڑ)

الجواب

اگر کسی مسلمان کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا ذریعۂ آمدنی حلال ہے، یا حرام؟ تو بحیثیتِ مسلمان اس کے بارے میں حسن ظن سے کام لیتے ہوئے دعوت قبول کرنی چاہیے، اگر اس کی آمدنی ناجائز ہو، یا آمدنی کا غالب حصہ ناجائز ہو، تو اس کی دعوت قبول کرنے سے پرہیز کرنا چاہئے اور اس کی تذلیل کے درپے ہوئے بغیر تنہائی میں اسے دعوت قبول نہ کرنے کی وجہ سمجھا دینی چاہیے؛ تاکہ اسے عبرت ہو، اگر وقتی طور پر اسے ناگوار بھی گزرے تو آئندہ ان شاء اللہ وہ آپ کی مجبوری کو سمجھنے پر مجبور ہوگا، اگر اس کی آمدنی کا غالب حصہ حرام و ناجائز ہو؛ لیکن جس پیسے سے دعوت کر رہا ہے، معلوم ہے کہ خاص وہ پیسہ حلال ذریعہ سے حاصل شدہ ہے تو اس دعوت میں ایسے لوگ شریک ہو سکتے ہیں جو ''مقتدیٰ'' کا درجہ نہ رکھتے ہوں، علما اور خواص کو ایسی دعوتوں سے بھی گریز کرنا چاہئے، فقہ کی کتابوں میں صراحت کے ساتھ یہ تفصیل موجود ہے۔(۱) البتہ بلاوجہ کسی مسلمان کے بارے میں بدگمانی بھی درست نہیں اور اگر درست طریقہ پر معلوم ہو تو اُلجھاؤ پیدا کئے بغیر تساہل بھی درست نہیں؛ تاکہ معاشرہ میں ایسے لوگوں کو عبرت ہو اور وہ اس سے بچنے کا اہتمام کریں۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۳۳-۴۳۴)

## افطار اور نماز میں غیر مسلم بھائیوں کی شرکت:

سوال: نماز افضل ترین عبادت ہے نہ کہ تماشہ؛ لیکن بارہا دیکھا گیا ہے کہ قومی یکجہتی کے شوق میں بعض وقت غیر مسلم حضرات کو چاہے وہ لیڈر رہوں، یا منسٹر، شریکِ نماز کر لیا جاتا ہے، خاص طور پر رمضان کی افطار پارٹیوں میں اکثر یہ تماشہ ہوتا رہتا ہے تو کیا یہ بے ادبی نہیں ہے؟ (میر یوسف علی، محبوب نگر)

الجواب

غیر مسلم بھائیوں کو افطار کی دعوت دینے میں کوئی حرج نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر مسلموں کو مدعو کیا ہے،(۲) اور خود بھی ان کی دعوت قبول فرمائی ہے،(۳) ان سے یہ تقاضا کرنا کہ وہ نماز میں شریک ہوں، نادرست بھی

(۱) الفتاوی الهندیة، کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات: ۵/۴۲۰

(۲) الصحیح لمسلم، کتاب الأشربة، باب اکرام الضیف وفضل إیثاره، رقم الحدیث: ۵۳۶۴، نیز دیکھئے: جمع الفوائد: ۱/۲۹۴، الدر المنثور في التفسیر المأثور: ۵/۱۸۱)

(۳) صحیح البخاري، کتاب الزکاة: ۱/۳۶۰، رقم الحدیث: ۱۴۸۱، باب خرص التمر، رقم: ۲۶۱۶، ۲۶۱۷

ہے اور نا معقول بھی؛ لیکن اگر کوئی غیر مسلم بطور خود مسلمانوں کے ساتھ نماز میں شریک ہوجائے تو اسے شرکت سے روکنا اسلامی اخلاق کے مغائر بھی ہے اور اس سے اس کے دل میں اسلام اور مسلمانوں کے تئیں نفرت بھی پیدا ہوسکتی ہے؛ اس لیے اس سے روکنا نہیں چاہیے؛ بلکہ دعا کرنی چاہیے کہ "**إهدنا الصراط المستقيم**" کی دعا اس کے حق میں مقبول ہوجائے، **وما ذلک علی الله بعزيز**" اس کی وجہ سے دوسرے نمازیوں کی نماز میں کوئی خرابی پیدا نہیں ہوتی۔ رسول اللہ کے ساتھ منافقین نماز پڑھا کرتے تھے، یہ مسلمان نہیں تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے نفاق سے اچھی طرح واقف بھی تھے، پھر بھی آپ نے کبھی ان کو اس سے منع نہیں فرمایا، (۱) چنانچہ ان میں سے بہت لوگ بتدریج دامن اسلام میں آ گئے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۴۳۹/۳-۴۴۰)

## افطار کے مسجد میں بھیجے گئے کھانے پر کس کا حق ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین بیچ اس سوال کے: کہ زید نے ماہ رمضان شریف میں کھانا، یا مٹھائی واسطے افطاری روزہ داروں کے مسجد میں بھیجا، کہ کل روزہ دار کھاویں، زید کو ثواب ہو، پس عمرؔ مع دو چار ہمراہیوں کے وہ کھانا، یا مٹھائی، بے اجازت کل روزہ داروں کے، ایک مسکین بکر کو دے دیتا ہے، اس صورت میں کل روزہ داروں کو رنج ہوتا ہے اور کہتے ہیں کہ تو اپنے حصہ میں سے بکر مسکین کو دیدے اور ہمارا حصہ ہمیں دے، پس عمر زبردستی سے بکر مسکین کو دیدیتا ہے، یہ جائز ہے، یا نہیں؟ زید کو بھی نہایت رنج ہوتا ہے کہ میں مسجد میں کل روزہ داروں کے لیے بھیجتا ہوں، خاص عمرو بکر کے واسطے نہیں بھیجتا۔ اگر عمر کھانا، یا مٹھائی، پھر بکر مسکین کو دے گا تو میں پھر مسجد میں نہیں بھیجوں گا۔

**الجواب**

زید مسجد میں بھیجنے والے کے خلاف کسی کو دینا نہیں چاہیے کہ مالک کی رضا واجازت کے خلاف تصرف کرنا حلال نہیں؛ بلکہ حرام ہے، جس طرح مالک کی مرضی ہو، اُسی طرح حلال ہے، ورنہ جائز ہرگز نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ الاحقر رشید احمد گنگوہی عفی عنہ (ضمیمہ فیوض رشیدیہ، ص: ۴، ۵) (باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ، ص: ۲۱۰)

## جماع کے ذریعے افطار کرنا:

سوال: کیا کوئی ایسی حدیث ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ صحابہ کرامؓ نے رمضان شریف کا روزہ جماع سے افطار کیا ہو اور نماز مغرب میں تاخیر ہوگئی ہو۔

(**المستفتی**: ۱۰۴۱، مولوی عبدالقدوس امام، ترکمان دروازہ، دہلی، ۱۶/ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ، ۷/جولائی ۱۹۳۶ء)

**الجواب**

ایسی حدیث خیال میں نہیں۔ فقط

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۲۴۸/۴)

(۱) الدر المنثور في التفسير بالمأثور: ۶۸۲/۶، ذيل سورة الماعون

## مسجد میں افطار کرنا جائز ہے، یا نہیں:

سوال: مسجد میں روزہ افطار کرنا اس خیال سے کہ اگر افطار کر کے مسجد میں گئے تو جماعت کا کچھ حصّہ نہیں ملے گا، افطار سے مطلب یہ ہے کہ افطاری میں کھانا وغیرہ اچھی طرح سے کھالیا جاوے، ورنہ یہ ممکن ہے کہ اگر ایک گھونٹ پانی یا صرف چھوارا وغیرہ کھا کر چلے تو اوّل رکعت میں بخوبی شامل ہوسکتا ہے، اور مسجد والوں سے یہ دشوار ہے کہ وہ اذان و تکبیر میں اس قدر وقفہ کریں کہ گھر کے افطار کرنے والے جماعت کی اوّل رکعت میں شامل ہو جاویں، تو ایسی صورت میں مسجد میں افطار کرنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ایسی حالت میں افطار مسجد میں کیا جائے؛ مگر مسجد کی حد کے اندر نہ کھائیں؛ بلکہ باہر کھائیں اور باہر کوئی جگہ مناسب نہ ہو تو مسجد ہی میں کھالیں اور کھانے سے کچھ دیر پہلے اعتکاف کی نیت کر کے مسجد میں آجایا کریں، امام محمدؒ کے نزدیک اعتکاف قدرِ قلیل زمان کا بھی صحیح ہے۔

**قال فی الدّر المختار: وکرہ أکل ونوم إلا لمعتکف، إلخ.**

**قال الشامی: فی (قوله أکل ونوم، إلخ): وإذا أراد ذلک ینبغی أن ینوی الاعتکاف فیدخل ویذکر اللّٰه تعالٰی بقدر ما نوٰی أو یصلیّ ثم یفعل ماشاء. (۱) واللّٰه أعلم**

غرّہ رمضان ۱۳۴۵ھ (امداد الاحکام: ۱۰۳/۳)

## مسجد میں افطار کا حکم:

سوال: رمضان شریف میں اہل محلّہ کا بخوف ترکِ جماعت نمازِ مغرب مسجد محلّہ میں جمع ہو کر شربت وغیرہ قلیل اشیاء سے روزہ افطار کرنا بلا کراہت جائز ہوگا، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

مسجد میں اکل وشرب مکروہ ہے، مگر ضرورت کے وقت بلا کراہت جائز ہے، ''**کالمسافر یباح له النوم فیه**'' اور ترک جماعت کا اندیشہ بھی عذر ہے؛ اس لیے اگر مسجد سے باہر کوئی جگہ ایسی نہ ہو جہاں افطار کر سکیں تو مسجد ہی میں افطار کر لینا جائز ہے، بشرطیکہ مسجد کو ملوث نہ کیا جائے،

**قال علی القاری فی وجه تأخیر عمر وعثمان الافطار عن الصلوٰۃ أنهما کانا فی المسجد وکانا**

---

(۱) ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة وما یکرہ فیها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۴۳۵/۲، دار عالم الکتب الریاض / الفتاویٰ الهندیة، کتاب الکراهیة، باب آداب المسجد والقبلة والمصحف: ۳۹۶/۵، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس

**غیر معتکفین ورأیا الأکل والشرب لغیر المعتکف مکروهین (فی المسجد) لکن إطلاق أحادیث التعجیل ظاهر فی استثناء حال الإفطار.** (۵۱۳/۲)(۱)

کوئی کپڑا وغیرہ ایسا بچھالیا جائے جس سے مسجد کی حفاظت رہے، اور بہتر یہ ہے کہ اس وقت افطار سے کچھ پہلے اعتکاف کی نیت کرکے مسجد میں داخل ہو اور امام محمدؒ کے نزدیک اعتکاف ساعت بھی درست ہے، **وبه یفتی**، پھر یہ کراہت کلیہ مرتفع ہوجاوے گی۔ واللہ اعلم

۱۷/رمضان ۱۳۴۵ھ (امدادالاحکام: ۱۰۳/۳-۱۰۴)

## مسجد میں افطار:

سوال: شہر کی بہت سی مسجدوں میں افطار کا نظم ہے، لوگ مسجد میں افطار کرتے ہیں اور مختصر افطار کے ساتھ ہی مغرب کی نماز ادا کی جاتی ہے، کیا یہ بات آداب مسجد کے خلاف نہیں ہے؟ (احمد حسن، نظام آباد)

**الجواب**

افطار میں عجلت مسنون ہے اور نماز مغرب میں بھی عجلت کا حکم دیا گیا ہے؛ اسی لیے مغرب کی اذان اور جماعت میں زیادہ فصل رکھنا مناسب نہیں، لہٰذا جماعت پانے کی غرض سے مسجد میں افطار کرلینے کی گنجائش ہے، البتہ دو باتوں کی رعایت کی جائے:

اول یہ کہ مسجد میں داخل ہوتے ہوئے اعتکاف کی نیت کرلی جائے؛ کیوں کہ اعتکاف نفل امام محمدؒ کے قول پر تھوڑی دیر کا بھی ہوسکتا ہے اور معتکف کے لیے مسجد میں کھانے کی بالاتفاق اجازت ہے۔

دوسرے مسجد کو آلودگی سے بچایا جائے، مثلاً چادر وغیرہ بچھالی جائے۔

مولانا ظفر احمد عثمانی نے ملا علی قاریؒ کی ''مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح'' (۲) کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ مسجد میں کھانے پینے کی کراہت سے افطار کی صورت مستثنیٰ ہے۔

اس سے مزید گنجائش معلوم ہوتی ہے۔ (امدادالاحکام: ۱۰۳/۳)

## مسجد میں افطار کا رواج:

سوال: آج کل بڑے شہروں میں مسجدوں میں افطار کا رواج ہے، کیا یہ عمل مناسب ہے؟

(عبدالمجید، سعید آباد)

---

(۱-۲) **مرقاة المفاتیح، کتاب الصوم، باب فی مسائل متفرقة من الصوم: ۴۲۴/۴، رقم الحدیث: ۱۹۹۱، دار الکتب العلمیة بیروت، انیس**

الجواب

مسجد عبادت اور ذکر کی جگہ ہے، کھانا پینا اور سونا عام حالات میں مسجد کے اندر کراہت سے خالی نہیں ہے؛ اس لیے جو لوگ مسجد کے قریب ہوں اور افطار کر کے بسہولت جماعت میں شریک ہو سکتے ہوں، ان کے لیے بہتر طریقہ یہی ہے کہ گھر میں افطار کریں اور مسجد میں آ کر نماز پڑھیں؛ تاہم چوں کہ افطار بھی ایک طرح کی عبادت ہے اور مسجد میں افطار کرنے کی ایک مصلحت یہ ہے کہ مغرب کی جماعت فوت نہیں ہوتی؛ اس لیے مسجد میں بھی افطار کرنے کی گنجائش ہے، البتہ دو باتوں کا لحاظ رکھیں:

مسجد میں داخل ہوتے ہوئے اعتکاف نفل کی نیت کر لیں؛ کیوں کہ معتکف مسجد میں خورد ونوش کر سکتا ہے۔

دوسرے مسجد کو آلودگی سے بچانے کا پورا اہتمام کریں۔

اور اس کی صورت یہ ہے کہ افطار مختصر ہو اور کوئی کپڑا اچھا کر اس پر افطار کا نظم کر لیا جائے؛ تا کہ مسجد کے اندر آلودہ ہونے کا کوئی خطرہ نہ رہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۳/۴۲۹-۴۳۱)

## افطار کے وقت اجتماعی دعا کرنا:

حضرت شیخ الحدیث صاحب اپنی کتاب فضائل رمضان، ص: ۲۰ پر لکھتے ہیں کہ:

"بعض روایات میں آتا ہے کہ افطار کے وقت دعا قبول ہوتی ہے"۔

اس وقت کی بعض دعاء مخصوص لکھنے کے بعد لکھتے ہیں کہ:

"کسی دعا کی تخصیص نہیں، اجابتِ دعا کا وقت ہے، اپنی اپنی ضرورت کے لیے دعا فرمائیں، یاد آ جائے تو اس سیاہ کار کو بھی شامل فرمالیں کہ سائل ہوں اور سائل کا حق ہوتا ہے"۔(۱)

اب یہاں پر سوال یہ ہے کہ ہم لوگ پورے گاؤں کے ۶۰، ۷۰/ آدمی ہیں، جو ایک ساتھ جمع ہو کر مسجد میں ایک دستر خوان پر روزہ افطار کرتے تھے، اکثریت جاہلوں کی ہے، جن کو صحیح طریقہ پر آدابِ رمضان بھی نہیں معلوم ہیں، روزہ افطار کی دعا بھی سوائے دو چار آدمی کے کسی کو نہیں معلوم ہے اور سب اپنا اپنا افطار لے کر ٹھیک افطار کے وقت مسجد میں پہنچتے تھے۔ اسی حالت میں امام صاحب نے یہ سمجھتے ہوئے کہ ایسا متبرک وقت دعا کی مقبولیت کا ضائع ہو جائے، عوام سے یہ کہہ کر کہ بھائی یہ وقت بہت متبرک ہے، دعا کر لو اور دستر خوان بچھا ہوا ہے۔ امام صاحب نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھایا اور دل ہی دل میں دعا مانگا اور عوام نے بھی آمین کہا، اس کے بعد روزہ افطار کیا۔ امام صاحب نے محض اس خیال سے ایسا کیا تا کہ عوام کے ذہن نشین ہو جائے کہ اس وقت دعا مانگنے کی بڑی فضیلت ہے، لہٰذا تفصیل سے جواب دیا جائے کہ ایسا کرنا جائز ہے، یا ناجائز؟

---

(۱)　فضائل اعمال، ص: ۶۵۴، کتب خانہ فیضی، لاہور

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

مسئلہ بتلانے کے لیے امام صاحب نے دعا کرادی ٹھیک کیا ہے؛ مگر اجتماعی حیثیت سے اس دعا کی پابندی نہ کریں؛ بلکہ وقتاً فوقتاً ان کو متنبہ کرتے رہا کریں کہ اس وقت دعا قبول ہوتی ہے، ہر شخص اپنی اپنی حاجت کے لیے دعا مانگ لے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۱۳)

## افطار کے وقت اجتماعی دعا:

سوال: جامع مسجد قاضی پیٹھ کے مصلیان میں اس بات پر دو گروپ ہوگیا کہ افطار سے پہلے کس طرح دعا کی جائے، ایک گروہ اجتماعی دعا کرنا چاہتا تھا اور ایک گروہ انفرادی دعا کو ترجیح دیتا تھا۔

اس سلسلے میں حکم شرعی کی رہنمائی کیجیے؟ (اقبال احمد صوفی، قاضی پیٹھ)

الجوابــــــــــــــــــــــــــــــــ

دعا اصل میں انفرادی عمل ہے، یہ خدا اور بندے کے درمیان راز ونیاز اور سرگوشی کا درجہ رکھتی ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز خدا سے مانگنے کا حکم دیا ہے اور ظاہر ہے کہ ہر ایک کی ضرورتیں الگ ہوتی ہیں، بعض ایسی بھی ضرورتیں ہوتی ہیں، جن کا بندہ اپنے مالک کے سامنے ذکر کرتا ہے، وہ کسی اور کے سامنے ان کا ذکر نہیں کرسکتا؛ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا عام معمول انفرادی دعا کا تھا، خاص خاص مواقع پر اجتماعی دعا کی جاتی تھی، جیسے قنوت نازلہ، بارش کے لیے دعاء استسقا، یا مسلمان کسی خاص آزمائش سے گزر رہے ہوں تو ان کے لیے دعا؛ اس لیے اگر افطار سے پہلے معمول بنائے اور لازم سمجھے بغیر کبھی کبھی اجتماعی دعا کرلی جائے تو اس کی گنجائش ہے؛ لیکن اس کو روزانہ کا معمول نہ بنایا جائے اور اس پر اصرار نہ کیا جائے اور اسے ضروری نہ سمجھا جائے،(۲) اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایسے مسائل پر باہم نزاع پیدا نہ ہونے دی جائے، دعا اجتماعی ہو، یا انفرادی، زیادہ سے زیادہ مستحب ہے اور اختلاف وانتشار سے بچنا واجب ہے۔ وباللہ التوفیق (کتاب الفتاویٰ:۳/۴۲۹)

## افطار کے وقت اجتماعی دعا ثابت نہیں ہے:

سوال: بعض لوگ ماہِ رمضان المبارک میں افطار سے قبل ایک جگہ مسجد میں جمع ہوتے ہیں اور ان میں سے ایک

---

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ثلاثة لا ترد دعوتهم: الصائم حتى يفطر... إلخ". (سنن ابن ماجه، كتاب الصيام، باب في الصائم لا ترد دعوته: ١٢٦/١، مير محمد كتب خانه كراتشي)

(۲) قال الطيبي: وفيه أن من أصر على أمر مندوب وجعله عزما ولم يعمل بالرخصة وقد أصاب منه الشيطان من الإضلال فكيف من أصر على بدعة أو منكر؟ (مرقاة المفاتيح، باب الدعاء في التشهد: ٧٥٥/٢، دار الفكر بيروت، انيس)

روزہ دار دعا کراتا ہے اور سب لوگ آمین کہتے ہیں۔ کیا یہ طریقہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم، یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں رائج تھا، یا بعد کے بزرگوں نے رائج کیا؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

یہ طریقہ ایسے وقت اس طرح اجتماعی دعا کی جائے، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور فقہائے مجتہدین سے ثابت نہیں، اگر امام صاحب تعلیم کے لیے ایک دو دفعہ دعا کرا دیں، پھر روزہ دار اپنی جداگانہ دعا کرلیا کریں تو بہتر ہے اور اس اجتماعی دعا کو ترک کیا جائے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۵/۱۳۹۰ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۱۳)

☆ ☆ ☆

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب سے انفرادی طور پر دعا کرنا ثابت ہے، وہ کیا جاسکتا ہے اور انفرادی دعا کا اہتمام بھی کرنا چاہیے، یہ دعا کی قبولیت کا وقت ہے۔ انیس

# حج کے فضائل ومسائل

## یوم جمعہ اگر عرفہ کے دن پڑے، تو کیا یہ ستر حج سے افضل ہے:

سوال: یوم عرفہ اگر جمعہ کے دن واقع ہوتو وہ ستر حج سے افضل ہے (جو غیر جمعہ میں ہو)، یا نہیں؟

چناں چہ البحر الرائق میں ہے:

**وقد قيل: إذا وافق يوم عرفة يوم جمعة غفر لكل أهل الوقف وأنه أفضل من سبعين حجة، كما ورد في الحديث الشريف، انتهى.** (۱)

لیکن صاحب ردالمحتار لکھتے ہیں:

**ولكن نقل المناوى عن بعض الحفاظ أن هٰذا حديث باطل لا أصل له، انتهٰى.** (۲)

آیا یہ روایت واقعی باطل ہے، ایک روایت ابو ہریرہؓ سے حافظ سخاوی نے کتب افضائل اعمال میں نقل کی ہے:

**عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم: أن الله عزوجل خلق الأيام، واختارمنها يوم الجمعة، فكل عمل يعمله الآن يوم الجمعة يكتب له سبعين حسنة.** (الحديث) (۳)

یہ حدیث صحیح ہے، یا نہیں؟

**الجواب**

صاحب درمختار نے اسی کو اختیار فرمایا ہے کہ جمعہ کے روز اگر وقوف عرفہ ہوتو وہ حج ستر حج سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے، جو کہ غیر جمعہ میں ہو اور یہ مسئلہ مسلمہ ہے کہ فضائل اعمال میں حدیث ضعیف پر بھی عمل ہوسکتا ہے، **كما فى الدر المختار عن الرملى: فيعمل به فى فضائل الأعمال وإن أنكره النووى.** (۳)

---

(۱) البحر الرائق، كتاب الحج، باب الاحرام: ۵۹۶/۲، مكتبة دار الكتب العلمية بيروت، انيس

(۲) اس حدیث کی تخریج رزین بن معاویہ نے مرفوعاً کی ہے؛ لیکن انہوں نے صحابی کا ذکر نہیں کیا ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ رزین بن معاویہ نے اس روایت کو نقل کیا ہے؛ لیکن مجھے اس روایت کی صحت کے بارے مین کچھ علم نہیں؛ کیوں کہ لأنه لم يذكر صحابيه لا من خرجه. (فتح البارى: ۲۰۴/۸) علامہ ابن قیم جوزی نے بھی اس روایت کو باطل قرار دیا ہے، (زاد المعاد: ۱۷/۱) اسی طرح علامہ سخاوی اور ماضی قریب کے محدث علامہ البانی نے بھی اس روایت کو باطل کہا ہے۔ (السلسلة الضعيفة، رقم: ۱۱۹۳، فیض القدیر: ۲۸/۲، انیس)

(۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار، كتاب الطهارة، عند باب وضو مطلب فى بيان إرتقاء الحديث الضعيف إلى مرتبة الحسن: ۲۰۲/۱، مكتبة زكريا ديوبند، انيس

بہر حال جمعہ کے وقوف کو فضیلت ضرور ہے، پس اگر سبعین حجۃ کی روایت میں ضعف بھی ہو تو اصل فضیلت کے منافی نہیں ہے اور ایسے امور میں قطعی حکم نہیں دیا جاتا اور نہ اس کی ضرورت ہے اور حافظ سخاویؒ نے جو حدیث فضائل اعمال مین اس مضمون کی نقل کی ہے، وہ اگر صحیح ہو تو مطلب حاصل ہے اور اگر ضعیف بھی ہو تو کچھ قدح نہیں ہے، **کمامر عن قبوله فی فضائل الأعمال والله عنه أعلم الكتاب وهو أعلم بالصواب.** فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۵۴۳/۶-۵۴۴)

## حج اکبر:

سوال: **قال الله تعالیٰ: ﴿وأذان من الله ورسوله إلى الناس يوم الحج الأكبر،أن الله برئ من المشركين ورسوله﴾**(سورة التوبة:۳)

اس آیت کریمہ میں حجِ اکبر سے کیا مراد ہے؟ کیا اس میں اقوال مختلف ہیں قول راجح کیا ہے؟ یوم عرفہ، وجمعہ کو حج اکبر کا سمجھنا کیا کسی امام فن کا قول ہے، یا محض شیخ اکبر کا قول؟

**الجواب ———————— حامداً ومصلیاً**

"**يوم الحج الأكبر**" کی تعین میں مفسرین کے دو قول ہیں: ایک یہ کہ اس سے یومِ عرفہ مراد ہے، دوسرا قول ہے کہ اس سے یوم النحر مراد ہے۔ (کمافی الاکلیل:۳۳۴/۳)(۱)

حافظ عماد نے اپنی تفسیر میں سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے:

"**قال: يوم الحج الأكبر اليوم الثاني من يوم النحر**". (۲)

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ:

"**يوم الحج الأكبر أيام الحج كلها**". (تفسیر ابن کثیر: ۳۳۵/۲)(۳)

حافظ ابوبکر جصاص رازی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ سے نقل کیا ہے:

"**العمرة الحج الصغریٰ**". (أحكام القرآن: ۹۹/۳)("**يوم الحج الأكبر) لما كان يوم عرفة أو يوم النحر،وكان الحج الأصغر العمرة،وجب أن يكون أيام الحج غير أيام العمرة،فلا تفعل العمرة في أيام الحج ... (الحج عرفة) وهٰذا يدل علىٰ أن يوم الحج الأكبر هو يوم عرفة،و يحتمل أن يكون**

---

(۱) الاکلیل دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے ردالمحتار کا حوالہ نقل کیا جاتا ہے: "قال العلامة نوح في رسالته المصنفة في تحقيق الحج الأكبر: قيل: أنه الذي حج فيه رسول الله صلى الله عليه و سلم وهو المشهور،وقيل: يوم عرفة جمعة أو غيرها، وإليه ذهب ابن عباس وابن عمر وابن الزبير وغيرهم رضي الله تعالىٰ عنهم أجمعين،وقيل: يوم النحر،وإليه ذهب ابن علي وابن أبي أوفى والمغيرة بن شعبة رضي الله تعالىٰ عنهم أجمعين. وقيل: أنه أيام منىٰ كلها،وهو قول مجاهد، وسفيان الثوري،إلخ". (رد المحتار،باب الهدي،مطلب في الحج الأكبر: ۶۲۲/۲،سعيد)

(۲) تفسير ابن أبي حاتم،الوجه الثالث من فسره على أنه اليوم الثاني....: ۱۷۴۸/۶،مكتبة نزار مصطفى البار،انيس

(۳) تفسير ابن كثير،سورة التوبة: ۳۳۵/۲،سهيل اادمي لاهور، دیکھئے: عمدة القاري: ۸۲/۹

یوم النحر؛لأن فیه تمام قضاء المنسک والتفث،ویحتمل أیام منی علٰی ماروی عن مجاهد، وخصه بالأکبر؛لأنه مخصوص بفعل الحج فیه دون العمرة، الخ".(۱)

جس کا حاصل یہ ہے کہ "الأکبر" کی قید احترازعن العمرۃ کے لیے ہے؛اسی لیے ایام حج میں عمرہ منع ہے۔جس دن پر قرآن پاک میں "یوم الحج الأکبر" کا اطلاق کیا گیا ہے،مفسرین کی بڑی جماعت اس کے قائل ہے کہ وہ جمعہ کا دن تھا؛مگر اس کا یہ مطلب کہ ہر وہ حج جو جمعہ کے روز ہو،وہ حجِ اکبر ہے،جیسا کہ مشہور ہے، میں نے ائمہ مجتہدین کے اقوال میں نہیں پایا،البتہ جو حج جمعہ کے روز ہو،اس کی فضیلت کسی اور دن کے حج پر ستر۷۰/درجہ ہے،اس کی تصریح طحطاوی،ص:۴۹۳،زیلعی:۲۶/۲ اور اوجز،ص:۲۲۷(۲)وغیرہ میں مذکور ہے،عوام جمعہ کے روز والے حج کو حجِ اکبر کہتے ہیں،العرف الشذی،ص:۳۴۰(۳)میں اس کی تردید موجود ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ(فتاویٰ محمودیہ:۲۹۴/۱۰-۲۹۵)

## حجِ مبرور اور مقبول میں فرق:

سوال: حجِ مبرور اور حجِ مقبول میں کیا فرق ہے؟اور حجِ نفل مقبول،یا مبرور ہوسکتا ہے؟

الجواب ________________ حامداً ومصلیاً

مقبول ومبرور کے درمیان عموم وخصوص من وجہ کی نسبت ہے،مبرور وہ ہے کہ جس حج میں کوئی ایسی جنایت نہ کی، جس سے دم،یا کفارہ لازم آئے،(۴)مقبول وہ جسے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے،(۵)کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جنایت کے

---

(۱) أحکام القرآن للجصاص، سورة البراءة: ۱۲۰/۳،قدیمی

(۲) وأفضل الأیام یوم عرفة إذا وافق جمعة (وهو أفضل من سبعین حجة فی غیر حجة،إلخ.(حاشیة الطحطاوی علٰی مراقی الفلاح،فصل:العمرة سنة،ص:۷۴۰،قدیمی)

عن طلحة بن عبید اللّٰه أنه علیه الصلاة والسلام قال:"أفضل الأیام یوم عرفة إذا وافق یوم جمعة،وهو أفضل من سبعین حجة فی غیر جمعة.(تبیین الحقائق،باب الاحرام:۲۹۲/۲،دار الکتب العلمیة،بیروت)

"وأفضل الأیام یوم عرفة وافق یوم جمعة،وهو أفضل من سبعین حجة فی غیر یوم الجمعه".(أوجز المسالک، باب حج یوم الجمعة هل له مزیة:۷۲۷/۳،المکتبة الیحیویة سهارنفور (یوبی الهند)

(۳) الحج الأکبر فی عرف الحدیث هو الحج،وأما الحج الأصغر فالعمرة،لاما هو متعارف فی عامة الناس من أن الحج الأکبر یکون یوم عرفة فیه یوم الجمعة.(العرف الشذی علٰی جامع الترمذی:۱۸۹/۱،سعید)

(۴) وهو (أی الحج المبرور) ما لا جنایة فیه.(فیض الباری،باب فضل الحج المبرور:۶۲/۳ ،خصر راه بکدفو دیوبند الهند)

فعلٰی هٰذا یخرج الحج من أین یکون مبروراً بارتکاب الجنایة عمداً مرةً بعد أخرٰی وإن کفر عنها صاحبها ... و من فعل شیئًا مما یحکم بتحریمه،فقد أخرج حجه أن یکون مبروراً.(منحة الخالق علی البحر الرائق،باب الجنایات:۲۳/۳،دار الکتب العلمیة بیروت)

(۵) والقبول المترتب علیه الثواب یبتنی علٰی أشیاء:کحل المال والاخلاص کما لو صلٰی مرائیاً أو صام واغتاب، فإن الفعل صحیح لکنه بلا ثواب.(ردالمحتار،مطلب فیمن حج بمال حرام:۴۵۶/۲،سعید)

باوجود قبول ہوجائے تو وہ مقبول ہے، مبرور نہیں ہے، کبھی جنایت سے پاک وصاف ہونے کے باوجود قبول نہیں ہوتا ہے، مثلاً جائز روپیہ سے حج کیا تو وہ مبرور ہے، مقبول نہیں۔(۱) مقبول ومبرور کا جمع ہونا ظاہر ہے، کبھی ایک دوسرے کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱۰/۱۳۹۴ھ۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۹۶-۲۹۷)

## حج مقبول کی علامات:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان وشرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ کیا حاجی کے حج قبول ہونے کی علامتوں میں سے یہ ہے کہ وہ حج سے فراغت کے بعد گناہوں کے کام چھوڑ دے، مثلاً داڑھی رکھ لے، معاملات صحیح ہوجائیں؟

**باسمه سبحانه وتعالیٰ، الجواب ـــــــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

یقیناً حج مقبول کی علامت یہی ہے کہ آدمی سابقہ گناہوں کو بالکل ترک کردے اور حج کے ذریعہ سے اس کی زندگی میں خوش گوار دینی انقلاب آجائے، جو شخص اس معاملہ میں کوتاہی کرتا ہو اور حج کے بعد بھی گناہون پر جمارہتا ہو، وہ بلاشبہ حج مقبول کی ایک علامت سے محروم سمجھا جائے گا؛ تاہم ان معاصی کی وجہ سے یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس کا حج ادا نہیں ہوا، ادا ہونا الگ بات ہے اور مقبول ہونا الگ بات ہے۔

**قيل: هو المقبول، ومن علامات القبول أنه إذا رجع يكون حاله خيراً من الحال الذى قبله.** (عمدة القارى: ۱/۱۸۸، فتح البارى: ۱/۹۹)

---

(۱) ولذا قال فى البحر: ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنه لايقبل بالنفقة الحرام، كما ورد فى الحديث. (أشارالى الحديث الذى روى عن أبى هريرة رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه و سلم إذا خرج الخارج جاجاً بنفقة طيبة، ووضع رجله فى الغرز ونادىٰ لبيك اللّٰهم لبيك ناداه مناد من السماء: لبيک وسعديک، زادک حلال وراحلتک حلال وحجک مبرور غير ماذور، وإذا خرج بالنفقة الخبيثة فوضع رجله فى الغرز فتاوىٰ لبيک ناداه مناد من السماء لالبيک ولا سعديک، زادک حرام ونفقتک حرام وحجک غير مبرور. (رواه الطبرانى فى الأوسط، وفيه سليمان بن داؤد اليمانى وهو ضعيف. (مجمع الزوائد ويتبع الفوائد: ۱/۲۹۲)

مع أنه يسقط الفرض عنه معها، ولاتنافى بين سقوطه وعدم قبوله، فلا يثاب لعدم القبول. (ردالمحتار، مطلب فيمن حج بمال حرام: ۳/۴۵۳)

ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنه لا يقبل الحج بالنفقة الحرام مع أنه يسقط الفرض معها. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب المناسک، الباب الأول: ۱/۲۲۰، رشيدية)

(۲) المبرور المقبول، وقال غيره: الذى لايخالطه شيء من الإثم، وقال القرطبى: الأقوال التى ذكرت فى تفسيريه متقاربة المعنى". باب فضل الحج المبرور: ۳/۳۸۲، دارالمعرفة بيروت)

والقبول المترتب عليه الثواب يبتنى علىٰ أشياء: كحل المال والإخلاص كما لو صلىٰ مرائيا أو صام واعتاب،فإن الفعل صحيح لكنه بلا ثواب. (ردالمحتار،الحج،مطلب:فيمن حد بمال حرام:۳/٤٥٣،زكريا:٢/٤٥٦،كراچی)

وإذا حج الإنسان ولم يتب خشى عليه عدم القبول. (البحرالعميق: ١/٤٢٤،مؤسة الريان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ،۲۱/۴/۱۴۲۳ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۷۵/۷)

## حج سے گناہ کی معافی:

سوال: جس پر حج واجب ہو چکا اور اس نے حج کیا تو حدیث شریف کے لحاظ سے اس کے لیے شفاعت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر واجب ہو جاتی ہے اور اس کے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں، جیسے کہ ماں کے پیٹ سے دوبارہ پیدا ہو، حج کے بعد جو کچھ گناہ بقیہ عمر میں ہوتے ہیں تو مرنے کے بعد اسی سے باز پرس؛ یعنی حساب وکتاب پیدائش سے موت تک کا ہوگا، یا حج کے بعد سے تا موت جتنے گناہ کے محض اس کی سزا بھگتنی ہوگی اور پیشتر کیے گناہ بوجۂ حج کے معاف ہو جائیں گے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلياً

جن گناہوں کے معافی کی بشارت حج کرنے پر دی گئی ہے، حج کرنے سے ان کی باز پرس نہیں ہوگی؛ کیوں کہ وہ معاف ہو چکے ہیں اور بعد حج جو گناہ کئے ہیں، ان کی معافی گزشتہ حج سے کسی حدیث میں مذکور نہیں، لہٰذا اگر توبہ نہیں کی تو ان کی باز پرس ہوگی۔ (۱)

”وأما قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ”من قضى نسكه، وسلم من لسانه ويده، غفرله ما تقدم من ذنبه“. (مناسک الملا علی القاری)(۲)

”وعنه صلى الله عليه وسلم أنه قال لعمروبن العاص: ”أماعلمت أن الإسلام يهدم ما قبله، وأن الهجرة تهدم ما قبلها، وأن الحج يهدم ما قبله“. (إرشاد الساری إلىٰ مناسک الملاعلی القاری)(۳)

(۱) قال القاضى عياض: أجمع أهل السنة أن الكبائر لايكفرها إلاالتوبة، ولا قائل بسقوط الدين، ولو حقاً لله تعالىٰ كدين الصلاة والزكاة، فالحج يغفرالذنوب ويزيل الخطايا، إلاحقوق الآدميين، فإنها تتعلق بالذمة، حتىٰ يجمع الله أصحاب الحقوق، ليأخذ كل حقه. (الفقه الإسلامي وأدلته، وهل الحج أفصل من الجهاد: ٣/١٢، مكتبة حقانية)

(۲) باب المتفرقات، ص: ۴۸۷، إدارة القرآن، كراچی

یہ روایت حضرت جابر ان الفاظ میں مروی ہے: من قضىٰ نسكه وسلم المسلمون من لسانه ويده غفرله بالتقدم من دينه، لیکن اس میں ایک راوی موسیٰ بن عبیدہ جو ضعیف ہیں۔ (الكامل فى ضعفاء الرجال: ٦/٤٤، ٤٥، سهيل اكادمی، دیکھئے: مسند عبد بن حميد، رقم الحديث: ١١٥٠، المطالب العاليه لابن حجر: ٦/١١٦٢، انيس)

(۳) ، باب شرائط الحج، ص: ١٩، مصطفىٰ محمد بمصر/الصحيح لمسلم: ١/١١٤، رقم الحديث: ١٢١

مذکورہ عبارات سے معلوم ہوا کہ حج سے قبل کئے ہوئے گناہ حج سے معاف ہوجاتے ہیں؛ لیکن حج کے بعد کئے گئے گزشتہ حج سے معاف نہیں ہوتے، اسی طرح حقوق العباد بھی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح عبد اللطیف، ۲۴/۶/۶۱ ۱۳ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۱۹/۱۰)

## حج کے ذریعہ سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں:

سوال: میری بیوی نیک صالح اور وفا شعار ہے، میں حج کو گیا تھا، بیوی کو کہا کہ گھر سے باہر نہ نکلنا، وہ ایک دفعہ سینما گئی، ایک دفعہ عرس میں گئی اور ایک دفعہ کہیں اور میرے بھائی نے اس کو بہت مارا، میری حج سے واپسی پر مجھے قصہ سنایا، اس کا بھائی مجھے لینے بمبئی آئے تھے، میں نے اس سے کہا کہ اپنی بہن کو اپنے گھر لے جا، وہ اس کو لے گیا۔ ۸، ۹/ماہ سے اپنی زوجہ کی شکل نہیں دیکھی، اس کو میں نے کہا بھیجا ہے کہ تو حج کو جا کر آ جا، تب میں تجھے گھر میں رکھوں گا، اس سے پہلے تو گھر میں نہیں آسکتی اور تو میری صورت نہیں دیکھ سکتی اور میں تیری صورت نہیں دیکھ سکتا، میرا یہ حج کی شرط لگانا صحیح ہے، یا نہیں؟ کیوں کہ حج کرنے سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اگر اس پر حج فرض ہے تو ضرور حج کو بھیجنا چاہیے، (۱) اگر یہ توقع ہو کہ حج کے ذریعہ سے ہی اس کی اصلاح ہوگی، بغیر اس کے اصلاح نہ ہوگی تو پہلے حج کرالیا جائے، اگر اس کو ندامت ہے اور اپنی غلطی پر شرمندہ ہے تو حج سے پہلے بھی بلا سکتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۹/۱۰/۱۳۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۳۹/۱۰/۱۳۸۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۲۰/۱۰)

## کیا حج سے قضا نمازیں معاف ہوجائیں گی:

سوال: زید نے اپنی عمر میں بہت سی نمازیں چھوڑ دیں اب وہ حج کرنے جارہا ہے تو کیا حج کرنے سے اس کی نمازیں (جو نمازیں نہیں پڑھی ہیں) معاف ہوجائیں گی؟ ہمارے بعض احباب تو یہی کہتے ہیں اور ثبوت میں حدیث پیش کرتے ہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

حج کرنے سے دین معاف نہیں ہوتا، نہ اللہ کا دین اور نہ بندے کا دین، مثلاً اگر کسی کے ذمہ کسی کا قرض ہو تو حج

---

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت من استطاع إلیہ سبیلاً﴾ (سورۃ آل عمران: ۹۷)

کرنے سے وہ معاف نہیں ہوتا۔اسی طرح کسی کے ذمہ کچھ فرض نمازیں ہوں،یا فرض روزے ہوں،یا فرض زکوٰۃ ہوتو حج کرنے سے یہ نماز،روزہ،زکوۃ کچھ بھی معاف نہیں ہوگے،یہ اللہ کا دین ہے۔(۱) دَین کا معاف نہ ہونا حدیث شریف میں موجود ہے۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ،دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح:بندہ نظام الدین عفی عنہ،دارالعلوم دیوبند۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۲۰-۳۲۱)

## شراب سے توبہ کئے بغیر حج کوجانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک شخص جوشرابی ہے،بغیر توبہ کئے امسال وہ حج کو جارہا ہے،کیا اس کا حج کواس طرح جانا جائز ہے،یانہیں؟اگر یہ شخص شراب سے توبہ کرے تو کس طرح کرے؟اگر یہ شخص توبہ نہ کرے اور مسلمانوں کی دعوت کرے تو مسلمان اس کے یہاں دعوتِ طعام میں شریک ہوں،یانہیں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

شراب پینا عنداللہ سخت ترین گناہ ہے،جس پر قرآن وحدیث میں سخت ترین وعید آئی ہے؛اس لیے اگر کوئی شخص شراب کا عادی ہوتو اس کو یہ عمل چھوڑ کر توبہ واستغفار کرنا چاہیے؛تاکہ اگر ایسا شخص بغیر توبہ کیے حج کو چلا جائے تو اس کا حج ادا ہوجائے گا؛لیکن شراب کا گناہ بغیر توبہ کے معاف نہ ہوگا۔(مستفاد:فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۲/۲۷)

**قال اللّٰه تعالىٰ:﴿يَاَ يُّهَا الذينَ اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُوَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ،فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾**(سورة المائدة: ٩٠)

---

(۱) عن ابن عباس رضي اللّٰه تعالىٰ عنهما قال:جاء رجل إلى النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فقال:يارسول اللّٰه!إن أمي ماتت وعليها صوم شهر،أفاقضيه عنها؟ قال: "نعم،فدين اللّٰه أحق أن يقضى.(صحيح البخاري، كتاب الصوم،باب من مات وعليه صوم: ١/٢٦٢،رقم الحديث: ١٨١٦،قديمي)

(۲) عن أنس رضي اللّٰه تعالىٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم:"القتل في سبيل اللّٰه يكفر كل خطيئته" فقال جبريل:إلا الدين،فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم:"إلا الدين".(جامع الترمذي،أبواب فضائل الجهاد،باب ماجاء في ثواب الشهيد: ١/٢٩٣، سعيد)

قال في البحر الرائق:فليس معنى التكفير كما يتوهمه كثير من الناس أن الدين يسقط عنه،وكذا قضاء الصلاة و الصوم والزكاة إذ لم يقل أحد بذلك.(ردالمحتار،مطلب في تكفير الحج الكبائر،باب الهدى: ٣/٤٩،ط: رياض)

قال القاضي عياض:أجمع أهل السنة أن الكبائر لايكفرها إلا التوبة،ولا قائل بسقوط الدين ولو حقاً للّٰه تعالىٰ وكدين الصلاة والزكاة،فالحج يغفر الذنوب ويزيل الخطايا،إلا حقوق الآدميين،فإنها تتعلق بالذمة،حتى يجمع اللّٰه أصحاب الحقوق؛ليأخذ كل حقه.(الفقه الإسلامي وأدلته،باب:وهل الحج أفضل من الجهاد: ٣/١٢،حقانية پشاور)

وصفة التوبة إن كانت عن ذنب فيما بينه وبين اللّٰه تعالىٰ كا لزنا وشرب الخمر أن يستغفر اللّٰه تعالىٰ باللسان، وأن يندم على فعله في الماضي ،وأن يتركه في الحال،وأن يعزم على تركه في الاستقبال.(البحرالعميق: ۱/۴۲۵)

وقال تعالىٰ :﴿وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحاً وَّاٰخَرَ سَيِّئاً عَسَى اللهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ،إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾(سورةالتوبة:۱۰۲)

ایسا شخص جو برسر عام گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگو کہ اس کے فسق کی بنا پر اس کو اپنے جرم اور گناہ کا احساس دلانے کی خاطر تعلقات کے ختم کرنے کی گنجائش ہے؛ لیکن تعلقات کا ختم کرنا زیادہ مفید نہیں ہے،میل جول رکھ کر اصلاح کی کوشش زیادہ کارآمد ہے؛ اس لیے ایسا شخص اگر دعوت وغیرہ کرے تو اس کو قبول کر لینا چاہیے اور آنے جانے کے تعلقات کو برقرار رکھ کر اس کو گناہ سے باز رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔(مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۹/۴۱۴-۴۱۵ میرٹھ)

وحاصل ذلک أن الهجر ان إنما يحرم إذا كا ن من جهة غضب نفساني ،أما إذا كان على وجه التغليظ على المعصية والفسق ،أو على وجه التأديب كما وقع مع كعب بن مالک وصاحبيه ،أوكما وقع لرسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم مع أزوجه،أولعائشة مع ابن الزوبير رضى اللّٰه عنهم فإنه ليس من الهجرأن الممنوع واللّٰه سبحانه إعلم(تكمة فتح الملهم: ۵/۳۰۶) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۲/۸/۵ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔(کتاب النوازل: ۷/۲۷۶)

## حج کرنے سے حق العبد ساقط نہیں ہوگا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص حج بیت اللہ کے لیے جارہا ہے، اس کے اوپر میرا حق ہے، تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس شخص پر میرا حق باقی رہے گا یا نہیں؟

باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ——————— وباللّٰه التوفيق

مذکورہ شخص پر آپ کے واجب حق کی ادائے گی لازم ہے، حج کرنے سے وہ حق ہرگز ساقط نہ ہوگا، تا آں کہ وہ ادا نہ کردے، یا آپ اپنا حق معاف نہ کردیں۔

عن أبى هريرة رضى اللّٰه تعالىٰ عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: العمرة إلى العمرة كفارة لما بينهما،الخ.(صحيح البخارى،رقم:۱۷۷۳،صحيح مسلم رقم: ۴۳۷)

(هٰذا الحديث) تدل علىٰ محو جميع السيئات الصغائر والكبائر غيرحقوق العباد فى أرجع الأ قوال عند العلماء ... أما حقوق العباد ومظالمهم لا بد من ردها إلىٰ أصحابها.(التصويرالنبوى للقيم الخلقية والتشريعية،العمرة إلى العمرة والحج المبرور: ۱/۱۱۹،الشاملة)

وأماحقوق العباد فلا تسقط بالهجرة والحج إ جماعاً. (مرقاة المفاتيح: ۱/۱۷۹،تحت رقم:۲۸، دار الكتب العلمية بيروت)

**قال القاضي عياض: أجمع أهل السنة أن الكبائر لا يكفرها إلا التوبة، ولا قائل بسقوط الدی، ولو حقاً لله تعالی: كدين الصلاة والزكاة، فالحج يغفر الذنوب ويزيل الخطايا، إلا حقوق الآدميين، فإنها تتعلق بالذمة، حتی يجمع الله أصحاب الحقوق ليأخذ كل حقه.** (الفقه الإسلامي وأدلته: وهل الحج أفضل من الجهاد: ۱۲/۳، حقانية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۱/۱۱/۲۵ھ۔ (کتاب النوازل: ۲۸۸/۷)

## حاجیوں سے دعاؤں کی درخواست کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیین وشرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حجاج کرام سے دعا کی درخواست کرنا کیسا ہے؟ اوران کی دعاؤں کی تاثیر کیا ہے؟ کیا حاجی کی دعا صرف سفر حج کے دوران ہی قبول ہوتی ہے، یا سفر حج سے آنے کے بعد بھی؟ اور کتنے دن تک حاجی کی دعا قبول ہونا احادیث شریفہ سے ثابت ہے؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــ وبالله التوفيق**

حج اور عمرہ کے لیے جانے والے لوگوں سے دعا کی درخواست کرنا مسنون ہے، چناں چہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو جب عمرہ میں جانے کی اجازت دی تو آپ نے فرمایا: "**يا أخي لا تنسانا في دعائك**" اس کے علاوہ اور بھی متعدد روایات سے حاجی سے دعا اور استغفار کے لیے کہنا اور اس کی دعا اور شفاعت کا قبول ہونا ثابت ہے؛ اس لیے حجاج کرام سے دعاؤں کی درخواست کرنا چاہیے اور بعض روایات سے چالیس دن تک حاجی کی دعا کا قبول ہونا بھی ثابت ہے۔

**عن عمر عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: اِذَا لَقِيْتَ الْحَاجَّ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَصَافِحْهُ وَمُرْهُ اَنْ يَّسْتَغْفِرَ لَكَ قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بَيْتَهُ، فَاِنَّهُ مَغْفُوْرٌ لَهُ.** (مسند أحمد ۶۹/۲، سنن أبي داؤد رقم: ۱۴۹۸، البحر العميق: ۲۹/۱)

**عن أبي موسیٰ الأشعری رضی الله عنه رفعه إلی النبی صلی الله عليه وسلم قال: اَلْحَاجُّ يَشْفَعُ فِيْ اَرْبَعِ مِائَةٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِه وَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوْبِه كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ** (رواه البزار، الترغيب والترهيب ۲۵۹ رقم: ۱۸۱۶)

**عن أبي هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: يُغْفَرُ لِلْحَاجِّ وَلِمَنْ اسْتَغْفَرَ لَهُ الْحَاجُّ.** (رواه البزار ورواته ثقات، الترغيب والترهيب، ص: ۲۶۰، رقم: ۱۷۲۴)

**عن جابر رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: اَلْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللّٰهِ دَعَاهُمْ فَاَجَابُوْهُ وَسَأَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ.** (رواه البزار ورواته ثقات، الترغيب والترهيب، ص: ۲۶۰، رقم: ۱۷۲۱)

**عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: يستجاب للحجاج من حين يدخل مكة إلیٰ أن يرجع إلی أهله وفضل أربعين.** (البحر العميق: ۶۹/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۳۶/۳/۲ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ (کتاب النوازل: ۲۶۸/۷) ☆

☆ جس شخص کے پاس ضرورت سے زائد اتنا خرچ ہو کہ سواری پر متوسط گزران سے کھاتا پیتا چلا جائے اور حج کر کے چلا جائے اس کے ذمہ حج فرض ہو جاتا ہے اور حج کی بڑی بزرگی آئی ہے، چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو حج گناہوں اور خرابیوں سے پاک ہو اس کا بدلہ بجز بہشت کے اور کچھ نہیں، اسی طرح عمرہ کرنے پر بھی بڑے ثواب کا وعدہ فرمایا گیا ہے، چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حج وعمرہ دونوں کے دونوں گناہوں کو اس طرح دور کرتے ہیں جیسے بھٹی لوہے کے میل کو دور کر دیتی ہے، اور جس کے ذمہ حج فرض ہوا اور وہ نہ کرے اس کے لئے بڑی وعید آئی ہے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے پاس کھانے پینے اور سواری کا اتنا انتظام ہو جس سے وہ بیت اللہ شریف تک جا سکے اور پھر وہ حج نہ کرے تو کچھ تعجب نہیں کہ وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے اور یہ بھی فرمایا کہ حج کا ترک کرنا اسلام کا طریقہ نہیں۔

مسئلہ: عمر بھر میں ایک مرتبہ حج کرنا فرض ہے اگر کئی حج کئے تو ایک فرض ہوا اور سب نفل ہیں اور ان کا بھی بڑا ثواب ہے۔

مسئلہ: جوانی سے پہلے لڑکپن میں اگر کوئی حج کیا ہے اس کا کچھ اعتبار نہیں ہے، اگر اللہ مالدار ہے تو جوان ہونے کے بعد پھر حج کرنا فرض ہے اور جو حج لڑکپن میں کیا ہے، وہ نفل ہے۔

مسئلہ: اندھے پر حج فرض نہیں چاہے جتنا مالدار ہو۔

مسئلہ: جب کسی پر حج فرض ہو گیا فوراً اسی سال حج کرنا واجب ہے، بلا عذر دیر کرنا اور یہ خیال کرنا کہ ابھی عمر پڑی ہے، پھر کسی سال حج کر لیں گے، درست نہیں ہے، پھر دو چار برس کے بعد بھی اگر حج کر لیا تو ادا ہو گیا؛ لیکن گنہ گار رہا۔

مسئلہ: اگر کوئی عورت حج کرنے جائے تو راستے میں اس کے شوہر کا، یا کسی محرم کا ساتھ ہونا بھی ضروری ہے، بغیر اس کے حج کے لیے جانا درست نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر وہ محرم نابالغ ہو یا بد دین ہو کہ ماں، بہن وغیرہ سے بھی اس پر اطمینان نہیں تو اس کے ساتھ جانا درست نہیں۔

مسئلہ: جب کوئی محرم قابل اطمینان ساتھ جانے کے لیے مل جائے تو اب حج کو جانے سے شوہر کا روکنا درست نہیں ہے اور اگر شوہر روکے بھی تو اس کی نہ مانے اور چلی جائے۔

مسئلہ: جو لڑکی ابھی جوان نہیں ہوئی لیکن جوانی کے قریب ہو چکی ہے اس کو بھی بغیر شرعی محرم کے جانا درست نہیں اور غیر محرم کے ساتھ جانا بھی درست نہیں ہے۔

مسئلہ: جو محرم اس کو حج کرانے کے لیے جائے، اس کا سارا خرچ اسی پر واجب ہے کہ جو کچھ خرچ ہوئے۔

مسئلہ: اگر ساری عمر ایسی نہ ملا، جس کے ساتھ سفر کرے تو حج نہ کرنے کا گناہ نہ ہوگا؛ لیکن مرتے وقت یہ وصیت کر جانا واجب ہے کہ میری طرف سے حج کرا دینا مر جانے کے بعد اس کے وارث اسی کے مال میں سے کسی آدمی کو خرچ دے کر بھیجیں کہ وہ جا کر مردے کی طرف سے حج کر آئے، اس سے اس کے ذمہ کا حج اتر جائے گا اور اس حج کو دوسرے کی طرف سے کیا جاتا ہے، حج بدل کہتے ہیں۔

مسئلہ: اگر کسی کے ذمہ حج فرض تھا اور اس نے سستی سے دیر کر دی، پھر وہ اندھا ہو گیا، یا ایسا بیمار ہو گیا کہ سفر کے قابل نہ رہا، اس کو بھی حج بدل کہتے ہیں کی وصیت کرنی چاہیے۔

مسئلہ: اگر اتنا مال چھوڑ کر مرا کہ قرض وغیرہ دے کر تہائی مال سے حج بدل کر سکتے ہیں، تب تو وارث پر اس کی وصیت کا پورا کرنا واجب ہے اور اگر مال تھوڑا ہے کہ ایک تہائی میں سے حج بدل نہیں ہو سکتا تو اس کا ولی حج نہ کرائے۔

مسئلہ: اگر وہ حج بدل کی وصیت کر کے مر گیا، لیکن مال کم تھا؛ اس لیے تہائی مال میں حج بدل نہ ہو سکا اور تہائی سے زیادہ لگانے کو وارثوں نے خوشی سے منظور نہ کیا اس لئے حج نہیں کرایا گیا تو اس بیچارے پر کوئی گناہ نہیں۔

مسئلہ: بغیر وصیت کئے اس کے مال سے حج بدل کرانا درست نہیں ہے، ہاں اگر سب وارث خوشی سے منظور کر لیں تو جائز ہے؛ مگر نابالغ کی اجازت کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر یہ عورت عدت میں ہو تو عدت چھوڑ کر حج کو جانا درست نہیں۔

مسئلہ: جس کے پاس مکہ کی آمد ورفت کے لائق خرچ ہو اور مدینہ کا خرچ نہ ہو تو اس کے ذمہ حج فرض نہیں، یہ بالکل غلط خیال ہے۔ (ماخوذ از: دین کی باتیں)

# حج کی فرضیت سے متعلق مسائل

## کیا ہر شخص کے مناسب حال کی فرضیت کے لیے ضروری ہے:

سوال: جو شخص رئیس ہے، ہمیشہ ملازم خدمت کرتے ہیں، ریل میں فرسٹ کلاس میں سفر کرتا ہے تو اس شخص پر حج جب فرض ہوگا کہ روپیہ قابل کرایہ آگبوٹ فرسٹ کلاس کے ہو اور ملازم کے لائق بھی کرایہ ہو؛ کیوں کہ ظاہر ہے کہ رؤسا نہ بغیر ملازم گزر کر سکتے ہیں اور طوطق میں تو کیا عجب ہے کہ مریض ہو جاویں۔ غرض اس تخمینہ میں ایسے لوگوں پر ایک ہزار روپیہ ضرور ہوگا، یا ان پر بھی تین سو روپے سے ہی حج فرض ہو جائے گا؟

الجواب

**فی الدرالمختار: (ذی زاد،یصح به بدنه فالمعتاد للحم ونحوه إذا قدرعلیٰ خبز وجبن لایعد قادراً.** (۱)

**فی ردالمحتار: لیس من الحوائج الأصلیة ماجرت به العادة المحدثة برسم الهدیة للأقارب والأصحاب فلایعذربترک الحج لعجزه عن ذلک.** (۲)

ان عبارت سے مستفاد ہوا کہ جو عادت ایسی ہو، جن کے ترک سے بیمار ہو جاوے، اس عادت کے موافق سامان ہونا شرط ہے وجوب حج کی اور یہ بھی مستفاد ہوا کہ تحائف لانے پر قدرت شرط نہیں اور اسی کے حکم میں ہے مدینہ کا سفر اور اس کی استطاعت بھی شرط حج نہیں اور یہ معلوم ہی ہے کہ اگر حوائج اصلیہ سے زائد کچھ سامان ہو اور نقد روپیہ نہ ہو تو اس سامان کو فروخت کر دینا واجب ہے اور اس کے ہونے سے بھی حج فرض ہو جاوے گا۔

۲۲ر جمادی الثانی ۱۳۳۲ھ (حوادث اول، ص: ۱۴۱) (امدادالفتاوی جدید: ۲/۱۵۵)

## حج کی فرضیت فارم بھرنے اور ویزا آنے پر ہوتی ہے یا اشہر حج کے آنے پر:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حج کی فرضیت کا وقت ہمارے ملک میں مسلمان پر کب لازم ہوگا؟ کیوں کہ حج کے فارم حج پر جانے سے تقریباً ۵ر مہینے پہلے بھرے جاتے ہیں۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ حج کی فرضیت مسلمان پر شوال میں ہوگی، یا جس وقت حج کے فارم بھرے جاتے ہیں؟

(۱) الدرالمختار علی ردالمحتار، کتاب الحج: ۳/۴۵۸، مکتبة الریاض

(۲) رد المحتار، کتاب الحج: ۳/۴٦۱، مکتبة الریاض

امدادالاحکام ۳/۱۵۷ پر حاشیہ میں لکھا ہے کہ حج کا وقت ہندوستان میں شوال کے مہینے سے شروع ہوتا، **فإنه وقت خروج الحاج منه**، دارالافتاء سے اس سلسلہ میں وضاحت مطلوب ہے۔

ہمارے یہاں ایک صاحب رمضان میں اس لائق ہوئے کہ حج کرسکیں؛ مگر اس وقت فارم نہیں بھرا جا سکتا تھا، آئندہ سال تک عمر نے وفا نہ کی تو کیا شریعت ان کو گنہگار اور تارک حج شمار کرے گی؟

**باسمه سبحانه وتعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

ہندوستان سے جو شخص حج کو جاتا ہے، وہ پرائیوٹ ٹور کے ذریعہ ذی قعدہ؛ بلکہ ذی الحجہ کے مہینہ میں بھی جا سکتا ہے؛ اس لیے جس شخص کے پاس حج کے مہینوں (شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے دس دن) میں حج کو جانے کی استطاعت اور قدرت ہو جائے، اس پر حج فرض ہو جائے گا، اب اگر اس نے کوشش کی؛ لیکن کامیابی نہ ملی تو وہ گنہگار تو نہ ہوگا؛ لیکن اس پر آئندہ حج کی وصیت ضروری ہوگی؛ تاکہ اس کی وفات کے بعد اس کے مال سے اس کا حج بدل کرایا جا سکے۔

**عن ابن عباس والفضل رضي الله عنهما أو أحدهما عن الآخر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من أراد الحج فليتعجل، فإنه يمرض المريض وتضل الراحلة وتعرض الحاجة.** (مسند الإمام أحمد بن حنبل: ۳۵۵/۱، رقم: ۳۳٤، سنن ابن ماجة، لمناسک، باب الخروج إلى الحج: ۲۰۷/۲، رقم: ۲۸۸۳، المستدرک للحاکم، المناسک: ۶۳۲/۲، رقم: ۱٦٤٥)

**فالمحبوس والخائف من السلطان كالمريض لا يجب عليهما أداء الحج بأنفسهما ولكن يجب عليهما الإحجاج أو الإيصاء به عند الموت عندهما.** (غنية الناسک، ص: ۲٤، إدارة القرآن کراتشی، فتح القدير: ٤١٧/۲، زکریا، الفتاویٰ الهندية: ۲۱۸/۱، کوئٹه، إعلاء السنن: ۸/۱۰، کراتشی، البحر الرائق: ۳۱۱/۲، کوئٹه)

**على الفور في العام الأول عند الثاني، وهو الإتيان به في أول أوقات الإمكان.** (الدر المختار: ٤٥٤/۳، زکریا) فقط واللہ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۶/۱۰/۱۴۲۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۳۰۳/۷)

## جب شیعہ کافر ہیں تو حج کرنے کیوں جاتے ہیں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ کیا شیعہ بالاتفاق کافر ہیں؟ اگر بالاتفاق کافر ہیں تو پھر وہ حج کرنے کیوں جاتے ہیں؟ اور اگر حج کرنے جاتے ہیں تو حکومتِ وقت کافروں کو حج کرنے کی اجازت کیوں کر دیتی ہے؟ اس لیے کہ بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ اگر شیعہ بالاتفاق کافر ہیں تو پھر ان کو یعنی کافروں کو حج کی اجازت کیوں دی گئی اور اگر اجازت دی گئی تو یہ بات اس پر دلیل ہے کہ شیعہ بالاتفاق کافر نہیں ہے۔ حکومتِ وقت کا ان کو حج کی اجازت دینا ان کے مسلمان ہونے کی دلیل ہے؟

**باسمه سبحانه وتعالىٰ، الجواب ــــــــــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

آج کل اثنا عشر شیعہ جو صراحۃً صحابہ رضی اللہ عنہم کے کفر، تحریف قرآن اور عقیدہ امامت کے قائل ہیں، ان کے بارے میں علما امت سلف خلف کا اتفاق ہے کہ وہ اپنے باطل عقائد کی بنا پر دائرہ اسلام سے خارج ہیں، سعودی حکومت اگر آج ان کو اپنی سیاسی مجبوریوں کی بنا پر حج کی اجازت دیتی ہے تو اس سے ان کے کفر کا حکم نہیں بدل سکتا، محض حج کے لیے جانا کسی ایمان کی دلیل نہیں ہے، کوئی کافر بھی مسلمان کے نام سے پاسپورٹ بنا کر اس وقت حج کو جا سکتا ہے تو کیا محض اس وجہ سے اس کو مسلمان کہہ دیا جائے گا؟

**لاشک فی تکفیر من قذف السیدة عائشة رضی الله تعالىٰ عنها أو أنکر صحبة الصدیق أو اعتقد الألوهیة فی علی أو أن جبرئیل غلط فی الوحی أو نحو ذلک من الکفر الصریح المخالف للقرآن.** (ردالمحتار، باب المرتد: ۲۳۷/٤، دارالفکر بیروت، حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار، باب المرتد: ٤٨٣/٢، زکریا، الفتاویٰ الهندیة: ٢٦٤/٢، کوئٹه)

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۸۹/۷)

## پانچ سو روپیہ بتایا، قبضہ میں نہیں کرایا تو کیا حکم ہے:

سوال: زید کے باپ نے روپیہ اس قدر چھوڑا کہ حج کے قابل تھا؛ مگر وقت مرگ والدین زید موجود نہ تھا؛ بلکہ اس کا بیٹا عمر تھا، اس نے ڈیڑھ ہزار روپیہ چرایا اور خرچ کر ڈالا، بعدہ مرض الموت میں پانچ سو روپیہ عمر کے دادا نے اس کو بتایا کہ فلاں جگہ سے نکال لو، اب فرمائیے کہ یہ پانچ سو روپیہ ملک عمر کی ہے؟ اور حج اس فرض ہے، یا نہیں؟

## مرض الموت کے وقت ہبہ کے لیے کیا شرط ہے:

سوال: بہشتی زیور حصہ پنجم میں سے کہ مرض الموت میں ثلاث کے ہبہ میں قبضہ شرط تو ترکہ والد زید کا کل دو ہزار روپیہ تھا، جس میں سے پانچ سو روپے اس نے عمر کو بتلائے؛ مگر قبضہ نہیں کرایا تو وہ مالک اس روپے کا ہوا، یا نہیں؟ اور حج فرض ہوا، یا نہیں؟

## پوتے نے جو روپیہ چرایا ہو تمام ورثہ کا حصہ ہے:

سوال: زید جب مرا تو اس کے وارث دو بیٹے ایک بیٹی تھی اور عمر جو اس کا بیٹا ہے وہ ان پانچ سو روپے کو جو دادا نے دیئے تھے کھا پی چکا تھا؛ مگر ڈیڑھ ہزار روپیہ جو دادا کا اس نے چرایا تھا، اس میں کا چار سو روپیہ باقی ہے تو آیا اس چار سو روپے کو ملک عمر سمجھا جاوے گا، یا اس کو سب ورثہ پر حسب حصص کیا جاوے گا؟ اور اس میں سے جو اس کے حصہ کا ہوگا، وہ اگر حج کے قابل ہو تو حج فرض ہوگا؟

## مکان کا مالک ہو تو کیا حج فرض ہو جاتا ہے:

سوال: ایک شخص کے پاس نیچے کا مکان زاید از حاجت ہے؛ مگر اوپر جو اس کا مکان ہے، اس میں وہ خود رہتا ہے، پس اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟

## جائداد کی وجہ سے حج فرض ہوتا ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص کسی پنشن سے گزر اوقات کرتا ہے اور جائداد بھی ہے کہ وہ گزارنے کو کافی نہیں اور اس پر مدار بھی ہے؛ لیکن جائداد اس قیمت کی ہے کہ اگر اس کو فروخت کرے تو حج ہو سکتا ہے۔ اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟

## ہبہ میں روپیہ ملا تو حج فرض ہوا، یا نہیں:

سوال: جس شخص نے کسی عزیز غیر وارث کو بلا اجازت ورثہ اس قدر روپیہ دیا کہ وہ حج کو کافی ہے تو اس پر حج فرض ہو جاوے گا؟

## حج کے زمانے سے پہلے روپیہ تھا، بعد میں قرض دے دیا اور وصول نہ ہوا تو کیا حکم ہے:

سوال: ایک شخص کے پاس ماہ صفر میں اس قدر روپیہ ہوا کہ حج کو چلا یا جائے؛ مگر ربیع الثانی میں کسی کو قرض دے دیا اور اب تک وصول نہیں ہوا تو اس شخص پر حج فرض ہوا، یا نہیں؟ مولانا حسین احمد صاحب مہاجر مدنی (مراد شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ صدر المدرسین وشیخ الحدیث دار العلوم دیوبند ہیں) فرماتے تھے کہ حج فرض ہوتا ہے کہ جب اس شہر سے سفر حج جانے کا زمانہ ہو اس وقت شرائط پائی جائیں۔ تجربہ سے یہاں کے لوگوں کا جانا ماہ شوال میں ہوتا ہے۔ فقط

الجواب

(۱) اس پانچ سو روپے کا بھی عمر مالک نہیں ہوا،(۱) پس روپے کی وجہ سے بھی حج فرض نہیں ہوا۔

(۲) جو رائے حضرت مولانا اشرف علی صاحب کی ہے، بندہ کے نزدیک صحیح ہے۔

(۳) کل دو ہزار میں سے عمر کو حصہ پہنچے گا؛ مگر جو چار سو روپے موجود ہیں، یہ سب دیگر ورثہ کو دے دے، عمر کا حصہ اس میں محسوب نہ ہوگا، جو وہ صاف کر چکا، بعد وضع اپنے حصہ کے باقی سب دیگر ورثہ کو دیوے اور جب کہ اس کے پاس کچھ باقی نہ رہے گا تو حج فرض نہ ہوگا۔ فقط

(۳) یہی صحیح ہے کہ عمر پر حج فرض نہیں ہوا۔ فقط (۲)

---

(۱) چوں کہ یہ ہبہ ہے کہ جس کے لئے قبضہ شرط ہے۔ جمیل الرحمٰن

(۲) ومنه المسكن ومرمتنه ولو كبير ايمكنه الاستغناء ببعضه والحج بالفاضل فانه لايلزمه بيع الزائد. (الدر المختار علىٰ هامش ردالمحتار: ۱۹۶/۲)

(۵) اگر جائداد گذر اوقات سے زیادہ نہیں تو حج اس پر نہیں ہوا اور فروخت کرنا اس کا ضروری نہیں، وجہ یہ ہے کہ ملک غیر سے بسر اوقات کرنا شرعا معتبر نہیں ہے، اپنی ہی آمدنی کا لحاظ کیا جاتا ہے اور شریعت میں لحاظ جائز آمدنی کا ہے۔(۱)

(۶) اگر وہ روپیہ ثلث سے زیادہ نہیں تو حج فرض ہو جاوے گا۔

(۷) جو کچھ مولانا حسین احمد صاحب نے اس بارے میں فرمایا، صحیح ہے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۳۵-۵۳۸)

## حج سے متعلق چند ملکی مسائل:

(سہ روزہ اخبار الجمعیۃ، شمارہ نمبر:۳۰، جلد نمبر:۱، مورخہ:۱۴/فروری ۱۹۲۵ء، مطابق ۱۹/رجب ۱۳۴۳ھ)

### حجاج کے لیے واپسی ٹکٹ کی ناروا قید:

آج کل مجلس واضع قوانین ہند (اسمبلی) میں قانون جہاز رانی ہند کے بعض دفعات کی ترمیم و اضافہ کا ایک مسودہ قانون زیر غور ہے، جس کا مفاد یہ ہے کہ زائرین بیت الحرام (حجاج) پر قانوناً لازم کر دیا جائے کہ وہ جاتے وقت واپسی کا ٹکٹ خرید یں، یا بقدر ٹکٹ واپسی کی رقم اس افسر کے پاس جمع کر دیں، جو گورنمنٹ کی جانب سے اس کام کے لیے نامزد کر دیا جائے گا، اس پابندی کے عائد کرنے کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ ہندوستانی حاجیوں کی ایک معقول تعداد جدہ میں بوجہ کرایہ واپسی نہ ہونے کے پڑی رہتی ہے اور خود بھی ناداری اور فقر و فاقہ کی وجہ سے طرح طرح کے امراض میں مبتلا ہو جاتی ہے اور اہل جدہ کے لیے بھی ایک مصیبت اور بلائے بے درماں ہو جاتی ہے، عرب حکومت ایسے حاجیوں کو ہندوستان لے جانے کے لیے تقاضا کرتی ہے اور گورنمنٹ ہند کے پاس ایسی کوئی مد نہیں کہ اس میں سے ان نادار حجاج کو کرایہ دے کر ہندوستان پہنچایا جائے؛ اس لیے ضروری ہے کہ اس قسم کا ایک قانون بنایا جائے کہ کوئی حاجی ہندوستان سے اس وقت تک روانہ نہ ہو سکے، جب تک وہ اپنی واپسی کا باقاعدہ انتظام نہ کر لے اور اس کی صورت یہی ہے کہ یا واپسی کا ٹکٹ خرید ے، یا اس قدر رقم جمع کر دے۔

### مسلمان ممبران اسمبلی میں اختلاف:

اسمبلی کے مسلمان ممبروں میں اس قانون کے متعلق اختلاف رائے ہو گیا، بعض ممبران نے اس کو مذہبی مداخلت سمجھا اور اس بنا پر اس کی مخالفت کی اور بعض ممبران نے اس کو ایک انتظامی ضروری قانون قرار دیا اور اس میں مذہبی مداخلت کو تسلیم نہ کیا اور اس کے حق میں رائے دی۔

گورنمنٹ نے یہ دیکھ کر کہ مسلمان ممبران اسمبلی میں اختلاف ہے، اس مسودہ قانون کو بہت سے تعلیم یافتہ اور

---

(۱) وإن كان صاحب ضيعة إن كان له من الضياع مالوباع مقدارما يكفي الزاد والراحلة ذاهباً وجائياً ونفقة عياله و أولاده الضيعة ويبقى له من الضيعة قدرمايعيش بغلة الباقي يفترض عليه الحج وإلا فلا.(الفتاوىٰ الهندية،الباب الأول في تفسيرالحج وفرضيته: ۱/۲۱۸،مكتبة زكريا ديوبند،انيس)

عہدے داران اور روٴسا کے پاس بھیجا اور جمعیۃ علما کے پاس بھی بھیجا کہ اس کے متعلق اہل الرائے اور مذہبی جماعتیں اپنی رائے کا اظہار کریں، جمعیۃ علما کے اجلاس مراد آباد میں یہ مسئلہ زیر بحث آیا اور دو گھنٹے کامل اس پر مباحثہ ہوتا رہا، موافق ومخالف آرا کا اظہار اور طرفین سے استدلال و جواب کا خوب معرکہ رہا، بالآخر اجلاس نے اس وقت یہ فیصلہ کیا کہ اس مسئلہ کو جمعیۃ علما کی مجلس عاملہ کے سپرد کر دیا جائے؛ تاکہ وہ آخری فیصلے سے گورنمنٹ کو مطلع کر دے۔

## جمعیۃ علما کی مجلس عاملہ کا اجلاس:

۲۸ر جنوری کو یہ مسودہ اسمبلی میں پیش ہونے والا تھا؛ اس لیے ۲۶ر جنوری کو جمعیۃ علما کی مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہوا اور اس میں اس مسئلے پر از سر نو مباحثہ ہوا، بالآخر کثرت رائے سے طے ہوا کہ اس قسم کا قانون مذہبی عبادت میں ایک قسم کی رکاوٹ ہے؛ اس لیے مسلمان ہرگز اس قانون سے اتفاق نہیں کر سکتے۔

اس تجویز کی پوری نقل اس سے قبل شائع ہو چکی ہے اور گورنمنٹ ہند کے پاس بھی بھیج دی گئی ہے، ۲۸ر جنوری کو یہ مسئلہ اسمبلی میں پیش نہیں ہوا؛ بلکہ آج ۹ر فروری تک بھی اسمبلی میں نہیں آیا، ہمیں معلوم ہوا ہے کہ مسلمان ممبران اسمبلی میں سے کئی صاحب اب بھی اس قانون کے حق میں ہیں اور وہ اس کو مذہبی مداخلت تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں؛ اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر بحث کر کے اچھی طرح روشن کر دیا جائے، امید ہے کہ ممبران اسمبلی اور دیگر اہل الرائے حضرات سطور ذیل پر پوری توجہ سے غور فرمائیں گے:

## قانون زیر تجویز میں مذہبی مداخلت کیوں ہے:

حج بیت اللہ ایک مذہبی عبادت ہے، جو مسلمان کہ زاد وراحلہ کی استطاعت رکھتے ہیں، ان پر فرض ہے اور جو لوگ استطاعت نہیں رکھتے، ان پر تو فرض نہیں؛ لیکن اگر حج ادا کریں تو یقیناً ان کا حج بھی عبادت اور موجب ثواب ہے، پس غیر مستطیع اصحاب کو روکنا ایک عبادت سے روکنا ہے اور یہی مذہبی مداخلت ہے، بہت سے لوگ جن کے پاس جانے کے لیے جہاز کے کرایہ کے سوا کچھ نہیں ہوتا؛ مگر وہ زیارت بیت اللہ کے شوق میں اخلاص قلب کے ساتھ جاتے ہیں اور کسی صنعت وحرفت کے ذریعے سے وہاں روپیہ حاصل کر کے نہ صرف گزارہ کرتے ہیں؛ بلکہ واپسی کا کرایہ بھی مہیا کر لیتے ہیں، بہت سے لوگ وہاں رہنے اور واپس نہ آنے، یا ایک سال دو سال کے بعد واپسی کے ارادہ سے جاتے ہیں، بہت سے لوگ بعد فراغ حج دیگر بلاد اسلامیہ کی سیاحت کا ارادہ رکھتے ہیں، ایسے تمام لوگوں پر واپسی کا ٹکٹ لازم کر دینا ان کے ایک نیک کام اور عبادت کے ارادے میں مشکلات پیدا کرنا اور روکنا نہیں تو اور کیا ہے؟

## قانون زیر تجویز مسلمانوں کے لیے بے حد مضر ہے:

حجاج کی جو تعداد واپس نہیں آتی، اس میں کئی قسم کے لوگ ہوتے ہیں، ایک تو وہ جو حج کر کے دیگر بلاد اسلامیہ کی سیر وسیاحت کے لیے چلے جاتے ہیں، دوسرے وہ جنہوں نے ہمیشہ کے لیے، یا ایک طویل مدت کے واسطے حجاز میں

اقامت کر لی، تیسرے وہ جو بیماری یا کسی دوسری وجہ سے انتقال کر گئے، گزشتہ سال تقریباً پانچ چھ ہزار ہندوستانی حاجی وفات پا گئے تھے اور ہر سال اس قسم کے واقعات کم و بیش آتے رہتے ہیں، ان تمام لوگوں کا کرایہ واپسی ضائع، یا مثل ضائع شدہ کے سمجھنا چاہیے۔

**اعداد و شمار کے لحاظ سے نقصان عظیم:**

اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ تقریباً بیس ہزار ہندوستانی حاجی حجاز کو جاتے ہیں اور اگر کرایہ واپسی فی کس ہو تو بیس ہزار حاجیوں کا جمع شدہ کرایہ پندرہ لاکھ روپیہ ہوتا ہے اور نادار حاجی جو جدہ میں رہ جاتے ہیں، ان کی اوسط تعداد ایک ہزار ہے، ان کے لیے واپسی کے کرایہ کی مقدار بحساب فی کس پچھتر ہزار روپیہ ہوتی ہے، ان اعداد و شمار کے لحاظ سے اب نقصانات ملاحظہ فرمائیے۔

**پہلا نقصان:**

ایک ہزار حاجیوں کی ناداری کے تاوان میں انیس ہزار حاجیوں پر ایک ایسی پابندی عائد کی جاتی ہے، جسے وہ مذہبی مداخلت سمجھتے ہیں اور اس کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔

انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ اس چھوٹی سی جماعت کی ناداری کے نتائج رفع کرنے کے لیے سبیل کی جائے، نہ یہ کہ اس کا وبال اس سے بیس گنی جماعت اور عام حجاج پر ڈال دیا جائے۔

**دوسرا نقصان:**

ان ایک ہزار نادار حجاج کے کرایہ واپسی (پچھتر ہزار روپیہ) کو محفوظ کرنے کے لیے انیس ہزار حاجیوں سے ۴/لاکھ پچیس ہزار روپیہ دو تین مہینے اور بعض حالات میں چار مہینے پہلے وصول کر لینا کون سے تجارتی 'اقتصادی' انتظامی اصول کی رو سے جائز ہے، میں پوچھتا ہوں کہ یہ چار لاکھ پچیس ہزار تو ایسے مستطیع اصحاب کا ہے، جن کی واپسی میں کوئی خطرہ ہی نہیں تھا تو یہ روپیہ جہاز راں کمپنی، یا گورنمنٹ کے افسر مجاز نے تین چار مہینے پہلے کس حق سے ان حجاج سے وصول کیا اور اتنی بڑی رقم کو ایک عرصہ دراز تک اپنے قبضہ میں رکھ کر خود فائدہ اٹھایا اور حجاج کو خسارہ اور نقصان پہنچایا۔

**تیسرا نقصان:**

تجربہ شاہد ہے کہ حج کو جانے کے وقت جہازوں کے کرایہ کی شرح زیادہ ہوتی ہے اور واپسی میں بسا اوقات بہت کم کرایہ ہو جاتا ہے، اکثر ایسا ہوا ہے کہ جاتے وقت روپیہ دیکر حاجی گئے ہیں اور واپسی میں دے کر آئے ہیں، پس واپسی کا ٹکٹ لازم کر دینے میں حاجیوں کا ایک نقصان یہ بھی ہے کہ ان کو جاتے وقت کی زیادہ شرح کرایہ کے موافق واپسی کا کرایہ بھی ادا کرنا پڑے گا اور واپسی کے وقت کمی کرایہ کی صورت ان کے لیے مسدود ہو جائے گی، کمپنیاں کرایہ کم نہ

کریں گی؛ کیوں کہ یا تو وہ بذریعہ واپسی ٹکٹ کے پہلے ہی پورا کرایہ وصول کر چکی ہوں گی، یا ان کو اطمینان ہوگا کہ باقی ماندہ حجاج کا روپیہ حسب شرح سابق جمع ہے۔

پس اگر روپیہ شرح کرایہ سے بیس ہزار حاجی آتے تو ان کو چار لاکھ روپیہ ادا کرنا ہوتا ہے؛ لیکن قانون زیر تجویز کے بموجب ان کو پندرہ لاکھ روپے پہلے ہی دینا ہوگا؛ یعنی گیارہ لاکھ روپیہ کا حاجیوں کو نقصان ہوگا، جو جہاز راں کمپنی ان سے ناحق وصول کرے گی۔

## مسودہ قانون واپسی ٹکٹ قطعاً نامعقول ہے:

پس یہ مسودہ قانون کسی طرح معقول اور قابل قبول نہیں؛ کیوں کہ ایک ہزار حجاج کی ناداری اول تو کوئی جرم نہیں؛ کیوں کہ بسا اوقات ناداری ایسے اسباب سے پیدا ہو جاتی ہے، جس میں حاجی بچارے قطعاً معذور بے گناہ ہوتے ہیں، دوسرے یہ کہ اگر بالفرض مان بھی لیا جائے کہ ان کی مجرمانہ کوتاہی بھی ہے؛ تاہم ایک ہزار کی کوتاہی میں انیس ہزار پر پابندی عائد کر دینی اور ان سے چودہ لاکھ پچیس ہزار کی رقم خطیر دو یا تین یا چار مہینے پہلے جمع کرا لینی کسی طرح معقول نہیں، یہ کہنا کہ چوں کہ ابتدا میں معلوم نہیں ہو سکتا کہ کون شخص ناداری میں پڑا رہ جائے گا اور کون نہیں؛ اس لیے مجبوراً سب پر ٹکٹ واپسی لازم کرنے کا قانون بنانا پڑتا ہے، عذر گناہ بدتر از گناہ کا مصداق ہے۔

ہم رات دن دیکھتے ہیں کہ ریل میں بہت سے لوگ مقدار معین سے زیادہ اسباب لے جاتے ہیں، یا اپنے ہمراہیوں کے ٹکٹ کم لیتے ہیں؛ یعنی بجائے چار ٹکٹوں کے تین ہی لیے اور راستہ میں چیکر، یا منزل مقصود کا ٹکٹ بابو انہیں پکڑ کر باقی کرایہ مانگتا ہے اور بسا اوقات مجرم کے پاس ادائے مطالبہ کے لیے کچھ نہیں ہوتا اور گھنٹوں جھگڑا رہتا ہے اور ملازمین ریلوے کو سخت پریشانی اٹھانی پڑتی ہے، پس اگر اس کے انسداد کے لیے ایسا قانون بنایا جائے کہ ہر مسافر جو ٹکٹ خریدے، وہ ایک خاص مقدار کی مزید رقم بھی جمع کر دے؛ تاکہ اس کی کوتاہی، یا خیانت ثابت ہونے پر اس رقم سے ریلوے کا مطالبہ وصول کیا جا سکے تو میں نہیں سمجھ سکتا کہ اس قانون کو کوئی ذی رائے آدمی معقول قرار دے سکتا ہے، جس طرح ریلوے کے ایسے خائن اور دیدہ دلیر مسافروں کی ان حرکات کا انسداد ضروری ہے؛ مگر اس کا یہ طریقہ نہیں کہ تمام شریف اور بے گناہ مسافروں سے بلا وجہ روپیہ وصول کیا جائے، اسی طرح جدہ کے معذور نادار حجاج کی تکلیف رفع کرنے کی فکر بھی ضروری ہے؛ مگر اس کا یہ طریقہ معقول نہیں کہ بلا وجہ تمام مستطیع حجاج پر ایک خلاف مذہب پابندی عائد کر دی جائے اور ان کا چودہ پندرہ لاکھ روپیہ دو تین مہینے پہلے بلا وجہ جمع کرا لیا جائے اور واپسی میں کرایہ کی کمی کے فائدے کو مسدود کر کے دس گیارہ لاکھ روپیہ کا صریح نقصان پہنچایا جائے۔

اگر گورنمنٹ اور ممبران اسمبلی اس مشکل کا کوئی معقول حل نہیں کر سکتے تو میں جو تجویز اس مضمون کے آخر میں ذکر کروں گا، اس پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جائے، مجھے امید ہے کہ وہ تجویز اس مشکل کا بہترین حل کر دے گی۔

**بعض ممبران اسمبلی کے شبہات کا جواب:**

اس کے بعد بعض ممبران اسمبلی کے ان شبہات کا جواب دینا چاہتا ہوں، جو مجھ تک پہنچے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ میرے ناچیز جوابوں کو غور سے ملاحظہ فرمائیں گے۔

**پہلا شبہ:**

حج ان ہی لوگوں پر فرض ہے، جو زاد وراحلہ پر قادر ہوں یعنی کھانے پینے کے علاوہ جانے اور واپس آنے میں ریل، جہاز، اونٹ وغیرہ سواریوں کے کرایہ پر بھی قدرت رکھتے ہوں۔(۱) پس جب کہ ان کے پاس واپسی کا کرایہ موجود ہوگا (جیسا کہ شرعی حکم ہے) تو جمع کر دینے، یا واپسی کا ٹکٹ خریدنے میں کوئی نئی پابندی عائد نہ ہوئی؛ بلکہ اسی پابندی کو جو شریعت نے مقرر کردی ہے، عمل میں لایا گیا اور اگر ان کے پاس جانے کے وقت واپسی کا کرایہ نہیں ہے تو ان پر حج فرض نہیں ہے، پس اگر وہ اس پابندی کی وجہ سے نہ جاسکے تو کچھ حرج نہیں؛ کیوں کہ شریعت نے بھی ان پر حج فرض نہیں کیا ہے، لہٰذا قانون نے ان کو کسی مذہبی فرض سے نہیں روکا؛ اس لیے اس قانون کو مذہبی مداخلت کہنا درست نہیں۔

**پہلے شبہ کا جواب:**

اگرچہ کئی معزز ممبران اسمبلی اس شبہ میں گرفتار ہیں اور اس کو قوی ترین شبہ سمجھتے ہیں؛ مگر میں ان سے پورے غور وتامل کی درخواست کرتا ہوا جواب عرض کرتا ہوں۔

**مذہبی مداخلت:**

ایک لفظ ہے، جو اکثر مواقع پر استعمال کیا جاتا ہے؛ مگر جہاں تک میرا خیال ہے، اس کے مفہوم پر پوری طرح غور نہیں کیا جاتا۔ بعض حضرات تو یہ سمجھتے ہیں کہ صرف فرائض سے روکنے کو مذہبی مداخلت کہتے ہیں، بعض حضرات کا یہ خیال ہے کہ مذہب کی چند موٹی موٹی اور کھلی کھلی باتیں ہی ایسی ہیں کہ ان سے روکنا مذہبی مداخلت ہے اور بس مثلاً کسی کو نماز سے روکا جائے، یا روزہ سے روکا جائے تو مذہبی مداخلت ہے اور اگر مسلمان بھائی کی اعانت سے روکا جائے تو مذہبی مداخلت نہیں؛ مگر میں یہ کہتا ہوں کہ یہ دونوں خیال صحیح نہیں ہیں، مذہبی مداخلت کا صحیح مفہوم یہ ہے کہ کسی کے مذہب میں مداخلت کی جائے؛ یعنی کسی مذہبی حکم کے خلاف ایسا حکم دیا جائے، جو مذہبی حکم سے متصادم ہو اور ٹکرا جائے یہی تصادم اور ٹکر مداخلت ہے، عام اس سے کہ وہ مذہبی حکم کسی چیز کی فرضیت، یا مسنونیت، یا استحباب، یا اباحت کا ہو، یا حرمت وکراہت کا۔ مثالیں ملاحظہ فرمائیے:

---

(۱) الحج واجب علٰی الأحرار البالغين العقلاء الإصحاء إذا قدروا علی الزاد، والراحلة فاضلاً عن المسكن مما لابدمنه، وعن نفقة عياله إلٰی حين عوده، وكان الطريق اٰمان. (الهداية، كتاب الحج: ۲۱۱/۱، ط: شركة علمية، ملتان)

## پہلی مثال:

ظہر کی نماز کے تعلق مذہبی حکم یہ ہے کہ وہ ہر عاقل بالغ مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے، اس کے خلاف اگر کوئی یہ حکم کرے کہ ظہر کی نماز کو مسنون کہو، یا مستحب سمجھو، یا اباحت کے قائل ہو تو یہ یقیناً مذہبی مداخلت ہے، اگر چہ اس میں اس حکم دینے والے نے ظہر سے منع نہیں کیا؛ لیکن اس کا حکم مذہبی حکم سے متصادم ضرور ہے؛ اس لیے مذہبی مداخلت ہے۔(۱)

## دوسری مثال:

شریعت میں دنبہ کی قربانی مباح، یا مستحب ہے۔(۲) اگر کوئی مسلمانوں کو حکم دے کہ تم دنبہ کی قربانی کو فرض سمجھو اور لازمی طور پر دنبہ کی قربانی کرو؛ تو یقیناً یہ مذہبی مداخلت ہے؛ کیوں کہ اس کا یہ حکم شرعی حکم سے ٹکراتا ہے اور مسلمانوں کے اس اختیار کو جو شریعت نے دیا تھا باطل کرتا ہے، حالاں کہ اس میں ایک مباح، یا مستحب سے روکا نہیں؛ بلکہ اس کی تاکید کی ہے۔

## تیسری مثال:

شریعت نے مسلمانوں کے لیے ختنہ مسنون کیا ہے۔(۳) اگر کوئی حکومت مسلمانوں کے لیے قانون بنادے کہ ختنہ نہ کریں، ورنہ مجرم ہوں گے تو یقیناً یہ مذہبی مداخلت ہوگی؛ کیوں کہ یہ حکم شریعت کے حکم سے ٹکراتا ہے، حالاں کہ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ فرض سے روکا گیا ہے؛ کیوں کہ ختنہ فرض نہیں ہے۔

## چوتھی مثال:

ہر مسلمان کو شریعت نے اجازت دی ہے کہ وہ شراب کی حرمت بیان کرے اور لوگوں کو اس کے استعمال سے روکے؛ لیکن اگر کوئی حکومت قانون بنائے کہ کوئی مسلمان شراب کی حرمت بیان نہ کرے، ورنہ مجرم ہوگا تو یقیناً یہ مذہبی مداخلت ہوگی؛ کیوں کہ یہ قانون شرعی حکم سے ٹکراتا ہے، شریعت ہر مسلمان کو تبلیغ اور اظہار حرمت شراب کی اجازت دیتی ہے،(۴) اور یہ قانون روکتا ہے، حالاں کہ ہر مسلمان کے ذمہ حرمت شراب فرض نہیں۔

---

(۱) بلکہ فرض کو مستحب کہنے والا فرضیت کے انکار کے طور پر بغیر کسی تاویل کے کہے تو کفر ہے۔

(۲) قال: والأضحية من الإبل، والبقر، والغنم؛ لأنها عرفت شرعًا ولم تنقل التضحية بغيرها، إلخ. (الهداية، كتاب الأضحية: ٤/٤٤٨، ط: ملتان)

(۳) لأن الختان سنة للرجال من جملة الفطرة لايمكن تركها، إلخ. (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر، والمس: ٦/٣٧١، ط: سعيد)

(۴) صرف اجازت ہی نہیں؛ بلکہ ضروری ہے، بواسطہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ نے حکم دیا ﴿بلغ ما أنزل إليك من ربك﴾ (سورة المائدة: ٦٧) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا: "بلغوا عنى ولو آية" (پوری حدیث ان الفاظ میں حضرت عبداللہ بن عمر بن عاص سے مروی ہے: بلغوا عنى ولو آية وحدثوا عن بنى إسرائيل ولاحرج ومن كذب على متعمداً فليتبرأ مقعده من النار. (صحيح البخارى، رقم الحديث: ٣٤٦١) جس میں حرمت شراب کی تبلیغ بھی داخل ہے۔ فقط

## پانچواں مثال:

اگر آج قانون بنایا جائے کہ مسلمان عمامہ نہ باندھیں، ورنہ مجرم ہوں گے تو یقیناً یہ مذہبی مداخلت ہوگی، اگر چہ عمامہ باندھنا مسنون ہے، فرض نہیں ہے۔(۱)

## چھٹی مثال:

بعض مقامات میں مسلمانوں کو اذان کہنے سے روکا جاتا ہے، یہ یقیناً مذہبی مداخلت ہے، اگر چہ نماز کے لیے اذان سنت ہے، فرض نہیں۔(۲)

## ساتویں مثال:

نماز سنت ونفل گھر میں افضل ہے، مگر مسجد میں بھی جائز ہے، اگر حکومت قانون بنائے کہ مسلمان مسجد میں صرف فرض پڑھا کریں اور سنت ونفل گھر جا کر پڑھیں، مسجد میں جو سنت ونفل پڑھے گا، وہ مجرم ہوگا، یا مثلاً فرض کے بعد فوراً زبردستی مسجد کو سنت ونفل پڑھنے والوں سے خالی کرالیا جائے تو اگر چہ نماز سنت ونفل گھر میں مستحب ہے؛(۳) مگر یہ قانون مذہبی حکم سے ٹکراتا ہے؛ اس لیے یقیناً مذہبی مداخلت میں داخل ہوگا۔ اسی طرح سینکڑوں مثالیں بیان کی جاسکتی ہیں، جن کو ہمارے معزز ممبران بھی مذہبی مداخلت کہنے پر مجبور ہوں گے؛ کیوں کہ مذہبی مداخلت کا مفہوم اس کے سوا اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا کہ جو قانون مذہبی حکم سے ٹکراتا ہو، وہ مذہبی مداخلت میں داخل ہوگا۔

اب حج کے متعلق دیکھئے، یہ صحیح ہے کہ شریعت مقدسہ نے حج اسی شخص پر فرض کیا ہے، جو زادو راحلہ کی استطاعت رکھتا ہو اور جو لوگ کہ زادو راحلہ پر قادر نہیں، شریعت ان پر حج فرض نہیں کرتی؛(۴) لیکن شریعت کا حکم یہ نہیں ہے کہ ان کے لیے حج کرنا ناجائز ہے؛ بلکہ شریعت کا حکم یہ ہے کہ حج کو جانا ان کے لیے جائز، بلکہ مستحسن ہے اور جب کہ وہ اخلاص قلب کے ساتھ جسمانی مشقت برداشت کر کے حج کریں تو زیادہ ثواب کے مستحق ہیں۔ ہاں اگر وہ خود ارادہ نہ کرے، یا ان کو نہ جانے کا مشورہ دیا جائے تو مضائقہ نہیں؛ لیکن جبراً روکنا، یا روکنے کے اسباب پیدا کرنا یقیناً مذہبی مداخلت ہے؛ کیوں کہ جس شخص کو شریعت حج کی اجازت دیتی ہے، اس کو یہ قانون روکتا ہے، یا روکنے کے ذرائع پیدا کرتا ہے اور یہی مصادمت اور قانون کا حکم شرعی سے ٹکرانا ہے۔

---

(۱) جاء رجل إلٰی ابن عمر فقال: یا أبا عبدالرحمن، العمامة سنة، فقال: نعم. (عمدة القاری، کتاب اللباس، باب العمائم: ۳۰۷/۲۱، ط: إدارة الطباعة المنیرة، دمشق)

(۲) الأذان سنة للصلوات الخمس، والجمعة لاسواه للنقل المواتر. (الهدایة، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۸۶/۱، ط: ملتان)

(۳) یہ بھی اس وقت ہے، جب کہ گھر میں اطمینان اور یکسوئی کے ساتھ پڑھ سکتا ہو، ورنہ آج کل تو آدمی گھر جا کر بھول ہی جاتا ہے۔

(۴) والحج واجب علٰی الأحرار البالغین العقلاء إلا صلحاء إذا قدروا علٰی الزاد والراحلة، فاضلاً عن المسکن مما لابد منه، وعن نفقة عیاله إلٰی حین عوده، وکان الطریق اٰمنًا. (الهدایة، کتاب الحج: ۲۳۱/۱، ط: شرکة علمیة، ملتان)

پس جو ممبران اس وجہ سے کہ غیر مستطیع پر حج فرض نہیں اس کو حج سے روکنے کو مذہبی مداخلت نہیں سمجھتے، کیا براہ کرم بتائیں گے کہ اگر مساجد میں قانوناً اذان بند کردی جائے، یا قانوناً نماز تراویح، یا سنتوں اور نفلوں کے لیے مساجد بند کردی جائیں، یا کوئی حکومت (کسی طبی یا غیر طبی اصول کی بنا پر) سنت ختنہ کو قانوناً روک دے تو یہ مذہبی مداخلت ہوگی، یا نہیں؟

دوسرا شبہ:

جب کہ ہندوستانی حاجی واپسی کا ارادہ رکھتے ہیں اور جہاز کی سواری پر ہی واپس آنا چاہتے تو اس قانون کا مفاد اسی قدر رہا کہ خود ان کے ارادہ اختیار سے پسند کئے ہوئے طریق (۱) کے لیے ایک اطمینانی صورت پیدا کرلی، پس جس طرح کہ جاتے وقت ان سے جہاز کا کرایہ لینا (۲) مذہبی مداخلت نہیں ہے، اسی طرح واپسی کا ٹکٹ لازم کردینا، یا رقم جمع کرالینا (۳) مذہبی مداخلت اور رکاوٹ نہیں ہوسکتی۔

دوسرے شبہ کا جواب:

بے شک جہاز کو استعمال کرنے کے لیے کرایہ لینا کسی حال میں مذہبی مداخلت اور رکاوٹ نہیں ہے؛ مگر قانون زیر تجویز میں صرف یہی چیز نہیں ہے کہ جہاز کو استعمال کرنے کا کرایہ لیا جائے؛ بلکہ اس کے علاوہ ایک زائد پابندی بھی ہے، وہ یہ کہ واپسی کے وقت دو تین ماہ پہلے کرایہ واپسی ادا کرو اور جب تک واپسی کا کرایہ ادا نہ کرو جانے بھی نہیں دیا جاتا، حالاں کہ واپسی میں جہاز کا استعمال؛ بلکہ خود واپسی بھی ابھی یقینی نہیں ہوتی اور یہ یقیناً مداخلت اور رکاوٹ ہے، اگر جانے کے لیے بھی ایک کافی مدت پہلے ٹکٹ خریدنے، یا کرایہ جمع کردینے کی پابندی عائد کردی جائے، مثلاً قانون اسی طرح بنایا جائے کہ صرف وہی حاجی حج کو جاسکے گا، جو حجاز جانے کے لیے جہاز کی روانگی سے تین ماہ پیشتر جانے کا کرایہ جمع کردے، یا اسی قدر پہلے ٹکٹ خریدے اور کسی جہاز میں کوئی ایسا حاجی روانہ نہ ہوسکے گا، جس نے تین ماہ پہلے ٹکٹ نہ خریدا ہو، یا کرایہ جمع نہ کردیا ہو، یقیناً یہ بھی مذہبی مداخلت اور رکاوٹ ہوگی، ظاہر ہے کہ جہاز، یا ریل کو استعمال کرنے پر اس کا کرایہ لینا تو تجارتی اور اقتصادی اصول کے مطابق مسلمہ مسئلہ ہے؛ مگر استعمال سے دو تین مہینے پہلے کرایہ لے لینا اگر مداخلت اور رکاوٹ اور ناقابل برداشت پابندی عائد کرنا نہیں تو کیا ہے؟

تیسرا شبہ:

جب تک واپسی کا ٹکٹ لازم کردینے کی ممانعت کسی قرآنی آیت سے پیش نہ کی جائے، اس وقت تک یہ مذہبی مداخلت نہیں ہوسکتی۔

---

(۱) یعنی واپسی اور طریق واپسی۔

(۲-۳) اس لیے کہ وہ جانے کے بعد جہاز کا استعمال کریں گے۔

### تیسرے شبہ کا پہلا جواب:

یہ شبہ تمام شبہات سے زیادہ خطرناک اور افسوسناک ہے، خطرناک اس لیے کہ اس میں شبہ کرنے والے نے قرآن پاک سے دلیل مانگ کر بظاہر اپنی قرآن دانی اور عامل بالکتاب ہونے کا دعویٰ کیا، جو ناواقف مسلمانوں کے دلوں میں شبہ ڈال سکتا ہے کہ یہ مسودہ قانون قرآن پاک کے خلاف نہیں ہے اور اس کو مذہبی مداخلت کہنے کے لیے کتاب اللہ میں کوئی دلیل نہیں اور افسوسناک اس لیے کہ اس سے شبہ کرنے والوں کے اصول اسلامیہ سے ایسی گہری اور عمیق ناواقفیت کا پتہ لگتا ہے، جو علمی و عقلی شہرت پر نہایت بدنما دھبہ ہے۔

اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ کیا ان معزز ممبروں نے قرآن پاک میں اذان کی بندش، قربانی کی بندش، نفل نماز کی مسجد میں پڑھنے کی بندش، ختنہ کی بندش، تمام، مذہبی امور خیر کی بندش کے مذہبی مداخلت ہونے کی تصریحات آیات قرآنیہ میں پڑھ لی ہیں، اگر ایسا ہے تو وہ آیات بتائی جائیں اور اگر تصریحات نہیں ہیں تو کیا یہ تمام بندشیں ان کے نزدیک مذہبی مداخلت نہیں ہیں، اگر کہا جائے کہ ہاں نہیں ہیں تو اسلام کا خدا حافظ ہے۔

اور اگر کہا جائے کہ یہ سب باوجود قرآن پاک میں صراحتہ مذکور ہونے کے مذہبی مداخلت میں داخل ہیں تو پھر وجہ بیان کی جائے کہ یہ سب کیوں مذہبی مداخلت ہیں اور غیر مستطیع کو حج سے روکنا کیوں مذہبی مداخلت سے خارج ہے۔

### تیسرے شبہ کا دوسرا جواب:

قرآن پاک میں فرمایا ہے:

﴿اَرَأَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى٥عَبْدًا اِذَا صَلّٰى﴾(۱)

یعنی کافروں کی مذمت میں حضرت حق نے یہ بات بھی ذکر کی ہے کہ وہ بندگان خدا کو نماز پڑھنے سے روکتے ہیں اور اس نماز میں فرض اور نفل سب شامل ہیں؛ اسی لیے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے اوقات مکروہ میں بھی نماز پڑھنے والوں کو اس آیت کے خوف سے نہیں روکا کہ کہیں میرا شمار مانعین نماز میں نہ ہو جائے۔(۲)

اسی طرح حق تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وصد عن سبيل الله وكفربه والمسجد الحرام﴾(۳)

تفسیر خازن و فتح البیان وغیرہما میں سبیل اللہ کی تفسیر حج کے ساتھ کی ہے؛ یعنی حج سے روکنا اور خدا کا انکار کرنا اور

(۱) سورۃ العلق:۹۔۱۰

(۲) يروى أن علياً رضى الله تعالىٰ عنه رأى فى المصلى أقوامًا يصلون قبل صلاة العيد، فقال: مارأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل ذالك، فقيل له: ألا تنهاهم، فقال أخشى إن أدخل تحت قوله أرأيت الذى ينهى عبدًا إذا صلى، فلم يصرح بالنهى. (تفسير غرائب القرآن علىٰ هامش، جامع البيان: ۱۲/۱۲۸، ط: دار المعرفة بيروت)

(۳) سورة البقرة:۲۱۷

مسجدحرام (کی زیارت) سے روکنا خدا کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے اور حضرت حق نے فرمایا:

﴿وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ﴾ (۱)

(یعنی اس سے زیادہ ظالم کون ہے، جو خدا کی مسجدوں میں اس کا نام ذکر کرنے سے روکے۔)

تفسیر فتح البیان میں ہے کہ لوگوں کو مسجد میں نماز وتلاوت وذکر اللہ وتعلیم کے لیے آنے سے روکے۔ (ملاحظہ ہو، تفسیر فتح البیان) (۲)

اور جب کہ عبادت اور امر خیر سے روکنا (خواہ وہ فرض ہو یا نفل) سخت گناہ اور ظلم قرار دیا گیا ہے تو ایسے تمام ذرائع جو رکاوٹ پیدا کرتے ہوں، اپنے درجات کے موافق گناہ اور ظلم اور مذہبی مداخلت میں داخل ہوں گے۔

## انسداد مصائب کی تدابیر:

گورنمنٹ اور ممبران اسمبلی کی جانب سے کہا گیا اور کہا جاتا ہے کہ اچھا اگر یہ قانون نہ بنایا جائے اور واپس کا کرایہ پہلے وصول نہ کرلیا جائے تو اس مصیبت کا کیا علاج ہے، جو جدہ میں نادار حاجی خود بھی اٹھاتے ہیں اور اہل جدہ کو بھی مصیبت میں ڈالتے ہیں۔ (۳)

میں اس سوال کے جواب میں اپنی ناچیز شخصی رائے کا اظہار کرتا ہوں، اگر اہل الرائے اس کے ساتھ اتفاق کریں تو یہ مشکل رفع ہو جائے گی، جیسا کہ سابق الذکر اعداد وشمار سے ثابت ہوا ہے کہ جہاز راں کمپنیاں ہندوستان کے حجاج سے آمدورفت میں تقریباً تیس لاکھ روپیہ کرایہ کا وصول کرتی ہیں اور اس مقدار میں کئی لاکھ روپیہ خالص منافع ہوتا ہوگا۔

گورنمنٹ نے متعدد تجارتوں میں خاص خاص قیود وشرائط کے لائسنس مقرر کیے اور خاص خاص ٹیکس لگائے ہیں، پس اگر گورنمنٹ جہاز راں کمپنیوں پر یہ شرط عائد کردے کہ حجاج سے، جس قدر کرایہ کمپنی وصول کرے، اس میں سے فی روپیہ چھ پائی گورنمنٹ کو ادا کرے اور یہ رقم گورنمنٹ نادار حجاج کے جدہ لانے اور ان کی دوسری ضروریات میں خرچ کرے، اگر صرف جانے؛ یعنی ایک ہی طرف کے کرایہ میں سے ۶/ پائی فی روپیہ وصول کرلیا جائے تو بیس ہزار حاجیوں کے کرایہ (بحساب فی کس) کی رقم پندرہ لاکھ روپے میں سے ۴۶۸۷۵/ روپیہ حاصل ہو جاتا ہے، جو واپسی میں کمی کرایہ کو مدنظر رکھتے ہوئے حجاج کو لانے کے لیے کافی ہوسکتا ہے۔

---

(۱) سورة البقرة:١١٤

(۲) يمنع مساجد الله أى من يأتي إليها للصلاة و التلاوة و الذكر وتعليمه،إلخ.(فتح البيان: ٢٠٧/١،ط:مطبعة العاصمة، شارع الفلكى،القاهرة)

(۳) اس وقت اس سے قطع نظر کر کے کہ آیا فی الحقیقت گورنمنٹ کا مقصود یہی ہے کہ نادار حجاج کی تکلیف رفع کرنے کی صورت نکالی جائے، یا یہ صرف کہنے کی بات ہے کہ مقصود کچھ اور ہے؛ کیوں کہ ہندوستان میں لاکھوں آدمی بھوک اور فاقہ سے مر رہے ہیں، ہزاروں گداگری کا پیشہ رکھنے والے مخلوق کو ستاتے ہیں؛ لیکن ان تمام مصائب کے رفع کرنے کے لیے مہربان گورنمنٹ کبھی توجہ نہیں کرتی؛ مگر اس کو ہزار بارہ سو نادار حجاج کے جدہ میں پڑے رہنے سے اس قدر تکلیف ہوتی ہے کہ ان کے حج کے لیے جانے میں قانونی رکاوٹیں ڈالنے کے لیے بے چین ہے۔

کمپنیاں حجاج کے ذریعہ سے لاکھوں روپے کا نفع حاصل کرتی ہیں تو اتنی رقم ان سے لینا نہ کوئی ظلم ہے، نہ ان کے تجارتی حقوق میں مداخلت ہے اور اس صورت میں واپسی کے وقت کرایہ کی کمی کا فائدہ بھی حجاج کو پہنچنے کی امید رہتی ہے اور مذہبی مداخلت سے بھی امن ہو جاتا ہے، اگر اسی کے ساتھ گورنمنٹ ناداری کے ان اسباب کو رفع کرنے کا بھی انتظام کرے جو کمپنیوں کے اعلان تاریخ اور پھر التوائے روانگی جہازات اور اضافہ کرایہ وغیرہ کے متعلق ہیں تو یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ تمام مصیبت نہایت آسانی سے دفع ہو سکتی ہیں۔ میں نے مختصر طور پر اس مسئلہ کے پہلوؤں کو واضح کر دیا ہے، ضرورت ہوئی تو آئندہ اس سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بحث کروں گا۔

محمد کفایت اللہ غفرلہ (کفایت المفتی: ۳۲۸/۴-۳۳۸)

## حج کی ادائیگی میں کیا خلیفہ کی موجودگی ضروری ہے:

سوال: ادائے حج کی لیے خلیفہ کا موجود ہونا ضروری ہے، یا نہیں؟ تقرر خلیفہ تک حج بند رہے گا، یا نہیں؟

الجواب

حج کسی وقت بند نہیں ہو سکتا اور حج کی فرضیت خلیفہ کے ہونے پر موقوف نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ ﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت من استطا ع إلیه سبیلاً﴾(۱)

پس استطاعت سبیل اور استطاعت زاد و راحلہ سے حج فرض ہو جاتا ہے اور جو شروط فقہا نے مثل امن طریق وغیرہ لکھی ہیں، وہ بھی استطاعت سبیل میں داخل ہیں۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیو بند: ۵۲۸/۶-۵۲۹)

## کیا شریف مکہ کے عہد حکومت میں حج صحیح ہوگا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں جب کہ شریف مکہ پر فتوی ہو چکا ہے تو جو لوگ گزشتہ سال میں اور اب حج کو گئے ہیں، ان کا حج ہوا اور ہوگا، یا نہیں؟

اور ایک عالم کہتے ہیں: دار الحرب کے مسئلہ کی رو سے کہ جب کہ خطبہ حج شریف، یا اس کا قائم مقام پڑھے گا، حج نہیں ہوگا اور ہوا تو ناقص ہوگا اور خاکسار نے تردید پیش کی بحوالہ رسالہ مناسک حج تصنیف مولانا مولوی شاہ رشید احمد صاحب، جس میں آپ نے لکھا ہے کہ اگر ۹ ر تاریخ ذی الحجہ بعد ظہر؛ یعنی حج کے دن محض میدان عرفات شریف سے گزر جائے تو بھی حج اس کا ہو چکا اور میری یہ بھی عرض ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ مکہ معظّمہ کافروں کے قبضہ میں تھا حج کیے اور اب تو مکہ معظّمہ دار السلام؛ بلکہ دار الایمان ہے اور یہ عجیب بات ہے کہ ایک شخص کا تو عمل بگڑے اور دوسرے شخصوں کا عمل نہ سمجھا جائے؛ اس لیے جواب مرحمت فرما دیں؟

---

(۱)　سورۃ آل عمران: ۹۷، انیس

الجواب

آپ کی خوش فہمی سے دل خوش ہوا، جو سمجھا بے شک یہی بات ہے، حج کے جواز میں کچھ شبہ نہیں، خصوصاً جن پر حج فرض ہے، اگر محض اس وجہ سے نہ جاویں گے تو سخت گنہ گار رہوں گے اور نفل بھی درست ہوگا۔

۱۲رشوال ۱۳۳۸ھ (تتمہ خامسہ،ص:۱۵۶) (امداد الفتاوی جدید:۲/۱۵۷)

## شریف مکہ کی وجہ سے حج کی فرضیت میں فرق نہیں آتا:

سوال: علمائے پنجاب دربارۂ حج بیت اللہ شریف یہ فرماتے ہیں کہ آج کل حج بوجہ اس کے کہ وہ مقام شریف کے قبضہ میں ہے، ناجائز ہے، کیا یہ درست ہے؛ کیوں کہ میری ہمشیرہ اور برادر کا ارادہ امسال حج کا ہے؟

الجواب

حج بیت اللہ ان لوگوں پر جن کو استطاعت ہو فرض ہے، یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ اب بوجہ مذکورہ حج فرض نہیں رہا، ان کو بے تامل حج کا ارادہ کرنا چاہیے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۲۷-۵۲۸)

## بزمانہ شریف مکہ حج ساقط نہیں:

سوال: اعتراض کیا جاتا ہے کہ خانہ کعبہ غیر مسلم سیادت میں ہے، اب وہ دارالامن نہیں رہا، اگرچہ بظاہر ادائے رسوم مذہبی میں کوئی مذاحمت نہ ہو، اس حالت میں حج ساقط ہے، یا نہیں؟

الجواب

جب کہ حج کی ممانعت نہیں ہے اور ارکان حج میں کچھ ممانعت نہیں ہے اور طریق مامون ہیل؛ تو استطاعت زاد راحلہ کی صورت میں حج کرنا فرض ہے۔ پس بوجہ مذکورہ حج ساقط نہ ہوگا۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۲۸)

## شاہ ابن مسعود کی حکومت میں حج درست ہے، یا نہیں:

سوال: سلطان ابن مسعود کے تسلط کے بعد سے ارض حجاز میں کامل امن وامان ہے، جس کی تصدیق امسال کے حجاج کرتے ہیں؛ لیکن بعض حضرات ابن مسعود کے ہدم قیامت واعلان ملوکیت حجاز کی بنا پر اس وقت تک حج کے التوا کا مشورہ نہ دے رہے ہیں، جب تک حجاز سے ابن سعود کی حکومت کا اخراج نہ ہو اور منہدم قبہ جات کی تعمیر نہ ہو، شرعاً یہ مشورہ

---

(۱) هو ... فرض ... مرة ... علی مسلم ... حر مكلف ... زاد ... و راحلة ... فضلاً عما لابد منه.(الدر المختار علی هامش ردالمحتار، كتاب الحج:۳/۴۴۷-۴۶۰،مكتبة زكريا ديوبند،انيس)

(۲) هو فرض مرة على الفور بشرط حرية وبلوغ إلخ وأمن طريق(كنز) وحقيقة أمن الطريق أن يكون الغالب فيه السلامة.(البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/۳۳۸،مكتبة زكريا ديوبند،انيس)

صحیح ہے، یانہیں؟ درصورت ثانی وہ مستطیع حضرات جن پر حج فرض ہو چکا ہے،صرف اس مشورہ پر عامل ہوکرادائیگی فرض میں تاخیر کردیں اوراس توقف میں خدانخواستہ اگرموت کے شکار ہو جائیں تو عنداللہ ماخوذ ہوں گے، یانہیں؟

**الجواب**

یہ مشورہ مانعین حج کا صحیح نہیں ہےاور ایسا مشورہ دینے والے عاصی ہیں،فریضۂ حج کسی طرح اس صورت میں جائز نہیں ہے اور جن لوگوں پر حج فرض ہو چکا ہے،اگر وہ بدون حج کے، یا وصیت حج کے فوت ہو جاویں گے تو عنداللہ وہ ماخوذ ہوں گے اوراس وعید کے مستحق ہوں گے جو کہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جس پر حج فرض ہوااوراس حج ادا نہ کیااوروہ مرگیا تو وہ یہودی ہوکرمرے یانصرانی ہوکرمرے،اللہ تعالیٰ کو کچھ پروانہیں ہے۔(**والعیاذ باللّٰہ تعالیٰ جل ذکرہ**)(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۲۴-۵۲۵)

## کیاحج کاویزانہ ملنامانع وجوبِ اداہے:

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید ایک صاحبِ ثروت اور مال دار شخص ہے،کئی سال سے مسلسل حج کاویزالگانے کی کوشش کررہاہے؛لیکن حکومتی رکاوٹوں کی وجہ سے اب تک اس کوحج کاویزانہ مل سکاتو کیاویزانہ ملنے کی وجہ سے حج میں تاخیر کےسبب زید گنہگار ہوگا؟ اوراس کے بارے میں شریعت کا کیاحکم ہے؟

**باسمہ سبحانہ تعالیٰ ، الجواب وباللّٰہ التوفیق**

سعودی حکومت کے انتظامات کے پیش نظر ہر ملک میں مسلم آبادی کے تناسب سے حج کے لیے ویزوں کا کوٹہ مقرر ہے، اس مقررہ تعداد سے زیادہ ویزے نہیں دیئے جاتے، اسی طرح ویزے کے اجراکے لیے دیگر شرائط بھی لازمی کردی گئی ہیں،جن کو پورا کیے بغیر ویزاملنامشکل ہوتاہے۔

بریں بنااگرکوئی شخص صاحب استطاعت ہواورتندرست بھی ہو؛لیکن کوشش کے باوجوداسے حج کاویزانہ مل پائے تواس کے حق میں وجوب ادا کی شرط نہیں پائی جائے گی اوراس بناپرحج میں تاخیر کاگناہ اسے نہ ہوگا؛ تاہم اس پرلازم ہے کہ وہ ہرسال ویزے کی کوشش کرتارہےاور زندگی سے مایوس ہونے کے وقت اپنی طرف سے حج کی وصیت کرے۔

**فالمجوس والخائف من السلطان کالمریض لایجب علیہما أداء الحج بأنفسہما ولکن یجب علیہما الاحجاج أوالایصاء بہ عند الموت عند ھما.** (غنیة الناسک،ص: ۲۴، ومثلہ فی فتح القدیر: ۲/۴۱۷-۴۱۸، زکریا،الفتاویٰ الھندیة: ۱/۲۱۸،إعلاء السنن: ۱۰/۸،کراتشی، البحر الرائق: ۲/۳۱۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری،۶/۳/۱۴۳۶ھ۔الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ (کتاب النوازل:۷/۳۰۲)

---

(۱) عن علی قال:قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: من ملک زاداً وراحلة تبلغه إلی بیت اللّٰہ ولم یحج فلا علیه أن یموت یھودیاً أونصرانیاً الحدیث .(مشکاة المصابیح،کتاب الحج،الفصل الثانی،ص: ۲۲۲،ظفیر)

## جس شخص پر حج فرض نہ ہو اور کسی نے تبرعاً حج کرادیا تو اس کا فرض حج ادا ہوجائے گا، یا نہیں:

سوال: اگر کوئی شخص اپنے ہمراہ خدمت کے واسطے، یا ویسے ہی تبرعاً ایسے شخص کو حج کو لے جائے، جس پر فی الحال حج فرض نہیں تو اس کا وہ فرض جو آئندہ ہونے والا ہے، ادا ہو جائے گا، یا نہیں؟ اور نیز شخص مذکور کو یہیں اس قدر روپیہ دے کر قبضہ کرادیا جائے، جس سے فرضیت عائد ہوجائے تو بھی فرض ادا ہو جائے گا، یا نہیں؟

الجواب

ہاں دونوں صورتوں میں اس شخص کے ذمہ سے حج فرض ادا ہوجائے گا۔ (امدادالاحکام:۳/۱۵۹)

## اپنی کمائی سے والدین کو حج کرانا فرض ہوگا، یا نفل:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص کا ایک بیٹا ہے جو کماتا ہے، وہ اگر اپنی کمائی سے والدین کو حج کرائے تو والدین کی طرف سے وہ حج حج فرض ادا ہوگا، یا حج نفل ادا ہوگا۔

بیٹا جو والدین کو حج کراتا ہے، وہ اگر حج نفل ادا ہوگا تو اگر اپنی کمائی سے والدین کو حج کرائے تو والدین کی طرف سے وہ حج حج فرض ادا ہوگا، یا حج نفل ادا ہوگا؟

بیٹا جو والدین کو حج کراتا ہے، وہ اگر حج نفل ادا ہوگا تو آگے چل کر اگر والدین مال دار ہوجائیں، جس سے وہ حج کر کے آسکتے ہیں تو کیا وہ کیا ہوا حج نفل فرض کے لیے متبادل بنے گا، یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالی، الجواب وباللّٰہ التوفیق

بیٹا اگر اپنی کمائی سے والدین کو حج کرائے اور والدین حج فرض کی نیت کریں تو ان کا فرض حج ادا ہوجائے گا، حتیٰ کہ اگر والدین بعد میں صاحب استطاعت ہوجائیں تو انہیں دوبارہ حج کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ومنها القدرة على الزاد والراحلة بطريق الملك أو الإجارة دون الإعارة والإباحة، سواء كانت الإباحة من جهة من لا منة له عليه كالوالدين والمولودين أو من غيرهم كالأجانب كذا في السراج الوهاج.** (الفتاوىٰ الهندية: ۱/۲۱۷)

**إن القدرة على الزاد والراحلة لا بد فيها من الملك دون الإباحة والعارية.** (شامي: ۳/٤٦٠)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۳۲/۴/۳۰ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۳۵۰)

## کیا خود حج کرنے سے قبل والدین کو حج کرانا ضروری ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ عبداللہ ملازم پیشہ فرد ہے،

اب اس کے پاس اتنی رقم ہوگئی ہے کہ اس پر حج فرض ہوگیا، اس کے والدین حیات ہیں، اس نے جب اس فرض کی ادائے گی کا اظہار خیال اپنے عزیز واقارب سے کیا تو کچھ لوگوں نے اس سے کہا کہ تمہارا حج جب تک نہیں ہوسکتا، جب تک پہلے اپنے والدین کو حج نہ کراؤ گے، کیا ان لوگوں کا کہنا از روئے شرع درست ہے، یا نہیں؟ ایسی شکل میں عبداللہ کو کیا کرنا چاہیے؟ والدین کے پاس اس قدر مال نہیں ہے، جس پر حج فرض ہوتا ہے، کل خرچ عبداللہ کو برداشت کرنا ہے، ایسی صورت میں از روئے شریعت عبداللہ کو کیا کرنا چاہیے؟ عبداللہ کے پاس اس وقت اس قدر مال نہیں ہے کہ وہ والدین کے خرچ کو برداشت کر سکے؟

باسمه سبحانه تعالیٰ ، الجواب ـــــــــــــ وباللّٰه التوفيق

مسئولہ صورت میں صرف عبداللہ پر حج فرض نہیں ہے اور اس کے حج کی ادائے گی، اس کے والدین کے حج پر موقوف نہیں ہے، لہذا اسے پہلے اپنا فرض ادا کرنا چاہیے، بعد میں اگر اللہ تعالیٰ وسعت دے تو والدین کو بھی حج کرادے تو مستحق اجروثواب ہوگا۔

**ولا تثبت الا ستطاعة بالعارية والإ باحة، فلو بذل الابن لأبيه الطاعة وأباح له الزاد والراحلة لا يجب عليه الحج، وكذا لو وهب مالاً ليحج به لا يجب عليه قبوله.** (غنية الناسک، ص: ۲۱، ومثله فی البحر الرائق: ۵٤٨/۲، زكريا)

**إن القدرة على الزاد والراحلة لابد فيها من الملك دون الإباحة والعارية.** (شامی: ٤٦٠/٣، زكريا)

**ومنها القدرة على الزاد والراحلة بطريق الملك أو الإ جارة دون الإ عارة والإ باحة سواء كانت الاباحة من جهة منلا منة له عليه كالو الدين، والمولودين أو من غيرهم كالأ جانب، كذا فی السراج الوهاج.** (الفتاویٰ الهندية: ٢١٧/١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۲۴/۱۱/۱۴۲۵ھ۔ (کتاب النوازل: ۳۷۰/۷)

## صاحب نصاب کسی سبب حج نہ کر سکے اور مال خرچ ہوجائے تو اس پر حج فرض ہوگا، یا نہیں:

سوال: جنگ یورپ کے زمانہ میں ایک شخص کے پاس اتنی رقم تھی کہ وہ حج ادا کر سکے؛ لیکن علماءِ کرام کے ارشاد پر کہ راستہ کی حالت از حد مخدوش ہے وہ حج ادا نہ کر سکا اور اسی حالت جنگ میں وہ رقم اس کے پاس سے صرف ہوگئی، اب گزارش ہے کہ اس کے لیے شرعا کیا حکم ہے؟

الجوابـــــــــــــ

محض علما کا کہنا کافی نہ تھا؛ کیوں کہ راستہ کا مخدوش ہونا، یا نہ ہونا علمی مسئلہ شرعاً تھوڑا ہی ہے؛ بلکہ یہ تو تحقیق اخبار سے متعلق تھا، پس اگر تحقیق سے اس وقت یہی ثابت ہوا تھا کہ راستہ مخدوش ہے، جب تو سائل کے ذمہ اب حج فرض

نہیں اور اگر تحقیق نہیں کی تو اس کے ذمہ حج فرض ہے، رقم جمع کر کے حج ادا کرنے کی کوشش کرے اور یہ جواب اس صورت میں ہے، جب کہ کسی سال ماہ شوال، یا ذی قعدہ میں اس کے پاس بقدر حج کے رقم فاضل عن الحوائج الضروریہ جمع رہی ہو اور اگر ان مہینوں میں کبھی رقم جمع نہیں رہی تو سوال دوبارہ کیا جاوے۔ فقط

۲/ذی قعدہ ۱۳۴۷ھ (امداد الاحکام:۱۶۱/۳)

## قحط کی حالت میں حج:

سوال: عبد الرشید کی ایک لڑکی شادی شدہ ہے؛ لیکن داماد لڑکی کو بہت زدوکوب کرتا ہے، ہر چند سمجھایا؛ مگر باز نہیں آیا، عبد الرشید حج کو جانا چاہتا ہے؛ مگر ڈر یہ ہے کہ سفرِ حج میں اگر کچھ ہو گیا تو لڑکی یتیم ہو جائے گی اور اس کی زندگی بھیانک گزرے گی، اسی طرح اس علاقہ میں قحط پڑ رہا ہے تو پھر حج کو چلا جاوے، یا اس وقت ملتوی کر دے تو یہ کیسا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

لڑکی کی مذکورہ حالت کی بنا پر حج فرض کو ترک ہرگز نہ کرے، اسی طرح بارش نہ ہونے کی وجہ سے ترک نہ کرے؛(۱) الا یہ کہ وقتِ حج سے پہلے پہلے اپنا روپیہ غرباء کو صدقہ کر دے؛ تاکہ قحط زدہ غریبوں کی امداد ہو جاوے تو حج خود ہی امسال لازم نہیں رہے گا۔(۲) فقط اللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۰۱-۳۰۲)

## کیا دوسرے کے اخراجات پر حج کرنے سے حج کی فرضیت ساقط ہو جائے گی:

سوال: جس شخص بالغ عاقل آزاد پر بوجہ مال نہ ہونے کے حج فرض نہیں ہے، اس کو نفل حج کرنے کے لیے کسی نے پیسے دیئے اور اس نے خود کی طرف سے نفل حج ادا کیا، بعد میں وہ نفل حج کردہ شخص مالدار ہو گیا اور وہ حج کرنے نہ جاوے تو پہلا نفل حج جو اس نے کیا ہے اس سے حج کی اس پر سے فرضیت ساقط ہو جاوے گی، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

پہلا حج جو اس شخص نے کیا ہے، اگر خالص نفل کی نیت کی ہے تو وہ نفل ادا ہوگا اور فرض حج ساقط نہ ہوگا اور اگر مالدار

---

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ:﴿وللّٰه على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلاً﴾(سورة آل عمران: ۹۷)

"والحج واجب على الأحرار البالغين العقلاء الأصحاء إذا قدروا على الزاد والراحلة فاضلاً عن المسكن،إلخ". (الهداية، كتاب الحج: ۲۳۱/۱، مكتبة شركة علمية،ملتان)

"شروط الوجوب: وهى التى إذا وجدت بتمامها،وجب الحج،وإلا فلا". (رد المحتار،مطلب فيمن حج بمال حرام: ۴۵۸/۲،سعيد)

(۲) السابع: الوقت وهو أشهر الحج أو وقت خروج أهل بلده إن كانوا يخرجون قبلها،فلا يجب إلا على القادر...وإن ملكه فيه،فليس له صرفه إلى غير الحج،الخ. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۵۳۹/۲، رشيدية)

ہوا تو حج فرض پھرادا کرنا ہوگا اور اگر خاص نفل کی نیت نہ کی تھی؛ مگر فرض کی بھی نیت نہ کی تھی؛ بلکہ مطلق حج کی نیت کر لی تھی تو اس سے فرض ساقط ہو گیا، اب مالدار ہونے سے دوبارہ حج فرض نہ ہوگا۔

**فی رد المحتار: بأن الحج يصح بمطلق النية بلا تعيين الفرضية بخلاف الصلاة.(۱)**

**إلا تحت قول الدر المختار: (حر مكلف) عالم بفرضيته إما بالكون بدارنا.**

**وفي نور الأنوار، بحث الطرف والمعيار: ويتأدى (الحج) باطلاق النية لا بنية النفل أي إن أدّى الحج بمطلق النية بأن يقول نويت الحج يقع من الفرض بخلاف ما إذا قال نويت حج النفل فإنه يقع عن النفل، آه ۔**

۸/رجب ۱۳۴۲ھ (تتمہ خامسہ، ص: ۲۷۰) (امداد الفتاوی جدید: ۱۵۸/۲)

## مرض تنفس سے فرضیت ساقط نہ ہوگی:

سوال: ایک شخص کے پاس دوسو روپے تھے، اس نے نیت کی تھی کہ میں ان روپیوں سے حج بیت اللہ کروں گا؛ مگر اب تک وہ صورت خدا نے نہ دکھائی اور اس میں سے پچاس روپے صرف ہو گئے اور شخص مذکور کو عارضہ تنفس کا ہو گیا اور یہ خوف ہے کہ سفر میں شاید اور زائد ہو جاوے، اب یہ نیت کرتا ہے کہ ان روپیوں سے اپنے محلّہ کی مسجد جو بے مرمت ہے، اس کی مرمت کرادوں، شریعت کیا فرماتی ہے؟

**الجواب**

اس پر حج فرض ہو گیا تھا اور جو عارضہ تنفس کا لکھا ہے، وہ عذر کافی نہیں۔

**في الدر المختار: صحيح البدن في رد المختار أي سالم عن الآفات المانعة عن القيام بما لابد منه في السفر، إلخ.(۱)**

(تتمہ اولیٰ، ص: ۱۷) (امداد الفتاوی جدید: ۱۵۸/۲)

## صاحبِ وسعت پر حج فرض ہے:

سوال: زید کے گھر میں کافی دولت ہے، مگر حج کو نہیں جاتا اور جب اس سے کہا جاتا ہے تو کہتا ہے کہ میرے اوپر ذمہ داری بہت ہے، یہ کیسا ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً**

اگر زید کے پاس اتنی دولت ہے، جس سے اس کے اوپر حج فرض ہے تو وہ گناہگار ہے۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیو بند (فتاویٰ محمودیہ: ۲۸۹/۱۰-۲۹۰)

---

(۱) الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحج: ۴۵۷/۳، مكتبة الرياض

(۲) وعن أبي أمامة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من لم يمنعه من الحج ==

## معذور لیکن صاحب استطاعت شخص کے حج کا حکم:

سوال: زید پیروں سے معذور ہے، تھوڑی دور بھی مشکل سے چل سکتا ہے، استطاعت ہے؛ اس لیے حج کا ارادہ رکھتا ہے، ایک آدمی ساتھ رکھنا ہوگا، جس کا صرفہ زید کو دینا ہوگا، اتنی استطاعت ہے کہ آدمی کے خرچ کو برداشت کرلے گا، ایسی معذوری میں بھی زید پر حج فرض ہے، یا کیا؟

الجواب

**قال في الهندية: ومنها سلامة البدن حتىٰ أن المقعد والزمن والمفلوج ومقطوع الرجلين لا يجب عليهم حتىٰ لايجب عليهم الإحجاج وإن ملكوا الزادو الراحلة ولا الإيصاء في المرض هٰذا ظاهر المذهب عن أبي حنيفة وهو رواية عنهما وظاهرالرواية عنهما أنه يجب عليهم فإن أحجوا أجزاهم مادام العجز مستمراًبهم" فإن زال، فعليهم الإعادة بأنفسهم وظاهرما في التحفة اختياره فإنه اقتصرعليه وكذا الإسبيجابي وقواه المحقق في فتح القدير، والأعمٰى إذا ملك الزاد والراحلة إن لم يجد قائداً إلا يلزمه الحج بنفسه في قولهم وهل يجب الاحجاج بالمال فعند أبي حنيفة لايجب وعند هما يجب وإن وجد قائداً عند أبي حنيفة لايجب الحج بنفسه و عن صاحبيه فيه روايتا ن: .... ولوملك الزاد والراحلة وهوصحيح البدن ولم يحج حتىٰ صار زمنا أومفلوجاً لزمه الاحجا ج بالمال بلا خلاف اه ملخصاً.** (۱)

صورت مذکورہ میں زید پر خود حج کرنا تو فرض نہیں؛ لیکن حج بدل کرا دینا ضروری ہے؛ لیکن بعد میں اگر تندرست ہوگیا تو دوبارہ خود حج کرنا پڑے گا اور اگر خود حج کو چلا جاوے یہ بہت ہی بہتر ہے۔ واللہ اعلم (امدادالاحکام: ۱۵۲/۳)

---

== حاجة ظاهر ة أوسلطان جائر أومرض حابس، فمات ولم يحج، فليمت ان شاء يهودياً وإن شاء نصرانياً. (مشكاة المصابيح: ۲٤٠/١، كتاب المناسك، الفصل الثالث، قديمي)

دیکھئے: مسند الدارمي، رقم الحديث: 1826، البيهقي، شعب الإيمان، رقم الحديث: 3693؛ لیکن اس روایت کی سند ضعیف ہے؛ اس لیے کہ اس کے ایک راوی ليث بن أبي سليم، میں جو ضعیف ہیں، امام احمد، امام یحیٰ ابن معین اور امام نسائی وغیرہ نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے۔ دیکھئے: ميزان الاعتدال: ٤٢٠/١)

وعن علي رضي الله عنه: قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من ملك زادا وراحلة تبلغه إلٰى بيت الله، و لم يحج، فلا عليه أن يموت يهودياً أونصرانياً وذلك إن الله تعالٰى يقول ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا. (مشكاة المصابيح: ٢٢٢/١، كتاب المناسك، الفصل الثاني، قديمي/سنن الترمذي، رقم الحديث: ٨١٢، البيهقي في شعب الإيمان، رقم الحديث: ٣٦٨٢، امام ترمذی نے اس حدیث کے نقل کرنے کے بعد تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: "هٰذا حديث غريب" لا تعرفه الأمن هٰذا الوجه، وفي إسناده مقال، دهلال بن عبد الله مجهول، والحارث يضعف في الحديث. (الترمذي، باب ماجاء من التغليظ في ترك الحج: ١٦٧/١-١٦٨، امام بخاری نے ہلال کو منکر الحدیث قرار دیا ہے۔ (تهذيب التهذيب: ٨٢/١١)

(۱) الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسك، باب في تفسير الحج وشروطه:

## جس کے پاس جائیداد زیادہ ہو اور نقد روپیہ نہ ہو، اس پر وجوب حج کا حکم:

سوال: جس شخص کے پاس زمین زیادہ ہے اور روپیہ نقد موجود نہیں، اس کے ذمہ حج فرض ہے، یا نہیں؟ یعنی اس شخص کو زمین فروخت کر کے حج کرنا فرض ہے، یا نہیں؟ مثلاً ایک شخص ہے کہ اس کے پاس پانچ ہزار روپیہ نقد موجود ہے اور دوسرے کے پاس زمین دس ہزار روپیہ کی زمین ہے اور نقد موجود نہیں ہے۔ اب فرمایئے کہ ان میں کس کے ذمہ حج فرض ہے، یا دونوں کے ذمہ حج کرنا فرض ہے؟

(۱) ایک شخص کے پاس پانچ ہزار روپیہ کا سامان دکان میں موجود ہے، اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟

(۲) ایک شخص کے چار ہزار روپیہ کا مویشی موجود ہیں، اس پر حج کرنا فرض ہے، یا نہیں؟

(۳) ایک شخص کے پاس پانچ ہزار روپیہ کا غلہ موجود ہے، اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟

الجواب

جس شخص کے پاس اتنی زیادہ زمین ہو کہ اس کا اس کا ٹکڑا مصارف حج کے لیے فروخت کرنے کے بعد بھی اتنی زمین باقی رہے، جو اس کے اور اس کے اہل وعیال کے تعیش کے لیے کافی ہے تو ایسے شخص کے ذمہ اپنی زمین کا کچھ حصہ حج کے لیے فروخت کرنا لازم ہے اور اس پر حج فرض ہے اور اگر مصارف حج کے واسطے ایک ٹکڑا بیع کرنے کے بعد باقی زمین اس کے اور اس کے اہل وعیال کے گزارہ کو کافی نہیں رہتی تو اس حالت میں اس پر حج فرض نہیں اور نہ زمین کا فروخت کرنا فرض ہے۔

**قال فی غنیة الناسک: وإن کان له من الضیاع ما لو باع مقدار ما یکفی الزاد والراحلة یبقی بعد رجوعه من ضیعته قدر ما یعیش بغلة الباقی یفترض علیه الحج وإلا فلا کذا فی الخانیة، آه.** (۱)

**۲۱ رصفر ۱۳۴۵ھ** (امداد الاحکام: ۱۵۲/۳)

جواب سوال دوم سوم:

**قال فی غنیة الناسک: السادس: الاستطاعة: وهی القدرة علٰی زاد یلیق بحاله فاضلاً عن الحوائج الأصلیة المذکورة فی الزکاة کمسکنه وعبید خدمته وفرسه المحتاج إلٰی رکوبه ولو أحیاناً ومرمة مسکنه ورأس مال حرفته إن احتاجت لذلک والآلات حرثه من البقر ونحو ذلک إن کان حراثا أکاراً أورأس مال التجارة إن کان تأجراً یعیش بالتجارة والمراد ما یمکنه الاکتساب به قدر کفایة عیاله لاأکثر لأنه لا نهایة له.** (۲)

**وفیه أیضاً: وإن کان له مسکن فاضل لایسکنه أوعبد لایستخدمه أومتاع لایمتهنه أوکتب**

(۱) الفتاویٰ الهندیة، کتاب المناسک: ۲٤۰/۱

(۲) رد المختار، کتاب الحج: ٤٦١/۳

**لایحتاج إلٰی استعمالها أو کرم زائد علٰی قدر التفکه بها ونحو ذلک مما لایحتاج إلیها یجب بیعها إن کان به وفاء بالحج.**(۱)

پس جس شخص کے پاس پانچ ہزار کا سامان دوکان میں ہے، اگر اس میں سے بقدر مصارف حج کے فروخت کر کے اتنا سرمایہ باقی رہے کہ اس میں تجارت کر کے یہ شخص مع اہل وعیال کے متوسط حال سے گزر کر سکے تو بقدر مصارف حج کے سامان کا بیع کرنا لازم ہے اور اس پر حج فرض ہے اور اگر باقی میں تجارت کر کے گزر نہ ہو سکے تو واجب نہیں، بشرطیکہ اس شخص کا گذر تجارت ہی پر ہو اور جس شخص کے پاس چار ہزار کے مویشی ہیں تو اگر یہ شخص کاشتکار، یا زمیندار ہے اور یہ مواشی سب کے سب کھیتی کے کام میں مشغول ہیں، یا یہ جانور سواری کے ہیں اور گاہے گاہے سواری کے کام میں آتے ہیں تو اس حالت میں اس پر حج فرض نہیں، نہ ان مواشی کا بیچنا لازم ہے اور اگر یہ جانور دودھ پینے کے ہیں اور اس کے اہل وعیال کا گزران کے دودھ ہی پر ہے، اس کے سوا اور کوئی صورت معاش کی نہیں، نہ زمین کا غلہ ہے اور نہ کچھ، تب بھی اس پر ان کا بیچنا لازم نہیں، بشرطیکہ اگر مصارف حج کے لیے بعض کو فروخت کیا جائے تو باقی مویشی سے گزارہ نہ ہو سکے اور نہ حج فرض ہے اور اگر اس کی معاش ان جانوروں کے دودھ پر موقوف نہیں، یا موقوف ہے؛ لیکن ان میں سے بقدر مصارف حج کے ایک دو، یا زیادہ جانوروں کے فروخت کرنے کے بعد باقی ماندہ مویشی گزارہ کو کافی ہیں، یا یہ جانور تجارتی ہیں اور ان کی تجارت پر اس کا گزر موقوف نہیں، یا موقوف ہے؛ مگر مصارف حج کے لیے ایک دو، یا زیادہ کو بیع کرنے کے باقی ماندہ کی تجارت اس کے گزر کو کافی ہے تو بقدر حج کے ایک دو یا زیادہ جانور کو بیع کر کے اس پر حج کرنا فرض ہوگا۔

رہا غلہ جو پانچ ہزار کا ہے تو اگر یہ سارا غلہ صرف کھانے ہی کے صرف میں آتا ہے، تب تو حج فرض نہیں اور اگر کچھ کھایا جاتا ہے، باقی بیچا جاتا ہے تو جتنا ضرورت سے زائد ہے، اس کو بیع کر کے حج کرنا فرض ہوگا، اگر وہ زائد غلہ فروخت ہونے کے بعد زادوراحلہ ومصارف حج کو کافی ہو۔ واللہ اعلم

از تھانہ بھون، ۲۱/صفر ۱۳۴۵ھ (امداد الاحکام: ۱۵۳/۳)

## استطاعت سے پہلے حج کا حکم:

سوال: ایک مسکین نے مسکینی کی حالت میں کسی طرح حج کرلیا، اب وہ مالدار ہوگیا تو کیا حج فرض دوبارہ ادا کرنا چاہیے؟

**الجواب ـــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

اگر اپنی ہی طرف سے حج کیا ہے تو اب مالدار ہو جانے کی وجہ سے دوبارہ حج فرض نہیں۔(۲) اگر حج بدل کیا ہے تو

(۱) رد المختار، کتاب الحج: ۳/ ٤٦١، والفتاویٰ الهندية، کتاب المناسک فی تفسیر الحج وشروطه: ۱/ ۲٤۰

(۲) وقد قدمنا أن من الشرائط: الوقت، أعنی أن یکون مالکاً لما ذکر فی أشهر الحج، حتٰی لو ملک ==

اب مالدار ہوکر اپنا حج کرنا ضروری ہے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۹۲-۲۹۳)

## حج کا ارادہ کرکے پھر ترک کرنا:

سوال: ایک دیندار اور محتاج بزرگ حج بیت اللہ شریف کا ارادہ پختہ کرچکے تھے؛ لیکن جنتری سے معلوم ہوا کہ اب کے سال ۹/ذی الحجہ جمعہ کا دن پڑے گا اور سعودی گورنمنٹ غالباً اس دن حج ہونے نہیں دیتی۔ سوال یہ ہے کہ کیا حج کا ارادہ اب کے سال فسخ کردیا جائے، دوسرے یہ کہ اگر ۹/ذی الحجہ کو یوم الحج ہو اور سعودی گورنمنٹ اپنی عادت کے مطابق روک دے تو کیا دس تاریخ کو حج ہوجائے گا، ایک کتاب فتاویٰ عثمانی، جلد نمبر:٦، کتاب الحج والزیارۃ مصنفہ مولوی منور الدین دہلوی میں لکھا ہے کہ عرفہ کا دن زوال آفتاب کے وقت سے عید کے روز صبح ہونے سے پہلے تک ہے۔ (نزد امام اعظم)؟

(المستفتی:۲۰۷۴، علیم اللہ صاحب انصار، گورکھپور، ۲۴/رمضان ۱۳۵٦ھ، ۲۹/نومبر ۱۹۳۷ء)

الجواب

حج کا ارادہ فسخ کرنے کی کوئی وجہ نہیں اور یہ خبر کہ سعودی گورنمنٹ جمعہ کے دن حج ہونے نہیں دیتی، سراسر جھوٹ اور افترا ہے، عرفہ کا دن تو غروب آفتاب پر ختم ہوتا ہے؛ مگر حج میں وقوف عرفات کے لیے زوال آفتاب ۹/ذی الحجہ سے قبل طلوع الفجر (۱۰/ذی الحجہ) وقت ہے۔(۲) غالباً کتاب الحج والزیارۃ کی عبارت کا یہ مطلب ہوگا۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی:۴/۳۴۰)

---

== مابه الاستطاعة قبلها، كان في سعة من صرفها إلىٰ غيره، وأفاد هٰذا قيدا في صيرورته ديناً إذا فتقر، هو أن يكون مالكاً في أشهر الحج، فلم يحج، والأولىٰ أن يقال: إذا كان قادراً وقت خروج أهل بلده إن كانوا يخرجون قبل أشهر الحج لبعد المسافة أو كان قادراً في أشهر الحج إن كانوا يخرجون فيها، ولم يحج حتىٰ افتقر، تقرر ديناً، وإن ملك في غيرها وصرفها إلىٰ غيره، لاشيء عليه كذا في فتح القدير. (البحر الرائق: ٢/٥٥٠، كتاب الحج، رشيدية)

ثم ما ذكر من الشرائط لوجوب الحج: من الزاد والراحلة وغير ذلك، يعتبر وجودها وقت خروج أهل بلده إلىٰ مكة، حتىٰ لو ملك الزاد والراحلة في أول السنة قبل أشهر الحج وقبل أن يخرج أهل بلده إلىٰ مكة، فهو في سعة من صرف ذلك إلىٰ حيث أحب. وإذا صرف ما له ثم خرج أهل بلده، لايجب عليه الحج. فأما إذا جاء وقت خروج أهل بلده فيلزمه التأهب، فلا يجوز له صرفه إلىٰ غيره، فإن صرفه إلىٰ غير الحج، أثم وعليه الحج، كذا في البدائع. (الفتاوىٰ الهندية: ١/٢٤٥، كتاب المناسك، الباب الأول في تفسير الحج، رشيدية)

(١) ثم الصحيح من المذهب في من حج عن غيره أن أصل الحج يقع عن المحجوج عنه، ولهٰذا لا يسقط به الفرض عن المأمور، وهو الحاج، كذا في التبيين. (الفتاوىٰ الهندية: ١/٢٥٧، الباب الرابع عشر في الحج عن الغير، رشيدية)

(٢) ومن أدرك الوقوف يعرفة مابين زوال الشمس من يومها إلىٰ طلوع الفجر من يوم النحر فقد أدرك الحج فأول وقت الوقوف بعد الزوال عندنا إلخ. (روى عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: الحج عرفة فمن وقف بعرفة ساعة من ليل أو نهار فقد تم حجة. (نصب الرأية في تخريج أحاديث الهداية، كتاب الحج، باب الاحرام: ٣/١٨٧) (الهداية، كتاب الحج، فصل في مايتعلق بالوقوف: ١/٢٥٤، ط: ملتان)

## اگر صرف مکہ جانے بھر روپیہ ہو، مدینہ کا خرچ نہ ہو تو حج فرض ہوا، یا نہیں:

سوال: اگر کسی شخص کے پاس اتنا روپیہ ہو کہ صرف حج کر سکتا ہے اور مدینہ منورہ نہیں جا سکتا تو اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟ یا انتظار کرے کہ مدینہ منورہ کا بھی خرچ ہو جاوے؟

الجواب

حج فرض ہو گیا انتظامیہ نہ کرنا چاہیے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیو بند: ۵۱۸/۶)

## شاہان کفارہ ومشرکین کے اثر میں والی حجاز ہو تو کیا حج جائز ہے، یا نہیں:

سوال: جب کہ کفار ومشرکین کا اثر خانۂ کعبہ وجزیرہ عرب پر ہے اور انہیں کے حسب الاشارہ وہاں کی حکومت حرکت کرتی ہے تو کیا اس حالت میں حج جائز ہے؟

الجواب

بصورت مذکورہ حج فرض ہے، پس جن لوگوں پر حج فرض ہے، ان کو حج کرنا ضروری ہے۔ **قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلاً﴾** (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیو بند: ۵۲۵/۶)

## کیا اس شخص پر حج فرض ہے، جس کی تمام آمدنی خرچ ہو جاتی ہو:

سوال: ایک زمیندار کے پاس چار پانچ سو روپے کے منافع کی جائداد ہے، اہل وعیال کے خرچ ایسے ہیں کہ سال میں کچھ بھی بچت نہیں ہوتی تو آیا اس پر حج واجب ہے؟

الجواب

**وفي التتارخانية عن الصغرىٰ: له دار يسكنها لكن تزيد علىٰ حاجته بأن لايسكن الكل يحل له أخذ الصدقة في الصحيح وفيها سئل محمد عمن له أرض يزرعها أوحا نوت يستغلها أودار غلتها ثلٰثة آلاف ولاتكفي لنفقته ونفقة عباله سنة يحل له أخذ الزكاة وإن كانت قيمتها تبلغ الوفا عليه الفتوىٰ وعندهما لايحل،آه.** (۳)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ اس شخص پر حج واجب نہیں۔

اصلاح سوال میں اجمال ہے؛ کیوں کہ نہ خرچ میں ضروری وغیر ضروری کی تفصیل ہے، نہ اہل وعیال میں واجب

(۱) هو ... مرة ... على الفورفي العام الأول وعند الثاني ... علىٰ مسلم ... مكلف ... عما لابد منه كما مرفي الزكاة،إلخ. (الدرالمختارمع ردالمحتار، كتاب الحج: ۴۴۷/۳ ـ ۴۶۳، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

(۲) سورة آلِ عمران: ۹۷

(۳) ردالمحتار، باب مصرف الزكاة والعشر: ۳۴۸/۲، دارالفكر بيروت، انيس

النفقہ وغیر واجب النفقہ کی تفصیل ہے اور بہت سے لوگ اخراجات غیر ضروریہ کو ضروریہ سمجھ کر فضول خرچی کرتے ہیں اور بہت سے اپنی کریم النفسی، یا عرف ورواج کی بنیاد پر غیر واجب النفقہ اشخاص کا بار اپنے ذمہ لے لیتے ہیں، پس جواب کو اسی صورت کے ساتھ مخصوص سمجھنا چاہیے، جب کہ مالی ضروریات واقعہ وشرعیہ سے زائد نہ ہو اور حکم کو مطلق نہ سمجھنا چاہیے۔ (تصحیح الاغلاط،ص:۳۲) واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم

۴/ربیع الثانی ۱۳۲۴ھ (امداد:۱۸۴/۱) (امداد الفتاوی جدید:۱۵۹/۲)

## حج کے لیے رقم ناکافی ہو تو اپنا دوسرا انتظام کرنا:

سوال: زید نے فریضۂ حج ادکرنے کی نیت کی ہے، یہ سفر رمضان سے ۵/ ماہ قبل کا ہوگا، حکومت سے ۱۵۷۵/روپئے ملیں گے، جس کے ۹۲۹/ریال ملیں گے، جب کہ صرف حج کا خرچہ ۹۴۶/ریال بتلایا گیا ہے، یہ رقم سفر میں بالکل ناکافی ہے، کیا اس کے لیے جائز ہوسکتا ہے کہ سعودی عرب میں اخراجات کی کفایت کے لیے اپنے طور پر کوئی دوسرا انتظام کرے؟ برائے کرم فوری جواب سے نوازیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اپنے طور پر دوسرے انتظام کی اجازت ہے؛ مگر قانونی تحفظ کا لحاظ کرلیا جائے کہ کوئی مصیبت نہ آئے۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ:۳۱۵/۱۰)

## جب خود اپنے ذمہ حج فرض ہے تو والد کو حج کرانے سے اس کا فرض ادا ہوگا، یا نہیں:

سوال: ایک آدمی کے ذمہ حج فرض ہے؛ لیکن اس کے والدین کے پاس اس قدر مال نہیں جو حج کرسکیں، اب اس آدمی کو خود حج کرنا چاہیے، یا اپنے باپ کو بھیج کر حج کرادے، اگر باپ کو حج کرادے گا تو اس کے ذمہ سے فرض ادا ہوجائے گا، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

اس کو خود حج کرنا چاہیے، اگر باپ کو حج کرادے گا تو پھر بھی اس کو خود اپنا حج کرنا لازم ہے۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۵۴۱/۶-۵۴۲)

---

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿لیس علیکم جناح أن تبتغوا فضلاً من ربکم﴾ فجعل ذلک رخصة فی التجارة فی الحج، وقد ذکرنا ما روی فیه فی سورة البقرة. (أحکام القرآن للجصاص، سورة الحج، باب التجارة فی الحج: ۳۴۵/۳، قدیمی)

وککراهیتهم فی التجارة موسم الحج ظنا منهم أنها تخل باخلاص العمل للّٰه، فنزل: ﴿لیس علیکم جناح أن تبتغوا فضلاً من ربکم﴾ ... ﴿فضلا﴾ رزقاً ﴿تبتغوا فضلاً من ربکم﴾: أی تبتغوا رزقا بالتجارة فی الحج، وقد نزلت هٰذه الآیة رداً علیٰ کراهیتهم ذلک". (حجة اللّٰه البالغة، کره الجاهلون التجارة فی موسم الحج من أبوب الحج: ۱۴۸/۲، قدیمی)

(۲) (والمرکبة منهما) کحج الفرض (تقبل النیابة عند العجز فقط) لکن (بشرط دوام العجز إلی الموت)؛ لأنه فرض العمر حتیٰ تلزم الإعادة بزوال العذر (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، رد المحتار، باب الحج عن الغیر: ۱۵/۱۴، زکریا دیوبند، انیس)

## وجوب حج سے پہلے ایک شخص حج کر چکا ہے، کیا اب استطاعت کے بعد پھر حج کرے گا:

سوال: ایک شخص ملازم ہوکر حج کو گیا، بعد چند سال کے وہ صاحب نصاب ہوگیا تو کیا دوبارہ اس پر حج فرض ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

دوبارہ اس پر حج فرض نہ ہوگا، حج فرض ادا ہو چکا۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۲۵)

## کیا پیروں سے معذور شخص پر حج فرض ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک شخص پر حج فرض ہے، لیکن چلنے پھرنے کے لیے دونوں ہاتھوں میں لکڑی لے کر چلتا اور بار بار پیشاب کی حاجت ہونے کی وجہ سے پریشانی زیادہ ہے، دیر تک روکنا بھی مشکل ہے، ایسی حالت میں حج بدل کرایا جا سکتا ہے؟

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ، الجواب وباللّٰہ التوفیق

اگر وہ شخص معذور ہے؛ یعنی بلا کسی سہارے کے نہیں چل سکتا تو اس پر حج فرض نہیں ہے، خواہ وہ کتنا ہی مال دار ہو اور نہ اس پر حج بدل کرانا فرض ہے۔

**عن عبد اللّٰہ بن عباس رضی اللّٰہ عنہما قال: کان الفضل ردیف رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم، فجائت امرأة من خثعم، فجعل الفضل ینظر إلیہا وتنظر إلیہ وجعل النبی یصرف وجہ الفضل إلی الشق الآخر، فقالت: یارسول اللّٰہ إن فریضة اللّٰہ علٰی عبادہ فی الحج أدرکت أبی شیخاً کبیراً لا یثبت علی الراحلة، أفأ حج عنہ، قال: نعم، وذلک فی حجة الوداع.** (صحیح البخاری، المناسک، باب وجوب الحج وفضلہ: ۱/۲۰۵، رقم: ۱۴۹۱، مسند أحمد: ۵/۴، رقم: ۱۶۲۲۴)

**ومنہا سلامة البدن حتی أن المقعد والزمن والمفلوج ومقطوع الرجلین لا یجب علیہم حتی لا یجب علیہم الإحجاج، إن دام العجز، وإن زال أعادوا بأنفسہم.** (شامی: ۲/۴۵۹، کراتشی، ۳/۴۵۷، زکریا) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۸/۷/۱۴۱۳ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللّٰہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۳۰۵)

## حکم منع زوج از حج زنے را کہ بچہ، شیر خوار داشتہ باشد:

سوال: ایک شخص مستطیع حج فرض کے ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، اس کی بیوی جو مستطیع ہے، اس کے ساتھ حج

---

(۱) ھو ... فرض مرة؛ لأن سببہ البیت وھو واحد و الزیادة تطوع. (الدر المختار علٰی ھامش رد المحتار، کتاب الصوم: ۳/۴۴۷-۴۵۲، مکتبة زکریا دیوبند، انیس)

کرنا چاہتی ہے، شوہر کہتا ہے، چونکہ رضاعت وحضانت میں میرا فرزند ششماہی ہے، ریل جہاز، اونٹ کی سواری پر جانا ہے، خوف ہے کہ لڑکے کو ضرر پہونچے، تم اپنا ارادہ ملتوی رکھو، ان شاء اللہ تعالیٰ ہم بڑے لڑکے کے ساتھ حج کروادیں گے۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ صورت مسئولہ میں ششماہی بچہ کے ضرر کا خوف تاخیر حج کے لیے عذر شرعی ہوسکتا ہے، یا نہیں؟ اور شوہر اگر بیوی کو روک دے تو شرعاً ماخوذ ہوگا، یا نہیں،؟

**الجواب**

جزئی تو تلاش کرنے سے نہیں ملی ؛ مگر بمقتضائے قواعد شرعیہ جواب یہ ہے کہ چوں کہ ارضاع اور تربیت زوج پر واجب ہے نہ عورت پر، رضاعت وحضانت حق لہا ہے، حق علیہا نہیں ہے، **إلافی بعض الصور** ، لہٰذا زوج کو اس عذر سے جائز نہیں کہ زوجہ کو حج سے منع کرے اور بچہ پر اول تو کوئی ضرر مظنون نہیں اور علی سبیل التسلیم مرد کسی عورت کو ارضاع کے لیے نوکر رکھے اور بچہ کو چھوڑ جائے اور رہم بمفارقت الولد عذر شرعی نہیں ہے اور اگر بچہ کو ساتھ لے جانے میں اس بچہ کا کوئی ضرر مظنون نہیں تو یہ امر یعنی ماں سے جدا کر کے اس کا گھر چھوڑ جانا جائز نہیں، **لأن فیہ إتلاف الحق للمرأۃ من الرضاعۃ والحضانۃ، واللہ أعلم**

۲۰/رجب ۱۳۲۱ھ (تتمہ خامسہ، امداد، جلد اول) (امداد الفتاوی جدید: ۱۵۹/۲)

## سلسل بول والے مریض پر استطاعت کے باوجود حج فرض نہیں ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید پیشاب کی دائمی بیماری میں مبتلا ہے اور بوڑھا بھی ہے، جس کی وجہ سے بوتل اور نلکی ان کی پیشاب کے اخراج کے لیے لگی رہتی ہے، ایسا شخص حج کی استطاعت کے باوجود حرم میں داخل ہوسکتا ہے؟

**باسمہ سبحانہ وتعالیٰ، الجواب ــــــــــ وباللہ التوفیق**

ایسے دائمی مریض پر حج کو جانا فرض نہیں ہے، اگر چہ وہ مال داری ہو، اسے چاہیے کہ اپنی طرف سے حج بدل کرادے، بعد میں اگر اس کا مرض ختم ہوجائے اور وہ صاحب استطاعت ہو تو پھر اسے خود حج کرنا ہوگا۔

**کذا صحۃ الجوارح؛ لأن العجز دونہا لازماً، وأما المقعد فعن أبی حنیفۃ أنہ یجب؛ لأنہ یستطیع بغیرہ فأشبہ المستطیع بالراحلۃ ،وعن محمد رحمہ اللہ أنہ لا یجب ؛ لأنہ غیر قادر الأداء بنفسہ ،بخلاف الأعمی.** (الهدایة: ۱۵۳/۲ ،مکتبہ البشری کراتشی)

**حتیٰ إن المقعد والزمن والمفلوج ومقطوع الرجلین لا یجب علیہم الإحجاج إذا ملکوا الزاد والراحلۃ ،ولا الإیصاء بہ فی المرض ... وکذا المریض ؛ لأنہ بدل الحج بالبدن ،وإذا لم یجب المبدل لا یجب البدل.** (فتح القدیر: ۳۲۶/۲، کذا فی التعلیقات علی الهدایة: ۱۵۳/۲ ،مکتبہ البشری)

**وفي الذخيرة: ثم إنما يسقط فرض الحج عن الإنسان بإحجاج غيره إذا كان الحجاج وقت الأداء عاجزاً عن الأداء بنفسه و دام عجزه إلى أن مات، أما إذا زال عجزه بعد ذلک فلا يسقط عنه حج الفرض.** (الفتاوىٰ التاتارخانية: ٦٤٨/٣،زكريا ديوبند)

**ولا يجب علىٰ مقعد ومفلوج وشيخ كبير ... وظاهر الرواية عنهما وجوب الإحجاج عليهم، ويجز يهم إن دام العجز ،وإن زال أعاد و ا بأنفسهم.** (شامي: ٤٥٩/٢، كراتشي، ٤٥٧/٣،زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۹/۱۰/۱۴۱۳ھ۔ (کتاب النوازل: ۳۰٦/۷)

## اگر حج کیا تو کچھ باقی نہ رہ پائے گا:

سوال: کچھ قرض دام کر کے دکان کی تھی، اس سے بحمد اللہ مصارف ضروریہ پورے ہو جاتے تھے؛ لیکن پس انداز کچھ نہ تھا اور یہ خیال تھا کہ اس قدر کچھ ہو جاوے کہ سفر حج کے لیے کافی ہو، تمنا قلبی تھی کہ حق تعالی اس مراد کو پہونچا دیں؛ لیکن نہ ہوا، اب امسال پانچ سو روپیہ ترکا ماموں صاحب سے ملے ہیں اور یہی سرمایہ کلی ہے، جس سے تجارت کرتا ہے اور مصارف ضروریہ کو اس کی آمدنی غالباً کافی ہو جائے گی اور اس وقت نقد روپیہ بالکل موجود نہیں ہے، البتہ اتنا مال تجارت ہے کہ اس کو فروخت کر کے سفر ہو سکتا ہے اور اور خانہ داری کے لیے بھی کافی ہوگا؛ مگر بعد واپسی کوئی سامان ظاہری نظر نہیں آئے گا، ایسی حالت میں مشورہ مناسب سے مطلع فرمایا جاوے؟

**الجواب**

حالت کذائیہ میں سفر حج مناسب نہیں ہے۔

**في الدرالمختار: وحرر في النهر أنه يشترط بقاء رأس المال بحرفته إن احتاجت لذلک وإلا لا.** (۱)

**في ردالمختار: كتاجر ودهقان ومزارع كما في الخلاصة، ورأس المال يختلف باختلاف، بحر، قلت والمراد ما يمكنه الاكتساب به قدر كفايته و كفاية عياله لا أكثر لأنه لا نهاية له آه.** (۲) فقط واللہ اعلم

**۱۰/ شوال ۱۳۲۴ھ (امداد: ۱/۱۸۵)** (امداد الفتاوی جدید: ۱٦۰/۲)

## فرضیتِ حج کے لیے مدینہ طیبہ کا خرچ ہونا ضروری نہیں:

سوال: زید کے پاس صرف مکہ معظّمہ تک جانے آنے کا خرچ ہے تو ایسی صورت میں زید کے ذمہ حج کے لیے جانا فرض ہوگا، یا مدینہ طیبہ کے سفر خرچ ہونے تک حج کو ملتوی رکھے، پھر جب بھی حرمین تک کا خرچ میسر آجائے، اس وقت جائے؟

**الجواب حامداً و مصلياً**

جس کے پاس مکہ معظّمہ تک جانے آنے اور حج کرنے کا خرچ موجود ہو، اس کے ذمہ حج لازم ہوگا، (۳) پھر مدینہ

---

(۱-۲) **الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحج: ٤٦١/٣،مكتبة الرياض**

(۳) **البحر الرائق: ٥٤٤/٢، كتاب الحج، رشيدية**

طیبہ کے لیے کوشش کرے اور اللہ سے دعا کرے، اگر گنجائش ہو جائے؛ تو وہاں حاضری کی سعادت بھی حاصل کرے، حج کو اس انتظار میں مؤخر نہ کرے کہ جب مدینہ طیبہ کا خرچ بھی پاس ہوگا، تب حج کرے گا۔(۱) واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

(فتاویٰ محمودیہ: ۳۱۸/۱۰)

## اگر مکہ تک کا ہی خرچ ہو، مدینہ کا نہ ہو تو حج کرے، یا نہیں:

سوال: بندہ کی والدہ زندہ ہے اور حج کو دل چاہتا ہے، والدہ کہتی ہیں یا تو مجھ کو ساتھ لے چل، یا میرے مرنے کے بعد حج کو جانا، اگر میں ساتھ لے جاؤں تو روپیہ اتنا نہیں ہے کہ مدینہ شریف تک دونوں جاسکیں، مکہ شریف تک جاسکتے ہیں، اس صورت میں مجھ کر کیا کرنا چاہیے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ

اگر اس قدر روپیہ موجود ہے کہ مکہ شریف تک دونوں جاسکتے ہوں تو حج فرض ہے، آپ اپنی والدہ کو لے کر حج کرادیں؛ تاکہ فرض ادا ہو جاوے۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۲۰/۶)

## ۶۰/ ہزار روپیے جمع کر کے ۳۵/ ہزار میں حج کرانے کی اسکیم چلانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ موسم حج سے تقریباً پانچ، یا چھ ماہ قبل عازمین کے لیے حکومت کی جانب سے کبھی کبھی اس طرح اعلان ہوتا ہے کہ جو حضرات حج کا ارادہ رکھتے ہوں، وہ فوراً ساٹھ ہزار روپیہ نقد جمع کرادیں، حکومت انہیں ۳۵/ ہزار میں حج کرائے گی اور حج سے واپسی کے بعد ۲۵/ ہزار روپیے واپس کردے گی تو کیا اس طرح سے پانچ چھ ماہ قبل ۶۰/ ہزار روپے نقد حکومت کے حوالے کر کے ۳۵/ ہزار میں حج کر لینا کیسا ہے؟ شرعاً درست ہے، یا نہیں؟ اگر کوئی اس طرح سے حج کرے تو کیا اس کا حج کرنا درست ہے؟

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ، الجواب ــــــــــــ وباللہ التوفیق

سوال میں حکومت کی طرف سے جو حج کی اسکیم لکھی گئی ہے، وہ ہمارے علم میں نہیں ہے، حج کمیٹی کا دستور یہ ہے کہ وہ زرمبادلہ کی رقم واپس کردیتی ہے اور ہوائی جہاز کے کرائے اور مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کی رہائش کی اجرت وغیرہ حاجی

---

(۱) ومنها القدرة على الزاد والراحلة) بطريق الملك ... و تفسير ملك الزاد والراحلة أن يكون له مال فاضل عن حاجته، وهو ما سوى مسكنه ولبسه وحدمه وأثاث بيته قدر ما يبلغه إلىٰ مكة ذاهباً وجائياً وراكباً، لاما شياً، وسوىٰ ما يقضي به ديونه ويمسك لنفقة عياله ومرمة مسكنه ونحوه إلىٰ وقت إنصرافه، كذا في محيط السرخسي. (الفتاوىٰ الهندية: ۱/ ۲۱۷، كتاب المناسك، رشيدية)

(۲) فرض إلخ علىٰ حرٍ ... مكلف ... ذى زاد ... وراحلة، الخ. (الدر المختار علىٰ هامش ردالمحتار، كتاب الحج: ۴۵۶/۳)

سے وصول کرتی ہے اور یہ کل رقم مل کر کٹے گری کے فرق کے اعتبار سے کم وبیش ہوتی ہے، اگر ایسی صورت کے بارے میں سوال ہے تو یہ معاملہ شرعاً درست ہے۔

**وأما بيان أنواعها فنقول : إنها نوعان : نوع يرد على منافع الأعيان كا ستيجار الدور والأراضي والدواب والثياب ،ومما أشبه ذلک ... وأما حكمها :فوقوع الملک فی البدلين ساعة فساعة.** (الفتاویٰ الهندية: ٤/ ٤١١،دار أحياء التراب العربی بيروت) **فقط واللّٰه تعالیٰ أعلم**

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۹/۵/۲۹ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۲۷۷)

## حج وعمرہ کی ایک اسکیم اور اس کا حکم:

سوال: کیا فرماتے ہیں علما دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ یہاں ضلع ویلور میں ایک اسکیم شروع ہوئی ہے، یہ اسکیم صرف عمرہ، یا حج کو جانے والوں کے لیے ہے، اس کے شرائط وضوابط درج ذیل ہیں:

(۱) ماہانہ کم از کم فی فرد ایک ہزار روپیہ جمع کرنا ہوگا اور اس طرح دس سال تک جمع کرنا ہوگا۔

(۲) درمیان میں اگر کسی وجہ سے اس اسکیم سے دست بردار ہونا چاہیے تو اپنی جگہ دوسرے کو تیار کر کے داخل کرنا ہوگا اور وہ اب تک کی کل رقم جمع کرے؛ تاکہ پہلے شخص کو دست براداری کے موقع پر اس کی جمع شدہ رقم دی جاسکے۔

(۳) پندرہ افراد کی تکمیل پر ایک شخص کو بیس پر دو، تیس پر تین کو سالانہ حج، یا عمرہ کو جانے کے لیے ہر شخص کو ایک لاکھ بیس ہزار روپئے دیے جائیں گے۔

(۴) دس سال کی مدت سے پہلے حج، یا عمرہ کرنے والے حج وعمرہ سے فراغت کے بعد اپنی باقی حسبِ سابق میعاد پوری ہونے تک ادا کرنا ہوگا۔

(۵) خدانخواستہ بعد حج وعمرہ ان کا انتقال ہوگیا تو اس کے ورثہ کو اس کی میراث میں سے ادا کرنا ہوگا، وارث کی تعین شروع ہی میں کردی جائے گی اور وہ وارث بھی اقرار وقبول کرنے کے ساتھ ساتھ دستخط بھی کرنا ہوگا۔

(۶) حج وعمرہ سے پہلے اگر خدانخواستہ یہ اللہ کو پیارا ہوگیا تو اس کے وارث کو حج وعمرہ کرنا ہوگا۔

(۷) سال بھر میں جمع شدہ رقم بینک میں رہے گی، سود کی رقم کے متعلق دس سال کی مدت پوری ہونے کے بعد یعنی تمام شرکاء کے حج وعمرہ سے فارغ ہونے کے بعد سوچا جائے گا۔

(۸) ایک ہزار سے زائد بھی جمع کرسکتے ہیں؛ مگر کم از کم ایک ہزار ہی ہوگی۔

(۹) ہر سال ماہ ربیع الاول میں قرعہ ڈالا جائے گا، خواہش منداحباب کا قرعہ ہی سے فیصلہ ہوگا، جو کسی وجہ سے اگلے سالوں، یا میعاد پوری ہونے پر حج وعمرہ کا ارادہ رکھتے ہوں، ان کا نام قرعہ میں نہیں ڈالا جائے گا، اگر مناسب وجائز ہو تو بندہ بھی اس اسکیم میں شامل ہونا چاہتا ہے؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

سوال نامہ میں اسکیم کی شرط نمبر ۵، اور شرط نمبر ۶ میں دیگر وارثین کی حق تلفی کا خطرہ یقینی طور پر ہوگا، اور میت کی زندگی میں قول وقرار کا کوئی اعتبار نہیں؛ اس لیے کہ وارث کے حق میں وصیت شرعاً معتبر نہیں ہوتی، نیز اس معاملہ میں دراصل دیگر شرکاء کی طرف سے قرض کی تحصیل قرعہ پر موقوف ہے، اس اعتبار سے اس میں قمار کا شائبہ بھی پایا جاتا ہے: لہٰذا یہ اسکیم شرعاً مشتبہ اور قابل اشکال ہے، اس سے احتراز لازم ہے۔

**عن شرجيل بن مسلم قال: سمعت أبا أمامة رضی اللّٰه عنه يقول: سمعت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: إن اللّٰه قد أعطى كل ذی حق حقه، فلا وصية لوارث.** (الحديث)(أخرجه أبوداؤد: ۳۹۶/۱، رقم: ۲۸۷۰)

**وسمی القمار قماراً ،لأن كل واحد من المقامر ين ممن يجوز أن يذهب ماله إلى صاحبه، ويجوز أن ی يستفيد مال صاحبه وهو حرام بالنص.** (ردالمحتار: ۵۷۷/۹، زكريا، ۴۰۳/۶، كراتشی، فتاویٰ محمودیہ: ۴۰۲/۱۶، ڈابھیل، ایضاح النوادر: ۱۲۵/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۶/۱۱/۱۴۲۹ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۷۸/۷)

## ۲۰۰/ لوگوں سے ۳۰۰-۳۰۰ روپیہ جمع کر کے قرعہ اندازی سے ایک شخص کو حج کے لیے بھیجنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک شخص جس کا مقصد مالی اعتبار سے کمزور مسلمانوں کو حج کی طرف راغب کرنا اور وہ یوں ہے کہ دوسو لوگوں سے فی کس ۳۰۰/ روپیہ اکٹھا کرتا ہے، دوسو آدمی مکمل ہو جانے پر ان دوسو پرچیوں میں سے ایک آدمی کا انتخاب بذریعہ قرعہ اندازی کے کرتا ہے، اس قرعہ اندازی میں منتخب ہونے والا آدمی باقی ایک سوننانوے آدمیوں کو ۳۰۰/ روپیہ کی رسید دیتا ہے اور دیتے وقت پیسہ ادا کرنے والے کے سامنے یہ واضح کر دیتا ہے کہ قرعہ اندازی میں تمہارا انتخاب نہ ہونے کی صورت میں یہ تمہارے روپیوں سے قرعہ اندازی میں منتخب آدمی کو حج کے لیے روانہ کر دیا جائے گا، نیز یہ بھی واضح کر دیتا ہے کہ منتخب شخص ہی کو حج کرنے کا حق ہوگا، پیسوں کی ادائے گی کا مطالبہ قابلِ قبول نہ ہوگا، نیز حج کی تمام کاروائی وروانگی وصول کرنے والے شخص کے ذمہ ہوگی، تو اب دریافت یہ کرنا ہے، مندرجہ بالا طریقہ سے شرعاً کوئی قباحت تو نہیں ہے، منتخب شخص کا حج ہوگا، یا نہیں؟ (جو غیر منتخب اشخاص کی رضا مندی سے ہوگا)

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

غور کرنے سے معلوم ہوا کہ حج کے لیے پیش جمع کرنے کی یہ شکل بھی درحقیقت ایک طرح کی لاٹری اور جوئے کی شکل ہے اور لینے والے کے لیے اپنے جمع کردہ ۳۰۰/ روپیہ سے زیادہ لینا قطعاً حرام ہے اور قمار میں داخل ہے اور اس روپیہ کو

حج جیسے مقدس فریضہ میں خرچ کرنا بھی نہایت جسارت اور شقاوت کی بات ہے، اس رقم سے اداشدہ حج مقبول نہ ہوگا۔

**وفیہ معنی القمار؛أن التملیک لایحتمل التعلیق لإ فضائہ إلٰی معنی القمار.** (کذا فی البنایة فی شرح الهدایة،با ب البیع الفاسد: ۱۵۸/۸ ،نعیمیه دیوبند)

**ویجتهد فی تحصیل نفقة حلال،فإنه لا یقبل بالنفقة الحرام،کما ورد فی الحدیث مع أنه یسقط الفرض عنه معها ولا تنافی بین سقوطه وعدم قبوله فلا یثاب لعدم القبول،ولا یعاقب عقاب تارک الحج.** (ردالمحتار، کتاب الحج،مطلب:فیمن حج بمال حرام: ۴۵۶/۲ ، کراتشی،۴۵۳/۳، زکریا،الفتاویٰ الهندیة: ۲۲۰/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ،۲۲/۱۰/۱۴۱۴ھ۔الجواب صحیح:شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔(کتاب النوازل:۲۸۰/۷)

## حج سبسڈی کی رعایت سے فائدہ اُٹھانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومتفیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حجاجِ کرام کو مرکزی حکومت کرایہ کی دوتہائی رقم حج سبسڈی کے نام سے دیتی ہے، بعض لوگوں کے قول کے مطابق یہ حاجیوں سے پیشگی وصول کردہ کرایہ کی رقم سے وصول شدہ سودی رقم ہوتی ہے اور یہ سودی رقم سے ملی ہوئی رعایت حج سبسڈی کے نام سے دی جاتی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ حکومت کی جانب سے دی جانے والی اس سودی رقم سے حج کے لیے جانا جائز ہے، یا نہیں؟ اور اگر یہ سودی رقم نہ بھی ہو؛ بلکہ حکومت اپنے خزانے سے دیتی ہو، جب کہ حکومت کا مال مکمل حلال ہونا بھی محل نظر ہے تو حج جیسے مقدس فریضہ کی ادائے گی کے لیے اس رعایت کا حاصل کرنا جائز ہے، یا نہیں؟ مناسب ہے، یا نہیں؟ براہ کرم مدلل ومفصل جواب عنایت فرمائیں۔

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ———— وباللّٰہ التوفیق**

حج سبسڈی حکومت ہند کی طرف سے حجاج کے لیے تعاون کی ایک شکل ہے، اس لیے حجاج کو اس رعایت سے فائدہ اٹھانے میں شرعاً کچھ حرج نہیں ہے اور حکومت پر اقتدار اعلیٰ غیر مسلموں کو حاصل ہے؛ اس لیے ان کے آپسی معاملات اگر چہ سودی ہوں، پھر بھی ان کا تعاون لینا منع نہیں ہے اور سبسڈی کی رقم کا سودی رقم سے ادا کئے جانے کا دعوی بجائے خود محتاج دلیل اور غیر معقول ہے۔ (مستفاد: کتاب الفتاویٰ ۱۱۰/۴)

**وهدیة أهل للمشرکین وأهل الکتاب، وقبول هدایا هم کل ذٰلک جائز،إذا کانوا ذمة لنا، وکذٰلک إذا کانوا أهل حرب.** (إعلاء السنن، کتاب الهبة،باب الهدیة للمشرکین وقبول الهدیة منهم: ۱۴۶/۱۶،إدارة القرآن کراتشی)

**قال العلامة التهانوی :إن الهدیة والصدقة والهبة والعطیة معانیها متقاربة.** (إعلاء السنن،کتاب الهبة،باب فی قبول الهبة: ۸۱/۱۶،دار الکتب العلمیة بیروت)

وأهل الذمة في حكم الهبة بمنزلة المسلمين، لأنهم التزموا أحكام الإسلام فيما يرجع إلى المعاملات. (الفتاوىٰ الهندية: ٤/ ٤٠٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۸/۲/۱۴۲۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۱۸۲)

## حکومتی سبسڈی سے فائدہ اٹھا کر حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حج اسلام کا پانچواں رکن ہے، جو صاحب استطاعت اہل ایمان پر فرض ہے اور ادائے گی حج کے لیے حاجی کی ذاتی ملکیت کا زادِ راہ ہونا ضروری ہے۔ ہمارے ملک سے جو حجاج کمیٹی کی معرفت اس فریضہ کو انجام دیتے ہیں، ان کے سفر کے کرایہ میں حکومتِ ہند ایک حصہ سبسڈی دیتی ہے، جس کی وجہ سے ان کا ہوائی سفر دوسرے ذرائع سے حج کرنے والے حجاج کے مقابلہ میں کافی کم ہوتا ہے، نیز زرمبادلہ کی شرح کم ہوتی ہے، سال گزشتہ بمبئی کے اخبارات میں سعودی عرب کے علما سے منسوب یہ بیان شائع ہوا تھا کہ حکومت، یا کسی اور طرح سے سبسڈی سے فائدہ لے کر ادا کیا ہوا حج صحیح نہیں ہوگا، یا ادا نہیں ہوگا۔ برائے مہربانی اس بات کا خلاصہ کریں کہ حکومت کی سبسڈی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کیا ہوائی حج صحیح ہوگا، یا نہیں؟ اور ادا ہوگا، یا نہیں؟

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــ وبالله التوفيق

حجاج کرام کو حکومت کی طرف سے دی جانے والی سبسڈی کی رقم ایک عطیہ اور تبرع ہے، جس کے لینے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے اور سبسڈی لے کر حج کرنے میں حج کی عبادت میں کسی طرح کی خرابی نہیں آتی، جن علما کی طرف سے سبسڈی لینے کی ممانعت منسوب کی گئی ہے اور سبسڈی لے کر حج کرنے والوں کے حج کی ادائے گی سے انکار کیا گیا ہے، ان کی بات بے اصل اور بے دلیل ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ: ۱۷/۱۹۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۲۳/۶/۱۴۲۳ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۲۸۳)

## اہل اقتدار کے سودی معاملات کے باوجود حج سبسڈی سے فائدہ اُٹھانا جائز ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حج اسلام کا مقدس اہم بنیادی اور آخری فریضہ ہے، جو ہر صاحب استطاعت پر شرائط کے ساتھ صرف ایک بار فرض ہے؛ یعنی وہ شخص جو مکمل طور پر سفر خرچ، حرمین شریفین میں قیام وطعام پر نیز غیر حاضری میں اہل وعیال اور متعلقین کا نان ونفقہ اور دیگر ضروریات پوری کرنے کی حیثیت رکھتا ہے، اس پر فریضہ حج لازم آتا ہے، اسلام اس کے لیے تکلفات قرض اور کسی کے احسان کو پسند نہیں کرتا، ہمارے ملک ہندوستان سے عازمین حج بڑی تعداد میں مرکزی حج کمیٹی کے ذریعہ سفر کرتے ہیں اور پرائیویٹ ٹورز اور ٹراولس کے ذریعہ حج کرنے والوں کی بھی خاصی تعداد ہے، سینٹرل حج کمیٹی حکومتِ ہند کا ایک ادارہ ہے، جس کا کام پلی گریم پاس؛ یعنی عارضی پاس پورٹ بنانا، زرمبادلہ دینا، حرمین شریفین میں قیام کا انتظام

کرنا وغیرہ ہے، بحری جہاز میں کرایہ کم تھا، اس وقت سبسڈی دی جاتی تھی، یا نہیں؟ اس کا علم نہیں؛ لیکن جب سے وہ بند ہوئے اور ہوائی جہاز سے سفر شروع ہوا تو کرایہ میں بھی زبردست اضافہ ہوگیا، اس وقت مسلمان قائدین کی درخواست پر حکومت ہند نے کرایہ میں سبسڈی کے نام سے رعایت دینی شروع کی، ہوائی جہاز ایئر انڈیا کی چارٹر ہو، یا کسی بھی ایئر لائنس کی ہو، حکومت ہر ایئر لائنس کو فی کس ۷۷۰ر ڈالر تقریباً ۳۵۰۰۰ روپے اپنی طرف سے ادا کرتی ہے، امسال جو ایک لاکھ حاجی سنٹرل حج کمیٹی کے ذریعہ حج کے سفر پر گئے ہیں، ان کی طرف سے حکومت نے ۲۲۵ر کروڑ روپیہ ادا کیا ہے، یہ امر بھی تحقیق طلب ہے کہ وہ رقم کہیں مشکوک تو نہیں، حکومت سبسڈی آخر کس مد سے دیتی ہے؟ عام طور پر حجاج اس سے ناواقف ہوتے ہیں؛ لیکن اب یہ بات علم وشعور میں آنے لگی ہے کہ حکومت اس کو احسان سمجھتی ہے اور ملک کے دیگر طبقات میں اس کا اظہار بھی کیا جاتا ہے، اور مسلمانوں کے ساتھ مراعات واحسانات میں سبسڈی کو گنایا اور جتلایا جاتا ہے، یہ کہنا کہ حکومت ہم سے بہت سے ٹیکس وصول کرتی ہے اور پھر وہی رقم ہمیں سبسڈی کے نام سے دے دیتی ہے، کہاں تک صحیح ہے، جب کہ یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ حکومت کی طرف سے بہت سے فلاح و بہبودی کے کام عوام کے لیے بلا تفریق مذہب وملت انجام دیے جاتے ہیں، جیسے اسکول چلانا، ہسپتال چلانا اور سڑکیں بنوانا وغیرہ، اسی طرح یہ کہنا کہ حکومت جب دیگر مذاہب کے ماننے والوں کو ان کے مذہبی تہواروں میلوں کے لیے رعایتیں دیتی ہے تو مسلمانوں کو بھی وہ رعایتیں حاصل کرنی چاہیے، کہاں تک صحیح ہے؟ مسلمان کی اپنی ایک شان ہے، اس کا امتیاز ہے، دوسروں کی نقالی کرنا بالخصوص فریضہ اسلام کی ادائے گی میں اس کو کیا زیب دیتا ہے؟

ملت کا ایک طبقہ کہتا ہے کہ حج کے لیے مسلمان کو شرائط کی روشنی میں خود کفیل ہونا چاہیے، تکلفات، احسانات، اور بالخصوص حکومت کے زیر احسان کرے، یہ امر روحِ اسلام کے خلاف معلوم ہوتا ہے، پتہ نہیں یہ سبسڈی صرف ہمارے سیکولر ملک میں ہے یا دیگر اسلامی ممالک میں بھی اس کی نظیر پائی جاتی ہے، حضرات علماء کرام سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ کتاب وسنت کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــ وبالله التوفيق

حج سبسڈی حکومت ہند کی طرف سے حجاج کرام کے تعاون کی ایک شکل ہے، مسلمانوں کو اس رعایت سے فائدہ اٹھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، اور حکومت پر اقتدار اعلیٰ چوں کہ غیر مسلموں کو حاصل ہے، اس لیے، اس لیے ان کے آپسی معاملات اگرچہ سودی ہوں، پھر بھی ان کا تعاون لینا منع نہیں ہے۔

**وهدية أهل الحرب إى للإ مام فهي للآخذ فقط.** (تقريرات الرافعي على حاشية ابن عابدين، باب العشر، ص: ۱۳۹، زكريا)

**وأما الهدية للمشركين وأهل الكتاب، وقبول هدايا كم كل ذٰلک جائز إذا كانوا ذمة لنا،**

**وكذٰلك إذا كانوا أهل حرب.** (إعلاء السنن ،كتاب الهبة،باب الهدية للمشركين وقبول الهدية:١٤٦/١٦،إدارة القرآن كراتشي)

**قال العلامة التهانوي: إن الهدية والصدقة والهبة والعطية معانيها متقاربة.** (إعلاء السنن،كتاب الهبة،باب في قبول الهبة:٨١/١٦،دار الكتب العلمية بيروت)

**وأهل الذمة في حكم الهبة بمنزلة المسلمين لأنهم التزموا أحكام الإسلام فيما يرجع إلى المعاملات.** (الفتاویٰ الهندية: ٤٠٥/٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۵/۲/۱۴۲۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۸۴/۷)

## ٹریول ایجنسی کا اپنے ایجنٹ کو فری حج پر بھیجنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ٹریول ایجنسیاں سفرحج پر یہ طے کرلتی ہیں کہ اگر آپ نے دس آدمیوں کے فارم بھرا کران کے سفرحج کی فیس ہمارے دفتر میں بھیج کرجمع کرادی تو ہم ایک آدمی کوحج کے سفر کی سہولیات فری مہیا کرائیں گے،اسی طرح اپنے مفادخاص کی خاطر مقررہ تعداد کے لوگ حج کے فارم بھرواکر بھیجنا اور یہ کام صرف اس لیے کرنا کہ میں نے اگرٹریول ایجنسیوں کی مقررہ تعداد پوری کردی تو،تو وہ ٹریول ایجنسی مجھے حج بیت اللہ کا اہم فریضہ بلاکسی میرے خرچ کے ادا کرادے گی، یا اگرمقررہ تعداد پوری نہ ہوئی تو باقی روپیہ اپنے پاس سے جمع کرا کر کمیشن کے روپیہ کے ساتھ حج کی ادائیگی کرادے گی،اس میں مندرجہ ذیل امور دریافت طلب ہیں،اس طرح حج جیسے ایک اہم اور مقدس فریضہ کی ادائے گی کرنا شرعاً کیسا ہے،اس طرح کے کمیشن کی شریعتِ مقدسہ کی روشنی میں جائز وناجائز ہونے کے اعتبار سے بھی روشنی ڈالی جائے؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــ وبالله التوفيق**

کسی مقررہ عمل اور محنت پر کوئی متعین اجرت مقرر کرنا شرعاً ممنوع ہے،مسئولہ صورت میں جب کہ ٹریول ایجنسی اپنے ایجنٹ کو دس آدمیوں کے فارم بھروانے پر اس کے حج کے اخراجات اپنی طرف سے دینے کا وعدہ کررہی ہے تو یہ ایجنٹ کی محنت یعنی افراد کو تیار کرنے اوران سے فارم بھروانے کا معاوضہ سمجھا جائے گا اوراس کی اپنی ذاتی کمائی میں شامل ہوگا؟ لہٰذا اس رقم سے اس کے لیے حج کے سفر پر جانا بلاشبہ درست ہوگا۔

**عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم من رجل إلٰى مكة،ويضمن له الكرى نفقته إلٰى أن يبلغ،قال: لا،أن يوقت أياماً معلومة،وكيلاً معلوماً من الطعام يعطيه إياه كل يوم.** (المصنف لعبد الرزاق،البيوع:٢١٤/٨،رقم:١٤٩٣٨،بحواله:التعليقات على الفتاوىٰ التاتارخانية:١٠١/١٥، زكريا)

**لا تصح حتٰى تكون المنافع معلومة والأجرة معلومة.** (الهداية: ٢٧٧/٤)

**كذا استفيد من هٰذه الجزئية: استأ جره ليصيد له أو يحطب له فإن وقت لذٰلک وقتاً جاز ذلک.** (الدرالمختار، كتاب الإجارة، باب الإ جارة الفاسدة: ٦٢/٦، دار الفكر بيروت، ٨٥/٩، زكريا)

**وكذا يستفاد جوازه من مسئله أجرة المسمار له، فإن وقت لذلک.** (الدرالمختار، باب ضمان الأجير، مطلب في أجرة الدلال: ٦٣/٦، دارالفكر بيروت، ٨٧/٩، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۸/۱/۲۰ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۸۷/۷)

## کم پیسوں میں حج کرنے کی نیت سے خدام الحجاج کی معیت میں حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ جو لوگ خدام کی حیثیت سے ملک عرب مکہ ومدینہ جاتے ہیں اور ایجنٹ کے ذریعہ جاتے ہیں اوران خدام حجاج سے ایجنٹ کرایہ اور محنت ورسائی کے اعتبار سے تقریباً چالیس ہزار روپیہ وصول کرتے ہیں، کیا اس طریقہ سے خدام حجاج کا جانا درست ہے، یا نہیں؟ خدام کا کہنا یہ ہے کہ ہم کم پیسوں میں حج اور عمرہ ادا کرلیں، دل میں خلوصِ نیت بھی ہے، کیا یہ دینی کام اس طریقہ سے کرنا جائز اور درست ہے؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ـــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

مذکورہ صورت میں اگر ایجینٹ یہ کہتا ہے کہ میں خدام الحجاج کو بھیجنے، ویزا لگوانے اور ٹکٹ وغیرہ کا انتظام کروانے کی محنت کے عوض میں متعین طور پر چالیس ہزار روپیہ لوں گا، تو یہ عقد اجارہ جو شرعاً جائز ہے، لہٰذا خدام الحجاج کے نام پر اس طرح حجاز مقدس جانا شرعاً درست ہے۔

**عن أبي هريرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم: ... ومن استاجر أجيراً فليعلمه أجره.** (السنن الكبرىٰ للبيهقي: ١٩٨/٦، رقم: ١١٦٥١)

**أخرج عبد الرزاق عن الثورى فى رجل يكترى من رجل إلىٰ مكة، ويضمن له الكرى نفقته إلىٰ أن يبلغ، قال: لا، أن يوقت أياماً معلومة، وكيلاً معلوماً من الطعام يعطيه إياه كل يوم.** (المصنف لعبد الرزاق، البيوع: ٢١٤/٨، رقم: ١٤٩٣٨، بحواله: التعليقات على الفتاوىٰ التاتارخانية: ١٠١/١٥، زكريا)

**لا تصح حتى تكون المنافع معلومة والأ جرة معلومة.** (الهداية: ٢٧٧/٤)

**كذا استفيد من هذه الجزئية: استاجره ليصيد له أو يحطب له فإن وقت لذٰلک وقتاً جاز ذلک.** (الدرالمختار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ٦٢/٦، دارالفكر بيروت، ٨٥/٩، زكريا)

**وكذا يستفاد جوازه من مسئلة أجرة المسمار له، وقت لذٰلک.** (الدرالمختار، باب ضمان الأجير، مطلب في أجرة الدلال: ٦٣/٦، دار الفكر بيروت، ٧٨/٩، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۳/۶/۲۳ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۸۱/۷)

## سرکاری روپیہ سے حج:

سوال: حکومتِ ہند موسم حج میں حاجیوں کی دیکھ بھال کے لیے ویلفیئر آفیسر بنا کر کسی کو منتخب کر کے اس کے تمام مصارف برداشت کرتی ہے اور اس کے لیے بقدرِ ضرورت تمام رقم پیشگی دے دیتی ہے، وہ منتخب آفیسر اپنے فرائض انجام دینے کے ساتھ حج بیت اللہ بھی ادا کر لیتے ہیں۔اس کا یہ حج کیسا ہوگا؟ اس کا وہ حج فرضیتِ حج میں شمار ہوگا، یا نفل؟ کیا حکومت نے جب رقم دی اس وقت وہ صاحبِ نصاب شمار نہیں ہوگا؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً**

جب کوئی شخص خود صاحبِ نصاب نہیں، جس سے اس پر حج فرض ہو؛ یعنی زادِ راہ پر قادر نہیں؛ مگر وہ پیدل پہنچ جائے، یا کوئی شخص اس کو اپنے ساتھ لے جائے، یا کسی نے اس کو روپیہ دے دیا، جس سے وہ وہاں پہنچ گیا اور حج ادا کر لیا تو اس کا حج ادا ہو جائے گا،(۱) پھر غنی ہو جانے پر اس کے ذمہ دوبارہ حج فرض نہیں ہوگا۔(۲)

الاشباہ والنظائر میں ہے کہ کسی فرض کی ادائیگی کے لیے جو شرائط ہوں، ان کی تحصیل مقصود نہیں؛ بلکہ جب ان کا حصول ہو جائے، خواہ کسی طریقہ سے ہو، تو بھی کافی ہے، مثلاً: نماز کے لیے طہارت شرط ہے، ایک شخص بلا اختیار نہر میں گر گیا، پانی اس کے بدن پر پہونچ گیا اور بہہ گیا، پھر اس نے نماز پڑھی تو اس کی نماز ہو جائے گی، یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس نے اپنے قصد سے وضو نہیں کیا؛ اس لیے اس کی نماز نہیں ہوئی، اسی طرح یہاں بھی اس کا حج ادا ہو جائے گا۔(۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۱/۱۴۰۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۰۷-۳۰۸)

## سرکاری ملازم کا دورہ پر حج ادا کرنا:

سوال: زید ایک سرکاری ہسپتال میں کمپونڈر ہے، اس سال حکومتِ ہند کی جانب سے وہ بحیثیتِ ملازم سعودی

---

(۱) والثاني: أن الفقير إذا وصل إلى المواقيت، صار حكمه حكم أهل مكة، فيجب وإن لم يقدر على الراحلة. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/۵۴۶، رشيدية)

(۲) والفقير إذا حج ماشياً ثم أيسر، لاحج عليه. (الفتاویٰ التاتارخانية، كتاب المناسك، شرائط الوجوب: ۲/۴۳۷، إدارة القرآن والعلوم الاسلامية كراتشي)

(۳) أما يراعى حصولها (أي شرائط) لاتحصيلها". (الأشباه والنظائر، القاعدة الثانية: الأمور بمقاصدها: ۱/۱۳۵، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية كراتشي)

"أما إذا كان شرطا لحكم، لاتشترط النية في هٰذا الشرط؛ لأن الشرط يراعى وجوده مطلقاً، لاوجوده قصداً ...أنه لو سال عليه المطر، فغسل أعضاء وضوءه أو جميع البدن أجزأه عن الوضوء والغسل". (الأشباه والنظائر، القاعدة: لاثواب إلا بالنية: ۱/۶۸، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية كراتشي)

عرب چار ماہ کے لیے بھیجا جا رہا ہے، اس مدت میں اس کو تنخواہ کے ساتھ دیگر سہولتیں بھی حکومت کی طرف سے حاصل رہے گی، مثلاً سفر خرچ وغیرہ۔ زمانۂ حج میں وہ سعودی عرب میں مقیم رہے گا، ایسی صورت میں اگر وہ فریضۂ حج ادا کرے گا تو کیا اس کے ذمہ سے فرض اتر جائے گا؟ یا صاحبِ استطاعت ہونے کی صورت میں دوبارہ اپنے ذاتی مصارف سے حج کرنا ضروری ہوگا؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اگر وہ سرکار کے دیئے ہوئے مصارف سے حج کرے گا، تب بھی فریضۂ حج ادا ہوجائے گا، (۱) پھر صاحبِ استطاعت ہونے سے دوبارہ حج فرض نہیں ہوگا۔ (۲) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۹/۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۰۹-۳۱۰)

## مشترکہ تجارت میں حج کس پر ہے:

سوال (۱) مثلاً کئی بھائی مشترکہ زندگی گزارتے ہیں اور سب کماتے ہیں کوئی تجارت سے، کوئی زراعت سے؛ مگر تجارت کرنے والے بھائی زیادہ کماتے ہیں کہ سب کا اخراجات مشترکہ اٹھانے کے بعد بھی اتنا روپیہ بچ رہتا ہے کہ گھر کا ہر فرد حج کرسکتا ہے اور مشترکہ گھر جس میں نصاب سے کم کماتے ہیں۔ حسب ذیل قسم کے لوگ شامل ہیں: اس تاجر کے بھائی اور ان کی بیویاں اور اس کے والدین اور اس تاجر کے بالغ لڑکے غیر شادی شدہ تو شرعاً ان میں کس پر حج فرض ہوگا اور کس پر نہیں؟

(۲) خاندان مشترکہ میں سوال نمبر: ۱، کی نوعیت کے لوگ شامل ہوں اور روپیہ صرف تین، یا چار آدمی کے ہوں کہ حج کے لیے کفیل ہوتا ہو اور سب کے لیے کفالت نہیں کرتا تو کیا ان میں چار آدمیوں پر حج فرض ہوگا، یا نہیں؟ اور ایسی صورت میں خاندان کے کن لوگوں کو پہلے جانا ضروری ہے؟

---

(۱) والثاني: أن الفقير إذا وصل إلى المواقيت، صار حكمه حكم أهل مكة، فيجب وإن لم يقدر على الراحلة. (منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/ ۵٤٦، رشيدية)

فإذا تحمل الحرج وقع موقعه كالفقير إذا حج، والعبد إذا حضر الجمعة فأداها، ولأنه إذا وصل إلىٰ مكة، صار كأهل مكة، فيلزمه، إلخ. (بدائع الصنائع، فصل في شرائط فرضيته: ۳/ ۵۷، دار الكتب العلمية بيروت، لبنان)

في اللباب: الفقير الآفاقي إذا وصل إلىٰ ميقات، فهو كالمكي ... ونظيره ما سنذكره في باب الحج عن الغير من أن المأمور بالحج إذا وأصل إلىٰ مكة، لزمه أن يمكث ليحج حج الفرض عن نفسه، لكونه صار قادراً علىٰ مافيه، كما ستعلمه إن شاء الله. (ردالمحتار، مطلب في من حج بمال حرام: ۳/ ٤٤۹، دار عالم الكتب رياض)

(۲) (والفقير إذا حج ماشياً ثم أسير لاحج عليه). (التاتارخانية، كتاب المناسك، شرائط الوجوب: ۲/ ٤۳۷، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية، كراتشي)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

(۱) جب سب بھائی الگ الگ کماتے ہیں؛ تو ہر ایک اپنی کمائی کا مالک ہے، جس کے پاس حاجتِ اصلیہ سے زائد بقدرِ حج روپیہ ہو، اس پر حج فرض ہے، (۱) ان کا ایک ساتھ مشترکہ زندگی گزارنا اور ایک دوسرے کی اعانت کرنا یہ آپس کی ہمدردی ہے، جن کا کمایا ہوا روپیہ ہے، اگر وہ پہلے حج کرلیں پھر نمبروار دوسروں کو حج کرائیں تو سب کو یہ سعادت حاصل ہوجائے گی، نابالغ پر حج فرض نہیں، اگر وہ حج کرلیں تو ثواب کے وہ بھی مستحق ہوں گے؛ مگر بالغ ہونے پر اگر فرض ہوا تو پھر ادا کرنا ہوگا۔ (۲)

(۲) نمبر: ا سے ظاہر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۰/۱۳۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۰/۱۳۸۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۰۳/۱۰-۳۰۴)

## قرضدار بغیر قرض ادا کئے حج کو جاسکتا ہے، یا نہیں:

سوال: اگر کوئی شخص حج کو جانا چاہے اور وہ قرضدار ہو تو اس کو حج کو جانے سے پہلے قرض ادا کرنا ضروری ہے، یا نہیں؟ اور بغیر قرض ادا کئے حج کو جاسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ

درمختار میں ہے:

**(وغيرها سنن و آداب) كان يتوسع فى النفقة ويحافظ على الطهارة وعلىٰ صون لسانه ويستاذن أبويه ودائنه و كفيله.**

---

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ (سورة آل عمران: ۹۷)

(ومنها القدرة على الزاد والراحلة) بطريق الملک أوالاجارة، دون الاعارة والاباحة ... وتفسير ملک الزاد و الراحلة أن يكون له مال فاضل عنه حاجته، وهوما سوىٰ مسكنه ولبسه وخدمه وأثاث بيته قدرما يُبلغه إلىٰ مكة ذاهباً و جائياً. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب المناسک، الفصل الأول: ۱/ ۲۴۳، رشيدية)

الحج واجب على الأحرار البالغين العقلاء الأصحاء إذا قدروا على الزاد والراحلة فاضلاً عن مسكنه وما لابد منه. (اللباب فى شرح الكتاب، كتاب الحج: ۱/۱۶۴، قديمى)

(۲) فمنها البلوغ، ومنها العقل، فلاحج على الصبى والمجنون لأنه لاخطاب عليهما، فلا يلزمهما الحج، حتىٰ لوحجاء ثم بلغ الصبى وأفاق المجنون، فعليهما حجة الاسلام وما فعله الصبى قبل البلوغ يكون تطوعاً، وقد روى عن النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: أيما صبى حج عشر حجج، ثم بلغ، فعليه حجة الاسلام. (بدائع الصنائع، فصل فى شرائط فرضيته: ۴۴/۳، دارالكتب العلمية بيروت) (یہ حدیث مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت عبداللہ بن عباس مرفوعاً منقول ہے: عن ابن عباس قال: احفظو عنى ولا تقولوا قال ابن عباس: "أيما عبد حجبه أهله، ثم أعتق فعليه الحج وأيما صبى حج به أهله صبياً ثم فعليه حجة الرجل وأيما أعرابياً حج أعرابيا ثم هاجر فعليه حجة المهاجر. (المصنف لابن أبى شيبة: ۵۶۹/۹، رقم الحديث: ۱۵۱۰۵)

اور شامی میں ہے:

**وكذا يكره بلا إذن دائنه وكفيله والظاهر أنها تحريمية لاطلاقهم الكراهة ويدل عليه قوله فيما مر في تمثيله للحج المكروه كالحج بلا إذن مما يجب استيذانه فلا ينبغي عده ذلك من السنن والآداب .** (۱)

ان روایات (عبارتوں) سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حج میں جانے کے وقت اجازت لینا یا مستحب ہے یا واجب، ادائے قرض کا ضروری ہونا ثابت نہیں۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۴۴/۶-۵۴۵)

## جس روپیہ سے زکوٰۃ نہیں نکالی ہو، اس روپیہ سے اور قرض روپیہ سے حج کرنا:

سوال: گزارش یہ ہے کہ جس روپیہ میں زکوٰۃ نہ نکالی جاوے، اس روپیہ سے حج کرنا جائز ہے، یا نہیں؟ جواز وعدم جواز سے مفصل مطلع فرمایا جاوے؟ اور قرض لے کر جانا ہے، یا نہیں؟ حج ہو جائے گا، یا نہیں؟ یعنی کچھ روپیہ تو اس کے پاس ہے، جو حج کو جاتا ہے اور کچھ روپیہ قرض لے کر جاتا ہے، اس کا بالغ لڑکا ہے، وہ قرض ادا کر دے گا تو اس روپیہ سے حج ادا ہوگا، یا نہیں؟ اور اگر وہ بالغ لڑکا کہے کہ میں خود تنگدست ہوں بال بچوں کو کیا کھلاؤں گا، میں قرض نہ دوں گا تو اس کا کیا حکم ہے جو والد کا کہنا نہیں مانتا؟

**الجواب**

جس روپیہ سے زکوٰۃ نہیں نکالی گئی، اس سے اگر حج کیا جائے تو حج تو جائز ہو جائے گا؛ مگر زکوٰۃ کی تاخیر کا گناہ بھی رہے گا؛ اس لیے بہتر یہ ہے کہ اول زکوٰۃ ادا کی جائے، اس کے بعد جو رقم بچے اس سے حج کیا جاوے، اگر وہ رقم کافی نہ ہو تو قرض لے کر حج کرنا اس شرط سے جائز ہے کہ اداء قرض کے واسطے کچھ سرمایہ پیچھے چھوڑ جائے، مثلاً جائداد و مکانات وغیرہ، اگر سرمایہ کچھ نہ ہو تو قرض لے کر اولاد کے ذمہ ڈالنا جائز نہیں اور جو لڑکا قرض کے ادا کرنے سے انکار کرتا ہے، اس کا کچھ قصور نہیں اولاد کے ذمہ ماں باپ کی اطاعت وخدمت لازم ہے، قرض ادا کرنا ان کے ذمہ نہیں۔ فقط

**۲۹/ربیع الثانی ۱۳۴۸ھ** (امداد الاحکام: ۱۶۲/۳)

## اولاد اداء قرض کا وعدہ کرے تو مدیون باپ کو حج پر جانا جائز ہے:

سوال: میں کاروبار پنراوہ کا کرتا ہوں، میرے ذمہ قرضہ بارہ سو روپیہ ہے اور مال دو ہزار کا ہے، علاوہ مکانات زائد رہائشی کے۔ میری اولاد میرے فریضہ حج کو اس طرح پر منظور کرتی ہے کہ تم حج کو چلے جاؤ ہم قرضہ ادا کریں گے، کیا اس طرح پر شریعت مجھے اجازت اداء فریضہ کی دے سکتی ہے؟ دعا فرمایئے کہ وقت روانگی تک قرضہ ادا ہو جائے۔

---

(۱) رد المحتار، كتاب الحج، مطلب في فروض الحج وواجباته: ۴۷۳/۳-۴۷۴، مكتبة زكريا ديوبند، انيس

میری زوجہ عمر رسیدہ اور دائم المریض ہے، اس کا بھی اصرار ہے کہ مجھے بھی لے کر چلو، ورنہ میں اجازت نہیں دیتی، اس حال میں کہ خرچ آمد ورفت ایک ہی کا کافی ہے، دوسری عورت کا خرچ بہ نسبت مرد کے زیادہ ہوتا ہے، پس کیا عورت کی اجازت کا مرد شرعی طور پر ادا فریضہ حج کے لیے پابند ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ

ہاں! اس صورت میں سائل کو حج کے لیے چلا جانا چاہیے اور قرض خواہوں کا اطمینان کر جائے کہ میری اولاد تمہارے قرض کا انتظام کرے گی، اگر اولاد کا وعدہ جی کو لگے۔ مرد حج کے بارہ میں بیوی کی اجازت کا پابند نہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اس کے لیے واپسی تک نفقہ کا انتظام کر جائے۔ واللہ اعلم

۲۵ ؍رجب ۱۳۴۵ھ، از تھانہ بھون خانقاہ امدادیہ۔ (امداد الاحکام: ۱۵۶/۳)

## قرضۂ فرم کیا مانعِ حج ہے:

سوال: فرم کا قرضہ حج سے مانع ہوگا، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

مانع نہیں؛ بلکہ مالی حیثیت یہ ہے کہ اہل وعیال کا خرچہ ادا کرنے کے بعد حج کا خرچہ پاس ہو۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۴/۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۰۲/۱۰)

## وسعت کے بعد مقروض ہو جانے سے حج کا حکم:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میرے والد صاحب بنگال میں کوئلہ کی کان میں سرکاری نوکری کرتے تھے، اس دوران کبھی زیادہ روپے پیسے جمع ہوئے، یا نہیں؟ مجھے اس کے

---

(۱) (فضلاً عما لاد منه) كمامر في الزكاة.(الدر المختار)

(قوله: كما مر في الزكاة):أي من بيان ما لابد منه من الحوائج الأصلية كفرسه وسلاحه وثيابه وعبيد خدمته و آلات حرفته وأثاثه وقضاء ديونه وأصدقته،ومؤجلة كما في اللباب وغيره.المراد قضاء ديون العباد،ولذا قال في اللباب أيضاً:وإن وجد مالاً،وعليه حج وزكاة يحج به، قيل إلا أن يكون المال من جنس ماتجب فيه الزكاة فيصرف إليها.(رد المحتار، كتاب الحج،مطلب فيمن حج بمال حرام: ٤٦١/٢،سعيد)

قال الله تعالىٰ: ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلاً﴾(سورة آل عمران:٩٧)

شروط الوجوب،وهي التي إذا وجدت بتمامها،وجب الحج،وإلا فلا.(رد المحتار،مطلب في من حج بمال حرام: ٤٥٨/٢،سعيد)

ولذا قلنا: لايستقرض ليحج إلا إذا قدرعلى الوفاء، كمامر.(ردالمحتار، كتاب الحج،مطلب في قوله:يقدم حق العبد علىٰ حق الشرع: ٤٦٢/٢-٤٦٣،سعيد)

متعلق معلوم نہیں؛ لیکن ۱۹۹۲ء میں میرے والد نوکری سے رٹائر ہوگئے، اس وقت قری قریب ڈھائی تین لاکھ روپے والد صاحب کو ملے تھے اور اس وقت کوئی قرض وغیرہ بھی والد صاحب کے ذمہ نہیں تھا۔

اب مسئلہ قابلِ غور یہ ہے کہ میرے والد کے ذمہ حج فرض ہوا ہے، یا نہیں؟ اگر نہیں ہوا تو کوئی بحث نہیں؛ لیکن اگر فرض ہو چکا ہے تو پھر اب کیا حکم ہے؟ جب کہ اس وقت حالت یہ ہے کہ میرے والد کے اوپر بہت زیادہ قرض ہو چکا ہے اور کھیت وغیرہ بھی اتنا نہیں ہے جس میں سے کچھ فروخت کرکے اس فریضہ کو ادا کرسکیں اور نہ ہی کوئی پیشہ، یا تجارت ہے، اب کوئی ذریعہ، یا صورت نہیں ہے اور نہ ہی آئندہ کوئی ایسی امید ہے، جس سے میرے والد فریضہ حج کو ادا کرسکیں تو کیا کوئی ایسی صورت شریعت میں موجود ہے کہ حج کیے بغیر ہی مسئلہ حل ہو جائے؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ـــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق**

موجودہ دور میں ڈھائی لاکھ کے اندر اطمینان اور فراغت کے ساتھ حج کیا جا سکتا ہے، بریں بنا مسئولہ صورت میں اگر آپ کے والد صاحب کے پاس حج کرنے کے بقدر رقم اتنی مدت تک رہی کہ اگر وہ حج کرنا چاہتے تو کر لیتے تو ان پر حج فرض ہو چکا ہے اور بعد میں مقروض ہو جانے اور مذکورہ رقم کے خرچ ہو جانے کے باوجود ان سے حج کی فرضیت ساقط نہ ہوگی؛ بلکہ جس طرح بھی ہو سکے، زندگی میں حج کرنے کی کوشش کریں اور اگر حج کرنے کا مرتے وقت تک انتظام نہ ہو تو وصیت کر کے جائیں اور اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار مسلسل کرتے رہیں۔

**قال اللّٰہ تبارک تعالیٰ ( وَلِلهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَا عَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا)**(آل عمران:۹۷)

**عن طارق قال:سمعت ابن أبی أوفٰی رضی اللّٰه عنه يسأل عن الرجل يستقرض ويحج ،قال: يسترزق اللّٰه ولا يستقرض،قال:وكنا نقول:لايستقرض إلا أن يكون له وفاء.** (السنن الكبریٰ للبيهقی: ٥٤٤/٤،رقم: ٨٦٥٤،دار الكتب العلمية بيروت)

**من جاء وقت خروج أهل بلده ،أو أشهر الحج وقد استكمل سائر شرائط الوجوب والأداء وجب عليه الحج من عامه، ووجب أداؤه بنفسه، فيلزمه التأهب والخروج معهم فلو لم يحج حتى مات فعليه الإيصاء به، وكذلک لو لم يحج حتى افتقر تقرر وجوبه دينا فی ذمته ولا يسقط عنه بالفقر.** (غنية الناسک،ص:۳۳، ومثله فی الدرالمختار مع الشامی: ٤٥٥/٣،زكريا،الفتاویٰ الخانية علی الفتاویٰ الهندية: ٢٨٤/١،البحرالعميق: ٣٨٦/١،الطحطاوی علی المراقی،ص: ٣٩٧) **فقط واللہ تعالیٰ اعلم**

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۹/۱/۲۱ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۳۰۸/۷)

## زکوٰۃ کے روپے سے حج درست ہے، یا نہیں:

سوال: زید استطاعت حج ندارد، بکر اورا از مال زکوٰۃ خود امداد نمود، آیا حجش جائز خواہد شد، یا نہ؟(۱)

(۱) زید حج کی استطاعت نہیں رکھتا ہے، بکر نے اس کی امداد زکوٰۃ کے مال سے کی تو کیا اس مال سے اس کا حج ادا ہوگا، یا نہیں؟ انیس

الجواب

بخش ادا خواہد شد، (۱) اور زکوٰۃ دینے والے نے جب دے دی اور اس نے حج ادا کیا؛ تو اس کے درست ہونے میں کیا اشکال ہے۔ واللہ اعلم (۲) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۵۳۰)

## جو شخص زکوٰۃ نہ نکالے، اس کا حج کے لیے جانا کیسا ہے:

سوال: جو صاحب نصاب ہیں؛ مگر زکوٰۃ ادا نہیں کرتے اور حج کے لیے تیار ہیں، ان کا حج کو جانا کیسا ہے؟

الجواب

اگر کوئی شخص ایک فرض ادا نہ کرے اور دوسرا فرض ادا نہ کرے تو ظاہر ہے کہ جو فرض ادا کیا جائے گا، وہ ادا ہو جائے گا اور جو فرض ادا نہ ہوگا، اس کا گناہ رہے گا، بناء علیہ حج اس کا ادا ہو جاوے گا۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۵۲۴)

## اس کی کیا اصل ہے کہ ہندو سے روپیہ قرض لے کر حج کرنا بہتر ہے:

سوال: مولانا عاشق الٰہی صاحب نے لکھا ہے: ہندو سے قرض لے کر حج کو جانا بہتر ہے، اس کی کیا اصل ہے؟

الجواب

اس کی اصل یہ ہے کہ کفار مخاطب بالفروع نہیں؛ اس لیے ہندو سے جو قرض لیا جائے گا، وہ شبہات سے خالی ہوگا۔ دوسرے اگر حج کو جانے والے کے پاس مشتبہ رقم ہو تو اس مشتبہ رقم سے حج کرنا بہتر نہیں، اس کو چاہیے کہ قرض لے کر حج کو جائے؛ مگر مسلمان سے قرض لے کر اس کے قرض کو مشتبہ مال سے ادا کرنا اشد ہے اور ہندو کے قرض کو اس سے ادا کرنا اشد نہیں گو شدید ہے۔ (امداد الاحکام: ۳/۱۵۹)

## کافر کے روپیہ سے حج کرنا:

سوال: کافر کے روپیہ سے حج کر سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً

اگر اس نے ہبہ کر دیا ہے؛ تو کر سکتا ہے۔ (۳) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/۱۱/۱۳۶۰ھ۔ الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۱۰)

---

(۱) اس کا حج ادا ہو جائے گا۔ انیس (وكره الاغناء وندب عن سوال (كنز) أي كره أن يدفع إلى فقير ما يصير به غنياً وندب الأغناء عن سؤال الناس. (البحر الرائق، كتاب الزكاة باب الصرف: ۲/۲٦٨)

(۲) وكذا لو تصدق به عليه ... ما لايحج به لايجب عليه القبول عندنا ... فإن قبل المال وجب. (المسلك المتقسط، ظفير)

(۳) وأما الهدية للمشركين وأهل الكتاب، وقبول هداياهم كل ذلك جائز إذا كانوا ذمة لنا، وكذالك إذا كانوا أهل حرب. (إعلاء السنن، باب رد الهدية لعلة وأن هدايا الأمراء: ١٥٢/١٦، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية كراتشي) ==

## زرعی زمینیں ہوں؛ مگر روپیہ نہ ہوتو ہندو سے سود پہ روپیہ لے کر اس کا حج کرنا جائز ہے، یا نہیں:

سوال (۱) شخصے است دولتمند نزد اوزمینات زرعی بسیار موجود اند لیکن فی الحال نزد او روپیہ نقد موجود نہ اند آن کس می خواہد کہ روپیہ مثلاً یک ہزار بقرض برسود از ہندو بگیرم و حج کنم بعدہ، آن قرض بمع سود ادا خواہم نمود پس زید فتوی می دہد کہ آن کس را گرفتن قرض برسود جائز نیست واز ین عقد ناجائز آن مال مستقرض ہم حرام گشت پس حج کردن آن را از یں مال حرام جائز نیست وعمر فتوی می دہد کہ ایں مال حرام نیست چرا کہ زیادتی ربوا حرام است وحرمت عقد از ین مال مستقرض اثر نمی کند پس حج کردن آن شخص از ین مال جائز است کہ از یں عقد ناجائز آن مال مستقرض حرام می شود، یا نہ؟ (۱)

(۲) ثانیاً درصورت مذکورہ کہ نزد آن شخص نقدیات موجود نہ اند، وبراو حج اسلام ہم فرض است وایام حج برسر آمدہ اند اگر ہمان شخص قدرے از زمینات خود می فروشد پس ایام حج می گذرند ومی داند کہ اگر درین سال بمیرم، پس مرتکب کبیرہ خواہم شد، اکنون دریں صورت اگر چند مبالغ برسود بگیرد بہ سبب ہمیں ضرورت جائز است یا نہ؟ وہمیں ضرورت شرعی است یا نہ جواب ہر دو سوال بحوالہ کتب مرحمت فرمانید کہ اطمینان قلبی حاصل گردد۔ (۲)

الجواب

(۱) قول زید کہ گرفتن قرض برسود جائز نیست صحیح است واما قول او کہ از ین عقد ناجائز آن مال مستقرض ہم حرام گشت پس حج کردن از یں مال حرام جائز نیست، الخ، صحیح نیست زیرا کہ عقد استقراض بشرط فاسد فاسد نمی شود۔

قال فی الدرالمختار: القرض بالشرط حرام والشرط لغو، آہ. (۲/۲٦٦)

بلکہ شرط فاسد خود لغو می گردد پس مال مستقرض حرام نہ گشت؛ بلکہ شرط ربوا باطل گردید وچون مال ربوا بمال او مخلوط

---

== قال العبد الضعيف: إن الهبة والصدقة والهدايا والعطية معانيها متقاربة. (إعلاء السنن، باب في قبول الهدية: ٤٥/٣، ادارة القرآن والعلوم الاسلامية، كراچی)

وأهل الذمه فی حكم الهبة بمنزلة المسلمين؛ لأنهم التزموا أحكام الاسلام فيما يرجع إلى المعاملات. (الفتاوٰی الهندية، كتاب الهبة، الباب الحادی عشر فی المتفرقات: ٤/ ٤٠٥، رشيدية)

(۱) ایک دولت مند شخص کے پاس بہت ساری زرعی زمینیں ہیں؛ لیکن اس کے پاس نقد رقم نہیں ہے، سود کے ساتھ قرض ادا کرے گا؛ لیکن زید نے اسے فتویٰ دیا کہ سود پر قرض لینا جائز نہیں ہے اور اس عقد حرام سے جو مال اس نے بطور قرض حاصل کیا ہے، وہ جائز نہیں ہے، اس کے اس مال حرام سے حج کرنا درست نہیں ہے، جب کہ عمر کہتا ہے کہ وہ مال حرام نہیں ہے گوکہ سود کی رقم حرام ہے اور اس معاہدہ کی حرمت کا اثر اس قرض کی رقم پر نہیں پڑے گا؛ اس لیے اس رقم اس کا حج کرنا جائز ہے؛ اس لیے وضاحت فرمائیں کہ اس طور پر قرض لی گئی رقم حرام ہے، یا نہیں؟

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ کسی شخص کے پاس نقد رقم موجود نہ ہو، تو کیا اس شخص پر حج فرض ہے جب کہ حج کے ایام آنے والے ہیں اور وہ اپنی زمینیں فروخت کر دیتا ہے، تو ایام حج میں اس کے پاس رقم ہو جائے گی واضح رہے کہ اگر وہ اس سال حج کو نہیں جاتا ہے تو کیا مرتکب کبیرہ ہوگا؟ اب اگر اس صورت میں اس نے کچھ رقم بطور قرض سود پر لے لے تو کیا اس ضرورت کی وجہ سے جائز ہے، دونوں سوالوں کا جواب مرحمت فرمائیں تا کہ اطمینان قلب حاصل ہو سکے۔

نگردید؛ بلکہ بمال مقرض مخلوط شدہ لہٰذا مال مستقرض حلال باشد وحج ادا کردن باو ہم صحیح باشد، اگر چہ گناہ عقد ربواودادن ربوا ہم بذمہ او باشد۔(۱)

(۲) تاوقتیکہ زمین مذکور فروخت شود ونزد مرد رقم نقد بوقت خروج حجاج بدست نیاید براوحج فرض نیست پس بدین ضرورت کہ امسال حج ادا کردہ شود قرض برسود گرفتن جائز نباشد۔(۲) واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵/ذی قعدہ ۱۳۳۹ھ (امداد الاحکام:۳/۱۶۵)

## والدہ کے روپیہ سے حج:

سوال: میں خیریت سے رہ کر اس سال فریضۂ حج کے لیے اپنی والدہ محترمہ کا محرم بن کر ان کے ساتھ جانا چاہتا ہوں، میری عمر غالباً ۱۸/سال ہے، مجھ سے بڑے ایک بھائی ہیں جن کی عمر تقریباً ۲۱/سال ہے، میرے اس مسئلہ کا حل فرما کر مجھ پر احسان فرمائیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اگر خرچ کا روپیہ آپ کی ملک کردیا جائے، یا پہلے سے آپ کے پاس اتنا ہو کہ جس میں آپ حج کرسکیں؛ تو پھر والدہ محترمہ کے ساتھ جانے اور حج کرنے سے آپ کا حج ادا ہوجائے گا، اگر والدہ محترمہ اپنے روپیہ سے آپ کو ساتھ لے جائیں اور حج کرلیں، تب بھی حج ادا ہوجائے گا، اس فکر میں نہ رہیں کہ بڑے بھائی نے حج نہیں کیا تو میں کیسے حج کرلوں، آپ کا حج ہر حال میں ادا ہوجائے گا۔(۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۳/۱۴۰۴ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۰۸)

---

(۱) زید کا فتویٰ کہ سود پر قرض لینا ناجائز ہے، صحیح، رہی یہ بات کہ اس ناجائز معاہدہ کی وجہ سے قرض پر لی گئی رقم میں حرام شامل ہوجائے گا اور اس رقم سے حج کرنا نہیں ہے، صحیح نہیں ہے؛ کیوں کہ قرض کا معاہدہ شرط فاسد کیوجہ سے حرام نہیں ہوگا؛ بلکہ شرط فاسد خود فاسد ہوجائے گا، اس لیے قرض لی گئی رقم حرام نہیں ہے، البتہ سود کی شرط باطل ہوجائے گی اور چوں کہ سود کا مال اس رقم سے مخلوط نہیں ہوا؛ اس لیے قرض پر لی گئی رقم حلال ہے اور اس سے حج کرنا درست ہے گو کہ اس طرح کا معاہدہ کرنا گناہ سے خالی نہیں ہے۔انیس

(۲) جب تک کہ وہ اپنی زمین فروخت نہ کرے اور نقد رقم حاجیوں کے جانے کے وقت تک اس کے قضیہ میں نہ کر جائے اس پر حج فرض نہیں ہے، تو اس ضرورت کے لیے کہ اسی مسائل حج کرے اس کا سودی قرض لینا جائز نہیں ہے۔انیس

اس فتوی کے متعلق خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون کے مفتی حضرت مولانا مفتی عبدالکریم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے امداد الاحکام کے رجسٹر:۹، کے شروع میں تحریر فرمایا ہے کہ اس میں مجھے تردد ہے۔افسوس کہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق اس مسئلہ میں میں معلوم نہیں ہوسکی۔

احقر ناکارہ محمد رفیع عثمانی، خادم طلبہ و دارالافتاء دارالعلوم کراچی، ۲۸/ذی الحجہ ۱۳۹۷ھ۔

(۳) (ومنها القدرة على الزاد والراحلة) بطريق الملک، أو الاجارة دون الإعارة، والاباحة، سواءٌ كانت الاباحة من جهة من لا منة له عليه كالوالدين والمولودين، أومن غيرهم كالأجانب، كذا فى السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب المناسک، الباب الأول فى تفسير الحج: ۱/ ۲۱۷، رشيدية) ==

## جو باپ کے مال سے حج کر چکا ہو گیا، اس پر دوبارہ حج فرض ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنے باپ کے مال سے باپ کی موجودگی میں حج کیا تھا، بعد انتقال باپ یہ شخص مالک مال اور قادر زادو راحلہ ہوا آیا اس پر دوبارہ حج فرض ہے، یا نہیں؟

الجواب ——————

اگر پہلا حج بلوغ کے بعد ہو، حج فرض ادا ہو گیا دوبارہ حج فرض نہیں ہے۔

درمختار میں ہے: "**فلو جدد الصبی الإحرام قبل وقوفه بعرفة ونوىٰ حجة الإسلام أجزأه**".

**وفی ردالمحتار: ولو أحرم الصبی أو المجنون أو الكافر ثم بلغ أو أفاق ووقت الحج باق فإن جددوا الاحرام يجزيهم عن حجة الإسلام، إلخ**". (۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۳۰)

## والدین کی جائیداد سے ملے ہوئے حصہ کو فروخت کر کے حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میرے والدین نے اپنی حیات (زندگی) میں میرا حصہ میرے نام کر دیا تھا اور بھائیوں میں برابر کا عدالتی تقسیم بھی ہو چکا ہے اور مین نے حج کا ارادہ بھی کر لیا ہے، کیا میں اس زمین کو فروخت کر کے حج کر سکتا ہوں؟ اور مکان زمین خرید سکتا ہوں، یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مکمل جواب عنایت کریں۔

**باسمه سبحانه وتعالىٰ، الجواب —————— وبالله التوفيق**

جو حصہ آپ کی ملکیت اور قبضہ میں ہے، اس کو آپ اپنی مرضی سے فروخت کر سکتے ہیں اور اس کی قیمت اپنی ضروریات میں حسبِ منشا خرچ کرنے کے مجاز ہیں، کسی دوسرے کو اس میں دخل دینے کی اجازت نہیں ہے اور اگر اس کی قیمت سے آپ حج کرنا چاہیں تو حج کرنا بھی جائز ہے۔ **المالک: هو المتصرف فی الأعيان المملوكة كيف شاء من الملک**. (تفسیر البیضاوی، ص: ۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱/۳۰/۱۴۲۸ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۳۲۱)

## جس کے پاس سات بیگھہ زمین ہو، اس پر حج فرض ہے، یا نہیں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید کی عمر ستر سال ہے، ان کے پاس سات بیگھہ زمین ہے، ایک لڑکا سرکاری اسکول کا ماسٹر ہے، جسے اٹھارہ ہزار روپیہ ملتا ہے، دوسرا لڑکا کسان

---

== (قوله: ذی زاد وراحلة) أفاد أنه لايجب الا بملک الزاد وملک أجرة الراحلة، فلايجب باالاباحة أو العارية، كما فی البحر، وسيُشير إليه. (رد المحتار، مطلب فی من حج بمال حرام: ۲/۴۵۹، سعید)

(۱) دیکھئے: ردالمحتار، کتاب الحج: ۳/۴۶۷، مکتبة زکریا دیوبند، انیس

ہے، کسان کے دولڑکے ہیں، جو سالانہ دولاکھ انکم کرتا ہے، زید کے پاس ایک بچی ہے، جسے بہت پہلے یعنی ۳۰/سال پہلے ایک سرکاری معلم کے رشتہ ازداوج میں منسلک کردیا گیا ہے، زید حج کرنے کے لیے رقم اپنے بچوں سے مانگتے ہیں، تو زید کے لڑکے یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں کہ آپ پر حج فرض نہیں ہے، اس لیے کہ ہم لوگوں کے پاس بچیاں ہیں جو شادی کے لائق ہیں، زید کھیتی بیچنا چاہتا ہے، تو ان کے لڑکے خریدنے والوں کو سختی سے منع کردیتا ہے، زید کے دماغ میں یہ بس چکا ہے کہ میں فریضہ سے بری ہوں یا نہیں؟ زید پر حج فرض ہے ہے یا نہیں؟

**باسمه سبحانه وتعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

اگر آپ کی ملکیت والی سات بیگھہ زمین کی قیمت اس قدر ہے کہ اس میں اس میں سے حج کر اخراجات کے بقدر بیچنے کے بعد اتنی زمین کا مذکورہ حصہ بیچ کر حج کو جانا فرض ہوگا، اور اگر زمین کم قیمت ہے، یا آپ کے ضروری اخراجات اتنے زیادہ ہیں کہ حج کے صرفہ کے بقدر فروختگی کے بعد بقدر ضرورت زمین بچے گی تو آپ پر حج فرض نہیں ہے اور بہرصورت آپ کے بچوں پر آپ کے حج کا خرچہ دینے کی ذمہ داری نہیں ہے؛ لیکن اگر وہ خرچ کردیں تو ان کے لیے بڑی سعادت کی بات ہوگی۔

**وإن كان له من الضياع ما لو باع مقدار ما يكفي الزاد والراحلة يبقى بعد رجوعه من ضيعته قدر ما يعيش بفلته الباقي افترض عليه الحج، وإلا لا.** (غنية الناسک، ص: ۲۰، إدارة القرآن كراتشي، شامي: ۴۹۱/۳، زكريا، البحر العميق: ۳۸۱/۱، الفتاویٰ التاتارخانية: ۴۷۲/۳، رقم: ۴۸۷۷، زكريا، أنوار مناسک، ص: ۱۶۹)

**ومنها القدرة على الزاد والراحلة بطريق الملک والإجارة دون الإعارة والإباحة، سواء كانت الإباحة من جهة من لا منة له عليه كالوالدين والمولدين أو من غيرهم كالأجانب، كذا في السراج الوهاج.** (الفتاویٰ الهندية: ۲۱۷/۱، دار إحياء التراث العربي، الفتاویٰ التاتارخانية: ۴۷۱/۳، زكريا) **فقط واللہ تعالیٰ اعلم**

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۹/۱۰/۱۲ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۹۰/۷)

## صحرائی جائداد بیچ کر حج کو جانا ضروری ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص کے پاس روپیہ نقد نہیں ہے؛ لیکن اس کے نام جائداد صحرائی اس قدر ہے کہ اس میں سے کچھ جز وحصہ جائداد فروخت کرکے واسطے سفر خرچ بیت اللہ شریف اور نیز گھر والوں کے واسطے انتظام روے کا ہوسکتا ہے، اس شخص پر حج فرض ہے، یا نہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــ**

اگر جائداد صحرائی اس قدر ہے کہ اس کی آمدنی اور پیداوار اس کے اور اس کے عیال کے خرچ سالانہ سے زیادہ نہیں

ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہے اور فروخت کرنا زمین کا اس کے ذمہ لازم نہیں۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۱۵)

## جائداد رہن کر کے حج کرنا کیسا ہے:

سوال: میں حج کو جانا چاہتا ہوں، نقد میرے پاس نہیں ہے، البتہ جائداد ہے، کیا اس جائداد کو رہن کر کے اس روپیہ سے حج کو جا سکتا ہوں اور حج کر سکتا ہوں؟

الجواب

اگر حج فرض ہو چکا ہے تو قرض لے کر حج کر سکتے ہو،(۲) اور رہن کرنا جائداد کا اس طرح کہ نفع اس کا مرتہن لیوے، جائز نہیں ہے اور اگر منافع زمین کا مرتہن نہ لیوے تو درست ہے۔(۳) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۱۷)

## اگر کسی کے پاس مقدار فرضیت حج مال نہ ہو؛ مگر صاحب جائداد ہو اور جائداد فروخت کر کے حج کر سکتا ہو تو اس پر حج فرض ہے، یا نہیں:

سوال: یہ ہے کہ میری اہلیہ اپنا حج فرض پہلے ادا کر چکی ہے، اب اس مرتبہ اگر وہ اپنے مرحوم لڑکے کی طرف سے حج بدل کی نیت کر لیں تو کچھ کراہت تو نہیں ہے، میرے لڑکے مرحوم کی بائیس سال کی عمر تھی اور کچھ جائداد بھی اس کے نام اس کی نانی صاحبہ نے کر دی تھی، جس کی آمدنی اس کے خورد و نوش و اخراجات ضروری کی کفیل نہیں ہو سکتی تھی؛ مگر قیمت اس کی اس قدر ضرور تھی اس کو فروخت کر کے وہ بآسانی حج کر سکتا تھا؛ ایسی صورت میں اس کے ذمہ حج فرض ہو گیا، یا نہیں؟

الجواب

**فی الهندية: وإن كان صاحب ضيعة إن كان له من الضياع ما لو باع مقدار ما يكفي الزاد والراحلة ذاهباً وجائياً ونفقة عياله وأولاده يبقى له من الضيعة قدر ما يعيش بغلة الباقي يفترض عليه الحج وإلا فلا.** (الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسك في تفسير الحج وشروطه: ۱/۲۴۰)

---

(۱) وهو فرض على مسلم حر صحيح بصير ذي زاد فضلاً عما لابد منه ... وحرر في النهر أنه يشترط بقاء رأس مال لحرفته. (الدر المختار)

كتاجر و قهقان ومزارع كما في الخلاصة ورأس المال يختلف باختلاف الناس، بحر، قلت: والمراد ما يمكنه الاكتساب به قدر كفايته وكفاية عياله لا أكثر؛ لأنه لا نهاية له. (ردالمحتار، كتاب الحج: ۳/۴۴۷، انيس)

(۲) قوله: (وسعه أن يستقرض) ويحج: أي جاز له ذلك وقيل يلزمه الاستقراض. (رد المحتار، كتاب الحج: ۳/۴۵۵، ظفير)

(۳) يكره للمرتهن أن ينتفع بالرهن وإن أذن له الراهن قال: وعليه يحمل ما عن محمد بن أسلم من أنه لايحل للمرتهن ذلك ولو بالأذان. (الدر المختار على هامش ردالمحتار، كتاب الرهن، باب التصرف في الرهن: ۱۰/۱۴۸، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

اس سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں اگر اس کے پاس اس جائداد کے علاوہ مقدار فرضیت حج مال نہ تھا تو حج فرض نہ ہوا تھا۔

احقر عبدالکریم عفی عنہ، ۲۸/شعبان ۱۳۴۴ھ۔

الجواب صحیح: ظفر احمد عفا اللہ عنہ، از تھانہ بھون، ۲۸/شعبان ۱۳۴۴ھ۔ (امداد الاحکام: ۱۵۴/۳)

## ایضا:

سوال: ایک عورت جس کے نان ونفقہ کا متکفل اس کا شوہر ہے اور اس عورت کے پاس ایک مکان ہے، جس کا کرایہ بھی گھر کے اخراجات میں صرف ہو جاتا ہے اور کچھ بچتا نہیں ہے، ایسی صورت میں عورت کو اپنا مکان بیچ کر حج کرنا فرض ہے، یا نہیں؟ اور مکان کی حیثیت آٹھ، یا دس ہزار روپیہ ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ

اور جب عورت کا نفقہ شوہر دیتا ہے اور دوسرے کسی شخص کا نفقہ اس کے ذمہ نہیں، تو یہ مکان حاجت اصلیہ سے زائد ہے؛ اس لیے حج کرنا اس کے ذمہ فرض ہے۔

**وفی الهندية: وفی التجريد إن كان له دار لا يسكنها وعبد لا يستخدمه فعليه أن يبيعه ويحج به.**

**وفيه أيضاً بعد أسطر: وإن كان صاحب ضيعة إن كان له من الضياع ما لو باع مقدار ما يكفی الزاد والراحلة ذاهباً وجائياً ونفقة عياله وأولاده يبقى له من الضيعة قدر ما يعيش بغلة الباقی يفترض عليه الحج وإلا فلا.**

**وفيه أيضاً: والعيال من يلزمه نفقته، كذا فی البحر الرائق.** (۱)

کتبہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ۔ الجواب صحیح: احقر ظفر احمد عفا عنہ، ۳/محرم ۱۳۴۵ھ۔ (امداد الاحکام: ۱۵۵/۳)

## دکان بیچ کر حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید کے پاس پانچ دوکانیں اور رہنے کے لیے ایک مکان ہے، چار دوکانیں کرایہ پر ہیں زید خود بھی دوکان کرتا ہے، اتنا پیسہ نہیں ہے کہ حج کر سکے، اس کے ذمہ دوکان بیچ کر حج کرنا فرض ہے؟ جب کہ صورتِ حال یہ ہے کہ اگر دوکانوں کا کرایہ نہ آئے، تب بھی گزر بسر ہو سکتی ہے؟

**باسمہ سبحانہ وتعالیٰ، الجوابــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق**

جو ضرورت سے زائد دوکانیں ہیں، اگر ان کی قیمت اتنی ہے کہ وہ مصارفِ سفر حج میں کافی ہو جائے تو مسئولہ صورت میں زید پر دوکانیں فروخت کر کے حج کو جانا لازم ہے۔

---

(۱) الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسک باب فی تفسير الحج وشروطه: ۲٤۰/۱

بخلاف الفاضل عنه من مسكن أو عبد أو متاع أو كتب شرعية أو آلية ... تثبت بها الاستطاعة. (رد المحتار: ۳/ ۶۰ ٤، زكريا، انوار مناسک، ص: ۱٦۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱/۴/۱۴۲۰ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/ ۳۱۱)

## فریضۂ حج کی ادائیگی میں تاخیر جائز ہے، یا نہیں:

سوال: اگر بر کسے حج فرض شدہ باشد در ادائیگی تاخیر کردن جائز است، یا نہ؟ واگر والدین از سفر حج مانع آیندہ از جہت آنہا مؤخر کردن جائز است یا نہ؟(۱)

الجواب

بصورت فرض شدن حج تاخیر نباید کرد، اگر والدین منع کنند باز نہ آید البتہ اگر والدین محتاج خدمت ایں کس باشند و ہیچ خادم دیگر نہ باشد مؤخر کند۔ (۲) (فتاویٰ دارالعلوم دیو بند: ۶/ ۵۳۸)

## حج فرض ہونے کے بعد کسی مصلحت سے اس میں تاخیر جائز نہیں ہے:

حضرت مولانا السلام علیکم

سوال: اس عاجز نے پانچ چھ ماہ ہوئے، اس سال حج کرنے کا اردہ کیا تھا، چنانچہ اس کے سامان اور انتظام کی کوشش میں رہا، ایک مکان کی تعمیر میرے ذمہ تھی اور امید تھی کہ ایام حج سے پہلے مکمل ہو جائے گی، صورتیں ایسی وقوع میں آئیں کہ کسی طرح بھی عمارت مذکور کی تکمیل ایام حج تک ہونی ناممکن ہے، مصلحت کہتی ہے کہ اس سال ارادہ ملتوی کر کے آئندہ سال اس فریضہ کا انجام دوں؛ کیوں کہ حج اب مجھ پر فرض ہے؛ لیکن مصلحت سے مقدم شریعت ہے؛ اس لیے جناب سے استفسار کرتا ہوں کہ آیا اس سال حج کا التوا آئندہ سال کے لیے گناہ تو نہ ہوگا اور آیا کوئی صورت

---

(۱) اگر کسی شخص پر حج فرض ہو چکا ہے تو ادائیگی میں تاخیر کرنا جائز ہے، یا نہیں؟ یا والدین کی وجہ سے سفر حج میں تاخیر کرنا جائز ہے کہ نہیں؟

(۲) اگر حج فرض ہے؛ تو والدین کے منع کرنے کے باوجود حج کرے اور والدین کی بات نہ مانے؛ لیکن اگر والدین اس کی خدمت کے محتاج ہیں اور کوئی خادم وغیرہ بھی نہ ہو؛ تو مؤخر کر سکتا ہے۔

کیوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

السمع والطاعة على المرء المسلم فيما أحب وكره بمعصية فإذا أمر بمعصية فلا سمع ولا طاعة. (صحيح البخاري، رقم الحديث: ۷۱٤٤، الصحيح لمسلم: رقم الحديث: ۱۸٤۰، مسند أحمد، رقم: ٦۲۲)

قال في الدرالمختار: وقد يتصف بالحرمة كالحج بمال حرام و بالكراهة كالحج بلا إذن ممن يجب استيذانه.

قال الشامي: كأحد أبويه المحتاج إلىٰ خدمته. (ردالمحتار، كتاب الحج: ۳/ ٤٥۳-٤٥٤، زكريا ديوبند، انيس)

وقال في الدرالمختار: فرض مرة على الفور في العام الأول عند الثاني وأصح الروايتين عن الإمام، إلخ.

(كتاب الحج: ٤٥۰-٤٥٤، مكتبة زكريا يودبند، انيس)

ایسی ہے کہ اس التوا کی اجازت ہوگی، اپنے فہم میں قرآن شریف کی آیت ﴿الحج أشهر معلومات﴾(۱) سے حج کی نیت اشہرِ حج سے پہلے معتبر نہ ہونی چاہیے؛ مگر میں اس لائق نہیں ہوں کہ اپنے فہم کو معتبر سمجھوں؛ اس لیے جناب کو تکلیف دیتا ہوں کہ مجھے صحیح راہ بتائیں؟

الجواب

قال في الغنية: يجب (الحج) على الفور في أول سني الوجوب وهو أول سني الإمكان على القول الأصح عندنا وهو قول أبي يوسف وأصح الروايتين عن أبي حنيفة رضي الله عنهما فيقدم على الحوائج الأصلية كمسكنه وخادمه والتزوج وإن لم يجب بها كما سيأتي (ص ۱) وقال محمد والشافعي فرض على التراخي.

وفيه أيضاً: ومن لامسكن له ولا خادم وهو محتاج إليهما وله مال يكفيه لقوت عياله من وقت ذهابه إلى حين إيابه وله مال يبلغه فليس له صرفه إليهما إن حضر وقت خروج أهل بلده، آه. (ص: ۷)(۲)

صورت مسئولہ میں آپ پر اسی سال حج کرنا واجب ہے، مصلحت مکان کا انتظام کردیا جائے، یا تعمیر کو درمیان میں روک دیا جائے۔ ﴿الحج أشهر معلومات﴾ کا مطلب یہ ہے کہ اشہرِ حج سے پہلے حج کا احرام نہ باندھا جائے، یہ مطلب نہیں کہ ان مہینوں میں نیت کی جائے تو حج واجب ہوگا، ورنہ نہیں، وجوب حج کا مدار نیت پر نہیں ہے؛ بلکہ وقت حج میں وجود زاد وراحلہ واستطاعت پر ہے، جس شخص کے پاس ہندوستان میں مثلاً شوال کے مہینہ میں آمد ورفت سفر حج کا کرایہ وغیرہ اور اہل وعیال کا نفقہ واپسی تک موجود ہو اور دین وحوائج اصلیہ سے فاضل ہو، اس پر اس سال حج فرض ہوجائے گا، خواہ نیت کرے، یا نہ کرے۔ واللہ اعلم (امداد الاحکام: ۱۶۰/۳)

## ملازمت ختم ہونے کے خوف سے حج میں تاخیر کرنا:

سوال: میری عمر اس وقت ۲۹؍سال کی ہے اور میں نے ابھی تک فرض حج بھی ادا نہیں کیا ہے، وجہ یہ ہے کہ اب تک کا زمانہ میرا مختلف پریشانیوں سے کٹا ہے، مثلاً والد صاحب کا انتقال ہوا اور گھر بار سب میرے سر پڑا اور اپنی تعلیم کی فکر تھی۔ وا لگ اب وقت یہ ہے کہ میری ملازمت ایک سرکاری؛ یعنی انگریزی دفتر میں ابھی تک غیر مستقل ہے اور غیر مستقل ہونے کی وجہ سے میرے حکام کو بالکل اختیار ہے کہ چاہے، جس روز اور جس وقت مجھے (خواہ کوئی قصور ہو، یا نہیں) برخواست کردیں، چوں کہ حج کے واسطے مجھے طویل رخصت کی درخواست دینا ہوگی، لہٰذا بجائے رخصت کی درخواست منظور کرنے کے مجھے غالب اندیشہ ہے کہ وہ یہی حکم دیں گے کہ چاہے ہم نے ہمیشہ کے واسطے آپ کو برخاست کردیا۔ دوم میں ایک سادہ لوح اور ناتجربہ کار سا آدمی ہوں، لہٰذا اس انتظار میں ہوں کہ میرے اعزا میں سے

---

(۱) سورة البقرة: ۱۹۷

(۲) رد المحتار، كتاب الحج: ۴۵۱/۳

ایک عزیز چند سال بعد حج کو جانے والے ہیں، ان شاء اللہ ان کے ہمراہ میں بھی جاؤں گا۔ اب پوچھنا یہ ہے کہ یہ جو میں اب تک فرض حج کو ادا کرنے نہیں گیا اور ابھی چند سال تک بوجہ مندرجہ بالا مجبوریوں کے میرا جانا ملتوی رہے گا تو میں از روئے شرع شریف تو گنہگار نہ ہوں گا؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

تاخیر حج بلا عذر سے گناہ ہوتا ہے اور جو تاخیر بعذر ہو اس سے گناہ نہیں ہوتا۔ یہ تو قاعدہ کلیہ ہے۔ اب رہا یہ کہ جو عذر آپ نے بیان کیا ہے؛ وہ عذر ہے یا نہیں، مجھے اس میں تردد ہے دیگر علما سے رجوع کیا جائے۔ واللہ اعلم

ظفر احمد عفا عنہ، ۱۴؍ شوال ۱۳۴۸ھ۔

حضرت حکیم الامۃ سے دریافت کیا تو فرمایا کہ میرے نزدیک پریشانی روزگار عذر ہے۔

حکاہ عنہ المولوی عبدالکریم سلمہ (امداد الاحکام: ۱۶۴/۳)

## معالج ضرر کے خیال سے حج سے روکے تو کیا کرے:

سوال: زید اپنی استطاعت وغیرہ کے خیال سے ادائے فریضۂ حج کے لیے تیار ہے؛ لیکن اس سے وہ اطبا جو اس کے اکثر مالک رہتے ہیں، یہ رائے دیتے ہیں کہ سفر دریا کا مضر ہوگا۔

ثانیاً یہ کہ ملک کے بہت سے حضرات ابن مسعود نجدی کی حکومت کی وجہ سے حج کو نہ جانے کی رائے ظاہر کر رہے ہیں۔ یہ صحیح ہے، یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــ

جو لوگ ابن مسعود نجدی کے تسلط حرمین شریفین پر ہونے کی وجہ سے حج کو نہ جانے اور حج نہ کرنے کی رائے دیتے ہیں، وہ راہ صواب سے دور ہیں اور سخت غلطی پر ہیں اور حکم صریح ﴿**ولـلّٰـه عـلـى الناس حج البيت من استطاع إليـــــه سبيلًا**﴾ (۱) کے خلاف کرتے ہیں اور جس پر حج فرض ہوا اور وہ تندرست ہو اور سفر کی طاقت اور قدرت رکھتا ہو؛ تو اس کو حج کرنا چاہیے اور کسی طبیب کے اس کہنے سے کہ تمہارے لیے دریا کا سفر مضر ہوگا، فرض حج کو ترک نہ کرنا چاہیے۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۲۳/۶)

---

(۱) سورة آل عمران: ۹۷، ظفير

(۲) الحج واجب على الأحرار البالغين والعقلاء الأصحاء إذا قدروا على الزاد والراحلة فاضلاً عن المسكن وما لابد منه وعن نفقة عياله إلٰى حين عوده وكان الطريق آمناً وصفه بالوجوب وهو فريضة محكمة تثبت فرضيتهما بالكتاب وهو قوله تعالٰى وللّٰه على الناس حج البيت الآية. (الهداية، كتاب الحج: ۲۱۳/۱، ظفير)

## حج واجب کی تاخیر سے گنہگار ہوگا، یا نہیں، اعلان ملوکیت ابن سعود کی وجہ سے حج کا التوا:

سوال: بعض حضرات التواء حج کا پروپگنڈہ کررہے ہیں، حجاز کے حالات حاضرہ، اعلان ملوکیت سلطان ابن سعوداور مقابر وقبا کے انہدام کی وجہ سے حج کا التوا شرعاً جائز ہے؟ جب کہ راستے اور حجاج کی جان مال کی حفاظت پہلے سے بھی زیادہ ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

ہمارے ائمہ کرام حنفیہ میں اختلاف ہے کہ بعد فرضیت حج، یعنی سفر حج پر قدرت ہوجانے کے بعد اور واپس آنے تک کے اہل وعیال کے اخراجات بھی کافی موجود ہوں اور امن بھی ہو اور جان ومال کا خطرہ غالب نہ ہو، ایسی صورت میں اگر کوئی شخص اداء حج میں تاخیر کرے؛ یعنی جس سال فرض ہو اس سال نہ کرے؛ تو کیا محض تاخیر سے گناہ ہوگا، یا نہیں؟ بعض ائمہ فرماکے ہیں کہ تاخیر سے گناہ اس صورت میں ہے جب بغیر اداء حج فوت ہوجائے اور بعض ائمہ فرماتے ہیں، محض اداء حج میں تاخیر کرنا بھی گناہ ہے۔(۱) پس مسئلہ شرعی کی اصل صورت یہی ہے، اب رہا موجودہ حالات میں ابن سعود کے اخراج یا متنبہ کے لئے جو تاخیر حج کی تجویز بعض لوگ پیش کررہے ہیں؛ تو اس کی بابت ابھی تک امارت شرعیہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے اور نہ ذاتی حیثیت سے ہم لوگوں نے کوئی رائے قائم کی ہے۔فقط واللہ اعلم

ابوالمحاسن محمد سجاد کان اللہ لہ، ۱۳۴۵/۶/۱۹ھ۔(فتاویٰ امارت شرعیہ:۸۱/۱-۸۲)

(۱) (فرض مرة علی الفور) ... وأما كونه على الفورفهوقول أبي يوسف وأصح الروايتين عن أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ عندمحمد يجب على التراخي والتعجيل أفضل كذا في الخلاصة وتحقيقه أن الأمرإنما هوطلب المأموربه ولا دلالة على الفورولا على التراخي فأخذ به محمد وقواه بأنه عليه السلام حج سنة عشروفرضية الحج كانت سنة تسع.فبعث أبا بكرحج بالناس فيها ولم يحج هوإلىٰ القابلة وأما أبوحنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ وأبويوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ فقالا الاحتياط في تعيين أول سني الإمكان؛لأن الحج له وقت معين في السنة والموت في سنة غيرنادرفتأخيره بعدالتمكن في وقته تعريض له على الفوات فلا يجوز وبهٰذا حصل الجواب عن تأخيره عليه الصلاة والسلام إذ لايتحقق في حقه تعريض الفوات وهوالموجب للفور؛لأنه كان يعلم أنه يعيش حتىٰ يحج ويعلم الناس مناسكهم تكميلاً للتبليغ،بهٰذا التقريرعلم أن الفورظنية؛لأن دليل الاحتياط ظني و مقتضاه الوجوب،فإذاأداه بعد ذلك وقع أداء ويأثم ويصيرفاسقاً مردودأخره فعلى الصحيح يأثم بالتأخيرلترك الواجب،وثمرة الاختلاف تظهرفيما إذا أخره فعلى قولهمايأثم ويصيرفاسقاً مردود الشهادة وعلىٰ قول محمد،لا،و ينبغي أن لا يصير فاسقاً من أول سنة على المذهب الصحيح،بل لابد أن يتوالى عليه سنون؛لأن التأخيرفي هٰذه الحالة صغيرة؛لأنه مكروه تحريماً ولا يصيرفاسقاً بارتكاب بها مرة بل لابد من الاصرارعليها وإذاحج في آخره عمره،ارتفع الاثم اتفاقاً،قال الشارح ولو مات ولم يحج أثم بالاجماع ولايخفىٰ مافيه،فإن المشائخ اختلفوا علىٰ قول محمد فقيل يأثم مطلقاً وقيل لايأثم مطلقاًوقيل إن خافت الفوات بأن ظهرت له مخائل الموت في قلبه فأخره حتىٰ مات أثم وإن خافت فجأة الموت يأثم،وينبغي اعتماد القول الأول وتضعيف القول الثاني؛لأنه حينئذٍ يفوت القول بفرضية الحج؛ لأن فائدتها الإثم عند الفعل سواء كان مضيقاً أوموسعاً،اللهم إلا أن يقال فائدتها علىٰ هٰذا القول وجوب الايصاء عليه قبيل موته فإذا لم يوص يأثم لترك هٰذا الواجب لالترك الحج.(البحرالرائق:۳۳۳/۲-۳۳٤)

## مستطیع فوراً حج نہ کرے تو گنہ گار ہوگا، یا نہیں:

سوال: شخصی توفیق زاد راحلہ حج میدار دور قلب ارادہ صادق میدارد؛ مگر بسبب گردش زمانۂ تاخیر واقع شود بموجب روسایت فوراً آثم میشود ووجوہ ذیل رفع اثم اومی کنند، یانہ؟ اگر در آخر عمر ادا کرد فبہا اگر فوت شد فرض از وساقط شد یانہ ووجہ ضعیف مقابل اصح است نہ ویک قوی است وجہ ضعیف قول امام محمد علیہ الرحمۃ انہ علی التراعی، شامی باب الحج، ص: ۳۲۶، این وجہ برائے رفع اثم است نہ سقوط فرض، وجہ ضعیف قول صاحب: ''قیل اختلف فی سقوطه إذا لم یکن بد من رکوب البحر فقیل یسقط وقال الکرمانی: إن کان الغالب فیه السلامة من موضع جرت العادة برکوبه. یجب وإلافلا وهو الأصح''. (شامی، باب حج، ص: ۲۳۳) وجہ قوی دررکوب بحر بسبب چکر وسرگردانی وقتے کہ حجاج رادرسفر واقع می شود ونماز ہاقضا میشوند پس بروایت ذیل حج از وساقط میشود یا کم از کم رافع اثم تاخیر است ذکر صاحب اللباب ''إن منها أی من الشرائط أن یتمکن من أداء المتکوبات فی أوقاتها، قال الکرمانی: لأنه لایلیق بالحکمة''. اگر رائے جناب مطابق آید فبہا ورنہ بدلائل قطعی تردید فرمایند؟

الجواب

أثم تأخیر أداء حج قبل موت ساقط میکند لاغیر ولذا أجمعوا أنه لوتراخی کان أداء. (الدرالمختار ویسقط عنه الإثم. (۱)

وہر گاہ رکوب بحر را اولا وجہ ضعیف گفتہ شد ودر حقیقت ضعیف است وخلاف اصح است پس آنچہ بر رکوب بحر از گردش راس وغیرہ مرتب اند واز لوازم رکوب بحر اند چگونہ وجہ قوی خواہد شد۔

وفی الدر المختار: (والعبرة لوجوبها) أی العدة المانعة من سفرها (وقت خروج أهل بلدها) وکذا سائر الشروط وازیں شروط است انچه ازشارح اللباب نقل کرده اند إن منها أن یتمکن من أداء المکتوبات، إلخ. (۲)

پس بہ وقت خروج از بلد ظاہر است کہ برائے مکتوبات متمکن است وضرورت رکوب بحر ومایترب علیہ مانع عن الفرضیۃ نیست، پس ایں وجہ رامسقط فرضیت گفتن واز ہمہ کساں کہ رکوب بحر اوشاں راضروری باشد حج اسلام راساقط گفتن کا رفقیہ نیست، وباید دانست کہ آناں کہ رکوب بحر رامانع عن الفرضیت گفتہ اند بہمیں وجہ دوراں راس وغثیان وغیرہ گفتہ اند، پس دوران وغیرہ راوجہ مستقل گفتن نشاید وہر گاہ آں وجہ معتبر نیست، این ہم معتبر نہ خواہد شد۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/ ۵۲۶-۵۲۷)

## خلافت میں جھگڑے کی وجہ سے حج چھوڑا نہ جائے:

سوال: امسال میرا عزم سفر حج کا ہے؛ مگر خلافت کے بارہ میں جو جھگڑا پیدا ہوا ہے، میرے دل میں ایسا خطرہ

(۱) ردالمحتار، کتاب الحج: ۲/ ۱۹۲

(۲) ردالمحتار، کتاب الحج: ۳/ ٤٦٦، مکتبة زکریا دیوبند، انیس

پیدا ہوتا ہے کہ شاید ادائے ارکان حج میں کسی قسم کا نقصان یا فتور واقع ہو اور میری صعوبت راہ واخراجات کثیر فعل عبث ہو جائے، آیا مسئلہ خلافت کو حج سے کسی قسم کا تعلق ہے، یا نہیں؟ اور خلیفۃ المسلمین کے نہ ہونے سے حج درست ہوگا، یا نہیں؟

الجواب

حج میں اس سے کچھ خلل اور نقصان نہیں ہے آپ شوق سے ارادۂ حج بت اللہ کریں اور زیارۃ حرمین شریفین سے مشرف ہوں۔ (۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۲۷)

## وجوب حج علی الفوراور حج واجب ہونے کے بعد رقم حوائج ضروریہ میں صرف کرنا جائز نہیں ہے:

سوال: شامت اعمال سے فی الحال فریضہ حج کی ادائیگی سے بوجہ مالی حالت اس قابل نہ ہونے کے معذور ہوں، حالات اس قسم کے ہیں؛ جن کی تفصیل دشوار طویل ہونے کی وجہ سے عرض نہیں کی گئی کہ مجھ کو ایک مختصر اور قابل گزر مکان بنانے کی شدید ضرورت لاحق ہوگئی ہے، لہٰذا عرض یہ ہے کہ اگر ضرورت سے مجبور ہو کر مکان بنالوں اور اس کے بعد جس وقت بھی مالی حالت اس قابل ہو جائے، حج کروں تو شرعاً جائز ہے، یا نہیں؟ حضور والا مطلع فرما کر مطمئن فرمائیں۔ فقط والسلام ورحمہ اللہ

الجواب

حج میں مختار قول یہ ہے کہ واجب ہونے کے بعد علی الفور واجب ہے، پس اگر آپ پر حج واجب ہو چکا ہے، جس کے معنی یہ ہیں کہ سال گزشتہ میں، اس سے پہلے کسی سال میں حج کے وقت (۲) آپ کے پاس حج کرنے کے لیے کافی رقم موجود تھی تو اب اس رقم کو مکان میں صرف کرنا جائز نہیں اور اگر حج کے وقت میں کسی سال کے اندر رقم جمع نہ تھی؛ بلکہ اس سال رقم وقت حج کے بعد جمع ہوئی ہے، یا ہمیشہ حج کے وقت سے پہلے جمع ہوئی اور وقت سے پہلے ہی صرف ہو جاتی تھی تو اس صورت میں اس رقم کو مکان میں لگا دینا جائز ہے۔

**قال في الغنية: ومن لامسكن له ولاخادم وهو محتاج إليهما وله مال يكفيه لقوت عياله من ذهابه إلٰى إيابه وله مال يبلغه فليس له صرفه إليهما إن حضر وقت خروج أهل بلده بخلاف من له مسكن يسكنه وخادم يخدمه لايلزمه بيعهما؛ لأنه لايتضرر بترك شراء المسكن والخادم بخلاف بيع المسكن والخادم فإنه يتضرر به.** (لباب، ص: ۷، وغيره) (۳)

**وفيه أيضاً: فإن ملك المال قبل الوقت فله صرفه حيث شاء لكن إن صرفه علٰى قصد الحيلة**

---

(۱) هو... فرض مرة على الفور بشرط حرية وبلوغ ... وأمن طريق (كنز) وحقيقة أمن الطريق أن يكون الغالب فيه السلامة. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/۵۳۷-۵۵۰، دار الكتب العمية بيروت، ظفير)

(۲) حج کا وقت ہندوستان میں شوال کے مہینہ سے شروع ہوتا ہے، فإنه هو وقت خروج الحاج منه. ظفير

(۳) رد المحتار، كتاب الحج: ۳/۴۶۱، الفتاوى الهندية: ۱/۲۴۱

لاسقاط الحج یکره عند محمد ولابأس به عند أبی یوسف وإن ملکه فی الوقت فلیس له صرفه إلٰی غیرالحج علی القول بالفورفلوصرفه لایسقط عنه الوجوب علی القولین وإن ملک فی الوقت لایقدرعلٰی أداء الحج قال الفارسی فی منسکه: والأظهر أنه لایجب وعلیه الفتوٰی. (کبیر، ص: ۸۹)

وفیه أیضاً: علی الفورفی أول سنی الوجوب وهوأول سنی الإمکان علی القول الأصح عندنا و هوقول أبی یوسف وأصح الروایتین عن أبی حنیفة فیقدم علی الحوائج الأصلیة کمسکنه وخادمه والتزوج إلٰی أن قال فإن اٰخره إلی العام الثانی بلاعذر (أی معتبرشرعاً ولیس المسکن منه)(۱) یأثم لترک الواجب. فقط

۱۹/ جمادی الثانی ۱۳۴۷ھ (امدادالاحکام: ۱۵۸/۳)

## مکان نہ ہوتو مستطیع حج کرے، یا مکان بنوائے:

سوال: ہمارے پاس مکان نہیں ہے تو مکان میں روپیہ خرچ کرسکتا ہے، یا حج کرنا فرض ہے؟

الجواب

جب کہ روپیہ حج کے موافق موجود ہے تو حج کرنا فرض ہے، مکان بنانا ضروری نہیں۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۱۷/۶)

## تعمیر مکان سے حج فرض مقدم ہے:

سوال: زید کو جائز طور سے اس قدر رقم نقد ملی کہ فقط حج بیت اللہ کرسکتا ہے؛ مگر حال یہ ہے کہ اس کا گھر بھی کھنڈر پڑا ہے تو زید پراول حج بیت اللہ ادا کرنا فرض ہے، یا گھر بنانا؟

الجواب

قال فی الهندیة: وإن لم یکن مسکن وعنده دراهم یبلغ به الحج ویبلغ ثمن مسکن وخادم و

(۱) رد المحتار، کتاب الحج: ۴۶۲/۳

(۲) وهو فرض ... بشرط حریة و بلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد وراحلة وفضلت عن مسکنه وعما لابد منه. (کنز: ۵۴۴/۲)

وفی قوله وما لابد منه إشارة إلٰی أن المسکن لابد أن یکون محتاجاً إلیه للسکنٰی فلا تثبت الاستطاعة بداریسکنها، إلخ. (البحرالرائق، کتاب الحج: ۵۳۷/۲-۵۴۹، انیس)

وکذا لو کان عنده ما لواشترٰی به مسکناً وخادماً لایبقی بعده ما یکفی للحج لایلزمه، خلاصة. (الدرالمختار)

والذی رأیته فی الخلاصة هٰکذا أوإن لم یکن له مسکن ولاشئ من ذلک وعنده دراهم تبلغ به الحج و تبلغ ثمن مسکن وخادم وطعام وقوت وجب علیه الحج وإن جعلها فی غیره آثم آه لکن هٰذا إذا کان قت خروج أهل بلده کما صرح به فی اللباب أما قبله فیشتری به ماشاء؛ لأنه قبل الوجوب. (رد المحتار، کتاب الحج: ۴۶۱/۳، مکتبة زکریا دیوبند، ظفیر)

**طعام و قوت فعليه الحج فإن جعلها فى غير الحج أثم، كذا فى الخلاصة.** (۱)

صورت مسئولہ میں اس شخص پر حج فرض ہے، اس رقم کو مکان میں لگانا جائز نہیں، بشرطیکہ یہ رقم مکہ کی آمد ورفت کے لیے کافی ہو اور اس مدت کے لیے اہل وعیال کو نفقہ بھی دے سکے۔ واللہ اعلم

۱۳ رمضان ۱۳۴۴ھ، از تھانہ بھون (امداد الاحکام: ۱۵۴/۳)

## روپیہ حج کے لیے تھا، اس سے مکان بنالیا، کیا اب بھی حج فرض ہے:

سوال: کہ ایک شخص کے پاس اتنا روپیہ تھا کہ وہ حج بیت اللہ کر سکے؛ مگر پھر بعض وقتوں کی وجہ سے اپنی سکونت دوسری جگہ اختیار کرلی، اب وہاں چوں کہ مکان بنانا پڑا؛ اس لیے وہ روپیہ خرچ ہوگیا، اب سوال یہ ہے کہ اس شخص پر اس وقت جب کہ اس کے پاس کافی روپیہ موجود تھا، اس وقت اس کے ذمہ حج فرض ہوگیا تھا، یا نہیں؟ بینوا وتوجروا۔

**الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلياً**

اگر مکان کی ضرورت حج سے پہلے ہی پیش آگئی اور اس مجبوری کی وجہ سے مکان بنالیا گیا؛ تو اس کے ذمہ حج فرض نہیں ہوا تھا، اگر وقت حج یعنی جس وقت کہ لوگ آس پاس سے حج کے لیے جارہے تھے، اس وقت تو مکان کی ضرورت نہ تھی؛ بلکہ بعد میں ضرورت پیش آئی اور اس میں روپیہ خرچ کرلیا تو اس کے ذمہ حج فرض ہو چکا تھا:

**قال ابن نجيم: لولم يكن له مسكن ولا خادم وعنده مال يبلغ ثمن ذلك ولا يبقى بعده قدر مايحج به، فإنه لايجب عليه الحج؛ لأن هٰذا المال مشغول بالحاجة الأصلية؟ إليه أشار فى الخلاصة، آه.** (۲)

**هٰذا محمول علىٰ ما قبل حضور الوقت الذى يخرج فيه أهل بلده، فلو حضرت تعين أداء النسك عليه، فليس له أن يدفعه عنه إليه، كما ذكره ملا على قارى فى شرحه على باب المناسك.** (۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ ہذا، صحیح عبد اللطیف، ۶ ر ذی قعدہ ۱۳۵۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۹۰/۱۰-۲۹۱)

---

(۱) الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسك فى تفسير الحج وشروطه: ۲٤٠/۱

(۲) البحر الرائق، كتاب الحج: ۵٤۹/۲، دار الكتب العلمية بيروت

(۳) منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب الحج: ۵٤۹/۲، رشيدية

ثم ما ذكر من الشرائط لوجوب الحج من الزاد والرحلة وغير ذلك، يعتبر وجودها وقت خروج أهل بلده إلىٰ مكة، حتىٰ لوملك الزاد والراحلة فى أول السنة قبل أشهر الحج وقبل أن يخرج أهل بلده إلىٰ مكة، فهو فى سعة من صرف ذلك إلىٰ حيث أحب، وإذا صرف ماله ثم خرج أهل بلده، لايجب عليه الحج، فأما إذا جاء وقت خروج أهل بلده، فيلزمه التأهب، فلا يجوز له صرفه إلىٰ غيره، فإن صرفه إلىٰ غير الحج أثم، وعليه الحج، كذا فى البدائع. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب المناسك، الباب الأول فى تفسير الحج وفرضيته ووقته وشرائطه، إلخ: ۲٤۵/۱، دار الكتب العلمية بيروت) ==

## ایک شخص کے پاس چھ سوروپے ہیں تو وہ حج کرے، یا مکان بنوائے:

سوال: ایک شخص کے پاس چھ سوروپیہ ہے اور وہ شخص تین برس سے ارادہ حج کا رکھتا ہے اور اس شخص کے یہاں شریعت کے مطابق پردہ نہیں ہے اور مکان بھی ایسا نہیں کہ پردہ کرسکے تو یہ شخص اس حالت میں کیا کرے، مکان بنوائے، یا حج کو جاوے اور مکان بنوانے میں روپیہ صرف ہو جانے کا بھی خوف ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

اگر چھ سوروپے میں حج کا خرچ اور اہل وعیال کا خرچ واپس آنے تک پورا ہوسکے تو حج اس پر فرض ہے، حج ادا کرے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیو بند:۶/ ۵۲۰)

## مکان بنانے کی شدید ضرورت کے باوجود نفلی حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ احقر کے پانچ بیٹے ہیں اور پانچوں علاحدہ علاحدہ رہتے ہیں، جب ان کو علاحدہ کیا گیا تھا تو زمین مکان جو میرے پاس تھا، تقسیم کردیا گیا تھا، احقر اور اہلیہ چھوٹے بیٹے کے ساتھ رہتے ہیں، وہ ناکارہ ہے، سارا بوجھ خرچ کا احقر پر ہے، مکان خستہ ہے، اب سے پہلے اس میں تقریباً پینتیس ہزار روپے خرچ کیے؛ مگر کوئی سہولت نہیں بن سکی ہے، اسی مکان میں اہلیہ تقریباً پچاس بچیوں کو دینی تعلیم دیتی ہے، اب مکان کی صورت حال یہ ہے کہ برسات میں پانی اندر داخل ہو گیا، جس کے باہر نکلنے کی کوئی صورت نہیں ہے، اگر بھراؤ کرا کرانچا کرتا ہوں تو تمام دروازے اٹھانے ہوں گے، اس طرح بہت خرچ ہوگا، اس کے بعد دوصورتیں پیش آئیں گی۔

(۱) ہمارے مرنے کے بعد دوسرے بیٹے مکان میں اپنا حصہ بنا کر چھوٹے لڑکے سے جھگڑا کریں گے۔

(۲) ہمارا ارادہ دوسری بار والدین کی طرف سے حج کرنے کا تھا وہ نہیں ہوسکے گا۔ دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ جب بیٹوں کو اپنی حیات میں علاحدہ کر کے ان کے حصص دیئے گیے، تو کیا مرنے کے بعد وہ چھوٹے بیٹے سے کچھ لینے کا حق رکھتے ہیں، دوسرے فرض حج ادا کرنے کے بعد مذکورہ بالا صورت میں والدین کی طرف سے حج کرنا بہتر ہے، یا مکان کو سدھارنا ضروری ہے؟ جس میں ہر طرح کی تکلیف ہے، برسات اور گرمی میں سخت پریشانی کا سامنا کرنا ہوتا ہے، از روئے شرع صحیح عمل کیا ہوگا؟

---

== والذی رأیته فی الخلاصة هٰكذا وإن لم یکن له مسکن ولا شیء من ذلک، وعنده دراهم تبلغ به الحج وتبلغ ثمن مسکن وخادم وطعام وقوت، وجب علیه الحج، وإن جعلها فی غیره أثم، آه. لٰکن هٰذا اذا کان وقت خروج أهل بلده، کما صرح به فی اللباب. أما قبله، فیشتری به ما شاء؛ لأنه قبل الوجوب. (رد المحتار، مطلب فیمن حج بمال حرام: ۲/ ۴۶۲، سعید)

(۱) علٰی مسلم ... وراحلة ... فضلاً عما لابد له منه وفضلاً عن نفقة عیاله ... إلٰی حین عوده، الخ. (الدرالمختار) قوله: ذی زاد أفاد أنه لا یجب إلا بملک الزاد أجرة الراحلة. (ردالمحتار، کتاب الحج: ۳/ ۴۵۸، مکتبة زکریا دیوبند، انیس)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ، الجواب ــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

جب آپ نے جائیداد تقسیم کر کے اپنے لڑکوں کو علاحدہ کر کے دے دیا ہے تو وہ اس کے مالک ہو گئے، آپ کے ذمہ یہ ضروری ہے کہ اپنے چھوٹے بیٹے کو بھی اسی کے برابر حصہ ہبہ کر کے اس کے نام رجسٹر کرا دیں؛ تاکہ آئندہ کسی قسم کا جھگڑا پیدا نہ ہو اور جب کہ آپ کو مکان بنانے کی ضرورت ہے، نہ بنانے کی صورت میں مشقتوں کا سامنا ہو سکتا ہے تو اس صورت میں نفلی حج کے بجائے مکان کی ضروری تعمیر کا مشورہ مناسب ہے۔

(فرض مرة علی الفور علیٰ مسلم حر مکلف صحیح بصیر ذی زاد وراحلة فضلاً عما لابد منه). (تنویر الأبصار علی الدر المختار: ۲/۵۵-۴۶۱، کراتشی، ۳/۴۵۰-۴۶۲، زکریا، الفتاویٰ الهندیة: ۱/۲۱۹، کوئٹه، الهدایة، کتاب الحج: ۱/۲۳۱، کنز الدقائق، کتاب الحج: ۱/۳-۷، البحر الرائق: ۲/۳۱۱، کوئٹه، بدائع الصنائع: ۲/۳۰۱، زکریا)

وأما تفسیر الزاد والراحلة فهو إن ملک من المال مقدار ما یبلغه إلیٰ مکة ذاهباً وجائیاً راکباً وسلاحه وثیابه وأثاثه ونفقة عیاله وخدمه وکسوتهم وقضاء دیونه. (بدائع الصنائع: ۲/۲۹۷، کذا فی الفتاویٰ الهندیة: ۱/۲۱۷، کوئٹه، الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الحج، مطلب: فی قولهم یقدم حق العبد علی حق الشرع: ۲/۴۶۲، کراتشی، ۳/۴۶۱-۴۶۲، زکریا)

فاضلاً عن حوائجه الأصلیة ... کمسکنه ... وعن نفقة عیاله ممن تلزمه نفقته وهی الطعام والکسوة والسکنیٰ. (غنیة الناسک، ص: ۱۹، إدارة القرآن کراتشی)

وتتم الهبة بالقبض الکامل. (الدر المختار مع الشامی: ۸/۴۹۳، زکریا) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۸ھ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللّٰہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۳۱۸)

## مالدار نے بچہ کی شادی میں روپیہ خرچ کر دیا، پھر دولت جمع نہ ہوئی تو حج کا کیا حکم ہے:

سوال: ایک شخص کے پاس اس قدر مال تھا کہ وہ حج کر سکتا تھا؛ لیکن اس نے حج تو نہ کیا؛ بلکہ وہ روپیہ اپنی اولاد کے بیاہ میں خرچ کر دیا، اب مفلس ہو گیا، اگر وہ تمام عمر مفلس رہے اور مال جمع نہیں کیا اور مر گیا تو کیا تارک حج مرا اور گنہ گار مرا؟

الجواب ــــــــــــ

اس پر حج فرض ہو چکا تھا، اگر بلا حج مر گیا، تارک حج فرض ہوا اور گنہ گار رہا۔ (۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیو بند: ۶/۵۱۸)

## لڑکی کی شادی مقدم ہے، یا حج:

سوال: ایک شخص پر حج فرض ہو چکا؛ مگر اس کی لڑکی شادی کے قابل ہو چکی ہے تو اس صورت میں پہلے حج

(۱) هو (أی الحج) فرض ... مرة ... علی الفور عند الثانی ... ولذا أجمعوا أنه لو تراخی کان أداء أو إن أثم بموته قبله. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، کتاب الحج: ۳/۴۵۴-۴۵۵، ظفیر)

کرے، یا لڑکی کی شادی؟ جب کہ شادی کرنے میں حج کو ملتوی کرنا پڑے گا۔

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً**

اس کی وجہ سے حج کو مؤخر، یا ملتوی نہ کرے، آج کل کے رسم رواج نے شادی کے لیے، جو پابندیاں لازم کردیں ہیں، وہ اکثر ایسی ہیں، جو شرعاً لازم نہیں؛ بلکہ شرعاً ناجائز ہیں۔ شادی کا مسنون طریقہ تحفۃ الزوجین وغیرہ اردو رسائل میں دیکھنا چاہیے، اگر طریقہ مسنونہ پر شادی کی جائے تو حج کو ملتوی، یا مؤخر کرنے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ (۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۹۱-۲۹۲) ☆

## مالدار حج کرے، یا اولاد کی شادی:

سوال: اگر کسی شخص کے پاس اتنا روپیہ ہے کہ وہ حج کرسکتا ہے اور عیال دار بھی ہے تو اس کو اولاد کا نکاح کرنا واجب ہے، یا حج کرنا؟

## تین سو پچاس روپے جس کے پاس ہوں، اس پر حج ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص کے پاس مبلغ تین سو پچاس روپیہ جمع ہے، آیا اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟ چوں کہ روپیہ ناکافی معلوم ہوتا ہے؛ اس لیے اس کا ارادہ کنواں بنوالے کا ہے، اس صورت میں کیا حکم ہے؟ اگر روپیہ کافی نہ ہو تو سال آئندہ کا انتظار ضروری ہے، یا نہیں؟

---

(۱) وفي الينابع: إن كان له مقدار مايحج به وعزم على التزوج، ذكر ابن شجاع عن أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه يحج ولا يتزوج. (التاتارخانية: ۳۳/۲، كتاب الحج، الفصل الأول في شرائط الوجب، إدارة القرآن كراتشي)

قال العلامة الحصفكي: وفي الأشباه: معه ألف وخاف العزوبة، إن كان قبل خروج أهل بلده فله التزوج، ولو وقته لزم الحج. (الدر المختار: ۴۶۳/۱، كتاب الحج، سعيد)

إذا وجد ما يحج به وقد قصد التزوج، يحج به ولايتزوج به؛ لأن الحج فريضة أوجبها الله تعالىٰ على عبده، كذا في التبيين. (الفتاوىٰ الهندية: ۲۴۰/۱، كتاب المناسك، الباب الأول في تفسير الحج، دار الكتب العلمية، بيروت)

☆ **لڑکی کی شادی مقدم ہے، یا حج:**

سوال: بالغہ لڑکی بغیر شادی شدہ گھر میں موجود ہو اور والدین حج کو جانا چاہتے ہیں تو بالغہ کی شادی کرنا افضل ہے، یا حج کو جانا؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً**

اگر حج فرض ہے اور لڑکی کی حفاظت کا انتظام بھی ہے تو اس کی شادی کی وجہ سے حج کو مؤخر نہ کیا جائے۔ (تقدم تخریجہ تحت عنوان: ''لڑکی کی شادی مقدم ہے، یا حج'') فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیو بند، ۱۳۸۸/۵/۲۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۹۲)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

اگر یہ محقق ہوجائے کہ ماہانہ روپے میں صرف مکہ معظّمہ کی آمد ورفت اور وہاں تا زمانہ حج قیام کے لیے کافی ہوجاوے گا تو حج اس پر فرض ہوگیا؛ کیوں کہ حج کے فرض ہونے کے لیے مدینہ شریف کی آمدورفت کے خرچ کا لحاظ نہ کیا جاوے گا اور اگر کرایہ جہاز وغیرہ کی تحقیق سے یہ معلوم ہوکہ ماہانہ روپیہ صرف مکہ معظّمہ کی آمدورفت کے خرچ کو بھی کافی نہیں ہے تو پھر حج فرض نہیں ہوا، اس صورت میں اس روپے کو دوسرے کارخیر مثل تعمیر چاہ وغیرہ میں صرف کرنا درست ہے اور بہ صورت نہ فرض ہونے حج کے سال آئندہ کا انتظار لازم نہیں ہے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۱۹)

## پہلے شادی کرے، یا حج:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک شخص کے پاس اپنے بچوں کی شادی کے لیے پیسہ رکھا ہوا تھا اور شادی کی تاریخ بھی قریب ہی تھی، اسی دوران حج کا وقت آ گیا تو یہ شخص پہلے حج کرے، یا اپنے بچوں کی شادی کرے؟

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجوابــــــــــــــــ وبالله التوفيق

اگر شادی کی ضرورت ہے اور حج کا وقت آ جائے تو اولاً حج کرے اور اگر حج کے وقت میں دیر ہو تو شادی کرنے کو ترجیح ہوگی۔ یہی حکم اپنے بچوں کی دی شادی وغیرہ کا ہے کہ بچوں کی شادی کی وجہ سے حج کو مؤخر نہ کیا جائے۔

**له ألف وخاف العزوبة إن كان قبل خروج أهل بلده فله التزوج ولو وقفه لزمه الحج.** (غنية الناسك، ص: ۲۰، شامي: ۳/۴۹، زكريا، البحر العميق: ۱/۳۸۱، الفتاوىٰ التاتارخانية: ۳/۴۷۳، الفتاوىٰ الهندية: ۱/۲۱۷، فتح القدير: ۲/۴۱۳، بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاء: احقر محمد سلمان منصور پوری، ۶/۳/۱۴۳۶ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۳۱۱)

## حکم تقدیم بر پرورش ونکاح اولاد:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید فقیر ہے گزر توکل علی اللہ، چار اولاد بالغ اور چار نابالغ رکھتا ہے، صاحب جائداد نہیں، البتہ علاوہ مکان سکونتی کے اس کی دوسری حویلی تھی، اس نے اس کو بعوض پانصد (پانچ سو) کے فروخت کر کے سو روپے اپنے قرض دے دیئے، اب ان چار سو روپے میں وہ ان بالغ اولاد کے نکاح سے فارغ ہوجاوے، یا ان مبالغ کو نابالغ بچوں کی پرورش کا سرمایہ سمجھیں، یا اس قدر یک مشت روپے کی ملکیت سے اس پر حج فرض ہوگیا، وہ حج کو چلا جاوے؟ بینوا توجروا۔

---

(۱) على مسلم ... وراحلة ... فضلاً عما لابد له منه وفضلاً عن نفقة عياله ... إلىٰ حين عوده، إلخ. (الدر المختار)
قوله ذي زاد أفاد أنه لايجب إلا بملك الزاد أجرة الراحلة. (ردالمحتار، كتاب الحج: ۲/۱۹۳-۱۹۴)
ساڑھے تین سو روپے میں حج ۱۳۳۷ھ میں ممکن تھا اور اسی زمانہ کا فتویٰ ہے۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

فی الدر المختار: فضلاً عما لابد منه إلیٰ قوله وحرر فی النهر أنه یشترط بقاء رأس المال لحرفته إن احتاجت لذلک وإلا لا، وفی الأشباه: معه ألف وخاف الغروبة إن کان قبل خروج أهل بلدة فله التزوج ولو وقته لزمه الحج وفضلاً عن نفقة عیاله ممن تلزمه نفقته لتقدم حق العبد إلیٰ حین عوده وقیل بعده بیوم وقیل بشهر مع أمن الطریق بغلبته السلامة ولو بالرشوة علیٰ ماحققه الکمال، آه.(۱)

فی رد المختار: قوله إلیٰ حین عودة متعلق بقوله فضلاً أو بما لا بد منه لأنه بمعنی ما یحتاجه أو ینفقه أی فلایشترط بقاء نفقة لما بعد عوده وهٰذا ظاهر الروایة، آه.(۲)

بنابراس روایت کے جب اس شخص کو کسی پیشہ کے لیے روپیہ کی ضرورت نہیں اور نہ خوف غربت ہے اور دوسرا مکان بھی رہنے کو ہے اور وقت عود تک کے لیے اہل وعیال کا نفقہ نکل کر بھی حج کے لیے کافی خرچ بچ سکتا ہے؛ اس لیے اس شخص پر بشرط امن طریق حج فرض ہوجائے گا۔ واللہ اعلم

۲۰/ذی قعدہ ۱۳۳۲ھ (تتمہ ثانیہ، ص:۱۸۹) (امداد الفتاوی جدید: ۱۶۵/۲-۱۵۷)

## دو بیویوں میں سے ایک بیوی کا نفقہ دیئے بغیر حج کو جانا کیسا ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید نے شادی کی، شادی کے ایک سال بعد زید کی بیوی کے بچہ پیدا ہوا، اسی دوران زید نے اپنی بیوی کو گھر سے نکال دیا، زید کی بیوی اپنی ماں کے گھر چلی آئی، آج پانچ سال ہوگئے ہیں کہ زید کی بیوی اپنی ماں کے گھر چلی آئی، زید نے اپنی بیوی کو ابھی تک کسی قسم کا خرچ وغیرہ نہیں دیا اور نہ ہی اس مسئلہ کو سلجھانے کی کوشش کی، زید اپنی بیوی کو صورت تک نہیں دکھائی، صرف اپنے بچہ کے لیے ماہ وار پانچ سو روپیہ دیتا تھا، اب آٹھ ماہ سے وہ بھی دینا بند کردیا ہے، یہاں تک کہ عید پر کپڑے وغیرہ بھی نہیں دیئے، زید کی یہ دوسری شادی ہے، اب زید اپنی پہلی والی بیوی کے ہمراہ حج کرنے کے لیے جارہا ہے، جب کہ زید کی دوسری بیوی پریشانیوں میں مبتلا ہے، اب اسے ایک منٹ کے لیے سکون نہیں ہے، کیا زید کے لیے دونوں بیویوں کے حقوق برابر ہیں، کیا ایسی صورت میں حج بیت اللہ کے لیے جاسکتا ہے، جب کہ ابھی زید نے اپنی بیویوں سے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ کیا بیوی کی اجازت کے بغیر وہ حج کو جاسکتا ہے، زید اپنی بیوی کا خرچ مار کر حج کے لیے جارہا ہے۔

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وبالله التوفیق

مسئولہ صورت میں اگر واقعی زید کی بیوی مظلومہ ہے اور بغیر کسی معقول وجہ کے اسے نفقہ سے محروم کیا گیا ہے تو زید کا

---

(۱) الدر المختار علی الرد، کتاب الحج: ۶۱/۳-۶۳، مکتبة الریاض

(۲) ردالمحتار، کتاب الحج: ۴۶۲/۳، مکتبة الریاض

یہ عمل ظلم ہے اور وہ سخت گنہگار رہے ہے، اسے اپنی اس بیوی کے حقوق بھی ادا کرنے چاہئیں، احادیث طیبہ میں دو بیویوں کے درمیان برابری اور انصاف کرنے کی سخت تاکید وارد ہوئی ہے۔

**عن أبی هريرة عن النبی صلی اللّٰه عليه وسلم قال: إذا كانت عند الرجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة وشقه ساقط.** (سنن الترمذی، رقم: ١١٤٠، سنن أبی داؤد، رقم: ٢١٣٤، مشكوٰة المصابيح: ٢٧٩/٢، رقم: ٣٢٣٦، مرقاة المفاتيح: ٣٥٢/٦، بيروت)

لیکن ان تمام باتوں کے باوجود حج کو جاتے وقت زید کا اس بیوی سے اجازت لینا شرعاً ضروری نہیں ہے، اس کا حج بلاشبہ صحیح ہوجائے گا۔ ہاں اگر دوسری بیوی سے اجازت لے کر اسے خوش کردے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے۔

**عن عائشة رضی اللّٰه عنها قالت: كان رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم: إذا أراد سفراً أقرع بين نسائه، فأيهن خرج سهمها خرج بها معه.** (صحيح البخاری، رقم: ٢٦٨٨، صحيح مسلم، رقم: ٢٧٧٠، مرقاة المفاتيح: ٣٤٩/٦، دار الكتب العلمية بيروت)

**ولا قسم فی السفر دفعاً للحرج فله السفر بمن شاء منهن، والقرعة أحب تطبيباً بقلوبهن.** (الدر المختار: ٢٠٦/٣، كراتشی، ٣٨٤/٤، زكريا) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۷/۱۰/۲۸ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۳۱۷/۷)

## صاحب استطاعت ہونے پر پہلے کارِ خیر کرے، یا حج کرے:

سوال: زید کہتا ہے کہ میرا ارادہ ہے کہ خدا تعالیٰ اگر مجھے روپیہ دے تو اس میں اپنے بھائیوں کے ساتھ صلہ رحمی کروں (وہ تنگ دست ہیں) اور وسعت ہونے پر کنواں اور مسجد بنواؤں، اگر خدا تعالی اس کو مال عطا فرمادے تو وہ پہلے حج ادا کرے، یا اپنی بھائیوں کو روپیہ دے، یا مسجد، یا کنواں بنادے؟

## حج مقدم ہے، یا تعمیر مسجد:

سوال: زید صاحب نصاب ہے اور ان کی مسجد بھی خراب ہے تو پہلے حج کرکے، یا مسجد کی تعمیر کرادے اور نیت اس نے دونوں کی کرلی ہے اور روپیہ اتنا ہے کہ ایک کام کرسکتا ہے؟

**الجواب**

حج فرض ہے، پہلے حج کرنا چاہیے، اس کے بعد اگر گنجائش ہو تو مسجد بھی تعمیر کرادی جاوے، وہ کارِ ثواب ہے۔(۱) فقط

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۵۲۰/۶)

---

(۱) فرض مقدم ہے۔

**هو فرض مرة على الفور فی العام الأول عند الثانی وأصح الروايتين عن الإمام مالك وأحمد ... فيفسق وترد شهادته بتأخيره إلخ.** (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، كتاب الحج: ٤٥٥/٣)

## مالِ حرام سے حج:

سوال: مالِ حرام سے حج کرنا چاہیے کہ نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

نہیں چاہیے؛ تاہم اگر کرلیا جائے گا تو فریضہ ادا ہو جائے گا؛ لیکن حجِ مقبول کا ثواب حاصل نہ ہوگا۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۱۰-۳۱۱)

## جائز و ناجائز مخلوط مال سے حج:

سوال: ایک شخص نے ارادۂ حج بیت اللہ شریف کے لیے پونجی جمع کی، جو اس وقت حج کے لیے کافی معلوم ہوتی ہے؛ لیکن اس نے چند ایک کتب دینیات مطالعہ کیں، جس سے اس نے اپنی غلطیاں محسوس کیں اور اس کو شک ہے کہ ایسی پونجی سے حجِ بیت اللہ شریف شاید واجب نہ ہو، لہٰذا معلوم ہو کہ پونجی جمع شدہ ایسی رقوم سے ہے:

(۱) شخصِ مذکور آج سے ۷، ۸/ سال پہلے کمیٹی کے گھر میں ملازمت لال ٹین جلانے کی ۶، ۷/ سال کرتا رہا، اس میں حسبِ دستور ملازم تیل کی بچت کرتے ہیں، چناں چہ اس نے بھی ایسا ہی کیا اور تیل فروخت کر کے رقم جمع کرتا رہا؛ لیکن معلوم نہیں ہے کہ ایسی کتنی رقم اس نے جمع کی ہے؛ لیکن رقم تیل فروخت شدہ تنخواہ سے زائد ہوا کرتی تھی۔

(۲) نیز یہ شخص حافظِ قرآن شریف ہے، جو عرصہ ۱۶، ۱۷/ سال سے ماہ رمضان المبارک کے موقعہ پر لوگوں کو مسجدوں میں سنایا کرتا ہے، بعد ختمِ قرآن کریم پر رسم کے طور پر لوگوں سے معقول رقم حاصل کرتا ہے، جس کی بچت وہ جمع کر کے اس پونجی میں جمع کر لیتا ہے۔

(۳) یہ شخص تمام رقوم پس انداز کو ڈاکخانہ سرکاری میں آج تک جمع رکھتا ہے، جس پر اس کو ہر سال سود ملتا ہے، جو اصل رقم میں شامل ہو جاتا ہے۔

---

(۱) ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال،فإنه لايقبل الحج بالنفقة الحرام،كما ورد فى الحديث،مع أنه يسقط الفرض عنه معها،ولا تنافى بين سقوطه وعدمه قبوله، فلا يثاب لعدم القبول،ولا يعاقب عقاب تارك الحج.(رد المحتار:۳/٤٥ ،مطلب فى من حج بمال حرام،ط،رياض)

ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنه لايقبل الحج بالنفقة الحرام مع أنه يسقط الفرض معها وإن كانت مغصوبة، كذا فى فتح القدير.(الفتاوى الهندية،الباب الأول فى تفسير الحج وفرضيته إلخ: ١/٢٤٣،رشيدية)

وقدرة زاد وراحلة ... فلا تجب بإباحة ولا بمال حرام، لكن لو حج به،جاز؛لأن المعاصى لاتمنع الطاعات، فإذا أتى بها لايقال:أنها غيرمقبولة، كما فى مكروهات صلاة الخزانة،ذكره القهستاني.(مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر،كتاب الحج: ١/٢٦١، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(۴)　انہیں رقوم پیدا شدہ سے اس نے چند ایک زیورات خانہ داری اور ایک معمولی مکان رہائشی بھی بنایا ہے، لہٰذا کیا ایسے پیسہ سے حج بیت اللہ شریف واجب ہے؟ اگر نہیں تو ایسی رقم کا صحیح مصرف کیا ہوسکتا ہے؟

(۵)　اور کیا وہ شخص نمبر:۲ یعنی قرآن کریم کا سنانا اور اس پر بغیر طلب کئے اجرت کا حصول ہو جائے، فی سبیل اللہ تو لینے کا حقدار ہے، یا نہیں؟ اگر نہیں تو مل جانے پر صحیح مصرف کیا ہوسکتا ہے، یا انکار لازمی ہے؟ والسلام

(نور محمد، دفتر جنگلات، لاہور)

**الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً**

**"ولو خلط السلطان المال المغصوب بماله ملكه،فتجب الزكاة فيه،ويورث عنه؛لأن الخلط استهلاک إذا لم يكن تمييزه عند أبی حنيفة رحمه الله عليه،وقوله أرفق؛إذ قلما يخلو مال عن غصب. وهٰذا إذا كان له مال غير ما استهلكه بالخلط منفصل عنه يوفی دينه،وإلا فلا زكاة، كما لو كان الكل خبيثاً، كما فی النهر عن الحواشی السعدية،آه".** (۱)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ جو مال ناجائز طریقہ سے جمع کیا ہے اس کو منہا کرنے کے بعد اگر حج کے لیے کافی ہو تو حج فرض ہوگا، ورنہ حج فرض نہ ہوگا اور جو مال حرام جمع کیا ہے، اس کا اصل مالک کو، اگر وہ مر چکا ہے تو اس کے ورثہ کو واپس کرنا ضروری ہے، اگر نہ مالک موجود ہوں، نہ اس کے ورثہ موجود ہوں تو بہ نیتِ گلوخلاصی اس کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔ (۲)

(۱)　چوری ہے۔ (۳)

(۲)　بھی ناجائز ہے کہ یہ قرآن شریف رمضان شریف میں سنانے کی اجرت ہے۔ (۴)

(۳)　اکثر علما کے نزدیک جائز ہے، بعض کے نزدیک یہ بھی ناجائز ہے۔ (۵) تاہم اس کی واپسی ڈاکخانہ میں ہرگز جائز نہیں، اگر زیادہ احتیاط مطلوب ہو تو غربا پر اس کو صدقہ کر دیا جائے۔ (۶) ورنہ اپنے پاس رکھنے میں بھی گنجائش ہے۔

---

(۱)　الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الزكاة،باب زكاة الغنم،مطلب فيما لو صادر السلطان جائراً فنوى بذلک أداء الزكاة إليه:۳۱۸/۳،ط،الرياض

(۲)　والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم،وإلا فإن علم عين الحرام لايحل له،ويتصدق به بنية صاحبه". (رد المحتار،مطلب فيمن ورث مالا حرام:۹۹/۵،سعيد)

(۳)　هی لغة أخذ الشیء من الغير خفية". (الدر المختار، كتاب السرقة:۱۳٦/٦،سعيد)

(۴)　أقول:المفتی به جواز الأخذ استحساناً علٰی تعليم القرآن لاعلی القراءة المجردة،كما صرح به فی التاتارخانية.(رد المحتار،باب الإجارة الفاسدة،مطلب:تحرير منهم فی عدم جواز الاستيجار علی التلاوة و التهليل ونحوه:۷۷/۹،مكتبة الرياض)

(۵)　قوله:لاربوا بين أهل الحرب،أقول:أنه لاربوا بين أهل الحرب وأهل الإسلام فی دار الحرب،وقال أبو يوسف والشافعی وأمد ومالک بخلافه.(إعلاء السنن،باب الربوا فی دار الحرب بين المسلم والحربی:۳۳۳/۱٤، إدارة القرآن والعلوم الاسلامية كراچی)

(٦)　والسبيل فی المعاصی ردها وذلک ههنا برد المأخوذ ان تمكن من رده بأن عرف صاحبه،وبالتصدق به إن لم يعرفه ليصل إليه نفع ماله إن كان لايصل إليه عين ماله.(الفتاوی الهندية،كتاب الكراهية،الباب الخامس عشر فی الكسب: ۳٤۹/۵،رشيدية)

(۴) یہ سب چیزیں جائز ہیں بشرطیکہ رقم ناجائز کا ضمان ادا کردیا جائے۔(۱)

(۵) قرآن کریم سنانے پر کوئی رقم لینا بغیر طلب بھی ناجائز ہے؛ **لأن المعروف كالمشروط**،البتہ اگر کسی جگہ یہ رواج ہو کہ سنانے والے کو کچھ نہ دیا جاتا ہو اور وہ محض ثواب کی غرض سے سناتا ہو اور اس کے ذہن میں بھی یہ نہ ہو کہ یہاں سے کچھ ملے گا، یا صاف طور پر تصریح کردی جائے کہ یہاں سے کچھ نہ دیا جائے گا اور پھر کوئی شخص از خود کچھ خدمت کردے تو اس کے قبول کرنے میں مضائقہ نہیں اور چندہ کرنے اور جبراً وصول کرکے حافظ کو دینے کا جیسا رواج ہے، یہ ہرگز درست نہیں، لینے والا اور دینے والا سب گناہ گار ہوتے ہیں، ایسی رقم کی واپسی ضروری ہے۔(كذا في الشامي)(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۶/۱۳۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، عبد اللطیف، ۱۸/ذی قعدہ ۱۳۵۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۱۱/۱۰-۳۱۴)

## ناجائز آمدنی سے حج کرنا:

سوال: ہندہ کے پاس صرف ایک پختہ عمارت جس کی قیمت تقریباً ۱۶/ہزار روپیہ ہے حلال اور حرام پیسے سے عمارت کی تعمیر ہوئی ہے؛ یعنی رشوت اور غیر رشوت کے پیسے سے رشوت کا روپیہ ۳/گنا لگا ہے، اس صورت میں عمارتِ مذکور کو بیچ کر حج کرسکتی ہے، یا نہیں؟ حوالۂ حدیث مع کتب مدلل تحریر فرمادیں؟ بینوا توجروا۔

**الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

ہندہ کو چاہیے کہ کسی سے قرض لے کر اسی سے حج کرے (کسی محرم کے ساتھ)، پھر عمارتِ مذکورہ کی قیمت سے وہ قرض ادا کردے؛ تاکہ حج بلا شبہ حلال مال سے ادا ہو؛(۳) لیکن عمارتِ مذکورہ کی قیمت؛ بلکہ خالص حرام مال سے بھی اگر حج ادا کیا تو فریضۂ ساقط ہوجائے گا اور حرام مال اس میں خرچ کرنے کا گناہ بھی ہوگا۔

---

(۱) إذ لو اختلط بحيث لا يتميز ،يملكه ملكاً خبيثاً،لكن لا يحل له التصرف فيه مالم يؤ د بدله،كما حققناه قبيل باب زكاة المال،فتأمل.(رد المحتار،مطلب فيمن ورث مالا حراما: ٩٩/٥،سعيد)

(۲) (ويجبر المستأجر على دفع ما قبل) فيجب المسمى بعقد وأجر المثل إذا لم تذكر مدة؟ شرح وهبانية من الشركة (ويحبس به) به يفتى (ويجبر على) دفع (الحلوة المرسومة) هي مايهدى للمعلم على رؤس بعض سورة القرآن سميت بها؛لأن العادة اهداء الحلاوى.(الدر المختار)

وقال ابن عابدين:وقال العيني في شرح الهداية:والآخذ والمعطى آثمان.(مطلب:تحرير مهم في عدم جواز الاستيجار على التلاوة والتهليل،الخ: ٥٦/٦،سعيد)

(۳) إذا أراد الرجل أن يحج بمال حلال فيه شبة،فإنه يستدين للحج ويقضى دينه من ماله،كذا في فتاوىٰ قاضي خان.(الفتاوىٰ الهندية،كتاب المناسك،الباب الأول: ٢٢٠/١،رشيدية)

”قال فی البحر: ویجتهد فی تحصیل نفقة حلال، فإنه لایقبل النفقة الحرام، کما ورد فی الحدیث، مع أنه یسقط الفرض عنه معها، ولا تنافی بین سقوطه وعدم قبوله، فلا یُثاب لعدم القبول، ولا یعاقب تارک الحج، آه“. (۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۴/ربیع الثانی ۱۳۶۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۱۴-۳۱۵)

## حرام آمدنی والے کو بوقت حج اپنے گروپ میں شامل کرنا:

سوال (۱) ایک شخص ریاست نیپال میں چمڑا اور شراب کی بھٹی وغیرہ کا ٹھیکہ لیتا ہے، وہ حجِ بیت اللہ کے لیے جانا چاہتا ہے، کچھ لوگ اسی گاؤں یا آس پاس کے ہیں، وہ بھی جارہے ہیں، ان لوگوں کا شخص مذکور سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہے، نہ کاروبار کا نہ رشتہ کا، شخص مذکور یا اس کی اہلیہ اس گروپ میں شامل ہونا چاہتا ہے، یا چاہتی ہے، اس کی اہلیہ کا محرم اس کا بھائی ہے، وہ بھی اس گروپ میں ہے اور بھائی کا اپنی بہن کے کاروبار سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ گروپ بنانے کا مقصد یہ ہے کہ دورانِ سفر قیامِ مکہ معظّمہ ومدینہ منورہ کھانا اور رہائش وغیرہ ایک ساتھ ہو، کیا ایسے گروپ میں شامل ہوکر حج کیا جاسکتا ہے؟

## حرام آمدنی والا اگر کہے کہ میں نے قرض لیا ہے، یا حلال آمدنی ہے تو اس کا قول معتبر ہے:

(۲) اگر شخص مذکور یہ کہتا ہے کہ وہ حج حلال کمائی سے کررہا ہے، حرام کی کمائی سے کوئی تعلق نہیں ہے تو کیا اس کی اس بات کو قبول کیا جاسکتا ہے؟ اور پھر اس کو گروپ میں شامل کیا جاسکتا ہے؟

**الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

(۱) حج ادا ہوجائے گا؛ (۲) مگر حرام مال ان کی شرکت میں نہ کھائیں۔ (۳)

---

(۱) ردالمحتار، مطلب فیمن حج بمال حرام: ۲/۴۵٦، سعید

(۲) ویجتهد فی تحصیل نفقة حلال، فإنه لایقبل الحج بالنفقة الحرام، مع أنه یسقط الفرض معها، وإن کانت مغصوبة، کذا فی فتح القدیر. (الفتاویٰ الهندیة، کتاب المناسک، الباب الأول فی تفسیر الحج: ۱/۲۲۰، رشیدیة)

(۳) وفی الذخیرة: سئل أبوجعفر عمن اکتسب ماله من أمر السلطان والغرامات المحرمة وغیر ذلک، هل یحل لمن عرف ذلک أن یأکل من طعامه؟ قال: أحب إلیّ فی دینه أن لایأکل ویسعه حکما إن لم یکن غصباً أورشوة. (رد المحتار، فصل فی البیع: ٦/۳۸٦، سعید)

أکل الربا وکاسب الحرام أهدی إلیه أوأضافه وغالب ماله حرام، لایقبل ولا یأکل ما لم یخبره أن ذلک المال أصله حلال ورثه أواستقرضه. (الفتاویٰ الهندیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات: ۱/۳۴۳، رشیدیة)

(۲) اگراس کے پاس حلال آمدنی کا ذریعہ بھی ہے یا وہ کہتا ہے کہ یہ روپیہ قرض لیا ہے تو اس کا قول صحیح تسلیم کیا جاسکتا ہے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۵/۱۳۹۰ھ۔(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۱۷-۳۱۸)

## مال حرام سے حج فرض ہوتا ہے، یانہیں:

سوال: جس شخص کے پاس مال حرام ہے تواس پر حج فرض ہے، یانہیں؟ اور جب کہ وہ روپیہ صرف ہو گیا اور مالک روپیہ سے اجازت لے لی تو اب وہ مال حلال ہوگیا؛ مگراب صرف ہو چکا ہے تو اب اس پر حج ہے، یانہیں؟ اگر ہے تو سوال کرے، یا قرض لے کر ضروری ہے؟

الجواب

مال حرام جب اپنے مال میں مخلوط ہو جاوے، ملک میں داخل ہو جاتا ہے،(۲) اس لیے حج فرض ہو جاوے گا اور بعد فرض ہونے کے مال کے صرف ہو جانے سے فرض بحالہ رہتا ہے؛ لیکن سوال نہ کرے، البتہ اگر امید ادا ہو تو قرض لینا جائز ہے۔(کذا فی ردالمختار،أول کتاب الحج)(۳)

۱۶/محرم ۱۳۲۶ھ (تتمہ اولی،ص:۶۸)(امدادالفتاوی جدید:۲/۱۶۱)

## زنا سے حاصل شدہ مال سے تجارت اور حج کرنا:

سوال (۱) کسی عورت کے خریدے ہوئے مکان میں بود وباش کرنا جائز ہے، یانہیں؟ اور تجارت کرسکتے ہیں، یانہیں؟

(۲) اور کسی عورت کے نقد مال سے کچھ تجارت کر کے اس مال کے نفع میں سے حصہ لینا جائز ہے، یانہیں؟

(۳) کسی عورت نے اپنے نقد مال کو زائل کر کے؛ یعنی عین شے کسی اور شخص کو دے کر اس کے بدلہ میں اور مال اسی شخص سے لے کر حج کرے تو کیا یہ حج ادا ہو جائے گا، یانہیں؟

(المستفتی: ۱۱۴۷، بدست عبدالرزاق، متعلم مدرسہ ہذا، ۷/ رجمادی الثانی ۱۳۵۵ھ، مطابق ۲۶/اگست ۱۹۳۶ء)

الجواب

کسی اور زانیہ عورت نے زنا سے جو مال کمایا ہے اور اس مال کے ذریعہ سے جائداد حاصل کی، وہ سب خبیث ہے،

---

(۱) فإن كان الغالب هو الحرام ينبغي أن لايقبل الهدية ولايأكل الطعام،إلا أن يخبره بأنه حلال ورثته أو استقرضته من رجل،كذا في الينابيع". (الفتاوى الهندية،الباب الثانى عشر فى الهدايات والضيافات: ۱/ ۳٤۲،رشيدية)

(۲) خلط کرنے سے حرام ملک میں داخل تو ہو جاتا ہے؛ مگر دین شمار ہوتا ہے؛ اس لیے مال حرام سے زائد اگر بقدر استطاعت مال ہوتو حج فرض ہوگا، ورنہ نہیں، اس کی تفصیل مسئلہ:۱۴،ص:۸،اور مسئلہ:۲۳،ص۱۲، پر ملاحظہ ہو۔(رشید احمد عفی عنہ)

(۳) الدرالمختار على الرد، كتاب الحج: ۳/ ٤٥۳،مكتبة الرياض

اس نفع اٹھانا ناجائز ہے، اس مال سے تجارت کرنا بھی خباثت سے خالی نہیں۔(۱) ہاں اگر وہ کسی شخص سے قرض لے اور اس قرض لیے ہوئے روپے کو کسی کو دے دے اور وہ شخص اس سے تجارت کرے تو یہ تجارت جائز ہوگی اور اسی طرح قرض لیے ہوئے مال سے حج کرسکتی ہے۔(۲)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی:۴/۳۵۰-۳۵۱)

## غیر کی زمین پر غاصبانہ قبضہ رکھتے ہوئے حج کرنا:

سوال: خالد نے عمر کی زمین پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے تو اگر خالد حج کو جائے تو حج درست ہوگا، یا نہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً**

زمین کے غصب کا گناہ مستقل ہے؛(۳) مگر حج ادا ہو جائے گا، اگر حرام روپیہ سے حج کیا ہے تو وہ مقبول نہیں ہوگا۔

**وقد يتصف بالحرمة كالحج بمال حرام.** (الدر المختار) **فقد يقال: أن الحج نفسه الذى هو زيارة مكان مخصوص، إلخ ... ليس حراماً بل الحرام هو انفاق المال الحرام، ولاتلازم بينهما، كما أن الصلاة فى الأرض المغصوبة تقع فرضاً ... لأن الفرض لايمكن اتصافه بالحرمة، و هنا كذلك، فإن الحج فى نفسه مأمور به، وإنما يحرم من حيث الانفاق، وكأنه أطلع عليه الحرمة؛ لأنه للمال دخلا فيه، فإن الحج عبادة مكربة من عمل البدن والمال كما قدمناه، ولذا قال فى البحر: ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنه لايقبل بالنفقة الحرام، كما ورد فى الحديث، مع أنه يسقط الفرض عنه معها، ولاتنافى بين سقوطه وعدم قبوله، فلا يثاب لعدم القبول، ولايعاقب عقاب تارک الحج، إلخ.** (۴)

مذکورہ بالا عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی ناجائز اور حرام چیز کے ارتکاب سے نفس حج میں کوئی خرابی نہیں آتی؛ بلکہ حج ادا ہو جائے گا، لیکن دوسرا ناجائز فعل کا گناہ مستقل ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۱۳۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۱۶)

---

(۱) لیکن اگر ناجائز مال سے بھی حج کرے تو اس کے ذمے سے فرض ادا ہو جائے گا۔ **قوله: كالحج بمال حرام، قد يقال: إن الحج نفسه الذى هو زيادة مكان مخصوص، إلخ، ليس حرامًا، بل الحرام هو إنفاق المال الحرام، ولا تلازم بينهما، كماأن الصلاة فى الأرض المغصوبة تقع فرضًا، وإنماالحرام مشغل إمكان المغضوب، مع أنه يسقط الغرض عنه معها. (ردالمحتار، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فيمن حج بمال حرام: ٢/٤٥٦، ط: سعيد)**

(۲) اس صورت میں سقوط فرض کے ساتھ استحقاق اجر وثواب بھی ہوگا۔

(۳) **عن سعيد بن زيد رضى الله تعالىٰ عنه: قال: قال رسول الله صلى الله عليه و سلم: من أخذ شبراً من الأرض ظلماً، فإنه يطوقه يوم القيامة من سبعين أرضين. (متفق عليه). (مشكاة المصابيح، باب الغصب والعارية، الفصل الأول، ص: ٢٥٤، قديمى) (صحيح البخارى، رقم الحديث: ٢٤٥٢، الصحيح لمسلم، رقم الحديث: ١٦١٢، عن عروة بن الزبير، انيس)**

(۴) **ردالمحتار، مطلب فيمن حج بمال حرام: ٢/٤٥٦، سعيد**

## سود آمیزش والی رقم سے حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میرے پاس اتنی رقم ہے کہ ہم دونوں میاں بیوی حج بیت اللہ کو جاسکیں؛ لیکن اس میں تقریباً دس ہزار روپیہ بینک کے سود بھی ہیں تو میں ان دس ہزار روپیوں کو اپنی ضرورتوں میں لگا سکتا ہوں، یا نہیں؟ اور ان روپیوں کو اپنے فریضہ حج میں استعمال کرسکتا ہوں، یا نہیں؟ میرے پاس کوئی دوسرا راستہ بھی نہیں ہے کہ میں دوسرے سے لے کر حج کو جاسکوں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

سودی رقم سفر حج کے صرفہ میں یا اپنی ضروریات میں استعمال کرنی ہرگز جائز نہیں ہے؛ بلکہ یہ رقم غریبوں کو بلا نیت ثواب تقسیم کرنی لازم ہے، اگر آپ کو سفر حج کے لیے رقم کی ضرورت ہو تو کسی سے قرض حسن لے لیں۔

**عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: أيها الناس! إن اللّٰه طيب لايقبل إلا طيباً** (الحديث بطوله) **وفيه: ثم ذكر الرجل يطيل السفر أشعث أغبر يمد يديده إلى السماء يارب! يا رب! ومطعمه حرام ومشربه حرام وملبسه حرام وغذى بالحرام، فأني يستجاب لذٰلك.**
(الصحيح لمسلم: ۳۲۶/۱، رقم: ۱۰۱۵، سنن الترمذي: ۱۲۸/۲، مسند أحمد رقم: ۸۳۴۸، شعب الإيمان للبيهقي: ۳۸۸/۲، رقم: ۱۱۱۸، المصنف لعبد الرزاق: ۱۹/۵، رقم: ۸۸۳۹)

**لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه.** (ردالمحتار: ۵۵۳/۹، زكريا)

**ولا بمال حرام، ولو حج به سقط عنه الفرض لكنه لا تقبل حجته، كما ورد في الحديث، ولا تنافي بين الحج، كما إذا صلىٰ في أرض غصب ... والحيلة لمن ليس معه إلا مال حرام أو فيه شبهة أن يستدين للحج من مال حلال ليس فيه شبهة ويحج به، ثم يقضي دينه من ماله، ذكر قاضي خان.** (غنية الناسک: ۲۱-۲۲، إدارة القرآن كراتشي، شامي: ۴۵۳/۳، زكريا، مجمع الأنهر: ۲۶۱/۱)

**إذا أراد الرجل أن يحج بمال حلال فيه شبهة فإنه يستدين للحج ويقضي دينه من ماله، كذا في فتاوىٰ قاضي خان في المقطعات.** (الفتاوىٰ الهندية: ۲۲۰/۱، دار إحياء التراث العربي) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۲/۴/۱۴۲۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۳۲۴/۷)

## بینک سے ملی ہوئی سودی رقم سے حج کو جانا جائز نہیں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع میت مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید کو بینک میں جمع کردہ روپیے سے زائد روپے بھی دیئے گئے اور وہ اس زائد روپیہ کو لے کر حج کرنا چاہتا ہے تو کیا وہ اس زائد روپے سے حج کرسکتا ہے، یا نہیں؟ اگر جواز کی صورت ہے تو کیوں اور اگر عدم جواز کی صورت ہے تو کیسے؟

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وبالله التوفيق

حج حلال مال سے کرنا چاہیے، حرام مال سے کیا گیا حج مقبول نہیں ہوتا، لہٰذا بینک سے ملے ہوئے سود کے روپے سے ہرگز حج نہ کیا جائے۔ حدیث میں ہے کہ جو شخص حرام مال سے حج کو جاتا ہے اور سواری پر سوار ہوکر لبیک کہتا ہے تو آسمان سے فرشتہ اسے جواب دیتا ہے کہ ''لا لبیک لا سعدیک'' (یعنی تیری لبیک غیر مقبول ہے) تیرا توشہ حرام ہے، تیرا خرچہ حرام ہے، تیرا حج معصیت ہے، مبرور نہیں ہے۔

**وروی عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم : إذا خرج الحاج حاجاً ينفقه طيبةٍ ووضع رجله فی الغرز فنادیٰ، لبيک اللّٰهم لبيک، ناداه مناد من السماء: لبيک وسعديک، زادک حلال، وراحلتک حلال، وحجک مبرور غير مازور، وإذا خرج بالنفقة الخبيثة فوضع رجله فی الغرز، فنادی: لبيک، ناداه مناد من السماء: لا لبيک ولا سعديک زادک حرام، ونفقتک حرام، وحجک مازور غير مبرور.** (رواه الطبرانی فی الأوسط، الترغيب والترهيب، مكمل، ص: ٢٦٤، رقم: ١٧٤٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ، ۱۴۱۳/۱۱/۹ھ۔ (کتاب النوازل: ۳۲۵/۷)

## سودی قرض سے کیے گئے کاروبار کی آمدنی سے حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید بینک سے قرض بصورت لون لیتا ہے اور کاروبار بھی کرتا ہے، اسی روپیہ سے زید صاحب نصاب ہوگیا اور اس پر حج فرض ہوگیا تو زید کو اس بینک والے روپیہ سے جو آمدنی ہوئی ہے، اس سے حج کرسکتا ہے، یا نہیں؟ اور یہ قرض لینا کسی شکل میں جائز ہوسکتا ہے، یا نہیں؟ جب کہ اس قرض کی ادائے گی اگر کریں تو زائد رقم بینک کو دینی پڑتی ہے، جو سود کی شکل ہے؟

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وبالله التوفيق

بینک کو سود دینا جائز نہیں ہے اور چوں کہ بینک سے لیے ہوئے قرض میں سود دینا لازمی ہوتا ہے، اس لیے بلا شدید ضرورت کے بینک سے قرض لینا بھی ممنوع ہے، لیکن جو روپیہ بینک سے لیا ہے اس سے کیے گیے کاروبار کی آمدنی حلال ہوتی ہے۔ اس لیے کہ اس میں سود کی رقم کی ملاوٹ نہیں ہے، سودی رقم تو وہ ہے جو بینک کو دی جائے گی، لہٰذا صورت مسئولہ میں ایسی آمدنی سے حج کرنا درست ہوگا۔

**عن علی رضی الله عنه مرفوعاً: كل قرض جر منفعة فهو ربا.** (إعلاء السنن: ٥٦٦/١٤، رقم: ٤٨٥٨، وكذا فی المصنف لعبد الرزاق: ١٤٦/٨، رقم: ١٤٦٦٢)

**عن مالک أنه بلغه أن رجلاً أتی عبد الله بن عمر، فقال: يا أبا عبد الرحمن إنی إسلمت رجلاً**

سلفاً واشترطت عليه أفضل مما أسلفته ،فقال عبد الله بن عمر: فذلك الربا ... إلخ. (السنن الكبرىٰ للبيهقي:۲۷۷/۸،رقم :۱۱۰۹۶)

كذا تستفاد من العبارة الأتية: القرض لا يتعلق بالجائز من الشروط فا لفاسد منها لا يبطله ... وفي الخلاصة : القرض بالشرط حرام والشر ط لغو. (الدرالمختار ،كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية:۱٦٥/٥-۱٦٦، كراتشي،۳۹٤/۷،زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ،۲۱/۱۲/۱۴۱۳ھ۔ (کتاب النوازل:۳۲۶/۷)

## ایڈوکیٹ اور وکالت کی آمدنی سے حج کرنا اور اس آمدنی کا حکم:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک شخص ایڈوکیٹ ہے، کچہری میں پرکٹس کرتا ہے۔سوال یہ ہے کہ وہ اس سے حاصل شدہ آمدنی سے حج فرض ادا کرسکتا ہے، یا نہیں؟ وکالت کی آمدنی شرعاً جائز ہے، یا حرام؟ اگر حرام ہے تو کیا مطلقاً حرام ہے، یا اس میں کچھ تفصیل ہے؟

باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ـــــــــــــــــ وبالله التوفيق

کچہری میں وکیل کا اس طرح وکالت کرنا کہ اپنے صحیح عمل، یا وقت پر مقررہ اجرت لے اور ناحق مقدمہ کی پیروی نہ کرے تو فی نفسہ وکالت جائز ہے اور اس پر حاصل شدہ آمدنی بھی حلال ہے، لہٰذا اس طرح کی آمدنی کسی وکیل کے پاس اتنی ہو، جس سے حج فرض ہوجاتا ہے تو اس کو حج کرنا لازم ہے؛ لیکن اگر عمل معصیت یا وقت واجرت کی تعیین نہ ہو، نیز ناحق مقدمہ کی پیروی، یا ظالم کی اعانت ہو، جیسا کہ آج کل اکثر وکیلوں کا پیشہ ہے تو اس طرح وکالت کا پیشہ جائز نہیں؛ اس لیے اس سے ملی ہوئی رقم حرام ہے، لہٰذا اس مال پر حج فرض نہیں ہوگا، البتہ اگر حاصل شدہ مال حرام سے زائد بقدر استطاعت مال حلال ہو تو حج فرض ہوجائے گا؛ تاہم اگر کسی نے مال حرام سے حج کرلیا تو فریضہ ساقط ہوجائے گا؛ مگر حج مقبول کا ثواب نہیں ہوگا اور ساتھ میں حرام مال خرچ کرنے کا گناہ بھی ہوگا۔ (فتاویٰ محمودیہ:۲۷۷/۴،۲۰۶/۳، امداد الفتاویٰ:۱۶۰/۲)

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:يأتي على الناس زمان لا يبالي المرءُ ما أخذ َمنه، أمن الحلال أم من الحرام؟ (صحيح البخاري،رقم: ۲۰۵۹، بحواله:مرقاة المفاتيح،كتاب البيوع،باب الكسب وطلب الحلال:۷/٦،رقم :۲۷٦۱)

لا يجوز أخذ الأجر ة على المعاصي ... لأن المعصية لا يتصور الستحقاقها بالعقد فلايجب عليه الأجر،وإن أعطاه الأجر وقبضه لايحل له ويجب عليه رده علىٰ صاحبه. (مجمع الأنهر: ۳۸٤/۲، دار إحياء التراث العربي بيروت)

والإجارة على المعصية باطلة. (الفتاوىٰ التاتارخانية:۱۳۲/۱٥،زكريا)

ولو خلط السلطان المال المغصوب بماله ملكه فتجب الزكاة فيه ويورث عنه لأن الخلط

استهلاک إذا لم يمكن تمييزه عند أبي حنيفة ،وقوله ،أرفق إذ قلما يخلو مال عن غصب، وهذا إذا كان له مال غير ما استهلكه بالخلط منفصل عنه يوفي دينه وإلا فلا زكاة ،كما لو كان الكل خبيثاً ،كما في النهرعن الحواشي السعيدية. (الدرالمختار، كتاب الحج: ۲۱۷/۳،زكريا)

ويجتهد في تحصيل نفقة الحلال فإنه لايقبل الحج بنفقة الحرام،كما ورد في الحديث مع أنه يسقط الفرض عنه معها،ولا تنافي بين سقوطه وعدمه قبوله فلا يثاب لعدم القبول ولايعاقب عقاب تارک الحج. (ردالمحتار، كتاب الحج: ۴۵۳/۳،زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۳/۲/۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۳۲۹/۷)

## گورنمنٹ کی طرف سے اسکولوں کی تعمیر کے لیے دیئے گیے روپیوں سے حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علما دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ گورنمنٹ ایک شخص کو دو لاکھ روپیہ دیتی ہے کالج بنانے کے لیے، اب وہ شخص ڈیڑھ لاکھ میں کالج بنوادیتا ہے اور پچاس ہزار بچا بنالیتا ہے، آیا اس رقم سے حج کرنا صحیح ہے، یانہیں؟ نیز اگر حج کر لیتا ہے تو کیا وہ حج مقبول ہوگا؟

باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ———— وبالله التوفيق

مذکورہ شخص گورنمنٹ کا وکیل ہے لہذا جتنا روپیہ کالج کی تعمیر میں خرچ ہوا تنا ہی گورنمنٹ سے لینا درست ہے، اس سے زائد جو پیسہ دھوکہ دے کر لیا جائے گا، وہ خیانت ہوگی، جو قطعاً جائز نہیں ہے اور اس طرح کے پیسہ کو سفر حج میں استعمال کرنا بھی منع ہے؛ تاہم اگر استعمال کرے گا تو اس کا حج فرض ادا ہو جائے گا اور بہر حال زائد روپیہ گورنمنٹ کو لوٹانا لازم ہے۔

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال:قا ل رسول الله صلى الله عليه وسلم:أيها الناس!إن اله طيب لا يقبل إلا طيباً (الحديث بطوله) وفيه: ثم ذكر الرجل يطيل السفر إشعث أغبر يمد يديه إلى السماء يارب ! يارب! ومطعمه حرام ومشربه حرام وملبسه حرام وغذى بالحرام ،فأنى يستجاب لذلک. (الصحيح لمسلم: ۳۲۶/۱،رقم:۱۰۱۵،سنن الترمذی: ۱۲۸/۲،مسند أحمد،رقم: ۸۳۴۸، شعب الإيمان للبيهقي: ۳۸۸/۲،رقم:۱۱۸،المصنف لعبد الرزاق:۱۹/۵،رقم :۸۸۳۹)

عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم:من غشا فليس منا. (الصحيح لمسلم،رقم:۱۰۱،الترغيب والترهيب مكمل،ص: ۴۰۰،رقم:۲۷۳۸)

ويجتهد في تحصيل نفقه الحلال فإنه لا يقبل الحج بنفقة الحرام ، كما ورد في الحديث مع أنه يسقط الفرض عنه معها ،ولا تنافي بين سقوطه وعدمه قبوله فلا يثاب لعدم القبول ولا يعاقب عقاب تارک الحج. (ردالمحتار، كتاب الحج: ۴۵۳/۳،زكريا)

لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه. (ردالمحتار، كتاب الحج: ۵۵۳/۹، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۷/۶/۲۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۳۳۱/۷)

## ناجائز روپے سے حج فرض ہوتا ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص کے پاس سود چوری وغیرہ کا اس قدر روپیہ ہے کہ اس پر حج فرض ہے، اس سے حج کرے، یا نہ کرے؟ اگر کرے تو حج ادا ہوگا، یا نہ؟

الجواب

(۱) جب روپیہ ہو جاوے اور حج فرض ہو جاوے تو پہلے حج کرے پھر غریب بھائیوں کی امداد، پھر مسجد و چاہ بنوائے۔(۱)

(۲) حج فرض اور کرے، حج ادا ہو جائے گا،(۲) اور جن لوگوں کا روپیہ ناجائز طور سے لیا ہے، ان کو یا ان کے ورثہ کو اس قدر روپیہ دیوے، یا معاف کرادے، ورنہ صدقہ کرے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۱۶/۶)

## مہر دین مقدم ہے، یا حج:

سوال: اگر بر کسے حج فرض شدہ باشد و زوجہ ئش مانع شود و گوید کہ مہر ادا کن دریں صورت کہ نزدش برائے ادائیگی مہر سوائے ایں مال دیگر نیست، بر آں کس فریضہ حج ادا کردن لازم است یا ادائیگی مہر زوجہ؟

---

(۱) حج فرض ہونے کے بعد پہلے اس کی ادائیگی ضروری ہے، بقیہ چیزوں کا درجہ اس کے بعد ہے۔

عن أبي هريرة قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم أي العمل أفضل قال إيمان بالله ورسوله قيل، ثم ماذا قال الجهاد في سبيل الله قيل ثم ماذا قال حج مبرور متفق عليه. (مشكوة، كتاب المناسك، ص: ۲۲۱) (الصحيح لمسلم، رقم الحديث: ۸۳، صحيح البخاري، كتاب الإيمان، باب من قال الإيمان هو العمل، رقم الحديث: ۲۶، سنن النسائي، كتاب الإيمان، باب ذكر أفضل الأعمال، رقم الحديث: ۵۰۰۰، عن أبي هريرة، انيس)

خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: أيها الناس إن الله قد فرض عليكم الحج فحجوا (مشكاة المصابيح: ۲۲۰، مكتبة قديمي كتب خانة، كراتشي، انيس)

(۲) (وقد يتصف بالحرمة كالحج بمال حرام) (الدر المختار)

فقد يقال أن الحج نفسه الذي هو زيادة مكان مخصوص، إلخ، ليس حراماً بل الحرام هو انفاق المال الحرام ولا تلازم بينهما كما أن الصلاة في الأرض المغصوبة تقع فرضاً إلخ قال في البحر ويجتهد في تحصيل نفقة حلال فإنه لا يقبل بالنفقة الحرام كما ورد في الحديث مع أنه يسقط الفرض عنه معها، إلخ. (رد المحتار، كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام: ۴۵۳/۲، ظفير)

الجواب

بصورت فرضیت حج اگر زوجہ مانع شود و گوید کہ میر اداء کردن لازم است حج را مؤخر کند و مری اداء کند۔ (۳) فقط

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۳۸/۶-۵۳۹)

## مہر مؤجل مانع وجوب حج نہیں ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماءِ دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو غصہ کی حالت میں یہ لکھ دیا کہ تم اپنے میکہ سے ایک ہفتہ کے اندر نہ آئی، یا میرا زیور نہ بھیجا؛ تو تم پر ایک طلاق ہے، چناں چہ وہ ہنوز نہیں آئی اور نہ زیور بھیجا اور معتبر ذریعہ سے یہ معلوم ہوا کہ اس کو خط نہیں ملا تو کیا اس پر ایک طلاق دینے سے طلاق ہوگئی اور کیا ایک طلاق سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے، ایسی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟ کیا موجودہ صورت میں مرد حج کو جاسکتا ہے، بغیر رضا مند کئے ہوئے عورت کے اور رضا مند کر دے اور مہر نہ دے سکے؛ کیوں کہ اس کے پاس صرف اتنا روپیہ ہے کہ حج کر سکے، مہر ادا نہیں کر سکتا، اس کی دولڑکیاں بھی ہیں تو کتنا حصہ مہر میں سے اس کو دیا جائے گا؟

الجواب

حج کو جانے کے لیے عورت کا راضی کرنا، یا اس کا راضی ہونا شرط نہیں ہے، اگر حج فرض ہوا ور نہ مہر ادا کر کے جانا ضروری ہے، جب کہ نکاح باقی ہو اور مہر مؤجل ہو؛ بلکہ عورت کو واپسی تک نان ونفقہ دے کر جانا واجب ہے۔ ہاں نکاح ٹوٹ چکا ہو اور عورت مہر کا مطالبہ کرے تو حج سے دین مہر ادا کرنا مقدم ہے اور یہ تفصیل اس وقت ہے، جب کہ دین مہر کو دوسرے قرضوں کی برابر نہ سمجھا جائے، جب کہ اس کی طرف سے بے التفاتی ہو، جیسا کہ عام اہل ہند کی یہی حالت ہے تو ایسا دین مہر وجوب زکوۃ وحج کے منافی نہیں، الا بوقت طلاق اور مطالبہ زن اور جو شخص دین مہر کو بھی دیون الناس کی طرح سمجھتا ہو اور اس کی ادا کی فکر میں ہو اور حسب ہمت قلیل وکثیر ادا کرتا ہو، اس پر حج اس وقت تک فرض نہ ہوگا، جب تک دین مہر ادا نہ ہو جائے، یا اتنی رقم اس کے پاس جمع ہو جائے، جو ادائے دین مہر کے بعد مصارف حج ونفقہ اہل وعیال کو تا واپسی کافی ہو۔ واللہ اعلم

۱۹ر رمضان شریف (امداد الاحکام: ۱۵۶/۳)

## کیا مال ضائع ہونے سے حج ساقط ہو جائے گا:

سوال: ایک شخص پر حج فرض ہو چکا تھا؛ مگر کسی طرح اس کا مال ضائع ہو گیا، جس سے حج کو جانے کی طاقت جاتی رہی تو اب حج اس کے ذمہ سے ساقط ہو جائے گا، یا نہیں؟

---

(۱) قال الشامی تحت قول الدرالمختار: (ممن یجب استیذانه) ... وکذا الغریم لمدیون لا مال له یقضی به والکفیل لوبالاذن فیکره خروجه بلا اذنهم کما فی الفتح وظاهره أن الکراهة تحریمیة ولذا عبر الشارح بالوجوب. (ردالمحتار، کتاب الحج: ۴۵۴/۳، مکتبة زکریا دیوبند، انیس)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

اگراس کے پاس مال بقدرِ حج ایسے وقت تھا کہ لوگ حج کو نہیں جارہے تھے؛ بلکہ ابھی وقتِ حج میں دیر تھی اور وقتِ حج آنے سے پہلے ہی وہ مال ضائع ہوگیا تو اس کے ذمہ حج فرض نہیں، اگر زمانۂ حج میں مال تھا اور اس نے ارادہ کرلیا تھا؛ مگر بغیر اس کے اختیار کے مال ضائع ہوگیا تب بھی اس کے ذمہ حج نہیں، اگر اس نے خود اپنے اختیار سے ایسی جگہ خرچ کردیا، جہاں شریعت کی طرف سے خرچ کرنے کا امر نہیں تھا تو اس کے ذمہ حج لازم ہوگیا۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۹۹)

## روپیہ ضائع ہونے سے فرضیتِ حج ساقط نہیں ہوتی:

سوال: عرصہ ۲۶/سال کا ہوا جب زید پر حج فرض ہوا، اس رقم سے زید نے کھانڈ (چینی) خرید لی، چوں کہ حج کے جانے میں زیادہ دن تھے، قسمت کی بات کہ اس دوران میں کھانڈ سرکاری گرفت میں آئی گئی اور جو روپیہ تھا، وہ سب ختم ہوگیا اور زید حج سے محروم رہ گیا۔ اب قدرت نے پھر موقع عنایت فرمایا ہے، لڑکے اپنے پیسے حج بیت اللہ کو بھیج رہے ہیں، اب آپ سے یہ معلوم کرنا ہے کہ جو زید کی حج کی فرضیت ماضی میں ہوچکی تھی، وہ پیسہ ختم ہونے کے بعد فرضیت ختم ہوگئی، یا باقی رہے گی؟ اور اگر باقی رہی تو کیا لڑکوں کے حج کرانے سے وہ فرضیت ختم ہوجائی گی، یا نہیں؟ تو پھر کیا صورت اختیار کیا جائے کہ جس سے حج بھی ہوجائے اور فرضیت بھی نہ رہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

روپیہ محفوظ نہیں رکھا، تجارت میں لگادیا، جس کی وجہ سے وہ ضائع ہوگیا؛ اس لیے فریضۂ حج ختم نہیں ہوا؛ بلکہ ذمہ میں باقی ہے، لڑکے اگر پیسے دے رہے ہیں اور اس سے حج کرے گا، فریضۂ حج ادا ہوجائے گا۔(۲) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۰۰)

---

(۱) وقد قدمنا أن من الشرائط الوقت أعني أن يكون مالكاً لما ذكر في أشهر الحج، حتیٰ لوملک ما به الاستطاعة قبلها، كان فى سعة من صرفها إلیٰ غيره. وأفاد هٰذا قيداً فى صيرورته ديناً إذا افتقر: هو أن يكون ما لكاً فى أشهر الحج فلم يحج. والأولیٰ أن يقال: إذا كان قادراً وقت خروج أهل بلده إن كانوا يخرجون قبل أشهر الحج لبعد المسافة، أوكان قادراً فى أشهر الحج إن كانوا يخرجون فيها ولم يحج حتیٰ افتقر، تقرر ديناً. وإن ملک فى غيرها وصرفها إلیٰ غيره، لاشيء عليه، كذا فى فتح القدير. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/۵۵۰، رشيدية)

ثم ما ذكر من الشرائط لوجوب الحج من الزاد والراحلة وغير ذلک يعتبر وجودها وقت خروج أهل بلده إلیٰ مكة، حتیٰ لوملک الزاد والراحلة فى أول السنة قبل أشهر الحج وقبل أن يخرج أهل بلده إلیٰ مكة فهو فى سعة من صرف ذلک إلیٰ حيث أحب وإذا صرف ماله ثم خرج أهل بلده لايجب عليه الحج. فأما إذا جاء وقت خروج أهل بلده، فيلزمه التأهب، فلايجوز له صرفه إلیٰ غيره. فإن صرفه إلیٰ غير الحج، أثم وعليه الحج، كذا فى البدائع. (الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسک، الباب الأول فى تفسير الحج: ۱/۲۱۹، رشيدية)

(۲) وقد قدمنا أن من الشرائط الوقت: أعني، الخ. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/۵۵۰، رشيدية)

بخلاف ما لوملكه مسلماً فلم يحج حتیٰ افتقر، حيث يتقرر الحج فى ذمته دينا عليه. (الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسک، الباب الأول فى تفسير الحج: ۱/۲۱۷، رشيدية)

## حج کے بعد مالی پوزیشن صفر ہونے کی حالت میں حج:

سوال: سائل کی مالی حیثیت اتنی ہے کہ بیوی کا مہر ادا کرنے کے بعد اور اہل وعیال کے خرچہ کے بعد بہ آسانی حج کے اخراجات پورے ہو سکتے ہیں تو کیا حج فرض ہو جاتا ہے، گو کہ حج کے بعد مالی پوزیشن صفر ہو جائے گی؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

اس صورت میں حج فرض ہوگا۔ ''**وتلک القدرة فاضلة عن نفقته ونفقة عياله إلى حين عوده، وقيل: بعده بيوم، وقيل: بشهر**''۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۹/۴/۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۰۱)

## غلط افواہ سے حج کی فرضیت ساقط نہیں ہوتی:

سوال: چند لوگ جن پر حج فرض تھا، امسال ارادہ حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتے تھے کہ یہ خبر مشہور ہوئی کہ شریف مکہ حاجیوں سے بالجبر بیعت لیویں گے کہ امیر المومنین ہم ہیں، امسال حج کو جانا اور شریف مکہ سے بیعت کرنا کیسا ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ**

ایسی خبروں سے حج فرض ساقط نہیں ہوتا، لہٰذا جن لوگوں پر فرض ہے، ان کو حج کرنا چاہئے اور شریف مکہ سے بیعت کرنا درست نہیں ہے۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۳۳)

## بھیک مانگ کر حج کرنا کیسا ہے:

سوال: بھیک مانگ کر حج کرنا جائز ہے، یا نہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ**

یہ جائز نہیں ہے۔ (۳) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۵۱۸)

---

(۱) **حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الحج، ص: ۷۲۸، قديمی**

**لأن الشرط في وجوب الحج زاد وراحلة، ونفقة أهله في ذهابه وعوده، ولا اعتبار بما بعده. (الحاوی الكبير، كتاب الحج: ۵/ ۱۷، المكتبة التجارية، مصطفیٰ أحمد الباز)**

(۲) **هو ... فرض مرة على الفور بشرط حرية وبلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد و راحلة فضلت عن مسكنه وعما لابد منه ونفقة ذهابه وايابه وعياله وأمن طريق. (كنز الدقائق مع البحر الرائق) وحقيقة أمن الطريق أن يكون الغالب فيه السلامة كما اختاره الفقيه أبو الليث وعليه الاعتماد. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/ ۵۳۷ـ ۵۵۰، دار الكتب العلمية بيروت، انيس)**

(۳) **وأما القدرة على الزاد والراحلة فالفقهاء على أنه من شرط الوجوب أصلاً يتعلق بالفقير لاشتراط الاستطاعة في آية الحج. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/ ۴۶۶)** اور حدیث میں ہے: ''**السوال ذل**'' اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: **أمرني خليلي بسبع: أمرني بحب المساكين الدنو منهم، وأمرني أن أنظر هو دوني، ولا أنظر من هو فوقي، وأمرني أن أصل الرحم وإن أدبرت وأمرني أن لا أسأل أحداً شيئاً، وأمرني أن أقول بالحق وإن كان مراً و أمرني أن أخاف في اللّٰه لومة لائم وأمرني أن أكثر من قول: لا حول ولا قوة إلا باللّٰه. فإنهن من كنز تحت العرش. (كذا في المشكاة، باب فضل الفقر، ص: ۴۴۹، ظفير) (مسند أحمد، رقم الحديث: ۲۱۴۱۵، انيس)**

## کیا نابالغ سمجھ دار بچے پر حج فرض ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ کیا نابالغ سمجھ دار بچے پر حج فرض ہے؟ یعنی اگر اس کے پاس اتنا پیسہ ذاتی ملکیت میں جمع ہو جائے، جس مقدار سے سفر حج کے اخراجات پورے ہوجائیں تو کیا اس بچے پر حج کرنا فرض ہوگا؟ یا بالغ ہونے کا انتظار کیا جائے گا؟ نیز اگر وہ نابالغی کی حالت میں حج کرلے تو کیا اس کی طرف سے یہ حج فرض مانا جائے گا، یا نفل؟ اور بلوغ کے بعد دوبارہ حج کرنا ضروری ہوگا، یا وہی حج فرض کی طرف سے کافی ہوجائے گا؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــ وبالله التوفيق**

جو بچہ سمجھ بوجھ رکھتا ہو، وہ اگر حج کے تمام ارکان ادا کرلے تو اس کا حج صحیح ہوجاتا ہے؛ لیکن وہ اس کے حق میں نفل شمار ہوتا ہے۔

**ولو أن الصبي حج إذا كان قبل البلوغ فلا يكون ذٰلك عن حجة الإسلام ويكون تطوعاً.** (الفتاویٰ الهندية: ۲۱۷/۱، ومثله في البدائع: ۲۹۳/۲، الفتاویٰ الخانية: ۲۸۱/۱)

**أما الصبي يعقل الأداء فيصح منه أداء الحج بنفسه إجماعاً.** (غنية الناسك، ص: ۱۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۱۰/۱۴۱۱ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۹۷/۷)

## بچے کو حج پر ساتھ لے جانے سے اس پر حج فرض ہوجاتا ہے:

سوال: بچہ کو حج کے لیے لے جانا مناسب نہیں؛ کیوں کہ اس پر بیت اللہ شریف دیکھنے سے فرض ہوجائے گا اور اگر وہ بڑھ کر مالدار نہ ہوا اور مر گیا تو گنہگار رہوگا، بوجہ متعلق ہوجانے فرضیت حج کے بسبب دیکھنے بیت اللہ شریف کے؟

**الجواب ــــــــــــ**

بچہ اگر حج کرکے چلا آوے تو بالغ ہونے کے بعد اس پر حج فرض نہیں ہوتا۔ ہاں اگر بلوغ کے بعد مالدار بھی ہوجائے تو فرض ہوگا بوجہ مالداری کے، نہ بوجہ اس زیارت سابقہ کے۔ فقط

احقر عبد الکریم عفی عنہ، ۱۱/شوال ۱۳۴۸ھ۔ الجواب صحیح: ظفر احمد عفا عنہ، ۱۲/شوال ۱۳۴۸ھ۔ (امداد الاحکام: ۱۶۳/۳)

## جس کے لڑکے مراہق ہوں، وہ حج کرسکتا ہے، یا نہیں:

سوال: ایک شخص کے دو لڑکے مراہق ہیں ایک ماہوار دوسرا ماہوار کا ملازم ہے اور ایک بھائی ہے، کیا یہ شخص ان لڑکوں کی پرورش کرے یا چچا کے سپرد کرکے حج کو جاسکتا ہے؛ کیوں کہ اس کو ایک معذور شخص اپنی ہمراہ حج کو لے جانا چاہتا ہے۔

**الجواب ــــــــــــ**

اس شخص کو حج کو جانا درست ہے؛ کیوں کہ اولاد اس کی محتاج نہیں ہے اور نگرانی ان کی ان کے چچا کے سپرد کردی جاوے۔ (۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۵۳۰/۶-۵۳۱)

---

(۱) **(و) فضلاً عن (نفقة عياله) ممن تلزمه نفقته لتقدم حق العبد (إلٰی) حين (عوده).** (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، كتاب الحج: ۴۶۱/۳-۴۶۲، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

# خواتین سے متعلق حج کے احکام

## عورت پر حج کی فرضیت کا مسئلہ:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ عورت پر حج کب فرض ہوتا ہے؟ کیا عورت پر حج فرض ہونے کے لیے اپنے اخراجات کے ساتھ ساتھ کسی محرم، یا شوہر کے خرچ کا ہونا بھی ضروری ہے، یا نہیں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

عورت پر حج کی فرضیت کی شرائط وہی ہیں جو مردوں کے لیے ہیں؛ یعنی تندرست ہونا اور مالی وسعت کا ہونا وغیرہ، البتہ عورت کے لیے مزید شرط یہ ہے کہ وہ اپنے حج کے اخراجات کے ساتھ محرم، یا شوہر کے حج کے اخراجات کی بھی مالک ہو، لہٰذا اگر اس کے پاس صرف اپنے حج کے بقدر مال ہے تو اس پر راجح قول کے مطابق حج فرض نہیں؛ تاہم اگر وہ کسی محرم، یا شوہر کے ساتھ اسی روپیہ سے حج کو چلی گئی تو اس کا حج فرض ادا ہو جائے گا۔

**فيشترط أن تكون قادرة علىٰ نفقتها ونفقته.** (شامی: ۳/۴۶۴، زکریا، انوار مناسک، ص: ۱۷۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(کتاب النوازل: ۷/۶۱۱)

## حج کب فرض ہوتا ہے اور عورت بغیر محرم جا سکتی ہے، یا نہیں:

سوال: عورت کو بغیر کسی محرم کے حج کو جانا جائز ہے، یا نہیں؟ اور عورت پر حج کس وقت فرض ہوتا ہے اور مرد پر کس وقت فرض ہوتا ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــ**

عورت کو حج کو جانا بدون کسی محرم شوہر وغیرہ کے جائز نہیں ہے اور عورت پر حج اس وقت فرض ہوتا ہے کہ اس کے پاس اس قدر روپیہ ہو کہ دونوں کا خرچ وہ اٹھا سکے؛ (۱) یعنی اپنا خرچ اور محرم کا خرچ اٹھا سکے اور مرد کے ذمہ حج اس وقت

---

(۱) عن عبد الله بن عمر رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لايحل لامرأة بالله واليوم الآخر تسافر مسيرة ثلاث ليال إلا معها ذو محرم. (الصحيح لمسلم، كتاب الحج، باب سفر المرأة مع محرم إلىٰ حج وغيره، رقم الحديث: ٢٤٧٠، انيس)

(ومنها المحرم للمرأة) شابة كانت أوعجوزاً إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام ... وتجب عليها النفقة و الراحلة فى مالها للمحرم ليحج بها. (الفتاوىٰ الهندية ، كتاب المناسك، الباب الأول فى تفسير الحج وفرضيته: ١/٢١٨-٢١٩، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

فرض ہوتا ہے کہ علاوہ اپنے خرچ کے اپنے اہل وعیال کے لیے مدت سفر کا خرچ کافی چھوڑ جاوے اور خرچ قرضہ ہو، وہ سب ادا کردے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۲۱-۵۲۲)

## شوہر نے جو روپیہ دیا، وہ بیوی کا ہے، حج کے لیے کافی ہے تو حج کرے:

سوال: ایک عورت کو اس کا لڑکا اور شوہر ساتھ روپیہ ماہوار دیتے ہیں، عورت نے بہت کم خرچ کیا اور حج کے لیے روپیہ جمع کیا، اب اس کا شوہر مرگیا تو جو روپیہ عورت نے حج کے لیے جمع کیا تھا، وہ عورت کا ہے، یا لڑکے کا؟

**الجواب**

جو روپیہ اس عورت کے شوہر اور لڑکے نے اس کو دیا، اس روپیہ کی وہ عورت مالک ہوگئی، اگر وہ روپیہ اتنا ہے کہ حج کے سفر کے لیے کافی ہے اور اس کے محرم کا خرچ بھی اس میں پورا ہوسکتا ہے تو اس عورت کے ذمہ حج فرض ہے، اپنے محرم کے ساتھ حج کو جانا چاہیے۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۲۱)

## شوہر کا اپنے پیسہ سے بیوی کو حج کرانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ بہت سے حضرات مع اہلیہ حج کے لیے جاتے ہیں، فرض فریضہ حج پر صرف ہونے والی رقم عورت کی ملکیت نہیں ہوتی؛ بلکہ اس کا مالک شوہر ہی ہوتا ہے اور شوہر بیوی کو فریضہ حج کی ادائیگی پر صرف ہونے والی رقم کا مالک بنائے بغیر اس کو حج کرادیتا ہے۔ مذکورہ بالا شکل میں عورت کا حج کا فرض ادا ہوا، یا نفل؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب وبالله التوفيق**

جب عورت نے مکہ معظّمہ پہنچ کر حج کرلیا تو اس کا فریضہ بلاشبہ ادا ہوگیا، اپنی ملکیت کی رقم سے ہی پہنچنا ضروری نہیں ہے۔

---

(۱) ومنها القدرة على الزاد والراحلة) ... وتفسير ملك الزاد والراحلة أن يكون له مال فاضل عن حاجته وهو ما سوىٰ مسكنه ولبسه وخدمه وأثاث بيته قدرما يبلغه إلىٰ مكة ذاهباً وجائياً راكباً، لاماشياً وسوىٰ ما يقضى به ديونه ويمسك لنفقة عياله ومرمة مسكنه ونحوه إلىٰ وقت انصرافه كذا في محيط السرخسي ويعتبر في نفقته ونفقة عياله الوسط من غير تبذير ولا تقتير، كذا في التبيين. (الفتاویٰ الهندية، كتاب المناسك، الباب الأول في تفسير الحج وفرضيته: ۱/۲۱۷، مكتبة زكريا ديوبند، انيس)

(۲) عن عبد الله بن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل لامرأة تؤمن بالله و اليوم الآخر تسافر مسيرة ثلاث ليال إلا ومعها ذو محرم. (الصحيح لمسلم، كتاب الحج، باب سفر المرأة مع محرم إلىٰ غج وغيره، رقم الحديث: ۲٤۷۰، انيس)

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به ... ونفقة المحرم عليها؛ لأنها تتوسل به إلىٰ أداء الحج. (الهداية، كتاب الحج: ۱/۲۱۵)

**فإنه عند وصوله إلى الميقات صارقادراً بقدرة نفسه فيجب عليه.** (ردالمحتار، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب في حج الضرورة: ٦٠٤/٢، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۹/۲/۲۲ھ۔ (کتاب النوازل: ۶۱۱/۷)

## بیوی پر حج فرض ہے، یا شوہر پر:

سوال: بیوی پر حج فرض ہے، یا نفل؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

اگر شرائط موجود ہیں تو بیوی پر بھی حج فرض ہے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۸۸/۲۵ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۸۷/۱۰)

## شوہر پر حج فرض ہونے سے عورت پر فرض نہیں ہوتا:

سوال: کیا عورتوں پر حج کرنا فرض ہے کہ اپنے شوہر کے ساتھ جائیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

شوہر پر حج فرض ہونے سے عورت پر حج فرض نہیں ہوتا، جب وہ خود مالدار ہوگی، تب حج فرض ہوگا، شوہر اس کو از خود کرادے تو اس کا احسان ہے۔(۲) واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۱/۵/۲۳ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۲۸۷/۱۰-۲۸۸)

---

(۱) شروط الوجوب، وهي التي إذا وجدت بتمامها، وجب الحج، وإلا فلا وهي سبعة: الإسلام، وبقائه إلى الموت والعقل والحرية والبلوغ والأداء بنفسه إن قدر، وعدم نية النفل وعدم الإفساد، وعدم النية عن الغير". (رد المحتار، كتاب الحج، مطلب في من حج بمال حرام: ٤٥٥/٣، سعيد)

"فرض مرة على الفور بشرط حرية وبلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد وراحلة فضلت عن مسكنه". (كنز الدقائق على البحر الرائق، كتاب الحج: ٥٣٧/٢-٥٤٤، دار الكتاب ديوبند، انيس)

(شرائط الوجوب) وهي التي إذا وجدت جميعها وجب الحج علىٰ صاحبها، وإذا فقد واحد منها، لايجب أصلاً. (إرشاد الساري إلىٰ مناسك الملاعلي القاري، باب شرائط الحج، النوع الأول، ص: ٢١، مكتبة مصطفىٰ محمد مصر)

(۲) قال المزني: قال الشافعي: فرض الله تبارك وتعالىٰ الحج علىٰ كل حربالغ استطاع إليه سبيلاً بدلالة الكتاب والسنة. (الحاوي الكبير، كتاب الحج: ٣/٥، المكتبة التجارية مصطفى أحمد الباز)

"شروط الوجوب: وهي التي إذا وجدت بتمامها وجب الحج، وإلا فلا". (رد المحتار، مطلب فيمن حج بمال حرام: ٤٥٨/٢، سعيد/وكذا في إرشاد الساري إلىٰ مناسك الملا على القاري، باب شرائط الحج، ص: ٢١، مكتبة مصطفىٰ محمد صاحب المكة التجارية الكبرىٰ بمصر)

ويجوز الدفع لزوجة الغني الفقيرة. (الطحطاوي علىٰ المراقي، باب المصرف من كتاب الزكاة، ص: ٧٢٠، قديمي)

"ويدفع إلىٰ امرأة غني إذا كانت فقيرة". (الفتاوىٰ الهندية، الباب السابع في المصارف: ٢٠٨/١، رشيدية)

مذکورہ بالا عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ غنائے زوج کی وجہ سے زوجہ غنی نہیں ہوتی، لہٰذا شوہر کے غنی ہونے سے عورت پر حج فرض نہیں۔

## خاوند کے مالدار ہونے سے بیوی پر حج فرض نہیں ہوتا:

سوال: والد صاحب نے ایک مہاجن سے کچھ قرضہ لیا تھا، جو کہ کچھ عرصہ کے بعد ایک معقول رقم ہوگئی، جب اس کی ادائیگی نہیں ہوئی تو ڈگری ہوگئی، جب اس کے اجرا کی نوبت آئی تو میرے چھوٹے بھائی نے اپنے ایک دوست سے دست گرداں ڈگری کا روپیہ ادا کر دیا، میرے بھائی نے کوشش کی کہ کسی طرح ان کے دوست کا روپیہ واپس ہو جاتا؛ مگر نہیں ہوا، یہاں تک کہ ڈگری کی میعاد گزر گئی، ایک روز انہوں نے اظہار ناخوشی میں کھانا چھوڑ دیا، جب مجھ کو معلوم ہوا تو میں نے ان سے کہا کہ تم گھبراؤ نہیں، جس طرح سے ممکن ہوگا، میں اس روپے کو رفتہ رفتہ کر کے واپس کروں گا، میرا قصد حج کرنے کو جانے کا تھا؛ مگر تا وقتیکہ روپیہ نہ ادا ہو جائے گا، نہ جاؤں گا، میں نے کہنے کو تو یہ کہہ دیا؛ مگر میں نہیں جانتا کہ ایک مسلمان حج پر اسی طرح کے قرضہ کو مقدم کر سکتا ہے، یا نہیں؟ اس کے بعد میں نے کچھ روپیہ قرضہ میں ادا کر دیا؛ مگر اسی درمیان میری بھانجی بہت سخت علیل ہوئی اور اس کا انتقال بھی ہو گیا، اس کی علالت میں میں نے اپنی حیثیت سے بہت زیادہ روپیہ خرچ کیا، اس وجہ سے قرض کی ادائیگی بند ہوگئی اور اب تک بند ہے، میں اس کے جاری کرنے کا قصد کر رہا ہوں، میرا روپیہ تجارت میں لگا ہوا ہے اور وہ اسی قدر ہے، جو کہ میرے اور میری بیوی کے حج کے لیے کافی ہو اور اسی قدر روپیہ قرض بھی ادا کرنا ہے۔

(المستفتی: ۱۱۶۷، محمد عبدالصبور صاحب، بنارس، ۱۴؍ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ، مطابق ۲؍ ستمبر ۱۹۳۶ء)

الجواب

یہ قرضہ نہیں ہے، (۱) جو مانع وجوب حج ہو؛ لیکن اگر حج فرض نہیں ہو چکا ہے؛ تو آپ اس قرضہ میں روپیہ ادا کر سکتے ہیں خواہ اس کی وجہ سے روپیہ جمع ہونے کی نوبت نہ آئے، جس کے بعد حج فرض ہو جاتا ہے، نیز عورت (یعنی بیوی) کو حج کرانا تو کسی حال میں بھی فرض نہیں، (۲) جو روپیہ کہ اس کو حج کرانے میں خرچ کرنے کا ارادہ ہے، وہ ادائیگی قرضہ میں خرچ کرنا جائز بلکہ افضل ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۴/۳۳۹)

## عورت شوہر کی اجازت کے بغیر حج کر سکتی ہے، یا نہیں:

سوال: عورت بغیر رضائے شوہر کر سکتی ہے، یا نہیں؟

---

(۱) جو حوائج اصلیہ میں داخل ہو؛ بلکہ یہ ایک تبرع شمار ہوگا۔

(۲) عورت پر حج اس وقت فرض ہوگا، جب اس کے پاس اپنا مال اتنا ہو، جس سے شرائط حج پوری ہوں اور یہاں تو مال شوہر کا ہے۔

(۳) عورت پر حج کرنا واجب نہیں اور بھائی پر قرض کی ادائیگی واجب ہے، لہٰذا واجب کی ادائیگی میں معین (مددگار) بننا غیر واجب کے مقابلے میں افضل ہے۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

حج فرض کرسکتی ہے۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶/۵۲۸)

## ضعیف العمر پر بھی بوقتِ استطاعت حج فرض ہے:

سوال: زید ایک چھوٹا زمیندار تھا، زمینداری ختم ہونے کے بعد معاوضہ میں اس کو کچھ روپیہ کے پونڈ ملے تھے، جس کو اس نے فروخت کرکے نقد روپے کی صورت میں اپنے پاس محفوظ کرلیا ہے، اس کے پاس چند بیگھے کاشتکاری بھی ہے کہ جس کی پیداوار اسی کے خورد ونوش کے لیے بمشکل کفایت کرتی ہے، بقیہ تمام ضروریاتِ زندگی کے اخراجات کے لیے نقد روپیہ میں سے کفایت اور تنگی ترشی کے ساتھ خرچ کرتا رہتا ہے۔ زید ضعیف آدمی ہے، اس کے لڑکے پاکستان میں ہیں، جو اس کی کچھ مدد نہیں کرسکتے۔ اس کی بیوی اور یہ دونوں اپنے مکان میں رہتے ہیں، فی الحال زید کے پاس اس قدر رقم ہے کہ وہ حج کے اخراجات کو برداشت کرسکتا ہے اور زکوٰۃ بھی ادا کرسکتا ہے، اگر اس کے اوپر عائد ہوتی ہے؛ مگر یہ بات کہ اس کے پاس جو رقم ہے، اس کی مثال ایک ایسے حوض کی سی ہے کہ جس میں پانی آنے کا راستہ نہ ہو؛ مگر نکلنے کا راستہ ہو، ظاہر ہے کہ جس قدر جلد پانی باہر خارج ہوجائے گا، اتنا ہی جلد حوض خشک ہوجائے گا۔

زید کی ضعیف العمری کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بات کی امید نہیں ہے کہ وہ کوئی کمائی کرسکتا ہے، بس یہ پسماندہ رقم اس کی زندگی کا ظاہری سہارا ہے، اگر موت نے اسے جلد یاد نہ کیا تو جس قدر روپیہ جلد ختم ہوجائے گا، اتنا ہی جلد وہ قوم وملت پر ناخوشگوار بوجھ بن کر رہ جائے گا اور اگر روپیہ ختم ہونے سے پہلے انتقال کرگیا تو بقیہ روپیہ اس کے ورثاء کے حصہ میں آجائے گا، دونوں صورتوں کا امکان ہے، معلوم نہیں کیا پیش آئے۔ بہرحال ان احوال میں کیا زید پر حج فرض ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

ان حالات میں اس پر حج فرض ہے۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۶/۱۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۰/۶/۱۶ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۲۸۸-۲۸۹)

---

(۱) عن عبداللّٰہ بن مسعود أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: ولاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق. (جامع الترمذی، أبواب الجهاد: ۱/۳۰۰، مکتبة قدیمی کتب خانة، کراتشی)

ولیس لزوجها منعها عن حجة الاسلام. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار، کتاب الحج: ۲/۲۰۰)

(۲) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت من استطاع إلیه سبیلاً﴾ (سورة آل عمران: ۹۷)

"ومن کان صحیح البدن، قادراً علی المشی، وله زاد، فقد استطاع إلیه سبیلاً، فیلزمه فرض إلخ". (بدائع الصنائع، فصل فی شرائط فرضیته: ۳/۵۲، دارالکتب العلمیة، بیروت لبنان)

"الحج واجب علی الأحرار البالغین العقلاء الأصحاء إذا قدروا علی الزاد والراحلة فاضلاً عن مسکنه وما لابد منه، وعن نفقة عیاله إلی حین عوده". (الهدایة، کتاب الحج: ۱/۲۱۱، ط: دیوبند)

## بغیر محرم عورت کا حج کرنا کیسا ہے:

سوال: ایک عورت جو کسی طرح سے محل فتنہ نہیں، ثقہ بھی ہے، اس کے کوئی محرم نہیں، اس کو ایک شخص کو جو بظاہر دیندار ہے، اپنے ہمراہ لے جانا چاہتا ہے کہ سفر میں اس کی امداد کرے، ایسی صورت میں وہ شخص اس کے ہمراہ سفر کرسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ——————————

روایت فقہیہ جواز کی بعض مشائخ سے بعض معتبرات میں موجود ہے۔

**قال الشامی من الحظر والإباحة: فصل البیع وفیه إشارة إلٰی أن الحرة لاتسافر ثلاثة أیام بلامحرم واختلف فیما دون الثلاثة وقیل أنها تسافر مع الصالحین والصبی والمعتوه غیر محرمین کما فی المحیط، قهستانی. (۱)**

اور بعض وقائع صدر اول کے مثلاً مہاجرت حضرت زینبؓ کی زید بن حارثہؓ اور رجل من الانصار کے ساتھ مکہ معظّمہ سے مدینہ طیبہ تک اور اس کے بھی قابل لحاظ ہیں اور واقعی یہ ہے کہ وقائع میں ایک ضرب اجتہاد سے کام لینا پڑتا ہے۔ (۲)

**قال فی الفتح: والحق أن علی المفتی أن ینظر فی خصوص الوقائع. (۳)** واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ محمد انور عفا اللہ عنہ (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/ ۵۳۴)

## عورت کا محرم کے بغیر حج:

سوال: کیا حاجیوں کے قافلہ کے ساتھ عورت تنہا حج کو جاسکتی ہے؟ محرم سے مراد کون لوگ ہیں؟ بہنوئی بھی تو سالی سے نکاح نہیں کرسکتا تو کیا وہ بھی محرم میں داخل ہے؟　　(عبد المجیب، نلگنڈہ)

الجواب ——————————

(الف) عورت پر حج فرض ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے ساتھ اس کا کوئی محرم رشتہ دار موجود ہو، اگر اس کے ساتھ کوئی محرم چلنے کو تیار نہ ہو، یا تیار ہو؛ لیکن عورت کے اندر اتنی استطاعت نہ ہو کہ وہ اپنے علاوہ اپنے کسی محرم رشتہ

---

(۱) ردالمحتار، کتاب الحظر والاباحة، باب الاستبراء: ۹/ ۵۵۹، مکتبة زکریا دیوبند، انیس

(۲) اس طرح کی بعض مثالیں عہد اول میں ملتی ہیں، کہ غیر محرم کے ساتھ مجبوری میں صحابیہ نے سفر کیا ہے، مثلاً حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب کا حضرت زید بن حارثہ اور ایک انصاری صحابی کے ساتھ ہجرت کرنا وغیرہ۔ (دیکھئے: ابوداؤد، رقم الحدیث: ۲۶۹۲، انیس)

(۳) رد المحتار، کتاب الطلاق، باب العدة، فصل فی الحداد، مطلب الحق أن علی المفتی أن ینظر فی خصوص الوقائع: ۵/ ۲۲۳، ظفیر

دار کے اخراجاتِ سفر بھی برداشت کر سکے تو اس پر حج فرض نہیں۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عورت محرم کے بغیر سفر نہ کرے، اور جب تک عورت کے ساتھ محرم نہ ہو، کوئی اجنبی شخص اس کے پاس نہ آئے، ایک صاحب نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں فلاں اور فلاں جہاد میں جانا چاہتا ہوں اور میری بیوی حج کا ارادہ رکھتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی بیوی کے ساتھ حج میں جاؤ''۔(۱)

عورت کے محرم کے بغیر سفر نہ کرنے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد ارشادات ہیں، جو حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں؛ اس لیے خواتین کو محرم کے بغیر سفر حج سے گریز کرنا چاہیے؛ کیوں کہ عبادتوں کا اصل مقصود اللہ تعالی کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنا ہے اور جب شریعت میں ایک بات سے منع کر دیا گیا ہو تو اس کے ارتکاب کی وجہ سے بجائے ثواب کے گناہ ہی کا اندیشہ ہے۔

شرعی اور فقہی نقطۂ نظر سے ہٹ کر عملی طور پر بھی سفر حج میں خواتین کے ساتھ شوہر، یا محرم کا ہونا نہایت ضروری محسوس ہوتا ہے، آب وہوا کی تبدیلی کی وجہ سے بار بار طبیعت خراب ہوتی ہے، مقام کی اجنبیت، ازدحام اور زبان کی عدم واقفیت کی وجہ سے خواتین کو بار بار مدد کی ضرورت پیش آتی ہے، بہت سی جگہ طویل قیام کرنا پڑتا ہے اور بہت سی دشوار قانونی کارروائیوں سے گزرنا پڑتا ہے، ان مواقع پر محرم رشتہ دار، یا شوہر کا قدم قدم پر تعاون مطلوب ہوتا ہے۔

(ب) محرم رشتہ داروں سے وہ اقارب مراد ہیں، جن سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہے، نسبی رشتہ داروں میں باپ دادا اور ان کا آبائی سلسلہ، چچا، ماموں، بیٹا، بیٹے اور بیٹی کی اولاد اور ان کا آبائی سلسلہ اولاد، بھتیجا، بھانجہ، سسرالی رشتہ داروں میں خسر اور ان کا آبائی سلسلہ، شوہر کی اولاد، اسی طرح داماد، یہ سب ہمیشہ کے لیے حرام ہیں، تیسرے وہ لوگ جو دودھ کے رشتہ سے حرام ہوں؛ یعنی رضاعی باپ، چچا، ماموں، دادا وغیرہ۔

جن لوگوں سے عارضی طور پر نکاح حرام ہو مثلاً پھوپھا، خالو، بہنوئی، یہ محرم نہیں ہیں؛ کیوں کہ پھوپھی، خالہ اور بہن کے انتقال، یا ان کو طلاق دینے کے بعد نکاح کی حرمت ختم ہو جاتی ہے؛ اس لیے بہنوئی محرم میں داخل نہیں ہے، نہ اس کے ساتھ سفر حج درست ہے اور نہ عام سفر۔ (کتاب الفتاویٰ: ۴/۴۲-۴۴)

## عورت کو بلا محرم سفر حج کرنا:

سوال: زید اپنی والدہ کو حج میں بلانا چاہتا ہے، جس میں زید کی والدہ کو صرف بمبئی سے جدہ تک بذریعۂ ہوائی جہاز بغیر محرم سفر کرنا ہوگا اور واپسی میں زید خود ساتھ رہے گا، کیا شریعت میں اس کی اجازت ہے؟

(۱) صحيح البخاری، رقم الحديث: ۱۸٦۲

الجواب ــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

سفر شرعی (۴۸؍میل) کے بغیر محرم، یا بغیر شوہر کے عورت کو اجازت نہیں، خواہ کسی سواری سے ہو، ہے تو وہ سفر شرعی ہے، اس پر احکام شرعی مرتب ہوتے ہیں، مثلاً نماز کا قصر کرنا وغیرہ۔(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمد عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰؍۳۳۰-۳۳۱)

## محرم کے بغیر عورت کا حج پر جانا درست نہیں:

(الجمعیۃ، مورخہ ۲؍مئی ۱۹۲۷ء)

سوال: ایک بیوہ عمر پچاس سال حج کے واسطے تیار ہے، کوئی ہمراہ نہیں ہے، بغیر محرم کے حج ہوسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ

بغیر محرم کے عورت کو حج کے لیے جانا نہیں چاہیے، اگر چہ بوڑھی عورت ہو؛(۲) لیکن اگر حج کرلیا تو ادا ہوجائے گا بکراہت تحریمی، کما فی الدر المختار: ولو حجت بلامحرم، جاز مع الکراھة . (۳)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، مدرسہ امینیہ، دہلی (کفایت المفتی: ۴؍۳۴۱)

## بغیر محرم کے سفر حج:

سوال: میں اس سال حج کے لیے جارہی ہوں، میرے شوہر اس دنیائے فانی سے کوچ کرچکے ہیں؛ اس لیے میں نے فارم بھرتے وقت محرم کے کالم میں اپنے خالہ زاد بھائی کا نام لکھ دیا ہے، جو میرے ساتھ مع اہلیہ کے شریک ہیں، میری عمر پچاس سال ہے اور میرے بھائی کی عمر پچاس سال سے بھی زیادہ ہے، کیا میں ان کے ساتھ حج کا سفر کرسکتی ہوں؟ (رقیہ بیگم، ورنگل)

الجواب ــــــــــــــــ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر کی قید کے بغیر کسی بھی مسلمان عورت کو اتنی مسافت کا سفر کرنے سے منع فرمایا، جو تین دن ورات، یا اس سے زیادہ میں طے کیا جاسکے،(۴) اور خالہ زاد بھائی بہر حال غیر محرم ہے؛ اس لیے آپ کا اپنے

---

(۱) والمراد سفر خاص، وھو الذی تتغیر بہ الأحکام من قصر الصلاة، وإباحة الفطر، وامتداد مدة المسح إلیٰ ثلاثة أیام، وسقوط وجوب الجمعة، والعیدین والأضحیة وحرمة الخروج علی الحرة من غیر محرم عن العنایة. (رد المحتار، کتاب الحج، باب صلاة المسافر: ۳/۵۹۹، ط: الریاض)

(۲) ومع زوج، أو محرم ... و لو عجوزًا. (الدر المختار، کتاب الحج: ۲/۴۶۴، سعید)

(۳) الدر المختار، کتاب الحج: ۲/۳۴۵، سعید

(۴) إن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: لاتسافر المرأة ثلاثًا إلا ومعھا ذو محرم. (الصحیح لمسلم، رقم الحدیث: ۳۲۵۸، باب سفر المرأة مع محرم إلی الحج وغیرہ، صحیح البخاري، رقم الحدیث: ۱۸۶۲، باب حج النساء)

خالہ زاد بھائی کے ساتھ سفر درست نہیں، اصل مقصود اللہ تعالی کی رضا وخوشنودی ہے، نہ کہ سفر حج تو اگر حرمین شریفین کا سفر کسی کے حق میں ثواب کے بجائے اللہ تعالی کی پکڑ کا باعث ہوجائے تو اس سفر کا کیا فائدہ؟ اس لیے اس سے بچنا چاہیے۔ (کتاب الفتاویٰ:۴/۴۱-۴۲)

## عورت بغیر محرم کے حج کرے گی تو حج بکراہت تحریمی ہوگا:

سوال: میں یہاں طائف کے سرکاری دواخانہ میں کام کرتا ہوں، میری بیوی یہاں آئی ہوئی ہے، مکہ کی قربت کی وجہ سے ان پر حج فرض ہوجاتا ہے؛ لیکن اس مسئلہ میں مشکل یہ ہے کہ حج کے دوران جب کہ تمام ملک میں چھٹی ہے، ڈاکٹروں کو حج کی خصوصی ڈیوٹی پر لگایا جاتا ہے، مجھے یا تو مکہ مکرمہ میں حج کی بولنگ ہوگی، یا کسی اور جگہ پر ہوگی؛ اس لیے مسئلہ یہ ہے کہ بیوی کے محرم کے لیے کیا کیا جائے، کیا میری موجودگی حدودِ حرم کے اندر ہونے کی وجہ سے اور بیوی کے ساتھ محرم شرعی نہ ہونے کے باوجود حج فرض ادا ہوجائے گا، یا پھر مجھے احرام باندھ کر ان کے ساتھ حج کے درمیان مستقل رہنا ضروری ہے، یا نہیں؟ بغیر محرم شرعی کے میری بیوی کا حج ادا ہوجائے گا، یا نہیں؟

(ڈاکٹر سید انور حسین، ہوسپٹل طائف، سعودی عربیہ)

الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰه التوفیق

بخاری شریف ومسلم شریف میں روایت ہے:

”لاتسافر المراة ثلاثا إلا ومعها ذو محرم أو كما قال عليه السلام“.(۱)

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ مسافتِ قصر، یا اس سے زائد کا سفر عورت کو بغیر محرم کے، یا شوہر کے کرنا جائز نہیں ہے، یہ عام اور مطلق ہے، سفرِ حج میں جانے والی عورت کے لیے بھی ہے؛ اس لیے آپ طائف سے تو حج کرنے کے لیے بغیر اپنے ساتھ لیے ہوئے، یا کسی محرم کے ساتھ گئے ہوئے تنہا نہ بھیجیں، البتہ آپ یہ کرسکتے ہیں کہ جب آپ کی ڈیوٹی مکہ مکرمہ، یا منیٰ میں، یا حدودِ حرم کسی جگہ میں ہونے والی ہے، آپ مکہ مکرمہ، یا منی میں، یا حدودِ حرم میں کہیں بھی اپنی ایک قیام گاہ کرایہ پر یا عاریۃً لے لیجئے اور وہاں ساتھ لاکر اہلیہ کا قیام کرادیجئے، پھر ۸/ذی الحجہ کو جو مناسک حج ادا کرنے کے لیے جانا وغیرہ پڑے گا، وہ مسافت قصر سے بہت کم ہوگا اور مخالفت والا حکم جو اوپر حدیث پاک سے منقول ہے، لاگو نہ ہوگا؛ کیوں کہ منیٰ کا سفر ہوگا تو وہ صرف چار میل کا ہوگا، پھر منیٰ، عرفات، مزدلفہ کا سفر ہوگا وہ ۸/ ۹/میل سے زیادہ کا نہ ہوگا، اسی طرح حدودِ حرم کے ہر مقام سے کہیں سے بھی مسافت قصر نہ ہوگی، البتہ چوں کہ اس سفر میں راتیں بھی گزریں گی؛ اس لیے اگر ممکن ہو تو آپ رات کو ان کے پاس خود رہ لیا کریں، یا ایسی معتبر اور حج کو جانے والی عورتوں کے ساتھ ان کو کردیں جن کے محرم، یا شوہر ساتھ ہوں اور وقتاً فوقتاً آپ بھی نگرانی کرتے رہیں تو اس

(۱) صحیح مسلم ۱/۴۳۴

طریقہ سے اہلیہ کا حج بھی ادا ہو جائے گا اور کوئی شرعی قباحت، یا خرابی بھی لاحق نہ ہوگی، ورنہ اگر عورت مسافتِ قصر کا سفر، یا اس سے بھی زیادہ کا سفر طے کر کے تنہا حج ادا کرے تو حج کا فریضہ ادا تو ہو جائے گا؛ مگر اس طرح سفر کا گناہ بھی ہوگا اور حج بکراہت ادا ہوگا، باقی مقبولیت کا مدار اخلاص پر ہے اور اس کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔(۱) واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دار العلوم دیوبند سہارنپور (منتخبات نظام الفتاویٰ:۲/۳۳-۳۴)

## سعودیہ ایئرپورٹ تک بلا محرم کے جاکر محرم کے ساتھ حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید سعودیہ میں کئی سال سے ملازمت کرتا ہے اور وہ اپنی والدہ محترمہ کو حج کرانا چاہتا ہے؛ لیکن گھر سے کوئی محرم پورے سفر کے لیے نہیں ہے اور والدہ کی عمر تقریباً ۵۰/سال کے قریب ہے تو کیا ایسی صورت میں حج کر سکتی ہیں، یا نہیں؟ حالاں کہ گھر سے ایئرپورٹ تک پہنچانے کے لیے زید کا بھائی موجود ہے۔

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ——— وبالله التوفيق**

دلی ایئرپورٹ سے سعودیہ کے ایئرپورٹ تک بلا محرم جو سفر کرے گی، اس کا اسے گناہ ہوگا؛ لیکن وہاں سے اپنے بیٹے زید کے ساتھ جب حج ادا کرے گی تو حج بلا کراہت ادا ہو جائے گا۔

**عن نافع ابن عمر رضى الله عنهما أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لاتسافر المرأة ثلاثة أيام إلا مع ذى محرم.** (صحيح البخارى: ١/١٤٧، رقم: ١٠٧٥)

**لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين.** (الفتاوىٰ الهندية: ٥/٣٦٦) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۶/۶/۱۰ھ۔ (کتاب النوازل: ۷/۶۲۸)

## بغیر محرم کے بڑھیا کو سفر حج کرنا:

سوال (۱) ایک ساٹھ سالہ بوڑھی عورت حج کو جانا چاہتی ہے؛ مگر کوئی محرم ساتھ نہیں ہے، ایک بڑے میاں جو اس عورت کے محرم تو نہیں؛ مگر ان کی عمر بھی ساٹھ سے زیادہ ہے تو ایسی صورت میں وہ عورت ان بڑے میاں کے ساتھ حج کے لیے جا سکتی ہے، یا نہیں؟

(۲) مذکورہ بالا صورت میں اگر بڑے میاں عورت کے ساتھ لے جانے سے انکار کر دیں؛ مگر وہ عورت دورانِ سفر میں ان بڑے میاں کے قافلے کے ساتھ لگ جائے تو اب ایسی صورت میں بڑے میاں کو اس عورت کی خبر گیری کرنی چاہیے، یا اس کو کسمپرسی کے عالم میں چھوڑ دینا چاہیے؟

---

(۱) ولو حجت بلا محرم جاز مع الكراهة، قال الشامي قوله مع الكراهة أي التحريمية للنهى في حديث الصحيحين: لاتسافر امرأة ثلثاً إلا ومعها محرم۔ (ردالمحتار: ١/٢٠٠، كتاب الحج)

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

(۱) بوڑھی عورت کو بھی بغیر شوہر، یا کسی محرم کے سفر نہیں کرنا چاہیے۔ (بحر: ۳۳۹/۲)(۱)

(۲) جب وہ ساتھ لگ ہی گئی ہے تو اس کی خبر گیری لازم ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۲۹/۱۰)

## بوڑھی عورت کا بلا محرم کے حج کرنا:

سوال: مسماۃ ہندہ عمر ۵۵/سالہ ہے، پردہ نشین بیوہ ہے، وارثوں میں صرف ایک لڑکا جوکہ ملازم ہے، لڑکے کی ایک لڑکی جوکہ غیر شادی شدہ ہے، اس کے علاوہ دو بچے چھوٹے و بیوی بھی موجود ہے۔ اس صورت میں ہندہ غیر کفو کے ساتھ حج کے لیے جاسکتی ہے، یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

جائز نہیں، جب تک کوئی محرم ساتھ نہ ہو، حج کے لیے بھی سفر کرنا گناہ ہے؛ تاہم اگر حج کیا تو حج بھی ادا ہو جائے گا۔

”الرابع: المحرم، أو الزوج لامرة بالغة، ولو عجوزاً، ومعها غيرها من النساء الثقات والرجال الصالحين، آه“. (غنية المناسك، ص: ۱۰۰)(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۴/ربیع الثانی/۱۳۶۷ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۳۰/۱۰)

## کیا بوڑھی عورت بغیر محرم کے حج کرسکتی ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میری عمر اب قریب ۶۱/سال ہے، میں نے شادی نہیں کی تھی اور میں گورنمنٹ کالج میں لیکچرار کی جگہ کام کر رہی تھی، اب میں قریب ڈھائی سال سے ریٹائر ہو چکی ہوں، اب میرا ارادہ حج بیت اللہ کا ہے؛ مگر مجبوری یہ ہے کہ میرے رشتہ داروں میں کوئی ایسا نہیں ہے، جو محرم ہونے کے ناطے میرے ساتھ جائے اور یہ فرض پورا کرسکے اور نہ ہی میرے پاس اتنا روپیہ ہے کہ میں اس کا خرچہ

---

(۱) ويشترط في حج المرأة من سفر زوج، أومحرم بالغ ... وأطلق المرأة فشمل الشابة والعجوز، لاطلاق النصوص. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۵۵۲/۲، رشيدية)

وسواء كانت المرأة شابة أوعجوزاً؛ أنها لا تخرج الا بزوج أو محرم؛ لأن ما روينا من الحديث لا يفصل بين الشابة و العجوز، الخ. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته: ۵۶/۳، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) غنية المناسك، باب شرائط الحج، وأما شرائط وجوب الأداء خمسة، ص: ۲۶، إدارة القرآن كراتشي

أشاربه إلى أن ما استفيد من المقام من عدم جواز السفر للمرأة إلا بزوج أو محرم خاص بالحرة، آه. (رد المحتار، كتاب الحج: ۴۶۴/۲، سعيد)

برداشت کرسکوں، ایسی شکل میں قرآن وحدیث کی روشنی میں میرے اس فرض ادا کرنے کا کون سا ذریعہ ہوسکتا ہے؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

یہ بات تو متفق علیہ ہے کہ جب تک محرم، یا شوہر ساتھ جانے والا نہ ملے، عورت پر حج کی ادائیگی واجب نہیں ہوتی؛ لیکن اگر کوئی عورت بوڑھی ہو اور فتنہ کا بظاہر اندیشہ نہ ہو اور اس پر مالی اعتبار سے حج فرض ہو چکا ہو تو آیا وہ کسی نامحرم کے ساتھ سفر حج جا سکتی ہے، یا نہیں؟ تو اس بارے میں فقہ کی عام کتابوں میں ممانعت ہی لکھی ہے اور صراحت کے ساتھ بوڑھی عورت کو بھی بلامحرم سفر حج کرنے سے منع لکھا گیا ہے؟

**المرأة عجوزاً كانت المرأة أوشابة.** (مناسک ملا علی القاری، ص: ٥٦)

**الرابع المحرم أوالزوج لامرأة بالغة ولوعجوزاًأومعها غير ها من النساء الثقات والرجال الصالحين.** (غنية الناسک، ص: ٢٦، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ حج، ص: ۶۹۳)

تاہم بعض اکابر مفتیان کی عبارات اور فتاویٰ سے ۶۰، ۷۰/سال کی بوڑھی عورت کو بلامحرم قابل اعتماد لوگوں کے قافلہ کے ساتھ سفر کی اجازت ثابت ہوتی ہے؛ اس لیے فتنہ سے مکمل حفاظت کے وقت خاص حالات میں اس کی گنجائش ہوگی۔

**أما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا ومتٰى جازالمس جازسفره بها ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا.** (الدر المختار: ٣٦٨/٦، کراتشي، امداد الفتاویٰ: ۲۰۱/۴، فیض الباری: ۳۹/۲، انوار مناسک، ص: ۱۷۷، ۱۷۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری، الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۱/۷)

## غیرمحرم کے ساتھ حج کرنا عورت کے لیے درست نہیں ہے:

سوال: ایک عورت ضعیف شوہر کی اجازت سے تنہا، یا دوسرے شخص کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے، یا نہیں؟

**الجوابــــــــــــــــ**

اجنبی لوگوں کے ساتھ سفر کرنا عورت کے لیے درست نہیں ہے؛ بلکہ ضرورت ہے کہ شوہر، یا کوئی دوسرا محرم اس کے ساتھ ہو۔(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۵۳۲/۶)

---

(۱) ومع (زوج أومحرم) ولوعبداً ...بالغ ... عاقل والمراهق كبالغ غيرمجوسي ولا فاسق) لعدم حفظهما مع وجوب النفقة لمحرمها (عليها) ... (وليس لزوجها منعها عن حجة الإسلام ولوحجت بلا محرم جازمع الكراهة. (الدرالمختار)أي التحريمية للنهي في حديث الصحيحين،الخ. (ردالمحتار، كتاب الحج: ٤٦٤/٣-٤٦٥، مكتبة زكريا ديوبند،انيس)

## بیوہ غیر مرد کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے، یا نہیں:

سوال: ایک عورت جس کی عمر ۲۴/ برس کی ہے اور وہ بیوہ ہے ارادہ حج کی کرتی ہے، ایک غیر شخص کے ساتھ جاسکتی ہے، یا نہیں؟

**الجواب**

بدون محرم کے ساتھ لیے عورت کو سفر کرنا درست نہیں ہے اور اس حالت میں حج اس پر فرض نہیں ہے۔ (۱) فقط

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۳۵/۶)

## نامحرم کے ساتھ عورت کا حج کو جانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ غیر محرم مرد کے ساتھ عورت کا حج بیت اللہ کو جانا کیسا ہے؟ جب کہ وہ نکاح کرنے کے قابل ہے۔

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب وباللّٰه التوفيق**

عورت کا نامحرم کے ساتھ سفر حج کو جانا؛ بلکہ کسی بھی سفر شرعی میں جانا درست نہیں؛ بلکہ سخت گناہ ہے، البتہ اگر اس کا کوئی اور محرم نہ ہو تو شرائط نکاح کی رعایت رکھتے ہوئے کسی مرد سے نکاح کر کے اس کے ساتھ حج کو جانا درست اور جائز ہے۔

**عن ابن عمر رضی الله عنهما أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لايحل لامرأة تؤمن باللّٰه واليوم الآخر أن تسافر ثلاثاً إلا ومعها ذو محرم منها.** (صحيح البخاری، رقم: ١٠٨٧، صحيح مسلم، رقم: ١٣٣٨، سنن أبی داؤد، رقم: ١٧٢٧، الترغيب والترهيب مكمل: ٦٤٥، رقم: ٤٦٧٨)

**ومع زوج أو محرم بالغ عاقل مع وجوب النفقة لمحرمها عليها وهل يلزمها التزوج؟ قولان.** (الدر المختار)

---

(۱) هو ... فرض مرة على الفور بشرط حرية ... محرم أو زوج لامرأة فی سفر. (كنز الدقائق مع البحر الرائق: ٥٤٥/٢)

لما فی الصحيحين لاتسافر امرأة ثلاثاً إلا ذی محرم وزاد مسلم (عن أبی سعيد الخدری رضی الله عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی عليه وسلم قال: لاتسافر امرأة ثلاثة إلا ومعها. (الصحيح لمسلم، كتاب الحج، باب سفر المرأة مع محرم إلىٰ حج: ٤٣٣/١، مكتبة قديم كتب خانة، كراتشی)

فی رواية أو زوج وروى البزاز لاتحج امرأة إلا ومعها محرم. (نصب الرأية، كتاب الحج: ١٠/٣، رقم الحديث: ٣٩٤٨)

وأشار المصنف إلىٰ أن قال أمن الطريق والمحرم من شرائط الوجوب. (البحر الرئق، كتاب الحج: ٣٣٨/٢-٣٣٩، ظفير)

وفي الشامية: قوله: مع زوج أو محرم هٰذا، وقوله: ومع عدم عدة عليها شرطان مختصان بالمرأة، وقوله: وهل يلزمها التزوج قولان: هما مبنيان علىٰ أن وجود الزوج أو المحرم شرط وجوب أم شرط وجوب أداء، والذى اختاره، في الفتح أنه مع الصحة وأمن الطريق شرط وجوب الأداء، فيجب الإيصاء، إن منع المرض وخوف الطريق أو لم يوجد زوج، ولا محرم، ويجب عليها التزوج عند فقد المحرم وعلى الأول لا يجب شي ء من ذٰلک كما في البحر وفي النهر: وصحح الأول في البدا ئع ورجح الثاني في النهاية تبعاً لقاضي خان، واختاره في الفح. (رد المحتار: ٤٦٤/٢، كراتشي، ٤٦٤/٣ـ ٤٦٥، زكريا)

ومنها المحرم للمرأة شابة كانت أو عجوز اً، إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام. (الفتاوىٰ الهندية: ٢١٨/١)

ولو كان معها محرم فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة. (بدائع الصنائع: ٣٠٠/٢، زكريا، الفتاوىٰ التاتارخانية: ٤٧٥/٩، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۰/۱۲/۲۰ھ۔ (کتاب النوازل: ۶۱۷/۷)

## عورت کے حج پر جانے کے لیے شوہر کی اجازت ضروری نہیں، البتہ محرم کا ساتھ ہونا ضروری ہے:

سوال: اگر عورت بلا اجازت مرد کے حج کو جائے تو اس کا حج قبول ہوگا، یا نہیں؟

(المستفتی: ۲۳۱۸، اے سی منصوری، بمبئی، ۱۵/ربیع الثانی ۱۳۵۷ھ، مطابق ۱۵/جون ۱۹۳۸ء)

الجواب

عورت پر اگر حج فرض ہو تو اس کو خاوند کی اجازت ضروری نہیں ہے؛ مگر محرم کے ساتھ جانا ضروری ہے، (۱) مثلا عورت کا باپ، بھائی، چچا، ماموں وغیرہ۔ (۲)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۳۴۱/۴)

## عورت حج کے لیے غیر محرم کے ساتھ جانا چاہے تو شوہر روک سکتا ہے، یا نہیں:

سوال: ایک عورت حج کے لیے اپنے پھوپی زاد بھائی اور خالہ زاد بہن اور دیگر عورتوں کے ہمراہ جانا چاہتی ہے، شوہر روکتا ہے۔ آیا شرعاً شوہر اس کو روک سکتا ہے، یا نہیں؟

---

(۱) وليس لزوجها منعها عن حجة الإسلام. (الدرالمختار) (وفي الشامية) أي إذا كان معها محرم، وإلا، فله منعها. (كتاب الحج: ٤٦٥/٢، ط: سعيد)

(۲) ومع زوج أو محرم، ولو عبدًا، أو ذميًا، أو برضاع، إلخ. (الدرالمختار، كتاب الحج: ٤٦٤/٢، سعيد)

والمحرم من لايجوزله منا كحتها على التابيد بقرابة، أو رضاع، أو صهرية، كما في التحفة. (رد المحتار، كتاب الحج: ٤٦٤/٢، سعيد)

الجواب

اگرعورت کے ذمہ حج فرض ہوتو شوہر اس کو حج سے نہیں روک سکتا، اگرشوہر ساتھ نہ جائے تو دوسرے محرم کے ساتھ حج کرسکتی ہے اور بلامحرم کے جانا مکروہ تحریمی ہے۔

**كما قال فى الدر المختار: وليس لزوجها منعها عن حجة الإسلام ولو حجت بلا محرم جازمع الكراهة الخ أى التحريمية،الخ.** (شامی)(۱)

اور پھوپی زاد بھائی محرم نہیں ہے، اس کے ساتھ سفر کرنا جائز نہیں ہے،(۲) اسی طرح عورتوں کے ساتھ سفر کرنا درست نہیں ہے۔ یہ دراصل مذہب ہے،(۳) اور بعض نے کہا: اگرصلحا کے ساتھ سفر کرے تو درست ہے۔

**وقيل: أنها تسافر مع الصالحين والصبى والمعتوه غيرمحرمين، كما فى المحيط عن القهستانى.** (۴) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۶/ ۵۳۹،۵۴۰)

## کیاعورت ان عورتوں کے ساتھ حج کے لئے جاسکتی ہے، جو اپنے محرم کے ساتھ جارہی ہیں:

سوال: ایک بیوہ عورت جس کا کوئی محرم ساتھ نہیں ہے، حج کو جانا چاہتی ہے، باقی اور عورتیں اپنے اپنے خاوندوں کے ہمراہ جارہی ہیں، زنانہ ساتھ دیکھ کر یہ بھی تیار ہوگئی تو کیا بغیرمحرم جاسکتی ہے اور اگرکوئی منع کرے تو اس کی کیا سزا ہے؟

الجواب

جب تک اس عورت بیوہ کے ساتھ اس کا کوئی محرم نہ ہو، اس وقت تک اس پر حج فرض نہیں ہے اور جانا جائز نہیں ہے۔(۵) فقط (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/ ۵۴۰)

---

(۱) ردالمحتار، كتاب الحج: ۲/ ۲۰۰،ظفير

(۲) والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة أو رضاع أو صهرية.(ردالمحتار، كتاب الحج تحت قوله مع زوج أومحرم: ۲/ ۱۹۹،ظفير)

(۳) ويعتبرفى المرأة أن يكون لها محرم تحج به أو زوج ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. وقال الشافعى: يجوز لها الحج إذا خرجت فى رفقة ومعها نساء ثقات لحصول الأمن بالمرافقة ولنا قوله عليه الصلاة والسلام لا تحجن امرأة إلا ومعها محرم ولأنها بدون المحرم يخاف عليها الفتنة وتزداد بأنضمام غيرها إليها ولهٰذا تحرم الخلوة بالأجنبية وإن كان معها غيرها.(الدراية فى تخريج أحاديث الهداية، كتاب الحج: ۲/ ۴،رقم الحديث: ۲۹۳،دارقطنى رقم: ۹۱۰، نصب الرأية: ۳/ ۱۰،انيس)

(۴) ردالمحتار، كتاب الحظر والاباحة،باب الاستبراء: ۹/ ۵۵۹،الرياض

(۵) (مع) زوج أومحرم ... مع وجوب النفقة لمحرمها ... (عليها) لامرأة حرة ولو عجوزاً فى سفر.(الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحج: ۳/ ۴۶۴-۴۶۵،مكتبة زكريا ديوبند،انيس)

ہدایہ میں ممانعت کی صراحت موجود ہے، دیکھئے: فتح القدير، كتاب الحج: ۲/ ۴۲۰،ظفير

## لے پالک لڑکے اور محلّہ کی عورتوں کے ساتھ سفر حج پر جانا جائز نہیں:

سوال: ایک عورت حج کو جانا چاہتی ہے؛ مگر کوئی اس کا محرم نہیں ہے، شوہر اور سب محرم مر گئے، صرف اکیلی عورت ہے اور ایک لڑکا لے پالک ہے، لڑکے کا سن ۱۵/ برس کا ہے، عورت کی عمر بھی ۵۰/ برس کی ہے، عورت پر حج فرض بھی ہے؛ کیوں کہ خدا نے حج بھر کا روپیہ بھی دیا ہے، پالے ہوئے لڑکے کے ساتھ حج کو جا سکتی ہے، یا محلّہ کی عورت اپنے محرم کے ساتھ جاتی ہو تو یہ عورت بھی اس عورت کے ساتھ جا سکتی ہے، یا نہیں؟ یا کہ حج بدل کرا دے؛ کیوں کہ اگر عورت مر گئی تو اس کا حج بدل کوئی نہیں کرائے گا۔ تینوں مسئلوں کا جواب برائے مہربانی بہت جلد روانہ فرمائیں، آپ ہی کے مسئلہ پر اس عورت کا بہت اعتقاد ہے۔

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــ

صورت مسئولہ میں اس مسماۃ کو اپنی طرف سے حج بدل کرا دینا چاہیے، اپنے لے پالک کے ساتھ، یا ہمسایہ عورتوں کے ساتھ جانا جائز نہیں؛ لیکن اس وقت کا حج بدل کرایا ہوا اس شرط کے ساتھ معتبر ہوگا کہ عمر بھر کوئی محرم نہ ملے اور اگر کسی وقت محرم مل گیا، مثلاً نکاح کر لیا اور شوہر ساتھ چلنے پر راضی ہوا اور اس وقت بھی روپیہ بقدر حج عورت و محرم موجود ہوا، یا بعد کو جمع ہو گیا تو حج دوبارہ کرنا پڑے گا۔

**قال في الشامية: تحت قول الدر: (هٰذا إذا كان العجز كالحبس والمرض يرجى زواله وإن لم يكن كذلك كالعمى والزمانة سقط الفرض بحج الغير فلا إعادة مطلقاً سواء استمر به ذلك العذر أم لا، آه، ما نصه: ومن العذر الذي يرجى زواله عدم وجود المرأة محرماً إلا إن دام عدم المحرم إلٰى أن ماتت فيحوز كالمريض إذا أحج رجلا ودام المرض إلٰى أن مات، آه.** (۳۹۰/۲)(۱)

تھانہ بھون خانقاہ امدادیہ، ۸/ رمضان ۱۳۴۶ھ۔ (امداد الاحکام: ۱۵۷/۳)

## غیر محرم سے رشتہ داری جوڑ کر اس کے ساتھ حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک آدمی سے کسی عورت کی پہلے سے کوئی رشتہ داری نہیں تھی؛ لیکن حج پر جانے کے لیے کہیں سے دور کی رشتہ داری کی کڑیاں ملا کر انہوں نے رشتہ داری قائم کر لی تو کیا ایسے شخص کا حج ہو جائے گا، جو کہ بالکل ہی غیر محرم ہے؛ لیکن اپنا کام نکالنے کے لیے انہوں نے اس طرح کی قرابت داری قائم کر لی، ان کے حج میں کوئی فرق نہیں پڑے گا؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ـــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق**

غیر محرم کے ساتھ حج کو جانا جائز نہیں، جو عورت غیر محرم کے ساتھ حج کو جائے گی، وہ سخت گنہ گار ہوگی، اگر چہ اس

(۱) ردالمحتار، كتاب الحج، مطلب في الفرق بين العبادة والقربة: ۵۹۹/۲، دارالفكر بيروت، انيس

طرح جانے سے اس کا فریضہ حج ساقط ہو جائے گا۔ اسی طرح وہ مرد بھی گنہ گار ہوگا، جو اپنے ساتھ نامحرم عورت کو لے جارہا ہے؛ مگر حج کا فریضہ اس کا بھی ادا ہو جائے گا۔

**ولو حجت بلا محرم جاز مع الكراهة.** (الدر المختار)

**وفي الشامية: أي التحريمية للنهي في حديث الصحيحين لا تسافر امرأة ثلاثاً إلا ومعها محرم.** (رد المحتار، كتاب الحج: ٤٦٥/٢، كراتشي)

**ولو كان معها محرم فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة.** (بدائع الصنائع: ٣٠٠/٢، زكريا)

**والمرأة في وجوب الحج عليها كالرجل غير أن لها شرطين شابة كانت وعجوزاً أحدهما أن يكون خروجها مع زوجها، أو مع ذي رحم محرم.** (الفتاوى التاتارخانية: ٤٧٥/٣، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۵/۹/۵ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۲۱۸/۷)

## مجبوری میں نامحرم کے ساتھ حج کو جانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میری عمر تقریباً ۳۵ رسال ہے، بیوہ ہوں، کوئی بچہ نہیں ہے، میرا بھائی، بہن، ماموں، چچا، تایا غرض کوئی سگا رشتہ دار اس وقت حج پر جانے کی پوزیشن میں نہیں ہے، البتہ میرے مکان کے پاس میں دور کے رشتہ دار جارہے ہیں، میں اکیلی بے سہارا ہونے کی وجہ سے ان کے گروپ میں حج کی درخواست لگا سکتی ہوں؟ یہ میرے رشتہ میں چچیری بہن بہنوئی ہوتے ہیں، ویسے تو اور بھی محلّہ کے لوگ جارہے ہیں، جن سے ہمارا کوئی رشتہ نہیں، اس کی اجازت شریعت سے جو گنجائش ہو تو تحریر فرمائیں؟

**باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ——— وبالله التوفيق**

مسئولہ صورت میں آپ پر حج کو جانا ضروری نہیں ہے اور کسی بھی نامحرم کے ساتھ سفر کی اجازت نہیں ہے، آپ جب بھی جائیں تو ایسے شخص کے ساتھ جائیں، جو آپ کا محرم ہو، یا شوہر ہو۔ محرم اسے کہتے ہیں، جس سے کبھی بھی نکاح درست نہ ہو سکتا ہو۔ (معلم الحجاج، ص: ۸۴)

**عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل لامرأة تؤ من بالله واليوم الآخر أن تسافر سفراً يكون ثلاثة أيام فصاعداً إلا معها أبوها، أو أخرها، أو زوجها، أو ابنها، أو ذو محرم منها.** (صحيح البخاري، رقم: ١١٩٧، صحيح مسلم، رقم: ٨٢٧، سنن أبي داؤد رقم: ١٧٢٦، سنن الترمذي، رقم: ١١٦٩، سنن ابن ماجة، رقم: ٢٨٩٨، الترغيب والترهيب مكمل، ص: ٦٤٥، رقم: ٤٦٧٧، بيت الأفكار الدولية)

**ومع زوج أو محرم، قال الشامي: والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التابيد بقرابة أو رضاع أو صهرية.** (الدر المختار مع الشامي: ٤٦٤/٤، زكريا، امداد الفتاویٰ: ۲۰۱/۲)

ومنها المحرم للمرأة شابة كانت أو عجوزاً إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام. (الفتاویٰ الهندية: ۲۱۸/۱)

وفي الشامي: قوله: ومع زوج أو محرم، هذا وقوله: ومع عدم عدة عليها، شرطان مختصان بالمرأة. (الدر المختار مع الشامي: ٤٦٤/٢، كراتشي، ٤٦٤/٣، زكريا)

ولو كان معها محرم فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة. (بدائع الصنائع: ٣٠٠/٢، زكريا)

والمرأة في وجوب الحج عليها كالرجل غير أن لها شرطين شابة كانت أو عجوزاً، أحدهما أن يكون خروجها مع زوجها، أو مع ذي رحم محرم. (الفتاویٰ التاتارخانية: ٤٧٥/٣، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۷/۶/۹ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۱۹/۷)

## عورت کا سفر حج کے لیے کسی کو اپنا دینی بھائی بنانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میں حج کرنا چاہتی ہوں اور میرا کوئی محرم ایسا نہیں ہے، جو فی الحال مجھے حج کرادے، میں اپنا دینی بھائی بنانا چاہتی ہوں، جس کے ساتھ حج کر آؤں۔ آپ براہ کرم مجھے اس کے طریقوں اور قاعدوں سے آگاہ کردیجیے، جس کے ساتھ میں حج کر آؤں۔

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــ وبالله التوفيق

بغیر محرم کے حج کو جانا جائز نہیں، جب آپ کے ساتھ کوئی محرم نہیں جاسکتا تو آپ ہرگز سفر کا ارادہ نہ کریں، محض کسی کو دینی بھائی بنانے سے وہ آپ کا محرم نہیں بن سکتا۔

عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يارسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا، وامرأتي تريد الحج، فقال: أخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء: ٢٥٠/١، رقم: ١٨٦٢، الصحيح لمسلم، الحج، باب سفر البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء: ٢٥٠/١، رقم: ١٣٤١)

والمحرم في حق المرأة شرط شابة كانت أو عجوزة إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام. (الفتاویٰ التاتارخانية: ٤٧٤/٣، زكريا)

ومع زوج بالغ مع وجوب النفقة لمحرمها عليها لامرأة حرة ولو عجوزاً في سفر. (الدر المختار: ٤٦٤/٢، كراتشي، ٤٦٤/٣، زكريا)

ولو كان معها محرم فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة. (بدائع الصنائع: ٣٠٠/٢، زكريا)

والمرأة في وجوب الحج عليها كالرجل غير أن شرطين شابة كانت أو عجوزاً، أحدهما: أن يكون خروجها مع زوجها، أو مع ذي رحم محرم. (الفتاویٰ التاتارخانية: ٤٧٥/٣، رقم: ٤٨٨٨، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۳/۳/۲۵ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۱۵/۷)

## انجان مرد کو بیوی کا محرم بنانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ مفتی صاحب نے اپنی بیوی کا محرم انجان آدمی کو بنایا اور دوسری انجان عورت کے محرم یہ مفتی صاحب خود بنے تو کیا اس حال میں مفتی صاحب کا نکاح سلامت رہا، یا نہیں؟ اور اس طرح ان کا حج درست ہوگیا، یا نہیں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ـــــــــــــــ وبالله التوفيق**

اگر کسی قانونی ضرورت کی وجہ سے ایسا کیا گیا ہے، مگر بیوی کو اپنے ساتھ سفر میں رکھا اور انجان عورت اپنے محرم کے ساتھ رہی؛ یعنی نہ تو بیوی کو غیر مرد کے ساتھ بھیجا اور نہ غیر عورت کو اپنے ساتھ لے گئے تو ان کے حج، یا نکاح میں کوئی فرق نہیں آیا۔

**عن أبي سعيد الخدري رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر سفراً يكون ثلاثة أيام فصاعداً إلا ومعها أبوها أو أخوها أو زوجها أو ابنها أو ذومحرم منها.** (صحيح البخاري، رقم: ١١٩٧، صحيح لمسلم، رقم: ٨٢٧، سنن أبي داؤد، رقم: ٤٦٧٧)

**ومع زوج أومحرم بالغ مع وجوب النفقة لمحرمها عليها لامرأة حرة ولوعجوزاً في سفر.** (الدر المختار: ٤٦٤/٢، كراتشي، ٤٦٤/٣، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۸/۲/۱۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۱۶/۷)

## والدہ کو چچا اور چچی کے ساتھ حج کو بھیجنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میرے والد صاحب چار سال پہلے حج کرکے آئے ہیں، وہ ابھی حیات ہیں، امسال میرے سگے چچا اور چچی حج کو جارہے ہیں، کیا میں اپنی والدہ کو چچا چچی کے ساتھ حج کو بھیج سکتا ہوں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ـــــــــــــــ وبالله التوفيق**

آپ کی والدہ کے ساتھ جانے کے لیے جب کہ محرم، یا شوہر کا نظم نہیں ہے تو ان پر حج فرض نہیں، اگر آپ انہیں حج کرانا چاہتے ہیں تو بہتر ہے کہ خود ساتھ جائیں؛ تاکہ ان کی خدمت وغیرہ میں کوئی دشواری نہ ہو؛ تاہم اگر ان کی عمر ۶۵ یا ۷۰ سال ہوچکی ہے اور کسی فتنہ کا بظاہر اندیشہ نہیں ہے تو اگر وہ دیگر رشتہ دار عورت کے ساتھ حج کو چلی جائیں تو ان پر گناہ نہ ہوگا۔ (ایضاح المناسک ۶۴، امداد الفتاویٰ: ۲۰۱/۴)

**وأما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتىٰ جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها، وإلا لا.** (الدر المختار مع الشامي: ٥٢٩/٩)

لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين. (الفتاوى الهندية: ٣٦٦/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۶/۵/۲۴ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۵/۷)

## والدہ کو اُن کے بہنوئی کے ساتھ حج پر بھیجنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک عورت کو اس کی اولاد حج کرانا چاہتی ہے؛ لیکن ان کے پاس صرف اتنی ہی رقم ہے، جس سے صرف والدہ ہی حج کر سکیں، کسی بیٹے، یا محرم کو ساتھ لے جانے کی استطاعت نہیں، اس عورت کے بہنوئی بھی حج کے لیے جا رہے ہیں تو کیا عورت اپنے بہنوئی کے ساتھ جا سکتی ہے، یا نہیں؟

باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ———— وبالله التوفيق

سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ والدہ پر خود حج فرض نہیں ہے؛ بلکہ اولاد انہیں اپنے روپئے سے حج کرانا چاہتی ہے تو ایسی صورت میں حکم یہ ہے کہ والدہ کو دوسرے کے ساتھ حج کو نہ بھیجیں؛ بلکہ جب ان میں سے خود کسی کے پاس حج کو جانے کی استطاعت ہو جائے تو وہ اپنی والدہ کو ساتھ لے جائے؛ تاکہ والدہ کی اچھی طرح سے خدمت ہو سکے اور ارکان کی ادائیگی میں دوسروں کی محتاجگی نہ رہے، والدہ کے لیے بہنوئی نامحرم ہیں، اس کے ساتھ حج کو جانے میں گناہ ہوگا۔

عن نافع ابن عمر رضى الله عنهما عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لايحل لا مرأة تؤ من بالله واليوم الآخر تسافر مسيرة ثلاث ليال إلا ومعها ذو محرم. (الصحيح لمسلم: ٤٣٣/١)

عن ابن عباس رضى الله عنهما لا تحجن امرأة إلا ومعها ذو محرم. (سنن الدار قطني: ١٩٩/٢، رقم: ٢٤١٧) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۳۴/۵/۲۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۶/۷)

## ممانی کے ساتھ حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید اپنی ممانی کو اپنے ساتھ سفرِ حج میں لے جا سکتا ہے، یا نہیں؟

باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ———— وبالله التوفيق

زید اپنی ممانی کے لیے محرم نہیں ہے، لہٰذا ممانی کا اس کے ساتھ سفرِ حج کرنا درست نہیں ہوگا۔

عن ابن عباس رضى الله عنهما عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لا تسافر المرأة ثلاثاً إلا ومعها ذو محرم. (الصحيح لمسلم، رقم: ١٣٣٨، سنن أبى داؤد، ص: ٣٢٤، رقم: ١٧٢٧، دار الفكر بيروت)

ومع زوج أو محرم بالغ عاقل. (الدر المختار: ٤٦٤/٣، كراتشى)

ومنها المحرم للمرأة شابة كانت أو عجوزاً إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام. (الفتاویٰ الهندية: ۲۱۸/۱)

ولو كان معها محرم فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة. (بدائع الصنائع: ۳۰۰/۲، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۱۲/۱۴۱۸ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۶/۷)

## کیا بوڑھی عورت اپنے نندوئی کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میری والدہ اس سال حج کے لیے جارہی ہیں، منظوری بھی آچکی ہے، والدہ صاحبہ بیوہ ہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ بغیر محرم کے سفر نہیں کرسکتی ہیں، اُن کے ساتھ اُن کے نندوئی بھی جارہے ہیں اور ساتھ میں اُن کی بیوی بھی ہیں، والدہ صاحبہ کی عمر ۷۰/سال ہے، کیا وہ اپنے نندوئی کے ساتھ حج کے لیے جاسکتی ہیں، اس کے علاوہ تقریباً برادری کے ۱۸/آدمی اور بھی جارہے ہیں، جو سب ہی ساتھ میں رہیں گے، ان میں ۹/عورتیں ہیں۔ صورتِ مسئولہ میں مسئلہ کی اچھی طرح سے وضاحت فرمادیں اور کوئی شکل جواز کی تحریر فرمائیں؟

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــــ وبالله التوفيق

اگر فتنہ اور معصیت کا اندیشہ نہ ہو تو ۷۰/سال کی بوڑھی عورت غیر محرموں کے ساتھ حج کے سفر پر جاسکتی ہیں۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ: ۲۰۱/۴، ایضاً المناسک ۶۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۷/۱۰/۱۴۱۷ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۳/۷)

## ۶۰/سالہ عورت کا پڑوسی غیر محرم کے ساتھ حج کو جانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک مسماۃ ہیں، جن کی عمر تقریباً ۶۵/سال ہے، ان کی پڑوسن ۴۵/سالہ اپنے ۲۳/سالہ بھانجہ کے ساتھ حج کو جارہی ہیں تو کیا مسماۃ اپنی پڑوسن کے ساتھ حج کو جاسکتی ہیں، یا نہیں؟

باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــــ وبالله التوفيق

مسئولہ صورت میں عورت کی عمر ۶۵/سال ہے اور غیر محرم کے ساتھ سفر کرنے میں کسی فتنہ کا اندیشہ نہیں ہے تو اس کے ساتھ سفرِ حج کرنے کی گنجائش ہے۔ (امداد الفتاویٰ: ۲۰۱/۴، فتاویٰ دار العلوم: ۵۳۴/۶، ایضاح المناسک ص: ۶۴)

أما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا. (الدر المختار مع الشامي: ۵۲۹/۹ زكريا، ۴۷۵/۹، بيروت)

**لا بـأس للمرأة أ ن تسافر بغير محرم مع الصالحين.** (الفتاویٰ الهندية، كتاب الحج: ۳٦٦/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۳/۵/۵ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۲/۷)

## ساٹھ سال کی عورت کا جیٹھ کے لڑکے کے ساتھ حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک عورت جس کا نام ''چھوٹی'' ہے، ان کے شوہر گزر گئے ہیں اور عمر ساٹھ سال ہے، ان کے لڑکے کی تمنا ہے کہ والدہ حج کرلیں؛ لیکن دونوں یعنی ماں بیٹا ساتھ ساتھ کرنے کے لائق نہیں ہیں، ان کے جیٹھ کے لڑکے اور لڑکے کی بیوی بھی ساتھ ساتھ جارہے ہیں ، کیا ''چھوٹی'' اپنے جیٹھ کے لڑکے جس کی عمر ۵۰/ سال ہے اور لڑکے کی بیوی کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے، یا نہیں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

سفر حج محرم، یا شوہر کے ساتھ ہی کرنا چاہیے؛ اس لیے بہتر یہ ہے کہ ابھی آپ اپنی والدہ کو حج نہ کرائیں؛ بلکہ جب آپ کے پاس استطاعت ہوجائے تو آپ اپنے ساتھ حج کو لے جائیں؛ تاہم اگر وہ اس بڑھاپے میں اپنے جیٹھ کے لڑکے کے ساتھ حج کو جائیں گی تو بھی ان کا حج ادا ہوجائے گا۔

**ومع زوج أو محرم قال الشامي: والمحرم من لا يجوز لا منا كحتها على التأبيد بقرابة أو رضاع أو صهرية.** (الدر المختار مع الشامي: ٤٦٤/٤، زكريا، امداد الفتاوی: ۲۰۱/۲)

**لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين.** (الفتاویٰ الهندية: ٣٦٦/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۲۵/۳/۱۴ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۳/۷)

## ۷۰/ سال کی بیوہ خاتون کا بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک خاتون بیوہ ہیں، جن کی عمر تقریباً ستر سال ہے، اپنی سگی بہن بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا چاہتی ہیں، بہنوئی کی عمر بھی ستر کے قریب ہے، کیا ان کے ہمراہ حج کرنے جاسکتی ہیں؟ بہن کی عمر تقریباً ۶۵/ سال ہے۔

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــــ وبالله التوفيق**

ستر سال کی عورت کے لیے اپنی ہمشیرہ اور بہنوئی کے ساتھ سفر حج میں جانے کی گنجائش ہے، بشرطیکہ کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔ (مستفاد: ایضاح المناسک ۶۴)

**لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين.** (الفتاویٰ الهندية: ٣٦٦/٥)

**وفي الدر: أما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز**

المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها ،وإلا لا. (الدرالمختار على هامش رد المحتار: ۵۲۹/۹،زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ:احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ،۱۴۲۷/۵/۱۴ھ۔الجواب صحیح:شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔(کتاب النوازل:۶۲۴/۷)

## کسی عورت کا دوسری عورتوں کے ساتھ حج کرنا:

سوال: میری اہلیہ محترمہ ڈاکٹر آمنہ خاتون صاحبہ جن کی عمر پچاس برس کی ہے اور ان پر حج فرض ہو چکا ہے، فریضۂ حج ادا کرنے کی تڑپ رکھتی ہے؛ لیکن میں ایک خاص عذر کی وجہ سے مجبور ومعذور ہوں، ان کے ساتھ سفر نہیں کرسکتا اور نہ کوئی محرم موجود ہے، جو ان کے ساتھ سفر حج کرسکے۔حسنِ اتفاق سے نواب بسالت جاہ حیدرآبادی مدظلہ العالی اور ان کی اہلیہ محترمہ اور ان کی والدہ محترمہ حج کو جارہے ہیں۔آیا بصورتِ ہٰذا ان بزرگوں خواتین کے ساتھ میری اہلیہ محترمہ ڈاکٹر آمنہ خاتون صاحبہ سفرِ حج کو جانا چاہتی ہیں؟ میں اس پر راضی ہوں۔آیا بصورت ہٰذا از روئے شرع شریف اپنا فریضہ حج ادا کرسکتی ہیں؟ بینوا توجروا۔

### جواب از مدرسہ حقانیہ بنگلور:

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

واضح ہو کہ سفر حج چوں کہ مہتم بالشان اور مقدس سفر ہے۔

حدیث شریف میں ہے: ”عن ابن عباس رضي الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ”لايخلون رجل بإمرة، ولا تسافرنّ امرأة إلا ومعها محرم“. (متفق عليه)(۱)

اور ہدایہ میں ہے: ”ويعتبر في المرأة أن تكون لها محرم تحج معه، أوزوج، ولا يجوز لها أن تحج بغير هما، إذا كان بينها وبين مكة ثلثة أيام“. (۲)

اور مرقات شرح مشکوٰۃ میں ہے: ”وبهٰذا قال أبو حنيفة وأحمد رحمهما الله تعالیٰ وقال مالك رحمه الله تعالیٰ: يلزمها إذا كان معها جماعة النساء. وقال الشافعي رحمه الله تعالیٰ: يلزمها إذا كان معها إمرأة ثقة وقال الشمني: مذهب مالك: إذا وجدت المرأة صحبة مأمونة، لزمها الحج؛ لأنه سفر مفروض كالهجرة ومذهب الشافعي: إذا وجدت نسوة ثقات، فعليها أن تحج معهن“. (۳)

---

(۱) پوری حدیث اس طرح ہے: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يخلون بإمرأة ولاتسافرن إمرأة إلا معها محرم فقام رجل وقال: يا رسول الله! إن إمرأتي خرجت حاجة وإني أكتتبت في غزوة كذا كذا قال: انطلق فحج مع إمرأتك. (الصحيح لمسلم، كتاب الحج، باب سفر المرأة مع محرم إلى حج وغيره رقم: ۱۳۴۱، وصحيح البخاري، كتاب الجهاد والسير، باب من اكتتب في جيش فخرجت إمرأته حاجة إلخ، رقم: ۲۸۴۴، انيس)

(۲) الهداية، كتاب الحج: ۲۳۳/۱، مكتبة شركة علمية، ملتان

(۳) مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب المناسك، الفصل الأول: ۳۸۶/۵، رشيدية

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''عورت مطلق سفر یا سفرِ حج اس وقت کرسکتی ہے، جب کہ اس کے ساتھ اس کا شوہر، یا اس کا کوئی محرم موجود ہو''۔ امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا یہی مذہب ہے، امام مالک اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر معتبر عورتیں، یا ایک عورت ساتھ ہو اور امن ہو تو عورت بلا محرم بھی حج کرسکتی ہے۔

اب صورتِ مسئولہ میں ڈاکٹر آمنہ صاحبہ اگر مضطرب ہیں اور مضطر ہیں اور شوہر کی اجازت ہے؛ مگر وہ خود جانہیں سکتا اور کوئی محرم بھی نہیں ہے تو ازروئے قرآن شریف حالتِ اضطراری میں جائز ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿فمن اضطر غير باغ ولا عاد فلا إثم عليه﴾(۱)

اس صورت میں فقہ کا مسئلہ یہ ہے کہ اگر فقہ حنفی میں کسی مسئلہ میں سختی ہو اور امام مالک کے مذہب میں سختی نہ ہو تو مذہبِ مالک پر عمل کرنے کی اجازت خود فقہ حنفی دیتا ہے؛ بلکہ اس پر فتوی حنفی دے سکتا ہے، جیسا کہ مفقود الخبر کے مسئلہ میں مذہب حنفی کے خلاف مذہب مالکی پر فتوی حنفی علماء دیتے ہیں، دیکھو رد المحتار، باب الرجعۃ میں ہے:

**فالأولى الجمع بين المذهبين: مذهب أبي حنيفة ومذهب مالك رحمهما الله تعالىٰ؛ لأنه كالتلميذ لأبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، لذا مال أصحابنا الى بعض أقوال مالك رحمه الله تعالىٰ ضرورة.** (۱)

اور ایک جگہ ہے: **وقد قال في البزازية: الفتوى في زماننا علىٰ قول مالك.** (۳)

غرض تقلیدِ مالکیہ میں صورتِ مسئولہ میں ڈاکٹر آمنہ خاتون صاحب عالی جناب نواب بسالت جاہ مدظلہ کی والدہ محترمہ اور ان کی اہلیہ محترمہ کے ساتھ فریضۂ حج کی غرض سے سفر کرسکتی ہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ ابوالکمال محمد حبیب اللہ باقوی ندوی حنفی قادری، مفتی دارالافتاء مدرسہ حقانیہ عربیہ بنگلور

## جواب از دار العلوم دیوبند:

الجواب ــــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

عورت کے پاس اگر اپنے حج کے لیے روپیہ کافی ہو اور شوہر، یا کوئی محرم بھی جانے والا ہو، تب تو اس کے ذمہ حج کے لیے جانا فرض ہوتا ہے، ورنہ فرض نہیں ہوتا؛ بلکہ حجِ بدل کے لیے وصیت کرنا ضروری ہوتا ہے، جس کی تنفیذ ایک تہائی ترکہ سے لازم ہوتی ہے۔ عورت بوڑھی ہو، یا جوان اور قافلہ میں دوسری عورتیں ہوں، یا نہ ہوں، سب کا حکم یہی ہے اور یہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے۔

دوسرے بعض حضرات نے ہجرت واسارت پر قیاس کرتے ہوئے عورت کو دوسری قابلِ اعتماد عورتوں کے ساتھ سفر کی اجازت دی ہے؛ مگر حنفیہ نے اس کی تردید کی ہے کہ یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے، جس کی اجازت نہیں ہے

---

(۱) سورۃ البقرۃ: ۱۷۳

(۲) رد المحتار، باب الرجعة، مطلب: مال أصحابنا الى بعض أقوال مالك رحمه الله ضرورة: ۴۱۱/۳، سعيد

(۳) رد المحتار، كتاب المفقود، مطلب في الإفتاء بمذهب مالك في زوجة المفقود: ۲۹۶/۴، سعيد

اور قیاس بھی قیاس مع الفارق ہے، جو شرعاً حجت نہیں ہے۔ اضطرار کا یہاں کوئی محل ہی نہیں کہ حرام شے کی حرمت مرتفع ہو جائے؛ اس لیے کہ اضطرار جان کے تحفظ کے لیے ہوتا ہے، یا ایمان کے تحفظ، یہاں حج کے لیے نہ جانے میں جان کا کوئی خطرہ نہیں، نہ ایمان میں کوئی نقص آتا ہے؛ کیوں کہ محرم نہ ہونے کی وجہ سے جانا فرض نہیں، بخلافِ زوجہ مفقود کے کہ وہاں نفقہ کا انتظام نہ ہونا اور در بدر بھیک مانگنا، نامحرموں کی ملازمت کرنا، عصمت کا محفوظ نہ رہنا، حرام کاری میں مبتلا ہونا، دین اسلام چھوڑ کر ارتداد اختیار کرنا، یہ امور قبیحہ شنیعہ ضرور ایسے ہیں کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر عمل کرنے سے ان سب کا سدِ باب ہو جاتا ہے۔

صورت مسئولہ میں ڈاکٹر آمنہ خاتون صاحبہ کو سفرِ حج نہ کرنے سے کسی امر قبیح شنیع کا ارتکاب نہیں کرنا پڑتا ہے، سب سے حفاظت ہے۔ ہاں! سفر کرنے سے حدیث پاک کی مخالفت ہے، اپنے امام کے مذہب کی مخالفت ہے اور سفر بھی سفرِ حج ہے، جس کی بنیاد ہی گناہوں کو معاف کرانا ہے، گناہ معاف کرانے کے لیے مستقلاً گناہ کا راستہ اختیار کرنا ویسے بھی دانشمندی سے بعید تر ہے۔

(ومحرم أو زوج لامرأة في سفر):أي وبشرط محرم الٰی آخره،لما في الصحيحن:"لا تسافر إمرأة ثلاثاً إلا ومعها محرم"، وزاد مسلم في رواية: "أوزوج".وروى البزار: "لا تحج امرأة إلا ومعها محرم"،فقال رجل:يارسول الله!إني كتبت في غزوة وامرأتي حاجة؟ قال: "ارجع،فحج معها"،فأفاد هٰذا كله أن النسوة الثقاة لا تكفي قياساً على المهاجرة والمأسورة؛ لأنه قياس مع النص ومع وجود الفارق،فإن الموجود في المهاجرة والمأسورة ليس سفراً؟لأنها لا تقصد مكانا معينا،بل النجاة خوفاً من الفتنة، حتٰى لووجدت مأمنا كعسكر المسلمين،وجب أن تقر ولأنه يخاف عليها الفتنة،وتزاد بانضمام غيرها إليها،ولهٰذا تحرم الخلوة بالأجنبية،وإن كان معها غيرها من النساء ... وأطلق المرأة فشمل الشابة والعجوز،لاطلاق النصوص". (كذا في البحر الرائق: ۳۱۴/۲-۳۱۵)(۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۴/۲/۱۳۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۵/۲/۱۳۸۸ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۳۱/۱۰-۳۳۴)

## مالدار عورت کے ساتھ محرم نہ ہو تو حج فرض نہیں:

سوال: ایک عورت حج بیت اللہ کے لیے جانا چاہتی ہے، زادراہ وغیرہ سب اس کے پاس موجود ہے؛ مگر اس کے پاس اتنا روپیہ نہیں کہ اپنے ساتھ کسی محرم کو لے جا سکے۔ ایسی صورت میں اس پر حج کرنا فرض ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: ۲۰۹۹، سعید احمد انصاری صاحب، ۷/شوال ۱۳۵۶ھ، مطابق ۱۱/دسمبر ۱۹۳۷ء)

(۱) البحر الرائق، كتاب الحج: ۵۵۱/۲-۵۵۲،رشيدية

الجواب ـــــــــــــــــــــــ

عورت بغیر محرم کے حج کو نہیں جاسکتی اور نہ اس پر حج فرض ہے؛ لأن المحرم من السبیل. (۱)

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۳۴۰/۴، ۳۴۱)

## عورت غیر محرم کے ساتھ ادا کرلیا تو فرض ساقط کے ساتھ ہوا، یا نہیں:

سوال: عورت نے غیر محرم کے ساتھ جا کر حج ادا کرلیا؛ تو جو فرض اس کے ذمہ تھا، وہ ساقط ہوگیا، یا نہ؟ اور عورت پر غیر محرم کے ساتھ سفر کرنے کا گناہ ہے، یا نہ؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــ

حج کا اس کا ادا ہوگیا اور فرض ساقط ہوگیا اور غیر محرم کے ساتھ سفر کرنے کا گناہ اس پر ہوا، توبہ واستغفار کرے۔

درمختار میں ہے: ولو حجت بلا محرم جاز مع الکراهة، إلخ. (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۵۲۲/۶)

## بیوہ عورت اپنے رشتہ داروں کے ساتھ حج میں جاسکتی ہے:

سوال: ایک بیوہ عورت حج کرنا چاہتی ہے، جس کا کوئی محرم نہیں ہے، اس کے رشتہ داروں میں سے تین جوڑے؛ یعنی تین مرد اور تین عورتیں حج کو جارہی ہیں، اس بیوہ عورت کا مردوں سے کوئی رشتہ نہیں ہے، البتہ عورتوں میں سے کوئی اس کی چچازاد بہن ہے وغیرہ وغیرہ تو کیا یہ بیوہ عورت ان کے ساتھ حج کا سفر کرسکتی ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

عورت کی جائے سکونت سے حرم کا فاصلہ اگر مسافتِ سفر یعنی اڑتالیس میل اور اس سے زیادہ کا ہے تو اس صورت میں ایسی عورت کسی محرم یا شوہر کے بغیر حج کے لیے نہیں جاسکتی۔ (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم (محمود الفتاویٰ: ۲۶۷/۲۔۲۶۸)

## عورت کے ساتھ حج میں محرم کا ضروری ہونا اور نہ ہونے پر وصیت آخری عمر میں کرنا:

سوال: ایک عورت بیوہ ہے اور مقدار حج اس کے پاس روپیہ ہے؛ لیکن اس کے ساتھ جانے والا محرم کوئی بیٹا ہے، نہ باپ ہے، نہ بھائی ہے، غرض کوئی شخص نہیں۔ ایسی صورت میں اس پر حج فرض ہے، یا نہیں؟ اگر فرض ہے تو غیر شخص کے ساتھ جاسکتی ہے، یا تنہا؟ اور جو حج اس پر فرض نہیں ہے اور یہ عورت کچھ روپیہ، یا مقدار حج سارا روپیہ کسی نیک کام میں خرچ کرے تو اس کو حج کا ثواب مل سکتا ہے، یا نہیں؟

---

(۱) ومع زوج. (الدر المختار) وفی الشامیة: هٰذا وقوله، ومع عدم عدة علیها، شرطان مختصان بالمرئة، إلخ. (رد المختار، کتاب الحج: ۴۶۴/۲، ط: سعید)

(۲) الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، کتاب الحج: ۴۶۵/۳، مکتبة زکریا دیوبند، انیس

(۳) الدر المختار علی ها مش الشامی: ۱۵۷/۲

الجواب

اگر روپے کی مقدار اتنی ہے کہ صرف اس عورت کے حج کو کافی ہو جاوے، تب تو حج فرض ہی نہیں۔

**فی الدر المختار: (ومع زوج أومحرم بالغ عاقل إلیٰ قوله مع وجوب نفقة لمحرمها عليها.**

**فی رد المختار (قوله مع وجوب النفقة، إلخ) أی فيشترط أن تكون قادرة علیٰ نفقتها وتفقته، آه.** (۱)

اور اگر دو شخصوں کے لائق خرچ ہے تو نفس وجوب تو اس پر ہو گیا ہے وجوب ادا نہیں ہوا بوجہ محرم نہ ہونے کے؛ اس لیے اس کو اجنبی کے ساتھ سفر کرنا تو جائز نہیں؛ لیکن روپیہ محفوظ رکھے شاید کوئی محرم میسر ہو جاوے اور اگر اخیر عمر تک میسر نہ ہو تو وصیت کر جاوے (۲) کہ مرنے کے بعد اس کی طرف سے حج بدل کرا دیا جاوے۔

**فی رد المختار: والذی اختاره فی الفتح أنه مع الصحة وأمن الطريق شرط وجوب الأداء فيجب الايضاء، إلخ.** (۳) فقط

۲۲/ رجب ۱۳۳۰ھ (تتمہ اولیٰ، ص: ۷۲) (امداد الفتاوی: ۲/ ۱۵۶)

## رضاعی بھائی کے ساتھ حج:

سوال: رسولن اور خلیل دودھ شریک بھائی بہن ہیں اور رشتہ میں بھی چچازاد بھائی بہن ہیں، رسولن کا کوئی محرم نہیں کہ جس کے ساتھ وہ حج کو جائے۔ کیا وہ خلیل کے ہمراہ حج کو جا سکتی ہے؟

الجواب ــــــــــــ حامداً ومصلياً

جا سکتی ہے۔ (درمختار) (۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۳۳۴-۳۳۵)

## داماد کے ساتھ حج کا سفر:

سوال: ساس اپنے داماد کے ساتھ حج کر سکتی ہے، یا نہیں؟ ساس اور داماد کا رشتہ محرم کا ہے، یا غیر محرم کا؟

(غوثیہ سلطانہ، محبوب گارڈن کالونی)

---

(۱) الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحج: ۳/ ٤٦٤

(۲) یا قبل موت ایسی حالت ہو جائے کہ اگر محرم بھی مل جائے، تب بھی سفر نہ کر سکے، تب بھی حج بدل کرا سکتی ہے۔ منہ

(۳) ردالمحتار، كتاب الحج: ۳/ ٤٦٣، دارعالم الكتب، رياض

(۴) (و) مع (زوج أو محرم) ولو عبدا أو ذميا أو برضاع. (الدر المختار، كتاب الحج، مطلب فی قولهم: يقدم حق العبد علیٰ حق الشرع: ۲/ ٤٦٤، سعيد)

قوله: (ومحرم أو زوج لامرأة فی سفر): أی وبشرط محرم الیٰ آخره، لما فی الصحيحين: "لا تسافر المرأة الا ومعها محرم ... والمحرم من لا يجوز له منا كحتها علی التأبيد بقرابة، أورضاع، أومصاهرة. (البحر الرائق، كتاب الحج: ۲/ ٥٥١، رشيدية/ بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل فی شرائط فرضيته: ۳/ ٥٦، دار الكتب العلمية بيروت)

الجواب

محرم سے مراد وہ رشتہ دار ہیں، جن کے ساتھ کبھی بھی نکاح حلال نہ ہو۔

"من لایجوز مناکحته علی التأبید بقرابة أو رضاع أو مصاهرة". (۱)

داماد سے بھی ہمیشہ کے لیے نکاح حرام ہے، یہاں تک کہ اگر نکاح کے بعد بیوی سے قربت کی نوبت نہ آئی ہو اور اس سے پہلے ہی طلاق ہو جائے، تب بھی ساس اور داماد ایک دوسرے پر ہمیشہ کے لیے حرام ہیں۔ خود قرآن مجید میں اس کی صراحت موجود ہے، (۲) اس لیے ساس کا اپنے داماد کے ساتھ سفر حج کرنا جائز ہے، البتہ اگر عمر میں زیادہ تفاوت نہ ہو، اس مرد، یا عورت کے اخلاق و عادات قابل اطمینان نہ ہوں، اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں ان کا ایک دوسرے کے ساتھ سفر کرنا مناسب نہیں ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۴/۴۲)

## بغیر شوہر کی اجازت کے بھائی کے ساتھ حج کرنا:

سوال: زید کی عورت اپنے شوہر کی مرضی کے خلاف امسال حج کو جانے پر بضد ہے اور اس کے حقیقی برادر بھی حج کو جا رہے ہیں، زید اپنے خانگی حالات کی وجہ سے اس سال اجازت دینے سے روکتا ہے؛ یعنی زید کی بیوی اپنے شوہر کے حقوق ادا نہیں کرتی ہے۔ زید کی بہن نے بھی اپنے حج کی درخواست دے رکھی ہے، اگر خدا کو منظور ہو تو زید کا مکان تنہا رہ جائے گا اور اس کے مکان پر سوائے ان دونوں کے اور کوئی قابلِ اطمینان آدمی نہیں ہے تو زید کی بیوی اپنے برادر کے ساتھ زید کی بلا اجازت حج کو جا سکتی ہے، یا نہیں؟

اور زید کی بیوی اپنے حقوق کا اور خداوندی حقوق؛ یعنی صوم وصلوۃ میں پاکی ناپاکی کا خیال نہیں رکھتی ہے، جیسا کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے بہشتی زیور کے پانچویں حصہ میں صفحہ: ۶۳ تا ۷۰ میں تحریر فرمایا ہے اور دیگر حوالہ بہشتی زیور کے تیسرے حصہ کے صفحہ: ۶۷/۷ میں نامحرم بہنوئی ونندوئی وغیرہ وغسل آنے پر ہفتہ تا چالیس یوم تک بغل وغیرہ کے بال دور کرنا، بدن کو صاف ستھرا کرنا، سخت تحریر فرمایا ہے، جب اس عورت کو دو دو، تین تین ماہ ہو جاتے ہیں بغیر کسی مجبوری کے تو اس عورت پر کیسا گناہ ہوا، صغیرہ ہو یا کبیرہ؟ اب اس کو حج کے لیے اس صورت میں اجازت دی جائے، یا نہیں؟ اور ایسی صورت میں اس کے ساتھ اس کے بھائی وغیرہ جو اس کے ساتھ حج کو جائیں گے تو ان کا یہ حج ہو سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً

جب اس عورت کی ملک میں اتنا روپیہ ہے کہ اس پر حج فرض ہو جائے اور ساتھ جانے والا محرم بھی موجود ہے تو اس کو ضرور اجازت دے دی جائے، شوہر کو حق نہیں کہ وہ اس حالت میں وہ حج سے اس کو روکے۔ (۳) وہ اگر ناپاکی سے پاک

(۱) رد المحتار: ۳/٤٦٤، ط: مکتبه زکریا، دیوبند

(۲) ﴿ و امهٰت نسائکم ﴾ (سورة النساء: ۲۳)

(۳) ولو کان معها محرم، فلها أن تخرج مع المحرم فی الحجة الفرضیة من غیر إذن زوجها عندنا، ==

نہیں ہوئی، خدا اور شوہر کے حقوق کو ادا نہیں کرتی ہے تو وہ سخت گنہگار رہے، اس کو توبہ لازم ہے،(۱) اور اس کی فہمائش کی جائے اور وعید سنائے اور بتایا جائے کہ خدا کے گھر جانے کے لیے پاکی کا اہتمام کرے، نماز وغیرہ کی پابند ہو جاوے، شوہر کی نافرمانی چھوڑ دے۔ امید ہے کہ وہ سفر حج کی برکت سے اس کی مزید اصلاح ہو گی۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۳۶-۳۳۷)

## اپنے خسر کے ساتھ اپنی ہمشیرہ کا حج کو بھیجنا:

سوال: میری ہمشیرہ میرے خسر اور ساس کے ساتھ حج کو جانا چاہتی ہے، ان کا کوئی محرم نہیں ہے، کیا میری ہمشیرہ جا سکتی ہے، یا نہیں؟ ان کا حج ادا ہو جائے گا، یا نہیں؟

**الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً**

آپ کا خسر آپ کی ہمشیرہ کا محرم نہیں، ان کے ساتھ سفر حج کرنے کی اجازت نہیں، اگر چہ فریضہ ادا ہو جائے گا؛ لیکن بغیر محرم کے سفر کرنے کا گناہ بھی ہو گا۔(۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۷/۸/۱۳۸۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۳۵)

---

== وعند الشافعي: ليس لها أن تخرج بغير إذن زوجها ... ولنا أنها إذا وجدت محرماً، فقد استطاعت إلى حج البيت سبيلاً؛ لأنها قدرت على الركوب والنزول، وأمنت المخاوف؛ لأن المحرم يصونها. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته: ۳/۵۵، دار الكتب العلمية بيروت)

وإذا وجدت محرماً، ولا يأذن لها زوجها أن تخرج، فلها أن تخرج بغير إذنه في حجة الإسلام دون التطوع. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب المناسك، شرائط الوجوب: ۲/۴۳۵، ادارة القرآن كراتشي)

(۱) ويستحب حلق عانته وتنظيف بدنه بالاغتسال في كل أسبوع مرة، والأفضل يوم الجمعة، وجاز في كل خمسة عشر، وكره تركه وراء الأربعين. (الدر المختار)

(قوله: وكره تركه): أي تحريماً، لقول المجتبى: "ولا عذر فيما وراء الأربعين، ويستحق الوعيد. (رد المحتار، كتاب الحضر والاباحة، فصل في البيع: ۶/۴۰۶-۴۰۷، سعيد)

اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کاموں کے لیے یہی وقت مقرر فرمایا ہے، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

"وقت لنا في قص الشارب، وتعليم الأظفار، نتف الإبط وحلق العانة أن لا نترك أكثر من أربعين ليلة. (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، رقم الحديث: ۲۱۴، انيس)

(۲) (ومع زوج أو محرم) وهو من لا يحل له نكاحها على التأبيد للمرأة، ولو عجوزة، إن كان بينها وبين مكة مسافة سفر وإلا فلايحتاج، ولا تحج بلا أحدهما فإن حجت جاز مع الكراهة. (الدر المنتقى في شرح المتلقى: ۱/۲۶۲، دار إحياء التراث العربي بيروت)

أنها لا تخرج الا بزوج أو محرم ... ثم صفة المحرم: أن يكون ممن لا يجوز نكاحها على التأبيد، أما بالقرابة أو الرضاع أو الصهرية. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته: ۳/۶۵، دار الكتب العلمية بيروت)

## کیا بہو خسر کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ بہو اپنے خسر (اپنے شوہر کے والد) کے ساتھ حج کو جاسکتے ہیں، یا نہیں؟

**باسمہ سبحانہ تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق**

بہو اپنے حقیقی خسر کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے، بشرطیکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو؛ اس لیے کہ خسر محرم ہے۔ (ایضاح المناسک:۶۳)

**عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: لا يحل لا مرأة تؤمن بالله واليوم الآخر تسافر مسيرة يوم وليلة إلا مع ذی محرم عليها وفی رواية: مسيرة يوم"، وفی أخریٰ: "لايحل لا مرأة تؤ من بالله واليوم الآخر تسافر مسيرة ليلة إلا ومعها رجل ذو حرمة منها".** (الموطأ لإمام مالک: ۲۷۹/۲، صحيح البخاری، رقم: ۱۰۸۰، الصحيح لمسلم، رقم: ۱۳۳۹، سنن أبی داؤد، رقم: ۱۷۲۳-۱۷۲۵، سنن الترمذی رقم: ۱۱۷۰، الترغيب والترهيب مكمل: ۶۴۵، رقم: ۴۶۷۹، بيت الأفكار الدولية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۲۶/۷/۱۴۱۷ھ۔ (کتاب النوازل: ۶۲۷/۷)

## حقیقی خالہ کو حج میں ساتھ لے جانا:

سوال (۱) حاجی اپنی سگی وحقیقی خالہ کو ساتھ لے جاسکتا ہے، یا کہ نہیں؟

## سردی کی وجہ سے سر میں کپڑا لپیٹنا:

(۲) آج کل موسم حج میں سخت جاڑا ہوتا ہے تو کیا سر میں کوئی کپڑا لپیٹ سکتا ہے؛ کیوں کہ سردی بیماری ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے، مثلاً اگر بیمار ہی پڑ جائے تو پھر کیا سر میں کپڑا باندھ سکتا ہے اور اگر باندھے تو کیا قربانی واجب ہوگی اور اگر قران کا احرام ہو تو کیا دو قربانیاں جرمانہ کی واجب ہوں گی، یا ایک؟ پھر یہ حکم ایک دن باندھنے کا ہے، یا پورے ایام بھر باندھنے کا ہے؟

**الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق**

(۱) لے جاسکتا ہے۔(۱)

(۲) اگر ممنوع احرام عذر سے بھی کرے گا تو جزا دینی واجب ہوگی؛ لیکن قانون یہ ہے کہ سر ڈھانکنے میں دم تب ہے جب کہ سارا دن ڈھانکے، (۲) اور اس سے کم ڈھاکنا اگرچہ گھنٹہ بھر ہو تو صدقہ دے نصف صاع اور گھنٹہ سے کم میں

---

(۱) اس لیے کہ حقیقی خالہ محرم ہے، ﴿حرمت عليكم أمهاتكم وبناتكم وأخواتكم وعماتكم وخالاتكم﴾ (سورة النساء: ۲۳)

(۲) أوستر رأسه بمعتاد اما بحمل اجانة أوعدل شئ فلا شئ عليه يوماً كاملاً أوليلة كاملة وفی الأقل صدقة. (الدر المختار: ۵۷۷/۳)

ایک مشت گندم دے اور دن سے زیادہ میں بھی ایک ہی دم ہے، اگرچہ کئی دن پہنے رہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند سہارنپور، ۱۳۸۵/۸/۲۶ھ۔

الجواب صحیح محمد جمیل الرحمٰن، سید احمد علی سعید۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۳۵/۲، ۳۶)

## شوہر کی اجازت کے بغیر حج کو جانا، جب کہ نفقہ نہ دیتا ہو اور اس کے بھائی حضرات حج کو جاتے ہوں:

سوال: اگر شوہر عورت کو نان نفقہ کچھ نہیں دیتا اور نہ کسی طرح کی خبر گیری کرتا ہے وہ اپنے میکہ میں رہتی ہے اور وہی اس کی خبر گیری کرتے ہیں تو اگر اس کے بھائی وغیرہ جو اس کی خبر گیری کرتے ہیں، حج کو جاویں تو یہ عورت بلا اجازت شوہر حج کو جا سکتی ہے، یا نہیں؟ اس عورت پر حج فرض نہیں ہے؛ بلکہ وہی لوگ اس کا سفر حج بھی برداشت کریں گے، اگر یہاں اکیلی رہتی ہے تو کوئی اس کا خبر گیراں نہیں رہتا اور شوہر سے خوف ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

اس عورت کے حق میں سفر حج ایسا ہے جیسا دوسرا سفر کہ اس کے میکہ والوں کو پیش آوے اور بہ ضرورت اس عورت کو ان کے ہمراہ رہنا پڑے اور یہ جائز ہے، پس وہ بھی جائز ہے۔ واللہ اعلم

۱۷/رجب ۱۳۲۵ھ (امداد: ۱/۱۸۷) (امداد الفتاویٰ: ۱۶۰/۲)

## بیوی کو حج کے لیے ساتھ لے جانا کب ضروری ہے:

سوال: زید حج بیت اللہ کے لیے جا رہا ہے، اس کی بیوی کے پاس ایک ہزار روپے نقد موجود ہیں، جو کرایہ وغیرہ کے لیے کافی ہوگا؛ مگر زادِ راہ کا روپیہ اس کے پاس نہیں ہے، اس کی بیوی زید سے تقاضا کرتی ہے کہ آپ گھر رہنے کی صورت میں میرے نان ونفقہ کا انتظام کریں گے، وہی روپیہ مجھے دے دیجیے؛ تاکہ آپ کے ہمراہ میں بھی حج کو چلوں تو کیا اسی صورت میں زید کی بیوی پر حج فرض ہو جاتا ہے؟ کیا زید کی بیوی اپنے مطالبۂ نان ونفقہ میں حق بجانب ہے؟ کیا زید پر واجب ہے کہ بیوی کے زادِ راہ کا انتظام کر کے اپنے ہمراہ حج کے لیے لے جائے؟ اگر زید زحمت کی وجہ سے بیوی کو ساتھ لے جانے سے گریز کرے تو کیا وہ گناہ گار ہوگا؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً

جب کہ زید حج کو جا رہا ہے اور بیوی کے پاس خرچ راہ اور کرایہ آمد ورفت موجود ہے تو بیوی کا نان ونفقہ ساقط ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اگر بیوی نہ جاتی تو زید کے ذمہ لازم تھا کہ اس کو نان ونفقہ دے کر جاتا، البتہ ساتھ جانے کی صورت میں وہ نان ونفقہ لازم ہوگا، جو حضر میں لازم ہوتا۔ سفر کی وجہ سے جس قدر نان ونفقہ زائد خرچ ہوگا، اس کی ذمہ داری زید پر نہیں، زید کے ذمہ لازم ہے کہ اس کو ساتھ لے کر جائے، جب کہ بیوی کا حجِ فرض ہو۔

لو حجت معه فلها نفقة الحضر لا السفر... وعن الثاني لو أرادت حجة الاسلام يؤمر الزوج بالخروج معها، وبالانفاق عليها كمافي المحيط، آه. (سكب الأنهر: ۴۹۸/۱) (۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۲۹۶/۱۰-۲۹۷)

## چھوٹی بیوی کو لے کر حج کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میری دو بیویاں ہیں: پہلی بیوی سے تین بچے ہیں، وہ بچے میرے پاس ہیں، کسی بات پر بگاڑ ہو گیا ہے، بیوی ماں باپ کے گھر ہے، اب چھوٹی بیوی جو میرے پاس رہتی ہیں، اس کو لے کر حج کو جا سکتا ہوں، یا نہیں؟

**باسمه سبحانه تعالیٰ، الجواب ــــــــــــــ وبالله التوفيق**

شوہر کو اختیار ہے، جس بیوی کو چاہے حج کے لیے لے جا سکتا ہے، البتہ دونوں کے درمیان قرعہ اندازی کرنا مستحب ہے۔

عن عائشة رضى الله عنها قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا أراد سفراً أقرع بين نسائه، فأيهن خرج سهمها خرج بها معه. (صحيح البخاري، رقم: ۲۶۸۸، الصحيح لمسلم، رقم: ۲۷۷۰، مرقاة المفاتيح: ۳۴۹/۶، رقم: ۳۲۳۲، دار الكتب العلمية بيروت)

ولا قسم فى السفر دفعاً للحرج فله السفر بمن شاء منهن، والقرعة أحب تطييباً لقلوبهن. (الدر المختار، النكاح، باب القسم: ۳۸۴/۴، زكريا، الفتاوىٰ الهندية: ۳۴۱/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۴۱۹/۴/۱۰ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۶۱۲/۷)

## عورت کا شوہر کے ساتھ حج پر جانے کو ضروری سمجھنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے کہ میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ حج بیت اللہ پر جائے، روپیہ کا انتظام ان شاء اللہ میں کروں گا۔ اہلیہ کا کہنا ہے کہ والدین کے ساتھ حج نہیں ہوتا، شوہر کا ہونا ضروری ہے، کیا یہ بات صحیح ہے؟

---

(۱) (ولو حجت معه) فرضاً أو نفلاً (فلها نفقة الحضر) بالاتفاق؛ لأن المقيمة فى منزله، فمازاد علىٰ نفقة الحضر يكون فى مالها؛ لأنه بازاء منفعة لها، لانفقة السفر ولا الكراء ... وعن الثاني: لو أرادت حجة الاسلام، يؤمر الزوج بالخروج معها، وبالانفاق عليها، كما فى المحيط. (مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر: ۱۸۱/۲، باب النفقة، المكتبة الغفارية، كوئٹه)

وأما إذا حج الزوج معها، فلها النفقة اجماعاً، وتجب عليه نفقة الحضر دون السفر، ولا يجب الكراء، أما إذا حجت للتطوع فلانفقة لها اجماعاً إذا لم يكن الزوج معها، هٰكذا فى الجوهرة النيرة. وإن حجت مع زوجها حجة نفلاً كانت لها نفقة الحضر لا نفقة السفر، هٰكذا فى فتاوى قاضى خان. (الفتاوىٰ الهندية: ۵۴۶/۱، الباب السابع عشر فى النفقات، الفصل الأول فى نفقة الزوجة، رشيدية)

باسمه سبحانه تعالىٰ، الجواب ـــــــــــــــ وبالله التوفيق

عورت کے لیے جس طرح شوہر کے ساتھ سفر حج میں جانا جائز ہے، اسی طرح اپنے دیگر محرم مثلاً والد کے ساتھ جانا بھی درست ہے، آپ کی اہلیہ کا یہ کہنا کہ سفر میں شوہر کا ساتھ ہونا ضروری ہے، درست نہیں ہے۔

**عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر سفراً يكون ثلاثة أيام فصاعداً إلا ومعها أبوها، أو أخوها، أو زوجها، أو ابنها، أو ذو محرم منها.** (صحيح البخاري رقم: ۱۱۹۷، صحيح مسلم، رقم: ۸۲۷، سنن أبي داؤد، رقم: ۱۷۲۶، سنن الترمذي، رقم: ۱۱۶۹، سنن ابن ماجة، رقم: ۲۹۹۸، الترغيب والترهيب مكمل، ص: ۶۴۵، رقم: ۴۶۷۷، بيت الأفكار الدولية)

**ولو كان معها محرم فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة.** (بدائع الصنائع: ۲/۳۰۰، زكريا)

**والمرأة في وجوب الحج عليها كالرجل غير أن لها شرطين شابة كانت أو عجوزاً أحدهما أن يكون خروجها مع زوجها، أو مع ذي رحم محرم.** (الفتاوىٰ التاتارخانية: ۳/ ۴۷۵، زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ، ۱۹/۱۱/۱۴۳۲ھ۔ الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ۔ (کتاب النوازل: ۷/۲۱۳)

## بیوی سے کیا گیا حج کا وعدہ کیا شوہر کے حق میں مانع ہے:

سوال: سائل نے اپنی بیوی سے اس بات کا وعدہ کیا تھا کہ وہ اس کو حج کرادے گا؛ لیکن بیوی اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ مروجہ قانون کے مطابق اس کو اجازتِ سفر مل جائے تو کیا یہ امر سائل کے حج میں مانع ہوگا؟

الجواب ـــــــــــــــ حامداً ومصلياً

بیوی کا اس پوزیشن میں نہ ہونا آپ کے لیے حج سے مانع نہیں ہے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۴/۱۳۸۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۹۸)

## نافرمان بیوی کے ساتھ حج:

سوال: میری بیوی اطاعت گزار اور فرماں بردار نہیں، ایک زمانہ سے میرے اور اس کے درمیان جنسی تعلق بھی نہیں، سمجھانے کے باوجود اپنی شرارت پر اٹل ہے، کیا میں اس کو حج میں ساتھ لے جا سکتا ہوں؟

(ایم اے ایس، تالاب کٹھ)

---

(۱) قال المزني: قال الشافعي رحمه الله تعالىٰ: فرض الله تبارك و تعالىٰ الحج علىٰ كل حربالغ استطاع إليه سبيلاً بدلالة الكتاب والسنة. (الحاوي الكبير، كتاب الحج: ۳/۵، المكتبة التجاريه، مصطفىٰ أحمد الباز)

شروط الوجوب: وهي التي إذا وجدت بتمامها وجب الحج، وإلا فلا. (رد المحتار، مطلب فيمن حج بمال حرام: ۳/ ۴۵۸، سعيد)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــ

آپ کو چاہیے کہ کسی عالم دین، یا معاملہ فہم بزرگ خاندان کے سامنے باہمی اختلافات کو رکھ کر اسے طے کرائیں اور ایک دوسرے کے حقوق ادا کریں۔ نہ بیوی کی طرف سے نافرمانی جائز ہے اور نہ شوہر کی طرف سے مسلسل بے تعلقی اور بے التفاتی، چوں کہ وہ آپ کے نکاح میں ہیں؛ اس لیے آپ انہیں حج میں لے جا سکتے ہیں، ہوسکتا ہے یہ سفر سعادت ہی ان کے طور وطریق میں تبدیلی کا باعث ہو جائے۔

## والدین نے حج نہ کیا ہو تو کیا بیٹا اپنی بیوی کے ساتھ حج کو جا سکتا ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ میں:

میاں بیوی دونوں پانچ سال سے الگ رہتے ہیں اور بیوی کو ان کے والد صاحب نے ملکیت کے طور پر ان کے نام پر الگ پیسے دیے ہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ شوہر کی ساس سسر کہتے ہیں کہ تم حج کا فارم بھر دو اور حج پڑھ لو اور اتنے پیسے ہیں کہ حج آسانی سے ہوسکتا ہے اور حج کا فارم وغیرہ بھی بھر دیا ہے اور دیگر تمام کاراوائی بھی ہو چکی ہے۔ اب اصل بات یہ ہے کہ بیوی کے والد والدہ نے تو حج پڑھ لیا ہے اور شوہر کے والد والدہ نے حج نہیں پڑھا اور بات ایسی بنی ہے کہ اگر شوہر بیوی کہ ساتھ حج کو جاتا ہے تو ماں باپ ناراض ہوتے ہیں اور ناراض ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے ابھی تک حج نہیں پڑھا اور بیٹا حج کو جائے؟ یہ ظاہری وجہ ہے اور گاؤں میں ایک عام ذہن بنا ہوا ہے کہ جب تک ماں باپ حج نہ پڑھیں، وہاں تک اولاد حج کو نہیں جا سکتی اور اس خیال میں عوام وخواص سب ہی مبتلا ہیں اور سب کا کہنا ہے کہ اگر تم حج کو چلے گئے اور حج پڑھ لیا تو تمہارا حج قبول نہیں ہوگا اور شوہر کے پاس اتنی طاقت نہیں ہے کہ ان کو ساتھ میں حج پڑھائے اور شوہر کی تو یہ دعا ہے کہ اللہ تعالی والدین کو بھی حج نصیب فرمائے اور اللہ تعالی جب بھی ان کے لیے حج میں جانا مقدر فرمائیں گے، وہ حسب استطاعت ان کے خرچ میں پوری مدد کرے گا اور میاں بیوی جو حج میں جا رہے ہیں، اس میں شوہر کا کچھ بھی حصہ نہیں ہے، وہ بیوی کی ملکیت ہے، جس میں شوہر محرم بن کر ساتھ میں جا رہا ہے تو اس طرح ناراض کر کے حج کو جانے میں حج کے اندر کچھ خرابی آسکتی ہے؟ اور خواص وعوام کے اس طرح کہنے کی وجہ سے حج میں تاخیر کی جا سکتی ہے؟ کیا والدین کے حج کرنے کا انتظار کیا جا سکتا ہے؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر بیوی ساس سسر سے معافی مانگنے جائے، جو حقوق ادا نہیں ہوئے اس کی اور ساس سسر معاف نہ کریں تو بیوی کے حج میں کوئی خرابی آسکتی ہے؟

برائے کرم ان سوالات کے جوابات عنایت فرمائیں، بڑی احسان نوازی ہوگی۔

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً ومسلماً

حج اسلامی ارکان میں سے ایک اہم رکن ہے، جس کی فرضیت کے لیے شریعت مطہرہ کی طرف سے کچھ شرائط ضروری قرار دیے گئے ہیں، ان میں سے ایک شرط استطاعت؛ یعنی مالدار ہونا ہے، استطاعت سے مراد یہ ہے کہ زادِ راہ

(توشہ) اور راحلہ (سواری) پر اس طرح قدرت ہو کہ وہ اس کا مالک ہو، یا کرایہ پر لے کر قابض ہو، زادِ راہ اور سواری کا مالک ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس کے پاس اپنی حاجت سے زیادہ مال ہو؛ یعنی اس کے رہنے کا مکان، لباس، خادم اور گھر کے اسباب کے سوا اس قدر سرمایہ ہو کہ سواری پر مکہ مکرمہ کو جائے اور واپس آئے۔ (عمدۃ الفقہ: ۳۴-۳۳/۴)

حج فرض ہو جانے کے بعد اسی سال حج کرنا واجب ہے، بغیر عذر تاخیر کرنے سے گنہگار رہو گا۔ (انمول حج، ص:۲۰)

اگر بیٹے میں حج کی فرضیت کی شرطیں پائی جاتی ہیں تو اس پر حج فرض ہو جاتا ہے، چاہے اس کے ماں باپ نے حج کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ عوام میں جو یہ مشہور ہے کہ بیٹا جب تک کہ والد صاحب کو حج نہ کرائے اپنا حج بھی نہ کرے، یہ شریعت کے خلاف اور غلط مشہور ہے۔ ''فتاوی محمودیہ'' سے ایک سوال جواب نقل کیا جا رہا ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی کمائی سے حج کے لیے روپیہ اکٹھا کیا اور وہ حج کو جانا چاہتا ہے؛ مگر لوگ کہتے ہیں پہلے والد کو حج کرانا چاہیے، بعد میں خود کرے، اب اس کو کیا کرنا چاہیے، جب کہ اس کے پاس اتنی گنجائش نہیں کہ والد کو بھی ساتھ لے جاسکے؟

جواب: اس کو خود اپنا حج کرنا چاہیے، پھر اگر کسی وقت وسعت ہو اور اپنے والد کو بھی حج کرادے تو عین سعادت ہے۔ یہ بات کہ جب تک والد کو حج نہ کرائے اپنا حج بھی نہ کرے، شرعی مسئلہ نہیں؛ بلکہ بے علم عوام میں غلط مشہور ہے۔ (فتاوی محمودیہ: ۱۷۸/۳)

اِسی طرح ''آپ کے مسائل اور ان کا شرعی حل'' میں ہے:

سوال (۱) جو شخص غیر شادی شدہ ہو اور اس کے والدین زندہ ہوں اور والدین نے حج نہیں کیا ہو اور یہ شخص حج کرنا چاہے تو کیا اس کا حج ہو سکتا ہے؟

(۲) اگر والدین اس کو حج پر جانے کی اجازت دیں تو کیا وہ حج کر سکتا ہے؟

جواب: اگر یہ شخص صاحب استطاعت ہو تو خواہ اس کے والدین نے حج نہ کیا ہو اس کے ذمہ حج فرض ہے اور حج فرض کے لیے والدین کی اجازت شرط نہیں۔ (آپ کے مسائل اور ان کا شرعی حل: ۳۷/۴)

اِس لیے صورت مسئولہ میں بیوی صاحب استطاعت ہے اور اس پر حج فرض ہو چکا ہے، وہ اپنا فرض حج ادا کرنے کے لیے سفر میں اپنے شوہر کو بھی لے جا رہی ہے تو شوہر کو بیوی کے ساتھ حج کے لیے جانے میں شرعاً کوئی حرج یا گناہ نہیں، چاہے شوہر کے ماں باپ نے حج نہ کیا ہو، لوگوں کا یہ سمجھنا کہ ماں باپ نے اگر حج نہیں کیا ہے اور بیٹا حج کرلے گا تو اس کا حج قبول نہیں ہو گا یہ سب غلط اور بے اصل ہے، اور لوگوں کے اس طرح کہنے سے حج میں تاخیر کرنے کی وجہ سے عورت گنہگار رہو گی، اگر اس کا شوہر ماں باپ کا خیال کر کے حج میں آنے کے لیے تیار نہ ہو تو عورت کے لیے ضروری ہے کہ اپنے دوسرے محرم رشتہ دار باپ، بھائی یا چچا یا ماموں میں سے کسی کو ساتھ لے جائے اور اپنا فرض حج ادا کرے،

اور بیوی کو ایسا کرنے کے لیے شرعاً شوہر کی اجازت کی بھی ضرورت نہیں اگر شوہر اجازت نہ بھی دے تب بھی عورت جاسکتی ہے، بیوی سفرِ حج سے پہلے ساس سسر سے معافی تلافی کے لیے جائے، پھر بھی ساس سُسر معاف نہ کریں تو اس سے بیوی کے حج میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: العبد احمد عفی عنہ خانپوری۔ الجواب صحیح: عباس داؤد بسم اللہ، ۱۴۲۶/۶/۲۳ھ۔ (محمود الفتاویٰ: ۲/۳۰۴-۳۰۷)

## حج کو جاتے وقت والد، والدہ، بیوی کو کس کو ساتھ لے جائے:

سوال: میں حج کو جارہا ہوں دریافت طلب امر یہ ہے کہ میں اپنی والدہ، بیوی اور والد میں سے کس کو اپنے ہمراہ لے جانے کا پہلے حق حاصل ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

والدہ صاحبہ کو اپنے ساتھ لے جائیں تو بہتر ہے، خدا جانے پھر ان کو ساتھ جانے کے لیے محرم میسر آئے، یا نہ آئے۔(۱) ویسے آپ والد صاحب اور اہلیہ میں سے جس کو دل چاہے ساتھ لے جاسکتے ہیں۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند، ۱۳۹۱/۱۹ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۲۹۸)

## کیا اپنے حج کے لیے پہلے والد کو حج کرانا ضروری ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی کمائی سے حج کے لیے روپیہ اکٹھا کیا اور وہ حج کو جانا چاہتا ہے؛ مگر لوگ کہتے ہیں کہ پہلے والد کو حج کرانا چاہیے، بعد میں وہ خود کرے، اب اس کو کیا کرنا چاہیے جب کہ اس کے پاس اتنی گنجائش نہیں کہ والد کو بھی ساتھ لے جاسکے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس کو خود اپنا حج کرنا چاہیے، پھر اگر کسی وقت وسعت ہو اور اپنے والد کو بھی حج کرادے؛ تو عینِ سعادت ہے۔ یہ بات کہ "جب تک والد کو حج نہ کرائے، اپنا حج بھی نہ کرے" شرعی مسئلہ نہیں؛ بلکہ بے علم عوام میں غلط مشہور ہے۔ (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۳۰۴)

---

(۱) عن أبی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنه قال: جاء رجل إلٰی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم فقال: یارسول اللّٰہ! من أحق بحسن صحابتی؟ قال: "أمک" قال: ثم من؟ قال: "أمک" قال: ثم من؟ قال: "ثم أمک" قال: ثم من؟ قال: "ثم أبوک". (صحیح البخاری، کتاب الأدب باب من أحق الناس بحسن الصحبة: ۲/ ۸۸۳، قدیمی)

(۲) قال اللّٰہ تعالٰی: ﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت من الستطاع إلیه سبیلاً﴾ (سورۃ آل عمران: ۹۷)

(وقدرۃ زاد وراحلة) ... ولو لم یکن له زاد ولاراحلة، لایجب علیه. (حاشیة الشیخ الشلبی علٰی تبیین الحقائق: ۲/ ۲۳۵، کتاب الحج، دارالکتب العلمیة، بیروت)

## جھوٹا اندراج کر کے حجِ ثانی کرنا:

سوال: سائل نے ۱۹۶۰ء میں حجِ بیت اللہ کا شرف حاصل کیا، امسال پھر حج کی خواہش ہے، ارادہ ہے کہ کلکتہ سے جہاں میرے ایک چچازاد بھائی بسلسلۂ تجارت مقیم ہیں، وہاں سے حج کی درخواست دوں؛ مگر ایک دشواری یہ ہے کہ درخواست کے فارم میں ایک سوال یہ چھپا ہوتا ہے کہ کیا آپ نے اس سے پہلے کبھی حج کیا ہے''؟ اگر جواب اثبات میں دیا جائے تو درخواست منظور ہونے میں دشواری ہوتی ہے؛ بلکہ منظور ہونے کی امید ہی نہیں رہتی ہے، اگر نفی میں جواب دیں تو یہ جھوٹ ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا حج کا شرف حاصل کرنے کے لیے اتنا جھوٹ بولنے کے سلسلہ میں معذور قرار دیا جا سکتا ہوں، جب کہ جھوٹ کو جھوٹ اور غلط سمجھتا ہوں؟ بعض علما کا خیال ہے کہ یہ سوال مذہبی معاملات میں مداخلت ہے، لہٰذا اس سوال کے آگے (x) نشان اس نیت سے بنادے کہ میں اس سوال کا جواب نہیں دیتا، وہ سمجھیں گے کہ اس نے حج نہیں کیا ہے۔

(حاجی عبدالجلیل صاحب، مدن پورہ، ۱۳۱/۱۴۸، ۱۳۱ہاؤس: D/۳۱/۱۴۸، بنارس یوپی)

**الجواب ـــــــــــــــــــــــ حامداً ومصلیاً**

عمر بھر کا سوال نہیں ہوتا؛ بلکہ پانچ سال کا سوال ہوتا ہے، آپ نے پانچ سال میں حج نہیں کیا ہے، پس آپ کا اس میں انکار لکھ دینا صحیح ہوگا، جھوٹ نہیں۔ نیز جب آپ کلکتہ سے جا رہے ہیں، تو وہاں سے آپ نے کبھی بھی حج نہیں کیا، یہ بات بھی صحیح ہے، جھوٹ کی ضرورت نہیں۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳۹۲/۶/۱۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند ۱۳۹۲/۶/۱۳ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۲۶/۱۰)

## دروغ حلفی کر کے حجِ ثانی کرنا:

سوال: حج کے لیے یہ پابندی ہے کہ ایک مرتبہ حج کرنے کے بعد پانچ سال تک وہ حج کے لیے نہیں جا سکتا، حکومت نے اس سلسلہ میں ایک حلف نامہ بھی جاری کیا ہے، اگر ان پابندیوں کے باوجود کسی صورت میں ہم حج کے لیے چلے جائیں تو گناہ نہیں ہوگا اور حج ادا ہوگا کہ نہیں؟ حلف نامہ میں غلط بیانی کرنا درست ہے، یا نہیں؟

(حافظ محمد کلیم، کانپور)

---

(۱) (قولہ: ویوری) التوریة أن یظهر خلاف ما أضمر فی قلبه، إتقانی، قال فی العنایة: فجاز أن یراد بها هنا اطمئنان القلب وأن یراد الإتیان بلفظ یحتمل معنیین. (رد المحتار، باب مطلب: بیع المکره فاسد زوائده مضمونة بالتعدی: ۱۳۴/۶، سعید)

والتوریة أن یظهر خلاف مایضمر، فجاز أن یکون المراد بها ههنا اطمئنان القلب، وجاز أن یکون الاتیان بلفظ یحتمل معنیین. (فتح القدیر، کتاب الاکراہ، فصل: ۲۴۷/۹-۲۴۸، مصطفٰی البابی الحلبی مصر)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

دروغ، زبانی ہو یا تحریری، بہرحال دروغ ہے اور دروغ حلفی اس سے بھی زیادہ قبیح اور شنیع ہے، (۱) حج بدل کے لیے ایسے آدمی بھی بسہولت مل سکتے ہیں، جن کے لیے حلفیہ دروغ بینی کی ضرورت نہیں اور قانونی رکاوٹ بھی ان کے لیے نہیں ہوگی۔

پھر قانون کی مخالفت تو اور بھی خطرناک ہے، جعل کھل جانے پر مال، عزت دونوں کا خطرہ ہے، ایسا خطرہ مول لینا قرینِ دانش مندی نہیں؛ (۲) تاہم حج فرض ادا ہو ہی جائے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۳۲۷-۳۲۸)

## غلط نام اور پتہ بتا کر حج پر جانا:

سوال: لوگ اس وقت اپنا غلط نام پتہ اور ولدیت لکھوا کر اور بتلا کر حج بیت اللہ کے لیے جا رہے ہیں؛ کیوں کہ

(۱) عن عبد اللّٰه رضی اللّٰه عنه: قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: إن الصدق یهدی إلی البر، وأن البر یهدی إلی الجنة ... وإن الکذب یهدی إلی الفجور، وإن الفجور یهدی إلی النار. (الصحیح لمسلم، باب قبح الکذب وحسن الصدق وفضله: ۲/ ۳۲۵، قدیمی/مسند الإمام أحمد، مسند عبداللّٰه بن مسعود، رقم الحدیث: ۳۸۴۵/ صحیح البخاری، باب قول اللّٰه تعالیٰ: یا أیها الذین آمنوا، الخ. رقم الحدیث: ۶۰۹۴/مسند أبی یعلی الموصلی، مسند عبد اللّٰه بن مسعود، رقم الحدیث: ۵۱۳۸/مسند الشهاب القضاعی، أصدق الحدیث کتاب اللّٰه، رقم الحدیث: ۱۳۲۵/السنن الکبری للبیهقی، ۲۱۱۳۸، انیس)

عن أبی برزة قال: سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یقول: ألا إن الکذب یسود الوجه والنمیمة عذاب القبر. (مسند أبی یعلی الموصلی، حدیث أبی برزة الأسلمی، رقم الحدیث: ۷۴۴۰/صحیح ابن حبان، ذکر البیان بأن الکذب یسود الوجه، رقم الحدیث: ۵۷۳۵/شعب الإیمان، رقم الحدیث: ۴۴۷۳، انیس)

عن أبی هریرة قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: الکذب ینقص الرزق. (مساویء الأخلاق للخرائطی، باب ماجاء فی الکذب وقبح ما أتی به أهله، رقم الحدیث: ۱۱۳، انیس)/الزواجر عن اقتراب الکبائر، الکبیرة الأربعون بعد الأربع مائة: الکذب: ۲/ ۳۲۴، دارالفکر بیروت، انیس)

قال: سمعت أنس بن مالک رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: ذکر رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم الکبائر أو سئل عن الکبائر، فقال: "الشرک باللّٰه، وقتل النفس، وعقوق الوالدین". فقال: "ألا أنبئکم بأکبر الکبائر"؟ قال: "قول الزور". (صحیح البخاری، باب عقوق الوالدین من الکبائر: ۲/ ۸۸۴، قدیمی/مسند الإمام أحمد، مسند أنس بن مالک، رقم الحدیث: ۱۲۳۳۶/صحیح لمسلم، باب بیان الکبائر وأکبرها، رقم الحدیث: ۸۸/الإیمان لابن منده، ذکر الذنوب التی تخرج من الإیمان، رقم الحدیث: ۴۷۵/شعب الإیمان، رقم الحدیث: ۷۴۸۳، انیس)

(۲) قال ابن عابدین رحمه اللّٰه تعالیٰ: (قوله: أمر السلطان إنما ینفذ): أی یتبع ولا تجوز مخالفته ... التعلیل بوجوب طاعة ولی الأمر، و فی ط عن الحموی: أن صاحب البحر ذکر ناقلاً عن أئمتنا أن طاعة الإمام فی غیر معصیة واجبة، فلو أمر بصوم یوم، وجب. (رد المحتار، کتاب القضاء، مطلب: طاعة الإمام واجبة: ۵/ ۴۲۲، سعید)

دہلی کا کوٹہ ختم ہو چکا ہے؛ اس لیے دوسرے صوبوں کے کوٹہ سے لوگ جارہے ہیں۔

(۱) بتایا جائے کہ اس صورت سے حج کے لیے جانا چاہیے، یا نہیں؟

(۲) نیز کیا ایسی صورت میں اگر ہم نہ جائیں تو ہم گناہ گار تو نہیں ہوں گے اور حج ہم پر فرض ہے، یا نہیں؟

(المستفتی: حاجی محمد داؤد صاحب (ولی)، ۱۹۴۶/۹/۵ء)

**الجواب**

غلط نام اور پتہ لکھوا کر اور بتا کر حج کو جانا درست نہیں، اگر جھوٹ بول کر نہ جائیں تو گناہ گار نہ ہوں گے۔(۱) حج فرض ہے تو آئندہ سال ادا کر لینا چاہیے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۳۳۹/۴-۳۴۰)

## غلط نام بتا کر حج کرنے سے حج ادا ہو جائے گا؛ مگر جھوٹ بولنے کا گناہ ہوگا:

سوال: دہلی کا کوٹہ ختم ہو جانے کی وجہ سے زید دوسرے صوبہ سے اپنا نام ولدیت اور سکونت غلط لکھوا کر حج کو جانا چاہتا ہے حج فرض ہو یا نفلی اس طرح جانا جائز ہے یا نہیں؟

(المستفتی: حاجی محمد داؤد، دہلی، یکم ستمبر ۱۹۴۶ء)

**الجواب**

جھوٹ بول کر غلط بات بتا کر اور لکھوا کر جانا جائز نہیں۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

حج تو ہو جائے گا؛ مگر زید جھوٹ کا مرتکب رہے گا۔

محمد یونس غفرلہ، مدرس مدرسہ حضرت میاں صاحبؒ دہلی

**هو الموفق:** بیشک حج ہو جائے گا؛ مگر جھوٹ کی سزا ضرور لازم آئے گی۔فقط

محمد مظفر احمد غفرلہ، نائب امام مسجد فتح پوری، دہلی

حضرت مفتی اعظم قبلہ کا جواب صحیح ہے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ، دہلی (کفایت المفتی: ۳۵۴/۴-۳۵۵)

---

(۱) يندب دخول البيت إذا لم يشتمل علىٰ إيذاء نفسه،أوغيره.(وفي الشامية) ومثله فيما يظهر دفع الرشوة علىٰ دخوله.(كتاب الحج،مطلب في دخول البيت:٢/٦٢٤،ط:سعيد)

## ہندوستانی کا پاکستانی پاسپورٹ سے حج کرنا:

سوال: کوئی شخص ہندوستانی (یعنی ہندوستان کا باشندہ) ہے، وہ پاکستان سے پاکستانی پاسپورٹ بنوا کر حج کو جائے تو حج درست ہوگا، یانہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس کا حج درست ہوجائے گا۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۱۳۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۱۳۹۰ھ۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/۴۴۹)

## محرم کے بغیر حج کے لیے جانے کی کراہت میں عرب وعجم برابر ہیں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ معمر بیوہ گاں کی طبعی حالت نکاح کا متحمل نہیں ہوتا، لہٰذا اگر وہ معتمد آدمی کے ساتھ حج کے لیے جائیں تو کیوں جائز نہیں ہے؟ اور یہ عدم جواز کا مسئلہ صرف عجم کے لیے ہے یا عرب کے لیے بھی ہے؛ کیوں کہ مکہ مکرمہ میں بھی بیوہ عورتیں ہوں گے، جن کا کوئی محرم نہیں ہوگا، وہ تو وہاں حج ادا کرتی ہیں، کیا ان کے لیے بھی بغیر محرم کے حج ممنوع ہے؟ ہمارے ہاں یہ مشہور ہے کہ ایسی معمر بیوہ کا حج قبول نہیں جو نکاح نہ کرے، یا محرم ساتھ نہ ہو؟ بینوا توجروا۔　　(المستفتی: عبدالکریم پشاور)

الجواب ــــــــــــــــــــ

محترم المقام وعلیکم السلام کے بعد واضح رہے کہ عورت کے لیے خاوند اور محرم کے بغیر حج کے لیے جانا مکروہ تحریمی ہے، اس حکم میں عجم اور عرب کا کوئی فرق نہیں ہے، البتہ جس عورت کا مقام مقدار سفر سے کم دور ہو تو اس کے لیے زوج اور محرم شرط نہیں ہے۔

فی الدرالمختار: مع زوج او محرم بالغ عاقل غیر مجوسی ولا فاسق... لامرأة حرة ولو عجوزاً فی سفر... ولو حجت بلا محرم جاز مع الکراهة. (مختصراً)(۲) وھوالموفق (فتاویٰ فریدیہ: ۴/۲۳۰-۲۳۱)

(۱) حج تو صحیح ہوجائے گا؛ لیکن قوانینِ حکومت کی خلاف ورزی کی بنا پر گناہ ہوگا۔ قبول حج کے نظائر میں سے یہ ہے:

وقد یتصف بالحرمة کالحج بمال حرام. (الدرالمختار) فقد یقال: أن الحج نفسه الذی هوزیارة مکان مخصوص ... لیس حراماً بل الحرام هوانفاق المال الحرام، ولا تلازم بینهما، کما أن الصلاة فی الأرض المغصوبه تقع فرضاً، وانما الحرام شغل المکان المغصوب لا من حیث کون الفعل صلاة؛ لأن الفرض لا یمکن اتصافه بالحرمة، وهنا کذلک، فان الحج فی نفسه مأمور به، وانما یحرم من حیث الانفاق، وکأنه أطلق علیه الحرمة؛ لأن للمال دخلا فیه، فان الحج عبادة مرکبة من عمل البدن والمال کما قدمناه، ولذا قال فی البحر: ویجتهد فی تحصیل نفقة حلال، فانه لا یقبل بالنفقة الحرام، کما ورد فی الحدیث، مع أنه یسقط الفرض عنه معها، ولا تَنافِیَ بین سقوطه وعدم قبوله، فلا یثاب لعدم القبول، ولا یعاقب عقاب تارک الحج، الخ. (رد المحتار، کتاب الحج، مطلب فیمن حج بمال حرام: ۲/۴۵٦، دار الفکر بیروت، انیس)

(۲) وفی الهندیة: اذا وجد مایحج به وقد قصد التزوج یحج به ولا یتزوج لان الحج فریضة اوجبها الله تعالیٰ علی عبده، کذا فی التبیین. (الفتاویٰ الهندیة: ۱/۲۱۷، بحث ومنها القدرة علی الزاد والراحلة)

# اردو کتب فتاویٰ

| نمبرشمار | کتب فتاویٰ | مفتیان کرام | مطبع |
|---|---|---|---|
| (۱) | فتاویٰ عزیزی | حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ محدث دہلوی | ایم ایچ سعید کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی |
| (۲) | فتاویٰ رشیدیہ | حضرت مولانا رشیداحمد بن ہدایت احمد بن قاضی پیر بخش گنگوہی | محمد اسحاق صدیقی اینڈ سنز، تاجران کتب، وما لکان کتب خانہ رحیمیہ، دیوبند، سہارنپور، انڈیا |
| (۳) | تالیفات رشیدیہ | حضرت مولانا رشیداحمد بن ہدایت احمد بن قاضی پیر بخش گنگوہی | مکتبہ الحق ماڈرن ڈیری، جوگیشوری ممبئی۱۰۲ |
| (۴) | باقیات فتاویٰ رشیدیہ | حضرت مولانا رشیداحمد بن ہدایت احمد بن قاضی پیر بخش گنگوہی | حضرت مفتی الٰہی بخش اکیڈمی کاندھلہ ضلع پربدھ نگر (مظفرنگر) یوپی، انڈیا |
| (۵) | عزیز الفتاویٰ | حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی ابن فضل الرحمٰن عثمانی | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۶) | فتاویٰ دارالعلوم دیوبند | حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی ابن فضل الرحمٰن عثمانی | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۷) | امداد الفتاویٰ | حضرت مولانا محمد اشرف علی بن عبدالحق التھانوی | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۸) | الحیلۃ الناجزۃ | حضرت مولانا محمد اشرف علی بن عبدالحق التھانوی | مکتبہ رضی دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۹) | امداد الاحکام | حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی بن لطیف احمد، مولانا عبدالکریم گمتھلوی | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۱۰) | آلات جدیدہ کے شرعی احکام | حضرت مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندی بن محمد یاسین عثمانی | مکتبہ تفسیر القرآن، نزد چھتہ مسجد، دیوبند، یوپی |
| (۱۱) | جواہر الفقہ | حضرت مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندی بن محمد یاسین عثمانی | مکتبہ تفسیر القرآن، نزد چھتہ مسجد، دیوبند، یوپی |
| (۱۲) | امداد المفتیین | حضرت مفتی محمد شفیع دیوبندی بن محمد یاسین عثمانیؒ | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۱۳) | مجموعۂ فتاویٰ عبدالحیٔ | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | مکتبہ تھانوی، دیوبند، یوپی، انڈیا |
| (۱۴) | فتاویٰ مظاہر علوم | ابوابراہیم خلیل احمد بن مجید علی انبہٹوی محدث سہارنپوریؒ | شعبۂ نشر واشاعت مظاہر علوم سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۱۵) | فتاویٰ محمودیہ | حضرت مولانا مفتی محمود حسن بن حامد حسن گنگوہی | مکتبہ شیخ الاسلام دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۱۶) | فتاویٰ امارت شرعیہ | حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد بن مولوی حسین بخش ودیگر مفتیان | شعبۂ نشر واشاعت امارت شرعیہ پھلواری شریف، پٹنہ |
| (۱۷) | کفایت المفتی | حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ دہلوی بن شیخ عنایت اللہ | حفیظ الرحمٰن واصف، کوہ نور پریس، دہلی، انڈیا |
| (۱۸) | فتاویٰ باقیات صالحات | حضرت مولانا شاہ عبدالوہاب قادری ویلوری بن عبدالقادر | جامعہ باقیات صالحات، ویلور، بنگلور، انڈیا |
| (۱۹) | فتاویٰ احیاء العلوم | حضرت مولانا مفتی محمد یٰسین مبارک پوری بن عبدالسبحان | جامعہ احیاء العلوم، مبارکپور، یوپی، انڈیا |
| (۲۰) | منتخبات نظام الفتاویٰ | حضرت مولانا مفتی نظام الدین اعظمی | ایفا پبلیکیشن، جوگابائی، نئی دہلی، انڈیا |
| (۲۱) | نظام الفتاویٰ | حضرت مولانا مفتی نظام الدین اعظمی | ایفا پبلیکیشن، جوگابائی، نئی دہلی، انڈیا |

| | | |
|---|---|---|
| (۲۲) خیر الفتاویٰ | حضرت مولانا خیر محمد جالندھری | مکتبہ الحق ماڈرن ڈیری، جوگیشوری، ممبئی ۱۰۲ |
| (۲۳) فتاویٰ شیخ الاسلام | شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی بن سید حبیب اللہ | مکتبہ شیخ الاسلام، دیوبند، یوپی، انڈیا |
| (۲۴) فتاویٰ حقانیہ | حضرت مولانا عبد الحق بن حاجی معروف گل پاکستانی | دکن ٹریڈرس بک سیلر اینڈ پبلیشرز، نزد واٹر ٹینک مغل پورہ، حیدرآباد |
| (۲۵) احسن الفتاویٰ | حضرت مولانا مفتی رشید احمد بن مولانا محمد سلیم پاکستانی | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، یوپی، انڈیا |
| (۲۶) فتاویٰ عثمانی | حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی بن محمد شفیع دیوبندی | کتب خانہ نعیمیہ دیوبند، سہارنپور، یوپی، اندیا |
| (۲۷) فتاویٰ قاضی | قاضی القضاۃ حضرت مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمی | ایفا پبلیکیشن، جوگابائی، نئی دہلی، انڈیا |
| (۲۸) فتاویٰ رحیمیہ | حضرت مولانا مفتی عبد الرحیم صاحب لاجپوریؒ | مکتبہ رحیمیہ منشی اسٹریٹ راندیر، سورت گجرات |
| (۲۹) کتاب الفتاویٰ | مولانا مفتی خالد سیف اللہ رحمانی صاحب | کتب خانہ نعیمیہ دیوبند، سہارنپور، یوپی، اندیا |
| (۳۰) محمود الفتاویٰ | مولانا مفتی احمد خانپوری صاحب | مکتبہ نور، محمود نگر، متصل جامعہ، ڈابھیل |
| (۳۱) حبیب الفتاویٰ | مولانا مفتی حبیب اللہ قاسمی صاحب | سمیع پبلیکیشنز (پرائیویٹ) لمیٹیڈ، دریا گنج، نئی دہلی |
| (۳۲) فتاویٰ فرنگی محل | حضرت مولانا محمد عبد القادر صاحب فرنگی محلی | مطبع نامی نخاس لکھنؤ، یوپی، انڈیا |
| (۳۳) فتاویٰ ندوۃ العلماء | حضرت مولانا مفتی محمد ظہور ندوی صاحب | مجلس صحافت ونشریات، ندوۃ العلماء مارگ، پوسٹ باکس نمبر ۹۳ لکھنؤ، انڈیا |
| (۳۴) فتاویٰ بینات | مفتیان جامعہ علوم اسلامیہ، بنوری ٹاؤن، پاکستان | مکتبہ بینات، جامعۃ العلوم الاسلامیۃ، علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی، پاکستان |
| (۳۵) فتاویٰ فریدیہ | مولانا مفتی محمد فرید صاحب پاکستانی | مولانا حافظ حسین احمد صدیقی نقشبندی مہتمم دار العلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی، پاکستان |
| (۳۶) فتاویٰ مفتی محمود | مولانا مفتی محمود صاحب پاکستانی | جمعیت پبلیکیشنز وحدت روڈ، لاہور، پاکستان |
| (۳۷) آپ کے مسائل اوران کا حل | حضرت مولانا محمد یوسف بن چودھری اللہ بخش لدھیانوی | مکتبہ لدھیانوی ایم اے جناح روڈ، کراچی، پاکستان |
| (۳۸) مرغوب الفتاویٰ | مولانا مفتی مرغوب الرحمٰن صاحب لاجپوری | جامعۃ القرأت کفلیۃ، مولانا عبد الحیٔ نگر، سورت، گجرات |
| (۳۹) فتاویٰ دار العلوم زکریا | مولانا مفتی رضاء الحق صاحب، افریقہ | ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس، دہلی-۶، انڈیا |
| (۴۰) فتاویٰ شاکر خان | مولانا مفتی محمد شاکر خان صاحب پونہ، انڈیا | مدرسہ بیت العلوم کونڈوا، خرد سروے نمبر ۱۴۲، شوکا میوز کے پیچھے، پونہ ۴۸، انڈیا |
| (۴۱) فتاویٰ ریاض العلوم | مفتیان کرام مدرسہ عربیہ ریاض العلوم، گورینی، جونپور | مدرسہ عربیہ ریاض العلوم، چوکیہ گورینی، جونپور (یوپی) |
| (۴۲) فتاویٰ بسم اللہ | حضرت مولانا اسماعیل بن محمد بسم اللہ | جامعۃ القرءات، مولانا عبد الحیٔ نگر، کفلیۃ، سورت گجرات |
| (۴۳) فتاویٰ یوسفیہ | مولانا مفتی محمد یوسف صاحب تاؤلوی | مکتبہ فقیہ الامت دیوبند |
| (۴۴) کتاب النوازل | مولانا مفتی سید محمد سلمان منصور پوری | زکریا بک ڈپو، دیوبند، سہارنپور، انڈیا |

# مصادر ومراجع

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| | | **﴿قرآن (مع تفاسیر وعلوم قرآن)﴾** | |
| (۱) | القرآن الکریم | کتاب اللہ | وحی الٰہی |
| (۲) | جامع البیان فی تأویل القرآن | ابوجعفر الطبری، محمد بن جریر بن یزید بن کثیر بن غالب الآملی | ۳۱۰ھ |
| (۳) | احکام القرآن | ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ بن عبدالملک بن سلمۃ الازدی الحجری المصری الطحاوی | ۳۲۱ھ |
| (۴) | احکام القرآن | ابوبکر احمد بن علی الرازی الجصاص الحنفی | ۳۷۰ھ |
| (۵) | التفسیر الکبیر (مفاتیح الغیب) | أبوعبداللہ، محمد بن عمر بن الحسن بن الحسین التیمی الرازی، فخر الدین الرازی | ۶۰۶ھ |
| (۶) | انوار التنزیل واسرار التأویل (تفسیر بیضاوی) | ناصر الدین ابوسعید عبداللہ بن عمر بن محمد الشیرازی البیضاوی | ۶۸۵ھ |
| (۷) | تفسیر القرآن العظیم | ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر القرشی البصری ثم الدمشقی | ۷۷۴ھ |
| (۸) | تفسیر الجلالین | جلال الدین محمد بن احمد المحلی / جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۸۶۴ھ/۹۱۱ھ |
| (۹) | الإتقان فی علوم القرآن | جلال الدین سیوطی، عبدالرحمٰن بن ابوبکر | ۹۱۱ھ |
| (۱۰) | شیخ زادہ علی تفسیر البیضاوی | شیخ زادہ، محی الدین بن مصطفیٰ مصلح الدین القوجوی | ۹۵۱ھ |
| (۱۱) | تفسیر مظہری | قاضی محمد ثناء اللہ مظہری پانی پتی | ۱۲۲۵ھ |
| (۱۲) | فتح القدیر | محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ الشوکانی | ۱۲۵۰ھ |
| (۱۳) | روح المعانی | محمود بن عبداللہ شہاب الدین ابوالثناء الحسینی الآلوسی | ۱۲۷۰ھ |
| | | **﴿عقائد (مع شروحات)﴾** | |
| (۱۴) | فقہ اکبر | ابوحنیفہ، نعمان بن ثابت بن زوطی بن ہرمز | ۱۵۰ھ |
| (۱۵) | العقیدۃ الطحاویۃ | ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ الطحاوی | ۳۲۱ھ |
| (۱۶) | الشریعہ | ابوبکر محمد بن الحسین بن عبداللہ الآجری البغدادی المکی | ۳۶۰ھ |
| (۱۷) | أبوالمعین علی ہامش شرح العقائد | ابوالمعین میمون بن محمد بن محمد بن معتمد بن محمد ابن مکحل ۔ الفضل النسفی المکحولی | ۵۰۸ھ |
| (۱۸) | شرح فقہ اکبر | نورالدین علی بن سلطان محمد الہروی القاری، ملاعلی قاری | ۱۰۱۴ھ |
| (۱۹) | منح الروض الأزہر فی شرح فقہ أکبر | نورالدین علی بن سلطان محمد الہروی القاری، ملاعلی قاری | ۱۰۱۴ھ |
| (۲۰) | مبدأ ومعاد | حضرت مجدد الف ثانی احمد فاروقی سرہندی | ۱۰۳۴ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|

## ﴿متون واطراف واجزاء حدیث﴾

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۱) | مسند ابوحنیفہ بروایۃ الحصکفی وابی نعیم | امام اعظم ابوحنیفہ، نعمان بن ثابت بن زوطی بن ہرمز | ۱۵۰ھ |
| (۲۲) | جامع معمر بن راشد | ابوعروۃ البصری معمر بن اَبی عمرو راشد الأزدی | ۱۵۳ھ |
| (۲۳) | موطأ امام مالک | امام دار الہجرہ، مالک بن انس بن مالک بن عامر الاصبحی المدنی | ۱۷۹ھ |
| (۲۴) | کتاب الآثار بروایۃ اَبی یوسف | ابو یوسف القاضی، یعقوب بن ابراہیم بن حبیب بن سعد بن حبتۃ انصاری | ۱۸۲ھ |
| (۲۵) | الزھد والرقائق لابن المبارک | ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن المبارک بن واضح الحنظلی الترکی ثم المروزی | ۱۸۱ھ |
| (۲۶) | کتاب الآثار بروایۃ امام محمد | ابوعبداللہ محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی | ۱۸۹ھ |
| (۲۷) | موطأ امام مالک رموطأ امام محمد | ابوعبداللہ محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی | ۱۸۹ھ |
| (۲۸) | الجامع لابن وھب | ابومحمد عبداللہ بن وھب بن مسلم المصری القرشی | ۱۹۷ھ |
| (۲۹) | مسند الشافعی بترتیب السندی | امام شافعی ابوعبداللہ محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع بن عبدالمطلب بن | ۲۰۴ھ |
| (۳۰) | السنن الماثورۃ بروایۃ المزنی | عبد مناف الشافعی القرشی المکی | |
| (۳۱) | مسند ابوداؤد الطیالسی | ابوداؤد سلیمان بن داؤد بن الجارود الطیالسی البصری | ۲۰۴ھ |
| (۳۲) | مصنف عبدالرزاق صنعانی | عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الصنعانی | ۲۱۱ھ |
| (۳۳) | مسند الحمیدی | ابوبکر عبداللہ بن الزبیر بن عیسیٰ بن عبیداللہ القرشی الأسدی الحمیدی المکی | ۲۱۹ھ |
| (۳۴) | الصلوٰۃ | ابونعیم الفضل بن عمرو بن حماد بن زہیر بن درہم القرشی المروف بابن دکین | ۲۱۹ھ |
| (۳۵) | مسند ابن الجعد | علی بن الجعد بن عبید الجوھری البغدادی | ۲۳۰ھ |
| (۳۶،۳۷) | مصنف ابن ابی شیبہ رمسند ابن ابی شیبہ | حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ ابراہیم بن عثمان بن خوستی | ۲۳۵ھ |
| (۳۸) | مسند اسحاق بن راھویہ | ابویعقوب اسحاق بن ابراہیم بن محمد بن ابراہیم الحنظلی المروزی، ابن راھویہ | ۲۳۸ھ |
| (۳۹) | مسند امام احمد | امام احمد، ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل الشیبانی الذھلی | ۲۴۱ھ |
| (۴۰) | فضائل الصحابۃ | امام احمد، ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل الشیبانی الذھلی | ۲۴۱ھ |
| (۴۱) | المنتخب من مسند عبد بن حمید | ابومحمد عبدالحمید بن نصر الکسی | ۲۴۹ھ |
| (۴۲) | صحیح البخاری | ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ الجعفی البخاری | ۲۵۶ھ |
| (۴۳) | الادب المفرد | ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ الجعفی البخاری | ۲۵۶ھ |
| (۴۴) | صحیح مسلم | ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری بن دردین النیشافوری | ۲۶۱ھ |
| (۴۵) | أخبار مکۃ فی قدیم الدھر وحدیثہ | ابوعبداللہ محمد بن اسحاق بن العباس المکی الفاکھی | ۲۷۲ھ |

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۴۶) | سنن ابن ماجہ | حافظ ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ الربعی القزوینی، ابن ماجہ | ۲۷۳ھ |
| (۴۷) | سنن ابوداؤد،مراسیل ابوداؤد | ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد بن عمرو الازدی السجستانی | ۲۷۵ھ |
| (۴۸) | سنن الترمذی | ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ الترمذی | ۲۷۹ھ |
| (۴۹) | شمائل الترمذی | ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ الترمذی | ۲۷۹ھ |
| (۵۰) | مسند الحارث | ابومحمد الحارث بن محمد بن داھر التمیمی البغدادی الخطیب المعروف با بن ابی اسامہ | ۲۸۲ھ |
| (۵۱) | البدع | ابوعبداللہ محمد بن وضاح بن بزیع المروانی القرطبی | ۲۸۶ھ |
| (۵۲) | الآحاد والمثانی | ابوبکر بن أبي عاصم، احمد بن عمرو بن الضحاک بن مخلد الشیبانی | ۲۸۷ھ |
| (۵۳) | السنۃ | ابوبکر بن أبي عاصم، احمد بن عمرو بن الضحاک بن مخلد الشیبانی | ۲۸۷ھ |
| (۵۴) | البحر الزخار المعروف بمسند البزار | ابوبکر احمد بن عمرو بن عبدالخالق بن خلاد بن عبیداللہ العتکی، البزار | ۲۹۲ھ |
| (۵۵) | تعظیم قدر الصلاۃ | ابوعبداللہ محمد بن نصر بن الحجاج المروزی | ۲۹۴ھ |
| (۵۶) | مختصر قیام اللیل وقیام رمضان وکتاب الوتر | ابوعبداللہ محمد بن نصر بن الحجاج المروزی | ۲۹۴ھ |
| (۵۷) | القدر | ابوبکر جعفر بن محمد بن الحسن بن المستفاض الفریابی | ۳۰۱ھ |
| (۵۸) | سنن النسائی | احمد بن شعیب بن علی بن سنان النسائی | ۳۰۳ھ |
| (۵۹) | عمل الیوم واللیلۃ | احمد بن شعیب بن علی بن سنان النسائی | ۳۰۳ھ |
| (۶۰) | المسند | حافظ ابویعلی احمد بن علی الموصلی | ۳۰۷ھ |
| (۶۱) | المنتقی | ابن الجارود ابومحمد عبداللہ بن علی النیشاپوری | ۳۰۷ھ |
| (۶۲) | مسند الرویانی | ابوبکر محمد بن ہارون الرویانی | ۳۰۷ھ |
| (۶۳) | الکنی والأسماء | ابوبشر محمد بن احمد بن حماد بن سعید بن مسلم الانصاری الدولابی الرازی | ۳۱۰ھ |
| (۶۴) | صحیح ابن خزیمۃ | محمد بن اسحٰق بن المغیرۃ بن صالح بن بکر السلمی النیسافوری الشافعی | ۳۱۱ھ |
| (۶۵) | التوحید | محمد بن اسحٰق بن المغیرۃ بن صالح بن بکر السلمی النیسافوری الشافعی | ۳۱۱ھ |
| (۶۶) | السنۃ لابن ابی بکر بن الخلال | ابوبکر احمد بن محمد بن ہارون بن یزید الخلال البغدادی الحنبلی | ۳۱۱ھ |
| (۶۷) | مسند السراج/حدیث السراج | ابوالعباس محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن مہران الخراسانی النیسابوری | ۳۱۳ھ |
| (۶۸) | مستخرج ابوعوانہ | ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم النیسابوری الاسفرائنی | ۳۱۶ھ |
| (۶۹) | شرح معانی الآثار | ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ الطحاوی | ۳۲۱ھ |
| (۷۰) | شرح مشکل الآثار | ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ الطحاوی | ۳۲۱ھ |
| (۷۱) | مکارم الأخلاق/مساوی ءالاخلاق | ابوبکر محمد بن جعفر بن محمد بن سہل بن شاکر الخرائطی السامری | ۳۲۷ھ |

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۷۲) | مسند الشاشی | ابوسعید الہیثم بن کلیب بن سریج بن معقل الشاشی البنکثی | ۳۳۵ھ |
| (۷۳) | معجم ابن الأعرابی | ابوسعید بن الأعرابی احمد بن محمد بن زیاد بن بشر بن درھم البصری الصوفی | ۳۴۰ھ |
| (۷۴) | صحیح ابن حبان | ابوحاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان بن معاذ التمیمی الدارمی البستی | ۳۵۴ھ |
| (۷۵) | المعجم الأوسط/المعجم الکبیر | سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطر ابوالقاسم الطبرانی | ۳۶۰ھ |
| (۷۶) | الدعاء | سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطر ابوالقاسم الطبرانی | ۳۶۰ھ |
| (۷۷) | مسند الشامیین | سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطر ابوالقاسم الطبرانی | ۳۶۰ھ |
| (۷۸) | عمل الیوم واللیلۃ | ابن السنی، احمد بن محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن اسباط بن عبداللہ | ۳۶۴ھ |
| (۷۹) | سنن الدارقطنی | ابوالحسن علی بن عمر بن احمد بن مہدی بن مسعود البغدادی الدارقطنی | ۳۸۵ھ |
| (۸۰) | الترغیب فی فضائل الاعمال وثواب ذلک | ابن شاہین، ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان بن احمد بن محمد بن ایوب بن ازداد البغدادی | ۳۸۵ھ |
| (۸۱) | شرح مذاھب أھل السنۃ | ابن شاہین، ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان بن احمد بن محمد بن ایوب بن ازداد البغدادی | ۳۸۵ھ |
| (۸۲) | الإبانۃ الکبریٰ | ابوعبداللہ عبیداللہ بن محمد بن محمد بن حمدان العکبری المعروف بابن بطۃ | ۳۸۷ھ |
| (۸۳) | معالم السنن | ابوسلیمان حمد بن محمد بن ابراہیم بن الخطاب البستی المعروف بالخطابی | ۳۸۸ھ |
| (۸۴) | المستدرک علی الصحیحین | محمد بن عبداللہ بن حمدویہ الحاکم النیسافوری | ۴۰۵ھ |
| (۸۵) | الإیمان | ابوعبداللہ محمد بن اسحاق بن محمد بن یحی بن مندہ العبدی | ۳۹۵ھ |
| (۸۶) | شرح أصول اعتقاد أھل السنۃ والجماعۃ | ابوالقاسم ھبۃ اللہ بن الحسن بن منصور الطبری الرازی اللالکائی | ۴۱۸ھ |
| (۸۷) | حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء | ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران أصفہانی | ۴۳۰ھ |
| (۸۸) | المسند المستخرج علی صحیح مسلم | ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران أصفہانی | ۴۳۰ھ |
| (۸۹) | امالی | ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران بن محمد بن بشران بن مھران البغدادی | ۴۳۰ھ |
| (۹۰) | مسند الشھاب | ابوعبداللہ محمد بن سلامۃ بن جعفر بن علی بن حکمون القضاعی المصری | ۴۵۴ھ |
| (۹۱) | السنن الکبریٰ/السنن الصغیر | ابوبکر احمد بن الحسین بن علی بن موسیٰ الخراسانی البیہقی | ۴۵۸ھ |
| (۹۲) | شعب الإیمان | ابوبکر احمد بن الحسین بن علی بن موسیٰ الخراسانی البیہقی | ۴۵۸ھ |
| (۹۳) | معرفۃ السنن والآثار | ابوبکر احمد بن الحسین بن علی بن موسیٰ الخراسانی البیہقی | ۴۵۸ھ |
| (۹۴) | الدعوات الکبیر | ابوبکر احمد بن الحسین بن علی بن موسیٰ الخراسانی البیہقی | ۴۵۸ھ |
| (۹۵) | المدخل إلی السنن الکبریٰ | ابوبکر احمد بن الحسین بن علی بن موسیٰ الخراسانی البیہقی | ۴۵۸ھ |
| (۹۶) | جامع بیان العلم وفضلہ | ابوعمر یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر بن عاصم النمری القرطبی | ۴۶۳ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۹۷) | تفسیر غریب ما فی الصحیحین | محمد بن فتوح بن عبداللہ بن فتوح بن حمید الازدی المیورقی الحمیدی | ۴۸۸ |
| (۹۸) | الفردوس بمأثور الخطاب | ابوشجاع، شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ بن فناخسروالدیلمی الہمدانی | ۵۰۹ھ |
| (۹۹) | شرح السنۃ | محی الدین ابومحمد الحسین بن مسعود بن محمد بن الفراء البغوی الشافعی | ۵۱۶ھ |
| (۱۰۰) | سنن الدارمی | عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن الفضل بن بہزام التمیمی السمرقندی الدارمی | ۵۵۲ھ |
| (۱۰۱) | المعجم | ابوالقاسم، علی بن الحسن بن ھبۃ اللہ المعروف باابن عساکر | ۵۷۱ھ |
| (۱۰۲) | کنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال | علاء الدین علی المتقی بن حسام الدین الہندی | ۵۷۹ھ |
| (۱۰۳) | جامع الأصول فی أحادیث الرسول | مجدالدین ابوالسعادات المبارک بن محمد بن محمد بن عبدالکریم الشیبانی الجزری ابن الاثیر | ۶۰۶ھ |
| (۱۰۴) | مشکوٰۃ المصابیح | ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی | ۷۲۰ھ |
| (۱۰۵) | منہاج السنۃ | تقی الدین ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم بن تیمیہ الحرانی الحنبلی الدمشقی | ۷۲۸ھ |
| (۱۰۶) | الجوھر النقی | علاء الدین علی بن عثمان بن ابراہیم بن مصطفیٰ الماردینی ابن الترکمانی | ۷۵۰ |
| (۱۰۷) | جامع المسانید والسنن الھادی لأقوم السنن | ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر القرشی الدمشقی | ۷۷۴ھ |
| (۱۰۸) | نصب الرایۃ فی تخریج أحادیث الھدایۃ | جمال الدین ابومحمد عبداللہ بن یوسف بن محمد الزیلعی | ۷۶۲ھ |
| (۱۰۹) | البدر المنیر مختصر تلخیص الذھبی | ابن الملقن سراج الدین ابوحفص عمر بن علی بن احمد الشافعی المصری | ۸۰۴ھ |
| (۱۱۰) | تخریج أحادیث إحیاء علوم الدین | عبدالرحیم بن الحسین بن عبدالرحمٰن الحافظ العراقی | ۸۰۶ھ |
| | | تاج الدین ابونصر عبدالوھاب ابن تقی الدین السبکی | ۷۷۱ھ |
| | | السید محمد مرتضی الزبیدی | ۱۲۰۵ھ |
| (۱۱۱) | مجمع الزوائد ومنبع الفوائد | نورالدین محمد بن ابوبکر بن سلیمان الہیثمی | ۸۰۷ھ |
| (۱۱۲) | مواردالظمآن إلی زوائد ابن حبان | ابوالحسن نورالدین علی بن أبی بکر بن سلیمان الھیثمی | ۸۰۷ھ |
| (۱۱۳) | الدرایۃ فی تخریج احادیث الھدایۃ | ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۱۱۴) | التلخیص الحبیر | ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۱۱۵) | المقاصد الحسنۃ | محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد شمس الدین السخاوی | ۹۰۲ھ |
| (۱۱۶) | الجامع الصغیر/الفتح الکبیر | جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۹۱۱ھ |
| (۱۱۷) | تنویر الحوالک شرح موطأ الامام مالک | جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۹۱۱ھ |
| (۱۱۸) | جمع الفوائد من جامع الأصول ومجمع الزوائد | العلامۃ محمد بن محمد سلیمان المغربی | ۱۰۹۴ھ |
| (۱۱۹) | آثار السنن | محمد بن علی الشہیر بظہیر احسن النیموی البہاری الحنفی | ۱۳۲۲ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۱۲۰) | اعلاء السنن | مولانا ظفر احمد بن محمد لطیف عثمانی تھانوی | ۱۳۹۴ھ |

## ﴿شروح وعلل حدیث﴾

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۱۲۱) | شرح صحیح البخاری | ابن بطال ابوالحسن علی بن خلف بن عبدالملک | ۴۴۹ھ |
| (۱۲۲) | النووی شرح مسلم | محی الدین ابوزکریا یحیٰ بن شرف النووی الشافعی الدمشقی | ۶۷۶ھ |
| (۱۲۳) | احکام الاحکام شرح عمدۃ الاحکام | تقی الدین ابوالفتح الشہیر بابن دقیق العید | ۷۰۲ھ |
| (۱۲۴) | المفاتیح شرح المصابیح | الحسین بن محمد بن الحسن مظہر الدین الزیدانی الکوفی الضریرالشیر ازی الحنفی | ۷۲۷ھ |
| (۱۲۵) | الکاشف عن حقائق السنن شرح الطیبی | شرف الدین حسین بن عبداللہ بن محمد الحسن الطیبی | ۷۴۳ھ |
| (۱۲۶) | فتح الباری | زین الدین عبدالرحمٰن بن احمد بن رجب بن الحسن السلامی البغدادی ثم الدمشقی الحنبلی | ۷۹۵ھ |
| (۱۲۷) | المحلی شرح الموطأ | ابوعبداللہ محمد بن سلیمان بن خلیفہ المالکی | |
| (۱۲۸) | فتح الباری شرح صحیح البخاری | ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۱۲۹) | تقریب التہذیب | ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۱۳۰) | تہذیب التہذیب | ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۱۳۱) | شرح المصابیح | محمد بن عزالدین عبداللطیف بن عبدالعزیز بن امین الدین بن فرشتا الرومی الکرمانی الحنفی المشہور بابن ملک | ۸۵۴ھ |
| (۱۳۲) | عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری | بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد بن موسیٰ بن احمد بن حسین العینی | ۸۵۵ھ |
| (۱۳۳) | شرح سنن أبي داؤد | بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد بن موسیٰ بن احمد بن حسین العینی | ۸۵۵ھ |
| (۱۳۴) | قوت المغتذی شرح جامع الترمذی | جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۹۱۱ھ |
| (۱۳۵) | الآلی المصنوعۃ فی الأحادیث الموضوعۃ | جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۹۱۱ھ |
| (۱۳۶) | مصباح الزجاجۃ شرح سنن ابن ماجۃ | جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۹۱۱ھ |
| (۱۳۷) | ارشاد الساری شرح البخاری | احمد بن محمد بن ابوبکر بن عبدالملک القسطلانی المصری | ۹۲۳ھ |
| (۱۳۸) | مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح | نورالدین علی بن سلطان محمد الہروی القاری، ملاعلی قاری | ۱۰۱۴ھ |
| (۱۳۹) | جمع الوسائل فی شرح الشمائل | نورالدین علی بن سلطان محمد الہروی القاری، ملاعلی قاری | ۱۰۱۴ھ |
| (۱۴۰) | فیض القدیر شرح الجامع الصغیر | زین الدین محمد عبدالرؤوف بن تاج العارفین بن علی بن زین العابدین المناوی | ۱۰۳۱ھ |
| (۱۴۱) | کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق | زین الدین محمد عبدالرؤوف بن تاج العارفین بن علی بن زین العابدین المناوی | ۱۰۳۱ھ |
| (۱۴۲) | اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ المصابیح | مولانا عبدالحق محدث دہلوی (عبدالحق بن سیف الدین بن سعداللہ البخاری الدہلوی الحنفی) | ۱۰۵۲ھ |
| (۱۴۳) | حاشیۃ السندی علی سنن ابن ماجۃ | ابوالحسن نورالدین السندی محمد بن عبدالہادی التتوی | ۱۱۳۸ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۱۴۴) | شرح مسند الشافعی | ابوالحسن نورالدین السندی محمد بن عبدالهادی التتوی | ۱۱۳۸ھ |
| (۱۴۵) | کشف الخفاء | اسماعیل بن محمد بن عبدالہادی بن عبدالغنی العجلونی الدمشقی الشافعی | ۱۱۶۲ھ |
| (۱۴۶) | سبل السلام شرح بلوغ المرام | محمد بن اسماعیل بن صلاح بن محمد الحسن امیر یمانی | ۱۱۸۲ھ |
| (۱۴۷) | نیل الأوطار | محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ الشوکانی | ۱۲۵۰ھ |
| (۱۴۸) | مظاہر حق | نواب قطب الدین دہلوی | ۱۲۸۹ھ |
| (۱۴۹) | بذل المجھود فی حل أبی داؤد | المحدث خلیل احمد السہارنفوری | ۱۲۹۷ھ |
| (۱۵۰) | التعلیق المجد علی موطا الإمام محمد | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۱۵۱) | حاشیۃ السنن لأبی داؤد | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۱۵۲) | حاشیہ حصن حصین | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۱۵۳) | عون الباری لحل أدلۃ البخاری | نواب صدیق حسن خاں (محمد صدیق بن حسن بن علی بن لطف اللہ حسینی قنوجی) | ۱۳۰۷ھ |
| (۱۵۴) | التعلیق الحسن علی آثار السنن | محمد بن علی الشہیر بظہیر احسن النیموی البہاری الحنفی | ۱۳۲۲ھ |
| (۱۵۵) | لامع الدراری علی صحیح البخاری | حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی | ۱۳۲۳ھ |
| (۱۵۶) | الکوکب الدری علی جامع الترمذی | حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی | ۱۳۲۳ھ |
| (۱۵۷) | عون المعبود فی شرح سنن أبی داؤد | ابوالطیب محمد شمس الحق بن أمیر علی بن مقصود علی الصدیقی العظیم آبادی | ۱۳۲۹ھ |
| (۱۵۸) | المنھل العذب المورود شرح أبی داؤد | محمود محمد خطاب السبکی | ۱۳۵۲ھ |
| (۱۵۹) | العرف الشذی شرح سنن الترمذی | علامہ محمد انور شاہ بن معظم شاہ حسینی کشمیری | ۱۳۵۲ھ |
| (۱۶۰) | فیض الباری شرح البخاری | علامہ محمد انور شاہ بن معظم شاہ حسینی کشمیری | ۱۳۵۲ھ |
| (۱۶۱) | تحفۃ الأحوذی شرح سنن الترمذی | ابوالعلی عبدالرحمٰن مبارکپوری | ۱۳۵۳ھ |
| (۱۶۲) | فتح الملہم | مولانا شبیر احمد عثمانی دیوبندی | ۱۳۶۹ھ |
| (۱۶۳) | التعلیق الصبیح علی مشکوٰۃ المصابیح | مولانا محمد ادریس کاندھلوی | ۱۳۹۴ھ |
| (۱۶۴) | معارف السنن شرح جامع الترمذی | مولانا محمد یوسف بن سید زکریا حسینی بنوری | ۱۳۹۷ھ |
| (۱۶۵) | أوجز المسالک إلی موطا امام مالک | مولانا محمد زکریا بن محمد یحیٰی کاندھلوی | ۱۴۰۲ھ |
| (۱۶۶) | مرعاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح | ابوالحسن عبیداللہ بن بن محمد عبدالسلام بن خاں محمد بن امان اللہ بن حسام الدین رحمانی مبارکپوری | ۱۴۱۴ھ |
| (۱۶۷) | سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ | محمد ناصر الدین الالبانی | ۱۴۲۰ھ |
| (۱۶۸) | منار القاری شرح مختصر صحیح البخاری | حمزہ بن محمد قاسم | ۱۴۳۱ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۱۶۹) | منہاج السنن شرح سنن الترمذی | مولانا مفتی محمد فرید زرویوی | ۱۴۳۲ھ |

## سیرت وشمائل

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱۷۰) | زاد المعاد فی ہدیۃ خیر الانام | ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن محمد بن قدامۃ المقدسی | ۶۲۰ھ |
| (۱۷۱) | سبل الہدی والرشاد فی سیرۃ خیر الانام | محمد بن یوسف الصلاحی الشامی | ۹۴۲ھ |
| (۱۷۲) | لمواہب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ | ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۱۷۳) | شرح المواہب اللدنیۃ | العلامہ محمد بن عبد الباقی الزرقانی المالکی | ۱۱۲۲ھ |

## کتب فقہ احناف

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱۷۴) | الحجۃ علی اہل المدینۃ | ابو عبد اللہ محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی | ۱۸۹ھ |
| (۱۷۵) | کتاب الأصل | ابو عبد اللہ محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی | ۱۸۹ھ |
| (۱۷۶) | الجامع الصغیر | ابو عبد اللہ محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی | ۱۸۹ھ |
| (۱۷۷) | مختصر الطحاوی | ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامۃ الطحاوی | ۳۲۱ھ |
| (۱۷۸) | شرح مختصر الطحاوی | ابو بکر احمد بن علی الرازی الجصاص الحنفی | ۳۷۰ھ |
| (۱۷۹) | عیون المسائل | ابو اللیث نصر بن محمد بن احمد بن ابراہیم السمرقندی | ۳۷۳ھ |
| (۱۸۰) | مختصر القدوری | محمد بن احمد بن جعفر بن حمدان القدوری | ۴۲۸ھ |
| (۱۸۱) | النتف فی الفتاوی | ابو الحسن علی بن الحسین بن محمد السغدی الحنفی | ۴۶۱ھ |
| (۱۸۲) | المبسوط | شمس الائمہ ابو بکر محمد بن احمد بن سہل السرخسی | ۴۸۳ھ |
| (۱۸۳) | شرح السیر الکبیر | شمس الائمہ ابو بکر محمد بن احمد بن سہل السرخسی | ۴۸۳ھ |
| (۱۸۴) | تحفۃ الفقہاء | علاء الدین محمد بن احمد بن ابو احمد السمرقندی الحنفی | ۵۳۹ھ |
| (۱۸۵) | خلاصۃ الفتاویٰ ر مجموع الفتاویٰ | طاہر بن احمد بن عبد الرشید البخاری | ۵۴۲ھ |
| (۱۸۶) | المحیط البرہانی فی الفقہ النعمانی | ابو المعالی محمود بن احمد بن عبد العزیز بن مازہ البخاری | ۵۷۰ھ |
| (۱۸۷) | بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع | علامہ علاء الدین ابو بکر بن مسعود الکاسانی الحنفی | ۵۸۷ھ |
| (۱۸۸) | فتاویٰ قاضی خان | محمود اوزجندی قاضی خان حسن بن منصور | ۵۹۲ھ |
| (۱۸۹) | بدایۃ المبتدی وشرحہ الہدایۃ | برہان الدین ابو الحسن علی بن ابو بکر المرغینانی | ۵۹۳ھ |
| (۱۹۰) | قنیۃ المنیۃ لتتمیم الغنیۃ | ابو الرجاء مختار بن محمود بن محمد الزاہدی الغزمینی | ۶۵۸ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۱۹۱) | المجتبی شرح مختصر القدروی | ابوالرجاء مختار بن محمود بن محمد الزاہدی الغزمینی | ۶۵۸ھ |
| (۱۹۲) | تحفۃ الملوک | زین الدین ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر بن عبدالقادر الحنفی الرازی | ۶۶۶ھ |
| (۱۹۳) | مجمع البرکات | ابوالبرکات بن حسام الدین بن سلطان بن ھاشم بن رکن الدین بن جمال الدین بن سماء الدین الحنفی الدہلوی | ۶۶۷ھ |
| (۱۹۴) | الوقایۃ (وقایۃ الروایۃ) | صدرالشریعہ محمود بن عبداللہ بن ابراہیم المحبوبی الحنفی | ۶۷۳ھ |
| (۱۹۵) | الاختیار لتعلیل المختار | عبداللہ بن محمود بن مودود بن محمود ابوالفضل مجد الدین الموصلی | ۶۸۳ھ |
| (۱۹۶) | الفتاویٰ الغیاثیۃ | شیخ داؤد بن یوسف الخطیب الحنفی | ۶۸۶ھ کے بعد |
| (۱۹۷) | مجمع البحرین وملتقی النیرین | مظفرالدین احمد بن علی بن ثعلب المعروف بابن الساعاتی البعلبکی | ۶۹۴ھ |
| (۱۹۸) | منیۃ المصلی وغنیۃ المبتدی | سدیدالدین محمد بن محمد بن الرشید بن علی الکاشغری | ۷۰۵ھ |
| (۱۹۹) | کنز الدقائق | حافظ الدین ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود النسفی | ۷۰۱، ۷۱۰ھ |
| (۲۰۰) | تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق | فخر الدین عثمان بن علی بن محجن الزیلعی | ۷۴۳ھ |
| (۲۰۱) | شرح مختصر الوقایۃ (شرح وقایۃ الروایۃ) | صدرالشریعہ الصغیر، عبیداللہ بن مسعود بن محمود بن احمد المحبوبی الحنفی | ۷۴۷ھ |
| (۲۰۲) | النقایۃ مختصر الوقایۃ | صدرالشریعہ الصغیر، عبیداللہ بن مسعود بن محمود بن احمد المحبوبی الحنفی | ۷۴۷ھ |
| (۲۰۳) | الکفایۃ شرح الہدایۃ (متداولہ) | جلال الدین بن شمس الدین الخوارزمی الکرمانی | ۷۶۷ھ |
| (۲۰۴) | النہایۃ شرح الہدایۃ | حسام الدین حسن بن علی بن حجاج السغناقی | ۷۷۱ھ |
| (۲۰۵) | جامع المضمرات شرح مختصر القدوری | یوسف بن عمر بن یوسف الصوفی الکادوری نبیرہ شیخ عمر بزار | ۸۳۲ھ |
| (۲۰۶) | شرح العنایۃ علی الہدایۃ | اکمل الدین محمد بن محمد بن محمود البابرتی | ۷۸۶ھ |
| (۲۰۷) | الفتاویٰ التاتارخانیۃ | علامہ عالم بن العلاء الأنصاری الدہلوی | ۷۸۶ھ |
| (۲۰۸) | السراج الوھاج فی شرح مختصر القدوری | ابوبکر بن علی بن محمد الحدادی العبادی | ۸۰۰ھ |
| (۲۰۹) | الجوہرۃ النیرۃ فی شرح مختصر القدوری | ابوبکر بن علی بن محمد الحدادی العبادی | ۸۰۰ھ |
| (۲۱۰) | شرح مجمع البحرین علی ہامش المجمع | ابن الملک، عبداللطیف بن عبدالعزیز | ۸۰۱ھ |
| (۲۱۱) | الفتاویٰ البزازیۃ | محمد بن محمد بن شھاب بن یوسف الکردری الخوارزمی المعروف بابن بزازی | ۸۲۷ھ |
| (۲۱۲) | معین الحکام | ابوالحسن علاء الدین علی بن خلیل الطرابلسی الحنفی | ۸۴۴ھ |
| (۲۱۳) | البنایۃ شرح الہدایۃ | بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد بن موسیٰ بن احمد بن حسین العینی | ۸۵۵ھ |
| (۲۱۴) | منحۃ السلوک فی شرح تحفۃ الملوک | بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد بن موسیٰ بن احمد بن حسین العینی | ۸۵۵ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۱۵) | فتح القدیر علی الہدایۃ | ابن ہمام کمال الدین محمد بن عبدالواحد بن عبدالحمید الحنفی | ۸۶۱ھ |
| (۲۱۶) | کتاب التصحیح والترجیح علی مختصر القدوری | ابوالعدل زین الدین قاسم بن قطلو بغا الحنفی | ۸۷۹ھ |
| (۲۱۷) | دررالحکام شرح غررالأحکام | ملاخسرو، محمد بن فرامرز بن علی | ۸۸۵ھ |
| (۲۱۸) | شرح النقایۃ | ابوالمکارم عبدالعلی بن محمد بن حسین البرجندی | ۹۳۲ھ |
| (۲۱۹) | حاشیۃ علی العنایۃ شرح الہدایۃ | سعداللہ بن عیسیٰ بن امیر خان الرومی الحنفی الشہیر بسعدی چلپی وبسعدی آفندی | ۹۴۵ھ |
| (۲۲۰) | ملتقی الأبحر | ابراہیم بن محمد بن ابراہیم چلپی حنفی المعروف بالحلبی الکبیر | ۹۵۶ھ |
| (۲۲۱) | الصغیری/الکبیری شرح منیۃ المصلی | ابراہیم بن محمد بن ابراہیم چلپی حنفی المعروف بالحلبی الکبیر | ۹۵۶ھ |
| (۲۲۲) | جامع الرموز شرح مختصر الوقایۃ المسمیٰ بالنقایۃ | شمس الدین محمد الخراسانی القہستانی | ۹۶۲ھ |
| (۲۲۳) | البحرالرائق فی شرح کنزالدقائق | ابن نجیم زین العابدین بن ابراہیم المصری الحنفی | ۹۷۰ھ |
| (۲۲۴) | الفتاویٰ الحامدیۃ | حامد بن محمد آفندی القونوی العمادی المفتی بالروم | ۹۸۵ھ |
| (۲۲۵) | تنویرالأبصار وجامع البحار | شمس الدین محمد بن عبداللہ بن احمد بن تمرتاش الغزی الحنفی الخطیب التمرتاشی | ۱۰۰۴ھ |
| (۲۲۶) | النہر الفائق شرح کنزالدقائق | علامہ سراج الدین عمر بن ابراہیم بن نجیم المصری الحنفی | ۱۰۰۵ھ |
| (۲۲۷) | شرح النقایۃ فی مسائل الہدایۃ | نورالدین علی بن سلطان محمد الہروی القاری، ملاعلی قاری | ۱۰۱۴ھ |
| (۲۲۸) | رمزالحقائق شرح کنزالدقائق | نورالدین علی بن سلطان محمد الہروی القاری، ملاعلی قاری | ۱۰۱۴ھ |
| (۲۲۹) | حاشیۃ الشلبی علی تبیین الحقائق | شہاب الدین احمد بن محمد بن احمد بن یونس بن اسماعیل بن یونس الشلبی | ۱۰۲۱ھ |
| (۲۳۰) | سکب الأنہر علی فرائض مجمع الانہر | علاءالدین علی بن محمد الطرابلسی بن ناصرالدین الحنفی | ۱۰۳۲ھ |
| (۲۳۱) | نورالایضاح ونجاۃ الارواح | ابوالاخلاص حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی | ۱۰۶۹ھ |
| (۲۳۲) | امدادالفتاح شرح نورالایضاح | ابوالاخلاص حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی | ۱۰۶۹ھ |
| (۲۳۳) | مراقی الفلاح شرح نورالایضاح | ابوالاخلاص حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی | ۱۰۶۹ھ |
| (۲۳۴) | مجمع الأنہر فی شرح ملتقی الأبحر | عبدالرحمٰن بن شیخ محمد بن سلیمان الکلیبو لی المدعو شیخی زادہ، المعروف بداماد آفندی | ۱۰۷۸ھ |
| (۲۳۵) | الفتاویٰ الخیریۃ لنفع البریۃ | خیرالدین بن احمد بن نورالدین علی ایوبی علیمی فاروقی الرملی | ۱۰۸۱ھ |
| (۲۳۶) | الدرالمختار شرح تنویرالأبصار | محمد بن علی بن محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن حسن الحصنی المعروف بالعلاء الحصکفی | ۱۰۸۸ھ |
| (۲۳۷) | الفتاویٰ الھندیۃ (عالمگیریہ) | شیخ نظام الدین برہان پوری گجراتی (وجماعۃ من اعلام فقہاء الھند) | ۱۱۶۱ھ |
| (۲۳۸) | حاشیۃ الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح | علامہ السید احمد بن محمد الطحطاوی | ۱۲۲۱ھ |
| (۲۳۹) | حاشیۃ الطحطاوی علی الدرالمختار | علامہ السید احمد بن محمد الطحطاوی | ۱۲۲۱ھ |

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۴۰) | اسعاف المولی القدیر شرح زاد الفقیر | احمد بن ابراہیم تونسی دقدویسی مصری | ۱۱۲۲ھ کے بعد |
| (۲۴۱) | مالابدمنہ (فارسی) | قاضی ثناء اللہ الاموی العثمانی الہندی پانی پتی | ۱۲۲۵ھ |
| (۲۴۲) | ردالمحتار حاشیۃ الدرالمختار | علامہ محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین الشامی | ۱۲۵۲ھ |
| (۲۴۳) | العقود الدریۃ فی تنقیح الفتاویٰ الحامدیۃ | علامہ محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین الشامی | ۱۲۵۲ھ |
| (۲۴۴) | مجموعہ رسائل ابن عابدین | علامہ محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین الشامی | ۱۲۵۲ھ |
| (۲۴۵) | منحۃ الخالق حاشیۃ البحر الرائق | علامہ محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین الشامی | ۱۲۵۲ھ |
| (۲۴۶) | مأۃ مسائل | ابوسلیمان اسحاق بن محمد افضل بن احمد بن محمد بن اسماعیل بن منصور بن احمد بن محمد بن قوام الدین العمری الدھلوی (مولانا محمد اسحاق دہلوی) | ۱۲۶۲ھ |
| (۲۴۷) | رسالہ الاربعین | ابوسلیمان اسحاق بن محمد افضل بن احمد بن محمد بن اسماعیل بن منصور بن احمد بن محمد بن قوام الدین العمری الدھلوی (مولانا محمد اسحاق دہلوی) | ۱۲۶۲ھ |
| (۲۴۸) | غایۃ الاوطار ترجمہ اردو الدرالمختار | مترجم اول: مولانا خرم علی ملہوری/مترجم دوم: مولانا محمد احسن صدیقی نانوتوی | ۱۲۷۱ھ/-- |
| (۲۴۹) | التحریر المختار حاشیۃ ردالمحتار | عبدالقادر الرافعی الفاروقی | ۱۲۸۳ھ |
| (۲۵۰) | جواہر الاِخلاطی | برہان الدین ابراہیم بن ابوبکر بن محمد بن الحسین الاخلاطی الحسینی | -- |
| (۲۵۱) | مفتاح الجنۃ | کرامت علی بن ابوابراہیم شیخ امام بخش بن شیخ جاراللہ جونپوری | ۱۲۹۰ھ |
| (۲۵۲) | اللباب فی شرح الکتاب (القدوری) | عبدالغنی بن طالب بن حمادۃ بن ابراہیم الغنیمی الدمشقی المیدانی الحنفی | ۱۲۹۸ھ |
| (۲۵۳) | النافع الکبیر شرح الجامع الصغیر | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۵۴) | السعایۃ فی کشف مافی شرح الوقایۃ | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۵۵) | عمدۃ الرعایۃ فی حل شرح الوقایۃ | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۵۶) | حاشیہ علی الہدایہ | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۵۷) | نفع المفتی والسائل بجمع متفرقات المسائل | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۵۸) | مجموعۃ الفتاویٰ | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۵۹) | مجموعۃ رسائل اللکنوی | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۶۰) | تحفۃ النبلاء فی جماعۃ النساء | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۶۱) | تحفۃ الاخیار | ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ بن حافظ محمد عبدالحلیم بن محمد امین لکھنوی | ۱۳۰۴ھ |
| (۲۶۲) | علم الفقہ | عبدالشکور بن ناظر علی فاروقی لکھنوی | -- |
| (۲۶۳) | الفتاویٰ الکاملیۃ فی الحوادث الطرابلسیۃ | محمد کامل بن مصطفیٰ بن محمود الطرابلسی الحنفی | ۱۳۱۷ھ |

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۶۴) | القطوف الدانیۃ فی تحقیق الجماعۃ الثانیۃ | مولانا رشید احمد بن مولانا ہدایت احمد انصاری گنگوہی | ۱۳۲۲ھ |
| (۲۶۵) | رسالہ تراویح | مولانا رشید احمد بن مولانا ہدایت احمد انصاری گنگوہی | ۱۳۲۲ھ |
| (۲۶۶) | رسائل الارکان | عبد العلی محمد بن نظام الدین محمد انصاری لکھنوی | ۱۳۳۵ھ |
| (۲۶۷) | مجلۃ الاحکام العدلیۃ | لجنۃ مکونۃ من عدۃ علماء وفقہاء فی الخلافۃ العثمانیۃ | -- |
| (۲۶۸) | الآثار الحمیدیۃ شرح مجلۃ الاحکام العدلیۃ | عبد اللطیف بن حسین الغزی | ۱۳۴۰ھ |
| (۲۶۹) | بہشتی گوہر، بہشتی زیور | مولانا محمد اشرف علی بن عبد الحق التھانوی | ۱۳۶۲ھ |
| (۲۷۰) | کشف الدجیٰ عن وجہ الربوا | مولانا محمد اشرف علی بن عبد الحق التھانوی | ۱۳۶۲ھ |
| (۲۷۱) | تصحیح الاغلاط | مولانا محمد اشرف علی بن عبد الحق التھانوی | ۱۳۶۲ھ |
| (۲۷۲) | اثمار الہدایہ | مولانا محمد ثمیر الدین قاسمی، لندن | مدظلہ |

## ﴿دیگر مسالک کی کتب فقہ﴾

| نمبر شمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۷۳) | المدونہ | امام دار الہجرہ، مالک بن انس بن مالک بن عامر الاصبحی المدنی | ۱۷۹ھ |
| (۲۷۴) | کتاب الام | امام شافعی ابو عبد اللہ محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع بن عبد المطلب بن عبد مناف الشافعی القرشی المکی | ۲۰۴ھ |
| (۲۷۵) | المحلی بالآثار | ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی القرطبی الظاہری | ۴۵۶ھ |
| (۲۷۶) | نہایۃ المطلب فی درایۃ المذہب | امام الحرمین ابو المعالی عبد الملک بن عبد اللہ بن یوسف بن محمد الجوینی | ۴۷۸ھ |
| (۲۷۷) | بحر المذہب | ابو المحاسن عبد الواحد بن اسماعیل الرویانی | ۵۰۲ھ |
| (۲۷۸) | المغنی | ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن محمد بن قدامۃ المقدسی | ۶۲۰ھ |
| (۲۷۹) | المجموع شرح المہذب | محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی الشافعی الدمشقی | ۶۷۶ھ |
| (۲۸۰) | فتاویٰ النووی | محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی الشافعی الدمشقی | ۶۷۶ھ |
| (۲۸۱) | المقنع، الشرح الکبیر علی المقنع | شمس الدین ابو الفرج عبد الرحمٰن بن محمد بن احمد بن قدامۃ المقدسی | ۶۸۲ھ |
| (۲۸۲) | الفتاویٰ الکبریٰ | تقی الدین ابو العباس احمد بن عبد الحلیم بن تیمیہ الحرانی الحنبلی الدمشقی | ۷۲۸ھ |
| (۲۸۳) | المدخل | ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن محمد العبدری الفاسی المالکی الشہیر بابن الحاج | ۷۳۷ھ |
| (۲۸۴) | شرح العباب | ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۲۸۵) | الفتاویٰ الکبریٰ | ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۲۸۶) | کشف الغمۃ عن جمیع الامۃ | عبد الوہاب بن احمد بن علی بن احمد بن علی بن زوفا بن ابو الشیخ موسی الشعرانی الحنفی | ۹۷۳ھ |

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف،مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۸۷) | المبدع شرح المقنع | ابواسحاق، برہان الدین، ابراہیم بن محمد عبداللہ بن محمد بن مفلح | ۸۸۲ھ |
| (۲۸۸) | الحاوی للفتاویٰ | جلال الدین ابوالفضل عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان السیوطی | ۹۱۱ھ |
| (۲۸۹) | المیزان الکبریٰ | ابوالمواھب عبدالوھاب بن احمد بن علی بن احمد بن علی بن زوفا بن ابی الشیخ الشعرانی | ۹۷۳ھ |

## فقہ مقارن

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف،مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۹۰) | بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام | ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر الکنانی العسقلانی | ۸۵۲ھ |
| (۲۹۱) | الفقہ الاسلامی وادلتہ | ڈاکٹر وہبہ بن مصطفیٰ زحیلی | ۲۰۱۵ء |
| (۲۹۲) | الموسوعۃ الفقہیۃ | مرتبہ وزارت اوقاف کویت | -- |

## اصول فقہ

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف،مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۲۹۳) | اصول البزدوی | فخر الاسلام علی بن محمد البزدوی | ۴۲۲ھ |
| (۲۹۴) | اصول السرخسی | محمد بن احمد بن ابوسہل شمس الائمہ السرخسی | ۴۸۳ھ |
| (۲۹۵) | آداب المفتی | محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف النووی الشافعی الدمشقی | ٦۷٦ھ |
| (۲۹٦) | المنار | حافظ الدین النسفی | ۷۱۰ھ |
| (۲۹۷) | الکافی شرح البزدوی | الحسین بن علی بن حجاج بن علی حسام الدین السغناقی | ۷۱۱ھ |
| (۲۹۸) | کشف الاسرار شرح اصول البزدوی | عبدالعزیز بن احمد بن محمد علاء الدین البخاری الحنفی | ۷۳۰ھ |
| (۲۹۹) | الأشباہ والنظائر | زین الدین بن ابراہیم بن محمد، ابن نجیم المصری | ۹۷۰ھ |
| (۳۰۰) | غمز عیون البصائر فی شرح الاشباہ والنظائر | احمد بن محمد المکی ابوالعباس شہاب الدین الحسینی الحموی الحنفی | ۱۰۹۸ھ |
| (۳۰۱) | نور الانوار فی شرح المنار | ملاجیون حنفی، احمد بن ابوسعید | ۱۱۳۰ھ |
| (۳۰۲) | شرح عقود رسم المفتی | علامہ محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین الشامی | ۱۲۵۲ھ |
| (۳۰۳) | تنویر المنار (فارسی) | عبدالعلی محمد بن نظام الدین محمد انصاری لکھنوی | ۱۳۳۵ھ |
| (۳۰۴) | عمدۃ الفقہ | سید زوار حسین شاہ | ۱۴۰۰ھ |

## تزکیہ واحسان

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف،مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۳۰۵) | ادب الدنیا والدین | ابوالحسن علی بن محمد بن محمد بن حبیب البصری البغدادی الماوردی | ۴۵۰ھ |
| (۳۰٦) | احیاء علوم الدین | ابوحامد محمد بن محمد الغزالی الطّوسی | ۵۰۵ھ |
| (۳۰۷) | غنیۃ لطالبین | قطب ربانی محبوب سبحانی عبدالقادر بن اَبی صالح الجیلی | ۵٦۱ھ |

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۳۰۸) | الترغیب والترہیب | ابومحمد زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری الشامی الشافعی | ۶۵۶ھ |
| (۳۰۹) | الکبائر | شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد بن عثمان بن قائماز ذہبی | ۷۴۸ھ |
| (۳۱۰) | الزواجرعن اِقتراف الکبائر | شہاب الدین شیخ الاسلام احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیثمی السعدی الانصاری | ۹۷۴ھ |

## ﴿لغات، معاجم، ادب وتاریخ، طبقات وتراجم﴾

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۳۱۱) | الطبقات الکبریٰ لابن سعد | ابوعبداللہ محمد بن سعد بن منیع الھاشمی البصری البغدادی | ۲۳۰ھ |
| (۳۱۲) | المتفق والمفترق | ابوبکر احمد بن علی بن ثابت الخطیب البغدادی | ۴۶۳ھ |
| (۳۱۳) | النہایۃ فی غریب الحدیث والأثر | مجدالدین ابوالسعادات المبارک بن محمد بن محمد بن محمد بن عبدالکریم الشیبانی الجزری | ۶۰۶ |
| (۳۱۴) | مجمع البحار فی لغۃ الاحادیث والآثار | علامہ محمد طاہر بن علی صدیقی پٹنی | ۹۸۶ھ |
| (۳۱۵) | کشاف اصطلاحات الفنون والعلوم | محمد بن علی ابن القاضی محمد حامد بن محمّد صابر الفاروقی الحنفی التھانوی | ۱۱۵۸ھ |
| (۳۱۶) | نوراللغات | مولوی نورالحسن نیر | ۱۳۵۵ھ |
| (۳۱۷) | التعریفات الفقهية | محمد عمیم الاحسان المجددی البرکتی | ۱۳۹۵ھ |
| (۳۱۸) | غیاث اللغات | مولوی غیاث الدینؒ | -- |
| (۳۱۹) | فیروزاللغات | الحاج مولوی فیروزالدینؒ | -- |

## ﴿متفرقات﴾

| نمبرشمار | اسمائے کتب | مصنف، مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| (۳۲۰) | ماثبت من السنۃ | شیخ ابوالمجد عبدالحق بن سیف الدین دہلوی بخاری | ۱۰۵۲ھ |
| (۳۲۱) | کتاب آداب الصالحین | شیخ ابوالمجد عبدالحق بن سیف الدین دہلوی بخاری | ۱۰۵۲ھ |
| (۳۲۲) | حجۃ اللہ البالغۃ | شاہ ولی اللہ احمد بن عبدالرحیم ابوعبدالعزیز وابوعبداللہ | ۱۱۷۶ھ |
| (۳۲۳) | ازالۃ الخفاء | شاہ ولی اللہ احمد بن عبدالرحیم ابوعبدالعزیز وابوعبداللہ | ۱۱۷۶ھ |
| (۳۲۴) | دین کی باتیں | حضرت مولانا اشرف علی تھانوی | ۱۳۶۲ھ |
| (۳۲۵) | رؤیت ہلال | حضرت مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندی | ۱۳۹۶ھ |
| (۳۲۶) | آسان فقہ | محمد یوسف صاحب اصلاحی | -- |

**نوٹ:** ''فتاویٰ علماء ہند، جلد-۲۰'' کے متن وحاشیہ میں ان کتابوں سے استفادہ ہوا ہے اور متعلقہ جگہ طباعت کی تفصیلات درج ہیں۔ (انیس الرحمٰن قاسمی/محمد اسامہ ندوی)